اُردو

ادبی لُغات

جس میں

ہر مضمون کی مروجہ درسی کتب کے اردو، ہندی انگریزی
الفاظ اور اُن کے مادّے، محاورات، ضرب الامثال اور
تلمیحات، اصطلاحات مذہبیہ، نیز ہندو مسلم اخبارات و رسائل کے
کثیر الاستعمال الفاظ درج ہیں

مع ضمیمہ ہائے مفیدہ

جن میں فارسی عربی ضرب الامثال فقرات، اصلاح اغلاط، تذکیر و تانیث،
واحد و جمع کے متعلق لطیف و دلچسپ نکات بیان کئے گئے ہیں، نیز انگریزی
اور اردو کی علامات اختصار درج کی گئی ہیں۔ نیز سرمایہ اردو کے مشکل
الفاظ اور فرق الالفاظ درج ہیں

نور محمد تاجران کتب لال کنواں دہلی

قیمت :- بارہ روپئے

مطبوعہ :- سن رائز پریس عیدگاہ روڈ دہلی

چیف ایجنٹ

شمع بکڈپو۔ آصف علی روڈ نئی دہلی

اردو بازار دہلی

دیباچہ

اَلحمدُ لِلّٰہ کہ "اردو ادبی لغات" آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ اس لغت کی تیاری جیسی چاہئے تھی ویسی نہ ہو سکی۔ تاہم گوناگو مصروفیتوں کے درمیان میں جو کچھ ہو سکا کیا گیا۔ چنانچہ بہت سے نئے الفاظ خصوصاً پنجاب اور میٹریکولیشن اردو کورس کے الفاظ مشکلا نیز جملہ الفاظ و معانی واعراب پر مندرجہ ذیل کتب کی روشنی میں نظر ثانی کی گئی ہے۔ اردو ادبی معمے بھرنے والوں کا بھی خاص خیال رکھا گیا ہے۔ اور اسکے ذریعے لوگ ہزاروں روپئے حاصل کرتے ہیں۔

فرہنگ آصفیہ	اردو لغت	صراح مع قراح	عربی لغت
نوراللغات		المنجلہ	
ڈاکٹر فیلن کی ہندستانی انگریزی ڈکشنری		الفرائدالدسیہ	

ہفت قلزم	فارسی لغت
غیاث اللغات	

ایک مختصر انگریزی دائرۃ المعارف

اس لغات کی بنیاد اُن درسی کو غیر درسی کتب کے ذخیرہ الفاظ پر رکھی گئی ہے جو مختلف صوبوں (بالخصوص پنجاب) کے ورنیکلر (اور اینگلو ورنیکلر مڈل، ہائی اور

نارمل اسکولوں کے مقررہ نصاب کی کتابوں میں پائے جاتے ہیں اور اُن کتب کے تقریباً تمام الفاظ مروجہ محاورات ضرب الامثال اور تلمیحات اس میں آگئی ہیں۔

تذکیروتانیث کا مسئلہ ہماری زبان کا ایک مشکل مسئلہ ہے۔ مگر میں نے مستند کتب کی مدد سے نہایت کاوش کے ساتھ تحقیق کرکے اسے حل کرنے کی کوشش کی ہے۔ چنانچہ ہر ایک لفظ کے ساتھ نہ صرف زبان کی تخصیص کردی ہے بلکہ تذکیروتانیث کا تعین بھی کردیا ہے۔ جابجا دلی اور لکھنؤ کے اختلافات تذکیروتانیث پر بھی روشنی ڈالی گئی ہے اور اکثر مقامات پر الفاظ کے مادے کی توضیح بھی کردی گئی ہے تاکہ طلبہ میں تحقیق کا شوق پیدا ہو۔ بعض جگہ مختلف مترادف الفاظ کے نازک فرق کی طرف بھی اشارہ کیا گیا ہے اور کہیں کہیں مروجہ غلط الفاظ کی صحت کی طرف بھی توجہ دلائی گئی ہے۔ سب سے بڑی بات یہ ہے کہ اعراب نہایت صحت کے ساتھ لگائے ہیں۔ یہ وہ چیزیں ہیں جو طلبہ کے مطالعے کے لئے مفید ثابت ہونگی۔

یہ لغات جیسا کہ اوپر بیان کیا جاچکا ہے روزمرہ کام آنے والے الفاظ کا مجموعہ ہے۔ اسلئے اس میں مدرسے کے جملہ مضامین یعنی ادب، تاریخ، جغرافیہ، ریاضی، سائنس، اسکاؤٹنگ، ڈرل، تیمارداری، فرسٹ ایڈ اور ڈرائنگ وغیرہ کے بھی ضروری الفاظ آگئے ہیں اور طالب علموں کو اپنی تعلیمی زندگی میں جن الفاظ سے واسطہ پڑتا ہے وہ بھی اس میں داخل کردیئے گئے ہیں۔

آج کل اخبارات و رسائل کا مطالعہ مدارس کی تعلیم اور پڑھے لکھوں کی زندگی کا جزو بنتا جارہا ہے۔ ماہرین تعلیم کی رائے ہے کہ ابتدائی تعلیم پانے کے بعد لڑکے عموماً جہالت کی طرف عود کرجاتے ہیں اُن کے نزدیک اس کا تدارک صرف یہی ہے کہ دیہات میں ریڈنگ روم (دارالمطالعہ) قائم کئے جائیں۔ اس لغات کے ذریعے سے

اخبارات و رسائل اور کتب کے اس نجی مطالعے کی ضرورت کو بھی پورا کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ چنانچہ اسلامی اور غیر اسلامی اخبارات و رسائل کے روزمرّہ کے الفاظ بھی اس میں درج کر دیئے گئے ہیں اور کوشش کی گئی ہے کہ جدید ترین معلومات مستند مآخذ سے بہم پہنچائی جائیں۔ نیز اس امر کے پیشِ نظر کہ ناظرین کو انگریزی کی صحیح شکل معلوم کرنے میں تکلیف نہ ہو۔ ہر ایک انگریزی لفظ کو انگریزی رسم الخط میں لکھ دیا گیا ہے۔

الغرض یہ مختصر لغات مدرسی ادبیات کے تقریباً تمام اردو، ہندی، انگریزی الفاظ و محاورات، ضرب الامثال اور تلمیحات پر حاوی ہے جو طلبہ کو امتحانات کی تیاری اور شوقیہ مطالعہ۔ خاموش مطالعہ اور نجی مطالعہ میں بیش قیمت مدد دیں گی۔

اگر یہ لغات صرف مذکورہ بالا صفات پر ہی مشتمل ہوتی تو بھی دیگر کتب لغات سے ممتاز ہوتی۔ چہ جائیکہ اس میں مندرجہ ذیل دس ضمیمے بڑھا دیئے گئے ہیں جن سے یہ طالب علموں کے لئے اور بھی مفید بن گئی ہے۔

ضمیمہ نمبر (۱) پنجاب یونیورسٹی کے میٹریکولیشن اردو کورس سلیبس (یا ریڈر) کے ضروری الفاظ۔

ضمیمہ نمبر (۲) فارسی ضرب الامثال جو اردو میں مستعمل ہیں۔

ضمیمہ نمبر (۳) عربی فقرات جو اردو میں مستعمل ہیں۔

ضمیمہ نمبر (۴) اغلاط العام اور اغلاط العوام۔

ضمیمہ نمبر (۵) وہ الفاظ جو مختلف اعراب سے درست ہیں۔

ضمیمہ نمبر (۶) تذکیر و تانیث۔

(۱) وہ الفاظ جو مذکر و مؤنث دونوں طرح بولے جاتے ہیں۔

علامات

ا	اردو
انگ	انگریزی
ت	ترکی
ج	جمع
ج ج	جمع الجمع
س	سنسکرت
ص	صفت
ع	عربی
ف	فارسی
ہ	ہندی
مث	مؤنث
مذ	مذکر

نوٹ:- الفاظ کے ساتھ بعض جگہ توجیہیں دی گئی ہیں۔ ان کے اندر اشارے کئے گئے ہیں کہ یہ الفاظ کن زبانوں سے اردو میں آئے یا کن اجزا سے مرکب ہیں۔

الف مقصورہ

اَب {ہ (س = اَدَّ = اس وقت)} اس وقت۔ ان دونوں۔ آجکل۔ آئندہ۔

اَبکے (مذکر کے ساتھ یائے مجہول سے مؤنث کے ساتھ یائے معروف سے اور تنہا یائے مجہول سے آتا ہے۔ اب۔ اس مرتبہ اس دفعہ۔

اَب (ع۔ مذ) باپ۔ پدر (آباء جمع)۔

اِبَا (ع۔ مذ) منظور نہ کرنا۔ انکار کرنا۔

اَبَّا { و (ع۔ اَب = باپ) مذ} باپ۔ پدر (کلمۂ محبت)

اَبابیل {ع (اسم جمع جس کا واحد نہیں آتا اُردو میں واحد مث} ایک چھوٹا سیاہ رنگ کا پرندہ جو شام کو یا ابر کے وقت اُڑا کرتا ہے۔

اِباحت (ع۔ مث) عام اجازت۔ علم جواز

اُبال (ہ۔ مذ) جوش۔ غصّہ۔ حرارت۔

اَب پچھتائے کیا ہوت جب چڑیاں چگ گئیں کھیت } (ہ) وقت گزر جانے پر افسوس کرنا بے فائدہ ہے۔

اِبتدا (ع۔ مث) پہل۔ اوّل۔ آغاز۔ شروع۔

اِبتدائی (ف ص) پہلا۔ شروع کا اوائل۔

اِبتذال (ع۔ مذ) بے اعتباری۔ بے قدری تحریر میں بیکار بے معنیٰ الفاظ کی بھرتی۔

اَبتر {ع (دُم کٹا) ف پراگندہ) ص} خواب منتشر۔ پریشان۔ برباد۔ رَدّی بُرا۔

اَبتری (ف۔ مث) خرابی۔ بربادی۔ پریشانی۔ گڑبڑ۔

اِبتلا (ع۔ مث) آزمائش۔ امتحان۔ بلا مصیبت۔

اُبٹنا (ہ۔ مذ) غازہ۔ ایک مرکب۔ جس کے مَلنے سے بدن خوشبودار اور ملائم ہو جاتا ہے۔

اَبجد (ع۔ مذ) حروف تہجی۔ ا، ب، ت وغیرہ۔ عربی میں ان حرفوں کو جوڑکر مندرجہ ذیل مرکبات بنائے گئے ہیں۔

اَبجد۔ ہوّز۔ حُطّی۔ کلمن۔ سعفص۔ قرشت۔ ثخذ۔ ضظغ۔ ان میں سے ہر اک حرف کی قیمت مقرر کی گئی ہے۔ یعنی

ا، ب، ج، د، ہ، و، ز ÷
۱، ۲، ۳، ۴، ۵، ۶، ۷ ÷
ح، ط، ی، ک، ل، م، ن ÷
۸، ۹، ۱۰، ۲۰، ۳۰، ۴۰، ۵۰۔
س، ع، ف، ص، ق، ر، ش، ت۔
۶۰، ۷۰، ۸۰، ۹۰، ۱۰۰، ۲۰۰، ۳۰۰، ۴۰۰۔
ث، خ، ذ، ض، ظ، غ ÷
۵۰۰، ۶۰۰، ۷۰۰، ۸۰۰، ۹۰۰، ۱۰۰۰

والا۔ نوآموز۔

ابجد کا قفل۔ ایک قسم کا قفل جو بغیر کُنجی کے کُھلتا ہے۔ اس پر کچھ حروف لکھے ہوتے ہیں قفل کے پُرزے گھمانے سے جب حروف خاص ترتیب پر آ جاتے ہیں تو قفل کُھل جاتا ہے اور اس کے خلاف عمل کرنے سے بند ہو جاتا ہے۔

ابخرات (ع۔ مذ۔ ج) (واحد بخار) بخارات۔ بھاپ۔

اَبَد (ع۔ مذ) ہمیشگی۔ وہ زمانہ جس کی انتہا نہیں۔

اِبدال (ع۔ مذ) بدل دینا۔

اَبدال (ع۔ ج) بعض کا قول ہے کہ یہ بُدل بمعنی شریف و کریم کی جمع ہے اور بقول بعض بَدل بمعنی معاوضہ و بدلہ کی جمع ہے۔ چونکہ ایک کی وفات پر دوسرا اس کا بدل ہوا کرتا ہے اس لئے اس گروہ کا یہ نام پڑا (مذ) اولیاء اللہ کی وہ جماعت جس کے دَم سے دُنیا قائم ہے۔

اَبَدی (ع۔ ص) ہمیشہ رہنے والا۔ جاودانی۔ غیر فانی۔

اَبَدُالآباد (اَبَدًا مُؤبَّدًا) (ع۔ تابع فعل) سدا ہمیشہ۔

اَبدالی (ف۔ مذ) ابدال بن ترین کی نسل کے پٹھانوں کے ایک قبیلے کی طرف منسوب۔ احمد شاہ ابدالی اسی قبیلے سے تھا لیکن احمد شاہ ابدالی کے دُرِّ دُرّین کا لقب اختیار کر لینے کی وجہ سے اب اس قبیلے کو دُرّانی کہنے لگے ہیں۔

ابدان (ع۔ مذ۔ ج) (واحد بَدَن) جانداروں کے جسم ÷

اَبر (ف (آب = پانی ر نسبتی - س ابھر = بادل - آسمان) مذ) بادل گھٹا

اَبرِ مردہ (ف - مذ) اسفنج ۔

اَبرِ مطیر (ف - مذ) بہت برسنے والا بادل۔

اَبرار (ع واحد بار یا بر = نیک - واحد اُردو میں مستعمل نہیں ہے، مذ) نیک لوگ - پرہیزگار -

اِبرام (ع - مذ) اصرار - تاکید -

اِبراہیمؑ (ع - مذ) ایک جلیل القدر پیغمبر جن کا لقب خلیل اللہ ہے۔

اَبرص (ع - مذ) کوڑھی۔

اَبرک (ہ (س ابھرک) مذ) ایک چمکیلی معدنی چیز جس کے پرت کوٹ پیس کر اوڑھنیوں اور پگڑیوں وغیرہ کو لگاتے ہیں۔

اَبرن (ہ - مذ) گہنا - زیور -

اُبرنا - بچنا - باقی رہنا - بڑھنا۔

اَبرُو (ف (س - بھرو) مذکر و مؤنث) بھوں۔

اَبری (ف - (ابر = بادل، ی نسبتی) مث) ہم رنگدار کاغذ جس پر بیل بوٹے بنے ہوئے ہوتے ہیں۔ اور جو جلد ساز کتابوں کی جلدوں پر لگاتے ہیں

اَبریشم (ف - مذ) ریشم کا کویا - ریشم -

اِبریق (ع (ف آبریز کا معرب) مذ) پانی پینے کا خاص قسم کا لوٹا جھپاگل (جمع اباریق)

اِبطال (ع - مذ) توڑنا - غلط ثابت کرنا۔ باطل ثابت کرنا۔

اَیقرین (ع - مث) نائٹروجن گیس۔

اُبکائی (ہ - مث) جی متلانے سے اُداد کی آواز نکلنا۔ اس حالت میں معدے سے مادہ خارج نہیں ہوتا - اگر مادہ خارج ہو تو اُسے قے کہتے ہیں۔ قے ہوتے وقت معدے کے وہ جھٹکے جو حلق کی طرف کو ہوتے ہیں اور جن کے ذریعے سے غذا یا مادہ اُچھل اُچھل کر منہ میں آتا اور خارج ہوتا ہے۔

اُبکائی لگنا (بار بار اُبکائی آنا۔

اُبلنا (ہ) جوش کھانا۔

اَبلق (ع (ف [illegible] کا معرب) ص)

دورنگا گھوڑا۔

اَبلقِ ایام (ف۔ مذ) رات دن سے مراد ہے۔

اَبلہ (ع۔ ص) بیوقوف۔ بے سمجھ۔ احمق۔

اَبلہ فریب (ف۔ ص) مکار فریبی۔

ابلہانہ (ف۔ ص) بیوقوفوں کیطرح احمقانہ

اِبلیس (ع (ابلس = مایوس ہوا) مذ) شیطان۔ مکار

ابن (ع۔ مذ) بیٹا (اَبنا و جمع)

ابن بطوطہ (ع۔ مذ) ایک مشہور سیاح کا نام ہے جو سلطان تغلق کے عہد میں ہندوستان میں آیا تھا۔

ابن الوقت (ع (= وقت کا بیٹا) مذ) زمانہ ساز۔ چالاک۔ زمانے کے موافق چلنے والا۔

ابن مریم (ع۔ مذ) حضرت عیسیٰ علیہ السّلام

اَبنائے جنس (ف۔ مذ۔ ج) ایک جنس کے لوگ۔ تمام انسان۔

ابنائے وطن (ف۔ مذ) لفظی معنیٰ۔ وطن کے بیٹے۔ مراد وطن کے بہادر سپاہی۔

اَبُو (ع۔ مذ) باپ۔ والد (آباء جمع)

اَبُوتراب (ع۔ مذ) حضرت علیؑ کی کنیت۔

اَبُوجہل (ع۔ مذ) ابوالحکیم عمرو بن ہشام بن مغیرہ قریش کے ایک سردار کا لقب جو پیغمبرِ اسلام کا سخت مخالف تھا۔ جنگ بدر میں ۶۲۴ء میں مارا گیا۔

اَبُوطالب (ع۔ مذ) حضرت علیؓ کے والد کا نام ہے۔ آپ پیغمبر اسلام کے چچا تھے۔

اَبُوالفضل (ع۔ مذ) (۱۵۵۱-۱۶۰۲ء) اکبر بادشاہ کے نورتنوں میں سے ایک رتن کا نام ہے۔ فیضی کا بھائی تھا اور شیخ مبارک کا بیٹا۔

اَبُوبکرؓ رسولِ خدا صلعم کے پہلے خلیفہ

ابوالقاسم (ع۔ مذ) حضرت محمد صلعم کی کنیت ہے۔

اَبواب (باب واحد) (ع۔ مذ) دروازے۔ مدات

اَبصار (ع۔ مث۔ ج) (واحد بصر) دیکھنے کی قوت آنکھیں۔

ابھی دِلّی دُور ہے۔ ابھی منزل دُور ہے۔ ابھی کام پُورا نہیں ہوگا۔

اَبِل (ع۔ مذ) اُونٹ۔ شُتر۔

اَبلاغ (ع۔ مذ) پہنچانا اعلان۔

اَبیات (ع۔ مث۔ ج) (واحد بیت)

اَبیر (ہ۔ مذ) (۱) ابرک کا بُرادہ (۲) گُلال۔ سُرخ رنگ جو ہولی کے دنوں میں ہندو ایک دوسرے پر چھڑکتے ہیں۔

ابیض (ع۔ص) بہت سفید۔ (۲) ایک جزیرے کا نام ہے جو رُوس کے ... لی ساحل پر ہے۔ آرکینجل اس کی مشہور بندرگاہ ہے۔

ا۔پ

اُپاسنا (ہ۔ مث) پُوجا۔ پرستش۔

اَپاہج [ہ (س: اپاہت = خستہ و شکستہ) ص] لُولا۔ لنگڑا۔ بیکار۔

اُپج [ہ (س: اُپ = اُوپر = جن = نکلنا) مث] (۱) نئی بات۔ ایجاد۔ (۲) تان

اپدیش (ہ۔ مذ) وعظ۔ نصیحت۔ لیکچر۔

اپرینٹس APPRENTICE (انگ۔ مذ) اُمیدوار

اپریل فول (APRIL FOOL) (انگ۔ مذ) اپریل کا احمق ــ بیوقوفوں کو احمق بنانے کا دن۔ انگریزوں کی ایک رسم ہے۔ جو اب ہندوستان میں بھی رائج ہو رہی ہے۔ اس کے لئے صرف یکم اپریل کا دن مُقرر ہے۔

اُپلا (ہ۔ مذ) گائے بھینس کا گوبر جسے تھاپ کر خشک کر لیتے اور جلاتے ہیں۔ (کنایۃً) سُوجھی ہُوئی جگہ۔

اپلیکیشن (APPLICTION) (انگ۔ مث) درخواست۔

اپنا اُلّو سیدھا کرنا۔ اپنا کام نکالنا۔

اپنا سا منہ لیکر رہجانا (ہ) شرمندہ ہونا۔ ناکام رہنا۔

اپنی آنکھیں بنواؤ (طنزاً) اپنی آنکھیں

درست کراؤ۔ تمہیں کچھ نظر نہیں آتا۔
تمیز پیدا کرو۔ چیز کی پہچان
بہم پہنچاؤ۔

اَپنے گریبان میں منہ ڈالنا (ا) اپنے
عیب دیکھنا۔ اپنے کئے کو
دیکھنا۔

اَپنے منہ میاں مٹھو (ہ) اپنے منہ اپنی
تعریف۔

اَپنے ہاتھوں کنواں یا قبر کھودنا یا کانٹے بونا (ا) اپنے
لئے خود
تکلیف پیدا کرنا۔

اَپنی بلا سے ۔ ہماری بلا سے ۔ ہمیں کیا
پرواہے۔

اَپنی پڑنا ۔ خود تکلیف میں پھنسنا۔

اُپھرنا (ہ) پیٹ کا پھولنا۔ مغرور ہونا۔
موٹا ہونا۔

اَپیل APPEAL {انگ۔ (تذکیر
وتانیث مختلف فیہ۔ مگر زیادہ
تر مذکر} چھوٹی عدالت کے فیصلے
کے خلاف بڑی عدالت میں درخواست
کرنا۔ التجا۔ التماس۔ درخواست۔ مرافعہ

اَپیلانٹ (APPELLANT)
(انگ۔ مذ) اپیل کرنے والا۔

ا ۔ ت

اَتابِک {ت (آتا = باپ) مذ} (۱)
مالک۔ اُستاد (۲) ایران میں
بادشاہوں اور وزیروں کا
لقب۔

اُتار {ہ (ص اترنَم) مذ} نشیب۔
ڈھال۔ کمی۔ زہر یا آسیب کا
دُور کرنا۔ دفع کرنے والی شے۔

اُتار چڑھاؤ (ا۔ مذ) گھٹاؤ۔ بڑھاؤ۔
کمی بیشی۔ پستی وبلندی۔ اونچ نیچ۔

اَتالیق (ت۔ مذ) استاد۔ معلّم۔ نجی
استاد۔

اَتائی (ہ۔ مذ) جس نے کسی غیر پیشے
والے کا ہنر شوق سے سیکھا ہو
اور وہ اُس کا آبائی پیشہ
نہ ہو۔

اِتّباع (ع۔ مذ) پیروی کرنا۔ تقلید
کرنا۔

اِتّحاد (ع۔ مذ) ایک ہونا۔ دوستی۔ اتفاق۔ میل جول۔

اِتّحادی (ع۔ مذ) یورپ کی جنگِ عظیم (۱۹۱۴ء تا ۱۹۱۸ء) میں برطانیہ اور اُس کے ساتھی یعنی رُوس۔ امریکہ جاپان، فرانس اور اطالیہ جنہوں نے مل کر جرمنی اور اُس کے "حلیفوں" (ٹرکی اور آسٹریا) کا مقابلہ کرکے شکست دی۔

اُتّر (س۔ مذ) شمال۔ جواب۔ پاسخ۔

اِترانا {ہ (س تر = پانی کے اوپر) پر رہنا} فخر کرنا۔ شیخی بگھارنا۔

اُترا ہوا (ہ۔ اسم مفعول) اتارا ہوا۔ مرجھایا ہوا۔ غمگین۔

اُترسوں {ہ (س انترشوہ۔ کل پرسوں کے علاوہ اور دن) مذ} پرسوں سے اگلا دن۔ لکھنؤ میں پرسوں کے قبل ترسوں اور ترسوں کے قبل اُترسوں کہتے ہیں۔ دہلی میں ترسوں کی جگہ اترسوں کہتے ہیں۔

اُترن (ہ۔ مذ) اُترے ہوئے کپڑے پرانے کپڑے۔

اُترنا {ہ (س اُترن = پار ہونا)} اونچی جگہ سے نیچے آنا۔ گھٹنا۔ کم ہونا۔ ٹھہرنا۔

اِتّصال (ع۔ مذ) نزدیکی۔

اِتّفاق (ع۔ مذ) میل جول۔ اتحاد۔ محبت دوستی۔ موقع۔

اِتّفاقاً (ع) اچانک۔ ناگاہ۔

اِتّقا (ع۔ مذ) پرہیزگاری۔

اِتّقیا (ع۔ مذ۔ ج) (واحد تقی)

اَتَم (ع۔ مذ) تمام تر۔ پورا پورا۔ کامل۔ بڑا۔

اِتمام (ع۔ مذ) پورا کرنا۔ تمام کرنا۔ ختم کرنا۔

اِتمامِ حُجّت (ع۔ مذ) حجت پوری کرنا۔ کسی کے لئے کوئی گنجائش باقی نہ رکھنا۔

اُتنا سا منہ نکل آنا (ہ) چہرہ اُتر جانا کمزور ہونا۔ شرمندہ ہونا۔

اِتوار {ہ (س ادت وار = آفتاب کا

(ن) مذ) یک شنبہ۔ سنڈے۔

اِتّہام (ع۔ مذ) تہمت۔ الزام۔

اَتھاہ {ہ (اُ علامت نفی۔ تھاہ۔ جگہ) ص} نہایت گہرا نہایت عمیق۔

اُتھلا {ہ (س اُتھل = اُٹھی ہوئی جگہ) ص۔ مذ} وہ برتن جس میں برائے نام گہرائی ہو۔ ابھرا ہوا۔ کم گہرا برتن۔

(ا۔ ٹ)

اَٹ سٹ (ہ۔ مث) سازش۔ آشنائی۔

اَٹ جانا / اَٹنا (۱) گرد آلود ہو جانا۔ (۲) بھر جانا۔

اَٹک (ہ۔ مذ) پنجاب کے مشہور دریا کا نام ہے۔ دریائے سندھ۔

اَٹک (ہ۔ مث) روک۔ جھجک۔

اَٹکانا (ہ) روکنا۔ جھگڑا پیدا کرنا۔

اٹکل پچو {ہ (اٹکل = اٹ پھرنا۔ کل حساب کرنا) ص} خرافات۔ بیوقوفی کا فعل۔

اَٹکھیلی {ہ (س اٹ = پھرنا۔ کھیل = چلنا) مث} چال میں شوخی۔ مستانہ چال۔ (واحد غیر مستعمل) جمع مستعمل۔

اَٹاری {ہ (س اٹا۔ اٹالی) مث} کوٹھا۔ بالا خانہ۔

اَٹَل {ہ (س اچل الف نافیہ۔ چل = ہلنا)} نہ ٹلنے والا۔ آسودہ۔ سیر

اٹلس (ATLAS) (انگ۔ مث) ملک کے نقشوں کی کتاب۔ ملک الجیریا میں ایک سلسلۂ کوہ۔

اِٹلی (ITALY) (انگ۔ مذ) برِّاعظم یورپ کے ایک مشہور ملک کا نام ہے۔ انا طولیہ۔

اَٹواٹی کھٹواٹی لیکر پڑ رہنا غم یا غصے کے باعث الگ پڑ رہنا۔

اُٹھانا {ہ (س اُت = اوپر۔ ٹھا = کھڑا کرنا) ع} لیٹے ہوئے کو بٹھانا۔ بیٹھے ہوئے کو کھڑا کرنا۔ جگانا۔ برداشت کرنا۔ تعمیر کرنا۔ ملتوی کرنا۔ نکالنا۔ خرچ کرنا۔ برباد کرنا۔

اُٹھائی گیرا (ہ۔ مذ) چور۔ جیب کترا۔ اُچکّا۔
اُٹھتی جوانی (ہ۔ مث) نوجوانی۔ نوجوانی کا آغاز۔
اُٹھ جانا (ہ) چلا جانا۔ مرجانا۔ کوچ کرجانا۔
اِٹھلانا (ہ) ناز سے چلنا۔ شوخی کرنا۔
اُٹھنا (ہ) کھڑا ہونا۔ مٹنا۔ برباد ہونا۔ خرچ ہونا۔ جاگنا۔ نکلنا۔
اُٹھرا (ہ۔ مذ) ایک بیماری کا نام ہے جس میں مریضہ کے بچّے شیر خوارگی کی حالت میں مرجاتے ہیں۔
اَیٹرن (ہ۔ مذ) کاتا ہوا سوت لپیٹنے کا اوزار۔ کشتی کا ایک داؤں۔
اٹیکیٹ (ETIQUETTE) (انگ۔ مذ) برتاؤ۔ آداب۔ تکلّف۔ ملنے جلنے کا طور طریقہ۔
اَٹیک (انگ۔ مذ) (ATTACK) حملہ

(ا۔ ث)

اَثاث البیت (ع) (اثاث = اسباب۔ بیت = گھر) مذ) گھر کا اسباب۔ پونجی۔
اَثاثہ (ع۔ مذ) گھر کا اسباب۔
اِثبات (ع۔ مذ) ثابت کرنا۔ ثبوت دینا۔
اَثر (ع) (نشانِ قدم۔ مرنے کے بعد جو کچھ باقی رہے۔ علم حدیث و تواریخ) مذ) نتیجہ۔ نشان۔ کھوج۔ خاصیت۔ (اثرات جمع)
اَثرات (ع۔ مذ۔ ج) (واحد اثر)
اَثمار (ع۔ مذ۔ ج) (واحد ثمر) پھل۔
اَثنا (ع) (التثنیۃ = وقت۔ ساعت) مذ۔ ج اُردو میں واحد مستعمل) } وقفہ۔ وقت۔
اَثنا میں۔ اُس وقت۔ درمیان۔ وقفے میں۔
اِثنا عشری (ع۔ مذ) (اثنان = دو۔ عشر = دس) مذ) بارہ اماموں کا معتقد۔ شیعہ۔ ایک آنت کا نام ہے۔ جس کا طول بارہ انگشت ہوتا ہے۔ بارہ انگشتی۔

(ا۔ ج)

اِجابت (ع۔ مث) قبولیت۔ مان لینا۔ پاخانہ۔

اِجارہ (ع۔ مذ) ٹھیکہ۔ کرایہ۔ قبضہ

اجارہ لینا۔ کوئی چیز ٹھیکے پر لے لینا۔ اپنے لئے مخصوص کر لینا۔

اِجازت (ع۔ مث) رخصتی۔ منظوری۔

اُجاگر (ہ۔ ص) نامور۔ روشن۔

اُجالا ژہ (س) اُجّل۔ از الجلتا = اُجلا۔پن) مذ) روشنی۔ رونق۔

اَجانب (ع۔ مذ۔ ج) (واحد اجنبی)

اِجتماع (ع۔ مذ) اکٹھا ہونا۔

اِجتناب (ع۔ مذ) پرہیز۔ بچاؤ۔ علیحدگی۔

اِجتہاد (ع۔ مذ) کوشش۔ سوچنا۔ قرآن۔ حدیث اور اجماع پر غور کرکے مسائل کا استنباط کرنا۔

اَجداد (ع۔ مذ۔ ج) (واحد جدّ) باپ۔ دادا

اَجُدھیا (ہ۔ مذ) فیض آباد کا پرانا نام ہے۔ راجہ رام چندر یہیں پیدا ہوئے اور یہی اُن کی راجدھانی تھی۔

اُجڈ (ہ۔ ص) بیوقوف۔ گنوار

اَجر (ع۔ مذ) بدلہ۔ انعام۔

اُجرت (ع۔ مث) مزدوری۔ محنت کا صلہ۔

اِجرا (ع۔ مذ) جاری کرنا۔ شروع کرنا۔

اَجرام (ع۔ مذ۔ ج) (واحد جرم) جسم۔ خاص کر ستارے وغیرہ۔

اَجرامِ سماوی (ع۔ مذ۔ ج) سورج۔ چاند ستارے وغیرہ۔

اَجرامِ علوی (ع۔ مذ۔ ج) اَجرامِ سماوی۔

اَجزا (ع۔ مذ۔ ج) (واحد جزو)

اَجزائے ضربی (ا) کسی ہندسے کے وہ اجزا جن کا حاصلِ ضرب اُس عدد کے برابر ہو جیسے ۷ اور ۵، ۳۵ کے اجزائے ضربی ہیں۔

اَجساد (ع۔ مذ۔ ج) (واحد جسد)۔ جسم، بدن۔ خاص کر دھاتیں۔

اَجسام (ع۔ مذ۔ ج۔ جسم (واحد جسم) بدن خاص کر جانداروں کے۔

اَجلّ (ع۔ ص) بہت جلیل القدر۔

اَجل (ع۔ مث) موت۔ مرگ۔

اَجل رسیدہ (ف۔ مذ) جس کی موت آئی ہوئی ہو۔

اُجلا (ہ) ستھرا۔ صاف۔ مفید۔

اِجلاس (ع۔ مذ) کچہری۔ دربار

اِجلال (ع۔ مذ) بزرگی۔ شانِ عظمت۔

اِجماع (ع۔ مذ) اکٹھا ہونا۔ متفق ہونا۔ (ہم رائے ہونا علماء کا)

اِجمال (ع۔ مذ) مختصر بیان کرنا۔ اختصار

اِجمالاً (ع) مختصر طور پر۔ اشارۃً

اجناس (ع۔ مث۔ ج) (واحد جنس) چیزیں۔ اشیاء۔

اَجنبی (ع۔ مذ) انجان۔ ناواقف۔ غیر ملک کا۔ غیر ملکی۔ بدیشی (جمع اجانب)

اَجیر (ع۔ مذ) مزدور۔ محنتی۔

اَجیرن (ہ) (س = بیٹھی) (س ؟ بوجھ) مشکل۔ کٹھن

ا ۔ چ

اُچاپت (ہ) (س اُچ = نہایت۔ آیت = معتبر) مث (کسی دکاندار سے اُدھار کا لین دین دھوکا۔ (لانا)

اُچاٹ (ہ) (س اُچ = بہت۔ اٹ = پھرنا) اس (اُداس بیزار۔

اَچار (ف) (آچار = کھٹائی۔ ترشی) مذ) سرکے تیل یا لیموں کے عرق میں آم وغیرہ۔ پھل۔ نمک۔ مرچ وغیرہ کے ساتھ ڈال کر مختلف ترکیبوں سے بناتے ہیں۔ شلجم گاجر اور مولی کا اچار پانی میں ڈال کر بنایا جاتا ہے۔ اُٹھانا۔ اُٹھنا۔ بنانا۔ پڑنا۔ ڈالنا۔

اَچاری (ہ۔ مث۔ ی) اچار کا برتن۔

اَچانک (ہ) ناگاہ۔ یکایک۔ بےخبری کے۔

اُچٹنا (ہ) بیزار ہونا۔ اُڑ جانا۔ الگ ہو جانا۔ منعکس ہونا۔

اُچکا (ہ۔ مذ) چور۔ بدمعاش۔

اَچکن (ہ۔ مث) بند گلے کی خاص وضع کی پوشاک۔

اُچکنا (ہ) لے اڑنا۔

اَچنبھا یا اَچنبا (ہ) (س الف نافیہ، چمبو = بانا یا الیف زائد اور ستمبھ = جادو سے روکنا) مذ) تعجب۔ حیرت (کرنا۔ گزرنا۔ ہونا) (ی) تعجب خیز۔

واقعہ۔ عجیب بات۔ نئی بات۔
ان معنوں میں اب فصحا نہیں
بولتے۔
اَچنبھا دانہ (ہ۔ مذ) ایک قسم کی سٹھائی
جو سرسوں کے دانے کے برابر
ہوتی ہے۔
اَچنبھا ماننا (ہ۔ متعدی) عجیب سمجھنا۔
اَچنبھے کی بات (مث) تعجب خیز بات
نئی بات۔
اچنبھے میں رہنا۔ اچنبھے (ہ) حیران
میں آنا یا ہونا۔ ہو جانا۔
حیران رہ جانا۔
اَچنت (س۔ ص) بے پروا۔ بے فکر۔
اَچنتا (س۔ مث) بے پروائی۔ بےفکری۔
اَچھا (ہ (س اَچھ = خالص) ص)
صحیح تندرست۔ مبارک۔ درست
ٹھیک۔ بہتر۔ مفید۔ کام کا۔
نیک۔ رخیر۔ ہاں۔ بہتر۔
اچھا اچھا (ہ) تسلی و تشفی یا دھمکانے کے
موقع پر بولتے ہیں۔
اچھا بھلا (ہ۔ ص) تندرست۔ بے عیب۔

اچھے دن آنا (ہ) نصیب جاگنا۔
خوش اقبالی کا زمانہ آنا۔
اچھے سے پالا پڑا ہے (ہ) بڑے
بے ڈھب آدمی سے پالا پڑا ہے۔
اچھے وقت (ا) عین موقع پر۔ ضرورت
کے وقت (طنزاً)
بے موقع۔ بے محل۔
اچھا (ہ۔ مث) خواہش۔ مرضی۔
ارادہ۔ قصد۔
اچھل اچھل پڑنا (ہ) خوشی۔ سنجار۔ یا
ڈر سے بلا ارادہ نیچے سے اوپر
کو حرکت کرنا۔
اُچھل کود (ہ۔ مث) کود پھاند۔
کھیل کود۔
اُچھلنا (ہ) اوپر کو اٹھنا۔ ابھرنا۔ جست کرنا۔
اُچھو (ہ (س اُد = اوپر۔ شوس = سانس
لینا۔ مذ) انسان کے گلے کی ہوا کی
نالی میں کسی چیز کے اٹک جانے
کی حالت۔
اُچھو آنا (لکھنؤ) ہونا (دہلی) اُچھو کی حالت
پیدا ہونا (آنا۔ ہونا۔ لگنا)

اچھوت قومیں (ا۔ مث) نہ چھونے کے قابل۔ وہ قومیں جن سے ہندؤں کو مذہباً میل ملاپ کی اجازت نہیں جیسے بھنگی چمار موچی وغیرہ۔

اَچھوتا { ہ (الف نافیہ' چھُو = چھونے) ص } بن چھُوا۔ پاک وصاف۔ نیا۔ عجیب۔ وہ خیال جو پہلے کسی کو نہ آیا ہو۔

(ا۔ ح)

اَحادیث (ع مث۔ ج) واحد حدیث

اِحاطہ (ع۔ مذ) گھیرا۔ چار دیواری کے اندر کی جگہ صوبہ جیسے احاطہ بمبئی

احباب (ع۔ مذ۔ ج) (واحد حبیب)

احبار (ع۔ مذ۔ ج) یہودی علماء (واحد حبر)

اَحتباس (ع۔ مذ) رُکنا۔ بند ہو جانا۔ (خون وغیرہ کا)

اِحتجاج (ع۔ مذ) حجت پیش کرنا۔ کسی حکم یا فیصلے کے خلاف آواز اُٹھانا۔

اِحتراز (ع۔ مذ) بچنا۔ پرہیز کرنا۔

اِحتراق (ع۔ مذ) جلنا۔ پُھکنا۔ سخت گرمی۔ ارضی۔ چاند کے علاوہ کسی اور سیارے کے چاند کو گرہن لگنا۔

اِحترام (ع۔ مذ) عزت۔ تعظیم کرنا۔

اَحتساب (ع۔ مذ) حساب کرنا۔ آزمائش کرنا۔ قانوناً یا شرعاً منع شدہ کاموں سے روکنا

اِحتشام (ع۔ مذ) شان و شوکت۔

اِحتمال (ع۔ مذ) گمان۔ شک۔ شبہ۔

اِحتیاج (ع۔ مث) ضرورت۔ غرض۔

اِحتیاط (ع۔ مث) خبرداری کرنا۔ دُور اندیشی۔

اَحد (ع۔ ص) ایک۔

اَحدی { ہ (ع اَحد = ایک) مذ } اکبر بادشاہ کے زمانے میں راجپوت ٹھاکر جو مجرد اور آزاد رہا کرتے تھے۔ سلطنت سے تنخواہ پاتے اور وقت ضرورت جنگ میں شریک ہوتے۔ رفتہ رفتہ مُفت خوری کرتے کرتے سُست ہو گئے۔ اس لئے اب اس لفظ کے معنی صرف سُست

اور کاہل کے ہیں۔ ان معنوں
میں "ح" ساکن ہے۔
اُحُد (ع۔ مذ) مدینہ شریف کے قریب
ایک پہاڑ ہے جہاں رسول کریمؐ
کی کفار سے دُوسری لڑائی ہوئی
تھی۔
اَحرار (ع۔ مذ۔ ج) (واحد حُر) آزاد۔
شریف لوگ۔ کسی ملک کی آزادی
خواہ جماعت کے لوگ۔
اِحرام (ع۔ مذ) قصد و نیت زیارت کعبہ
سے کچھ دن پہلے مقررہ مقامات سے
بعض حلال چیزوں کا اپنے اوپر حرام
کرلینا۔
اِحرام باندھنا (ع) مقررہ مقامات سے
زیارت کعبہ تک نیت حج کر لینا۔
اور خاص لباس پہن
لینا۔
احساس (ع۔ مذ) چھُو کر معلوم کرنا۔
چھُونا۔ حس۔ دوسرے کی
تکلیف پر افسوس
ہونا۔
اِحسان (ع۔ مذ) کسی کے ساتھ بھلائی
کرنا۔ نیکی کرنا۔ نیکی
اِحسان فراموش (ف۔ ص) وہ آدمی
جو دوسرے کی نیکی کو بھلا دے۔
اِحسان مند (ف۔ ص) شکرگزار۔
نیکی یاد رکھنے والا۔
اَحسن (ع۔ ص) بہت نیک۔ سب
سے بھلا۔
اَحسَنت (ع۔ فعل ماضی مطلق = تو نے
بہت اچھا کیا) خوب کیا۔ خوب
کہا۔ کلمۂ داد۔
اَحضار (ع۔ مذ) حاضر کرنا۔ کسی چیز کا
یاد کرنا۔
اَحقر (ع۔ ص) زیادہ حقیر۔ انکساری
کے طور پر اپنے لئے بجائے "میں"
کے استعمال کرتے ہیں۔ بندہ۔ یہ
خاکسار۔
اَحکام (ع۔ مذ۔ ج) (واحد حُکم)
اَحمد (ع۔ مذ) بہت تعریف کرنے والا۔
پیغمبر اسلام حضرت محمدؐ کا دوسرا
نام مبارک ہے۔

اعلیٰ (ع، ص) بہت اچھا۔ نہایت ہی بلند مرتبہ۔

احمق (ع، ص) بیوقوف۔ بے سمجھ۔ نادان (حمقا جمع)

احمر (ع، ص) سُرخ۔ لال۔

احوال (ع، مذ، ج) (واحد حال) بیان حالات (اردو میں واحد مستعمل)

احول (ع، ص) بھینگا جسے ایک چیز دو نظر آئے۔

احیاء (ع، مذ) زندہ کرنا۔ زندگی بخشنا۔ جان ڈالنا۔

احیاناً (ع) اتفاقاً۔ شائد۔

ا ۔ خ

اخ (ع، مذ) بھائی (ج اخوان)

اخ تھو کھٹے ہوتے ہیں } جب آدمی کسی چیز کے نہ ملنے سے مایوس ہو کر اپنا دل سمجھانے یا بات بنانے کو ایسا ہی کوئی عیب نکالتا ہے۔ تو ہاں طنزاً یہ مثل بولی جاتی ہے۔ لومڑی کی حکایت مشہور ہے جس نے انگور نہ پاکر کہا تھا۔ اخ تھو کھٹے ہوتے ہیں۔ اسی سے یہ مثل بنی ہے۔

اخبار (ع، مث) (واحد خبر)

اخبار (ع، مذ) پرچہ جس میں مختلف مقامات کی خبریں چھاپی جاتی ہیں۔

اختتام (ع، مذ) انجام۔ ختم کرنا۔ پورا کرنا

اختر (ف، مذ) ستارہ۔ قسمت۔

اختراع (ع، مذ) ایجاد کرنا۔ کوئی نئی بات نکالنا۔

اخت (ع، مث) بہن۔

اختراق (ع، مذ) پھٹنا۔ چرنا۔

اختر بختر (ا، مذ) مال و متاع۔ اسباب (سنبھالنا۔ اٹھانا)

اختر شماری (ف، مث) تارے گننا۔ رات بھر جاگنا۔ بیقراری۔

اختر شناس (ف، مذ) جوتشی۔ نجومی۔

اختصار (ع، مذ) کم کرنا۔ خلاصہ کرنا۔ مختصر کرنا۔

اختفا (ع، مذ) چھپنا۔ پوشیدہ ہونا۔ پوشیدگی۔

اِختلاج (ف۔ مذ) دل دھڑکنا۔ بےچین ہونا۔

اِختلاط (ع۔ مذ) ملنا۔ ملانا۔ محبت۔ دوستی

اِختلاف (ع۔ مذ) ناموافقت کرنا۔ پھوٹ بگاڑ۔ فرق۔

اِختلافی (ع۔ ص) وہ معاملہ جس میں اختلاف ہو۔

اختلافی نوٹ (ا۔ مذ) وہ یادداشت جو کسی کمیٹی کے چند اراکین باقی اراکین سے اختلاف کرکے لکھیں

اِختلال (ع۔ مذ) خلل پڑنا۔ خرابی پڑنا۔

اِختمار (ع۔ مذ) خمیر ہونا۔ خمیر اُٹھنا

اِختیار (ع۔ مذ) قابو۔ اجازت۔ حکومت

اِختلاجِ قلب (ع۔ مذ) دل دھڑکنا۔ دل کی دھڑکن۔

اختیاری (ع۔ ص) مرضی کا۔ غیر ضروری

اختیاری مضمون (ا۔ مذ) وہ مضمون جس میں کسی امتحان میں پاس یا فیل ہونے سے امیدوار پر کوئی اثر نہیں پڑتا۔

اَخذ (ع۔ مذ) پکڑنا، لے لینا۔ چننا

اِخراج (ع۔ مذ) نکالنا۔ باہر کرنا۔ خرچ کرنا

اخراجات (ع۔ مذ) بہت سے خرچ

اَخرس (ع۔ ص) گونگا۔

اِخضر (ع۔ ص) سبز۔ ہرا

اِخفا (ع مذ) چھپانا۔ پوشیدہ کرنا۔ پوشیدگی۔

اَخفش (ع ص) کمزور بینائی والا۔ چندھیائی ہوئی آنکھوں والا۔ عربی زبان کا ایک مشہور نحوی

اَخگر (ف۔ مذ) انگارا۔ چنگاری۔

اِخلاص (ع۔ مذ) محبت ہونا، دوستی ہونا۔

اَخلاق (ع۔ مذ) (واحد خُلق) عادات۔ نیک عادات۔ مروت۔ (واحد مستعمل ہے۔

اَخلاقاً (ع۔ مذ) تابع فعل) اخلاق کے لحاظ سے۔ اخلاقی طور پر۔

اخلاط (ع۔ مذ۔ ج) (واحد خلط) سودا۔ صفرا، وغیرہ۔

اخوان (ع۔ مذ۔ ج) (واحد اخ) بھائی

اَخْوانِ یُوسف حضرت یوسفؑ کے بھائی جنھوں نے پہلے آپ کو کوئیں میں گرا دیا۔ پھر مصر جانے والے کسی قافلے کے ہاتھ بیچ ڈالا۔ کنایتاً ظالم بھائی۔

اُخْوی (ع۔ مذ) بھائی کی طرف نسبت برادرانہ

اُخُوت (ع۔ مث) برادری۔ بھائی چارہ۔ محبت۔

اَخُویم (فا۔ مذ) میرا بھائی۔ برادرم۔

اَخِیر (ع۔ مذ) پچھلا۔ انجام کار۔

اَخْیافی بھائی (ع۔ مذ) وہ بھائی جن کی ماں ایک اور باپ جُدا جُدا ہوں۔

(ا۔ د)

اَدا (ع۔ مذ) پُورا کرنا۔ دینا۔

ادا (ف۔ مث) ناز نخرا۔ معشوقانہ حرکت۔

اِدامت (ع۔ مث) ہمیشگی۔

اُداس (ہ) (س۔ دل کا ٹہنا۔ دل نہ لگنا، مں) غمگین۔ بیزار۔ بیقرار۔ بے رونق۔

اُداسی (ہ۔ مث) غمگینی۔ پریشانی۔ ویرانی

اُداسی چھانا (ہ) بے رونقی ہونا۔

اُداکار (ا۔ مذ) ایکٹر۔ ایکٹریس۔

اداکاری (ا۔ مث) ایکٹ کرنیکا فن یا پیشہ

اَدب - (ع۔ مذ) حسبِ مراتب۔ لحاظ۔ تمیز۔ علم۔ زبان۔

اَدب آموز (ف۔ مذ) اَدب سکھلانے والا ادب دینے والا معلّم۔ استاد۔

اُداہٹ (ہ۔ مث) اودا پن۔ ہلکا اودا رنگ۔

اِدبار (ع۔ مذ) بدقسمتی۔ بدنصیبی۔ نحوست اقبال کی ضد

اَدبدا کر (ہ اد بدانا۔ مضطرب ہونا) دانستہ۔ ضد کے مارے۔ ستانے کو۔

اِدراک (ع۔ مذ) عقل۔ فہم۔ سمجھ۔

اِدرار (ع۔ مذ) جاری ہونا۔ پانی وغیرہ کا بہنا

اِدّعا دعویٰ کرنا۔ حد سے بڑھ کر دعوے کرنا۔

اِدّعائی (ع۔ صف) فرضی۔ مفت کے

اَدعیہ (ع۔ ج) لکھنؤ میں مذکر۔ دہلی میں مؤنث) دعائیں (واحد دعا)

اَدعیہ ماثورہ ۔ وہ دُعائیں جو پیغمبر اسلامؐ سے منقول ہیں۔

اَوق (ء۔ص) بہت مشکل۔ کٹھن۔

اَدل بَدل (ا۔ مذ) عوض۔ معاوضہ۔ ایک چیز دے کر دوسری چیز بدلے میں لے لینا۔

اَدمُوا (ہ) نیم مُردہ۔ جاں بلب۔ بسمل

اَدنیٰ (ع) کمینہ۔ چھوٹے درجے کا رذیل۔

اَدوان (دہلی) } (ہ (س۔ ادھ = نچلا + دے۔ بننا) مث) چارپائی کی پائنتی کسنے کی رسی (کسنا۔ ڈٹنا۔ کھینچا۔ ڈھیلی ہونا) ادوائن اس رسی کو بھی کہتے ہیں جو چرخے میں لگائی جاتی ہے۔
اَدوائن (لکھنؤ)

اَدویہ (ع۔ مث۔ مذ) (واحد دوا)

ادھار کھائے بیٹھے ہیں (ہ) تُلے ہیں۔ مستعد ہیں۔

اِدھر کے نہ اُدھر کے کسی طرف کے نہیں دونوں طرف سے گئے۔

اُدھرم (ہ۔ مذ) دھرم نہ ہونا۔ بے ایمانی

اَدھم (ع۔ مذ) بادشاہ بلخ جن کا نام ابراہیم تھا۔ یہ ولی اللہ تھے۔

اُدھم [ہ (س اُدیم = ہاتھ پاؤں چلانا) مذ] شور و غل۔ ہنگامہ۔ پہلے اُودھم واؤ معروف کے ساتھ تھا۔ اب واؤ کم بولا جاتا ہے۔ (اٹھانا۔ جوتنا۔ کرنا۔ مچانا)

اَدھورا [ہ (س ادھ پور = آدھا پورا۔ ص] ناکمل۔ ناقص۔

اَدھیراج (ہ۔ مذ) بڑا راجہ۔ شہنشاہ۔

اَدھیڑ (ہ۔ص) درمیانی عمر۔ نوجوان نہ بوڑھا۔ جوانی سے ڈھلا ہوا۔

اُدھیڑبن (ہ۔ مث) سوچ بچار۔ غور و فکر۔ منصوبہ۔

اَدیب (ع۔ مذ) اَدب۔ جلسہ زبان داں۔ اُستاد۔ پنجاب یونیورسٹی کا اردو زبان کا پہلا امتحان

اَدیب عالم (ع۔ مذ) پنجاب یونیورسٹی کا اُردو کا درمیانہ امتحان

ادیب فاضل (ع۔ مذ) پنجاب یونیورسٹی کا اردو کا آخری امتحان۔

اُدیش (ہ۔ مذ) مقصد۔ مطمح نظر۔ نصب العین۔

(ا۔ ڈ)

اَڈّا (ہ۔ مذ) موٹروں تانگوں اور کرایہ کی گاڑیوں کے ٹھہرنے کی جگہ۔ ملاقات کا مقام گھر کے علاوہ اُٹھنے بیٹھنے کی جگہ۔ جالی کاڑھنے اور کارچوبی بنانے کا چوکھٹا۔ بدمعاشوں کے بیٹھنے کی جگہ۔

(ا۔ ذ)

اِذن (ع۔ مذ) اجازت۔ حکم

اُذن (ع۔ مذ) کان۔ گوش۔

اذان (ع۔ مث) بانگ۔ نماز کے واسطے بلانا۔

اَذکار (ع۔ مذ۔ ج) (واحد ذکر)۔

اِذکار (ع۔ مذ) یاد دلانا۔

اِذعان (ع۔ مذ) جھکنا۔ مطیع ہونا۔

اَذقان (ع۔ مذ۔ ج) (واحد ذقن)۔

اَذہان (ع۔ مذ۔ ج) (واحد ذہن)

اَذیت (ع۔ مث) دُکھ۔ تکلیف۔ رنج۔

(ا۔ ر)

ارادت (ع۔ مث) اعتقاد۔ یقین۔ ارادہ کرنا۔

اِرادی (ع۔ ص) اختیاری۔ ضد۔ اضطراری۔

اِرادہ (ع۔ مذ) خواہش۔ نیت۔

اراضی (ع) (ارض۔ واحد) مث۔ ج) زمین۔ ارضی جائداد۔ اُردو میں واحد مستعمل ہے۔

اَراکین (ع۔ مذ۔ ج) (واحد رُکن)

ارباب (ع۔ مذ۔ ج) (واحد رَبّ)

اربابِ بست وکشاد (ف۔ مذ) وہ لوگ جن کے ہاتھوں میں کسی معاملے کی باگ ڈور ہو۔ صاحب اختیار لوگ۔ اختیار والے۔

اَربابِ سخن (ف۔ مذ) شعراء

اَربابِ زمانہ (ف۔ مذ) اہلِ زمانہ آجکل کے لوگ۔

اَرباب غرض (ع۔ مذ) حاجت مند۔ غرض مند۔ غریب مفلس لوگ۔
اَرباب کمال (ت۔ مذ) اہل کمال۔ کمال والے لوگ۔ وہ لوگ جو کسی بات میں کمال رکھتے ہوں۔
اَربابِ نشاط (ع۔ مذ) خوش کرنے والے لوگ۔ گانے بجانے والے لوگ۔
اَرباب ہمم (ع۔ مذ) ہمتی لوگ جائت اور ہمت والے لوگ۔
اَربع (ع۔ ص) چار۔ چہار۔ ۴۔ بد۔ ۴
اَربعون (ع۔ ص) چالیس ۴۰
اَربعہ عناصر (ع۔ مذ) چار عنصر یعنی ہوا مٹی آگ اور پانی۔
اربعہ متناسبہ (ع۔ مذ) حساب کا ایک قاعدہ جس میں تین معلوم مقداروں کی مدد سے چوتھی نامعلوم مقدار معلوم کی جاتی ہے۔
اربعین (ع۔ ص) چالیس احادیث کا مجموعہ۔ وہ رسالہ جس میں ۴۰ احادیث جمع کی گئی ہوں۔ (مذ) چالیس دن چلّہ

اَرپن کرنا (ہ) پیش کرنا۔ خیرات کرنا۔
اِرتباط (ع۔ مذ) میل جول۔ ربط ضبط تعلق۔
اِرتحال (ع۔ مذ) کوچ کرنا
اِرتداد (ع۔ مذ) دین حق سے پھر جانا۔
اِرتفاع (ع۔ مذ) بلندی۔ اونچا ہونا۔
اِرتکاب (ع۔ مذ) عمل کرنا۔ گناہ یا جرم کرنا۔
اَرتھ (ہ۔ مذ) معنیٰ۔ مطلب۔ ترجمہ۔
اَرتھی (ہ۔ مث) ہندو کا جنازہ۔ میت۔
اِرتشا (ع) رشوت کھانا۔
اِرتضا (ع۔ مذ) راضی ہونا۔
اِرتقا (ع۔ مذ) چڑھنا۔ ترقی کرنا۔ مخلوقات کا ادنیٰ حالت سے اعلیٰ حالت کی طرف ترقی کرنا۔
اَرجمند (ف) (ارج۔ ارز = قدر و قیمت۔ مند کلمہ فاعلیت) ص (تلفظ اَرجُمند) باعزت۔ بلند مرتبہ (فرزند کے ساتھ اس کا زیادہ استعمال ہے۔ (ج کی پیش غلط ہے)۔
اَرجن (س۔ مذ) پانچ پانڈوں میں ایک بھائی کا نام ہے۔ جو بڑا تیر انداز تھا۔

اُرجنٹ (URGENT) (انگ۔ص)
ضروری۔ فوری۔
اَرحَم (ع۔ مذ) زیادہ رحم کرنے والا۔
اَرحم الرّاحمین (ع۔ مذ) تمام رحم کرنے والوں
میں سے زیادہ رحم کرنے والا خدا تعالیٰ۔
اُرد (تامل۔ مذ) ماش مشہور غلّہ ہے۔
فصحا کی زبان پر ماش ہے۔
اُردِ بر سفید۔ کم مقدار۔ ذرا سی
اُردابیگنی (ت۔مث) وہ ترکنی جو مردانہ
لباس میں محلات شاہی میں اہتمام
کرتی۔ حکم پہنچاتی اور پہرہ چوکی
کرتی ہے۔
اِردگرد {(اصل گِرد ہے۔ ارد مہمل ہے)}
آس۔ پاس۔ چاروں طرف۔
اَرداس {وہ (عرضداشت کا بگاڑ ہوا ہے)
مث} عرض گذارش۔
اَردلی (ORDERLY) (انگ۔ مذ)
حاکم کا نوکر۔ چپڑاسی۔
اُردو (ت۔ مذ) لشکر بازار (مث) ہندوستانی
زبان کے معنوں میں۔
اُردوئے معلّیٰ (ت۔مث) دہلی کے
بڑے بڑے لوگوں کی فصیح زبان۔
قلعہ شاہی کی زبان۔
اَرذل (ع۔ص) رذیل ترین۔ بہت کمینہ۔
اَرزاں (ف۔ص) سستا۔ کم قیمت۔
ارزاق (ع۔ مذ۔ج) (واحد رزق)
اَرزانی (ف۔مث) سستا ہونا۔
بے قدری۔ ضد گرانی۔
اَرژنگ (ف۔مذ) مانی (چین کے مصوّر)
کا نگارخانہ۔ تصویروں کی
کتاب
اِرسال (ع۔ مذ) بھیجنا۔ روانہ کرنا۔
اِرسٹوکریسی (ARISTOCRABY)
(انگ۔مث) حکومتِ اُمرا۔
امیر لوگوں کی جماعت۔
اَرسطو (ع۔ مذ) سکندر بادشاہ کے استاد۔
اور وزیر اعظم کا نام ہے المتوفی۔
سنہ ۳۸۴ ق۔م)
ارسطاطالیس (ع۔ مذ) حکیم ارسطو
اِرشاد (ع۔ مذ) ہدایت۔ حکم۔
ارشد (ع۔ص) بہت ہدایت یافتہ
ارشمیدس (ع۔مذ) ایک بڑے ریاضی داں۔

حکیم کا نام ہے۔ جس نے اشیا کا وزن
مخصوص معلوم کیا (المتوفی ۲۱۲ھ
ق۔م)

اَرض (ع۔ مث) زمین (جمع اَراضی جو
اُردو میں بطور واحد ہی مستعمل ہے)

اَرضی (ع۔ ص) زمینی۔

اَرغوانی (ف۔ ص) سُرخ رنگ۔

اَرفع (ع) بہت بلند۔ اعلیٰ۔

اِرقام (و (عربی الاصل نہیں ہے فارسیوں
نے بمعنیٰ لکھنا بنا لیا ہے) مذ) لکھنا
تحریر کرنا۔

اَرقام (ع۔ مذ۔ ج) (واحد رقم)

اَرکان (ع۔ مذ۔ ج) (واحد رُکن)
مراد امراء و وزراء

اَرکانِ شریعت۔ اسلام کے رُکن یعنی
کلمہ۔ نماز۔ روزہ۔ حج۔
زکوٰۃ۔

اَرگن (ORGAN) (انگ۔ مذ)
ایک قسم کا باجہ۔ عضو۔ رُکن۔

اِرم (ع۔ مذ) وہ باغ جو شداد بادشاہ نے
بنوایا تھا۔ بہشت۔ جنت۔

اَرمان (ف۔ مذ) خواہش۔ آرزو۔ حسرت۔
افسوس۔

اَرمان نکالنا (ا) آرزو پوری کرنا۔ افسوس
دُور کرنا۔

اَرمغان (ف۔ مذ) تحفہ۔ ہدیہ۔ سوغات۔

اَرمنی (ف۔ مذ) آرمینیا کا رہنے والا۔

اَرنب (ع۔ مذ) خرگوش۔

اَرنڈ ڈ(ہ) (س ایرنڈ) مذ) ایک درخت
کا نام ہے۔ جس کی لکڑی بہت بودی
ہوتی ہے۔ اس کے بیج ارنڈی کا
تیل بطور مسہل کام آتا ہے۔

اَرِنی (ع) (دکھا مجھے) حضرت موسیٰ
نے کوہ طور پر کہا تھا۔ الہٰی مجھے اپنا
جلوہ دکھا۔ جواب ملا۔ لن ترانی
یعنی تو نہیں دیکھ سکتا۔

اَرِنی گو (ف۔ مذ) حضرت علیہ السّلام۔

اَرواح (ع۔ مث۔ ج) واحد رُوح۔
عوام اور خاص کر عورتیں او واحد کی
جگہ اور مؤنث بولتی ہیں۔

اَروغ (ف۔ مذ) ڈکار۔

اُریبا (ف۔ ص) آڑا ترچھا۔

اریب کی باتیں۔ فریب کی باتیں۔
اریب کی چال۔ ٹیڑھی چال۔ دھوکے کی چال۔

ا ۔ ڑ

اڑا لینا (ہ) چھپا لینا۔ اس طرح لے جانا کہ پتہ نہ چلے۔
اڑانا (ہ) تیز دوڑانا۔ چٹ کر جانا۔
اُڑتی اڑاتی (ہ۔ مث) سنی سنائی۔
اُڑد (ہ۔ مذ) ماش۔
اُڑد پر سفیدی (ہ) بہت کم۔
اُڑ کر کہاں جاؤگے (ا) کہاں چھپ سکتے ہو۔ میرے سامنے تمہاری کچھ پیش نہیں کیجا سکتی۔
اَڑھائی دن کی بادشاہت (ہ) چند دن کا عیش۔ ناپائیداری۔
اُڑنچھو (ہ۔ مں) غائب کرنا۔ ہونا۔ ہو جانا۔
اڑن کھٹولا (ہ۔ مذ) ہوا میں اُڑنے والا تخت جس کا ذکر پرانے قصے کہانیوں میں آتا ہے۔ پریوں کی سیر کرنے کا ہوائی جہاز۔ زمانہ حال کا ہوائی جہاز۔

اڑنگا (ہ (س اڑ = روک۔ انگ۔ بدن) مذ) کشتی کا ایک پیچ۔ جس سے حریف کی ٹانگ میں اپنی ٹانگ ڈال کر گرا دیتے ہیں۔ (خود جھیلا دلگنا۔ لگانا۔ مارنا)
اَڑی پر آڑے آنا۔ مصیبت میں کام آنا۔ مصیبت کے وقت مدد کرنا
اُڑی اُڑی طاق پر جا بیٹھی۔ } رفتہ رفتہ مشہور ہو گئی۔ آہستہ آہستہ پھیل گئی۔
اَڑواڑ (ہ مث) وہ لکڑی جو چھت کے نیچے اس کے گرنے کے خوف سے لگا دیتے ہیں۔
اَڑیل (ہ۔ مں) ضدی۔ ہٹیلا۔ خودسر۔

(ا ۔ ز)

اَز (ف) سے۔
اِزار (ف (تہبند۔ پائجامہ) مذ) شلوار
پاجامہ
اِزار بند (ف۔ مذ) کمربند (ڈالنا)۔

کھولنا۔ کھلنا)

اِزالہ (ع۔ مذ) مٹانا۔ زائل کرنا۔

اِزالۂ حیثیتِ عُرفی (ع۔ مذ) ہتک۔ عزت۔ بدنامی کرنا۔

اَزبر (ف۔ ص) نوکِ زبان حفظ۔

ازبس/ازحد (ف) بہت نہایت

اُزبک (ت (صحیح املا اوزبک) مذ) ایک تاتاری قبیلے کا نام ہے۔ جو وسطِ ایشیا میں رہتا ہے۔ (کنایۃً) اُجڈ۔ بیوقوف۔

اِزدِحام (ع (زحم = زحمت۔ انبوہ) مذ) جماؤ۔ بھیڑ۔ ہجوم (کرنا۔ ہونا۔ رہنا) (اژدہام غلط ہے)

اَزرق (ع) گربہ چشم۔ نیلگوں۔

ازرق پوش (ا۔ مذ) آئرستان کی ایک سیاسی جماعت۔ جس کا امتیازی لباس نیلگوں ہے۔

اَزسرتاپا (ف) سرے پاؤں تک۔ سارے کا سارا۔

اَزسرِنو (ف) نئے سرے سے۔

اَزَل (ع۔ مذ) اَبد کی ضد۔ وہ زمانہ جس کی ابتدا نہ ہو۔

اَزلی (ع۔ ص) ہمیشہ سے۔ دوامی۔

اِزدِواج (ع۔ مذ) بیاہ کرنا۔ نکاح کرنا۔

اِزدیاد (ع۔ مذ) زیادہ ہونا۔ بڑھنا۔

اَزراہِ تمسخر (ف) مذاق کے طور پر۔

اَزہر (ع۔ ص) نہایت چمکیلا۔ روشن۔ مصر میں ایک یونیورسٹی جو دُنیا کی سب سے قدیم جامعہ ہے۔

اَزکیا (ع۔ ص۔ ج) (واحد ذکی)

(ا۔ ژ)

اَژدہام (ف۔ مذ) (دیکھو ازدحام)

اَژدہا (ف۔ مذ) بڑا سانپ

ا۔ س

اَساتذہ (ع۔ مذ۔ ج) مُعلّمین۔ (واحد استاد)

اَسارا (ہ۔ مذ) ریشم کا ڈورہ جس پر تار چڑھاکر کلابتو بناتے ہیں۔

اُسارہ (ہ۔ مذ) چھپر۔ برآمدہ۔

اَساڑھ (ہ (س آشاڑھ) مذ) برسات

برسات کا پہلا مہینہ جو نصف
جون سے نصف جولائی تک ہوتا
ہے۔ ہندی سال کا چوتھا مہینہ۔
اَساس (ع۔ مث) بنیاد۔ جڑ۔
اَسالیب (ع۔ مذ۔ ج) (واحد اسلوب)
اَسامی (ع۔ مث۔ ج) آدمی۔ نوکری۔
گاہک (اردو میں بطور واحد مستعمل ہے۔
اُسانا (ہ) جوش دینا۔ پھٹکانا۔
اَسباب (ع۔ مذ۔ ج) (واحد سبب)
اُردو میں بطور واحد مستعمل۔
اَسباط (ع۔ مذ۔ ج) (واحد سبط) اولاد۔
اَسپ (ف۔ مذ) گھوڑا۔
اَست (ف) ہے۔
اُستاد (ف) (استاذ = اُستا = ژند کی
تفسیر کا نام؛ ذو = دانا) مذ ۲
پڑھانے والا۔ سکھانے والا۔
مُعلّم۔ آزمودہ کار۔ گرو۔
اُستادہ (ف۔ ص) کھڑا۔ قائم۔
اُستادی (ا۔ مث) چالاکی۔ مہارت
مُعلمی۔
اُستاذ (ع۔ مذ) اُستاد کا معرب

(جمع۔ اساتذہ)
اُستاذالاساتذہ (ع۔ ص) استادوں کا
استاد۔ بہت بڑا معلم۔ معلم اعلیٰ۔
افلاطون حکیم کا لقب۔
اُستانی (ف۔ مث) پڑھانے والی عورت۔
اِستبداد (ع۔ مذ) ہٹ کرنا۔
مضبوطی استقلال۔
اِستتار (ع۔ مذ) پوشیدہ کرنا۔ چھپانا۔
ستر میں رکھنا۔
اِستثنا (ع۔ مذ) الگ کرنا۔ نکالنا۔
اِستثنائی (ع۔ ص) علیحدہ۔ جداگانہ۔
خاص۔
اِستحسان (ع۔ مذ) پسندیدگی۔ نیکی
طلب کرنا۔
اِستحقاق (ع۔ مذ) حقدار ہونا۔
سزاوار ہونا۔
اِستحکام (ع۔ مذ) مضبوطی۔ پختگی۔
اِستخارہ (ع۔ مذ) کسی کام کے کرنے
یا نہ کرنے کے متعلق ایک عمل کے
ذریعے سے تعالیٰ سے اشارہ چاہنا۔
اِستخراج (ع۔ مذ) نکالنا۔ خارج۔

کرنا۔ چاٹنا۔

اِستخفاف (ع۔ مذ) سبکی۔ حقارت

اُستخوان (ف۔ مذ) ہڈی۔

استدراج (ع۔ مذ) خلافِ عقل۔ تعجب خیز بات۔ وہ امر جو کسی غیر مسلم سے سرزد ہو۔

اِستدعا (ع۔ مث) خواہش کرنا۔ چاہنا۔

اِستدلال (ع۔ مذ) دلیل۔ ثبوت۔

اُستر (آستر کا مخفف) (مذ) دوہرے کپڑے وغیرہ کی نیچے کی تہ (ابرے کی ضد) کوٹ کے اندر کا کپڑا۔

اِسترضا (ع۔ مث) رضاجوئی۔ رضامندی۔ چاہنا۔

اُسترکاری (ف۔ مث) دیوار پر چونا وغیرہ لیپنا۔

اِستراحت (ع۔ مث) آرام۔ چاہنا۔ چین۔ سکھ۔

اِستسقا (ع۔ مذ) پانی مانگنا۔ ایک بیماری کا نام ہے۔ جس کا مریض پانی بہت پیتا ہے۔

اِسترخا (ع۔ مذ) کسی عضو کا لٹک جانا۔ سُست ہو جانا۔ یا ڈھیلا ہو جانا۔

اِستصواب (ع۔ مذ) رائے لینا۔ مشورہ لینا۔

اِستطاعت (ع۔ مث) طاقت۔ مقدرہ۔ دسترس۔

اِستعارہ (ع۔ مذ) کسی چیز کا اُدھار لینا۔ اور اصطلاح میں حقیقی اور مجازی معانی کے درمیان تشبیہ کا ہونا۔

اِستعانت (ع۔ مث) مدد چاہنا۔

اِستعجاب (ع۔ مذ) حیرانی۔ تعجب۔

اِستعداد (ع۔ مث) قابلیت۔ طاقت۔

اِستعفا (ع۔ مذ) نوکری چھوڑنے کی درخواست۔

اِستعمال (ع۔ مذ) عمل میں لانا۔ کام میں لانا۔

اِستغاثہ (ع۔ مذ) فریاد۔ دعویٰ۔

اِستغفار (ع۔ مذ) بخشش چاہنا۔ توبہ کرنا۔ پناہ مانگنا۔

استغفراللہ (ع) خدا سے پناہ مانگتا ہوں۔

اِستغراق (ع۔ مذ) ڈوبا ہوا ہونا۔ محو ہونا۔

اِستِفادہ (ع۔مذ) فائدہ اٹھانا۔

اِستِفاضہ (ع۔مذ) فیض پانا۔

اِستِفتاء (ع۔مذ) فتوےٰ پوچھنا۔
مسئلہ دریافت کرنا۔

اِستِفراغ (ع۔مذ) قے ہونا۔

اِستِفسار (ع۔مذ) پوچھنا۔ دریافت کرنا

اِستِفہام (ع۔مذ) سمجھنا۔ سوال کی علامت

اِستِقامت (ع۔مث) راست ہونا۔ قائم
ہونا سیدھا پن۔ مضبوطی۔

اِستِقبال (ع۔مذ) آئندہ۔ آگے۔ کسی
بڑے آدمی یا دوست کو لینے کے
لئے آگے جانا۔

اِستِقبالیہ کمیٹی (ع۔مث) وہ کمیٹی جو کسی
بڑے اجلاس میں شریک ہونے
والوں کے قیام و طعام کا انتظام
کرے۔

اِستِقرا (ع۔مذ) تلاش۔ ڈھونڈھ۔
چند چیزوں پر تجربہ یا غور کرکے اس
قسم کی تمام چیزوں کے لئے کوئی
قاعدہ وضع کرلینا۔

اِستِقرار (ع۔مذ) قرار دینا۔ مقرر کرنا۔

اِستِقلال (ع۔مذ) مضبوطی۔ ثابت قدمی۔

اِستِکراہ (ع۔مذ) نفرت کرنا۔
کراہت کرنا۔

اِستِمالت (ع۔مث) دلجوئی کرنا۔
خوشامد کرنا۔

اِستِمداد (ع۔مث) مدد چاہنا۔ مدد مانگنا۔

اِستِمرار (ع۔مذ) ہمیشہ رہنا۔ ہمیشگی۔

اِستِمراری (ع۔ص) ہمیشہ کے لئے۔ دائمی۔

اِستِمزاج (ع۔مذ) مزاج پوچھنا۔ رائے لینا۔
رائے۔ مشورہ۔

اِستِنباط (ع۔مذ) ایک بات سے دوسری
بات نکالنا۔ چُننا۔

اِستَنبول (ع۔مذ) قسطنطنیہ کا پرانا نام ہے۔
اب پھر سرکاری طور پر اس شہر کا یہی
نام رکھا گیا ہے۔

اِستِنجا (ع۔) پاک کرنا۔ دھونا۔

اِستِوا (ع۔مذ) برابر ہونا۔

اُستوار (ف۔ص) مضبوط۔ پائدار۔

اُستواری (ف۔مث) مضبوطی۔ پائداری۔
پختگی۔

اِستِہزاء (ع۔مذ) ٹھٹھا کرنا۔ ہنسی کرنا۔

آستھان (ہ۔ مذ) جگہ۔ مقام
استیصال (ع۔ مذ) جڑ سے اکھڑنا۔
استیفا (ع۔ مذ) پورا کرنا۔
اسحاق (ع۔ مذ) حضرت ابراہیمؑ کے ایک بیٹے کا نام ہے جن کی نسل سے حضرت یعقوبؑ ہوئے ہیں۔
اَسَد (ع۔ مذ) شیر۔ آسمان کے ایک برج کا نام ہے۔ جس کے تاروں سے شیر کی سی صورت بنتی ہے۔

اسداللہ (ع۔ مذ) اللہ کا شیر۔ حضرت علیؓ کا لقب ہے جو نہایت شجاع تھے۔
اَسرار (ع۔ مذ۔ ج) (واحد سر) (۱) بھید کی باتیں۔ (۲) بھوت پریت کا اثر (ان معنوں میں واحد)
اِسراف (ع۔ مذ) فضول خرچی۔
اسرافیل (ع۔ عبرانی۔ مذ) ایک فرشتے کا نام ہے جو قیامت کے دن صُور پھونکے گا۔
اسراع (ع۔ مذ) تعجیل۔ جلدی کرنا۔
اسرائیل (عبرانی۔ مذ) حضرت یعقوبؑ کا دوسرا نام ہے۔ ان کی نسل کو بنی اسرائیل کہتے ہیں۔
اَسِسٹنٹ (ASSISTANT) (انگ۔ مذ) مددگار۔ معاون۔ نائب
اَصطبل (ع۔ مذ) گھڑسال
اُسطرلاب (ع۔ مذ) ارتفاع یا رکان معلوم کرنے کا آلہ۔
اَسفار (ع۔ مذ۔ ج) (واحد سفر) اگلے وقتوں کی کتب
اَسفل (ع۔ ص) سب سے نیچا۔ کمینہ۔
اسفل السافلین (ع) دوزخ کے سب سے نچلے طبقے کا نام ہے۔ ذلیل ترین جگہ۔
اِسفنج (SPONGE) (انگ۔ مذ) ایک قسم کے سمندری جانوروں کے رہنے کے گھر۔ بیبنج۔
اسفندیار (ف۔ مذ) داراگشتاسپ کے بیٹے کا نام ہے۔
اسقاط (ع۔ مذ) گرنا۔ پیٹ گرنا۔
اسقاط حمل (ع۔ مذ) حمل گرنا۔
اسقام (ع۔ مذ۔ ج) (واحد سُقم)

اُسقف (ع۔ مذ) لاٹ۔ پادری۔
اَسکندر (دیکھو "سکندر")
اَسلاف (ع۔ مذ۔ ج) واحد سلف)
اِسلام (ع (سر جھکا دینا) مذ) مسلمانوں کا مذہب۔ سلامتی میں رہنا۔
اَسلحہ (ع۔ مذ۔ ج) (واحد سِلاح) اوزار۔ ہتھیار۔
اُسلوب (ع۔ مذ) طریقہ۔ طور۔ راہ۔ طرز (جمع اسالیب)
اِسم (ع۔ مذ) نام (ج اسما)
اسمِ اعظم (ع۔ مذ) خدا کا سب سے بڑا نام اللہ ہے۔
اسم بامُسمیٰ۔ جب کسی آدمی کی صفات اس کے نام کی مثل ہوں۔ تو کہتے ہیں کہ وہ تو اسم بامسمیٰ ہے۔
اسماء (ع۔ مذ۔ ج) (واحد اسم)
اِسماعیلؑ (ع۔ مذ) حضرت ابراہیمؑ کے ایک بیٹے کا نام ہے۔ جن کی نسل سے عرب کے اکثر قبیلے ہیں۔ ان سب میں قریش زیادہ مشہور قبیلہ ہے۔ جس میں سے

یہ آخرالزماں ہوئے ہیں۔
اسمبلی (ASSEMBLY) (انگ مث (۱) جماعت۔ انجمن (۲) لیجسلیٹو اسمبلی کا اختصار۔ قانون ساز مجلس۔
اَسناد (ع۔ مث۔ ج) (واحد سند)
اَسوَد (ع۔ ص) سیاہ۔
اسوۂ حسنہ (ع۔ مذ) نیک نمونہ۔
اسہال (ع۔ مذ) دست۔
اسہل (ع۔ ص) بہت آسان۔
اسیر (ع۔ مذ) قیدی۔
اَسیسر (ASSESSOR) (انگ۔ مذ) مددگار۔ مشیر۔
اسیس (ہ۔ مث) دعائے خیر۔ برکت۔

ا۔ش

اشارت (ع۔ مث) اشارہ کرنا۔
اشارات (ع۔ مذ۔ ج) (واحد اشارہ) (۱) اشارے (۲) مشہور حکیم بوعلی سینا کی ایک مشہور تصنیف کا نام ہے۔
اشارہ (ع۔ مذ) ہاتھ۔ آنکھ وغیرہ کی جنبش سے کوئی منشا ظاہر کرنا۔

اشارے پر چلنا ادنیٰ سے ادنیٰ حکم پر چلنا۔ حکم کی فوراً تعمیل کرنا۔

اَش اَش "شششش"

اِشاعت (ع۔مث) پھیلانا۔ شائع کرنا۔ مشہور کرنا۔

اَشباہ (ع۔مذ۔ج) صورتیں۔ شکلیں (واحد شبیہ)

اِشتباہ (ع۔مذ) شک۔ گمان۔

اِشتداد (ع۔مذ) شدت۔ زیادتی۔ کثرت۔ مضبوطی۔

اُشتر (ف۔مذ) اونٹ ؛

اِشتراک (ع۔مذ) شراکت۔ ساجھا ؛

اِشتراکی (ع۔مذ) بالشویک۔ بالشویکی۔ اصولوں کا قائل ؛

اِشتراکیت (ع۔مذ) بالشوزم۔ بالشویکی اصول کہ مال و دولت امیر و غریب سب میں برابر تقسیم ہونی چاہیئے۔

اِشتعال (ع۔مذ) بھڑکانا۔ جوش دلانا۔

اِشتعالک (ع۔مذ) تحریک۔ جوش انگیزی۔

اِشتغال (ع۔مذ) مشغول رہنا۔ معروف رہنا ؛

اِشتقاق (ع۔مذ) نکالنا۔ مصدر سے صیغے بنانا۔

اِشتمال (ع۔مذ) شامل ہونا۔ شریک ہونا۔

اِشتہاء (ع۔مث) بھوک۔ خواہش ؛

اِشتہاد (ع۔مذ) گواہی لینا ؛

اِشتہار (ع۔مذ) شہرت۔ اعلان۔ مشہور کرنا۔ نوٹس۔ مطبوعہ اعلان۔

اِشتہاری (ع۔ص) ایسا مجرم جس کی گرفتاری کا اشتہار نکلا ہوا ہو۔ بدنام۔

اِشتیاق (ع۔مذ) شوق۔ آرزو۔ تمنا ؛

اَشٹمی (ہ۔مث) آٹھواں دن۔ ہندوؤں کا تہوار ؛

اَشجار (ع۔مذ۔ج) (واحد شجر) ؛

اَشخاص (ع۔مذ۔ج) (واحد شخص) ؛

اَشد (ع) تیز۔ بہت سخت ؛

اَشدھ (ہ) ناپاک ؛

اَشرار (ع۔مذ۔ج) (واحد شریر) ؛

اَشراف (ع۔مذ۔ج) (واحد شریف) مہذب لوگ۔ شائستہ لوگ۔ اچھے خاندان کے (واحد

بھی آتا ہے۔
اِشراق (ع۔ مذ) روشن ہونا۔ سورج نکلنا۔ سورج نکلنے کے بعد جو نماز نفل پڑھی جاتی ہے۔
اَشرِبہ (ع۔ مث۔ ج) (واحد شراب) پینے کی چیزیں۔
اَشرف (ع۔ ص) بہت شریف۔
اَشرف المخلوقات (ع۔ مذ) تمام مخلوق سے بزرگ انسان۔ آدمی۔
اَشرَفی (ف۔ مث) سونے کا سکہ۔ جس کا وزن دس ماشے کا ہوتا تھا۔ پونڈ۔
اِشعاعِ حرارت (ع۔ مذ۔ ح) گرمی کا کرنوں کی شکل میں پھیلنا۔
اَشعار (ع۔ مذ۔ ج) (واحد شعر)
اشعری (ع۔ ص) ابوالحسن علی بن اسمٰعیل الاشعری (۸۷۳ - ۹۳۵ء) کی طرف منسوب جو بہت بڑے عالم تھے۔ امام غزالی وغیرہ کے اُستاد تھے۔
اَشِعہ (ع۔ مث۔ ج) (واحد شعاع) کرنیں۔ شعاعیں۔
اَشِعہ لاشیہ (ع۔ مث) ایک قسم کی نامعلوم غیر مرئی شعاعیں۔ ایکسریز (X-RAYS) جو بعض ٹھوس چیزوں میں سے گزر جاتی جاتی ہیں۔ ان شعاعوں کی مدد سے جسم کے اندرونی اعضا کی عکسی تصویریں لی جاتی ہیں جن سے تشخیص امراض میں بڑی مدد ملتی ہے۔
اَشغال (ع۔ مذ۔ ج) (واحد شغل)
اَشفاق (ع۔ مذ۔ ج) (واحد شفقت۔
اَشقیا (ع۔ مذ۔ ج) (واحد شقی)
اَشک [اوستا اسرو۔ س اشرو، مذ] آنسو۔ ٹسوا۔
اشک ریزی (ف۔ مث) آنسو گرانا۔ رونا۔ گریہ و زاری کرنا۔
اشک شوئی (ف۔ مث) تسلی دینا۔ دلاسا دینا۔
اَشکال (ع۔ مث۔ ج) (واحد شکل)
اِشمام (ع۔ مذ) سونگھنا۔

اشومیدھ جگ یا جگ (س) اشو = گھوڑا۔ میدھ = قربانی) مذ یہ گھوڑے کی قربانی۔ اس کا طریق یہ لکھا ہے کہ ایک گھوڑا کھلا چھوڑ دیا جاتا تھا۔ اور راجہ اس کے پیچھے پیچھے روانہ ہوتا تھا جس علاقے سے گھوڑا گزرتا تھا اس کا راجہ یا تو مقابلہ کرتا یا اطاعت قبول کرلیتا۔ جب ملک کے سب راجہ اطاعت قبول کر لیتے تو راجہ اپنے ملک کو واپس آکر اس گھوڑے کی قربانی کرتا اور پھر مہاراجہ ادھراج کہلاتا تھا۔

اشنان (ہ۔ مذ) نہانا۔ غسل۔

اشہب (ع۔ص) سیاہ رنگ جس میں سفیدی غالب ہو۔ (۲) سبزہ۔ گھوڑا۔

اشہبِ روزگار۔ زمانے کا گھوڑا۔ مُراد زمانہ۔

اشیاء (ع۔مث۔ج) (واحد شے) چیزیں۔

اشیائے برآمد (ف۔مث) وہ چیزیں جو کسی ملک سے دساور کو بھیجی جاتی ہیں۔

اشیائے درآمد (ف۔مث) وہ چیزیں جو دوسرے ملکوں سے منگوائی جاتی ہیں۔

(ا۔ص)

اِصابت (ع۔مث) ٹھیک پہنچ۔

اَصابع (ع۔مذ۔ج) (واحد اِصبَع) ہاتھ یا پاؤں کی اُنگلیاں۔

اِصالت (ع۔مث) اصلیت خاصیت جڑ۔

اَصالۃً (ع) خود آپ۔ بذاتِ خود۔

اَصح (ع۔ص) بہت صحیح۔

اَصحاب (ع۔مذ۔ج) (واحد صاحب) دوست۔ یار۔

اصحابِ فیل (ع۔مذ) ہاتھیوں والے وہ لوگ جنہوں نے ابرہہ حاکم یمن کے حکم سے ہاتھیوں کے ساتھ مکہ پر حملہ کیا تھا۔

اصحابِ کہف (ع۔مذ) غار والے ان سات آدمیوں کا جو دقیانوس

نامی ایک ظالم بادشاہ کے خوف سے شہر سے بھاگ کر غار میں جا چھپے تھے۔ ان کے ساتھ ایک کُتا بھی تھا۔ جس کے متعلق مشہور ہے کہ وہ بھی ان کے ہمراہ بہشت میں جائے گا۔

اِصرار (ع۔ مذ) ضد کرنا۔ ہٹ کرنا۔ تاکید

اِصراف (ع۔ مذ) خرچ کرنا۔ خرچ

اِصطِباغ (ع۔ مذ) رنگنا۔ عیسائی مذہب اختیار کرتے وقت سر پر پانی چھڑکنے کی رسم کا نام بپتسمہ

اِصطَبل (ع۔ مذ) گھوڑوں کے باندھنے کی جگہ۔ طویلہ

اُصطُرلاب (ع۔ مذ) ستاروں کی بلندی ناپنے کا آلہ۔

اِصطِلاح (ع۔ مث) کسی جماعت کا اتفاق رائے سے کسی لفظ کے اصلی معنوں کے سوا اور معنی ٹھہرا لینا۔

اَصغَر (ع۔ ص) چھوٹا۔ کمسن۔

اَصفَر (ع۔ ص) زرد۔

اِصفَہان (ف۔ مذ) ایران کے ایک شہر کا نام ہے۔ جہاں کی تلواریں خاص کر مشہور رہیں۔

اَصفِیاء (ع۔ مذ۔ ج) (واحد صفی)۔

اَصل (ع۔ مث) بُنیاد۔ جڑ۔

اَصل الاُصول (ع۔ مذ) اصلی۔ بنیاد۔ جڑ

اَصلاً (و) (ع۔ اصلاً) تابع فعل یا بالکل ہرگز

اَصلاب (ع۔ مذ۔ ج) (واحد صُلب) پشت۔

اصلاح (ع۔ مث) درست کرنا۔

اصلی (ع۔ ص) حقیقی۔ درست۔ بغیر کھوٹ کے۔

اَصلی قیمت (ع۔ مث) (۱) کسی عدد کی وہ قیمت جو اسے بناوٹ کے لحاظ سے حاصل ہے نہ کہ مقام سے جیسے کہ ۴۲ میں سے دوسرا عدد تین ہے۔ اس کی اصلی قیمت ۳ ہے۔ مگر مقامی قیمت ۳۰ ہے (۲) وہ قیمت جس پر نفع یا نقصان شمار کیا جاتا ہے۔

اَصلیت (ع۔ مث) حقیقت۔ اصلی بات
اَصم (و۔ مذ۔) بہرہ۔
اَصناف (ع۔ مذ۔ ج) (واحد صنف)
اَصنام (ع۔ مث۔ ج) (واحد صنم)۔
اَصوات (ع۔ مث۔ ج) (واحد صوت)۔
اُصول (ع۔ مذ۔ ج) (واحد اصل) قانون۔ قاعدے۔ مگر اردو میں بطور واحد بھی مستعمل ہے۔
اُصولِ اَربعہ (ع۔ مث) حساب کے چار ابتدائی قاعدے۔ یعنی جمع تفریق۔ ضرب اور تقسیم۔
اُصولِ اَرشمیدس (ع۔ مذ) حکیم ارشمیدس کا وہ اصول جس کی مدد سے سونے وغیرہ کا خالص یا غیر خالص ہونا معلوم کیا جاتا ہے۔ اصول کثافتِ اضافی
اَصیل (ع) (س اَشیل۔ نیک چلن) ص ۱ شریف۔ اچھی نسل کا۔
(۲) لونڈی۔ باندی۔ اچھے لوہے کی تلوار۔ سہیلی۔

(ا۔ض)

اِضاعت (ع۔ مث) ضائع کرنا۔ برباد کرنا
اِضافت (ع۔ مث) نسبت۔ لگاؤ
اِضافہ (ف۔ مذ) زیادہ کرنا۔ ترقی۔
اِضافی (ع ص) نسبتی۔ جو اصلی نہ ہو۔ زائد۔
اِضافیت (دیکھو نظریۂ اضافیت")
اَضحیٰ (ع۔ مذ) قربانی کا دن
اُضحوکہ (ع ص) ہنسانے والی چیز یا بات۔
اَضداد (ع۔ مث۔ ج) (واحد ضد) ایک دوسرے کے مخالف ہیں۔ جیسے سیاہی اور سفیدی
اِضطِراب (ع۔ مذ) بیقراری۔ گھبراہٹ۔
اَضراس (ع مث۔ ج) (واحد ضرس) ڈاڑھ
اِضطِرار (ع۔ مذ) بے قراری۔ بے اختیاری
اِضطِراری (ع۔ ص) جو اپنے اختیار میں نہ ہو۔ اختیار کی ضد ہے۔

اَضعاف (واحد ضِعف) دوچند۔
اَضلاع (ع۔ مذ۔ ج) (واحد ضلع)
اِضلال (ع۔ مذ) گمراہ کرنا۔
اِضمار (ع۔ مذ) کلام میں کسی اسم کی جگہ ضمیر لانا۔ ذکر کرنا۔ بیان کرنا۔
اِضمحلال (ع۔ مذ) کمزوری۔ کاہلی۔ پژمردگی

(ا۔ ط)

اطاعت (ع۔ مث) فرمانبرداری حکم ماننا
اَطالوی (ع ص) اٹلی کا۔ ملک اطالیہ سے تعلق رکھنے والا۔
اطالیہ (ع۔ مذ) اٹلی کا ملک
اَطِبا (ع۔ مذ۔ ج) (واحد طبیب)
اطراف (ع۔ مث۔ ج) (واحد طرف)
اَطفال (ا۔ مذ۔ ج) (واحد طفل)
اِطّلاع (ع۔ مث) خبر۔ آگہی
اِطلاق (ع۔ مذ) کہنا۔ بولنا۔ جاری کرنا بولا جانا۔ عائد ہونا۔

اَطلس (ع۔ مث) ایک قسم کا چمکیلا ریشمی کپڑا۔ افریقہ کے شمال میں ایک سلسلہ کوہ
اِطمینان (ع۔ مذ) تسلّی۔ دلاسا۔
اِطماع (ع۔ مذ) لالچ میں ڈالنا۔
اَطوار (ع۔ مذ۔ ج) (واحد۔ طور)
اَظہار (ع۔ مذ۔ ج) (واحد۔ ظاہر)

(ا۔ ظ)

اَظلَم (ع۔ ص) بڑا ظالم۔
اظہار (ع۔ مذ) ظاہر کرنا۔ بیان لینا۔ بیان۔
اَظہر (ع۔ مذ) بہت ظاہر۔ واضح۔
اَظہر مِنَ الشّمس (ع) سورج سے بھی زیادہ روشن۔ نہایت واضح۔

(ا۔ ع)

اِعادت (ع۔ مث) دُہرانا۔ پھیرنا۔
اِعادہ (ع۔ مذ) دوہرانا۔ دوبارہ کہنا۔
اِعانت (ع۔ مث) مدد کرنا۔
اِعتبار (ع۔ مذ) بھروسہ کرنا۔ عزت کرنا۔

اِعْتِداد (ع۔ مذ) شمار۔ گنتی۔
اعتدال (ع۔ مذ) برابر ہونا۔ دُرست ہونا۔
اِعْتِذار (ع۔ مذ) عُذر کرنا۔ عذر خواہی۔
اِعْتِراض (ع۔ مذ) عیب نکالنا۔ شبہ کرنا۔
اِعْتِراف (ع۔ مذ) اقرار کرنا۔ مان لینا۔
اعتزال (ع۔ مذ) علیحدہ ہو جانا۔ معتزل عقائد والا ہونا۔
اِعْتِصام (ع مذ) چنگل مارنا (مضبوطی سے پکڑنا۔
اِعْتِقاد (ع۔ مذ) یقین رکھنا۔ ایمان۔
اِعْتِکاف (ع۔ مذ) مسجد میں گوشہ نشین ہونا۔
اِعْتِلاء (ع۔ مذ) بلندی۔
اِعْتِماد (ع۔ مذ) بھروسہ۔ یقین
اِعْتِنا (ع۔ مذ) ہمدردی۔ پروا کرنا۔
اِعْجاز (ع۔ مذ) عاجز کرنا۔ معجزہ۔ کرشمہ۔ کرامت۔
اِعجازِ مسیحائی (ع۔ مذ) حضرت عیسٰے علیہ السلام کا معجزہ۔ بیمار کو تندرست کرنا۔ یا مُردے میں جان ڈالنا۔

اِعجازِ عصائے کلیم۔ حضرت موسیٰ کے سونٹے کا معجزہ۔ جو سانپ بن جاتا تھا۔
اُعْجُوبہ (ع۔ مذ) انوکھی شے۔ عجیب شے۔
اَعْدا (ع۔ مذ۔ ج) (واحد عَدُو)
اَعْداد (ع۔ مذ۔ ج) (واحد عدد) ہندسے
اعدادِ متصل (ع۔ مذ) وہ ہندسے جن کا فرق اکائی ہو۔ جیسے ۴، ۵، ۶ کہ ہر حالت میں اگلا ہندسہ قبل سے بقدر ایک عدد بڑا ہے۔
اَعْدادِ اَوّلی (ع۔ مذ) وہ ہندسے جن کے اجزائے ضربی نہ بن سکتے ہوں، جیسے ۲، ۳، ۵، ۷، ۱۱، ۱۳ وغیرہ۔
اَعْدادِ مُرَکَّب (ع۔ مذ) وہ ہندسے جن کے اجزائے ضربی بن سکتے ہوں جیسے ۴، ۶، ۸، ۹، ۱۰، ۱۲ وغیرہ۔
اَعْدَل (ع۔ ص) بہت عدل کرنے والا۔ منصف

اِعراب (ع۔ مذ) حروف کی حرکات زیر۔ زبر۔ پیش وغیرہ

اِعراض (ع۔ مذ) منہ پھیرنا۔ روگردانی کرنا۔ پرہیز کرنا۔ گریز کرنا۔

اَعراف (ع۔ مذ) دوزخ اور بہشت کا درمیانی مقام۔

اِعزاز (ع۔ مذ) عزت دینا۔ عزت۔

اَعِزّہ (ع۔ مذ۔ ج) (واحد عزیز)

اَعصاب (ع۔ مذ۔ ج) (واحد عصب)

اَعضا (ع۔ مذ۔ ج) (واحد عضو) ہاتھ پاؤں۔ بازو۔

اعضائے رئیسہ (ع۔ مذ) بدن کے بڑے بڑے اعضا یعنی دل دماغ جگر وغیرہ

اَعضا شکنی (ف۔ مث) بدن میں درد ہونا۔ بخار ہونے کی علامت

اعظم (ع۔ ص) بہت بڑا۔

اَعلام (ع۔ مذ۔ ج) (واحد عَلَم)

اِعلان (ع۔ مذ) اظہار کرنا۔ ظاہر کرنا

اَعلٰی (ع۔ ص) بہت بلند۔ شریف۔ بزرگ۔

اعلیحضرت (ع۔ مذ) حضور عالی۔ بادشاہوں کے ناموں کے پہلے استعمال کرتے ہیں۔

اَعَمّ (ع۔ ص) بہت عام

اعمال (ع۔ مذ۔ ج) (واحد عمل) کام۔ فعل۔

اعمالنامہ (ف۔ مذ) وہ رجسٹر جس میں کسی شخص کے بُرے بھلے کام درج ہوتے ہیں۔ اور قیامت کے روز ہر شخص کو دکھایا جائے گا۔

اَعمیٰ (ع۔ مذ) نابینا۔ اندھا۔

اَعوان (ع۔ مذ) (واحد عون) معاونین۔ مددگار۔ پنجاب کی ایک زراعت پیشہ قوم جسے پنجابی میں اوان کہتے ہیں۔

اَعیان (ع۔ مذ۔ ج) (واحد عین) بزرگ۔ اُمراء۔ وزرا

اَغذیہ (ع۔ مث۔ ج) (واحد غذا) مختلف قسم کے کھانے۔

اِغراق (ع۔ مذ) ڈبونا۔ بعید مبالغہ کرنا۔

اغلاط (ع ۔ مذ ۔ ج) (واحد غلط)
اِغلام (ع ۔ مذ) لونڈے بازی ۔ لواطت ۔
اغلب (ع ۔ص) قوی گمان ۔ یقیناً
اغماض (ع ۔ مذ) درگذر کرنا ۔ چشم پوشی کرنا
چشم پوشی ۔
اِغوا (ع ۔ مذ) ورغلانہ ۔ بہکانا ۔
اَغلط (ع ۔ص) بہت غلط ۔
اغیار (ع ۔ مذ ۔ ج (واحد غیر)
اغنیا (ع ص ۔ ج)(واحد غنی) مالدار ۔

(ا ۔ ف)

اُف (ع ۔مث ۔ مذ) افسوس ۔ آہ ۔ کلمہ تاسف
اِفادہ (ع ۔ مذ) فائدہ پہنچانا ۔ نفع پہنچانا
اِفاضہ (ع ۔ مذ) فیض پہنچانا ۔
اِفاغنہ (ع ۔ مذ ۔ ج) (واحد افغان)
اِفاقہ (ع ۔ مذ) آرام ۔ مرض کی کمی ۔
اُفتاد (ف ۔ مث) مصیبت ۔ مشکل ۔
رجحانِ طبع
افتاد پڑنا (ا) مشکل پڑنا ۔ مصیبت پڑنا
افتادگی (ف مث) کمزوری
افتاں وخیزاں (ف ۔ تابع فعل)
گرتا پڑتا ۔ جوں توں کر کے
افتتاح (ع ۔ مذ) کھولنا ۔ شروع کرنا
بے نقاب کرنا ۔
افتتاحیہ (ع ۔ مذ) لیڈنگ آرٹیکل
وہ مضمون جو ایڈیٹر اپنے قلم سے
لکھتا ہے ۔
افتخار (ع ۔ مذ) فخر کرنا ۔ ناز کرنا ۔ بڑائی ۔
اِفترا (ع ۔ مذ) تہمت ۔ بہتان ۔ جھوٹ
افترابندی } (ف ۔ مث) کسی
افترا پردازی } پر الزام لگانا ۔ کسی
پر جھوٹ باندھنا
اِفتراق (ع ۔ مذ) پھوٹ ڈالنا ۔ جدا
کرنا ۔ فرق ڈالنا ۔
اِفتقار (ع ۔ مذ) مفلسی ۔ فقیری ۔
افراتفری (ع (ع افراط و تفریط
مث ہے) پریشانی ۔ گڑبڑ ۔ گھبراہٹ)
اَفراد (ع ۔ مذ ۔ ج) (واحد فرد)
افراسیاب (ف ۔ مذ) توران کے
ایک بڑے بہادر بادشاہ کا
نام ہے ۔
افراط (ع ۔ مث) کثرت ۔ زیادہ ہونا ۔

حد سے بڑھ جانا (ضد ۔ تفریط)
افروختہ (ف ۔ ص) روشن ۔ جلا ۔ بُجھا ۔
افزائش (ف ۔ مث) بڑھوتی ۔
افزوں (ف ۔ مث) زیادہ بہت ۔
افزونی (ف ۔ مث) زیادتی ۔ کثرت
افسانہ (ف ۔ مذ) قصہ کہانی ۔ سرگذشت فرضی کہانی
افسانوی (ف ۔ ص) وہ چیز جس کا ذکر فسانے میں آیا ہو ۔ فرضی وہمی ۔ خیالی ۔
افسر (ف (اَبَسَر کا مبدّل جو بَسَر کا مزید فلیہ ہے اور فارسی میں بمعنیٰ تاج و صاحب تاج مستعمل ہے) مذ) تاج ۔ حاکم ۔
اَفسُردگی (ف ۔ مث) اُداسی
اَفسُردہ (ف ۔ ص) اداس ۔ غمگین ۔
افسوس (ف ۔ مذ) رنج ۔ غم ۔
افسوں (ف ۔ مذ) منتر ۔ جادو ۔ مکر ۔ فریب ۔
افشاں (ف ۔ مذ) مقیش یا گوٹے کے باریک کتے ہوئے ٹکڑے جن کو عورتیں ماتھے یا بالوں پر لگاتی ہیں (۲) ابری
اَفشاں کرنا ۔ رنگ چھڑکنا ۔
اِفشا (ع ۔ مذ) ظاہر کرنا ۔ فاش کرنا ۔
اَفشار (ف ۔ مذ) ایران میں ترکوں کی ایک قوم ۔
اَفشَاندن (ف ۔ مذ) جھاڑنا ۔
افشانی ۔ چھینٹے دار ۔ جس پر افشاں کی ہوئی ہو ۔
اَفشُردن (ف ۔ مذ) نچوڑنا ۔
افصح (ع ۔ مذ) بہت فصیح ۔ خوش بیان ۔
افضال (ع ۔ مذ ۔ ج) (واحد فضل) ۔
افضل (ع ۔ ص) بہت بزرگ ۔ سب سے عمدہ ۔
افطار (ع ۔ مذ) کھولنا ۔ روزہ کھولنا ۔
افطاری (ع ۔ مث) روزہ کھولنے کی کوئی چیز ۔
افعال (ع ۔ مذ ۔ ج) واحد فعل) ۔
افعی (ع ۔ مذ) زہریلا سانپ
افغان (ف ۔ مذ) پٹھان (جمع افاغنہ)
اُفق یا اُفُق (ع ۔ مث) کنارہ ۔ وہ حد

جہاں زمین و آسمان ملتے نظر آتے ہیں۔ جمع (آفاق)

افق نما (ف۔ مذ) وہ آلہ جس سے اُفق دیکھتے ہیں۔

اَفکار (ع۔ مذ۔ ج) (واحد فکر) خیالات۔

اَفگار (ف۔ زخمی۔ مجروح۔

اَفگن (ف) ڈال۔ ڈالنے۔ اسم فاعل۔ ترکیبی کا لاحقہ جیسے شیر افگن

اَفلح (ع۔ ص) زیادہ فلاح یافتہ۔

اِفلاس (ع۔ مذ) ناداری۔ غریبی۔ تنگ دستی۔

افلاطون (ع۔ مذ) ایک مشہور حکیم کا نام ہے جو ارسطو کا استاد اور سقراط کا شاگرد تھا۔

اَفلاک (ع۔ مذ۔ ج) (واحد فلک)

اَفنان (ع۔ مذ۔ ج) (واحد فن)

اَفواج (ع۔ مث۔ ج) (واحد فوج)

اَفواہ (ع (واحد فوہ یا مُنہ) مث) بے اصل بات۔ اُڑتی ہوئی خبر

اَفواہ اُڑانا (ہ) جھوٹی خبر مشہور کرنا۔

اَفہام (ع۔ مذ۔ ج) (واحد فہم)۔

اِفہام (ع۔ مذ) سمجھانا۔

اَفیال (ع۔ مذ۔ ج) (واحد فیل)۔

افیون (ع (یونانی اپیون OPION کا معرب) مث) افیم۔

(ا۔ ق)

اَقارِب (ع۔ مذ۔ ج) (واحد اَقرب) رشتہ دار لوگ۔

اَقالِیم (ع۔ مث۔ ج) (واحد اقلیم۔

اِقامت (ع۔ مث) ٹھہرنا۔ قیام۔ نماز با جماعت شروع ہوتے وقت جو کلمات کہے جاتے ہیں۔

اِقبال (ع۔ مذ) خوش نصیبی۔

اِقبال کرنا (ع۔ مذ) اقرار کرنا۔ قبولنا۔

اِقبال مند (ف۔ ص) خوش نصیب خوش بخت۔ نیک بخت۔

اِقتباس (ع۔ مذ) انتخاب کرنا۔ کسی کے مضمون سے کچھ حصہ نقل کرنا۔

اِقتدا (ع۔ مذ) پیچھے چلنا۔ پیروی کرنا

اِقتدار (ع۔ مذ) قدرت۔ طاقت۔

اِقتران (ع۔ مذ) قریب ہونا۔ پاس

ہونا۔ دو سیاروں کا ایک ہی
بُرج میں جمع ہونا۔
اقتصادی (ع۔ص) میانہ روی کے
متعلق کفایت شعاری کے متعلق۔
علم اقتصاد کے متعلق۔ مالی۔
اقتصادیات (ع۔ مذ) علم الاقتصاد۔
علم المعیشت۔ وہ علم جس میں دولت
اور محنت کی تقسیم پر بحث ہوتی ہے۔
اِقتضا (ع۔ مذ) چاہنا۔ تقاضا۔
اَقدام (ع۔ مذ۔ ج) (واحد قدم)
اِقدام (ع۔ مذ) پیش قدمی کرنا۔ آگے
بڑھنا۔ کام کرنا۔
اُقدس (ع۔ص) بہت پاک۔
اِقرار (ع۔ مذ) وعدہ۔ قول۔ ماننا۔
تسلیم کرنا۔
اِقرارِ صالح (ع۔ مذ) پکّا اقرار۔
حلفیہ بیان۔
اقرار نامہ (ف۔ مذ) وہ کاغذ جس
پر کسی معاہدے کا اقرار لکھا
جائے۔
اَقران (ع۔ مذ۔ج) (واحد قرین)

اَقرب (ع) بہت نزدیک۔ بہت ہی
پاس۔ قریبی (ج۔ اقارب)۔
اَقربا (ع۔ مذ۔ ج) (واحد قریب)
رشتہ دار۔ قریبی لوگ۔
اَقرع (ع۔ص) گنجا۔
اقساط (ع۔ مث۔ ج) (واحد قسط)
اقسام (ع۔ مذ۔ ج) واحد قسم یا قسم
اَقصا (ع) بہت دُور۔
اَقصائی (ا۔ مذ) ایک قسم کا تھرامیٹر
تھرمامیٹر جس سے کم از کم اور زیادہ سے
زیادہ درجۂ حرارت معلوم ہوجاتا
ہے۔
اَقطار (ع۔ مث۔ ج) (واحد قطر) کنارے
اَقطاع (ع۔ مذ۔ ج) واحد قطع
اَقطع (ع۔ مذ) چور ہاتھ کٹا ہوا۔
اَقل (ع۔ص) بہت ہی کم۔ تھوڑا۔
اَقلیّت (ع۔ مث) اکثریت کا عکس
چھوٹی جماعت یا قوم۔
اُقلیدس (ع۔ مذ) علم ہندسہ کی مشہور
کتاب کا نام ہے۔ اس علم کا مدوّنِ
اوّل۔

اَقلیم (ع۔ مث) ولایت۔ ملک۔ علاقہ۔ خطہ
اَقوال (ع۔ مذ۔ ج) (واحد قول)
اَقوام (ع۔ مث۔ ج) (واحد قوم)
اَقویا (ع۔ مذ۔ ج) (واحد قوی)

ا۔ک

اِک (ہ) ایک کا مخفف ہے۔
اِکّا (ہ۔ مذ) اکیلا۔ تنہا۔ یکّا۔ گاڑی۔
اِکّا دُکّا (ہ۔ مذ) کوئی کوئی۔ ایک آدھ۔
اَکادمی (انگ۔ مذ) علمی مجلس۔ اکیڈمی۔ Academy
اَکارت (ہ۔ ص) بے فائدہ
اَکابر (ع۔ مذ۔ ج) (واحد اکبر)
اَکالی (ہ۔ مذ) سکھوں کا ایک فرقہ
اِکائی (ہ۔ مث) ایک سے ۹ تک کے ہندسے مختلف پیمائشوں کے سب سے چھوٹے پیمانے۔
اکبر (ع۔ مذ) بزرگ۔ بڑا آدمی (ج۔ اکابر)
اکتانا (ہ) اُچاٹ ہونا۔
اِکتِساب (ع۔ مذ) کمانا۔ کام کر کے حاصل کرنا۔
اِکتِشاف (ع۔ مذ) دریافت کرنا۔ معلوم کرنا۔
اِکتِفا کرنا (ا) کفایت کرنا۔ بس ہونا۔ کافی ہونا۔
اَکثَر (ع۔ ص) بہت زیادہ۔ بارہا۔
اِکٹھا (ہ۔ مذ) ملا ہوا۔
اَکثَریت (ع۔ مث) اقلیت کی ضد بڑی جماعت یا قوم۔
اِکرام (ع۔ مذ) بخشش۔ عطا۔ کرم کرنا۔
اِکراہ (ع۔ مذ) جبر۔ سختی
اَکرَم (ع۔ مذ) بہت بخشنے والا۔
اَکارِم (ع۔ مذ۔ ج) (واحد کریم) بہت بزرگ۔
اکڑفوں (ہ۔ ص) اُبھارنا۔ گھمنڈ کرنا۔ غرور کرنا۔
اَکڑنا (ا) سینہ اُبھارنا۔ گھمنڈ کرنا۔
اکسار (ہ۔ ص) برابر۔ یکساں۔
اُکسانا (ہ (س کرش = کھینچنا) } اُبھارنا۔ آمادہ کرنا۔

اکس ریز X - RAYZ (انگ ۔ مذ) ایک قسم کی نظر نہ آنے والی برقی کرنیں ۔ جو گوشت پوست میں سے بھی گزر جاتی ہیں ۔ ان کے ذریعے جسم کی اندرونی حالت کا عکس لیا جاتا ہے ۔ اَشعّۂ لائیہ ۔

اکسیر (ف ۔ مث) کیمیا ۔ رسائن = نہایت مفید ۔ پارس

اَکنوں (ف ۔ م) اب ۔ اس وقت

اَکل (ع ۔ مذ) کھانا ۔ غذا ۔

اِکلوتا (ہ) اکیلا بیٹا ۔ ایک ہی بیٹا ۔

اَکل و شُرب (ع ۔ مذ) کھانا ۔ پینا ۔

اکمل (ع ۔ ص) نہایت کامل ۔ پکّی ۔

اکناف (ع ۔ مث ۔ ج) (واحد کنف ۔) اطراف ۔ جوانب

اکنالجمنٹ (ACKNOWLEDEGE MENT) (انگ ۔ مث) رسید ۔ اقرار

اِکّا (ہ ۔ مذ) یکہ ۔ ایک گھوڑے کی گاڑی ۔ ایک سے نسبت رکھنے والا ۔

اَکھرا بدن (ہ ۔ مذ) بہت موٹا نہ بہت پتلا ۔ چھریرا بدن ۔

اکھاڑہ (ہ ۔ مذ) دنگل ۔ کشتی گاہ ۔ محفل ۔ دربار ۔ حسینوں کا جمگھٹ ۔

اَکھّڑ (ہ (س اَت = بہت ، کھر = تیز ۔ تیکھا) مذ) بدتمیز ۔ اُجڈ ۔ بدمزاج ۔ جاہل ۔

اَکھّڑپن (ہ) بدتمیزی ۔ ضد ۔

اُکھڑی اُکھڑی باتیں کرنا (ہ) ناراضگی کی باتیں کرنا ۔

(ا ۔ گ)

اُگارنا (ہ) کنواں صاف کرنا ۔ کنوئیں کی مٹی نکالنا ۔

اَگاڑی (ہ ۔ مث) گھوڑے کے اگلے پاؤں کی وہ رسی جو دائیں بائیں دو میخوں سے باندھی جاتی ہے ۔ (پچھاڑی کی ضد)

اُگال (ہ ۔ مذ) گلوری کا پھوک ۔ چبائی ہوئی چیز ۔

اُگالدان (ہ ۔ مذ) وہ ظرف جس میں پان کی پیک ۔ یا اُگال یا لعاب

دہن تھو کتے ہیں۔

اُگاہنا (ہ - مذ) کرایہ۔ چندہ یا حق زمینداری وصول کرنا۔ جمع کرنا۔ اُدھار وصول کرنا۔

اَگر (ف حرفِ شرط) جب۔ جو۔ بشرطیکہ بالفرض۔

اَگر مَگر (۱) لیت ولعل۔ حیلہ۔ حوالہ۔ حجت (کرنا۔ ہونا)

اَگر (ہ۔ مذ) (۱) گوگل کا درخت (۲) ایک درخت کی خوشبودار لکڑی جو جلنے سے خوشبو دیتی ہے۔

اگردان (ہ۔ مذ) اگر بتی جلانے کا برتن۔

اگر کی بتی (ہ۔ مث) اگر کے بُرادے میں اور خوشبودار چیزیں ملا کر بنائی ہوئی بتی۔ جو گھروں اور محفلوں میں ہوا صاف کرنے کے لئے جلاتے ہیں۔

اگزیکیٹو کونسل (EXECUTIVE COUNCIL) (انگ۔ مث) مجلسِ عاملہ۔ وائسرائے ہند یا صوبے کے گورنر کی مجلسِ انتظامیہ۔

ایگزیکیٹو آفیسر (EXECUTIVE OFFICER) (انگ۔ مذ) افسر انتظامی۔

اُگل دینا (ہ) بغیر سمجھے بیان کرنا۔ رنجش ظاہر کر دینا۔

اُگنا (ہ (س اوگن = اوپر چلنا)) نباتات کا پیدا ہونا۔ نکلنا۔

اَگن بوٹ (۱۔ مذ) آگ سے چلنے والی کشتی۔ دُخانی جہاز۔

اَگھن (ہ - مذ) سن فصلی کا تیسرا اور سن قمری کا نواں مہینہ۔ جو وسط نومبر سے وسط دسمبر تک ہوتا ہے۔ کُھلا جنگل کشادہ جنگل

اَگنی (ہ۔ مث) آگ۔

اَگیا (ہ - مث) حکم۔ اجازت

ا ۔ ل

اِلّا (ع) مگر۔ لیکن
اَلاپ (ہ ۔ مذ) آواز۔ سُر۔ تان۔
اَلاپنا (ہ ۔ مذ) سُر بھرنا۔ بولنا۔
اَلامان (ع) پناہ۔ رحم
اَلارم (ALARUM) (انگ ۔ مذ) خبردار کرنا۔ گھنٹی کی آواز
اُلانگھنا (ہ) پھلانگنا۔ کسی چیز پر سے کود جانا۔
اَلاؤ (ہ ۔ مذ) آگ کا ڈھیر۔ گڑھا جس میں آگ سلگاتے ہیں۔
اِلٰہ (ع ۔ مذ) خدائے تعالیٰ۔
اِلٰہ العالمین (ع ۔ مذ) تمام جہان کا معبود اور خدا۔
اللہ آمین سے ۔ دعائیں مانگ مانگ کر التجائیں کر کر کے۔
اللہ اکبر (ع ۔ مذ) خدا سب سے بڑا ہے۔
اللہ بیلی ۔ خدا حافظ (وداع ہوتے وقت کہتے ہیں)
اللہ رکھے ۔ خدا سلامت رکھے۔
دعائیہ کلمات ہیں۔
اللہ رے ۔ ب ل ۔ ہے
اللہ کا نام لو (۱) توبہ کرو۔ خدا خدا کرو۔
اللہ کی شان خدا کی قدرت
اللہ اللہ خیر سلّا ۔ (۲) بس چھٹی ہوئی۔ فراغت ہوئی۔
اِلٰہی (ع) اے خدا۔
اِلٰہیات (ع ۔ مذ ۔ ج) علم الٰہی کے مسائل۔
اُلاہنا (ہ ۔ مذ) گلا شکوہ۔
اَلباب (ع ۔ مذ ۔ ج) (واحد لُب)
اَلبتّہ (ع (بتّہ ۔ ایک بار کاٹنا ۔ اصل میں بتّ ہے)) ضرور۔ بے شک۔ لیکن ۔ ہاں۔
اَلبم (ALBUM) (انگ ۔ مذ) مرقع تصویروں کی کتاب
البیلا (ہ ۔ ص) بانکا۔ چھبیلا۔
البیلی (ہ ۔ ص) بانکی۔ انوکھی۔
الپ ارسلان (مذ) خاندان سلجوقیہ کے دوسرے بادشاہ کا نام۔
اِلتباس (ع ۔ مذ) ہم شکل ہونا۔ شک پڑنا۔

اِلتجا (ع۔ مث) آرزو۔ منت۔ درخواست

اِلتذاذ (ع۔ مذ) لذّت پانا۔ لطف اٹھانا۔

اِلتزام (ع۔ مذ) ضروری ہونا۔ کسی چیز کو لازم کرلینا۔

اِلتفات (ع۔ مذ) توجہ۔ مہربانی۔

اِلتماس (ع۔ مذ) چاہنا۔ عرض۔ گذارش

اَلتمش (ف۔ مذ) ہندوستان کے مشہور بادشاہ شمس الدین کا نام ہے۔

اِلتوا (ع۔ مذ) دیر۔ کسی کام کو دوسرے وقت پر اُٹھا رکھنا۔

التہاب (ع۔ مذ) شعلہ بھڑکنا۔

اِلتیام ۔ زخم کا بھرنا۔

اُلٹا ۔ ٹیڑھا۔ برعکس۔ خلاف

اُلٹا چور کوتوال کو ڈانٹے۔ (ہ) اپنے کئے پر شرمانے کے بجائے اُلٹا دوسرے کو ڈانٹے۔

اُلٹے بانس بریلی کو (اُلٹی بات)

اُلٹی کھوپڑی کا (ہ) اُلٹی سمجھ والا

الٹا توا (ہ) کالے رنگ کا۔

الٹی کرنا (ہ) قے کرنا۔ زمین دیکھنا ڈالنا۔

اُلٹی گنگا بہانا (ہ) دستور کے خلاف کام کرنا۔

اُلٹی مالا پھیرنا (ہ) اُلٹی باتیں کرنا۔

اُلٹی میٹم (ULTIMATAM) (انگ۔ مذ) کسی مطالبہ کے متعلق آخری نوٹس۔ جس میں جنگ کی دھمکی بھی ہو۔ لڑائی کی اطلاع۔ اعلانِ جنگ۔

اُلٹے ہاتھ کا داؤ (ہ۔ مذ) آسان کام۔ معمولی بات۔

اُلجھن (ہ۔ مث) اضطراب۔ مشکل۔ پیچیدگی۔ گھبراہٹ۔

اُلجھانا (ہ) پھنسانا۔ بگاڑ ڈالنا۔

اُلجھنا (ہ) پھنسنا۔ جھگڑا کرنا۔

اِلحاح (ع۔ مث) گڑگڑانا۔ بہت منت کرنا۔

اِلحاد (ع۔ مذ) دین سے پھرنا۔

اَلحاصل (ع۔ مذ) قصہ کوتاہ۔ مختصر یہ کہ۔

اَلحال (ع) اس وقت۔ فی الحال۔ اب۔ ابھی۔

اِلحاق (ع۔ مذ) شامل کرنا۔ ملانا۔ بڑھانا۔

اِلحاقی عبارت (ا۔مث) وہ عبارت جو کسی نے اپنی طرف سے لکھ کر مصنّف کی طرف منسوب کر دی ہو۔

اِلحَان (ع۔مذ۔ج) (واحد لحن)

اَلحَق (ع) حق ہے۔ صحیح ہے۔

اَلحَمد (ع۔مث) قرآن شریف کی پہلی سورت کا نام ہے۔

اَلحَمدُلِلّٰہ (ع) خدا کا شکر ہے۔

اَلحَذر (ع۔مث) پناہ۔ بچاؤ۔ ڈر۔

اَلحَفیظ (ع) خدا کی پناہ۔ خدا بچائے۔ پناہ بخدا۔

اَلخ ۔ دیکھو ضمیمہ ۸ (۲)

الخموشی نیم رضا ۔ چپ آدھی رضامندی ہوا کرتی ہے۔

اِلزَام (ع۔مذ) بہتان۔ تہمت۔ قصور۔

اَلسَانا (ع) اُونگھنا۔ سُست ہونا۔

اَلسِنہ (ع۔مث) (واحد لسان)

السیٹ (ہ۔مث) جھگڑا۔ سستی

اُلُش (ت۔مذ) پس خوردہ۔ کسی بزرگ یا امیر کا جھوٹا کھانا۔

الطاف (ع۔مذ۔ج) (واحد لطف)

اَلعَبد (ع۔مذ) کسی دستاویز پر دستخط کرنے والا یہ لفظ لکھ کر دستخط کرتا ہے

اَلعطش (ع۔مث) پیاس۔ ہائے پیاس۔ ہائے پانی

اَلغَارون (ا۔ص) بہت کثرت سے۔ بازاط

اَلغَرض (ع) قصّہ کوتاہ۔ مطلب یہ کہ

اَلغوزہ (ف۔مذ) بانسری کا جوڑا۔

الغیاث (ع۔مث) فریاد۔ دُہائی۔ کوئی بچائے

اَلف (ع۔مذ) ایک ہزار

اَلفِ اللّٰہ (ا) بے تعلق۔ اکیلا دم۔

اَلف لیلہ (ع (الف = ہزار، لیلہ = رات) مث) کہانیوں کی مشہور کتاب کا نام ہے اس میں جو کہانیاں درج ہیں وہ ایک ہزار ایک راتوں پر بیان کی گئی تھیں۔ جس سے یہ نام ہوا۔ اس کا پورا نام "الف لیلہ ولیلہ" ۔ اس کا مصنف محمود الرزاق تھا۔

الفاظ (ع۔مذ۔ج) (واحد لفظ)

اُلفت (ہ ۔ مث) محبت پیار

اُلفی (ا ۔ مذ) بے آستین پیراہن ۔

اِلقا (ع ۔ مذ) دل میں کوئی بات ڈالنا الہام

اَلقاب (ع ۔ مذ ۔ ج) (واحد لقب) خطابت جسٹی کا شروع جس میں مکتوب علیہ کو مخاطب کرنے کے الفاظ استعمال کئے جاتے ہیں ۔ بلانے کے الفاظ

اَلقصہ (ع) حاصل مطلب ۔ مختصر یہ کہ خلاصہ

اَلقط کرنا (ع) قطع کرنا ۔ کاٹنا ۔ تعلقات توڑ دینا یا توڑ ڈالنا ۔

اَلقلی (ع ۔ مث) کھار ۔ کھاری ۔ مُرکب ۔

اَلکھ پُرش (ہ ۔ مذ) جو نظر نہ آئے ۔ خدا تعالیٰ ۔

اَلکحل (ع ۔ مث) شراب کا ست

اِلکٹرسٹی (ELECTRICITY) (انگ ۔ مث) برق ۔ بجلی

اَلکسانا (ہ ۔ مث) سستی کرنا

اَلکسی (ہ ۔ مث) سستی ۔ کاہلی

اَلکلی ALKALI (انگ ۔ مث (دیکھو "القلی")

اَلگ تھلگ (ہ ۔ ص) علیحدہ کے لئے

اَلگنی (ہ ۔ مث) کپڑے وغیرہ لٹکانے کی رسّی وغیرہ جو گھروں میں چھت سے باندھ رکھتے ہیں ۔

اَللّے تللّے {ہ (س اَل = سجانا) مذ} عیش و عشرت ۔ بے جا مصارف (کرنا ۔ ہونا)

اَلم (ع ۔ مذ) رنج ۔ درد ۔

اَلماس (ع) ہیرا ۔ ایک مشہور قیمتی جوہر

اَلمانیہ (ع ۔ مذ) جرمنی (GOERMANY)

اَلمانی (ع ۔ مذ) جرمن ۔ جرمنی کا ۔

اَلمدد (ع ۔ مث) مدد کر ۔ سہارا دے

اَلمضاعف (ع) دوگنا ۔ دوچند ۔

اَلم غلم (ہ) بے ٹھکانے ۔ جہل ۔ ردی ۔

عَلم نشرح کرنا (ا) مشہور کرنا ۔ بدنام کرنا ۔

اَلوان (ع ۔ مذ ۔ ج) (واحد لون) رنگ ۔ اقسام ۔ طرحیں ۔

اُلّو (ہ۔ مذ) بوم۔ منحوس جانور۔ بیوقوف
اَلواح (ع۔ مذ۔ ج) (واحد لوح)
اَلوپ (ہ۔ (س۔ الف زائد؛ لوپ بواوٴ مجہول = چھپنا) ص) پوشیدہ۔ مخفی۔
اَلوپ انجن (ہ۔ مذ) وہ سُرمہ جسے آنکھوں میں ڈالنے سے انسان نظروں سے غائب ہو جاتا ہے۔
اَلوداع (ع۔ مذ) رخصت۔ خداحافظ
اُلوہیت (ع۔ مذ) خداوندی۔ خدائی۔
اِلہام (ع۔ مذ) اِلقا۔ وہ بات جو خدا کی طرف سے دل میں دی جائے۔
اِلیاس (ع۔ مذ) ایک پیغمبر کا نام ہے۔
اُلیچنا (ہ) کسی جگہ سے پانی نکال کر پھینکنا۔
اِلیکٹرک (ELECTRIC) (انگ۔ ص) برقی۔ بجلی
اِلیکشن (ELEETION) (انگ۔ مذ) انتخاب۔ چننا۔ چناؤ۔
اِلیکٹڈ (ELECTED) (انگ۔ ص) وہ ممبر جو لوگوں کی طرف سے چُنا گیا۔ منتخب شدہ۔
اَلیم (ع۔ مذ) دُکھ دینے والا
اُلینڈنا (ہ) پانی گرانا۔ انڈیلنا (اب انڈیلنا ہی بولتے ہیں)

(ا۔م)

اُمّ (ع۔ مث) ماں۔ مادر
اُمّ الخبائث (ع۔ مث) بُرائیوں کی جڑ۔ یعنی شراب
اُمّ الامراض (ع۔ مث) بیماریوں کی جڑ زکام۔
اِمارت (ع۔ مث) امیری۔ سرداری۔ حکومت
اَمّارہ (ع؛ (امر = حکم دینا) ص) نفس انسانی کی وہ حالت جب وہ برائیوں کی طرف مائل ہو۔ سرکش۔ ظالم۔
اِمالہ (ع؛ (مائل کرنا) مذ) ہائے ہوز یا الف مقصورہ کو جو الفاظ کے آخر میں پڑیں۔ جمع کی حالت میں یا حرف ربط کے ماقبلے مجہول سے بدل دینا۔ جیسے بندہ سے بندے۔ گدھا سے گدھے۔

اِمام (ع - مذ) پیشوا۔ اپنے فن کا اُستادِ کامل' اپنے زمانہ کا سب سے بڑا عالم (جمع ائمّہ)

اِمام احمد حنبلؒ (ع - مذ) دیکھو ائمّہ اربعہ

اِمام اعظمؒ (ع - مذ) ״ ״

اِمام شافعیؒ (ع - مذ) ״ ״

اِمام مالکؒ (ع - مذ) ״ ״

اِمام ضامنؒ (ع - مذ) آپ بارہ اماموں میں سے آٹھویں امام ہیں۔ اسم مبارک حضرت علی رضا بن موسیٰ الکاظم ہے ۱۵۳ھ میں مدینہ منوّرہ میں پیدا ہوئے۔ خلیفہ مامون الرشید آپ کا ہمعصر تھا۔ خلیفہ نے آپ کو اپنا ولیعہد مقرر کیا اور اپنی بیٹی سے شادی کر دی۔ لیکن تخت پر بیٹھنے سے پہلے انتقال فرمایا۔ آپ آدمیوں ہی کی نہیں حیوانات کی بھی ضمانت کر لیا کرتے تھے۔ اس لئے امام ضامن مشہور ہوئے۔

اِمام بارَہ (ع - مذ) مجلس خانہ۔ تعزیہ گاہ

امام غزالی (ع - مذ) امام محمد کا نام ہے۔ جو بہت بڑے فاضل اور صوفی تھے۔ بہت سی کتابیں تصنیف کی ہیں۔ احیاء علوم الدین آپ ہی کی تصنیف ہے ۴۵۰ھ میں پیدا ہوئے۔ مذہبًا شافعی تھے ۵۰۵ھ میں وفات پائی اور قصبہ طہران میں مدفون ہوئے۔

اِمامت (ع - مث) پیشوائی۔ نماز پڑھانے امام کا عہدہ۔

اِمامیہ (ع - ص) فرقہ شیعہ۔

اَمّاں (ع دص - اماں ماں) مث ام ماں۔ والدہ۔ بڑی بوڑھی

اَمان (ع - مث) پناہ۔ حفاظت۔

اَماں (۱) ارے میاں کا مخفف

اَمانت (ع - مث) سپرد کی ہوئی چیز ایک مشہور شاعر کا تخلص جس نے "پدماوت" لکھی تھی۔

اَمانت دار (ف - مذ) امانت رکھنے والا ایماندار

اَمانی (ع - مث) ہ کام جو اپنی ذاتی نگرانی

میں بنایا جائے۔ اجارہ کی ضد

اماوس (ہ (س۔ اماؤشیا) مذ) مہینے کا آخری دن۔ وہ رات جس میں چاند بالکل نہیں نکلتا۔

امپیریل (IMPERIAL) (انگ ص) شاہی شہنشاہی سلطنت کے متعلق۔

امپیریل گورنمنٹ (IMPERIAL GOVT) (انگ۔ مث) شاہی حکومت۔ مراد حکومت برطانیہ۔

امپیریل کونسل (IMPERIAL COUNCIL) (انگ۔ مث) شاہی مجلس

امپیریل بنک (IMPERIAL BANK) (انگ۔ مذ) ہندوستان کا سب سے بڑا نیم سرکاری بنک۔ جس میں حکومت ہند کا حساب رہتا تھا۔ اب اس کی بجائے ریزرو بنک قائم ہوگیا ہے۔

امپیریل کانفرنس (IMPERIAL CONFERENCE) (انگ۔ مث) شاہی مجلس۔ مشاورت۔ انگلستان میں ہر دوسرے تیسرے سال نوآبادیات کی کانفرنس ہوا کرتی ہے۔ جس میں قلمروئے برطانیہ کے ضروری معاملات پر بحث ہوتی ہے۔ اسے امپیریل کانفرنس کہتے ہیں۔

اُمت (ع۔ مث) گروہ۔ قوم

اِمتثال (ع۔ مذ) امر یا حکم بجالانا

اِمتحان (ع۔ مذ) آزمائش۔ پڑتال

اِمتداد (ع۔ مذ) مدت۔ زمانہ کی درازی۔ بُعد۔ طول وعرض وارتفاع میں سے کوئی ایک۔

اِمتزاج (ع۔ مذ) ملانا۔ آمیز کرنا۔ آمیزش۔ وہ مرکب جس کے اجزاء کے ملنے سے مرکب میں کوئی کیمیاوی تبدیلی واقع نہ ہو۔

اِمتلاء (ع۔ مذ) قے کرنے کی حالت۔ پیٹ کا بھرنا۔

اِمتناع (ع۔ مذ) روک۔ رکاوٹ۔ ممانعت

اِمتنان (ع۔ مذ) احسان رکھنا۔

اُمّتی (ع) "میری اُمّت" قیامت کے روز حضرت رسولِ اکرمؐ مسلمانوں کے لئے یہ کہکر شفاعت فرمائیں گے۔

اُمّتی (ع۔ مذ) اُمّت سے تعلق رکھنے والا حضرت رسولِ اکرمؐ کی اُمّت میں سے مسلمان۔

اِمتیاز (ع۔ مذ) فرق۔ سمجھ۔ ترجیح۔

اَمِٹ (ہ۔ ص) نہ مٹنے والا۔ مضبوط۔ دائم۔ قائم۔

اَمثال (ع۔ مث، جمع (واحد مثل) کہاوتیں۔

اَمثلہ (ع۔ مث) جمع (واحد مثال) مثالیں۔

اَمجد (ع۔ مذ) بزرگ تر۔

اَمچور (ع۔ مذ) کچے آم کی سوکھی پھانکیں۔

اِمداد (ع۔ مث) مدد۔ حمایت۔

اِمدادِ باہمی (ف۔ مذ) آپس میں مدد دینا۔ ایک تحریک جس میں آپس میں سرمایہ جمع کر کے بنک قائم کئے جاتے ہیں۔ یا دکانیں کھولی جاتی ہیں۔

اِمدادی (ع۔ ص) وہ کام جس میں کوئی دوسرا شخص مدد دے۔

اَمر (ہ۔ ص) نہ مرنے والا۔ حیّ۔ خدا۔

امر (ع۔ مذ) حکم۔ فرمان (جمع اوامر) معاملہ۔ بات (جمع اُمور)

اَمرِ متنازعہ (ع۔ مذ) وہ بات جس میں جھگڑا ہو۔ جھگڑے کی بات۔

اَمرِ اضافی (ع۔ مذ) وہ معاملہ جو بذات خود نہ ہو کسی دوسرے سے تعلق سے ہو۔

اَمر بالمعروف (ع۔ مذ) اچھے کام کرنے کا حکم۔

اَمراض (ع۔ مذ۔ ج) (واحد مرض)

اَمرت {ہ (س الف نافیہ و مرنا) مذ} دیوتاؤں کے پینے کا پانی۔ مجازاً خوش ذائقہ چیز۔ آبِ حیات۔

اَمرد (ف۔ مذ) بے ریش چھوکرا۔

اِمروز {ف (اِم اسم اشارہ، روز = دن) مذ} آج کا دن۔ آج۔

اَمرونہی (ف۔ مذ) حکم اور ممانعت۔

اَمرت چکھنا (ہ۔ مذ) سکھ دھرم کی رسوم کے مطابق اس دھرم میں داخل ہو جانا۔

اَمریان (ہ۔ مذ) آموں کا باغ۔
اُمس (ہ (س اشم = گرمی) مث) وہ گرمی جو برسات میں ہَوا نہ چلنے سے پیدا ہوتی ہے۔
اِمساک (ع۔ مذ) کنجوسی رُکاوٹ
اِمسال (ف۔ مذ) اس سال۔
اِمشب (ف۔ مث) آج رات۔ اس رات۔
اَمصار (ع۔ مذ۔ ج) (واحد مصر)
اِمعان (ع۔ مذ) غور و خوض۔
اِمکان (ع۔ مذ) مجال۔ طاقت اختیار۔ ہو سکنا۔ ممکن ہونا۔
اِمکانات (ع۔ مذ۔ ج) (واحد امکان) وہ حالات جن پر کوئی چیز یا بات ہونی ممکن ہو۔
اَمل (ع۔ مث) اُمید
اِملا (ع۔ مذ) لکھنا۔ تحریر کرنا۔
اَملاک (ع۔ مذ۔ ج) (واحد مِلک)
اُمَم (ع۔ مث۔ ج) (واحد اُمّت)
اَمن (ع۔ مذ) چین آرام۔ صلح۔ حفاظت
اُمنگ (ہ۔ مذ) خواہش۔ تمنا۔ شوق۔
آرزو۔
اُمنڈنا (ہ) چڑھ آنا۔ ہجوم کرنا۔ کسی چیز کا کثرت سے نکلنا یا خارج ہونا۔
اَمواج (ع۔ مث۔ ج) (واحد موج)
اَموات (ع۔ مث۔ ج) (واحد موت) موتیں۔ وفاتیں۔
اَموال (ع۔ مذ۔ ج) (واحد مال)
اُمور (ع۔ مذ۔ ج) (واحد امر) معاملات) باتیں۔
اُمورِ عامہ (ع۔ مذ) عام معاملات ایسے امور جو کسی خاص قسم سے مخصوص نہ ہوں۔
اَمونیا (AMMONIA) (انگ۔ مذ) ایک مرکب جس میں سے بہت تیز لُو آیا کرتی ہے۔ یہ چُونے اور نوشادر کے ملانے سے بنتا ہے۔ اور بند نزلے کو کھولنے کے کام آتا ہے۔
اَمول (ہ۔ ص) بیش۔ بہا۔ قیمتی۔
اُمّہات (ع۔ مذ۔ ج) (واحد اُم) مائیں۔

اُمّہات المومنین (ع۔ مث) اُمت کی مائیں۔ یعنی حضرت رسول اکرمؐ کی ازواج مطہرات۔

اُمّی (ا۔ مث) اَمّاں۔ والدہ۔ ماں۔ (کلمۂ محبت) بیگمات۔ ساس کو امّی جان کہتی ہے۔

اُمّی (ع۔ ص) اَن پڑھ

اینٹھنا (ہ) مروڑنا۔ بل دینا۔ جیسے کان اینٹھنا۔

اُمّید (ف۔ مث) آس۔ توقع

اُمّید بر آنا (ا) امید پوری ہونا۔

اُمّیدوار (ف۔ مذ۔ مث) اُمید رکھنے والا۔ غیر مستقل۔ کسی امتحان میں شریک ہونے والا۔

امیر (ع۔ مذ) دولتمند۔ سردار۔ حاکم (جمع اُمرا)

اُمیر الامرا (ع۔ مذ) بہت بڑا رئیس۔ مغل بادشاہوں کے دربار میں ایک بلند عہدہ۔

امیر البحر (ع۔ مذ) بحری فوج کا افسر = ایڈمرل۔

اُمیر المومنین (ع۔ مذ) مسلمانوں کا سردار خلیفۂ اسلام یا مسلمان بادشاہوں کا لقب۔

اُمیر خُسرو (ع۔ مذ) دہلی کے مشہور شاعر اور صوفی کا نام ہے۔ جو طوطیٔ ہند کے لقب سے مشہور رہیں۔

اُمیری (ع۔ مث) دولتمندی۔ سرداری۔

اُمین (ع۔ مث) امانت دار

(ا۔ ن)

اَنّ (ہ۔ مذ) اناج۔ کھانا۔ غذا۔ ایک کلمۂ سابقہ جو دوسرے لفظ کے ساتھ مل کر معنی دیتا ہے۔ جیسے اَن بنا۔

اَن داتا (ہ۔ مذ) کھانا دینے والا۔ غذا پہنچانے والا۔ سخی۔ خداوند مجازی۔

اَنّا (ت۔ مث) دودھ پلانے والی۔

اَنابیب شعری (ع۔ مث) بال جیسی باریک نلیاں (نیز دیکھو کفش انابیب شعری)

اناپ شناپ (ہ (اناپ) الف نفی کا ہے اور ناپ ناپنے سے یعنی بے پیمانہ اور شناپ اس کا تابع مہمل ہے) ہے سوچے = اوٹ پٹانگ

اِناث (ع۔ مث۔ ج) عورتیں (واحد انثیٰ)

اَناجیل (ع۔ مث۔ ج) (واحد انجیل)

اَنادی (س۔ ص) اَزَلی۔ اَبدی

انارکزم (ANARCHISM) (انگ۔ مذ) بغاوت

انارکسٹ (ANARCHIST) انگ۔ مذ) وہ آدمی جو بادشاہ کا مخالف ہو اور خود مختاری کا خواہاں۔

اَناڑی (ہ (س اناری) ناتجربہ کار۔ ناواقف (کھلاڑی کی ضد)۔

اَنام (ع۔ مث) خلقت۔ موجودات۔

اَنانیت (ع۔ مث) خودی۔ غرور

انبار (ف۔ مذ) ڈھیر۔ تودہ

انبساط (ع۔ مث) خوشی۔ خُرّمی

اَن بَن (ہ۔ مث) ناموافقت۔ رنجش۔

اَنبوہ (فا۔ مذ) بھیڑ۔ ہجوم۔

انبیاء (فا۔ مذ۔ ج) (واحد نبی)

انت (ہ۔ مذ) انجام۔ آخر۔ انتہا۔

اِنتباہ (ع۔ مذ) خبرداری۔ علم۔ اطلاع۔

انتخاب (ع۔ مذ) چُننا۔

انتخابی حکومت (ا۔ مث) وہ حکومت جس میں وزراء عوام کے منتخب کردہ نمائندوں میں سے چُنے جائیں۔

اَنتڑی: پیٹ کی آنت

انتڑیوں کا قل ہو اللہ پڑھنا یا شروع کرنا } بہت بھوک لگنا۔

انتساب (مذ) نسبت ہونا۔ لگاؤ۔ تعلق۔

اِنتشار (ع۔ مذ) پریشانی۔ فکر۔ گھبراہٹ۔

اِنتشارِ حرارت (ع۔ مذ) گرمی کا پھیلنا۔ مادّے میں گرمی کی لہر کی حرکت۔

اِنتظار (ع۔ مذ) راہ دیکھنا۔ اُمید۔

اِنتظام (ع۔ مذ) بندوبست۔

اِنتفاع (ع۔ مذ) فائدہ پانا۔ آمدنی۔
اِنتقاد (ع۔ مذ) تبصرہ۔ نکتہ چینی کرنا۔ تبصرہ کرنا۔
اِنتقاش (ع۔ مذ) نقش قبول کرنا۔
اِنتقال (ع۔ مذ) تبادلہ۔ موت۔ مرگ۔ جائداد کا ایک کے نام سے دوسرے کے نام لکھنا۔
اِنتقالِ ذہنی (ع۔ مذ) ذہن کا ایک طرف سے ہٹکر دوسری طرف رسائی کرنا۔
اِنتقالِ مکانی (ع۔ مذ) ایک جگہ سے دوسری جگہ چلے جانا۔
اِنتقام (ع۔ مذ) بدلہ لینا۔ بدلہ۔
اَنت کال (ہ۔ مذ) جانکنی۔ نزع۔
ان تلوں میں (ہ) ان سے فائدہ کی تیل نہیں۔ امید نہیں۔ یہاں کام نہیں بنتا۔
اِنتہا (ع۔ مث) حد۔ انجام۔
اِنتہا پسند (ا۔ مذ) کسی ملک کی سیاسیات میں وہ جماعت جو حکومت کے خلاف شدید سے شدید پالیسی اختیار کرنے کی حامی ہو۔
انٹا (ہ۔ مذ) بڑی گولی۔ بیرڈ۔ (BILLIARDS)
انٹا غفیل (ہ۔ مذ) بدمست۔ گر پڑنا۔
انٹرسٹ (انگ۔ مذ) دلچسپی۔ شوق۔
انٹروڈکشن (INTRODUCTION) (انگ۔ مذ) تعارف۔ تمہید۔
انٹروڈیوس کرنا (INTRODUCE) (انگ۔ فعل) تعارف کرانا۔ کسی شخص کا مختصر سا حال بیان کرکے ملاقات کرانا۔
انٹرینس (ENTRANCE) (انگ۔ مذ) دروازہ۔ دسویں جماعت کا امتحان
انٹی (ہ۔ مث) گرہ۔ سوت کی لچھی
انجام (ہ۔ مذ) حد۔ انتہا۔ آخر۔
انجام بیں (ف۔ مذ) انجام۔ سوچ کر کام کرنے والا۔ دور اندیش
انجام بینی (ف۔ مذ) انجام سوچنا۔ نتیجے پر غور کرنا۔

اَنجام کار (ف - مذ) آخر کار

اَنجان (ہ - مص) نہ جاننے والا - ناواقف - اجنبی -

اِنجر پنجر (ہ - مذ) اعضاء - بازو - جوڑ -

اَنجم (ع - مذ - ج) (واحد نجم) ستارے

اِنجماد (ع - مذ) جماؤ - بستگی - جم جانا -

اَنجمن (اوستا ہنجمنہ (ہن = ہم = س سم) بمعنی باہم جمنا یا جمع ہونا - (مث) محفل - مجلس - کمیٹی -

اَنجمن اقوام (ف - مث) دیکھو "جمعیۃ الاقوام"

اَنجمنِ صلیب احمر (ف - مث) ایک رفاہی انجمن جو عیسائی ممالک میں کام کر رہی ہے - اب اس کی شاخیں ہندوستانی مدارس میں کھل رہی ہیں - ریڈ کراس سوسائٹی -
(RED CROSS SOCIETY)

اَنجمن ہلال احمر (ف - مث) ایک رفاہی انجمن جو انجمن صلیب احمر کے اصولوں پر اسلامی ممالک میں بالخصوص ٹرکی میں کام کرتی ہے -

اَنجن (ہ - مذ) سُرمہ -

اِنجن (ENGINE) (انگ مذ) بھاپ کی کل -

اِنجنیئر (ENGINEER) (انگ - مذ) تعمیرات کا کام جاننے والا - مہندس

اِنجیر (ف - مذ) ایک مشہور میوہ ہے -

اِنجیل (ع (لاطینی ANGELUS از یونانی (ANGELOS) پیغامبر کا معرب) مث) خوشخبری - وہ آسمانی کتاب جو حضرت عیسیٰ پر نازل ہوئی تھی (ج - اناجیل)

اِینچ (INCH) (انگ - مذ) فٹ کا بارھواں حصّہ

اَنچھر (ہ (س اکشر = لفظ) مذ) جادو کا منتر -

اِنحدار (ع - مذ) غذا کا معدے سے انتڑیوں میں جانا -

اِنحراف (ع - مذ) پھرنا - انکار کرنا - روگردانی -

اِنحصار (ع - مذ) موقوف ہونا - منحصر ہونا -

انحطاط (ع ۔ مذ) زوال ۔ گرنا ۔
انداختن (ف ۔ م) ڈالنا ۔ پھینکنا
اندارہ (ہ ۔ مذ) بہت چوڑا اور گہرا کنواں
انداز (ف ۔ مذ) طرز ۔ ڈھنگ ۔ طور طریقہ
اندازہ (ف ۔ مذ) جانچ ۔ مقدار
اندام (ع ۔ مذ) بدن ۔ جسم ۔
اندر (س ۔ مذ) پریوں کا راجہ
اندر (ہ) باہر کی ضد ۔ بیچ ۔ درمیان میں
اندراج (ع ۔ مذ) درج ہونا ۔
اندرائن (ع ۔ مذ) حنظل ۔ خربزہ تلخ ۔
ایک نہایت کڑوا پھل جو دیکھنے
میں بہت خوبصورت ہوتا ہے ۔
اندرون (ف ۔ مذ) اندر ۔
اندرونی (ف) اندر کا ۔ ضد بیرونی
اندرپرست (س ۔ مذ) دہلی کا پرانا
نام ہے ۔
اندری (ہ ۔ مث) ادراک ۔ عضو تناسل
اندک (ف ۔ ص) تھوڑا ۔ کم ۔ ذرا سا ۔
اندلس (ع ۔ مذ) یورپ میں ملک سپین
ہسپانیہ ۔
اندمال (ع ۔ مذ) زخم کا بھرنا ۔

اندوختہ (ف ۔ مذ) جمع جتھا ۔ جمع کیا
ہوا مال ۔
اندولن (س ۔ مث) تحریک ۔
اندوہ (ف ۔ مذ) فکر ۔ رنج و غم ۔
اندوہناک (ف ص) رنجیدہ ۔ غمگین ۔
اندوہناکی (ف ۔ مث) غمی ۔ غم ۔ رنج ۔
اندھادھند (ف ۔ مث) بے سوچے سمجھے ۔
اندھیاؤ (ہ ۔ مذ) آندھی ۔
اندھیر (ہ ۔ مذ) ظلم ۔ بے انصافی ۔ دغا ۔
اندھیر کھاتا (ہ ۔ مذ) بے انصافی ۔ بد
معاملگی ۔
اندھیر مچانا (ہ) ظلم کرنا ۔ ستم کرنا ۔
اندھیرے گھر کا اجالا (ہ) اکلوتا بیٹا ۔
اندھیرا (ہ ۔ مذ) اجالے کی ضد ۔ تاریکی
ظلمت ۔
اندھے کی لاٹھی (ہ) لڑکا ۔ بڑھاپے
کا سہارا ۔
اندیشہ (ف ۔ مذ) خوف ۔ کھٹکا ۔ ڈر ۔
اندیشہ ناک (ف ۔ ص) خوفناک ۔ پرخطر ۔
انڈسٹریل سکول (INDUSTRIAL SCHOOL)

(انگ۔ مذ) صنعتی مدرسہ۔ صنعت
و حرفت سکھانے کی درسگاہ۔
اُنڈیلنا (ہ) گرانا ایک برتن سے دوسرے
برتن میں ڈالنا۔
اِنڈیا (INDIA) (انگ۔ مذ)
ہندوستان۔ ہند۔
اِنڈین (انگ۔ مذ) ہندوستانی۔
اَنژالی (ہ۔ مذ) اُترنا جھڑنا۔
اَنس (ع۔ مذ) آدمی
اُنس (ع۔ مذ) محبت۔ مؤدت۔
اِنسان (ع۔ مذ) آدمی۔
اِنسان صورت } شکل آدمی والی
شیطان سیرت } کام شیطان
والے۔
اِنسانیت (ع۔ مث) آدمیت۔ دانائی
انسائیکلوپیڈیا (ENCYCLO
PEDIA) (انگ مذ) وہ
کتاب جس میں ابجد کی ترتیب
سے تمام علوم و فنون کے
متعلق مفصل معلومات بہم پہنچائی
گئی ہوں۔ یا کسی خاص علم کے
اسی ترتیب سے مختلف عنوانوں
کے ماتحت مکمل معلومات درج
ہوں۔ دائرۃ المعارف۔
اَنسب (ع۔ ص) بہت مناسب۔ ٹھیک۔
اِنسٹرکٹر (INSTRUECTOR)
(انگ۔ مذ) سکھانے والا۔
اِنسپکٹر (INSPPECTOR)
(انگ۔ مذ) افسر معائنہ۔
اِنسٹی ٹیوٹ (INSTITUTE)
اِدارہ۔ محکمہ۔ سررشتہ۔ درسگاہ۔
اِنسداد (ع۔ مذ) روک۔ انتظام۔
اِنشا (ع۔ مث) دلی بات۔ عبارت خط
اِنشاءاللہ (ع) اگر خدا نے چاہا۔
اِنشا پرواز (ف۔ مذ) مضمون نگار۔
اِنشراح (ع۔ مذ) کھلنا۔ واضح ہونا۔
اِنشورنس (INSURANCE)
(انگ۔ مذ) یقین۔ بیمہ کرانا۔
اَنصار (ع۔ مذ۔ ج (واحد ناصر)
مددگار۔ مدینہ شریف کے وہ مسلمان
جنہوں نے مہاجرین کی مدد
کی۔

اَنصاری (ع۔ مذ) قبیلہ انصار کا آدمی
حضرت ابوایوب انصاریؓ کی
نسل کا مرد
اِنصاف (ع۔ مذ) عدل۔ داد۔ عدالت
اِنصرام (ع۔ مذ) انتظام کرنا۔ بندوبست۔
اِنضباط (ع۔ مذ) ضبط میں رکھنا۔
قابو میں رکھنا۔ انتظام کرنا۔
اِنضباط اوقات (ع۔ مذ) ٹائم ٹیبل۔
اِنضمام (ع۔ مذ) پیوند ہونا۔
اِنطفا (ع۔ مذ) بجھ جانا۔
اِنطباع (ع۔ مذ) نقش ہونا۔ طبع ہونا
اِنطباق (ع۔ مذ) ایک دوسرے کے
اوپر ٹھیک بیٹھ جانا منطبق ہوجانا
ریاضی کی اصطلاح میں ایک
شکل ہندسی کا دوسری شکل پر
ٹھیک ٹھیک بیٹھ جانا۔ جو ان کے
برابر ہونے کا ثبوت ہے۔
انعام (ع۔ مذ) نعمت۔ عطیہ۔ بخشش
انعقاد (ع۔ مذ) منعقد ہونا۔ کسی جلسے
وغیرہ کا۔
اِنعکاس (ع۔ مذ) عکس پڑنا

اِنفارمیشن (انگ۔ مث) اطلاع۔ خبر۔
اِنفاس (ع۔ مذ۔ ج) (واحد نفس)
اِنفصال (ع۔ مذ) فیصلہ ہونا۔ معاملہ
یا مقدمہ۔
اِنفعال (ع۔ مذ) شرمندگی۔ ندامت۔
اثر ہونا۔ ردِ عمل۔
اِنفلوئنزا (INFLUENZA)
(انگ۔ مذ) ایک مشہور بیماری ہے
جو ۱۹۱۸ء میں وبا کی صورت میں
ہندوستان میں پھیلی۔ وبائی نزلہ۔
الف الغزہ۔
اِنقباض (ع۔ مذ) قبض بستگی۔ رکاوٹ۔
اِنقلاب (ع۔ مذ) تبدیلی۔ تغیر و تبدل۔
نظام حکومت میں تبدیلی۔
اِنقلاب پسند (ع۔ مذ) نظام حکومت میں
تبدیلی کی کوشش کرنے والا۔
اِنقیاد (ع۔ مذ) فرمانبرداری۔ تابعداری
اِنکار (ع۔ مذ) نہ کرنا۔ نہ ماننا۔ مخالفت۔
اِنکسار (ع۔ مذ) عاجزی۔ فروتنی۔
غرور نہ ہونا۔
اِنکشاف (ع۔ مذ) کھل جانا۔ واضح
ہوجانا

سازپر سے پردہ اُٹھ جانا۔

اِنکم ٹیکس (INCOME TAX)
(انگ۔ مذ) آمدنی کا محصول۔

اَنگارہ [ہ (س انگار) مذ] آگ کا ٹکڑا۔ چنگاری۔

انگاروں پر لوٹنا (ہ) سخت بیقرار ہونا۔

اَنگ بھبوت رمانا (ہ) جسم پر راکھ یا خاک ملنا۔ جوگی بننا۔ سنیاس دھار لینا۔ سنیاس میں جانا۔

اَنگبیں (ف۔ مذ) شہد۔ عسل۔

اَنگرکھا (ہ۔ مذ) مردوں کی ایک پوشاک جو کرتے کے اوپر پہنی جاتی ہے۔ مسلمانوں کے دائیں طرف اور ہندوؤں کے بائیں طرف پردہ ہوتا ہے۔

اَنگڑائی (ہ۔ مذ) جسم کا خود بخود اکڑنا۔ ایک طبعی حرکت۔

اَنگڑائی توڑنا (ہ) سستی دُور کرنا۔ انگڑائی لینا۔ بیکاری میں بسر کرنا۔

اَنگشت [ف (س انگشت۔ انگوٹھا) مث] اُنگلی۔

اَنگشت بدنداں (ف۔ص) حیران

اَنگشت نما (ف۔ص) رُسوائے خلائق بدنام۔ عیب دار۔ مشہور

اَنگشتانہ (ف۔ مذ) لوہے کی ٹوپی جو سیتے وقت انگلی پر چڑھا لیتے ہیں۔

اَنگشتری (ف۔ مث) انگوٹھی۔

اِنگلستان (INGLAND)
(انگ۔ مذ) انگریزوں کا ملک۔ ولایت۔ برطانیہ۔

اُنگلی دھرنا (ہ) عیب ظاہر کرنا۔

اُنگلی اُٹھانا (ہ) کسی کی طرف اشارہ کرنا

اُنگلی پر خون لگا کے شہیدوں میں ملنا۔ } کسی کام میں ذرا سا دخل دے کر مدعی بن بیٹھنا۔

اُنگلیاں چاٹنا (کسی لذیذ چیز کے کھانے کے بعد اس کے جو ذرات انگلیوں پر لگے رہ گئے ہوں انہیں چاٹنا (مجازاً) لذیذ شے کی یاد۔

اُنگلیوں پر نچانا (ا) ذلیل کرنا۔ خاطر میں نہ لانا۔

اِنگلینڈ (ENGLAND) (انگ۔ مذ) انگلستان۔ برطانیہ۔

اَن گنت (ہ) بے شمار۔

اَنگنائی (ہ۔ مث) صحن۔ گھر کے سامنے کھلی جگہ۔ چوک۔

انگور (ف۔ مذ) ایک مشہور میوہ۔

اَن مِل (ہ) بے جوڑ۔ بے میل۔

اَنمول (ہ) بے بہا۔ قیمتی۔ امول۔

اَنوار (ع۔ مذ۔ ج) (واحد انور۔) روشنیاں۔ چمک۔ اُجالا۔

اَنواع (ع۔ مث۔ ج) (واحد نوع)

انور (ع۔ ص) بہت نورانی۔ بہت روشن۔

انوری (ف۔ مذ) فارسی کے ایک مشہور شاعر کا تخلص جن کا نام اوحدالدین علی تھا۔ سنہ ۱۱۹ھ میں وفات پائی۔

اَنوپ۔ انوپان (ہ مث) وہ چیز جو دوا کے ساتھ اس غرض سے دی جاتی ہے کہ حلق سے اُتر جائے۔

اَنوٹھا (ہ۔ ص) جھوٹے کی ضد۔ وہ کھانے کی چیز جس میں سے کسی نے کھایا نہ ہو۔ انوکھا۔

اَنوکھا (ہ۔ ص۔ مذ) عجیب۔ نرالا۔ سب سے الگ۔

اَنہار (ع۔ مث۔ ج) (واحد نہر) نہرتک

اِنہدام (ع۔ مذ) گرنا۔ مسمار ہونا۔

اِنہماک (ع۔ مذ) بہت توجہ ہونا۔ مصروفیت۔

اَنی (ہ (سنانی) مث) نیزے کی نوک۔

اَنیس (ع۔ مذ) اُنس رکھنے والا۔ دوست۔ مشہور شاعر میر ببر علی لکھنوی کا تخلص۔

(ا ۔ و)

اَواخر (ع۔ مذ۔ ج) (واحد آخر) خاتمہ۔

اوامر (ع۔ مذ۔ ج) (واحد امر) احکام

اوائل (ع۔ مذ۔ ج) (واحد اوّل) ابتدا۔ شروع۔

اُوباش (ع۔ بوش کی خلاف قیاس ...
(جمع۔ مذ) بدچلن۔ آوارہ۔ عیاش۔

اوجھل (ہ (س۔ اکوچھر = نظر نہ آنے والا)
اسم۔ مث (۱) آڑ۔ پردہ۔ اوٹ
جو چیز کسی کو نظر سے چھپائے۔
(۲) (ص) پوشیدہ۔ اوٹ میں (کرنا۔
ہونا)

اُونچی (ہ۔ مذ) ہتھیاروں سے سجا ہوا۔
ہتھیار بند۔

اُوپر والا (ہ (اوپر س اُپَرِ) مذ) چاند۔
خدا تعالیٰ۔

اُوپر والیاں (ہ۔ مث) پریاں۔ چیلیں۔
خدمت گارنیں۔

اُوت (ہ۔ مذ) بے اولاد۔ احمق۔

اُوَت (ہ۔ مث) فائدہ۔ بچت۔

اُوتار (ہ۔ مذ) نیک۔ مرشد۔ خدا
کا رُوپ۔

اوٹ (ہ۔ مث) آڑ۔ پردہ۔ گھاٹ۔

اوٹنا (ہ) چرخی کے ذریعے سے رُوئی
سے بنولے الگ کرنا۔
بیلنا۔

اَوج (ع۔ مذ) بلندی۔ مرتبہ۔ عزت۔

اوچھا (ہ۔ ص) کمینہ۔ تنگ ظرف۔ ہلکا۔
نمود۔ بیہودہ (۲) ادھورا۔
کم گہرا (زخم)

اُودبلاؤ (ہ (س اُود = پانی والا بڑال =
بلاؤ) مذ) بلی کے مشابہ ایک
جانور جو ہمیشہ دریا کے کنارے
رہتا ہے۔

اُودھم (ہ۔ مذ) شوروغل۔

اُور (ہ۔ مذ۔ مث) (۱) اصل۔ شروع۔
سرا۔ حصہ۔ طرف۔ پہلو۔ حد۔ ختم

اَور (ہ) حرف عطف۔ دیگر۔ پھر۔ دوسرا۔
صرف۔ جدید۔

اور کرنا۔ حمایت یا طرفداری کرنا۔

اَوراد (ع۔ مذ) (جمع ورد کی) وظائف۔

اَوراق (ع۔ مذ) (ورق کی جمع) پرت۔
پتے۔

اَورنگ (ف۔ مذ) تخت شاہی۔

اَورنٹیل (ORIENTAL)
(انگ۔ ص) مشرقی۔

اوڑھنا (ہ (س اَوَرنا = ڈھانکنا)

متعدی) بدن پر کپڑا ڈالنا۔
(مذ) اوڑھنے کی چیز۔ جیسے چادر۔
دُلائی۔ لحاف وغیرہ بچھونے کے
ساتھ آتا ہے۔ تنہا نہیں آتا۔
اَوزار (ع (واحد وزر) مذ) ہتھیار۔
اَوزان (ع۔ مذ۔ ج) (واحد وزن)
باٹ۔ پیمانے۔
اوزون (OZONE)
(انگ۔ مث) ایک قسم کی آکسیجن
گیس جس کی بُو بہت تیز ہوتی ہے۔
اوڑھنی (ہ (س اورنا = ڈھانکنا) مث)
چھوٹا دوپٹا۔ جسے لڑکیاں اوڑھتی
ہیں۔
اَوس (ہ (س اوشیائی) مث) شبنم۔
(پڑنا۔ گرنا)
اَوسان (ہ۔ مذ) ہوش وحواس۔ حوصلہ
آنا۔ اُڑانا۔ اڑنا۔ جانا۔ خطا ہونا
کھو جانا۔ کھو دینا۔ لے
جانا۔ میں آنا۔ درست رہنا
نہ رہنا۔
اوسان خطا ہونا (ہ) گھبرا جانا۔
حواس کا بجا نہ رہنا۔ ہوش جاتے رہنا
اَوستھا (ہ۔ مث) حالت۔ کیفیت۔
اُوسَر (ہ۔ ص) بنجر۔
اَوسَر (ہ۔ ص) جوان گائے بھینس۔
اوسَر (ہ۔ مذ) موقع۔ ٹھیک وقت۔
یا موسم (۲) فراغت۔ چھٹی۔
اَوسط (ع۔ مث) درمیانی۔ برابر
کی بانٹ۔
اَوصاف (ع۔ مذ۔ ج) (واحد صفت)
اَوضاع (ع۔ مذ۔ ج) (و ضع) طور
طریقے۔
اُطاق (ف۔ مذ) اطاق۔ کمرہ۔
اَوقات (ع۔ مذ۔ ج) (واحد وقت)
وقت۔
اوقاف (ع۔ مذ۔ ج) (واحد وقف)
علیٰحدہ کی ہوئی چیزیں۔ جیسے مسجد
وغیرہ جس کا کوئی مالک نہ ہو۔
اَوقیہ (ع۔ مذ) دو تولے سات ماشے
کا وزن۔
اوک (ہ۔ مذ) چلّو۔
ادکھلی (ہ (س اُلوکھل) مث)

لکڑی یا پتھر کی کونڈی ۔

اوکھلی میں سر دیا تو موسلوں سے کیا ڈر } جب خطرناک کام شروع کر دیا تو تکلیف کا کیا ڈر ہے۔

اوکھلی میں سر دینا (ہ) جان بوجھکر خطرے میں پڑنا ۔

اوّل (ع۔ص) پہلا ۔

اوّلُ الذِکر۔ پہلا۔ جس کا پہلے ذکر ہوا ہو۔

اولا (ہ۔مذ) ژالہ۔ پڑنا فعل کے ساتھ عموماً جمع آتا ہے)۔

اَولاد (ع۔مث۔ج) (واحد وَلَد) بیٹے۔بیٹیاں ۔

اولتی (ہ۔مث) چھپر کا نچلا کنارہ۔ جہاں سے بارش کا پانی نیچے گرتا ہے ۔

اُول جَلُول (ہ۔ص) بدسلیقہ بے ڈھنگا۔مہمل ۔

اَول فول بکنا۔ بیہودہ اور لاطائل باتیں کرنا۔فحش بکنا۔

اولِوش۔ دیکھو اُنش ۔

اولو (ع۔حرف) والا۔صاحب ۔

اُولُوالعزم (ع۔اسم۔مذ) پختہ ارادے والا۔بڑے حوصلے والا بلند ہمت ۔

اُولُوالعزمی (ع۔ مث) بلند حوصلگی۔بلند ہمتی۔ ارادے کی پختگی ۔

اَولیٰ (ع۔ص) سب سے اوّل بہت بہتر

اَولیاء (ع۔مذ۔ج) (واحد ولی) بزرگ۔نیک لوگ (عوام بطور واحد کے استعمال کرتے ہیں۔ مگر فصحا جمع ہی بولتے ہیں)۔

اَوَّلین (ع۔ص) سب سے پہلا۔گذشتہ۔

اوم (س۔مذ) سنسکرت زبان میں خدا تعالیٰ کا نام ۔

اونجھی (ہ۔مث) (واو مجہول کیساتھ) وہ خس پوش گڑھا جو جنگلی ہاتھی اور اس قسم کے جانوروں کو پکڑنے کے لئے ان کے راہ میں کھودتے ہیں ۔

اونچا بول (ہ (اونچا۔س۔اُچ۔بلند۔مذ) فخر۔غرور کی بات ۔

اُونچا سُننا (ہ) کم سُنائی دینا ٭
اُونچی دکان پھیکا پکوان (کہاوت) شہرت کے خلاف۔ مشہور دکان مگر مال سارا خراب ٭
اُونچی ناک والا (ہ۔مث) مغرور شیخی خورا۔ بے غیرت ٭
اُونگھ (ہ۔مث) نیند کی مستی۔ نیند آنا
اُونگھتے کو ٹھیلتے کا بہانا (کہاوت) معمولی سی بات کا بہانا مِل جانا ٭
اونے پَونے قیمت کی کمی بیشی کا لحاظ کئے بغیر (بیچ ڈالنا۔ دے ڈالنا۔ لگا دینا) ٭
اَوہام (ہ۔مذ۔ج) (واحد وہم) افکار۔ خیالاتِ خام ٭
اَویر سَویر (اَویر۔ دیر، سویر = جلدی) کبھی دیر سے کبھی جلدی آگے پیچھے ٭

(ا - ہ)

اَہالی مَوالی (ع) (اہالی۔ اہل کی جمع = کام والے لوگ؛ موالی۔ مولیٰ کی جمع = یاراں) مذ یار دوست۔ نوکر چاکر۔ لاؤ لشکر ٭
اِہانت (ع۔مث) ہتک۔ بے عزتی
اِہتِدا (ع۔مذ) ہدایت پانا۔ رستہ پانا۔ راہ پانا ٭
اِہتِزاز (ع۔مذ) (۱) خوشی (۲) حرکت۔ جنبش ٭
اِہتِمام (ع۔مذ) بند و بست انتظام ٭
اَہرامِ مِصر (ع۔مذ۔ج) (واحد ہرم بمعنے بوڑھا۔ کہنہ) مصر کے بڑے بڑے قدیم مینار جو دنیا کے سات عجائبات میں شمار ہوتے ہیں ٭
اَہرَن (ہ۔مث) لوہا چاندی وغیرہ رکھ کر کوٹنے کا اوزار۔ سندان ٭
اَہل (ع۔مذ) سزاوار۔ لائق۔ صاحب۔ مالک
اَہلُ اللہ (ع۔مذ) اللہ والے۔ نیک لوگ ٭

اَہلِ بَصیرت (ع ۔ مذ) آنکھوں والے ۔ دانا
اَہلِ بینش (ف ۔ مذ) عقلمند لوگ +
اَہلِ حِرفہ (ف ۔ مذ) دستکار ۔ پیشہ ور +
اَہلِ حَضَر (ف ۔ مذ) شہروں میں رہنے والے ۔ شہری زندگی بسر کرنے والے ۔ متمدن ۔ مہذب ۔ شائستہ +
اَہلِ دِل (ف ۔ مذ) دل والے ۔ صاف دل ۔ دردمند +
اَہلِ بَیت (ع ۔ مذ) گھر کے لوگ رسولِ کریمؐ کے خاندان کے لوگ +
اَہلِ دَوَل (ف ۔ مذ) مالدار لوگ ۔ دولت مند +
اَہلُ الرّائے (ع ۔ مذ) عقلمند ۔ مدبّر
اَہلِ زُبان (ف ۔ مذ) زبان جاننے والا ۔ اُستاد +
اَہلِ سُخَن (ف ۔ مذ) شاعر +
اَہلِ سُنّت (ع ۔ مذ) سُنّی جو چاروں اماموں میں سے کسی ایک کی پیروی کرتے ہیں +
اَہلِ سَیف (ع ۔ مذ) تلوار والے جنگجو
اَہلِ قَلَم (ف ۔ مذ) لکھنے والے ۔ منشی دفتری لوگ +
اَہلِ کِتاب (ع ۔ مذ) اُن پیغمبروں کے پیرو، جن پر کوئی کتاب اُتری ۔ عیسائی، یہودی وغیرہ +
اَہلِ کار (ف ۔ مذ) کام والے منشی ۔ متصدّی +
اَہلِ کمیشن (ا ۔ مذ) تحقیقاتی کمیٹی کے ممبر +
اَہلِ مَغرِب (ع ۔ مذ) مغرب کے باشندے ۔ یورپ اور امریکہ کی عیسائی قومیں +
اَہلِ نَظَر (ف ۔ ع ۔ مذ) جانچنے والے نقّاد +
اَہل و عَیَال (ع ۔ مذ) بال بچّے +
اہلِ ہنر (ف ۔ مذ) کوئی کام جاننے والا ۔ ماہرِ فن +
اَہلے گہلے پھرنا ۔ خوش فعلیاں کرتے پھرنا ۔ اتراتے پھرنا (عورت کے لئے اہلی گہلی کہتے ہیں) +
اَہلیّت (ع ۔ مث) قابلیت ۔ آدمیّت

اَہلیہ (ع۔ مث) بیوی۔ عورت۔ زوجہ
اَہَم (ع۔ ص) ضروری +
اَہمیت (ع۔ مث) ضروری ہونا +
اَہیر (س ابھیر) مذ، گوالا۔ گھوسی
(اَہیرن۔ اہیرنی مؤنث) +
اَئمہ (ع۔ مذ۔ ج) (واحد امام) +
اَئمہ اَربعہ (ع۔ مذ۔ ج)
چاروں امام۔ فرقہ اہلِ سُنّت
والجماعت کے چار امام ہیں۔
(۱) حضرت امام احمد حنبل رح
(۲) حضرت امام اعظم رح
(۳) حضرت امام شافعی رح
(۴) حضرت امام مالک رح
۱۔ حضرت امام حنبل رح۔ اصل نام احمد
بن محمد کنیت ابو عبداللہ ۱۶۴ھ
میں بغداد میں پیدا ہوئے۔
امام شافعیؒ کے شاگردوں میں
سے تھے۔ اور امام بخاری رح
اور امام مسلم رح کے اُستاد تھے۔
۷۷ سال کی عمر میں ۲۴۱ھ
میں وفات پائی۔ آپ کا مزار
مقدس بغداد میں ہے۔ آپ کے
پیرو حنبلی کہلاتے ہیں +
۲۔ حضرت امام اعظم رح۔ اسم مبارک نعمان
کنیت ابو حنیفہ۔ لقب "امام اعظم"
اہلِ سنّت والجماعت آپ کو اوّل
درجہ کے فقیہہ اور محقق شریعت
مانتے ہیں۔ ۸۰ھ میں پیدا ہوئے
۱۵۰ھ میں انتقال فرمایا۔ آپ
کے پیرو حنفی کہلاتے ہیں۔
۳۔ حضرت امام شافعیؒ۔ اسم مبارک
محمد بن ادریس۔ کنیت ابو عبداللہ
لقب ناصر الحدیث۔ اپنے جدِ امجد
شافع بن سائب کی نسبت سے
شافعی مشہور ہو گئے۔ ۱۵۰ھ
میں پیدا ہوئے اور ۲۰۴ھ میں
وفات پائی۔ آپ کے پیرو
شافعی کہلاتے ہیں۔
۴۔ حضرت امام مالکؒ۔ آپ ۹۵ھ
میں پیدا ہوئے۔ ۱۷۹ھ میں
مدینہ طیبہ میں فوت ہوئے وہیں
ساری عمر درس حدیث

شریف دیتے رہے۔ امام شافعیؒ آپ کے شاگرد ہیں۔ آپ کا حافظہ نہایت قوی تھا۔ مؤطا نامی کتاب آپ کی مشہور تصنیف ہے

(ا - ی)

اَے۔ کلمۂ ندا۔ عورتیں اکثر اپنے جملوں میں زائد لاتی ہیں۔ جیسے اے سنو تو! ٭

آیاز (ف۔ مذ) سلطان محمود غزنوی کے غلام کا نام ہے ٭

اَیال (ا۔ مذ) گھوڑے کی گردن کے بڑے بڑے بال ٭

اَیّام (ع۔ مذ۔ ج۔ (واحد یوم) ٭

ایٹ ہوم (At-home) (انگ۔ مذ) کسی کے اعزاز میں ضیافت ٭

ایثار (ع۔ مذ) قربانی۔ غیر کے نفع کو اپنے نفع پر ترجیح دینا ٭

ایجاب و قبول (ع۔ مذ) قول و قرار۔ نکاح۔

ایجاد (ع۔ مث) نئی بات پیدا کرنا ٭

ایجنٹ (Agent) (انگ۔ مذ) گماشتہ۔ دلّال۔ قائم مقام۔ کسی ریاست میں سرکار انگریزی کا نمائندہ ٭

ایجوکیشن (Education) (انگ۔ مث) تعلیم و تربیت ٭

ایجیٹیشن (Agitation) (انگ۔ مث) جوش۔ شورش۔

ایچ پیچ (ایچ تابع مہمل ہے اور اپنے متبوع پر مقدّم ہے) چکّر۔ ایر پھیر۔ مکر و فریب ٭

ایڈریس (Address) (انگ۔ مذ) پتہ۔ سپاسنامہ ٭

ایڈمشن (Admission) (انگ۔ مذ) اجازت۔ داخلہ ٭

ایڈیٹر (Editor) (انگ۔ مذ) اخبار نویس ٭

ایڈیٹوریل (Editorial) (انگ۔ مذ) ایڈیٹر کا اپنا لکھا ہوا مضمون۔ افتتاحیہ ٭

ایڈورٹزمنٹ (Advert isment)
(انگ۔مذ) اشتہار۔اعلان۔

ایڈووکیٹ (Advocate)
(انگ۔مذ) وکیل۔مشیر قانونی۔

ایڈیسن (۱۸۴۷-۱۹۳۲ء) ٹامس (Edison) ایلوا
(انگ۔مذ) امریکہ کے ایک بہت بڑے موجد کا نام ہے۔جس نے ایک ہزار کے قریب ایجادیں کیں۔ان میں برقی روشنی کا قمقمہ اور گراموفون بھی ہیں۔

ایڈیشن (Edition)
(انگ۔مذ) طبع۔کل جلدیں جو ایک بار چھپتی ہیں۔

ایڈیشنل (Additional)
(انگ۔مذ) زائد۔فالتو۔مزید۔

ایڈیکانگ (Addecang)
(انگ۔مذ) رفیق۔محافظ۔

ایذا (ع۔مث) دکھ۔تکلیف۔اٹھانا یا ایذا پہنچانا۔پہنچنا۔جھیلنا۔دینا سہنا۔کھینچنا۔گزرنا۔

ایئرپمپ (AirPump)
(انگ۔مذ) ایک آلہ جس کے ذریعے سے کسی منہ بند چیز میں سے ہوا خارج کی جاتی ہے۔

ایران (ف۔مذ) فارس کے ملک کا نام ہے۔

ایروپلین (Aeroplane)
(انگ۔مذ) ہوائی جہاز۔طیارہ۔

ایرے غیرے (ہ) بے تعلق۔غیر لوگ۔

ایسٹ انڈیا کمپنی (East India Company)
(انگ۔مث) انگلستان کے تاجروں کی کمپنی یا جماعت جس نے پہلے پہل ۱۶۰۰ء میں ہند میں تجارت شروع کی۔

ایسڈ (Acid) (انگ۔مذ) تیزاب۔حموضت۔

ایسٹر (Edster)
(انگ۔مذ) عیسائیوں کا تیوہار ہے

ایسوسی ایشن (Association) (انگ - مث) جماعت - گروہ - مجلس ۔

ایشور (س - مذ) خدا - پرمیشور ۔

ایشیا (Asia) (انگ - مذ) مشہور براعظم کا نام ہے جس میں ملک ہندوستان بھی شامل ہے ۔

اِیصال - (ع - مذ) پہنچانا ۔

اِیصالِ حرارت - (ف - مذ) گرمی کسی سیال میں پھیلنا۔ اس طرح کہ سیال کے اجزا مقامِ حرارت پر پہنچکر گرم ہوں ۔

ایضاً { ع (آض ایضا ویسا ہی کرنا - یہ لفظ ہمیشہ منصوب ہوکر استعمال ہوتا ہے یا تو یہ مفعول مطلق ہے یا حال) } بشرح صدر - جب کوئی رقم یا لفظ تلے اوپر بار بار لکھنے کی حاجت ہوتی ہے تو ایضاً لکھ دیا کرتے ہیں اس سے مطلب یہ ہوتا ہے کہ جو اوپر لکھا ہے وہی یہ بھی ہے ۔

ایفاء (ع - مذ) پورا کرنا - ادا کرنا ۔

ایکا (ہ - مذ) اتفاق - یکدلی (کرنا ہونا)

ایکا ایکی (ہ) اچانک - ناگاہ ۔

ایک آنکھ نہ بھانا (ہ) پسند نہ آنا - بالکل نہ بھانا ۔

ایک بارگی - (ہ) یک لخت ایک ہی دفعہ ۔

ایک پنتھ دو کاج (ہ) ایک تدبیر سے دو کام ہو جانا ۔

ایک کی داڑو دو (ہ) ایک پر دو غالب آسکتے ہیں ۔

ایکٹ (Act) (۱) نقل - سوانگ - ۲ - ضابطہ قانون ۔

ایکٹر (Actor) (انگ - مذ) نقل کرنے والا - تماشا کرنیوالا تماشا گر - اداکار ۔

ایکٹریس (Actress) (انگ مث) تماشا کرنیوالی عورت - اداکارہ ۔

ایک جان دو قالب } (۱-مذ) ولی دوست کمال اتحاد۔ ہمراز
ایک دل ہزار داغ } (د) ایک جان کے ساتھ ہزاروں غم ہیں ۔
ایک تو کریلا دوسرے نیم چڑھا } (ل) کہاوت ایسے آدمی کے واسطے بولتے ہیں، جو ایک تو پہلے ہی چڑچڑے مزاج کا ہو پھر اس کو چڑایا جائے تو اور زیادہ غصے میں آجائے ۔
ایک گھاٹ اتارنا (ہ) سب سے ایک سا سلوک کرنا ۔
ایک لاٹھی ہانکنا (ہ) چھوٹے بڑے کی تمیز نہ کرنا ۔

ایک مچھلی سارے جل کو گندہ کردیتی ہے } ایک نالائق سارے متعلقین کو بدنام کرتا ہے ۔
ایک نہ سُننا - کوئی بات نہ ماننا ۔
ایلچی {ف (ت ایلچی = پیغامبر) مذ} پیغامبر۔ قاصد۔ نامہ بر ۔
ایلومینیم (Allumininum)
(انگ۔مث) بہت ہلکی سفید سی دھات۔ جس کے کھانے پکانے کے برتن بنتے ہیں ۔
اَیلے گیلے پھرنا۔ چاروں طرف بلا تکلف پھرنا۔ ٹولیاں بنا کر اِدھر اُدھر پھرنا ۔
اِیما (ع۔مذ) اشارہ۔ اشارہ کرنا۔ دل میں خیال پیدا کرنا۔ منشا ۔
اِیمان (ع۔مذ) یقین۔ دھرم ۔
اِیماندار (ع۔ص) قابل اعتبار ۔
اِیمان بیچنا (ہ) دھرم کے خلاف کرنا۔
اَیمَن (ع۔ص) بے خوف۔ محفوظ ۔
اِینٹ (ہ۔مث) مٹی کی ایک مستطیل یا مکعب چیز جسے پزاوے یا بھٹے میں پکاتے ہیں ۔
اِینٹ سے اِینٹ بجانا } (ہ) تباہ کرنا۔ گرانا۔ برباد کرنا ۔
اَینٹھنا (ہ) اکڑنا
اِینچا تانی (ہ۔مث) کشمکش۔ بکھیڑا
اینڈ اینڈ سونا - کروٹیں بدل بدل کر اور اکڑ اکڑ کر سونا ۔

اَینڈنا (ہ) غرور کرنا۔ اکڑنا۔
اینگلو (Anglo) (انگ) بہت سے لفظوں کے ساتھ بطور لاحقہ آتا ہے۔ اور اس کے معنی ہوتے ہیں انگریزوں یا انگریزی کا۔ جیسے اینگلو ورنیکلر سکول۔ وہ مدرسہ جس میں انگریزی اور دیسی زبانوں کی تعلیم ہوتی ہے۔
اینگلو پرشین معاہدہ۔ انگلستان اور ایران کا معاہدہ۔
اینگلو سیکسن (Anglo saxson) (انگ۔ص) ایک قدیم قوم جو انگلستان میں چھٹی صدی عیسوی میں جرمنی کے شمالی علاقہ سے آکر آباد ہوئی۔
ایوان (ف۔مذ) محل۔ قصر۔ پارلیمنٹ کے اجلاس کا کمرہ۔

اَیوانِ عام (ع۔مذ) دارالعوام۔ پارلیمنٹ کا وہ حصہ جس میں عوام کے نمائندے شامل ہوتے ہیں۔
اَیوانِ خاص (ع۔مذ) دارالاُمراء، پارلیمنٹ کا وہ حصہ جس میں اُمرا شامل ہوتے ہیں۔
اَیوانِ تجارت (ف۔مذ) سوداگروں کی جماعت۔
اَیُّوب (ع۔مذ) ایک پیغمبر علیہ السلام کا نام ہے۔ جو سخت مصیبت میں بھی صابر رہے۔
اِیہام (ع۔مذ) شک میں ڈالنا۔ وہم میں ڈالنا۔ شعر میں ایسا لفظ لانا جس کے دو معنے ہوں۔ ایک معنی اس مقام کے قریب ہوں اور دوسرے بعید۔ لیکن بعید مراد لینا۔

الفِ ممدودہ

آ - آنا - مصدر سے صیغۂ امر۔
آب [ف (ص آبہ) مذ] پانی - جل۔
آب (مث) چمک
رونق - تازگی - دھار ۔
آبِ باراں (ف - مذ) بارش کا
پانی - مینہ کا پانی ۔
آبِ بستہ (ف - مذ) بند پانی -
پانی جو جاری نہ ہو ۔
آبِ ندامت (ف - مذ) شرم کا
پانی - حیا - شرم ۔
آبِ شیریں (ف - مذ) میٹھا
پانی - وہ پانی جس میں کھارے
مرکبات گھلے ہوئے نہ ہوں۔
یہ پانی ہلکا ہوتا ہے -
آبِ شور (ف - مذ) کھاری
پانی - وہ پانی جس میں کھارے
مرکبات گھلے ہوئے ہوں - یہ
پانی بھاری ہوتا ہے -
آباد (ف - ص) بسا ہوا - سرسبز
خوش ۔
آبادی (ف - مث) بستی - سرسبزی ۔
آباء (ع - مذ - ج) (واحد اَب یا اَبُو)
آباؤ اجداد (ع - مذ) جمع اَب و جَد باپ دادا
آبائی (ف - ص) پدری - خاندانی ۔
آب پاشی (ف - مث) کھیتی کو پانی
دینا - چھڑکاؤ ۔
آب پیما (ف - مذ) وہ پیمانہ جس سے
پانی ناپتے ہیں - اس پر مکعب
انچوں یا مکعب سینٹی میٹروں کے
نشان لگے ہوتے ہیں (وجہ ادرلنڈ)۔
آبِ جُو (ف - مذ) نہر کا پانی - چشمہ۔
آب جوش (ف - مذ) یخنی کا پانی -
شوربہ - سوڈا واٹر ۔
آبِ چشم (ف - مذ) آنسو - آنکھ کا پانی ۔

آبِ حرام (ف - مذ) شراب ◆
آبِ حنظل (ف - مذ) اندرائن کا پانی - سخت کڑوا پانی ◆
آبِ حیات (ف - مذ) زندگی کا پانی جس کے پینے سے موت نہیں آتی - امرت ◆
آبخورہ (ف - مذ) پانی پینے کا پیالہ ◆
آبدار (ف) چمکیلا - روشن - رُوپہلا -
آب در غربال (ف - تابع فعل) چھلنی کا پانی ◆
آب دوز یا آبدوز کشتی (ف - مث) ایک قسم کی کشتی جو سمندر میں غوطہ لگا کر اور دشمن کے جہاز کے نیچے پہنچ کر تارپیڈو چھوڑتی ہے
آبِ دیدہ (ف - مذ) آنسو ◆
آبدیدہ - آنکھوں میں آنسو بھرے ہوئے (کرنا - ہونا)
آبرو (ف - مث) عزت - ناموری نیکنامی
آبرو جانا (۱) بے عزت ہونا - آبرو نہ رہنا ◆
آبرو خاک میں ملانا } بے عزت کرنا - ذلیل کرنا -
آبرو پر حرف آنا - آبرو برباد ہونا - بے عزتی ہو جانا -
آبِ زلال (ف - مذ) صاف اور میٹھا پانی ◆
آبستگی (ف - مث) حمل رہنا - پیٹ رہنا -
آبشار (ف - مذ) وہ جگہ جہاں پانی اونچائی سے نیچے گرے - جھرنا -
آبِ شیریں (ف - مذ) میٹھا پانی ◆
آبکاری (ف - مث) شراب کی دکان شراب کا محصول ◆
آبگینہ (ف - مذ) کانچ شیشہ الماس
آبلہ { ف = پانی ! کلمہ تصغیر) مذ } پھپھولہ (پکنا، پڑنا، پھوٹنا - پھوٹ بہنا، پھوڑنا، پیدا ہونا ٹپکنا، توڑنا، ٹوٹنا، چھلنا، مرجھانا) ◆
آبنائے (ف - مث) پانی کا وہ تنگ قطعہ جو پانی کے دو بڑے قطعوں کو ملائے ◆
آبنوس { ع (یونانی Ebenos) مذ } سیاہ لکڑی کا درخت ◆

آبنوس کا کُندہ - آبنوس کا موٹا لکڑا (مجازاً) بہت موٹا اور کالا آدمی ۔

آبِ نقرہ (ف - مذ) پارہ - سیماب ۔

آبِ نَے {ف (اضافتِ مقلوب) مث} نیچے کا وہ حصہ جس کے اوپر کے سرے پر چلم رہتی ہے اور دوسرا سِرا پانی میں ڈوبا رہتا ہے - وہ نالی جس پر چلم رہتی ہے

آب و تاب (ف - مث) چمک دمک

آب و دانہ (ف - مذ) کھانا - پینا - رزق -

آب و دانہ اُٹھ جانا {(ا) دانہ پانی ختم ہونا سفر کرنا - مرجانا ۔

آب و گِل (ف) پانی اور مٹی - خمیر سرشت ۔

آب و ہوا (ف - مث) پانی اور ہوا - کسی ملک یا علاقے کی عام موسمی حالت ۔

آبی (ف - ص) پانی کا - پانی میں پایا جانے والا - پانی کے رنگ کا - ہلکا نیلا رنگ ۔

آبی اُفق نما (ا - مذ) وہ آلہ جس سے سطح کی ہمواری یا ناہمواری معلوم کی جاتی ہے - واٹر لیول ۔

آبیانہ (ا - مذ) زمین کو پانی دینے کی اُجرت - پانی کا لگان ۔

آبیاری (ف - مث) پانی سے سینچنا آبپاشی - درختوں اور کھیتوں کو پانی دینا ۔

آ - پ

آپ (ہ) مخاطب کے لئے تعظیماً بولتے ہیں - خود ۔

آپ آپ کرنا یا کہنا {(ہ) خوشامد کرنا ۔

آپ آئے بھاگ آئے {(ہ) آپ کا آنا مبارک ۔

آپ اپنے حق میں کانٹے بونا {(ہ) اپنے لئے آپ مصیبت لینا ۔

آپا (ہ - مث) بڑی بہن ۔

آپس (ہ) ذاتی باہم رشتہ داری ۔

آپ سے آپ - (ہ) خود بخود - از خود ۔

آپ کاج مہا کاج (ہ) اپنا کام آپ ہی کرنا اچھا ہوتا ہے ۔

آپے سے باہر ہو جانا (ہ) بے خود ہونا۔ بے قابو ہونا۔ غصّے میں بےخود ہو جانا۔ آپے سے جانا۔ بیخود ہو جانا ۔

آپے میں نہ رہنا حواس باختہ ہو جانا ہوش میں نہ رہنا ۔

آپے میں آنا (ہ) سنبھلنا۔ ہوش میں آنا ۔

آ - ت

آتَش (ف (ذ۔ مث کا لفظ آترس تھا قدیم فارسی میں آتیش اور اس سے آتش ہوگیا۔ بکسرتا و بفتح تا دونوں طرح صحیح ہے مگر اساتذہ کے کلام میں عموماً بفتح تا پایا جاتا ہے) مث ؛ آگ - نار

آتَش افروزی (ہ) آگ بھڑکانا ۔

آتِشباز (ف۔ مذ) بارود گر ۔

آتِش بے دود (ف) آفتاب - شراب - غصّہ ۔

آتَش پرست (ف - مذ) آگ کی پوجا کرنے والا - گبر ۔

آتَش خانہ (ف - مذ) آتش پرستوں کا عبادت خانہ ۔

آتَش خیز (ف - ص) آگ نکالنے والا - آگ خارج کرنے والا ۔

آتَش خیز پہاڑ (لا - مذ) وہ پہاڑ جس میں سے آگ نکلے - گرم لاوا خارج کرنے والا پہاڑ - آتش فشاں پہاڑ -

آتِشدان (ف - مذ) چولھا - انگیٹھی -

آتِش زبان (ف - مذ) تیز زبان - خوش کلام ۔

آتَشزدگی (ف - مث) آگ لگنا - آگ سے جل جانا ۔

آتَش زنی (ف - مث) آگ لگا دینا ۔

آتَش فِشاں (ف - مذ) آگ برسانے والا - وہ پہاڑ جس میں سے آتشین مادہ نکلے ۔

آتَش فِشانی (ف - مث) آگ برسانا - آتش فشاں پہاڑ کا سرگرم عمل ہونا - گولہ باری ۔

آتَش کا پرکالہ (ہ) آگ کا ٹکڑا - بڑا شوخ

آتشک (ف) (ک نسبت کا ہے) مث ۔ بادِ فرنگ۔ آبلۂ فرنگ۔ گرمی کا روگ ٭

آتشگیر (ف۔ مذ) دست پناہ چمٹا۔ ایسی چیز جس کو بہت جلد آگ لگ جائے۔

آتش مزاج (ف) تند خو۔ غصے والا۔

آتشیں (ف۔ ص) آگ سا۔ روشن۔

آتشی (ف۔ ص) آگ کا۔ آگ سے بنا ہوا ایسا شیشہ جو تیز آنچ کو سہار ایسے شیشے کی بنی ہوئی شیشیاں جو کیمیاوی اعمال میں کام آتی ہیں ٭

آتشی شیشہ (ف۔ مذ) وہ شیشہ جس کے ذریعے سورج کی کرنیں ایک مرکز پر ڈال کر آگ لگاتے ہیں یہ ارشمیدس کی ایجاد ہے یہ بیچ میں سے موٹا اور کناروں پر سے پتلا ہوتا ہے ٭

آ ۔ ٹ

آٹا (ہ) (س آٹ: پسی ہوئی چیز) (مذ) باریک پسا ہوا غلہ ۔ آرد ٭

آٹھ آٹھ آنسو رونا (ا) بہت رونا۔ زار زار رونا ٭

آٹھوں گانٹھ کمیت (ہ۔ مذ) وہ کمیت گھوڑا جس کے آٹھوں جوڑ (یعنی چاروں ٹخنوں اور چاروں گھٹنوں کے جوڑ) مضبوط ہوں ٭ (مجازاً) شریر ۔ تجربہ کار ہوشیار۔ سیانا۔ پکا۔ چالاک ٭

آٹھوں پہر (ہ) ہمیشہ۔ دن رات۔ ہر وقت ٭

آٹے کی آپا (ہ۔ مث) بھولی بھالی عورت۔ بیوقوف ٭

آٹے کے ساتھ گھن بھی پستا ہے (ہ) گنہگاروں کے ساتھ بے گناہ بھی سزا پاتے ہیں۔

آٹے میں نمک (ہ) بہت کم۔ تھوڑا سا۔

آ ۔ ث

آثار (ع۔ مذ۔ ج) (واحد اثر) نشانات دیوار کی بنیاد۔ پرانے زمانے کی چیزیں۔ سیر دلو زان کے معنوں

میں عربی میں نہیں پایا گیا۔ یہ
اہل ہند کی اختراع ہے۔
علامات۔ انداز ❖
آثارِ خیر (ع۔ مذ) اچھی نشانیاں۔ نیک
یادگاریں ❖
آثم (ع۔ ص) گنہگار۔ مجرم ❖

آ ۔ ج

آج {ہ (س آریہ پراکرت اور میں
آجا) مذ} وقت جو گذر رہا ہے
موجودہ دن۔ جیتے جی ❖
آجکل (ہ) ان دنوں۔ یہ زمانہ ❖
آج کل کرنا (ہ) ٹال مٹول کرنا۔
حیلہ بہانہ کرنا ❖
آجل (ع۔ ص) میعاد کے اندر
نالش کرنے والا ❖
آختہ (ف۔ ص) خُصیے نکالا ہوا۔
آخر (ع۔ مذ) پچھلا۔ انجام۔ تمام ❖
آخرُالامر (ع) آخر کار۔ آخر کو۔
آخرت (ع۔ مث) انجام۔ دوسری
دنیا۔ قیامت ❖

آخرش (ف۔ مرکب) آخر کار۔ آخر کو ❖
آخر کار (ف) انجام کار۔ آخر کو ❖
آخری چہار شنبہ (ف۔ مذ) صفر کے
مہینے کا آخری بدھ جس دن
حضرت رسول اکرمؐ بیماری کے
بعد سیر کو تشریف لے گئے تھے۔
مسلمانوں کے نزدیک یہ
دن مبارک ہے ❖
آخری دم (ف۔ مذ) آخری وقت۔
دم نکلنے کا وقت۔ دمِ واپسیں۔
آخربیں (ف۔ مذ) انجام پر نظر رکھنے
والا۔ دور اندیش ❖
آخُور {ف (آب خور کا مخفف ہے۔
یعنی پانی پینے کی جگہ۔ مجازاً
چارپائے کے دانہ، گھاس کھانے
کی جگہ۔ وہ گھاس جو گھوڑوں
سے بچ رہتی ہے اور نکال کر
پھیلا دی جاتی ہے) مذ} نکما
ناکارہ۔ خراب ❖
آخور کی بھرتی (ا۔ مث) نکمّی اور
خراب چیزوں کی بھرتی۔ نکمّے

مضامین کی کثرت ۔

آخوند (ف ۔ مذ) اُستاد ۔ مدرس ۔

آداب (ع ۔ مذ ۔ ج) (واحد ادب) تمیز بندگی بطور واحد مستعمل ۔

آدابِ مجلس یا محفل (ع ۔ مذ) محفل میں بیٹھنے اُٹھنے ۔ بولنے چالنے کے قاعدے ۔

آدر (ہ ۔ مذ) عزت ۔ آؤ بھگت ۔

آدمؑ (ع ۔ مذ) انسان ۔ حضرت آدمؑ جن سے انسان کی نسل چلی ۔

آدمی کا شیطان آدمی ہے (محاورہ) (بُرے) آدمی آدمی کی صحبت سے خراب ہو جاتا ہے

آدمیت (ع ۔ مث) انسان ہونا ۔ انسانی خوبیاں ۔ عقل ۔ سمجھ ۔ تہذیب

آدھا (ہ ۔ مذ) نصف ۔ نیم ½ ۔

آدھا پیٹ کھانا ۔ جتنی بھوک ہو اس سے کم کھانا ۔ بھوک سے کم کھانا ۔

آدھا تیتر آدھا بٹیر (ہ) بے جوڑ چیز ۔ بے جوڑ بات ۔ نامکمل ۔

آدھا سیسی (ہ ۔ مذ) آدھے سر کا درد ۔

آدینہ (ف ۔ مذ) جمعہ کا دن ۔ شکروارہ ۔

(آ ۔ ڈ)

آڈِٹ (Audit) (انگ ۔ مذ) محاسبہ حساب کی جانچ پڑتال ۔

آڈَٹنا (ہ ۔ مذ) آبیٹھنا ۔ آموجود ہونا ۔

آڈیٹر (Auditor) (انگ ۔ مذ) حساب کی جانچ پڑتال کرنے والا ۔ محاسب ۔

(آ ۔ ذ)

آذر (ف ۔ مذ) آگ ۔ آتش ۔ حضرت ابراہیمؑ کے والد کا نام جو بت بنایا کرتے تھے ۔ شمسی سال کے ایک مہینے کا نام بھی ہے ۔ صحیح "آزر"

آذوقہ ۔ دیکھو "آزوقہ" ۔

آ ۔ ر

آرا (ہ ۔ مذ) لکڑی چیرنے کا آلہ ۔

آرا (ف) آراستہ کرنے والا ۔

آرا کش (ف۔ مذ) آرے سے لکڑی چیرنے والا۔

آراستگی (ف۔ مث) سجاوٹ۔ ترتیب

آراستہ (ف۔ ص) درست۔ تیار ٹھیک۔ ٹھاک۔

آرام {ف (س رکم = دم لینا) مذ} چین۔ راحت۔ صحت۔ شفا۔

آرام جاں (ف) محبوب۔ پیارا۔ بلا اضافت و باعلان۔ ایک قسم کا چھوٹا پاندان۔ خُنداں۔

آرام طلب (ف۔ مذ) سست۔ کاہل۔

آرام کرسی (ف۔ مث) تکیہ دار کرسی۔ جس پر آدمی آرام کرنے کے لئے پاؤں پھیلا کر بیٹھ یا لیٹ سکتا ہے۔ آرام چوکی۔

آرام گاہ (ف۔ مث) آرام کرنے کی جگہ سونے کا کمرہ۔ مجازاً قبر۔

آراء (ع۔ مث۔ ج) واحد رائے۔ خیالات مشورے۔

آرائش (ف۔ مث) سجاوٹ۔ زینت (دیکھا کرنا۔ ہونا۔

آرٹ (ART) (انگ۔ مذ) ہنر۔ فن۔ فنِ لطیفہ جیسے مصوری یا موسیقی وغیرہ۔

آرٹسٹ (ARTIST) (انگ۔ مذ) مصوّر۔ کاریگر۔ صناع۔ نقاش۔

آرٹیکل (ARTICAL) (انگ۔ مذ) مضمون قانون کی دفعہ۔

آرد (ف۔ مذ) آٹا۔

آرڈر (ORDER) (انگ۔ مذ) ترتیب۔ حکم۔ فرمائش۔

آرڈیننس (ORDINANCE) (انگ۔ مذ) حکم۔ ہنگامی۔ قانون ہنگامی۔ وہ قانون جو وائسرائے یا گورنر اپنے اختیارات سے وقتی ضرورت کے مطابق جاری کرے۔

آرزو {ف (آر = نہیں؛ زو مخفف ہے زُود کا یعنی جلدی) مث} خواہش۔ حسرت۔ تمنّا۔

آرزو بر آنا (ا) خواہش پُوری ہونا۔ تمنّا پُوری ہونا۔

آرزو خاک میں ملنا (ا) ناامید ہونا۔

آرزومند (ف۔مذ) خواہش مند۔شائق

آرسی (ہ (درش = دیکھنا آدرش = آئینہ) مث) ایک آئینہ دار انگوٹھی۔

آرمیڈا۔ (ARMADA) (انگ۔مذ) ہسپانوی جہازوں کا وہ بڑا جو ۱۵۵۸ء میں ملکہ الزبتھ کے عہد میں انگلستان پر حملہ آور ہوا تھا۔

آروغ (ف۔مذکر جلال نے مؤنث لکھا ہے) ڈکار۔

آریہ (س (بزرگ۔معزز) مذ) وہ قوم جو پہلے پہل وسط ایشیا سے ہند میں آئی تھی۔سوامی دیانند صاحب کا قائم کیا ہوا فرقہ جو ہندوؤں کی سب سے ترقی یافتہ جماعت ہے۔

آریہ ورت (س۔مذ) ہندوستان

آئرستان آئرلینڈ۔ (IRELAND)

(آ۔ڑ)

آڑ (ہ۔مث) اوٹ۔روک۔سہارا۔

آڑا (ہ۔ص) ترچھا۔خمدار۔

آڑا ترچھا ہونا (ہ) بگڑنا۔ناراض ہونا۔

آڑھت (ہ۔مث) دلالی۔

آڑے آنا (ہ) مدد کرنا یا بچانا۔کام آنا۔

آڑے وقت۔ مصیبت اور مشکل کا وقت۔

آڑے ہاتھوں لینا (ہ) خوب خبر لینا برا بھلا کہنا۔

(آ۔ز)

آز (ف۔مث) لالچ۔حرص۔طمع۔

آزاد (ف) فارغ۔بے غم۔خودمختار۔

آزاد تجارت (ف۔مث) تجارت کی وہ شکل جس میں ہر ملک کو درآمد کی اجازت ہو اور کسی قسم کا غیر معمولی محصول نہ لگایا جائے۔

آزادانہ (ف۔ص) کھلے طور پر۔بلا روک ٹوک۔

آزاد طبع (ف۔ص) بے خوف۔ صاف گو۔
آزاد رو (ف۔ص) آزادی سے کام لینے والا۔ بے تعصب۔ آزاد خیال۔
آزادی (ف۔مث) چھٹکارا۔ خودمختاری۔ بے پروائی
آزار {ف (دری میں آسار ہے "آ" زائد ہے اور "سا" رنج) مذ} رنج۔ تکلیف۔ بیماری۔ دُکھ۔
آزردہ (ف) رنجیدہ۔ ناخوش۔ ناراض۔
آزردہ خاطر دُکھی۔ اداس اُداس۔
آذر (دیکھو "آذر")
آزمائش (ف۔مث) پرکھنا۔ آزمانا۔
آزمائشی نلی (ا۔مث) شیشے کی ریکھم کی نلی جس میں کوئی چیز ڈال کر تجربات کئے جاتے ہیں۔ ٹیسٹ ٹیوب۔ TEST TUBE
آزمند (ف ص) لالچی۔ حریص
آزمودہ (ف۔ص) آزمایا ہوا۔ امتحان کیا ہوا۔
آزمودہ کار (ف۔ص) تجربہ کار
آزوقہ {ف (اصل میں آب زقہ تھا۔ آب زقہ وانہ پانی جو پرندے اپنے منہ سے نکال کر بچے کے مُنہ میں ڈالتے ہیں۔ تخفیف کی غرض سے ب کو حذف کر دیا اور ق کی تشدید اڑا دی) مذ} تھوڑی سی غذا۔

(آ۔س)

آس {ہ (س۔ آسائش = خواہش کرنا۔ پالی اسا = امید) مث} امید۔ خواہش۔ بھروسہ۔ بچہ پیدا ہونے کی اُمید۔
آسا (ہ۔مث) مانند۔ ایک راگ کا نام۔ امید۔ بھروسہ۔
آس تکنا۔ اُمید رکھنا۔ توقع رکھنا۔
آسان (ف۔ص) سہل۔ سہج۔ دُشوار کی ضد۔
آسائش (ف۔مث) آرام۔ سُکھ چین۔

آستان (ف - مذ) دہلیز - چوکھٹ

آستانہ (ف) (ستان کلمہ ظرف سنسکرت استھان جگہ = مذ) دہلیز چوکھٹ۔

آستین (ف) (آس رگھسنا - تین کلمہ نسبت چونکہ بازو کو گھستی ہے اس لئے آستین کہتے ہیں یا دستین سے بنایا گیا ہے۔ دست = ہاتھ = ین کلمہ نسبت یا ہستین سے بنایا گیا ہے۔ ہست سنسکرت میں ہاتھ کو کہتے ہیں۔ ین کلمہ نسبت (مث) کرتے وغیرہ کا وہ حصہ جس میں ہاتھ رہتی ہے۔

آستین پکڑنا - کسی کام سے روکنا۔

آستین جھاڑنا (کنایۃ) ترک کرنا - سب کچھ بخش کر آپ الگ ہو جانا۔

آستین چڑھانا - کرتے کی آستین اوپر کھینچنا - کام کرنے یا لڑنے کے لئے تیار ہونا۔

آستین کا سانپ چھپا دشمن - (بننا یا ہونا)

آسرا (ہ) (س - آشر = پناہ ڈھونڈنا - مذ) سہارا - امید - بھروسہ - (باندھنا - بندھنا - تکنا - توڑنا - توڑ دینا - دینا - ڈھونڈھنا - رکھنا - رہنا - کرنا - لگانا - لینا)

آسمان (ف) (آس = آسیا = چکی - مان = مانند) مذ) چرخ - آکاش

آسمان ٹوٹنا یا ٹوٹ پڑنا (۱) سخت مصیبت آنا۔

آسمان پر چڑھانا (۲) عزت دینا تعریف کرنا۔

آسمان زمین ایک کر دینا یا ڈال دینا (۲) ہل چل مچا دینا - بہت تلاش کرنا۔

آسمان زمین کے قلابے ملانا (۲) بہت جھوٹ بولنا - لاف مارنا۔

آسمان سے باتیں کرنا (۱) بہت بلند ہونا۔

آسمان کے تارے توڑنا (۲) ناممکن کام کرنا۔

آسمان سے گرا کھجور میں اٹکا۔ } ایک بڑی مصیبت سے چھوٹ کر دوسری ہی اور مصیبت میں گرفتار ہو گیا۔

آسمان کا تھوکا اپنے منہ پر آتا ہے۔ } (۱) اچھے آدمی کو برا کہنے والا خود بدنام ہوتا ہے۔

آسمان ہلا دینا (۲) شور و غل مچا دینا نالہ و زاری کرنا۔

آسمانی (ف۔ص) آسمان سے تعلق رکھنے والی، الہامی۔

آسن {ہ (آس = بیٹھنا) مذ} انداز نشست جوگیوں کے بیٹھنے کا ڈھنگ۔ مرگھی گدی۔ جماع کا طریقہ۔

کے رہنے کی جگہ۔

آسودگی (ف۔مث) سکھ۔ خوشحالی

آسودہ (ف۔ص) خوشحال۔ مطمئن۔ با آرام۔

آسیا (ف۔مث) چکی۔

آسیب (ف۔مث) بھوت کا اثر صدمہ۔ چوٹ۔

آ۔ش

آش {ف (ق آش = کھانا۔ مث} رقیق غذا جو پی جا سکے۔

آش جَو (ف۔مذ) بلا اضافت) چھلے اور بھنے ہوئے جو کا جوش دیا ہو پانی۔ اس کو ہمیشہ جمع ہی کے ساتھ بولتے ہیں۔ جیسے آش جو بنائے۔

آشام (ف) پینے والا۔

آشتی {ف (ق استرنیا ٹھہراؤ۔ مث} صلح۔ ملاپ۔

آشکار {ف (س آکار = صورت ظہور، ش زائد ہے) ص} ظاہر۔ فاش (کرنا۔ ہونا)

آشکارا (ف تابع فعل) علانیہ۔ ظاہر (کرنا۔ ہونا)

آشرم (ہ۔مذ) رشیوں کے رہنے کی جگہ

آشنا (ف۔مذ) واقف۔

آشنائی (ف۔مث) شناسائی۔ واقفیت۔ دوستی۔

آشوب (ف - مذ) فتنہ۔ شور۔ غوغا۔

آشوبِ چشم (ف - مذ) آنکھیں دکھنا۔

آشیاں {ف (دری میں آشیانہ = پرندہ کا انڈا) مذ} گھونسلہ۔ (نظم ونثر میں زیادہ مستعمل ہے۔

آشیانہ (ف - مذ) زیادہ تر بول چال میں آتا ہے۔

آشیانۂ بوم (ف - مذ) اُلو کا گھونسلہ (مجازاً) منحوس گھر یا جگہ۔

آ - ص

آصف (عبرانی - مذ) حضرت سلیمان کے وزیر اعظم کا نام جو برخیا کے بیٹے تھے۔ مجازاً لائق وزیر۔

آصف الدولہ (ع - ص) نواب وزیر کا لقب جو پہلے شاہِ دہلی کے وزیر اعظم تھے پھر اودھ کے خود مختار فرمانروا ہو گئے۔

آصف جاہ (ف - ص) مغلیہ شاہانِ دہلی کے زمانے میں بڑے بڑے امراء کا خطاب ہوتا تھا۔ چنانچہ فرمانروائے دکن بھی اسی نام سے ملقب تھے۔

(آ - غ)

آغا (ت - مذ) مالک - بڑا بھائی۔

آغا مینا (ا ب - مث) پیارے پالو۔ مینا کو کہتے ہیں۔ پیاری پیاری باتیں کرنے والا بچہ۔

آغاز (ف - مذ) ابتدا۔ شروع کرنا۔ ہونا

آغاشتن (ف) فراہم کرنا۔

آغشتہ (ف - اسم مفعول) لت پت بھرا ہوا۔

آغاسیدن (ف) بھڑنا۔

آغوش {ف (نثر میں آگوش = بغل) مث} گود۔ بغل۔ کولی۔

آغوں (ف) ننھے بچے کا کلام کرنا۔

(آ - ف)

آف (ف - مذ) سورج۔

آفات (ف - مث، ج) (واحد آفت) بلائیں۔ مصیبتیں۔

آفاتِ سماوی (ف - مث) ناگہانی

بلائیں۔ آسمانی مصیبتیں۔

آفاق (ف۔ مذ۔ ج) (واحد اُفق) جہان۔ دُنیا۔

آفت (ف۔ مؤنث) انگ۔ س آپد۔ مث) دُکھ مصیبت۔ بلا۔

آفت برپا کرنا (ا) شور مچانا۔ ظلم کرنا رونا۔

آفت توڑنا (ا) ستم کرنا۔ ظلم کرنا۔

آفت رسیدہ (ف۔ ص) مصیبت کا مارا۔

آفت زدہ (ف۔ ص) دُکھی۔

آفت کا پرکالہ (ا۔ مذ) فتنہ۔ شریر۔ ظالم۔

آفت کا مارا (ا) مصیبت کا مارا۔ بدنصیب۔

آفتاب (ف (= آف = سورج۔ تاب = چمک) مذ) سورج۔ دھوپ۔

آفتاب گیر (ف۔ مث) چھتری

آفتابِ محشر (ف۔ مذ) قیامت کا سورج۔ نہایت گرم۔

آفتابہ (ف۔ مذ) تانبے کا دستے دار لوٹا۔ جس میں پانی گرم رکھتے ہیں۔ اور ہاتھ دُھلاتے ہیں۔

آفتابی (ف۔ ص) سورج کے متعلق۔ آفتاب کا اثر لے کر بنی ہوئی۔ دھوپ سے پکا ہوا یا پکی ہوئی۔ جیسے آفتابی گلقند۔ (۲) (ا۔ مث (۱) سورج مکھی۔ ڈھال۔ (۳) ایک قسم کی آتشبازی۔

آفریں (ف۔ مث) شاباش۔ واہ واہ۔ آفریں مصدر سے امر اجو اسم فاعل قیاسی میں بطور لاحقہ کام دیتا ہے۔ جیسے جاں آفریں۔ جہاں آفریں۔

آفریدن (ف) پیدا کرنا۔ تخلیق۔

آفریدگار (ف) پیدا کرنے والا۔ خالق۔

آفرینش (ف۔ مث) پیدائش۔ مخلوقات۔

آفس (OFFICE) (انگ۔ مذ) دفتر۔ سررشتہ۔ صیغہ۔ عہدہ۔

(آ - ق)

آقا (ف - مذ) صاحب۔ مالک۔ حاکم

آقائے نامدار (ف) اپنے افسر کے لئے بولتے ہیں۔

آقائے ولی نعمت (ف) سرکار

(آ - ک)

آک (ہ (س آرک) مذ) مشہور پودے کا نام ہے جسے مدار بھی کہتے ہیں۔

آک کی بڑھیا (ہ) روئی جو آک میں سے نکلتی ہے۔

آکاس یا آکاش (ہ - مذ) کرۂ ہوا۔ خلار آسمان۔

آکاس بیل (ہ - مث) ایک زرد رنگ کی بیل ہے جو اکثر درختوں میں پائی جاتی ہے۔

امر بیل۔

آکسفورڈ (OXFORD)
(انگ - مذ) انگلستان کی ایک سب سے مشہور یونیورسٹی کا نام ہے۔

آکسیجن (OXYGEN)
ایک قسم کی گیس ہے۔ جو جلنے اور سانس لینے میں مدد دیتی ہے۔
حمیض۔

آکسیجن مکسچر (OXYGEN MIXTURE) (انگ - مذ)
پوٹاسیم کلوریٹ (POTASIUM COHLORATE)
اور مینگنیز ڈائے اکسائیڈ MANGANEZE DIOXIDE
کا مزوج جبمیں یہ دونوں چیزیں ہموزن ہوتی ہیں اور جن کو گرم کرکے آکسیجن گیس پیدا کی جاتی ہے۔

آؤٹ (انگ - مذ) (OUT)
باہر۔ ظاہر۔ فاش (کھیل میں) مرا ہوا۔

آ - گ

آگ (ہ (س آگن = پھیلنا) مث) آتش۔ اگنی۔ نار

آگ بگولا یا بھبوکا (ہ - مذ) لال

لال دہکتا ہوا۔ جلتا بھنتا۔ غصّے سے لال پیلا۔

آگ بگولا ہونا (ہ) سخت غصّے میں آنا۔

آگ برسنا (ہ) سخت گرمی پڑنا۔

آگ برسانا (ہ) دشمن پر گولہ باری کرنا۔

آگ بھڑکانا (ہ) آگ جلانا۔ لڑائی کرانا

آگ پر تیل یا روغن ٹپکانا (ہ) آگ کو چھڑکنا۔ ڈالنا۔ گرانا۔ (۲) بھڑکانا۔

آگ لگانا (ہ) جلانا۔ غصّہ دلانا۔

آگ لگنا (۱) جل جانا۔ (۲) غضبناک ہونا۔

آگ لگنے پر کنواں کھودنا (ا) بیوقت کام کرنا۔ فضول کام کرنا۔

آگ میں کودنا (مصیبت میں پڑنا۔ جان کی پرواہ نہ کرنا۔

آگاہ (پہلوی آکاس، اوستا آکاست (= دیکھا) تک کاشتے (دیکھتا ہے)) خبردار۔ واقف

آگاہی (ف۔ مث) خبرداری۔

آگے آنا (۲) ش۔ سامنے آنا۔ کیے کا نتیجہ نکلنا۔

آگیا

(آ۔ل)

آل (ع۔ مث) اولاد۔ کنبہ۔

آلتمغا (ت) (آل = سُرخ، تمغا = مہر) مذ) سُرخ مہر (مجازاً) جو عطیات شاہی نسلاً بعد نسل ہوتے ہیں ان کے فرمان اور سند کو التمغا کہتے ہیں۔ (۲۔ مذ) سرمایۂ افتخار۔

آل رسول (ع۔ مث) رسول اللہ کی اولاد۔ سیّد۔

آل انڈیا (ALL INDIA) (انگ۔ مں) وہ جماعت یا تحریک جو سارے ہندوستان کے متعلق ہو۔ جیسے آل انڈیا ریڈیو یعنی کل ہند ریڈیو۔

قومی مجلس۔

آل انڈیا نیشنل کانگرس (ALL INDIA NATIONAL CONGRESS) (انگ۔ مث) تمام ہندوستان کی سیاسی قومی مجلس۔

آلاؤ (س۔ آلے = جگہ، مذ) طاقچہ۔ جس میں چراغ وغیرہ رکھتے ہیں۔ (ص) کچا۔

آلات (ع۔ مذ۔ ج) (واحد آلہ

آلاتِ حرب (ف) لڑائی کے ہتھیار۔

آلام (ع۔ مذ۔ ج) (واحد اَلَم)

آلائش (ف۔ مث) میل کچیل۔ آلودگی عبادت۔

آلِ عبا (ع۔ مث) حضرت فاطمہؓ حضرت علیؓ اور حسنینؓ سے مراد ہے۔

آلکسی (ہ۔ مث) سستی۔ کاہلی۔

آلو بڑہ (س آلو۔ بڑھ دالی ترکاری اُدل = جڑھ، مذ) ایک قسم کی۔ ترکاری۔

آلودہ (ف۔ ص) لتھڑا ہوا۔ ناصاف۔

آلودگی (ف۔ مث) گندگی۔ آلائش۔

آلہ (ف۔ مذ) ہتھیار۔ اوزار۔

آلۂ تقطیر۔ گدلے پانی وغیرہ کو درود سے ماروں سے پاک کرنے کا آلہ۔ جس میں پانی وغیرہ کو چھلنی میں سے گزارا جاتا ہے۔ فلٹر کرنے کا آلہ۔

آلۂ کشید (ف۔ مذ) پانی وغیرہ کی تبخیر کر کے صاف کرنے یا عرق وغیرہ کھینچنے کا آلہ

(آ۔م)

آم کے آم گٹھلیوں (ہ) ہر طرح کے دام — نفع ہی نفع۔ دوہرا فائدہ۔

آماج (ف۔ مث) نشانہ۔ ہدف۔

آماجگاہ (ف۔ مث) نشانے کی جگہ۔ ہدف۔

آمادگی (ف۔ مث) تیاری۔ رضامندی۔

آمادہ (ف۔ص) تیار۔ رضامند۔
آماس (ہ (س) آ = اکٹھا ہونا۔ ماس = گوشت) مث } سوجن۔ ورم
آمدہ (ف۔مث) آمدن مصدر سے ماضی بمعنی آیا۔ بیساختہ۔ جو بات خود بخود نکلے۔
آمد آمد (ف۔مث) آنے کی خبر۔ آنے کی چرچا۔
آمدنی (ف۔مث۔ یافت۔ فائدہ۔
آمدورفت (ف۔مث) آنا۔ جانا۔ میل ملاپ۔
آمنا سامنا (ہ۔مذ) مقابلہ۔ لڑائی۔
آمنہ (ہ۔مث) رسول کریمؐ کی والدہ کا نام ہے۔
آموختہ (ف۔مذ) پڑھا ہوا سبق۔ پچھلا سبق۔
آموزگار (ف) استاد۔ سکھلانے والا۔
آمیزش (ف۔مث) ملاوٹ۔ کیمیادی اصطلاح میں چند اجزا کا باہم اس طرح ملنا کہ ان سے جو نئی چیز پیدا ہو وہ اپنے اجزا کی صفات ظاہر کرے۔ جیسے شربت کا پانی ہوتا ہے اور مٹھاس کو بھی ظاہر کرتا ہے۔
آمین (ع۔مث) ایسا ہی ہو۔ خدا دعا قبول کرے (دعا کے بعد کہتے ہیں۔

آ-ن

آن (ف۔مث) گھڑی۔ وقت۔ لمحہ۔ عزت۔ شان۔
آناً فاناً (ع۔ص) اچانک۔ یکایک۔ ذرا سی دیر میں۔
آن بان (ع۔مث) شان وشوکت۔ بانکپن۔
آن کا مہمان (ہ) کوئی دم کا مہمان مرنے کے قریب۔
آنب (ف۔مذ) آم کا درخت۔
آنت (ہ۔مث) انتڑی
آنتیں منہ کو آنا (ہ)، سخت تکلیف

میں ہونا۔ بے قرار ہونا۔
آنجہانی (ت۔ صں) اُس دوسرے جہان کا۔ یعنی وہ شخص جس کا انتقال ہو چکا ہو۔
آنچ {ہ (س ارچکہ = شعلہ) مث} لُو۔ شعلہ۔ تپش ہوئی۔ گرمی۔ حرارت
آنچ آنا۔ نقصان پہنچنا۔ تکلیف یا (ایذا پہنچنا)
آنچل {ہ (س آنچہ = پہننا) مذ} دوپٹے وغیرہ کا پلہ۔ لکھنؤ کی عورتیں سینے یا چھاتی کا لفظ شرم وحیا کے لحاظ سے زبان پر نہیں لاتیں اُس کی جگہ آنچل کہتی ہیں۔
آنچل دینا بچے کو دودھ پلانا۔
آنچھ (ت) جو کچھ۔
آندھی {ہ (س اندھکار = اندھا کر دینے والا۔ اندھے۔ نگاہ روکنا) مث} تیز ہوا جس میں گرد و غبار ملا ہوا ہو۔ اُٹھنا تھمنا۔ ٹھہر جانا۔ چڑھنا۔ چلنا۔ چھانا۔
آندھی کا کوا (مجازاً) مصیبت کا مارا۔ نہایت پریشان حالی۔
آندھی کے آم (مجازاً) ارزاں چیز کی قدر نہ ہو۔ سستی چند روزہ شے۔
آندھی کی طرح آیا بگولے کی طرح گیا } آتے ہی جلدی سے چلا گیا۔
آندھی کی طرح طبیعت آنا۔ } بے اختیار کسی چیز پر مائل ہو جانا۔
آنر (HONOUR) (انگ۔ مث) شرف۔ مرتبہ۔
آنریبل (HONOURABLE) (انگ۔ صں) ذی عزت کونسل اور سٹیٹ کے اراکین کا خطاب ہے۔
آنریری HONOURARY (انگ۔ صں) بلا تنخواہ کام کرنے والا اعزازی۔
آنسو {ہ (س اشر) مذ} اشک

آنا۔ بہانا۔ امنڈ آنا۔ بھر آنا۔
بہلانا۔ بہنا۔ پاک کرنا۔ پچھنا۔
پونچھنا۔ پھوٹ نکلنا۔ پی جانا۔
پی کے رہ جانا۔ تھمنا۔ ٹپک پڑنا۔
ٹھہرنا۔ ڈالنا۔ ڈبڈبا آنا۔ ڈبڈبا
لانا۔ ڈھلکنا۔ ڈھلنا۔ رواں ہونا
رُکنا۔ روکنا۔ سوکھ جانا۔ گرانا
گر پڑنا۔ گرنا۔ نکل آنا۔ نکل پڑنا۔
نکلنا۔)

آنسو پونچھنا (ہ تسلی دینا۔ دلاسا دینا۔

آنسو پی جانا صبر کرنا۔ ضبط کرنا۔

آنسوؤں سے (ہ) بہت رونا۔
مُنہ دھونا ۔ پھوٹ پھوٹ کر رونا

آنکس {ہ (س آنکُش = ٹیڑھی
چیز۔ وہ آنکڑا جس سے فیلبان
ہاتھی کو کھینچتے ہیں۔ (اصل میں
بضم کاف ہے۔ مگر فصحا لفظ کی
کراہت سے بفتح کاف بولتے ہیں۔

آنگن {ہ (س اگی = چلنا) مذ} صحن
کنایۃً "آنکھیں چھوٹی چھوٹی

ہونا۔

آنول (ہ۔ مث) وہ تھلی سے مشابہ
ٹکیہ جو بچے کے بلاتفاق پیدا ہونے
کے بعد ماں کے پیٹ سے نکلتی ہے۔

آنولا (مشہور پھل۔ جسے فارسی میں
آملہ کہتے ہیں۔

آنہ {ہ (س انش = حصّہ یا جز}
روپے کا سولہواں حصّہ (یہ
املا تحریر میں رواج پا گیا ہے
لیکن ہندی قاعدے کے مطابق
ہائے مختفی کی جگہ الف
چاہیے۔

آنی جانی (ناپائیدار۔ بے بنیاد۔

آنکھ {ہ (س = اکشی، اش = گھسنا
پھیلنا۔ پالی = اکھی) مث}
(۱) نین۔ چشم (۲) نگاہ نظر
(۳) اشارہ (۴) شناخت۔
(۵) حق شناسی۔ بصیرت
(۶) اُمید۔ توقع۔

آنکھ آنا آنکھ کا سُرخ ہو جانا۔ (گرمی
وغیرہ کے سبب سے)

آنکھ اٹکنا عاشق ہونا۔

آنکھ اُٹھانا۔ اوپر دیکھنا۔ نظر سامنے کرنا۔ توجہ ہٹا لینا۔ غصے سے دیکھنا۔

آنکھ اُٹھ نہ سکنا (آنکھ شرم و لحاظ کی وجہ سے) اونچی نہ ہو سکنا۔

آنکھ بچا جانا (۱) اغماض کرنا۔ (۲) بے مروتی کرنا۔ (۳) اس طرح کام کرنا کہ کوئی دیکھ نہ لے۔

آنکھ بچا کر۔ چھپ کر۔

آنکھ بدل جانا۔ نیت میں فرق آجانا۔

آنکھ بند کر لینا سو جانا۔ غافل ہو جانا۔ بے مروت ہو جانا۔ مر جانا۔

آنکھ بھر کر دیکھنا۔ غور سے دیکھنا۔ بری نیت سے دیکھنا۔

آنکھ بھر لانا۔ آنکھوں میں آنسو بھر لانا۔

آنکھ پہچاننا۔ اشارہ سمجھنا۔ تیور پہچاننا۔

آنکھ پھڑکنا۔ آنکھ کے پپوٹے کا خود بخود حرکت کرنا۔ اس سے شگون لیا جاتا ہے۔ مرد کی دائیں اور عورت کی بائیں آنکھ کا پھڑکنا اچھا سمجھا جاتا ہے۔

آنکھ چُرانا۔ آنکھ بچانا (۲) بے رُخی کرنا۔ چھپنا۔ کنیانا

آنکھ دَبنا۔ مغلوب ہونا۔ شرمندہ ہونا۔

آنکھ دکھانا۔ ڈرانا۔ دھمکانا۔ تنبیہ کرنا۔ گھورنا۔ بے مروتی کرنا۔

آنکھ دیکھنا (۱) آسرا کرنا (۲) شناخت یا پرکھ ہونا۔

آنکھ سے اُتر جانا۔ جی سے اُتر جانا۔ بے قدر ہو جانا۔

آنکھ سے اوٹ یا اوجھل ہو جانا } نظر سے غائب ہو جانا۔

آنکھ سیدھی ہونا مہربانی کی نظر ہونا۔

آنکھ سے (کا) کاجل چُرانا۔ } کمال کی عیاری کرنا۔

آنکھ سے گر جانا۔ ذلیل ہونا۔ رسوا ہونا بے اعتبار ہونا۔

آنکھ کا اندھا گانٹھ کا پورا۔ بیوقوف مالدار۔

آنکھ کا پانی ڈھل جانا یا مر جانا۔ } بے شرم ہو جانا۔

آنکھ کا تارا (مذ) آنکھ کی پتلی (۲) بہت عزیز (۳) اولاد۔

آنکھ کا تل (مذ) آنکھ کی پتلی۔

آنکھ کا ڈورا (مذ) سُرخ رگیں۔ جو آنکھ یا ڈورے } میں نظر آتی ہیں۔

آنکھ کھلنا (۱) جاگنا (۲) سن تمیز کو پہنچنا۔ ہوش آنا (۳) دُنیا کی ہَوا لگنا۔ (۵) اصل حقیقت سے واقف ہونا۔

آنکھ کھُلی کی کھُلی رہ جانا۔ سکتے کی حالت میں دم بخود جانا۔

آنکھ لڑنا آنکھ ملنا۔ اشارے بازی۔ ہونا۔ عاشق ہونا۔

آنکھ لگنا یا لگ جانا (۱) نیند آجانا۔ (۲) آشنائی ہو جانا۔ (۳) انتظار رہنا۔

آنکھ مچولی (مث) بچوں کا ایک کھیل جس میں ایک بچہ آنکھیں بند کر لیتا ہے اور باقی سب چھپ جاتے ہیں۔ پھر وہ انہیں تلاش کرتا ہے۔ جسے پہلے چھو لیتا ہے۔ وہ پکڑا جاتا ہے۔ اور اب اس کی باری آتی ہے۔ کہ آنکھیں بند کرے۔

آنکھ ملنا۔ آنکھیں چار ہونا۔ نظر سے نظر ملنا۔

آنکھ میلی کرنا۔ بے رُخی کرنا۔

آنکھ میلی نہ کرنا یا ہونا } صدمے کی پروا نہ کرنا تیور پر بل نہ آنا۔ مکدر نہ ہونا۔

آنکھ میں آنسو آنا ڈبڈبا آنا یا لانا۔ یا ڈبڈبانا } آبدیدہ ہو جانا۔

آنکھ میں آنکھ ڈالنا یا ملانا۔ } نظر سے نظر ملانا۔

دشتائی سے دیکھنا۔ (۲) گھور کر دیکھنا۔

آنکھ میں پٹی باندھنا (۱) آنکھ میں دوا ڈال کر پٹی باندھنا۔ (۲) کسی کی گردن مارنے سے پہلے بھی پٹی باندھتے ہیں۔

آنکھ میں خار (معلوم) ہونا } کھٹکنا۔ ناگوار ہونا۔

آنکھ میں سمانا۔ بہت پسند آنا۔

آنکھ میں کھبنا۔ آنکھوں کو بھلا معلوم ہونا۔

آنکھ میں کھٹکنا۔ بُرا معلوم ہونا۔ پسند نہ آنا۔

آنکھ میں نیل کی سلائی پھیرنا } اندھا کر دینا۔ آنکھ اوپر نہ کرنا

آنکھ نہ اُٹھانا آنکھ اوپر نہ کرنا۔ نظر نہ اٹھانا۔ شرم کرنا۔ بہت مشغول ہونے کی وجہ سے نظر اوپر نہ کرنا۔

آنکھ نہ ٹھہرنا۔ بہت چمکیلی یا روشن چیز پر نگاہ قائم نہ رہنا۔

آنکھ ہونا (۱) بصیرت ہونا (۲) نگاہ کسی طرف ہونا (۳) پرکھ ہونا۔

آنکھ اوجھل پہاڑ اوجھل یا آنکھ اوٹ پہاڑ اوٹ ـــ جو چیز آنکھوں کے سامنے نہیں، وہ اگر پاس ہی پڑی ہو تو بھی دُور ہی ہوتی ہے۔

آنکھوں آنکھوں میں۔ دیکھتے دیکھتے اشاروں میں۔

آنکھوں آنکھوں میں رات کٹنا ـــ } رات جاگتے گزار دینا۔ تمام رات نہ سونا۔

آنکھوں پر بٹھانا ـــ } بہت عزت سے پیش آنا

آنکھوں پر پٹی باندھ لینا } (۱) قتل کے وقت مجرم کی آنکھوں پر پٹی باندھی جاتی ہے (۲) کچھ دکھائی نہ دینا۔ (۳) غفلت کرنا (۴) بے مروّت ہو جانا۔

آنکھوں پر ٹھیکری رکھ لینا ـــ } بے شرم و بے حیا بن جانا۔

(۲) پروا نہ کرنا (۳) بے مروت ہو جانا۔

آنکھوں پر جگہ دینا تعظیم سے پیش آنا۔

آنکھوں پر چربی چھا جانا بے حیا، ہونا۔ بے باک ہونا۔

آنکھوں پر رکھنا۔ بہت عزت کرنا۔

آنکھوں پر لینا۔ بہت خاطر تواضع کرنا۔

آنکھوں پر ہاتھ رکھ لینا جھینپ جانا شرمندہ ہو جانا۔

آنکھوں تلے۔ آنکھوں کے سامنے نظر میں۔

آنکھوں تلے اندھیرا آنا۔ چکر آ جانا۔

آنکھوں تلے پھرنا۔ بہت خیال رہنا۔ بار بار دھیان آنا۔

آنکھوں دیکھا۔ خود دیکھا ہوا۔ چشم دید۔

آنکھوں سے۔ بسر و چشم۔ بہت بہتر۔ بہت خوشی سے۔

آنکھوں سے اوجھل ہو جانا۔ سامنے نہ ہونا۔ نظر سے غائب ہونا۔

آنکھوں سے تلوے سہلانا۔ بہت آرام دینا۔ بہت خدمت کرنا۔

آنکھوں سے (کا) نیل ڈھل جانا یا ڈھلنا مرتے وقت آنکھوں سے جو چند قطرے پانی کے نکلتے ہیں انہیں نیل کہتے ہیں مرنے کے قریب ہونا۔

آنکھوں کا اندھا گانٹھ کا پورا۔ بے وقوف امیر آدمی

آنکھوں کا پانی بہ جانا یا ڈھل جانا۔ بے مروت ہو جانا۔

آنکھوں کا تیل نکالنا۔ دیدہ ریزی کرنا۔

آنکھوں کا جادو۔ نگاہ کا اثر

آنکھوں کا کاجل چرانا۔ چالاکی کرنا۔ بہت چالاک ہونا۔

آنکھوں کا نیر اڑ جانا نیند نہ آنا۔

آنکھوں کی پتلی ۔ آنکھ کا تارا ۔ عزیز ۔

آنکھوں کی پتلیاں ۔ آنکھوں کی سیاہی

آنکھوں کے ناخن لو (ناخنہ آنکھوں کی ایک بیماری ہے) عقل سیکھو ۔ لیاقت حاصل کرو ۔

آنکھوں میں آنا ۔ نظروں میں سمانا ۔

آنکھوں میں پھرنا ۔ ہر وقت کسی کا خیال رہنا ۔

آنکھوں میں پی جانا ۔ شوق یا رغبت سے دیکھنا ۔ گھورنا ۔

آنکھوں میں تولنا ۔ جانچنا ، اندازہ کرنا ۔

آنکھوں میں ٹھنڈک پڑنا ۔ جی خوش ہونا ۔

آنکھوں میں چربی چھانا یا چھا جانا (۱) بصارت ہو جانا ۔ (۲) مغرور ہو جانا (۳) اچھے برے میں تمیز نہ کر سکنا ۔

آنکھوں میں چکا چوند آنا یا ہونا } چمک سے آنکھ جھپکنا ۔

آنکھوں میں خاک ۔ چشم بد دور ۔ نظر لگنے کے ڈر سے موقع پر کہہ جانا

آنکھوں میں خاک ڈالنا یا جھونکنا (۱) دھوکا دینا (۲) کھلی بات سے انکار کرنا ۔

آنکھوں دیکھے مکھی نہیں نگلی جاتی ۔ } دیکھ کر نقصان نہیں اٹھایا جاتا ۔

آنکھوں کے اندھے نام شیخ روشن یا نین سکھ } اس کی نسبت بولتے ہیں جو باوجود نادان ہونے کے دانائی کا دعوے کرے ۔

آنکھیں الٹ جانا ۔ پتلیاں چڑھ جانا ۔

آنکھیں اونچی نہ کرنا دیکھو "آنکھ اونچی نہ کرنا" ۔

آنکھیں بچھا دینا یا بچھانا ۔ کمال تعظیم

تعظیم سے پیش آنا۔

آنکھیں بدل جانا۔ (دیکھو "آنکھ الخ")

آنکھیں، بدل کر دیکھنا۔ دیکھو "آنکھ الخ"

آنکھیں بند ہونا یا ہو جانا (۱) سو جانا۔ (۲) مر جانا۔

آنکھیں پٹم ہو جانا۔ اندھا ہو جانا۔

آنکھیں پلٹ جانا (۱) مغرور ہو جانا۔ (۲) بے مروت ہو جانا۔

آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر دیکھنا غور سے دیکھنا۔ گھبرا کر دیکھنا۔

آنکھیں پھرنا یا پھر جانا (۱) موت کے وقت پتلیاں چڑھ جانا۔ (۲) مروّت ہو جانا۔

آنکھیں تلوؤں سے رگڑنا یا لگانا خوشامد یا پیار سے آنکھوں کو تلوؤں سے لگانا۔

آنکھیں تلی ہونا۔ نظروں سے آمادگی ظاہر کرنا۔

آنکھیں ٹھنڈی کرنا (۱) تسلی ہونا۔ (۲) آنکھوں کو ٹھنڈا پانی لگانا۔

آنکھیں چار کرنا۔ نظر سے نظر ملانا۔ ڈھٹائی سے دیکھنا۔

آنکھیں چار کرنا (۱) شرمانا۔ جھینپنا۔

آنکھیں چرا کر دیکھنا۔ کنکھیوں سے دیکھنا۔

آنکھیں چرا جانا۔ بے مروتی کرنا۔ شرمسار ہو جانا۔

آنکھیں سفید ہو جانا۔ اندھا ہو جانا

آنکھیں سینکنا۔ گھورنا۔ نظر بازی کرنا۔

آنکھیں کھل جانا۔ آنکھیں روشن ہو جانا۔ حقیقت کھل جانا۔ حقیقت دور ہو جانا۔

آنکھیں کھلی رہ جانا۔ حیران ہو جانا۔

آنکھیں مانگنا یا مانگتے پھرنا بینائی کا خواستگار ہونا۔

آنکھیں مٹکانا۔ ناز و نخرے سے آنکھوں کو حرکت دینا۔

آنکھیں مند جانا (۱) آنکھیں بند

کرلینا (۲) سو جانا (۳) مرجانا۔
آنکھیں ہونا۔ متنبہ ہونا۔ بصیرت ہونا۔
آنکھیں ہوئیں چار ｝ منہ دیکھے
دل میں آیا پیار ｝ کی محبت۔
آنکھیں ہوئیں اوٹ ｝ غیر حاضری
اور دل میں آیا کھوٹ ｝ میں خیال
بھی نہیں۔

(آ - و)

آوا (ہ۔ مذ) پزاوہ جس میں اینٹیں وغیرہ پکاتے ہیں۔ سفہ۔
آوارگی (ہ۔ مث) آوارہ ہونا نکما ہونا۔ بیہودگی۔
آوارہ - (ف۔ ص) لُچّا۔ گنڈا۔ بدچلن نکمّا۔
آوارہ گرد (ف۔ ص) بدچلن۔ نکمّا۔ ڈانواڈول۔
آواز (ف۔ مث) صدا۔ ندا۔ کھٹکا۔ آہٹ۔
آوازہ (ف) رہوا ج۔ ادستاوج (وج) مذ) شہرت۔ دھوم دھام ہونا
آواز بلند ہونا (۱) مشہور ہونا۔ دھوم مچنا۔
آواز کسنا (۲) طعنہ مارنا۔ چھیڑنا۔
آواگون (ہ) (س گمنا گمن۔ آنا جانا یعنی سرنا جیسا گمنا گمن لٹ کر اگمن مگن ہو گیا۔ اور اس سے آواگون بن گیا) مذ ہنود تناسخ ہندوؤں کا اعتقاد ہے کہ مرجانے کے بعد آدمی کی رُوح دوسرے جسم میں آتی ہے۔ اور اسی طرح کئی بار آتی جاتی ہے۔ اس مسئلہ کو آواگون کہتے ہیں۔
آورد (ف۔ مث) محنت سے کوئی بات پیدا کرنا۔ آمد کی ضد۔
آوردہ (ف) لایا ہوا۔ متوسّل۔ اپنا پیدا کردہ۔
آٹے کا آوا ہی بگڑا ｝ سارا
ہے یا خراب ہے ｝ خاندان ہی
نالائق ہے۔ سارا گروہ خراب ہے۔

آویزاں (ف-ص) لٹکا ہوا ÷

آویزہ (ف-مذ) بُندہ-جھُمکا-کان میں پہنے کا زیور ÷

آؤبھگت (ہ-مث) خاطر تواضع (کرنا-لینا-ملنا) ÷

(آ-ہ)

آہ (ف-مث) افسوس-ہائے ÷

آہِ رسا (ف-مث) اثر پیدا کرنیوالی آہ-دلدوز ÷

آہ بھرنا (۹) افسوس کرنا-بد دعا دینا ÷

آہ کرنا (ل) منہ سے آہ نکالنا ÷

آہ دبکا (ف-مث) رونا-پیٹنا-داویلا ÷

آہ وزاری (ف-مث) رونا پیٹنا ÷

آہ وفغاں (ف-مث) چیخ پکار ÷

آہٹ {ہ (س آہٹ-کسی چیز کا کسی چیز پر پڑنا) مث} پاؤں کی آواز-آہستہ آہستہ چلنے کی آواز-کھٹکا (پانا-سُننا لینا-ہونا-

- - - - - -

آہستگی (ف-مث) آسانی-نرمی ÷

آہستہ آہستہ (ف) ٹھہر ٹھہر کر-رفتہ رفتہ-آسانی سے ÷

آہن (ف-مذ) لوہا ÷

آہن پوش (و-مذ) فولادی چادروں میں

آہنگر (ف-مذ) لوہار ÷

آہنی (ف-ص) لوہے کا-مضبوط ÷

آہنگ (ف-مث) ارادہ-ڈھنگ-طرز-گانے کی آواز ÷

آہو [پہلوی آہو کی اوستا-آسو (دیز-پھر تبدیل ہو آشو) (مذ)] (۱) ہرن-مرگ-(۲) عیب-نقص ÷

آہوگیر (ف-ص) ہرن پکڑنے والا-عیب جُو-عیب میں ÷

آہوتی (ہ-مث) ہون کرنے کا ایک برتن ÷

(آ-ی)

آیا (پرتگیزی (س آئے) = وہ شخص جو عورتوں کی نگہداشت کرے-سنسکرت کے قاعدے سے مؤنث بنانے میں آیا ہوگیا)

مث } دائی دودھ پلانے
والی (ت) کلمہ استفہام۔

آیت (ع۔ مث) بائبل یا قرآن شریف
کا ایک فقرہ۔ عبادت کا
ٹکڑا نشان۔

آیات (ع۔ مث۔ ج) (واحد آیت)

آیت اللہ (ع۔ مث) اللہ تعالی کا نشان۔
خدا کی ہستی کی دلیل۔

آئندہ (ف) آنے والا مستقبل۔

آئندہ روند (ف۔ مذ) آنے جانے والا۔

آئی (ہ۔ مث) موت۔ اجل۔

آئین (ف۔ مث) قانون قاعدہ مجموعہ قوانین

آئینہ (ف۔ مذ) (یہ آہنہ یعنی آہن =
یہ ایجاد سکندریہ کی ہے)
واقف۔ مقابل۔ عکس۔ حیران۔
(تشبیہ) دل بردہ۔ منہ دیکھنے
کا شیشہ۔ صاف۔ ظاہر۔

آئینہ بندی (ف۔ مث) آراستگی سجاوٹ
کرنا۔ ہونا عموماً شہر کے لئے آتا ہے۔

آئینہ دکھانا (ہ) حقیقت ظاہر کرنا۔

آئینہ کردینا (ہ) واضح کردینا۔ روشن
کردینا۔

آئینہ ہونا۔ روشن ہو جانا۔

آئینہ اقتدار (ع۔ مذ) قانون کی رو
سے حاصل شدہ غلبہ۔

آئے دن (ہ) آئے دن۔ ہر روز۔ ہر گھڑی۔ وغیرہ

ب

اُردو عربی فارسی کا دوسرا حرف اس کی ابجدی قیمت ۲ ہے۔

با (ف۔ حرف) (۱) ساتھ سے۔ میں
لئے۔ پر (۲) شروع (۳) پے
در پے آنے یا ہونے کے
اظہار کے لئے جیسے دمبدم درمہ
سال بہ سال۔

باآسائش۔ آرام سے۔

بارادت ۔ ارادے سے ۔
باستثنا ۔ بغیر ۔ سوا ۔
باافراط ۔ کثرت سے ۔
باایں ریش وفش ۔ (طنزاً) اس داڑھی اور طرے کے ساتھ یہ صورت اور یہ حرکتیں ۔
بایں ہیئت کذائی ۔ اس شکل و صورت سے ۔ اس وضع قطع سے ۔
بباعث (اس) سبب سے ۔ وجہ سے
ببانگ دہل ۔ کھلے طور پر ۔ کھلم کھلا ۔
بپا ۔ قائم ۔
بپاس خاطر ۔ لحاظ سے ۔ لحاظ کی وجہ سے ۔
بتدریج ۔ رفتہ رفتہ ۔ تھوڑا تھوڑا کرکے ۔
بتراضی طرفین ۔ دونوں طرفوں یا بافریقین جماعتوں کی رضامندی سے ۔
بجا ۔ درست (طنزاً) نامناسب
بجاآوری (مث) تعمیل ۔ انجام دہی ۔
بجالانا ۔ پورا کرنا ۔ انجام کو پہنچانا ۔
بجائے ۔ بعوض ۔ قائم مقام ۔
بجائے خود (۱) بغیر کسی مدد کے ۔ (۲) ایک طرف ۔ اپنی جگہ پر ۔
بجز ۔ سوائے ۔ بغیر ۔
بجنسہ ۔ ہوبہو ۔ ٹھیک ٹھیک ۔
بچشم ۔ خوشی سے ۔
بحال ۔ اپنی حالت پر قائم ۔ برقرار ۔
بحال (۱) تندرست ہونا ۔ دوبارہ کام پر لگنا ۔
بحالی (۱ ۔ مث) برطرفی کے بعد پھر عہدے یا آسامی پر مقرر ہونا ۔
بحساب (فلاں) شرح سے (فلاں) حساب سے ۔
بحق ۔ حق میں معاملے میں ۔
بخیر ۔ خیریت سے اچھی طرح سے ۔
بخلوت ۔ تنہائی میں ۔
بدرجہا ۔ کئی درجے ۔ بہت زیادہ ۔

بدستور ۔ قاعدے کے مطابق ۔
عادت کے موافق ۔ پہلے کی طرح ۔
بذاتِ خاص یا خود ۔ خود آپ ۔
بہ نفسِ نفیس ۔
بذاتہٖ آپ خود
بروئے کار لانا ۔ عمل میں لانا ۔
بسبیلِ تذکرہ ۔ ذکر کرتے ہوئے ۔
باتوں باتوں میں ۔
بسر و چشم ۔ سر آنکھوں پر ۔
خوشی سے ۔
بطوعِ خاطر ۔ رضامندی سے ۔
بفحوائے ۔ مطلب کے موافق ۔
بفرضِ محال ۔ ناممکن بات کو فرض
کر کے ۔
بقولِ شخصے ۔ کسی کے قول کے
مطابق ۔
بقیدِ حیات ۔ زندہ ۔
بنظرِ تعمق ۔ غور کی نگاہ سے ۔ بڑے
دھیان سے ۔
بیک بینی و دو گوش ۔ تن تنہا ۔ اکیلا
بے غیرتی سے (رہ جانا ۔ نکالے
جانا وغیرہ)
ب (۶ حرف)
بالآخر ۔ آخرکار ۔
بالاجماع ۔ سب کے کہنے سے ۔ متفقہ
طور پر ۔
بالالتزام ۔ لازمی طور پر ۔ ضروری
طور پر ۔
بالتفصیل ۔ مفصّل طور پر ۔ واضح طور
پر ۔
بالطبع ۔ طبیعت سے ۔ طبعاً ۔ ذاتاً
بالفعل ۔ سردست ۔ فی الحال فعل
اور عمل میں ۔
بالقوہ ۔ خاصیت کے لحاظ سے ۔
بالفعل کا برعکس ۔
بالقابہ ۔ اپنے (دوسرے) القاب
کے ساتھ جب کسی شخص کے
بہت سے القاب ہوں تو وہ
ایک کا ذکر کر کے باقی القاب
کی جگہ بالقابہ لکھ دیتے
ہیں ۔
بالمشافہہ ۔ روبرو ۔ آمنے سامنے

بالمواجہہ - آمنے سامنے ÷

بعونہٖ - اس (یعنی خدا تعالیٰ) کی مدد سے ÷

بعینہٖ - بالکل وہی - ہُو بہُو ÷

بفضلہٖ - اس کی (یعنی خدا تعالیٰ کی) مہربانی سے ÷

با - (ف حرف رابط) (۱) ساتھ - پاس - مالک - باوجود ÷

باآنکہ - اس کے باوجود ÷

بااخلاص - مخلص - بے مطلب کے دوستی رکھنے والا ÷

بابرکات - برکتوں والا - خوش قسمت

باادب (ص) ادب کرنے والا - مؤدب - باتمیز (تابع فعل) ادب کے ساتھ ادب سے ÷

بااقتدار (ص) طاقتور - بااختیار - بااثر

باتدبیر (ص) مدبّر - ہوشیار ÷

باتمکین (ص) پُرشکوہ - شاندار - عالیشان

باب (ع - مذ) کتاب کا حصہ - معاملہ مطلب - مضمون زیر بحث ÷ (ابواب جمع)

باتمیز - تمیز والا - باادب - خوش اطوار - شائستہ ÷

بادل وجان - جان و دل سے نہایت خوشی سے ÷

باضابطہ - باقاعدہ - قاعدے کے مطابق - قانون کے مطابق ÷

بافراغت اچھی طرح سے - آرام ÷

باکمال - خوبی والا - کمال والا ÷

باوجودیکہ - اگرچہ - گو ÷

باوضع - وضعدار - اچھی روش کا پابند ÷

باؤلا (ہ - مذ) پاگل - دیوانہ - احمق ÷

باوفا (ص) وفادار - بات کا پورا کرنے والا - قول و قرار کا سچا ÷

باوقار (ص) عزت والا - تمکنت والا - دبدبے والا ÷

باہم - اکٹھے - مل کر - یکجا - شرکت میں - آپس میں ÷

بابا (ف - مذ) اے بابا - اے حضرت - جناب - سکھوں کے ایک فرقے کے

ازاد کا خطاب۔ باباسنت سنگھ

باپ، دادا، فقیر، بزرگ۔

بابت (ع) واسطے۔ نسبت

بابل (ہ۔ مذ) باپ پدر

بابل۔ بابِل۔ بابَل (ع۔ مذ) دریائے

فراعت کے کنارے ایک

مشہور شہر تھا۔ اس کے کھنڈرات

اب بھی پائے جاتے ہیں۔

بات (ہ) (س وارتا۔ ورت = بولی)

مث) لفظ۔ قول۔ سخن۔ کلمہ۔ منگنی

بات پچانا (ہ) بات پوشیدہ رکھنا۔

ضبط کرنا۔

بات پوچھنا۔ خبر لینا۔ حال

دریافت کرنا۔

بات کا بتنگڑ بنجانا۔ تھوڑی سی بات

کا بڑھ جانا۔

بات میں بات پیدا کرنا۔ نئی بات سا

نکالنا۔

باتوں میں لگانا۔ باتیں بنا کر دل

نرم کر لینا۔

باتوں باتوں میں۔ (تنائے کلام میں)

میں۔ یکایک۔

باتیں بنانا۔ شیخی بگھارنا۔ اپنی

تعریف آپ کرنا۔

باٹ (ہ۔ مث) راہ۔ انتظار (منتظر) (سڑک)

باٹ (ہ۔ مذ) (ا) تولنے کے اوزان

باٹ دیکھنا (ہ) انتظار کرنا۔

باج (ف۔ مذ) محصول۔ ٹیکس۔

باجگزار (ف۔ مذ) سرکاری محصول

ادا کرنے والا۔ ماتحت۔

باچھ (ہ) (س۔ باکش = منہ، ہونٹ)

مث) گوشۂ لب (ج۔ باچھیں)

باچھ کرنا (حنیدہ) جمع کرنا۔

باچھیں آنا۔ ہونٹوں کے کونوں کا

ٹپک جانا۔

باچھیں تھوڑی تک آنا۔ بہت ہنسنا

اور خوش ہونا۔

باچھیں کھل جانا (ہ) نہایت

خوش ہونا۔

باد (ف) (س وات = ہوا) مث) ہوا

بادپا (ف۔ ص) تیز قدم (کنایتً) گھوڑا۔

بادرفتار (ف۔ ص) ہوا کی مانند تیز چلنے والا

تیز چلنے والا گھوڑا۔
بادِزن (ف۔ مذ) پنکھا۔
بادِسموم (ف۔ مث) سخت زہریلی ہوا۔
بادِشرط (ف (شرط = نشان) مث) موافق ہوا۔
بادِصبا ۔ (ف۔ مث) صبح کی سرد ہوا نسیم۔
بادِفر (ف۔ مث) پھرکی۔ لڑکوں کا ایک کھلونا جو کبھی کاغذ اور کبھی چمڑے کا بناتے ہیں۔
بادکش (ف۔ مذ) لٹکنے والا پنکھا۔ جس کو رسّی لگا کر چلاتے ہیں۔
بادگرد ۔ (ف۔ مذ) بگولا۔
بادلہ (ہ۔ مذ) سونے چاندی کے تار۔
بادنجان (ف۔ مذ) بینگن۔
بادِمخالف (ف۔ مث) مخالف ہوا۔ وہ ہوا جو کشتی کی مخالف سمت سے چلے۔
بادموافق (ف۔ مث) وہ ہوا جو کشتی کو چلنے میں مدد دے۔
بادام (ف۔ مذ) ایک مشہور میوہ ہے (مجازاً) معشوق کی آنکھ

بادبان (ف۔ مذ) جہاز کا مستول پال۔
بادشاہ (ف (پادشاہ کا مہنّد = پاد = تخت = شاہ = خداوند۔ پاد بمعنی رتبہ ہونے کے سبب سے پ کے ساتھ مکردہ خیال کیا جاتا ہے۔ اس لئے ب کے ساتھ یہ لفظ لکھتے اور بولتے ہیں) مذ) شاہ۔ راجہ۔
بادل (ا (بھاشا۔ بادرتن بارُو) مذ) ابر۔ گھٹا۔
بادہ (ف (باد ۔ ہوا؛ ہ نسبتی؛ لطافت کی وجہ سے ہوا سے نسبت دی گئی ہے) مذ) پیالہ۔ شراب۔
بادۂ غفلت (ف۔ مذ) غفلت کی شراب۔ بے پروائی۔
بادہ نوش (ف۔ مذ) شراب پینے یا بادہ کش والا شرابی
بادِہوائی (ا۔ مذ) بھولا ہوا۔ نکما آوارہ
بادیُ النظر (ع) سرسری نظر۔ پہلی نظر
بادیان (ف۔ مث) سونف
بادیہ (ف (ت بادیہ = بڑا پیالہ) مذ) تانبے کا بڑا پیالہ یا کٹورہ۔

بادیہ (ع۔ مذ) جنگل۔ دشت۔ بیابان

باڈیگارڈ (Body-Guard) (انگ۔ مذ) ذاتی محافظ ؛

بار (ف۔ مث) دفعہ۔ غم۔ فکر۔

بارآور (ف۔ ص) پھل لانے والا۔ پھلدار۔ حاملہ۔ نتیجہ خیز ؛

بارائٹ لا (Bar-at law) (انگ۔ مذ) بیرسٹر ؛

بارایسوسی ایشن Bar-Associa-tion (انگ۔ مث) وکلا کی انجمن ؛

بارروم (Bar-room) (انگ۔ مذ) وکیلوں کے بیٹھنے کا کمرہ کچہری میں ؛

باربرداری (ف۔ مث) سامان لیجانے کے ذرائع۔ گاڑی کا کرایہ ؛

بارِ خاطر (ف۔ مذ) ناگوار۔ ناپسند ؛

باردار (ف) حاملہ۔ بوجھ والا۔ میوہ دار ؛

بارگیر (ف۔ مذ) بوجھ لادنے اتارنے والا ؛

باراں (ف) (بار۔ باریدن سے امر کا صیغہ ؛ ان علامت فاعلیت) مذ کر بارش۔ مینہ ؛

بارانی (ف۔ ص) وہ زمین جو بارش کے پانی سے سیراب ہوتی ہو۔ (مث) پانی بند کپڑے کا کوٹ جو بارش میں پہنتے ہیں ؛

باربر (Barber) (انگ۔ مذ) نائی۔ حجام ؛

بارش (ف (ص و اسم) مینہ) مث ؛ مینہ ؛

بارگاہ (ف۔ مث) عدالت۔ کچہری دربار ؛

بارِ مشقت (ف۔ مذ) مشقت کا بوجھ ؛

بارہ امام (و۔ مذ) مسلمانوں کے پیشوایان دین جو آنحضرتؐ کے اہل بیت سے ہوئے ہیں۔ یعنی حضرت علیؓ۔ حسنؓ۔ حسینؓ۔ زین العابدینؓ۔ باقرؓ۔ جعفر صادقؓ۔ موسیٰ کاظمؓ۔ علی رضاؓ۔ محمد تقیؓ۔ محمد نقیؓ۔ حسن عسکریؓ۔ مہدی امامیہ فرقہ کے لوگ ان کو خصوصیت سے مانتے

ہیا۔

بارہ دری (ف۔مث) بارہ دروازوں کا مکان۔بیٹھک ؛

بارہا (ف۔۔واحدبار) کئی دفعہ۔باربار؛

باری تعالیٰ (ف۔مذ) خدائے بزرگ و برتر؛

باریاب (ف۔مذ) کامیاب۔ملاقات کی اجازت پانے والا؛

باریک (ف۔ص) مہین۔مشکل ؛

باریک بین (ف۔ص) رموزداں۔دانا۔

باریکی نکالنا (و) نکتہ چینی کرنا۔اعتراض کرنا؛

بارک ماسٹر (انگ۔مذ) فوجی مکانات کا محافظ (اصلی انگریزی لفظ (Barrack Master) ہے؛

باڑھ (ہ۔مث) دھار۔بہت سی بندوقوں یا توپوں کا ایکدم چلنا؛

باڑھ مارنا (ہ) کئی توپوں یا بندوقوں کا ایک ساتھ داغنا؛

باز (و۔مذ) ایک پرندے کا نام ہے؛

بازآنا (و) چھوڑ دینا۔توبہ کرنا؛

بازار (ف(۔ابازار۔ابا = مال + زار کلمہ ظرف یعنی مال بکنے کی جگہ) مذ ؛ منڈی۔دکانوں کا سلسلہ بکری۔خرید و فروخت کی مستقل جگہ بازار کہلاتی ہے۔ اور جہاں جہاں کبھی کبھی ہوتا ہے ہاٹ کہتے ہیں۔

بازارگرم (و) رونق ہونا۔بہت خرید و فروخت ہونا؛

بازپرش (ف۔مث) تحقیقات۔جواب طلبی۔پوچھ گچھ؛

بازگشت (ف۔مث) واپس آنا۔پھرنا۔

بازِندہ (ف۔مذ) کھلاڑی؛

بازو (ف۔مذ) کہنی سے شانے تک کا حصہ پرندے کا پر؛

بازوتولنا (ہ) پرندے کا اڑنے کے لئے تیار ہونا۔آمادہ ہونا؛

بازوبند (ف۔مذ) تعویز۔بازو پر باندھنے کا زیور؛

بازی لیجانا (و) فتح پانا۔غالب آجانا؛

بازیچہ (ف۔ مذ) کھیل
بازیگاہ (ف۔ مث) کھیلنے کا میدان۔
بازیگر (ف۔ مذ) تماشا کرنے والا مداری۔
باس (ہ۔ مث) بُو۔
باسن (ہ۔ مذ) برتن۔
باسی (ہ۔ مذ) رات کا بچا کھچا کھانا۔
باسی عید (ا۔ مث) عید کا دوسرا دن۔
باسی کڑھی میں اُبال آنا۔ } بعد از وقت جوش آنا۔
باش (ف) صیغہ امر۔ ٹھیر جا۔
باشندہ (ف۔ مذ) رہنے والا ساکن
باصر (ع۔ مذ) دیکھنے والا۔
باصرہ (ع۔ مث) دیکھنے کی قوت۔
باطل (ع۔ ص) جھوٹا۔ بے اصل۔
باطن (ع۔ مذ) اندر دل۔ پوشیدہ۔
باعث (ع۔ مذ) سبب وجہ (جمع بواعث)
باعثِ فخر / باعثِ ناز } (ع۔ مذ) فخر اور ناز کا سبب۔
باغ (ف۔ مذ) پھلواڑی۔ گلزار (یہ لفظ عربی اور فارسی دونوں زبانوں میں ہے۔ عربی میں اس کی جمع بیغان ہے)
باغباں (ف۔ مذ) مالی
باغ باغ ہونا (ہ) بہت خوش ہونا۔
باغی (ف۔ مذ) بغاوت کرنے والا سرکش [illegible]
باغیانہ (ف۔ ص) باغیوں کی طرح بغاوت پھیلانے والی۔
باغیچہ (ف۔ مذ) چھوٹا باغ
بافت (ف۔ مث) بناوٹ۔
باقر خانی (ف۔ مث) سوکھی روٹی جو شکر دودھ اور میدہ ملا کر تنور میں پکائی جاتی ہے۔
باقی (ع۔ مث) بچی ہوئی چیز۔
باک (ف۔ مذ) ڈر، خوف خطر۔
باکرہ (ع۔ مث) کنواری لڑکی۔
باگ (ہ۔ مث) عنان۔ لگام۔
باگ اُٹھانا۔ گھوڑا دوڑانا۔
باگ ڈھیلی کرنا (ا) فعل مختار کرنا۔ آزادی دینا۔
بال (ہ۔ مذ) بچہ۔ رُواں۔ گیہوں وغیرہ کا خوشہ
بال آنا (ہ) شگاف پڑنا۔ دراڑ آنا۔

بال بال بچنا ۔ (ہ) ذرا سا نقصان۔ صاف بچ جانا۔ مرتے مرتے بچنا۔

بال بیکا نہ ہونا (ہ) ذرا سا نقصان بھی نہ ہونا۔

بال بھونری کی پہچان کرانا۔ بال بھونری گھوڑے کا ایک عیب گنتا ہے۔ اسکی پہچان کرانا

بال بڑھانا۔ بال رکھنا۔ منڈوانا۔

بالا (ہ۔ مذ) کان میں پہننے کا زیور۔

بالا (ف) اوپر کا۔ مذکورہ۔

بالا بالا (ف) اوپر ہی اوپر۔ پوشیدہ۔ خفیہ۔ بے اطلاع

بالاپر (ا۔ مذ) انگرکھے کا بڑھا ہوا دامن۔ اچکن کے اوپر کا حصّہ پردہ۔ پردہ کا دامن

بالاپوش۔ (ف۔ مذ) لحاف۔ غلاف پلنگ پوش۔

بالاخانہ (ف۔ مذ) چوبارہ

بالادست (ف۔ص) اوپر کا افسر۔

بالانشین (ف۔ مذ) میر مجلس۔ کرسی نشین۔ امیرانہ

بالائی (ف) اوپر کی سطح کی (ف۔ مث) دودھ کی بالائی۔

بالائی یافت (ف۔ مث) تنخواہ کے علاوہ اوپر کی آمدنی رشوت وغیرہ

بالائے طاق۔ الگ۔ علیحدہ۔

بالائے طاق رکھنا۔ پروا نہ کرنا ؎

بالشت (ہ (ق بتا ست) لکھنؤ میں مذکر دہلی میں مؤنث } انگوٹھے کی نوک سے چھنگلیاں۔ کی نوک تک کا فاصلہ۔ بارہ انگل کا پیمانہ۔

بالشتیہ (ع) بالشت کے برابر آدمی۔ پست قد۔ بونا۔

بالغ (ف۔ص) لفظی معنی پہنچنے والا۔ مراد پورا جوان۔ بلوغیت کی حد کو پہنچا ہوا۔ ہوشیار

بالغ نظر (ف۔ مذ) گہری نظر والا۔ تاڑ جانے والا۔

بالم (ہ۔ مذ) عاشق۔ خاوند۔

بالمیک (ہ۔ مذ) پرانے زمانے کے ایک مشہور ہندو شاعر کا نام ہے۔ جس نے راماین لکھی ہے ؎

بالو (ہ۔مذ) ریت۔ریگ ؛

بالو کی دوات (ہ۔مث) تحریر کو خشک کرنے کے لئے ریت ڈالنے کا برتن ؛

بالیدگی (ف۔مث) بڑھنا۔نشوونما ؛

بالین (ف (بال معروف۔ین کلمہ نسبت) مذ) سرہانہ۔تکیہ ؛ (تکیے میں پر بھرتے ہیں) ؛

بام (ف۔مذ) کوٹھا۔چھت۔بالاخانہ ؛

بانبی (ہ۔مث) سانپ کے رہنے کا سوراخ

بانجھ (ہ۔ص) وہ عورت جسکی اولاد نہ ہوتی ہو ؛

بانڈ (BOND) (انگ مذ) تمسک۔اقرارنامہ ؛

بانک (ہ (س ونک = ٹیڑھا ہونا) مذ) (۱) دریا کا گھماؤ (۲) خنجر (۳) ایک قسم کی خمدار چھری (۴) سپاہ گری کا ایک فن جس میں بیٹھکر یا لیٹ کر خمدار چھریوں سے کھیلتے ہیں ؛

بانکا (ہ۔مذ) البیلا۔ترچھا ؛

بانکپن (ہ۔مذ) البیلاپن۔جوانی۔بہادری۔نازوانداز ؛

بانکی ادا (ہ۔مث) نرالا ڈھنگ۔معشوقانہ انداز ؛

بانگ (ف (س واک = آواز) مث) آواز۔اذان۔مرغ کی بانگ ؛

بانگ درا (ف۔ (بانگ = آواز، درا = جرس) مث) قافلہ رخصت ہونے کا اعلان ؛

بانو (ف۔مث) بیگم۔بیوی۔خاتون ؛

بانی (ع۔مذ) بنیاد رکھنے والا۔شروع کرنے والا ؛

بانی (ہ (س وانی = زبان، تقریر) مث) آواز نصیحت ؛

باؤ (ہ۔مث) ہوا ؛

باور (ف۔مث) یقین بھروسہ۔اعتبار ؛

باورچی (ت (زہ معتبر) مذ) کھانا پکانے والا ؛

باولا (ہ۔مث) پاگل۔بےوقوف۔دیوانہ

باؤلی (ہ۔مث) سیڑھی دار کنواں ؛

بائیسکل (BICYCLE)

(انگ۔مث)

(انگ۔ مث) مشہور دو پہیہ گاڑی ؛

بائیبل (Bible) (انگ۔ مث) توریت اور انجیل کا مجموعہ ؛

بائیسکوپ (Bioscope) (انگ۔ مذ) متحرک تصویروں کا تماشہ ؛

بائدو شاید (ف) جیسا کہ چاہیے ؛

بائع (ع۔ مذ) بیچنے والا ؛

بائیکاٹ (BOYCOTT) (انگ۔ مذ) مقاطعہ۔ قطع تعلق ؛

بائیں ہاتھ کا کھیل یا کرتب } (ہ) بہت آسان کام ؛

(ب۔ ب)

ببر (ع۔ مذ) ایک قسم کا بڑا شیر

ببول (س ببور) مذ) کیکر ؛

ببولا (ہ۔ مذ) بگولا ؛

ببی (ہ۔ مث) بوسہ ؛

(ب۔ پ)

بپتسمہ (ع۔ مذ) عیسائی بنانا اور پانی چھڑکنے کی رسم (اصل انگریزی لفظ BAPTISM) ہے ؛

بپتا (ہ۔ مث) مصیبت۔ آفت ؛

بپھرنا (ہ) بگڑنا۔ جوش میں آنا ؛

(ب۔ ت)

بُت (ف۔ مذ) پتھر کی مورتی۔ معشوق

بُت بن جانا بالکل ساکن اور خاموش ہو جانا۔ چپ ہو جانا ؛

بُت پرست (ف) بت کی پوجا کرنے والا

بُت تراش (ف) بُت تراشنے والا۔ بت بنانے والا ؛

بُتخانہ یا بتکدہ (ف۔ مذ) بُت رکھنے کی جگہ۔ شوالہ۔ مندر ؛

بُتّا (ہ۔ مذ) فریب۔ دھوکا ؛

بتاؤ نہیں آئی۔ یعنی بارش کی کثرت کے سبب سے زمین اتنی خشک نہیں ہوئی۔ کہ ہل جوتے

- - - - - - - -

- - - - - - - -

بَتادِی نیبو (ہ۔ مذ) چکوترا ؛

بتنگ (و۔ص) تنگ۔ عاجز۔ غیر صحیح لفظ جو ان پڑھ لوگ تنگ کی جگہ بولتے ہیں ؛

بتنگڑ (ہ۔مذ) ذرا سی بات کو بہت بڑھا دینا۔ نہایت مبالغہ ؛

بتورا (ہ۔مذ) خشک اُپلوں کا مینار نما ڈھیر۔ بھبیا بتورا ؛

بتول (ع۔ص) تارک الدنیا۔ حضرت رسول کریم صلعم کی بیٹی حضرت فاطمہ کا لقب ؛

بتھوا (ہ۔مذ) ایک قسم کا ساگ ؛

بتیس دانتوں میں زبان (ہ) ہر طرف سے گھرا ہوا۔ دشمنوں کے نرغے میں ؛

بتیسی (و۔مث) دانتوں کی دونوں لڑیاں۔ کل دانت ؛

(ب۔ٹ)

بٹ (ہ۔مذ) تولنے کے باٹ۔ ٹکڑا۔ (ہ۔مذ) کمی۔ گھاٹا۔ بلٹے کی تصغیر۔ تولنے کا وزن۔ دھبہ۔ عیب ؛

بٹا لگنا (ہ) حرف آنا۔ بدنامی ہونا ؛

بٹا لگانا (ہ) بدنام کرنا ؛

بٹائی (ہ۔مث) تقسیم ؛

بٹن (BUTTON) (انگ۔مذ) بوتام۔ تکمہ۔ گھنڈی ؛

بٹنگ (ہ۔مذ) کشمیری ناشپاتی ؛

بٹوا (ہ۔مذ) روپے پیسے رکھنے کا چھوٹا سا چمڑے کا کیسہ ؛

بٹوا سا قد (ہ۔مذ) چھوٹا اور گول قد۔ بوٹا سا قد۔ ٹھگنا سا قد ؛

بٹورنا (ہ) اکٹھا کرنا۔ چالاکی سے جمع کرنا۔

بٹھک (ہ۔مذ) دیمک کا گھر ؛

بٹیر (ہ) دہلی میں مؤنث۔ لکھنؤ میں مذکر و مؤنث دونوں طرح) ایک چھوٹا سا پرند جسے لوگ پالتے ہیں۔ اس کا گوشت بھی کھایا جاتا ہے ؛

(ب۔ج)

بجٹ (BUDGET)

(انگ۔مذ)

(انگ۔مذ) اندازہ۔ آمد و جمع اور خرچ کا اندازہ۔ میزانیہ ۔

بجلی (و۔مث) برق۔ چمک۔ بادل کی چمک ۔

بجلی گرنا (و) مصیبت آنا۔ بجلی کا شعلہ گرنا ۔

بجھانا (ہ) آگ پر پانی ڈالنا۔ چاندی سونا لوہا گرم کرکے پانی میں ڈالنا ۔

بچار (ہ۔مذ) سوچ۔ فکر۔ اندیشہ ۔

بچانا (ہ) حفاظت کرنا۔ جمع کرنا ۔

بچاؤ (ہ۔مذ) حفاظت۔ عذر۔ بہانا ۔

بچپن (ہ۔مذ) لڑکپن۔ کمسنی ۔

بچت (ہ۔مث) بقایا۔ نفع۔ فائدہ ۔

بچن (ہ۔مث) قول۔ بات۔ وعدہ ۔

بچوں کا کھیل (ہ۔مذ) آسان بات ۔

بچہ (ہ۔مذ) بال۔ چھوٹی عمر والا۔ نادان ۔

بچولیا (ہ۔مذ) ثالث۔ بات طے کرانے والا ۔

بچھڑا (ہ۔مذ) گو سالہ۔ گائے کا بچہ ۔

بچھڑ جانا (ہ) جدا ہونا ۔

بچھو (ہ۔مذ) ایک زہریلا جانور۔ کژدم ۔

بچھونا (ہ۔مذ) بستر۔ فرش ۔

بچھیرا (ہ۔مذ) گھوڑی کا نر بچہ ۔

(ب ۔ ح)

بحث (ع۔مث) چھان بین کرنا۔ جھگڑا۔ گفتگو۔ مناظرہ ۔

بحثا بحثی (و۔مث) جھگڑا۔ گفتگو ۔

بحر (ع۔مذ) سمندر (ج بحار) شعر کا وزن (جمع بحور)

بحران (ع۔مذ) بیماری کا زور۔ شدت مرض ۔

بحری (ع۔ص) سمندری ۔

بحری ڈاکہ (و۔مذ) سمندری ڈاکہ۔ جہازوں کا لوٹنا ۔

بحری جہاز (و۔مذ) وہ جہاز جو سمندر میں چلے ۔

بحری بیڑا (و۔مذ) ان جہازوں کا مجموعہ جو کسی ملک کی حفاظت کے لئے مقرر ہوتے ہیں ۔

بحور (ع۔ مذ۔ ج) (واحد بحر) اوزان شعر۔

(ب ۔ خ)

بُخار (ع۔ مذ) حرارت۔ تپ۔ بھاپ۔ (بخارات جمع)۔

بُخارا (ف۔ مذ) ترکستان کے ایک مشہور شہر کا نام ہے۔ جس کی طرف حضرت امام بخاری رح منسوب ہیں۔

بُخار چڑھنا (و) جسم گرم ہونا۔ کسی سے لڑنا

بخار نکالنا (و) دل کا جوش نکالنا۔ غصہ اُتارنا۔ حسرت نکالنا۔

بخت (ف۔ مذ) نصیب۔ قسمت۔

بخت آزمائی (ف۔ مث) نصیبت آزمائی کرنا۔ کوشش کرنا۔

بختاور (ف۔ ص) خوش قسمت۔ اچھے بخت والا۔

بختے (ف و ا ت: بختہ: وہ چیز جس کا چھلکا آتار لیا گیا ہو) مذ کی دلے ہوئے بھُنے ہوئے چنے جن کا چھلکا اُتار لیا گیا ہو۔ اس کا واحد اُردو میں مستعمل نہیں۔

بختیار (ف۔ ص) خوش نصیب۔ بخت والا۔

بخرہ (ف۔ مذ) حصہ۔ ٹکڑا۔ بخرا کرنا۔

بخشش (ف۔ مث) انعام۔ مہربانی

بخشندہ (ف۔ مذ۔ مث) بخشنے والا۔ دینے والا۔

بخشی (ف۔ مذ) فوج کی تنخواہ بانٹنے والا۔

بُخل (ع۔ مذ) لالچ۔ طمع۔ حرص۔ کنجوسی تنگ دلی۔

بخیل (ع) کنجوس۔ تنگ دل۔ (جمع بُخلا)۔

بخیلی (ف۔ مث) تنگ دلی۔ کنجوسی۔

بخیہ (ف۔ مذ) دوہری سلائی۔ پکا ٹانکا۔

بخیے اُدھیڑنا (و) راز فاش کرنا۔ سیون ادھیڑنا۔

(ب ۔ د)

بد (ف۔ ص) بُرا۔ خراب۔ شریر۔ فسادی

بداخلاق (ف۔ ص) نالائق۔ بداطوار۔

بداُصولی (ف۔ مث) بے ڈھنگاپن۔

بداصل (ف۔ ص) کم ذات۔

بداطوار (ف۔ص) جس کے طور طریقے اچھے نہ ہوں ؛

بدانتظامی (ف۔مث) بدعمل اندھیرا خرابی ؛

بداندیش (ف۔ص) دشمن ۔ بُرا چاہنے والا ؛

بدباطن (ف۔ص) بددل۔ جو آدمی دل کا بُرا ہو ؛

بدبخت (ف۔ص) بدنصیب ۔ بدقسمت ؛

بدبو (ف۔مث) خراب۔ سڑاندھ ؛

بدپرہیزی (ف۔مث) پرہیز نہ کرنا ۔ بے احتیاطی ؛

بدتر (ف۔ص) بہت بُرا ؛

بدتہذیبی (ف۔مث) تہذیب کا نہ ہونا۔ بے تمیزی ؛

بدچلن (ف۔ص) بدکار۔ بدمعاش ؛

بدحواس (ف۔ص) بے عقل۔ بیہوش

بدحال (ف۔ص) ردّی حالت والا بُرا حال ؛

بدخلق (ف۔ص) بدمزاج۔ اکھڑ۔ بدسلوک ؛

بدخوے (ف۔ص) بدعادت۔ بدمزاج ؛

بدخوابی (ف۔مث) نیند میں بے چین رہنا۔ اچھی طرح نہ سوسکنا ؛

بدخواہ (ف۔ص) بُرا چاہنے والا ۔ دشمن ؛

بدخواہی (ف۔مث) دشمنی ؛

بددعا (ف۔مث) بری دعا کرنا۔ کوسنا ؛

بددل (ف۔ص) ناراض دل۔ برداشتہ ؛

بددماغ (ف۔ص) مغرور۔ چڑ چڑا ؛

بددماغی (ف۔مث) غرور چڑ چڑا پن ؛

بددیانت (ف۔ص) خیانت کرنے والا۔ فریبی ؛

بدذات (ف۔ص) کمینہ۔ شریر ؛

بدرکاب (ف۔ص) شریر گھوڑا ؛

بدزبان (ف۔ص) بُرا کہنے والا۔ گالی گلوچ دینے والا ؛

بدزیب (ف۔ص) بدموزوں ؛

بدسلوکی (ف۔مث) بداخلاقی ۔ بُرا سلوک کرنا ؛

بدشگونی (ف۔مث) نحوست۔ بری فال ؛

بدطینت (ف.ص) بُری خصلت والا۔
بدظن (ف.ص) بُرا خیال رکھنے والا۔
بدگمان ؛
بدعملی (ف.مث) بے انتظامی۔ خرابی۔
بدعنوانی (ف.مث) گستاخی ؛
بدعہد (ف.ص) وعدہ خلاف۔
بے وفا ؛
بدفعلی (ف.مث) بدکاری۔ بدچلنی ؛
بدقمار (ف.ص) بُری چال چلنے والا۔
اناڑی ؛
بدکار (ف.مث) بدچلن۔ خراب ؛
بدگمان (ف.ص) بُرا گمان رکھنے
والا۔ شکی۔
بدگمانی (ف.ص) بدظنی۔ بے جا شبہ
کرنا ؛
بدلگام (ف.ص) شریر گھوڑا۔ بے
ادب۔ مُنہ پھٹ ؛
بدمزاج (ف.ص) غصے والا۔
چڑچڑا ؛
بدمزگی (ف.مث) بے لطفی۔ رنجش
بگاڑ ؛

بدمست (ف.ص) بیہوش۔ شریدہ
بدمعاش (ف.ص) شریر۔ گنڈا۔
بدخلق ؛
بدمعاشی (ف.مث) بدچلنی۔ شرارت ؛
بدمعاملگی (ف.مث) لین دین میں
صفائی نہ رکھنا ؛
بدمعاملہ (ف.ص) لین دین کا کھوٹا۔
بددیانت ؛
بدنام (ف.ص) ذلیل۔ رُسوائی ؛
بدنصیب (ف.ص) بدقسمت۔ بکمبخت ؛
بدنما (ف.ص) بدزیب۔ بدشکل۔
بدنیت (ف.ص) جس آدمی کی نیت
اچھی نہ ہو ؛
بدوضع (ف.ص) بدصورت۔ بدنما ؛
بدہضمی (ف.مث) ہضم نہ کرنا۔ گرانی
پیٹ میں گڑبڑ ہونا ؛
بدا (و.مث) وداع کی بگڑی ہوئی
شکل ؛
بداؤں کے للّا (ص) (مجازاً) بھولا بھالا
سادہ لوح۔ بداؤں کے باشندوں
کے متعلق خیال کیا جاتا ہے

کہ وہ بہت بھولے بھالے
ہوتے ہیں ؛
بدر (ف) باہر ؛
بدررو (ف۔مذ) گندہ نالہ ؛
بدر (ع۔مذ) چودہویں رات کا چاند ؛
بدرقہ {ف (معرب بد (بہ) بد = محافظ۔ رقہ = وہ = راہ۔ راستہ) مذ}
رہنما محافظ۔ وہ دوا جو کسی دوسری
دوا کے ہمراہ کھائی
جاتی ہے ؛
بدرقہ حساب وہ حساب جو خزانچی چالان
کے ذریعے سے خزانے میں
بھیجتا ہے۔ مال کا بیجک۔
مال بھیجنے والا محصول ؛
بدعت (ع۔مث) دین میں کوئی نئی بات
نکالنا ؛
بدعتی (ف۔ص) دین میں نئی بات پیدا کرنیوالا
بدکنا (ہ) گھوڑے کا ڈرنا۔ چوکنا ہونا۔
بدل (ع۔مذ) بدلہ۔ عوض۔ معاوضہ ؛
بدل ما یتحلل (ع۔مذ) وہ چیز جو بدن میں
تحلیل ہو جانے والے اجزاء کا
عوض بنے۔ یعنی وہ غذا جو ہضم
ہوکر بدن کا حصہ بن جائے ؛
بدلہ {ع (بدل = معاوضہ) مذ} عوض۔
اجر۔ صلہ۔ ہرجہ۔ تاوان۔ انتقام
(اُتارنا۔ اُترنا۔ پانا۔ دینا۔ کرنا۔
لینا) ؛
بدلی (ہ۔مث) تبدیلی۔ بادل کی تصغیر
بدن {ع (= دھڑ۔ عضو۔ ت جسم۔
س دان = دہانہ۔ چہرہ) مذ}
جسم۔ تن (ابدان جمع)
بدن پر رونگٹے کھڑے ہونا } (ہ) خوف یا سردی۔
سے جسم کے رونگٹوں
کا کھڑا ہو جانا (مجازاً) خوف
کھانا۔ ہیبت چھانا ؛
بدنا (ہ) شرط لگانا۔ بازی لگانا ؛
بدنی (ف۔ص) جسمانی ؛
بدنی (ہ۔مث) پیداوار کے خریدنے کا معاہدہ
بدھنا (ہ۔مذ) مٹی کا ٹونٹی دار لوٹا ؛
بدھنی (ہ۔مث) مٹی کا چھوٹا سا لوٹا ؛
بدھو {ہ (س دے = بغیر۔ دھوا =
شوہر) مث} رانڈ۔ بیوہ ؛

بدّیا [؟] (سں وِدّ = جاننا) مث } علم و ہنر۔ شاستروں کا علم ÷

بدّیا وان (ہ۔مذ) پڑھا لکھا۔ اُستاد ÷

بدی (ف۔مث) برائی ÷

بدیسی [؟] (سں ودیش = دوسرا غیر دیش۔ ملک + ی نسبتی) اس } دوسرے دیس کا مسافر دیسی یا سودیشی کی ضد ÷

بدیہہ (ع۔ص) برموقع۔ برمحل۔ ظاہر ÷

بدیہی (ع۔ص) روشن۔ واضح۔ جس میں دلیل کی حاجت نہ ہو ÷

(ب۔ذ)

بذل (ع) خرچ کرنا۔ سخاوت۔ بخشش ÷

بذلہ (ع۔مذ) لطیفہ۔ چٹکلہ (دیکھو بزلہ)

بذلہ سنج دیکھو بزلہ سنج ÷

(ب۔ر)

بَرّ (ع۔مذ) خشکی۔ جنگل (جمع براری) اُردو میں بسکون را مستعمل ہے

(۲) خدا تعالیٰ کا نام۔ بڑا نیک۔ احسان کرنے والا۔ ماں باپ کا فرمانبردار (ابرار جمع) ÷

برّاعظم (ع۔مذ) خشکی کا بہت بڑا ٹکڑا جس میں کئی ملک ہوں۔ جیسے ایشیا، یورپ وغیرہ ÷

بر (ف) اُوپر۔ بغل ÷

برآشفتہ (ف۔ص) غصے میں بھرا ہوا۔

برآمد (ف۔مث) (۱) خرچ (۲) وہ زمین جو دریا کے ہٹ جانے سے نکل آئی ہو (۳) باہر جانے والا مال

برآمد کرنا (۱) چور سے چوری کا مال لینا۔ (۲) کھوج نکالنا۔ (۳) خزانے یا بنک سے تنخواہ یا روپیہ نکلوانا ÷

برآمدہ (ف۔مذ) (۱) مکان کے سامنے بغیر دروازوں کے کمرہ (۲) غلام گردش ÷

برآنا پورا ہونا۔ حاصل ہونا۔ خواہش یا آرزو وغیرہ)

برآوردہ (ف۔مث) تخمینے کی فرد گوشوارہ بل۔ تنخواہ کا کاغذ ÷

برافروختہ (ف۔ص) غصہ میں بھرا ہوا۔ برآشفتہ ۔

برانگیختہ (ف۔ص) غصہ میں بھرا ہوا۔ آمادہ (کرنا۔ ہونا) ۔

برباد (ف۔ص) تباہ۔ ویران۔ اجاڑ۔ (جانا۔ کرنا۔ ہونا) ۔

برجستہ (ف۔ص) موزوں۔ برمحل۔ چست فی البدیہہ بے ساختہ ۔

برخاست یا برخواست (ف۔ص) بند۔ ختم۔ ملازمت سے علیحدہ۔ برطرف۔ موقوف ۔

برخوردار (ف۔ص) (۱) اقبالمند۔ کامیاب (۲) بیٹا۔ بیٹی۔ اولاد ۔

برداشتہ خاطر یا دل (ف۔ص) بیزار۔ اداس۔ آزردہ ۔

برسرِ پرخاش یا جنگ لڑائی پر آمادہ ۔

برسرِ کار (ف۔ تابع فعل) کام پر۔ ملازمت میں ۔

برسر و چشم (ف۔ تابع فعل) دیکھو۔ "بسر و چشم" ۔

برطرف (ف۔ص) برخاست۔ موقوف (کرنا۔ ہونا۔ ہوجانا) ۔

برعکس (ف۔ تابع فعل) الٹا۔ برخلاف

برگزیدہ (ف۔ص) پسندیدہ۔ مقبول ۔

برگشتگی (ف۔ مث) بغاوت۔ انحراف ۔

برملا (ف۔ تابع فعل) کھلم کھلا۔ دن دہاڑے۔ منھ پر ۔

برہم (ف۔ص) ناراض۔ رنجیدہ۔ الٹ پلٹ ۔

بر [ہ (س۔ ور = انتخاب کرنا) مذ] شوہر۔ منگیتر۔ کپڑے کا عرض ۔

بِرّ (ع۔ مث) نیکی۔ احسان ۔

بُرا (ہ) خراب۔ ناقص۔ نازیبا۔ شریر ۔

برا بھلا کہنا (ہ) ملامت کرنا۔ جھڑکنا ۔

برا ماننا (ہ) ناراض ہونا۔ آزردہ خاطر ہونا ۔

برابر [ف (بر۔ اوپر + الف اتصال کا) ص] مساوی۔ یکساں۔ ہموار۔

برات (ف۔ مث) فرمان۔ وہ تحریر جس کے ذریعے سے خزانے سے تنخواہ ملتی ہے (مجازاً)

تنخواہ۔ حقہ۔ بخرا۔

برات {ہ (س برہ۔ شوہر۔ ودت۔ آنا) مث} شادی۔ شادی کا جلوس۔ (اُترنا۔ جانا۔ چڑھنا۔ کرنا۔ لے جانا)

براتی (ہ۔مذ) برات کے لوگ (واحد اور جمع)

پراجنا (ہ) بیٹھنا۔ رونق افروز ہونا

برادر حقیقی (ف۔مذ) سگا بھائی

برادرِ رضائی (ف۔مذ) دودھ شریک بھائی

برادر زادہ (ف۔مذ) بھتیجہ۔ بھائی کا بیٹا

برادری (ف۔مث) قوم۔ ذات رشتہ داری

بُرادہ (ف۔مذ) لکڑی یا دھات کا چورا جو آری یا سوہن سے نکلتا ہے

براڈ کاسٹنگ (BROADCASTING) (انگ۔مذ) لاسلکی کے ذریعے سے گانا یا

لیکچر وغیرہ سنانا

براز (ع۔مذ) گندگی۔ فضلہ۔ گوبر۔ پاخانہ۔

بُراق (ع (برق: بجلی) مذ) بہشتی گھوڑا جس پر سوار ہو کر رسول کریم عرش معلےٰ پر تشریف لے گئے تھے

بُراق (ع۔ص) چمکدار۔ روشن۔ ہوشیار۔ چالاک۔ نہایت سفید

بُرّان (ف۔ص) کاٹنے والا۔ بہت تیز

برانچ (BRANCH) (انگ۔مث) درخت کی شاخ۔ ٹہنی۔ کسی مدرسے وغیرہ کی شاخ

برائے (ف) واسطے۔ لئے

برائے بیت شعر کی ضرورت سے زائد۔ فضول۔ بیکار

بُراہین (ع۔جمع (واحد۔ بُرہان) دلیلیں

بربط {ف (بر: سینہ + بط: بطخ کا معرّب) مذ} عود۔ ایک ساز کا نام ہے۔ جس کی شکل سینۂ بط کے مشابہ ہوتی ہے

بُرت (ہ۔مذ) روزہ۔ فاقہ

برتاؤ (س ورتا، طاقت) مذ ۔ قوت بل ۔ زور ۔ سہارا ۔

بَرتنا (ہ) کام میں لانا ۔ استعمال کرنا ۔

برتھ ڈے (BIRTHDAY) (انگ ۔ مذ) سالگرہ ۔ جنم دن ۔

برتاؤ (ہ ۔ مذ) سلوک ۔ میل جول ۔ دستور ۔ وضع ۔

برٹش (BRITISH) (انگ ۔ ص) انگریزی ۔

برٹش پارلیمنٹ (BRITISH PARLIAMENT) (انگ ۔ مث) برطانیہ کی سب سے بڑی قانون ساز مجلس ۔ دارالعوام اور دارالامرا انگلستان ۔

برٹش میوزیم (BRITISH MUSEUM) (انگ ۔ مذ) عجائب ۔

برج (ع ۔ مذ) گنبد ۔ راس یعنی سیارے کا گھر یا مقام ۔ ستاروں کا مجموعہ مجمع النجوم ۔

برج (ہ ۔ مذ) متھرا کے آس پاس کا علاقہ ۔ جہاں سری کرشن جی پیدا ہوئے تھے ۔ یہاں کی زبان نہایت فصیح قرار دی گئی ہے ۔

برج (BRIDGE) (انگ ۔ مذ) پل ۔ لکڑی کا ایک محدب پل جس میں سیڑھیاں لگی ہوتی ہیں ۔ ان سے لٹک کر کھلاڑی ایک طرف سے دوسری طرف جاتے ہیں ۔

برجستہ (ف) بروقت بے تکلف ۔ برمحل ۔

بُرچھی (ہ ۔ مث) چھوٹا سا بھالا ۔ جس کا پھل چوڑا ہوتا ہے ۔

بُردبار (ف ۔ ص) حوصلے والا ۔ برداشت کرنے والا ۔

بردہ (ت مذکر و مؤنث) بندہ ۔ غلام ۔ کنیز لڑائی کا قیدی ۔

برزخ (ع ۔ مذ) روک ۔ وقفہ ۔ دو مخالف چیزوں کے درمیان کی چیز ۔ وہ حالت جس میں روح انسانی موت سے لیکر قیامت تک رہے گی

بَرَس {ہ (س برسیں) مذ} سال ؂

برسی (ہ۔مث) وہ فاتحہ جو کسی شخص کے مرنے کے سال کے بعد دی جاتی ہے۔

برسات (ہ۔مث) بارش کا موسم بارش ؂

برساتی (ہ۔مث) بارش سے بچنے کے لیے کوٹھے پر کا ہوادار کمرہ بارش کے بچاؤ کا کوٹ ؂

برس پڑنا (ہ) گالیاں دینا۔ بُرا بھلا کہنا ؂

بُرُش (BRUSH) (انگ۔مذ) مُوقلم۔ وہ بالوں کا آلہ جس سے کپڑے یا جوتے صاف کرتے ہیں یا بالوں کو برابر کرتے ہیں ؂

بُرِّش (ف۔مث) تیزی۔ کاٹ ؂

بَرشکال {ہ (س ورش = بارش۔ کال = زمانہ) مث} برسات بارش ؂

برطانیہ (و) انگریزوں کا وطن ؂

برف {ف برف (دف = ہندی بھاپ؛ رہ لاحقہ) ف۔مذ} پالا۔ جما ہوا دودھ یا پانی۔ آبی بخارات سردی کی وجہ سے جم کو چھوٹی چھوٹی بن کر گریں تو برف کہلاتے ہیں۔ اور جب پانی سردی سے جم جاتا ہے۔ تو یخ کہلاتا ہے۔ برف مصنوعی طور پر بھی بنائی جاتی ہے۔ یخ طبعی ہوتی ہے ؂

برفاب (ف۔مذ) (۱) وہ ٹھنڈا پانی جو برف کے گھلنے سے نکلتا ہے۔ (۲) برف میں رکھکر ٹھنڈا کیا ہوا پانی ؂

برف کی کھتی (ہ۔مث) سردیوں کے موسم میں مٹی کے برتنوں پر پانی جما لیتے ہیں اور اس برف کو گڑھوں میں جمع کر لیتے تھے۔ ان کو کھتیاں کہتے تھے ؂

برفانی (و۔ص) بہت سرد۔ جہاں برف پڑتی ہو ؂

بَرْق (ع۔مث) بجلی کی وہ چمک جو بادلوں میں پیدا ہوتی ہے۔

برق ہے اور وہ بجلی جو زمین پر
گرے صاعقہ ہے ÷

برق سینا (ف۔مث) وہ روشنی جو حضرت
موسیٰ نے کوہِ طور پر دیکھی تھی
اور جس سے آپ بیہوش
ہو گئے تھے۔ یہ بجلی الٰہی
تھی ÷

برق طُور (ف۔مث) دیکھو "برق سینا"

برق نما (ف۔مذ) ایک آلہ جس کے
ذریعے سے کسی جسم میں بجلی
کی موجودگی معلوم کیجاتی ہے۔
سپنتھروسکوپ
(SPINTHROSCOPE)

برقنداز (و۔مذ) بندوقچی۔ سپاہی (اہل
ہند کی ایجاد ہے) ÷

بُرقع {ع۔ (و بُرقع) مذ} نقاب پردہ
وہ سلا ہوا کپڑا جو پردہ دار
عورتیں سب کپڑوں سے اوپر
پہن کر باہر نکلتی ہیں (اٹھانا۔
اُلٹنا۔ اوڑھنا)

برقی (و۔ص) بجلی کا۔ بجلی کے متعلق ÷

برقی طاقت (ع۔مث) بجلی کی طاقت ÷

برقی مورچہ (و۔مذ) لیبارٹری میں
بجلی پیدا کرنے کا آلہ ÷

برکت (ع۔مث) زیادتی۔ کثرت
نیک بختی۔ نعمت ÷

برکات (ع۔ لکھنؤ میں مذکر دہلی میں
مؤنث (واحد برکت) نعمتیں۔
برکتیں ÷

برکھا (ہ۔مث) برسات۔ بُرج سورج

بُرگ (ف۔مذ) پتہ۔ سامان ÷

برلانا (و) پورا کرنا ÷

برما {ہ (ف برمہ) مذ} سوراخ کرنے
کا اوزار ÷

برمانا۔ برمے سے سوراخ کرنا۔ چھیدنا
(مجازاً) زخمی کرنا ÷

بَرَن (س۔مذ) روپ۔ لباس۔ قوم
ذات ÷

بَرنا و پیر {ف (برنا۔ برنا
نائے = حلقوم۔ حلق کی ہڈی
جو کسی قدر نمایاں ہو جاتی ہے)
مذ} جوان اور بوڑھے ÷

برنج (ف ۔ مذ) چاول ۔ (ع ۔ مذ) پیتل ؛

برنجی (ع ۔ ص) پیتل کا (ا ۔ مث) چھوٹی ڈکیل ؛

بروا (ہ ۔ مذ) پودا ۔ درخت ؛

برُوت (ف (بر جمع ۔ ابرو، وت مفید فاعلیت یعنی بھوں کے ہمرتبہ) مث) مونچھ ؛

برُودت (ہ ۔ مث) سردی ۔ خنکی ٹھنڈک ؛

برُہان (ع ۔ مذ) دلیل قاطع ۔ ثبوت ۔ برہان اور دلیل میں یہ فرق ہے کہ برہان خاص ہے اور دلیل عام برُہان وہ دلیل ہے جسمیں شک شبہ نہ رہے (براہین جمع)

بَرّہ (ع ۔ مذ) بکری کا بچہ ؛

برہم (س ۔ مذ) خدا ۔ پرمیشور ؛

برہمچاری (س ۔ مذ) علم حاصل کرنے والا ۔ نفسانی خواہش کو روکنے والا ؛

براہمن (ف (بروزن تلمن)؛ بت پرست و زنار بند ۔ ہندوؤں کے عقیدے کے مطابق منسوب بہ برہما) مذ ہندوؤں کی ایک اعلیٰ ذات ؛

برہمی (ف ۔ مث) ابتری ۔ گڑبڑی ؛

برہنہ (ف ۔ ص) ننگا ۔ عُریاں ؛

بَری (ع ۔ ص) بے گناہ ۔ آزاد ؛

بری الذمہ ۔ (ع) ذمہ داری سے بچا ہوا ۔ آزاد ؛

بُری (ہ) خراب ۔ ناقص ؛

بَرّی (ف) خشکی کا ۔ زمین کا ؛

بریاں (ف) بُھنا ہوا ۔ پکا ہوا ؛

بریت (ع ۔ مث) آزادی ۔ خلاصی ۔ نجات ۔ برّیت اور رہائی میں یہ فرق ہے کہ بریت میں مقدمہ فیصل ہو جاتا ہے ۔ اور ملزم بے گناہ ثابت ہو جاتا ہے ۔ مگر رہائی میں بالفعل ثبوت کامل نہ ملنے کے سبب سے ملزم چھوڑ دیا جاتا ہے ۔ پھر جب کبھی ثبوت ملجائے ماخوذ ہو سکتا ہے ؛

بریک (BRACKE)
(انگ۔مذ) ریل کا وہ ڈبہ جس میں مال روانہ ہوتا ہے۔ ایک آلہ جو گاڑی کے پہیے کے پاس لگا ہوتا ہے۔ اس کے کسنے ہی پہیے کی حرکت رُک جاتی ہے۔ اور گاڑی ٹھہر جاتی ہے ÷

(ب۔ ڑ)

بُڑ (ہ۔مث) بکواس۔ شیخی۔ گھمنڈ
(مارنا) (مذ) بہ جوڑے پتوں والا سایہ دار مشہور درخت ÷
بڑا (ہ۔ص) بزرگ۔ اعلیٰ۔ بلند۔ امیر۔ سنگین ÷
بڑا بول (ہ۔مذ) فخر اور غرور کا کلمہ ÷
بڑبولا (ہ۔مذ) زیادہ بولنے والا۔ مغرور۔
بڑا دن (ہ۔مذ) کرسمس ڈے۔
(X-MASDAY)
حضرت مسیحؑ کی پیدائش کا دن ÷
بڑا گھر (ہ۔مذ) بڑا گھرانا۔ جیل خانہ ÷
بڑ اُڑانا (ہ) بڑ ہانکنا۔ شیخی مارنا ÷
بڑائی (ہ۔مث) بزرگی۔ عظمت ÷
بڑبڑانا (ہ) چپکے چپکے کہنا۔ کچھ کہنا ÷
بڑ ہانکنا (ہ) بے تکی باتیں کرنا ÷
بڑھاپا (ہ۔مذ) پیری۔ کہن سالی ÷
بڑھ چلنا (ہ) اپنی حیثیت سے زیادہ قدم رکھنا ÷
بڑھئی (ہ۔مذ) لکڑی کا سامان بنانے والا۔ نجار ÷
بڑی بات نہیں (ہ) کوئی مشکل نہیں۔ آسان ہے ÷
بڑے بول کا سر نیچا (ہ) غرور کرنے والا ذلیل ہوتا ہے ÷
بڑے میاں (ہ۔مذ) بزرگ۔ بوڑھا ÷
بڑے میاں تو بڑے میاں چھوٹے میاں سبحان اللہ (ہ) بڑے تو خیر چھوٹے اُن سے بھی بڑھ گئے ÷

(ب۔ ز)

بُز (ف۔مذ) بکرا۔ گوسفند ÷

بُزِ اخفش (ف۔ مذ) اخفش کا بکرا مشہور ہے کہ اخفش نے جو عربی کے علم صرف و نحو کا اُستاد گزرا ہے۔ زمانہ طالب علمی میں ایک بکرا پال رکھا تھا۔ جب اپنا سبق یاد کر لیتا تو اُس کا کان پکڑ کر سُناتا اور پھر کان چھوڑ دیتا۔ اور پوچھتا کہ بتا تجھے یاد ہے یا نہیں وہ بیچارہ کان پھڑپھڑاتا۔ تو وہ یہ سمجھ لیتا کہ یاد نہیں۔ پھر یاد کرنا شروع کر دیتا۔ یہاں تک کہ سبق نوک زبان ہو جاتا کہتے ہیں کہ جب اسے ذبح کر کے دیکھا۔ تو اس کا بھیجا نہ تھا۔ مجازاً بے مغز آدمی۔ بے بوجھے گردن ہلانے والا۔ ہاں میں ہاں ملانے والا۔ نافہم۔ ناسمجھ ؛

بُزدِل (ف۔ ص) کمزور یا ڈرپوک۔ کم ہمت ؛

بُزدِلی (ف۔ مث) کم ہمتی۔ کمزوری ؛

بُزّاز (ع۔ مذ) کپڑا بیچنے والا ؛

بُزُرجمہر { ف (بزرگ مہر کا معرب) مذ } نوشیرواں کے وزیرِ اعظم کا نام ہے۔ جو نہایت دانشمند تھا ؛

بُزُرگ (ف۔ ص) بڑا۔ عمر رسیدہ۔ ولی نیک آدمی ؛

بُزُرگی (ف۔ مث) بڑائی نیکی۔ عزت ؛

بُزغالہ { ف (بُز، بکرا) غال پہاڑ کا شگاف ہ نسبتی) مذ } پہاڑی بکرا یا بکری کا بچہ ؛

بُزلہ (ف۔ مذ) میٹھی باتیں۔ ظرافت۔

بُزلہ سنج } (ف۔ ص) لطیفہ گو۔
بُزلہ گو } میٹھی میٹھی باتیں کرنے والا ؛

بزم (ف۔ مث) مجلس۔ خوشی کی محفل۔ رزم کا متقابل ؛

بزمِ سُرور (ف۔ مث) دنیا کی مجلس ؛

بزمِ عالم (ف۔ مث) دنیا کی مجلس۔ جہان ؛

بزمِ عزا (ف۔ مث) ماتم پُرسی کی مجلس۔ مرثیہ خوانی کی مجلس ؛

بَزم گاہ (ف۔ مث) مجلس کی جگہ
مکان۔
بزن بول دینا (کلمہ) حملہ کرنے کا
حکم دے دینا۔
بزن کرنا۔ قتل عام کرنا

(ب۔ س)

بَس۔ فقط۔ کافی۔ بہت
بِس (ہ۔ مث) قابو زور
بَس چلنا۔ قابو چلا
بِس۔ (ہ۔ مذ) زہر
بِس کی گانٹھ (ہ۔ مث) شریر۔
کینہ پرور۔
بَسا (ف۔ حرف) بہت۔ اکثر۔
بسا اوقات (ف) اکثر اوقات۔
بہت دفعہ۔
بساط (ع۔ مذ) بچھونا۔ کھیلنے کا تختہ
بساط
بساطی (ع۔ مذ) چھوٹی چھوٹی چیزیں
بیچنے والے کا
فروش
بسانا (ہ) معطر کرنا۔ آباد کرنا۔ خوشبودار
کرنا۔
بَساندھ (ہ۔ مث) بدبو۔ تعفن
بُستان {ع (ف بوستان کا معرب)
مذ} پھولوں کا باغ۔ گلزار (بساتین جمع
بستر {ف (س وستر دسو = پہن لینا۔
استرا = لباس) مذ} بچھونا۔
فرش۔
بسترِ مرگ (ف۔ مذ) موت کا بستر
مرنے کے قریب۔
بَستہ (ف) بندھا ہوا غیر متحرک۔
(مذ) جزدان۔ بقچہ۔
بَسر کرنا۔ گزارنا
بسرام کرنا یا لینا۔ رات کو رہنا۔ آرام
کرنا {ہ اوشرام = وقفہ)
مذ) چین۔ آرام۔
بَسر و چشم (ف) سر آنکھوں پر بڑی
خوشی سے۔
بسکٹ

آٹے کی میٹھی یا نمکین ٹکیا
(ہ۔ مذ) ایک مشہور رنگ گھاس
جو رنگ کے کام آتا۔

بسم اللہ (ع) (بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کا مخفف۔ یعنی مہربان اور بخشنے والے خدا کے نام سے شروع کرتا ہوں) مث ۱ ہر ایک کام کی ابتدا میں یہ کلمات برکت حاصل کرنے کے لیے کہتے ہیں۔ ابتدا۔ مکتب نشینی کی رسم۔ خدا کا نام لینا بہت بہتر ہے۔ کریں بجے، بہت مناسب۔ بہتر۔

بسم اللہ کا گنبد (ا۔ مذ) پناہ کی جگہ۔ جائے پناہ۔ جائے امن۔

بسم اللہ کرنا (ہ) شروع کرنا

بسم اللہ ہی غلط (ا) ابتدا ہی غلط۔ پہلے ہی کام میں چوک

بسمل (ہ) (بسم اللہ اللہ اکبر کا مخفف ہے یہ وہ کلمات ہیں جو مسلمان کسی جانور کو ذبح کرتے وقت پڑھتے ہیں) ص ۲ ذبح کیا ہوا مذبوح۔

گھائل۔ زخمی۔ عاشق۔ مبتلا

بسنا۔ رہنا۔ سکونت ہونا۔ آباد ہونا۔

بُسنا۔ سڑنا۔ کھٹا ہو جانا۔

بسنت (ہ) لکھنؤ میں مذکر دلی میں مونث موسم بہار۔ موسم بہار کا ایک تہوار۔ سرسوں کے کھلے ہوئے زرد پھول۔

بسنت پھولنا۔ سرسوں کے پھولوں کا کھلنا۔

بسنتی (س۔ ص) زرد۔ پیلا۔

بسورنا (س) رونے کی شکل بنانا۔ آہستہ آہستہ رونا۔

بسولا (ہ۔ مذ) لکڑی چھیلنے کا اوزار

بسولی (ہ۔ مث) تیشی۔ اینٹیں گھڑنے کا اوزار۔

بسوہ (ہ۔ مذ) بیگھے کا بیسواں حصہ

بسواس (ہ۔ مذ) بھروسہ۔ اعتبار۔

بسیرا (ہ۔ مذ) شام ہونے پر چڑیوں کا وقت جب چڑیاں اپنے گھونسلوں میں جاتی ہیں۔ شب باشی۔ رہنا ٹھیرنا۔

بسیط (ع) وسیع۔ کشادہ۔ چوڑا
مفرد۔ عنصر۔ ≠ مرکب

بسیار (ف۔ مذ) بہت سا۔

ب ۔ ش

بَشارت (ع = بشارت۔ مگر اردو میں بفتح (اوّل رائج ہے) مث) خوشخبری۔ الہام۔ مژدہ دینا۔

بشاش (ع۔ ص) خوش و خرم

بشاشت (ع۔ مث) خوشی۔ کشادہ روئی۔

بشپ (BISHOP) (انگ مذ) گرجے کا ایک اعلیٰ عہدیدار۔

بَشَر (ع۔ مذ) آدمی۔ انسان

بُشرہ (ع = بَشَرہ = آدمی اور حیوانات کا ظاہری پوست زبانوں پر بشرہ ہے) مذ) چہرہ۔ پیشانی حُلیہ۔

بشریت (ع۔ مذ) آدمیت۔ انسانیت

بشیر (ع۔ مذ) خوشخبری دینے والا۔ نذیر کی ضد۔

(ب ۔ ص ۔ ض)

بَصارت (ع۔ مث) بینائی۔ آنکھ کی روشنی

بَصر (ع۔ مث) نظر (ابصار جمع)

بَصیل (ع۔ مذ) پیاز۔

بَصیر (ع۔ ص) دیکھنے والا۔ ہوشیار خدا تعالیٰ کا ایک نام ہے۔

بصیرت (ع۔ مث) دانائی۔ روحانی بینائی۔

بصیرت افروز (ع۔ مث) باطن کو روشن کرنے والا۔

بضاعت (ع۔ مث) سرمایہ۔ پونجی

ب ۔ ط

بط (ع (بت کا معرب) مث) بطخ

بطحا (ع (وسیع گزرگاہ آب جہاں سنگریزے بہت ہوں) مذ) مکہ معظمہ

بطخ (ع۔ مث) پالو بط۔

بطریق {ع یونانی} (PATRIARK)
مذ} عیسائیوں یا یہودیوں کا
مذہبی پیشوا۔
بطریقی حکومت (ع۔ مث) وہ
طرز حکومت جس میں بزرگ
خاندان حاکم ہو۔ قدیم زمانے
میں بطرز حکومت رائج تھا۔
بطن (ع۔ مذ) پیٹ۔ اندرونی حصّہ

(ب ۔ ع)

بُعث (ع۔ مذ) اُٹھانا۔ مردے کو
زندہ کرنا۔ قیامت۔
بَعد (ع۔) پیچھے۔ آخر۔
بعدہ (ع) اس کے بعد۔
(ع۔ مذ) دوری یا فاصلہ فرق (ابعاد جمع)
بعد المشرقین (ع۔ مذ) مشرق اور
مغرب کا فرق۔ بہت زیادہ
فرق۔
بعض (چند۔ کوئی
بعید (ع۔ ص) دور فاصلے پر
بعید از عقل (ف) عقل سے دُور۔ غلط۔

(ب ۔ غ)

بغاوت (ع۔ مث) نافرمانی۔ سرکشی
مخالفت
بُغچہ (ت۔ مذ) چھوٹی گٹھڑی، جامہ بند۔
بغداد {ع} (مخفف باغ داد کا۔ یہاں
ایک باغ تھا جہاں نوشیرواں
عادل مقدمات فیصل کیا کرتا
تھا۔ بعض رنج ایک بت کا نام
تھا۔ اس کے قدیم فارسی نام
بگداۃ ہے بگ (= خدا) + (داۃ
دادہ) یعنی خدا کا دیا ہوا)
مذ} عراق عرب کا مشہور شہر
ہے، جسے نوشیرواں نے آباد کیا
تھا۔ خلفائے عباسیہ کا دارالخلافہ
مدینۃ السلام۔
بُغدا (ف۔ مذ) قیمہ کرنے کا چھُرا۔
بغض (ع۔ مذ) دُشمنی۔ کینہ۔
بغل (ف۔ مث) شانے کے نیچے
کا حصّہ۔ پہلو۔ کنایۃً بازو قریب۔
بغلگیر ہونا (ا) گلے ملنا۔ معانقہ کرنا۔

بغل گرم کرنا (۱) معشوق کو پہلو میں لیکر سونا

بغلی (۲۔ مث) پہلو کا کمرہ۔ مگدر ہلانے کا ایک طریقہ۔ بغل میں رکھنے کا تکیہ۔

بغلیں بجانا کسی کے نقصان یا مصیبت پر خوش ہونا۔ ہنسی اڑانا۔

بغلیں جھانکنا (۳) شرمندہ ہونا۔ جواب نہ بن پڑنا۔ اپنی کمزوری تسلیم کرنا

(ب ۔ ق)

بقا (ع۔ مث) زندگی۔ قیام۔ ہمیشگی

بقال (ع۔ مذ) کنجڑا۔ بنیا۔

بقایا (ع۔ واحد بقیہ) بچا کھچا وہ رقم جو خرچ مجرا کرنے کے بعد باقی رہے۔ اردو میں واحد کی طرح مستعمل ہے (نکالنا۔ نکلنا۔ ہونا۔ پڑا۔

بقراط (ی۔ مذ) یونان کے ایک مشہور حکیم کا نام ہے (بقاریط جمع)

بقچہ (ت۔ بُغچہ یا بُکچا) = جامہ بند مذ۔ کپڑوں کی گٹھڑی۔

بقچہ سنبھالنا۔ چلنے کی تیاری کرنا بھاگ نکلنا۔

بقر (ع۔ مث) گائے۔ بیل۔

بقرعید (ع۔ مث) عید قربانی۔

بُقعہ (ا) (ہ بکا = لپیٹ۔ ٹوکا۔ مذ) یہ لفظ بقعۂ نور کی ترکیب میں آتا ہے اور غلطیہ اہل میں نور کا بکلا ہے یعنی تیز روشنی۔

بَقل یا بقلہ (ع۔ مث) سبزی ترکاری۔

بَقیّہ (ع۔ مذ) باقی کا بچا ہوا۔ بقایا جمع

(ب ۔ ک)

بک (BOOK) (انگ۔ مث) کتاب۔

بک پوسٹ (BOOK POST) (انگ) دونوں طرف سے کھلا ہوا پیکٹ جو بذریعہ ڈاک بھیجتے ہیں۔

بکٹیریا (BACETRIA)

(انگ۔ مذ)

(انگ۔ مذ) جراثیم۔ نباتی جراثیم

بُکّا (ع۔ مذ) رونا۔ پیٹنا۔ فریاد

بکاول (ت۔ مذ) باورچی۔ خانساماں۔ رسوئیا

بکبکا (ا۔ص) بدمزہ۔ بے لذت۔

بکتر (ت۔ مذ) لوہے کی کڑیوں کا بنا ہوا کرتا۔ زرہ

بِکر (ع۔ مث) دوشیزہ۔ کنواری۔

بکرم (س۔ مذ) بکرماجیت کا مخفف

بکرماجیت (س۔ مذ) اُجین کا راجہ جو سخاوت میں مشہور تھا۔ بکرمی سن اسی کے نام پر جاری ہے۔ اس کے دربار کے نورتن مشہور ہیں۔ ان میں ایک مشہور شاعر کالی داس ملک نویس تھا۔

بکرمی (س۔ص) راجہ بکرماجیت کی طرف منسوب۔ ایک سمت جو ۵۷ سنہ قبل مسیح سے شروع ہوتا ہے۔

بکری (ع۔ مث) فروخت۔ بکرا۔

مشہور یاسیت و نورتنین

بکرے کی ماں کب تک خیر منائے گی (مثل) ایک نہ ایک دن مارا جائے گا۔ کب تک بچیگا۔

بکس (BOX) (انگ۔ مذ) صندوق۔ صندوقچہ

بکسوا (ھ۔ مذ) دھات کا کانٹا۔ کسی چیز کو بندھنے یا کسنے کے لئے۔

بکنا (ھ) پراگندہ ہونا۔ غصہ ہونا۔

بکواس (ھ۔ مث) زیادہ بولنا۔ بے معنی باتیں کرنا۔

بکھیڑا (ھ۔ مذ) جھگڑا۔ کام۔ دھندا

بکی (ھ۔ص) بکنے والا۔ زیادہ باتیں بنانیوالا۔ جھگی

(ب۔گ)

بگاڑ (ھ۔ مذ) (س نگھاٹر توڑ ڈالنا) رنجش۔ ناراضگی۔ دشمنی۔

بگاڑنا (ھ) خراب کرنا۔ ناراض کرنا۔

بگڑنا (ھ) خراب ہونا۔ خفا ہونا۔

بگڑے دل (ہ) شوخ مزاج۔ نڈر بے باک

بگل (BUGLE) (انگ مذ) ایک قسم کا باجہ جسے فوج یا پولیس میں سپاہیوں کو بلانے کے لئے بجاتے ہیں۔

بگلا (ہ۔ مذ) پانی کا جانور ہے بوتیمار

بگلا بھگت (ہ۔ مذ) مکار۔ فریبی۔

بگولا {ہ (س باؤ = ہوا۔ گولا = گولا) مذ} چکر کھاتی ہوئی ہوا۔

(ب ۔ ل)

بل {ہ (س دل = سوراخ) مذ} سوراخ۔ چھید۔

بل (BILL) (انگ۔ مذ) حساب کی فرد۔ قانون ضابطہ مسودہ قانون۔

بل {ہ (س دلو = گرد پھرنا) مذ} شکن۔ زور۔ طاقت۔ مروڑ۔

بل بوتا (ہ۔ مذ) زور۔ طاقت۔

بل نکالنا

بلا (ع۔ مث) مصیبت۔ آفت۔

بلائے بے درماں۔ وہ مصیبت جس کا کوئی علاج نہ ہو۔

بلائے ناگہانی (ف۔ مث) اچانک آنے والی مصیبت

بلا سے۔ کوئی پروا نہیں۔ بیزار سے

بلائیں لینا (ہ) قربان ہونا۔ صدقے جانا۔ گلے لگا کر پیار کرنا۔

بلا (ع) بغیر، سوا۔

بلا استحقاق (ف) بغیر حق کے۔

بلا تامل (ع) بلا سوچے سمجھے۔ جلدی۔ بے شک

بلا تکلف (ا) بے تکلیف۔ بغیر ظاہر داری کے۔

بلا تحاشا (ع) بے دریغ۔ بے خوف۔ بے تکلف۔ فی البدیہہ

بلا توقف (ا) بغیر دیر کے۔ جلدی۔ بلا تامل۔

بلا تعین (ا) بغیر کسی خاص بات کے طے کئے بغیر پابندی کے۔

بلاعُذر (۲) بغیر عذر کے۔ بہانہ کرنے کے بغیر
بلاکم وکاست (ا) پورے کا پورا صحیح سالم
بلاناغہ (ا) روزانہ۔ مسلسل

بلاواسطہ (ا) بغیر ذریعے اور تعلق کے براہ راست۔
بلاوجہ (ا) بے سبب
بلاٹنگ پیپر BLOTTING PAPER (انگ۔ مث) سیاہی چوسنے کا کاغذ۔
بلاغت (ع۔ مث) موقع کے مطابق گفتگو کرنا۔ سامعین کے مناسب حال باتیں کرنا۔
بلاکش (ف۔ ص) مصیبت برداشت کرنے والا۔
بلال (ع۔ مذ) پیغمبرِ اسلام کے مؤذن حبشی غلام تھے۔ پھر آزاد ہو گئے ۱۲۵ھ میں دمشق وفات پائی۔
بُلاوا (ا۔ مذ) دعوت۔ طلبی۔

بلب BULB (مذ) برقی قمقمہ
بُلبُل (ف۔ مث۔ مذ) مشہور پرندہ ہے۔ عندلیب۔
بُلبُلہ (ع۔ مذ) حُباب۔ فانی۔ ناپائیدار
بلبلانا (ہ) بے قرار ہونا۔ رونا۔ مضطرب ہونا۔
بلٹی BILLTY (انگ۔ مث) بل کی تصغیر۔ مال کی رسید جو جہاز یا ریلوے والوں سے ملتی ہے
بَلدِیَہ (ع۔ مذ) میونسپل کمیٹی۔ شہر کا انتظام کرنے والی کمیٹی۔
بلعم باعُور (ع۔ مذ) ایک یہودی عالم کا نام ہے جو حضرت موسےٰ کے زمانے میں ہوا ہے۔
بلغم (ع۔ مذ) تھوک۔ کف۔
بلقیس (ع۔ مث) ایک ملکہ کا نام ہے جو حضرت سلیمان پیغمبر کے وقت ملک شام میں حکومت کرتی تھی۔ حضرت سلیمان سے ملاقات ہوئی۔ مسلمان ہو کر آپ کے نکاح میں آئی۔

بلکنا (ہ) رونا۔ بے چین ہونا۔
بلکہ (ف (ع ۔ بل نارسیوں نے "کہ" کا اضافہ کر دیا اور بمعنیٰ شاید بھی استعمال کرتے ہیں)) پھر بھی سوا۔ علاوہ
بلم (ہ۔ مذ) برچھا۔ نیزہ' بھالا۔
بلند (ف ۔ص) اونچا۔ عالی۔
بلند اختر (ف ۔ص) خوش نصیب ستارے والا۔
بلند حوصلہ (ف ۔ص) بڑے حوصلے اور تحمل والا۔
بلند نظر (ف ۔ مذ) آزاد خیال۔ بلند حوصلہ۔
بلوان (ہ ۔ مذ) مضبوط۔ طاقتور۔
بلّور (ع ۔ مذ) شیشہ
بلوغ (ع۔ مذ) بلوغت جوانی۔
بلونا (ہ۔ مذ) متھنا۔ رئی پھرا کر دودھ میں سے گھی نکالنا۔
بلوہ (ہ ۔ مذ) دنگا۔ فساد۔ بدانتظامی بغاوت۔
بلّی (ہ۔ مث) مشہور گھریلو جانور ہے۔

گرہ ۔ ایک لکڑی جو کواڑوں کو بند کرنے کے لئے لگائی جاتی ہے۔
بلّی کے بھاگوں چھینکا ٹوٹا (ہ) اتفاقاً کوئی ناجائز کو حسب مراد چیز مل جانا۔
بلّی کے خواب میں چھیچھڑے (ہ) ہر شخص اپنے خیال کے مطابق سوچتا ہے۔
بَلّی (ہ۔ مث) لمبا بانس کشتی کھینے کا بانس۔
بلیک بورڈ (BLACK BOARD) (انگ ۔ مذ) تختہ سیاہ۔ جس پر اُستاد سوال وغیرہ حل کر کے طالب علموں کو سمجھاتا۔
بَلے (ف) ہاں۔ اچھا۔
بلیک ہول (BLACK HOLE) (انگ۔ مذ) تنگ اور اندھیری کوٹھری۔ کالی کوٹھری۔ یہ معنیٰ تنگ کوٹھڑی جس سے متعلق بیان کیا جاتا ہے کہ ڈیڑھ سو

کے قریب انگریز (انباج الدولہ) کے حکم سے بند کر دیئے گئے تھے

(ب - م)

بم (BOMB) (انگ - مذ) خود بخود پھٹنے والا - بارود کا گولہ

بمان (ہ - مذ) دیوتاؤں کی گاڑی۔ (۲) تختِ رواں - اڑنے والی سواری

بمبو (BAMBOO) (انگ) = بانس (مذ) بانس نما - بچوں کی گاڑی - جھنڈے پینے کے لئے

(ب - ن)

بَن (ف) (۳) جنگل جہاں درخت چھائے ہوئے ہوں (مذ) جنگل - صحرا۔

بِن (ہ) (س بنا) بغیر - بغیر

بَن (ہ - مذ) بن کا مخفف

بَن (ہ - مذ)

بن آئے مرنا (بے گناہ مارا جانا۔ بے موت مرنا - ناحق آفت میں

پھنس جانا۔

بَنا (ہ - مذ) (۱) پیارا یا معشوق (۲) دولہا۔

بِنا (ف - مث) بنیاد - عمارت۔

بنابریں (ف) اس بات کی بنا پر اس وجہ سے۔

بنات (ع - مث - ج) (واحد بنت) لڑکیاں - بیٹیاں

بنات النعش (ع - مث) قطب شمالی کے قریب سات ستاروں کا ایک مجموعہ ہے جن میں دو کو ملائیں تو ان میں سے گزرنے والا خط قطبی ستارے کے قریب سے گزرتا ہے۔ مولوی نذیر احمد مرحوم دہلوی کی ایک تصنیف

بنا ڈالنا (ا) بنیاد رکھنا - شروع کرنا

بناری ٹھگ (ہ - مذ) بڑا دھوکے باز - پکا ٹھگ۔

بنادر (ا - مذ - ج) (واحد بندر) بندرگاہیں۔

بناسپتی (ہ) (بن جنگل + بنا = برگ) ... سبز - نباتات - گھاس۔

ساگ پات

بناؤ (ہ۔ مذ) سنگار۔ سجاوٹ۔

بناوٹ (ہ۔ مث) دکھاوا۔ جھوٹ۔ فریب۔ ساخت۔ وضع۔ تکلف۔

بن باس (ہ۔ مذ) جنگل میں رہنا۔ جلا وطنی۔

بن باسی (ہ۔ مذ) جنگل میں رہنے والا۔

بن بن کر بگڑنا (کام ہوتے ہوئے خراب ہو جانا۔ جان جان کر خفا ہونا۔

بنٹوا لینا۔ تقسیم کرا لینا۔

بن ٹھن (ہ) سنورنا۔ سنگار کرنا۔

بن پڑنا (ر) کچھ ہو سکنا۔

بنت (ع۔ مث) لڑکی۔ بیٹی

بنج (ہ۔ مذ) بیوپار۔ تجارت۔

بنجارا (ہ۔ مذ) ایک خانہ بدوش قوم جو بیوپار بھی کرتی ہے۔ غلے کا بیوپاری

بنجر (ہ) وہ زمین جس میں کچھ پیدا نہ ہو

کا لمبا تختہ جس کے نیچے پائے لگے ہوتے ہیں۔

بنسن برنر (BUNSEN BURNER) (انگ۔ مذ) ایک قسم کا لیمپ جس میں ہوا اور گیس مل کر جلنے سے تیز حرارت پیدا ہوتی ہے۔

بند (ف۔ مذ) جوڑ۔ عضو۔ روک۔ ٹھہرا ہوا۔

بندر (ع۔ مذ) بندرگاہ (ج بنادر)

بندر (ہ۔ مذ) مشہور جانور ہے۔ بوزنہ

بندرگاہ (ف۔ مث) سمندر کے کنارے۔ جہازوں کے ٹھہرنے کی جگہ۔

بندش (ف۔ مث) رکاوٹ باندھنا۔ ترتیب الفاظ۔

بندگی (ف۔ مث) عبادت۔ پرستش۔ سلام۔

بندوبست (ف۔ مذ) انتظام۔ حد بندی

بندوبست دوامی (ا) وہ بندوبست جو ایک دفعہ ہمیشہ کے لئے ہو جائے اور پھر نہ بدلے۔ جیسے ۱۷۹۳ء میں لارڈ کارنوالس نے بنگال میں کیا تھا۔

بندوق (ع۔ مث) گولی چلانے کا لمبا سا نالی دار دروازہ۔

بندوقچی (ا۔ مذ) بندوق رکھنے والا۔ قراول۔

بندہ (ف۔ مذ) غلام۔ خاکسار۔ میں۔ اسم ضمیر واحد متکلم (بطور انکسار)

بندہ پرور (ف۔ مذ) آقا۔ سردار۔

بندۂ بے درم ۔ مفت کا غلام۔

بندۂ درگاہ (ف۔ مذ) غلام۔ ... ضمیر واحد متکلم (بطور انکسار)۔

بندۂ حرص و ہوا (ف۔ مذ) لالچ کا غلام۔ بہت حریص۔

بندہ زادہ (ف۔ مذ) غلام کا بیٹا۔

بندہ نواز (ف۔ مذ) غلام کی پرورش کرنے والا۔ حضور (مخاطب کے لئے)

بندی (ہ۔ مث) باندی۔ لونڈی۔ روک۔ ممانعت۔

بندی خانہ (ف۔ مذ) قید خانہ۔

بندے ماترم (بنگالی۔ مذ) بنگالی زبان کا مشہور گیت۔ قومی نعرہ۔

بنڈل BUNDLE (انگ۔ مذ) گٹھڑی۔ پلندہ۔

بنس برنر (دیکھو صفحہ ۱۹۳ کالم ۲)

بنفشہ (ف۔ مث) ایک قسم کی بوٹی جو دواؤں میں پڑتی ہے۔

بنک (BANK) (انگ۔ مذ) روپے کی لین دین اور امانت رکھنے والی کمپنی۔

ہنکارنا (ہ۔ مذ) للکار کر غل مچانا۔ چیخنا۔ ڈینگ مارنا۔

بنوٹ (ہ۔ مذ) ڈنڈوں سے لڑنے کا فن۔

بنولہ (ہ۔ مذ) کپاس کا بیج۔ پنبہ دانہ۔

بنّا (ہ۔ مث) دلہن۔ عروس۔

بنی آدم (ع۔ مذ) آدم کی اولاد۔ انسان

بنی اسرائیل (ع) (بنی = ابن کی جمع یعنی فرزنداں، اسرائیل۔ (عبرانی) یعنی خدا کا بندہ۔ حضرت یعقوب کا نام) حضرت یعقوبؑ کی اولاد۔ یہودی قوم حضرت موسیٰؑ اسی قوم میں سے تھے۔

بنی اسماعیلؑ (ع۔ مذ) حضرت اسماعیل بن حضرت ابراہیمؑ کی اولا یہ لوگ عرب میں بستے تھے۔ نبی الزماں علیہ السّلام اسی خاندان سے تھے۔

بنیاد (ف۔ مث) جڑ۔ اصل

بنی ہوئی بات۔ بے بنیاد بات فرضی بات۔ بات جس کی اصل نہ ہو۔

(ب۔و)

بُو (ف۔ مث) باس۔ مہک۔

بُوا۔ (ع۔ مث) بہن۔ آپا۔

بُو آنا (ا) اچھی یا بُری بُو آنا۔ ظاہر ہونا۔

بَواسیر (ع۔ مث) مقعد کی مشہور بیماری کا نام ہے۔

بُود (ف) تھا۔ ہا۔

بوالعجب (ع۔ مذ) الوکھا۔ عجیب آدمی۔ احمق۔

بوالہوس (ع۔ مذ) سخت لالچی حریص

بوائلر (BOILER) (انگ۔ مذ) بھاپ سے چلنے والی کل کا وہ حصّہ جس میں پانی ابالا جاتا ہے۔

بوائے (BOY) (انگ۔ مذ) لڑکا۔ چھوکرا۔ ہوٹلوں میں نوکروں کو یہ کہکر بلاتے ہیں۔

بوائے سکاؤٹ (BOY SCOUT) (انگ۔ مذ) فوج۔ اطفال۔ کشّاف۔

بُوباس (ع۔ مث) خوشبو۔

بُوتام (ا۔ مذ) بٹن۔

بُوتیمار (ف۔ مذ) بگلا

بُوٹ (BOOT) (انگ۔ مذ)

انگریزی جوتا ۔

بوٹ (BOAT) (انگ ۔ مذ) کشتی ۔ ناؤ ۔

بوٹی (ہ ۔ مث) گوشت کا چھوٹا سا ٹکڑا ۔

بوٹیاں نوچنا ۔ (ہ ۔ مث) سخت جسمانی سزا دینا ۔

بوٹی (ہ ۔ مث) دوا کے کام آنے والا چھوٹا سا پودا ۔

بوجھ ۔ (ہ ۔ مذ) وزن ۔ بار ۔ گٹھڑی

بوجھ اُتارنا (ہ) چھٹکارا پانا ۔ قرض اُتارنا ۔

بوجھ اُٹھانا (ہ) ذمہ لینا ۔ کسی کا احسان مند ہونا ۔

بوجھل (ہ ۔ ص) بھاری ۔ وزنی ۔

بوچر (ا ۔ مذ) قصائی ۔ گوشت بیچنے والا ۔ اصل میں انگریزی لفظ (BUTCHER) ہے ۔

بوچھاڑ (ہ ۔ مث) مینہ کا ہوا کے زور سے ترچھا پڑنا ۔ زیادتی ۔

بود (ف ۔ مث) ہستی ۔ وجود ۔

بود نابود (ف ۔ مث) ہستی اور نیستی ہونا اور نہ ہونا وجود و عدم

بُودا (ہ ۔ ص) کمزور ۔ پرانا ۔ بزدل ۔

بُودار (ف ص) بو والا جس سے بو آئے ۔

بودوباش (ف ۔ مث) سکونت ۔ رہنا سہنا ۔ ٹھکانا ۔

بُور کے لڈو کھائے تو پچھتائے نہ کھائے تو پچھتائے (ا) مثل، ایسا کام جس کے کرنے نہ کرنے پر افسوس ہو ۔ یعنی کرے تو بھی پچھتائے اور نہ کرے تو بھی پچھتائے

بُدھ (ہ ۔ مث) علم ۔ عقل ۔ سمجھ ۔ مہاتما بدھ جنہوں نے بدھ دھرم کی بنیاد ڈالی تھی ۔ مذ)

بُورا (ہ ۔ مذ) برادہ ۔ سفوف ۔ کھانڈ ۔

بورڈ BOARD (انگ ۔ مذ) مجلس کمیٹی ۔ لکڑی کا تختہ ۔

بورڈر (BOARDER) (انگ ۔ مذ) بورڈنگ ہاؤس میں رہنے والا ۔

بورڈنگ ہاؤس (BOARDING HOUSE)
(انگ ۔ مث) طلبا کے رہنے
کھانے کی جگہ ۔ دارالاقامت ۔
بوریا (ف ۔ مذ) چٹائی ۔
بوڑھا (ہ) بڑی عمر کا ۔ بڈھا ۔
بُوزِنہ (ف ۔ مذ) بندر
بوستان (ف ۔ مذ) باغ ۔ پھولوں
کی پیدائش کی جگہ ۔ برخلاف
اس کے گلستان وہ جگہ ہے جہاں
بہت سے پھول ہوں ۔ یعنی پھولوں
کا مرکز ۔ شیخ سعدی کی ایک
تصنیف جو نظم میں
ہے ۔
بوس (ف ۔ مذ) چُوما ۔ چاٹی
بوسہ (ف ۔ مذ) چُومنا ۔ چُوما ۔
بوسیدہ (ف ۔ ص) پُرانا ۔ پھٹا ہوا ۔
بوعلی سینا (ع ۔ مذ) ایک بہت بڑے
مشہور حکیم کا نام ہے ۔ ان کو
شیخ الرئیس بھی کہتے ہیں ۔ ان
کی حکمت کی کتابیں ۔ شفا اور قانون
وغیرہ بہت مشہور ہیں ۔
بوقلموں (ف ۔ ص) طرح طرح کا ۔ رنگا
رنگ کا ۔
بوکھلانا (ہ) گھبرانا ۔ بدحواس ہونا ۔
بول (ہ ۔ مذ) سخن ۔ بات ۔ طعنہ بولی
بَول (ف ۔ مذ) پیشاب ۔
بولی (ہ ۔ مث) زبان ۔ بھاشا ۔
طعن تشنیع ۔ نیلام کی آواز ۔
بولیاں مارنا (ہ) طعنے مارنا ۔
بُوم (ف ۔ مذ) اُلو ۔ زمین ۔
بونا (ہ) چھوٹا ۔ پست قد ۔ ٹھگنا ۔
بوناپارٹ (BONAPARTE)
نپولین ۔ بوناپارٹ ۔ اٹھارویں
صدی کا زبردست جرنیل ۔ جس
نے براعظم یورپ کا زبردست
حصّہ فتح کیا ۔ اور معمولی سپاہی
سے ترقی کر کے فرانس کا بادشاہ
بن گیا ۔ ۱۸۱۵ء میں شکست
کھا کر انگریزوں کے ہاتھوں میں
گرفتار ہوا ۔ اور جزیرہ سینٹ
ہیلنا میں بحالتِ قید وفات پائی ۔

بوند (ہ۔ مث) قطرہ۔

بوندا باندی (ہ) تھوڑی تھوڑی بارش۔

بوہنی (ہ۔ مث) پہلی بکری پہلی بکری رقم۔

(ب ۔ ہ)

بہ (ف) اچھا۔ عمدہ۔

بہا (ف۔ مذ) قیمت۔ مول۔

بہار (ف۔ مث) پھول کھلنے کا موسم رونق۔ جوبن۔

بہارنا۔ جھاڑ دینا۔

بھاپ (ہ (سَ واشپ) مث) بخارات۔ دھواں۔

بھاٹ (ہ۔مذ) تعریف کرنے والا۔ مراسی۔ جن کا کا خاندانی شجرے یاد رکھتا ہے۔

بہادر
بہادری (ف۔ مث) جرات۔ دلیری۔ طاقت۔

بھارت ورش (ہ۔ مذ) ہندوستان)

بھاری (ہ۔ص) وزنی۔ بوجھل۔

بھاری بھرکم (ہ۔ص) موٹا۔ بہت بوجھل۔ فربہ۔ باہیبت۔

بھاری پانی (ا) وہ پانی جو خالص نہ ہو ثقیل پانی۔

بھاڑ (ہ۔ مذ) بھٹی جس میں چنے بھنتے ہیں۔

بھاڑ میں جھونکنا } (ہ) پھینکنا۔ ضائع کرنا۔ جلانا

بھاڑا (ہ۔ مذ) کرایہ۔ محصول۔ اجرت۔

بھاڑے کا ٹٹو (ہ۔ مذ) کرائے کا ٹٹو عادت کا غلام۔

بھاشا (ہ۔ مث) زبان۔ بولی۔ کسی ملک کی زبان۔ ہندوستان کی قدیم زبان ہندی۔

بھاگ (ہ۔ مذ) نصیب۔ قسمت۔ حصہ ٹکڑا۔

بھاگ جاگنا (ہ) قسمت کھلنا۔ مراد پوری ہو گئی۔

بھاگوان (ہ۔ص) بھاگ والا۔ خوش نصیب۔ صاحب اولاد

بھالو (ہ۔ مذ) ریچھ۔ خرس۔

بہانا (ہ) حیلہ۔ظاہرداری۔فریب
بھانْت (ہ۔مث) قسم۔طرح۔ڈھنگ
بھانڈا (ہ۔مذ) برتن۔بھید۔راز۔
بھانڈا پھوڑنا (ہ) راز ظاہر کرنا۔
بھان (ہ۔مذ) سورج۔
بھان متی (ہ) بازی گر۔ تماشہ کرنے والا۔
بَہانہ (ف۔مذ) عذر۔حیلہ۔ دھوکہ۔فریب۔
بَہانہ جُو (ف۔ص) بہانہ ڈھونڈنے والا۔
بہانہ جُوئی (ف۔مث) بہانہ تلاش کرنا۔
بھاؤ (ہ۔مذ) نرخ۔شرح۔ریٹ۔
بھاؤ بتانا (ہ) حالت ظاہر کرنا۔ اشارے کرنا۔
بَہائم (ع۔مذ۔ج) (واحد بہیمہ) چوپائے جانور۔
بھائی بند (ہ۔مذ) رشتہ دار۔
بھائی چارہ (ہ۔مذ) برادری۔
بَہکنا (ہ) بھٹکنا۔بیزار ہونا۔نشے کی حالت میں شور مچانا۔
بھَبکا (ہ۔مذ) عرق نکالنے کا برتن۔ شعلہ۔لپٹ۔
بھَبکی (ہ۔مث) دھمکی۔گھُڑکی۔
بھَبھُوت (ہ۔مث) راکھ جو جوگی ملتے ہیں
بھَبھُوت رَمانا (ہ) ہندو فقیروں کا اپنے بدن پر راکھ ملنا۔فقیر ہونا۔ ملنا۔فقیر ہونا۔
بہبُودی (ف۔مث) اچھائی ترقی۔بہتری۔
بھَبھُوکا (ہ۔مذ) شعلہ۔انگارہ غضب ناک۔لال پیلا۔
بَہُت (ہ۔ص) زیادہ۔نہایت۔
بَہُت دُور ہونا (ہ) دُور کی سوچنا۔ عقل نہ پہنچ سکنا۔
بُہتات (ہ۔مث) بہت ہونا۔ زیادتی کثرت۔افراط۔
بُہتَان (ع۔مذ) تہمت۔الزام عیب۔بدنامی۔
بُہتان تراشی (ف۔مث) الزام گھڑنا۔کسی پر جھوٹا الزام لگانا۔

بہتر (ف۔ص) بہت اچھا۔ اعلیٰ۔ بہت عمدہ۔
بہتری (ف۔مث) (بہتر ہونا) اچھائی۔ بھلائی۔
بھتنی (ہ۔مث) بھوت کی تانیث۔ چڑیل۔ بدصورت عورت۔
بھتنی کا (ہ) ایک گالی۔
بہتیرا (ہ۔مذ) زیادہ۔ بہت کافی۔
بھٹہ (ہ۔مذ) مکی۔ جوار وغیرہ کا سٹا۔
بھٹکنا (ہ) راہ بھول جانا۔ گمراہ ہونا۔ دھوکہ کھانا۔
بھٹیارا (ہ۔مذ) روٹی پکانے والا۔ نان بائی۔ سرائے کا خادم مسافروں کو ٹھہرانے اور اُن کی خدمت کرنے والا۔
بھٹیارخانہ (ہ۔مذ) سرائے ہر کسی کے ٹھہرنے کی جگہ۔ کمینوں کا مکان۔
بھٹیاری (ہ۔مث) بھٹیارے کی جورو۔ سرائے والی عورت۔
بہجت (ع۔مث) خوشی۔ سرور۔ تازگی

بھجن (س۔مذ) خدا کی تعریف کے گیت۔ حمد۔ ثنا۔ کسی بزرگ کی تعریف۔ نعت۔ مدح۔
بھجنا (ہ) بھجن کرنا۔ سراہنا۔ عبادت کرنا۔
بھدا (ہ۔ص) موٹا۔ بھونڈا۔ بدشکل۔
بھدرا (ہ۔مذ) منحوس دن۔ چاند کی دوسری۔ ساتویں اور بارھویں تاریخیں۔ چارابرو کا صفایا۔
بہرا (و۔ص) کانوں سے معذور خدمت گار خاصہ۔
بہرام (ف۔مذ) عراق کا ایک بادشاہ جسے بہرام گور بھی کہتے ہیں۔
بھربھرا (و) خستہ۔ ہاتھ لگانے سے ذرہ ذرہ ہونے والا۔
بھرپانا (۱) حاصل ہونا۔ بر آنا۔ (۲) نتیجہ پانا۔ کئے کی سزا بھگتنا (۳) کل وصول ہو جانا (۴) (طنزاً) نیکی کرکے بدی پانا۔
بھرپور (ہ۔ص) پورا۔ کامل۔ بھرا ہوا۔ سرسبز۔ بے پروا۔

بھَرَت (ہ۔مذ) جست۔ تانبے اور سیسے کا مرکب۔ رام چندر جی کے سوتیلے بھائی کا نام۔
بھُرتا (ہ۔س بھورج=بھوننا) مذ کسی ترکاری کا اُبلا یا بھبھلایا ہوا سالن۔
بھَرتی (ہ۔مث) کسی محکمے میں نام لکھا جانا کمی کو پورا کرنا۔ بیکار اسباب۔
بھرتی کا شعر (ا۔مذ) بے لطف شعر۔ غزل کو پوری کرنے کے لئے بے مزہ شعر۔
بہرحال (ف) ہر حالت میں۔ ہر طرح
بہرکیف (ف) بہرحال۔ ہر طرح جس طرح بھی ممکن ہو۔
بھَر لینا (ہ) پُر کر لینا۔ وصول کر لینا۔
بھَرَم (ہ۔مذ) ساکھ۔ عزت۔ بھروسہ اعتبار۔ بھید۔
بھَرَم جانا (ہ) عزت جانا۔ ساکھ جانا
بھَرَم کُھل جانا (ہ) ظاہر ہو جانا۔ اعتبار اُٹھ جانا۔
بھَرمار (ہ۔مث) زیادتی۔ کثرت۔

بھَرمانا (ہ) دھوکا دینا۔ شبہے میں ڈالنا۔ وہم میں پھنسانا۔ للچانا۔
بَہُروپ (س۔مذ) بھیس بدلنا۔ سانگ بھرنا۔
بَہُروپیا (س۔مذ) بھیس بدلنے والا۔ نقال۔ فریبی ٹھگ۔
بَہرَہ (ف۔مذ) بھاگ۔ قسمت۔ نصیب۔ حصّہ۔
بَہرَہ ور۔ بَہرَہ مَند۔ بَہرَہ یاب۔ (ف۔ص) نصیب والا۔ حصّہ دار۔
بھروسا یا (ا۔مذ) آسرا۔ اُمید۔ بھروسہ اعتبار۔ یقین
بِھڑ (ہ۔مث) زرد تتیّا۔ زنبور۔
بِھڑا دینا (ہ) مقابلے پر لا کھڑا کرنا۔
بِھڑ کا چھتّہ (ہ۔مذ) تتیّوں کے رہنے کا گھر۔ لڑاکا جسے چھیڑ کر پیچھا چُھڑانا مشکل ہو جائے۔
بَھڑاس (ہ۔مث) دل کا بُخار۔ کینہ۔ غُصّہ۔
بَھڑاس نکالنا (ہ) غصّہ نکالنا رنجش ظاہر کرنا۔

بھڑک (ہ۔مث) چمک بھڑک۔ آگ کا بھڑکنا۔

بھڑکے کی آنچ (ہ) کیمیاگروں کی اصطلاح میں ایسی تیز آنچ جس میں شعلے بلند ہو رہے ہوں۔ بہت تیز آنچ۔

بھڑک اُٹھنا۔ (ہ) جل جانا۔ بھبکنا۔ غصّے میں آنا۔

بھڑکانا (ہ) آگ کو تیز کرنا۔ مشتعل کرنا۔ غصّہ دلانا۔

بھڑکے چھتّے کو چھیڑنا (ہ) فسادی آدمی کو چھیڑنا۔

بھڑوا (ہ۔مذ) بدکاروں کا دلّال۔ بے غیرت۔ دیّوث۔

بُھس ملانا (ہ) خرابی پیدا کرنا۔

بُھس میں چنگی ڈال جمالو دُور کھڑی (ہ) لڑائی کرا کر الگ ہو جانا۔

بہشت {ف (اوستا دہشتہ = ہ (= اچھّا) + شتہ (علامت تفضیل) بمعنی بہترین۔ صفت قائم مقام موصوف (مذ)} فردوس۔ جنت۔ سورگ۔ باغ۔

بہشتی (ف۔ص) نیک۔ بہشت کا رہنے والا (ا۔مذ) سقّہ۔

بھک بھک۔ انجن میں سے دھوئیں کے نکلنے کی آواز۔

بھک سے اُڑ جانا (ہ) کسی آتش گیر مادے کا دفعتہً اُڑ جانا۔ صاف کٹ جانا۔

بھکاری (ہ۔مذ) بھیک مانگنے والا۔ گداگر۔

بھکشا (ہ۔مث) بھیک۔ خیرات۔

بہکانا (ہ) (۱) راستہ بھلانا۔ غلط راستے پر لگانا۔ (۲) ورغلانا۔ اغوا کرنا (۳) دھوکہ یا فریب دینا (۴) غلط بیانی سے یقین دلانا۔ (۵) مست کرنا۔

بہکاوٹ (ا۔مث) دھوکا۔ فریب۔

بہکاوے میں آنا (ہ) دھوکے میں آنا۔

بہک اٹھنا (ہ) نشے یا بیہوشی کی حالت میں بکنا۔

بہکنا (ہ) راہِ راست سے دور ہو جانا۔

(۲) نشے یا بخار کی بیہوشی میں
بہکی بہکی باتیں کرنا (۳) دھوکا
کھانا (۴) نشانہ خطا کرنا (۵)
(پاؤں) لڑکھڑانا۔ ڈگمگانا۔
بہکی بہکی باتیں کرنا (ہ) بڑبڑانا۔ کچھ کا کچھ کہنا۔
بھگت (ہ۔ مذ) پرہیز گار۔ زاہد۔
نیک۔ طنزاً بدمعاش۔
بُھگتان (ہ۔ مذ) بے باقی۔ فیصلہ
حساب چُکانا۔
بُھگتانا (ہ) ادا کرنا۔ پورا کرنا۔
جھگڑا چُکانا۔
بھگتی (ہ۔ مث) عبادت۔ پوجا۔
پوجا پاٹھ۔
بھگتی رس (ہ۔ مذ) عاشقانہ مذاق
صوفیانہ مذاق۔
بھگوان (س۔ مذ) خدا تعالےٰ۔
پرمیشور۔
بھگو بھگو کر لگانا (ا) سخت لعنت ملامت کرنا۔
بھگوتی (ہ۔ مث) درگا دیوی۔ دیوی۔

بھگوڑا (ہ۔ مذ) بزدل۔ ڈرپوک۔
بھاگ جانے والا۔
بھل بھل۔ بہت سے پانی کے
مسلسل گرنے کی آواز۔
بھلا (ہ۔ ص) نیک۔ شریف۔ کلمہ
تنبیہ۔
بھلا کرنا (ہ) اچھا سلوک کرنا۔
نیکی کرنا۔
بھلا مانس (ہ۔ مذ) نیک آدمی۔
بھلا آدمی۔ شریف۔
بُھلسنا (ہ) جھلسنا۔ نیم بریاں
کرنا۔ نیم سوختہ کرنا۔
بُھلانا (ہ) یاد سے اُتار دینا۔
دھوکا دینا۔
بہلانا (ا) کھیل میں لگانا۔ دل
خوش کرنا۔
بہلاوا (ہ۔ مذ) تفریح۔ دل لگی۔
دل خوش کرنے کا مشغلہ۔
بہلی (ا۔ مث) بیلوں کی چھوٹی
سی دو برج نما گاڑی۔
بہم (ف) باہم۔ ساتھ۔ آپس میں۔

بَہمَن (ف - مذ) فارسیوں کا گیارھواں مہینہ جو پھاگن کے لگ بھگ ہوتا ہے - اس مہینے میں ایران میں اکثر بارش ہوتی ہے -

بَہنا (ہ) جاری ہونا - مواد نکلنا - برباد ہونا - کثرت سے جاری ہونا

بَہناپا (ہ - مذ) بہن بنا - عورتوں کا ایک دوسرے سے پیار - سکھی بن -

بُھنانا (ہ) روپیہ تڑوانا - بریاں کرانا

بھنبھیری (ہ - مث) ایک پَردار کیڑا، جس کے اُڑنے سے بھن بھن کی آواز نکلتی ہے -

بُہَم پہنچنا (ف) ملنا - دستیاب ہونا -

بِھنبھنانا (ہ) مکھیوں کے اُڑنے کی آواز -

بَھنڈار (ہ - مذ) گودام - ذخیرہ - (۲) دریا کی سطح -

بھنڈارا (ہ - مذ) جوگیوں اور درویشوں کی ضیافت - کھوپری -

بَھنَک (ہ - مث) مکھیوں کے اُڑنے کی آواز - دھیمی آواز - خبر - اطلاع -

بِھنکنا (ہ) مکھیوں کا بھنبھنانا اور ہجوم کرنا - سُست بیٹھنا -

بُھنگا (ہ - مذ) چھوٹا کیڑا جو برسات میں پیدا ہوتا ہے -

بھنگڑا (ہ - مذ) بھنگ پینے والا - گپّی - پنجابی ناچ کا نام بھی ہے:

بھنگڑ خانہ (ہ - مذ) بھنگ گھوٹنے اور پینے کی جگہ -

بَھنگَن (ہ - مث) حلال خوری مہترانی -

بَہنگی (ہ - مث) بانس یا ڈنڈا جس کے دونوں طرف بوجھ اٹھانے کے لئے رسیاں بندھی ہوتی ہیں -

بَھنوَر (ہ - مذ) پانی کا چکر - گرداب - دُکھ - غم -

بُھوت [ہ (لغوی معنی گزرا ہوا) مذ] پریت - شیطان - جن سر ہو جانے والا - بد صورت

بھوت اُتارنا (ہ) جن نکالنا۔ غصہ اُتارنا۔
بھوجن (س۔ مذ) کھانا۔ طعام۔
بھور (ہ۔ مث) صبح۔ نور کا تڑکا۔ روشنی۔
بھوک (ہ۔ مث) کھانے کی خواہش اشتہا۔
بھوک ہڑتال (ہ۔ مث) کوئی مطالبہ منوانے کے لیے کھانا چھوڑ دینا۔ مقاطعہ جوئی۔
بھوکوں مرنا۔ فاقے کرنا۔ بھوک سے مر جانا۔
بھوگ (ہ۔ مذ) طعام۔ کھانا۔
بھوگنا (ہ) بھگتنا۔ برداشت کرنا۔ سزا بھگتنا۔ مزا اُڑانا۔
بھول چوک (ہ۔ مث) بھولی ہوئی بات۔ غلطی۔ خطا۔ گناہ۔
بھولا بسرا (ہ) یاد سے اُترا ہوا۔
بھولا بھالا (ہ۔ ص) سیدھا سادہ۔ معصوم۔ بے تکلف۔
بھولا بھٹکا (ہ) رستہ بھولا ہوا۔ گمراہ۔

بھول بھلیاں (ہ۔ مث) پیچ در پیچ راستوں کا مکان۔ گورکھ دھندے کا مکان۔ ایک خاص عمارت جس میں بجز دروازوں اور راستوں کے کچھ نہیں ہوتا۔ جو شخص اس کے اندر داخل ہو جائے اُسے پھر باہر نکلنا مشکل ہو جاتا ہے۔
بھوم (س۔ مث) زمین۔ دھرتی۔ جگہ۔ مقام۔ ملک۔ وطن۔
بھومی (س۔ مث) زمین۔ ملک۔
بھوَن (س۔ مذ) مقام۔ جگہ۔ مندر۔
بھوئں (ہ۔ مث) آبرو۔
بھونچال (ا۔ مذ) زلزلہ۔ لرزہ۔
بھونچکا (ہ) ہکا بکا۔ حیران۔
بھونڈا (ا۔ ص) بدشکل۔ بُرا۔
بھونرا۔ ایک قسم کی سیاہ رنگ کی بڑی بھڑ جو اکثر لکڑی میں چھید کرکے رہتی ہے۔
بھوننا (ہ) آگ میں بغیر پانی کے پکانا۔ بریاں کرنا۔

بھلبھلانا (۲) طعنہ دے کر جی جلانا۔ دق کرنا۔

بَہی (ہ۔مث) حساب کتاب رکھنے کی لمبی کتاب جس کی جلد سرخ ہوتی ہے۔

بَہی خَسرہ (ہ۔مذ) روزنامچہ۔ پٹواری کا روزنامچہ۔

بِہی خواہ (ف۔ص) بہتری چاہنے والا۔ خیر خواہ۔

بَہی کھاتا (ہ۔مث) حساب کی کتاب روزنامچہ۔

بِہی (ا۔مث) ایک مشہور میوہ ہے۔

بِہی دانہ (ا۔مث) بہی کے بیج جن کو بھگو کر متھنے سے لیس دار رطوبت نکلتی ہے۔

بھَیانک (ہ۔ص) خوفناک۔ ڈراؤنا۔

بھید (ا۔مذ) راز۔ پوشیدہ بات۔ سراغ۔

بھَیرَوں (ہ۔مذ) (۱) شو جی کا ایک نام (۲) ایک راگ جو سننے والوں پر خوف طاری کر دیتا ہے۔ (۳) ایک دیوتا کا نام جو شو کا اوتار ہے۔

بھَیرَویں (ا۔مث) بھیروں راگ کی پانچ راگنیوں میں ایک راگنی کا نام ہے جو صبح کے وقت گائی جاتی ہے۔

بھیڑ بھاڑ (ہ۔مث) ہجوم۔ بہت بھیڑ۔

بھیڑ چال (ہ۔مث) رسم و رواج کی احمقانہ پابندی۔ بلا سوچے کسی کے پیچھے چلنا۔

بھیس (ا۔مذ) لباس۔ پوشاک۔ روپ

بھیس بَدَلنا (ہ) سوانگ بھرنا۔ لباس بدلنا۔

بھیک (ا۔مث) بھکشا۔ خیرات۔

بھیگی بلی بتانا (ہ) ٹالنا۔ بہانہ کرنا۔

بھینٹ (ہ۔مث) قربانی۔ صدقہ نذر۔

بھینٹ چڑھانا (ہ) قربان کرنا۔ نذر کرنا۔

بھینس کے آگے بین بجانا (ہ) قدر ناشناس سے قابلِ قدر بات کہنا۔

بھینی بھینی بُو (ؤ) ہلکی ہلکی بُو۔
بَہِیمَہ (ف) چارپایہ۔ درندہ۔

(ب - ی)

بی (ؤ-مث) بی بی کا مخفف کلمۂ خطاب جو عورتوں سے مخاطب ہوتے وقت کہتے ہیں۔ بیوی رانی۔ بیگم۔ بڑی بوڑھی۔
بی شادی (ؤ-مث) عورتوں کی زبان میں ہوّا۔ بُوبُو۔ بیجا۔
بے (ت-مذ) ترکی خطاب جیسے انور بے
بے (ف) بغیر۔ سوا۔ یہ لفظ فارسی ترکیبوں میں عموماً اسمائے غیر صفت وغیر مشتقات یعنی اسم مصدر۔ اسم جامد اور نیز ان الفاظ پر جن میں یائے مصدری ہو لگایا جاتا ہے۔ جیسے بیدانش۔ بے علم۔ بے زر بے ادبی۔ نا اکثر مشتقات اور صفات پر آتا ہے۔ جیسے اسم فاعل۔ اسم مفعول۔ صفت مشبہ پر جیسے نابالغ نامسموع ناشائستہ الفاظ ذیل مستثنےٰ ہیں:۔ ناتواں۔ ناامید۔ ناچیز نامراد۔ ناہنجار۔ نااہل۔
"بے" کے چند مرکبات حسب ذیل ہیں:۔
بے اثر (ص) (۱) بے تاثیر (۲) بے فائدہ۔ بیکار
بے اثری (ؤ-مث) ناقابلیت۔
بے اِحتیاط (ص) بے پروا۔ غافل۔
بے اصل (ص) غلط۔ بے بنیاد۔
بے اعتدالی (مث) حد سے بڑھ جانا۔
بے اِعتنائی (مث) بے پروائی توجہ نہ کرنا۔
بے اندازہ (ص) بیحد۔ بہت۔
بے اندیشہ (ص) بلا خطر۔ بلاخوف۔ بے خوف۔
بے آب (ص) بغیر پانی کے۔ (۲) بے رونق۔ بدزیب (۳) کُند۔

بے آب وتاب (ص) بے رونق بغیر چمک کے ۔
بے آب وگیاہ ۔ بے آباد ۔ جہاں نہ پانی ہو نہ گھاس ۔
بے آبرُو (ص) بے عزت ۔ بے حُرمت ۔ (کرنا ۔ ہونا) ۔
بے آبرُوئی (ف ۔ مث) بے عزتی ۔
بے آب ودانہ (ص) بغیر کھانے پینے کے ۔ فاقے سے (رہنا، ہونا)
بے آس (ص) مایوس ۔
بے باق (ص) اپنے ذمے بقایا نہ رکھنے والا ۔ مکمل اداشدہ ۔
بے باک (ی) بے خوف ۔ دلیر (کرنا ۔ ہونا)
بے بال وپَر (ف ۔ ص) بے یارو مددگار ۔ تنہا ۔ اکیلا ۔
بے بدل (ص) لاجواب ۔ بے نظیر
بے برگ وبار (ص) وہ درخت وغیرہ جس پر نہ پتے ہوں نہ پھل ۔ ٹنڈمنڈ (۲) بے اولاد (۳) محتاج ۔ (کردینا ۔ کرنا ۔
ہوجانا ۔ ہونا) ۔
بے بضاعت ۔ بے پُونجی ۔ مُفلس ۔
بے بہا (ف ۔ ص) انمول بہت قیمتی نایاب ۔
بے بہرہ (ف ۔ ص) محروم ۔ بے نصیب
بے بھاؤ کی پڑنا | بہت پٹنا ۔ بہت جوتیاں لگنا ۔
بے پایاں ۔ بے انتہا ۔ بے حد
بے پَر (ف ۔ ص) بے کس ۔
بے پَر اُڑانا ۔ بے جا تعریفیں کرنا ۔
بے پر کی اُڑانا ۔ غلط بات مشہور کرنا ۔ گپ اُڑانا ۔
بے تأمّل ۔ بے اندیشہ ۔ بے فکر بے دھڑک ۔
بے تحاشا (ا) مضطربانہ ۔ حواس باختہ ہوکر ۔ بے دھڑک ۔ ازحد
بے تکان ۔ بے تکلف ۔ بآسانی ۔
بے ثباتی (مث) ناپائیداری ۔ کمزوری ۔
بیچگُوں (ص) بے مثال ۔ یعنی خداتعالیٰ ۔ اللہ ۔

بیچوبہ (ا۔ مذ) ایک قسم کا خیمہ جس میں چوب نہیں ہوتی۔
بے چون وچرا۔ بے عذر۔
بے حجابانہ۔ بے تکلف۔ علانیہ کھلے خزانے۔
بے حس وحرکت۔ بالکل ساکن۔ حیران۔ ششدر رہ جانا۔
بے خانماں (ص) بے گھر۔ بے وطن۔
بے خود (ص) بیہوش۔ مخمور۔ آپے سے باہر (کر دینا۔ کرنا۔ ہو جانا ہونا)۔
بیدادگر (ص) ظالم۔ سفاک۔
بیدار دل (ص) ہوشیار۔ روشن ضمیر۔
بے دال کا بُودم (مذ) اُلّو (اگر بُودم سے "دال" نکال دیں تو بُوم رہ جاتا ہے) بیوقوف۔
بے داموں کا غلام (کی لونڈی) مفت کا غلام یا مفت کی لونڈی فرمانبردار۔ مطیع۔
بے دخل کرنا۔ خارج کرنا۔ قبضہ ہٹانا۔ الگ کرنا۔

بیدالنش (ف۔ص) بے وقوفی (کرنا) ہونا۔ سے کام لینا۔
بے درماں (ف۔ص) لاعلاج
بے درنگ (ص) یکایک۔ فوراً۔
بے دریغ (۱) بے سوچے سمجھے۔ (۲) بغیر رنج یا افسوس کے (۳) بکثرت (۴) کھلے دل سے۔
بے دست وپا (ف۔ص) اپاہج بے یار ومددگار۔
بے دعویٰ (ص) جس چیز پر کسی کا دعویٰ نہ ہو۔
بے دغدغہ۔ بلاخوف۔
بے دل (ف۔ص) بے جگر۔ نڈر۔ دل برداشتہ۔
بے دماغ (ص) (۱) ناخوش۔ (۲) بدمزاج۔ زود رنج۔
بے ڈول (ص) (۱) بدقطع۔ (۲) بدتہذیب۔ (۳) ناگوار۔
بے ڈھب آدمی (مذ) شرارتی برا۔ بے موقع۔
بے ذوق (ص) بے مزا۔ سخن ناشناس

بے ربط (ص) بے جوڑ۔ بے موقع
بے رُخی (مث) بے توجّہی۔ بے لحاظی (برتنا۔ کرنا۔ ہونا)۔
بے روزگار (ص) نوکری سے موقوف۔ بیکار۔
بے روک ٹوک (ص) بے اندیشہ بے تکلف۔
بے زوال (ص) نہ گھٹنے والا۔ پائیدار۔
بے ساختگی (مث) سادگی۔ بھولاپن۔
بے ساختہ (ص) فی البدیہ۔ بے تکلف۔ فوراً۔
بے شائبہ۔ یقیناً۔ بے شبہ۔
بے شعوری (مث) بے عقلی۔ بے تمیزی۔
بے صَرفہ۔ بے انتہا۔ بے احتیاطی سے۔
بے طَرح (ص) (۱) بے ڈھب۔ (۲) حد سے زیادہ۔ (۳) وہ غزل جو مشاعرے میں "طرح" کے خلاف پڑھی جائے۔ (۴) بُرے انداز سے۔
بے طَلَب (ص) بن بلائے۔
بے عَدِیل (ص) بے نظیر۔
بے عُنوانی (مث) بے قاعدگی۔ بدچلنی۔
بے غِل وغِش۔ (ص) بلا تکلیف بے دریغ۔ بے فکری سے۔ بے پروائی سے۔
بے غیرتی کا جامہ پہننا یا بے غیرتی کا ٹھیکرا آنکھوں پر رکھ لینا } بے حیا بن جانا۔
بے فکرا (ا۔ مذ) بے پرواہ۔ آزاد۔
بے کَراں (ص) بے حد۔ بے انتہا۔
بے کَل (ص) بے چین۔
بے کم وکاست (ص) بے گھٹائے بڑھائے۔ ٹھیک صحیح۔ مکمل۔
بے کَیف و کم (ص) بے مزہ۔ بے لطف۔
بے کینڈے (ص) بدقطع۔ بھدا۔
بیگُماں۔ بے شک۔ بے شبہ۔

بے گور و کفن - لاش جسے کفن نہ ڈالا جائے اور نہ دفن کیا جائے -
بے لُطفی - (مث) بے مزگی - نامہربانی -
بے لگام (ص) بغیر لگام کے (گھوڑا) (۲) مجازاً سرکش منہ پھٹ - بے قابو -
بے لوث (ص) خالص - پاک صاف
بے مارے مرنا - بے موت مرنا - قبل از وقت مرنا -
بے مایہ (ص) مُفلس -
بے مائگی (ف - مث) غریبی - مفلسی
بے مُحابا (ص) بے دھڑک - بے خوف - (۲) بے جھجک -
بے نقط سنانا یا گالیاں دینا } فحش گالیاں دینا - بے تحاشا گالیاں دینا -
بے نیازی (ف - مث) بے پروائی (۲) آزادی - خود سری -
بے نیلِ مُرام (ص) ناکام - نامُراد -

مطلب حاصل کئے بغیر -
بے وقت کا راگ } (ا - مذ) بے موقعہ بات -
بے وقت کی راگنی (ا - مث) بے موقعہ بات -
بے ہمتا (ص) بے بدل - بےنظیر -
بے یار و مددگار - بیکس - بیچارا -
بے بوجھ نگری بے بوجھ راجہ ٹکے سیر بھاجی ٹکے سیر کھاجا } بیوقوف حاکم کی بدانتظامی کی مثل ہے -
بیگانی آس نت اُپاس } دوسروں پر بھروسہ کرنے والا ہمیشہ بھوکا رہتا ہے -
بیوقت کی شہنائی موئے گُرھے نے بجائی } بے موقعہ کام ہونے پر یہ کہتے ہیں -
بیابان (ف - مذ) (۱) ریگستان - صحرا (۲) ویرانہ - اُجاڑ -
بیاج (ہ - مذ) سُود - ربو - نفع منافع - وہ اضافہ جو ایک

جنس کے بدلے اُسی جنس سے لیا جائے۔

بیاج پر بیاج (ہ۔مذ) سود در سود۔ سُودِ مرکب۔

بیاج خور (ا۔مذ) سود خوار۔ سُود لینے والا۔

بیاض (ع۔مث) (۱) سفیدی (۲) سادہ کاغذ۔ پاکٹ بک (۳) کتابِ اشعار۔

بیاکرن (ہ۔مذ) علم صرف و نحو۔

بیان (ع۔مذ) (۱) صاف بولنا۔ (تقریر۔گفتگو (۳) ذکر۔ کیفیت (۴) وہ علم جس میں تشبیہ۔مجاز۔استعارہ کنایہ وغیرہ کی مدد سے ایک معنی کو کئی طریقے سے ادا کرنے کا ذکر ہوتا ہے۔

بیانِ دعویٰ (ع۔مذ) صورت حال۔حقیقت حال۔دعویٰ کا ثبوت۔

بیاہ (ہ۔مذ) شادی۔نکاح۔

بیاہتا (ہ۔ص، بیاہی بیوی۔ منکوحہ۔

بَیبَل (یونانی۔مث) لغوی معنی کتاب۔اصطلاحی طور پر وہ آسمانی کتاب جس میں تورات زبور اور انجیل شامل ہے۔

بَیت (ہ۔مث) بید۔ایک قسم کی لچکدار لکڑی جس کی قمچیاں بناتے ہیں۔ اور جس سے کُرسیاں وغیرہ بھی بُنتے ہیں۔

بَیت (ع۔مذ) گھر۔مسکن۔ مکان (بُیُوت جمع)

بَیتُ الحَرام (ع۔مذ) وہ گھر جس میں قتل اور بعض مباحات کو منع کیا گیا ہے۔ خانہ کعبہ۔مکہ۔

بَیتُ الحُزن (ع۔مذ) رنج کا گھر۔غمکدہ۔غمخانہ (مجازاً) عاشقِ مہجور کا گھر۔

بَیْتُ الْخَلا (ع - مذ) پاخانہ
جائے ضرور -
بَیْتُ اللّٰہ (ع - مذ) خدا کا گھر ۔
خانہ کعبہ ۔ مکہ معظمہ -
بَیْتُ الْعَتِیق (ع - مذ) پُرانا
گھر ۔ خانہ کعبہ -
بَیْتُ الْمَال (ع - مذ) خزانہ عامرہ
سرکاری خزانہ ۔ بالخصوص
حکومتِ اسلامیہ کا خزانہ -
بَیْتُ الْمَعْمُور (ع - مذ) ایک مسجد
کا نام جو عین کعبے کے مقابل
چوتھے آسمان پر بنی ہوئی ہے
یہ ہر وقت فرشتوں سے
بھری رہتی ہے - اس لئے
معمور کہلاتی ہے -
بَیْتُ الْمُقَدَّس یا
بَیْتُ الْمُقْدِس } (ع - مذ) خانہ پاک
متبرک مقام - مراد یروشلم
کے عبادت خانے سے جو حضرت
داؤدؑ نے بنایا تھا - یہ فلسطین
میں ہے اور مسلمانوں عیسائیوں
اور یہودیوں، تینوں کے
نزدیک متبرک ہے -
بیت بازی
یا بحث } (ع + ف - مث) شعروں میں بحث
کرنا (یہ یوں کرتے
ہیں کہ پہلے ایک شخص کوئی
شعر پڑھتا ہے - جس حرف
پہ شعر ختم ہوتا ہے دوسرا
شخص ایسا شعر پڑھتا ہے
جو اس حرف سے شروع ہوتا ہو -
بَیْت (ع - مث) فرد - شعر - دوہا (ابیات جمع)
بِیْتنا (ہ) گزرنا - بسر ہونا - ہو چکنا
رفع ہونا - کٹنا - وارد ہونا
ختم ہونا - تمام ہونا -
بِیْتی (ہ - مث) گزری ہوئی -
سرگذشت کا جرا - واردات -
بِیْٹ (ہ - مث) بیچال -
پرندوں کا گوہ -
بَیٹری (Battery)
(انگ - مث)
برقی مورچہ

جس کی مدد سے برقی روشنی
حاصل کی جاتی ہے۔
بَیٹھ جانا (ں) تباہ ہو جانا۔
برباد ہو جانا۔ ٹھیک آنا
بیٹھنا۔ سوار ہونا۔
بَیج (Badge) (انگ۔مذ)
تمغہ۔ چپراس۔ نشان۔
بِیج (ں۔مذ) تخم۔ نطفہ۔
بِیج مارا جانا (ں) بیج تک نہ رہنا
برباد ہو جانا۔ کسی چیز کا آگے
کے لئے ناپید ہو جانا۔
بِیج ناس کرنا (ں) برباد کرنا۔
نیست و نابود کرنا۔
بیجا (ف) بے موقعہ۔ بدنما
نامناسب۔ بے محل۔
بَیچ (Batch) (انگ۔مذ)
چیزوں کی وہ تعداد
جو ایک وقت میں تیار کی
جائے۔ گروہ۔ گروپ۔
بِیچ (ں۔مذ) اندر۔ درمیان۔
بِیچ میں پڑنا (ں) فیصلہ کرانا۔
صلح کرانا۔ راستے میں آنا۔
بِیجک (ہ۔مذ) مال کی فہرست۔
مع نرخ و قیمت۔
بیخ (ف۔مث) جڑ۔ اصل۔
بیخ کنی (ف۔مث) جڑ نکالنا۔
برباد کرنا۔
بید (ف۔مذ) ایک درخت کا نام
ہے۔ جس کی شاخیں بہت
لچکدار ہوتی ہیں۔ بیت۔
بید (س۔مذ) دیکھو "وید"۔
بیدِ مجنوں (ف۔مذ) ایک قسم
بید کا درخت جس کی شاخیں
نازک اور پتّے باریک ہیں۔
بیدِ مشک (ف۔مذ) ایک قسم
کا درخت ہے۔ جس کا عرق
نکالا جاتا ہے۔ یہ عرق دل
کو فرحت دیتا ہے۔
بیداد (ف۔مث) بے انصافی جفا
بیدادگر (ف۔مذ) ظلم کرنے والا
ظالم۔ بے انصاف۔
بیدار (ف۔ص) ہوشیار۔

جاگتا ہوا - چوکنا ۔

بیدار بخت (ف-ص) نصیبہ ور خوش بخت ۔

بیدار مغز (ف-ص) عاقل - ہوشیار - سمجھ دار ۔

بیداری (ف-مث) جاگنا - ہوشیاری - دانشمندی - باخبری

بیڈمنٹن (Badminton) (انگ-مذ) ایک کھیل جو جالی زمین سے چند فٹ اونچی گاڑ کر ریکٹ اور "چڑیا" کے ساتھ کھیلتے ہیں ۔

بیراگ (ہ-مذ) ریاضت - نفس کشی (لینا) ۔

بیراگن (ہ-مث) جوگن ۔

بیراگی (ہ-مذ) جوگی - سادھو ۔

بیربل (ا-مذ) زور آور - پہلوان - اکبر کے نورتنوں میں سے ایک مشہور رتن - جس کا اصلی نام مہیش داس تھا ۔

بیر (ہ-مذ) دشمنی - رنج - دکھ -

بیر لینا (یا) نکالنا (ہ) بدلہ لینا - دشمن سے انتقام لینا - کینہ کشی کرنا

بیئر (Beer) (انگ-مذ) جو کی شراب ۔

بیر بہٹی (ہ-مث) سُرخ رنگ کا کیڑا جو اکثر برسات میں پیدا ہوتا ہے ۔

بیرسٹر (Barrister) (انگ-مذ) وکیل جس نے قانون کا اعلیٰ امتحان ولایت میں جاکر پاس کیا ہو - بار ایٹ لاء (Bar-at-Law)

بیرق (ف-مذ) پھریرا - نشان - جھنڈا ۔

بیرنگ (ا-ص) وہ چٹھی یا مال جس کا محصول پہلے ادا نہ کیا گیا ہو - محصول طلب - محصول خالی - ناکام - اصل انگریزی لفظ (Bearing) ہے -

بیروزہ (ا-مذ) چیڑ کا گوند ۔

بَیرُومِیٹَر (Barometer) (انگ۔ مذ) ہوا کا بوجھ یا دباؤ ناپنے کا آلہ جس سے موسم کا حال معلوم ہو جاتا ہے۔ باد پیما۔ مقیاس الہوا ٭

بیرُوں (ف۔ اسم ظرف) باہر ٭

بیرُونجات (ف۔ مذ) باہر کی بستیاں۔ دیہات۔ قصبات ٭

بیڑا (ہ۔ مذ) بہت سے جنگی جہازوں کی قطار۔ ناؤ۔ کشتی۔ بانسوں کا وہ بڑا گٹھڑ جس کے ذریعے دریا کے پار اترتے ہیں ٭

بیڑا پار کرنا (ہ) سلامتی سے پار اتارنا۔ مصیبت دور کرنا۔ آڑے آنا ٭

بیڑا (ہ۔ مذ) بنا ہوا پان۔ گلوری ٭

بیڑا اٹھانا (ہ) ذمہ لینا۔ عہد کرنا۔ آمادہ ہونا ٭

بیڑی (ہ۔ مث) چرٹ۔ ایک قسم کے سگرٹ جو خاص پتوں میں تمباکو لپیٹ کر بنائے جاتے ہیں ٭

بیڑی (ہ۔ مث) لوہے کی زنجیر جو مجرموں کو پہناتے ہیں۔ یا ہاتھی کے پاؤں میں ڈالتے ہیں۔ مجازاً دنیاوی تعلقات ٭

بیڑی کٹنا (ہ) زنجیر اترنا۔ آزاد ہونا ٭

بیزار (ف۔ ص) خفا۔ ناراض ناخوش۔ متنفر ٭

بَیساکھ (ہ۔ مذ) ہندوؤں کا وہ مہینہ جو ۱۵ اپریل سے ۱۵ مئی تک ہوتا ہے ٭

بَیساکھی (ہ۔ مث) ہندوؤں کا مشہور تیوہار جو یکم بیساکھ کو ہوتا ہے ٭

بیسَن (ہ۔ مذ) چنے کی دال کا آٹا ٭

بیسنی (ہ۔ ص) بیسن کی بنی ہوئی ٭

بیسوا (ہ۔ مث) رنڈی۔ کسبی۔ فاحشہ

بیش (ف۔ ص) زیادہ ٭

بیش از بیش (ف) زیادہ سے زیادہ ٭

بیش از پیش (ف) پہلے سے بھی زیادہ ٭

بیش بہا (ف ۔ ص) قیمتی ۔ زیادہ قیمت کا ۔ بڑھیا ۔

بیشتر (ف) اکثر ۔ زیادہ تر ۔ بارہا ۔

بیش قیمت (ف ۔ ص) زیادہ قیمت والی شے ۔ بیش بہا ۔

بیشہ (ف ۔ مذ) اُجاڑ جنگل ۔ بیابان ۔

بیشی (ف ۔ مث) زیادتی ۔ کثرت ۔

بیض (ع ۔ مذ) دستخط ۔ نشان جو حاکم فرمانوں پر کرتے ہیں ۔

بیضوی (ف ۔ ص) انڈے کی شکل کی چیز ۔

بیضہ (ع ۔ مذ) انڈا ۔ تخم ۔ خصیہ ۔

بیطار (ع ۔ مذ) حیوانوں کا ڈاکٹر ۔ سلوتری ۔

بیع (ع ۔ مث) فروخت ۔ بکری ۔ سودا

بیع بالوفا (ع ۔ مث) وہ سودا جس میں میعاد مقررہ پر روپیہ ادا نہ کرنے سے چیز آئی گئی ہو جائے ۔

بیع شرطی (ع ۔ مث) وہ سودا جو کسی شرط کے پورا ہونے پر موقوف ہو ۔ کچی بکری ۔

بیع قطعی (ع ۔ مث) پکی بکری ۔ بیع جس میں کوئی شرط نہ ہو ۔

بیعانہ (ف ۔ مذ) وہ رقم جو کسی سودے کو پکا کرنے کے لئے اصل قیمت ادا کرنے سے پہلے بیچنے والے کو دی جاتی ہے اور حساب بے باق کرتے وقت وضع کر لی جاتی ہے ۔

بیع نامہ (ف ۔ مذ) کسی چیز کی فروخت کی دستاویز ۔ قبالہ ۔

بیکر (Baker) (انگ ۔ مذ) نانبائی ۔ روٹی پکانے والا بسکٹ اور ڈبل روٹی بنانے والا

بیکری (Bakery) (انگ ۔ مث) نانبائی کی دکان بسکٹ اور ڈبل روٹی کا کارخانہ یا بنانے کا فن ۔

بیکنٹھ (س ۔ مذ) بہشت ۔ جنت ۔ سورگ ۔

بیکنٹھ باشی (ہ ۔ مذ) جنت آشیاں ۔ فردوس مکاں ۔ مرحوم ۔ مغفور

بَیگ (Bag) (انگ - مذ) بوری - تھیلا - تھیلی ۔

بیگ (ف - مذ) امیر - سردار ۔

بیگار (ف - مث) جبراً مفت کام لینا - بیدلی کا کام ۔

بیگار ٹالنا (ف بے دلی اور بے پروائی سے کام کرنا ۔

بیگانگی (ف - مث) بیگانہ ہونا - غیر ہونا - ناواقفیت - دوری ۔

بیگانہ (ف - مذ) غیر جو اپنا نہ ہو - ناواقف - وہ شخص جس کے دل میں محبت نہ ہو ۔

بیگم (ف - مث) ملکہ - خاتون - امیرزادی ۔

بیگمی (ف - مث) اچھے چاولوں کی ایک قسم ہے - کافوری پان ۔

بیگھہ (ہ - مذ) ۳۰۲۵ مربع گز زمین ۔

بیگلر بیگی (ت (بیگ = سردار - امیر - رئیس) (ے = علامت جمع، مذ) سرِ سرداران - امیر الامرا ۔

بَیل (ہ - مذ) گائے کا نر - بیوقوف - گاؤدی ۔

بیل (ہ - مث) وہ پودا جس کی شاخیں زمین پر پھیلی ہیں، یا کسی سہارے اوپر چڑھے - فلیتہ یا ریشمی یا زری کا کنارہ - کپڑوں پر کاڑھے ہوئے گل بوٹے - نسل ۔

بیل منڈھے چڑھنا (ل) سن بلوغ کو پہنچنا - شادی ہونا - مراد کو پہنچنا ۔

بیلچہ (ف - مذ) زمین کھودنے کا ایک اوزار ۔

بیلدار (ف - مذ) سڑکوں کے درختوں کی رکھوالی کرنے والا - کھودنے والا - پھاوڑے سے کام کرنیوالا ۔

بیلن (ہ - مذ) لکڑی کا گول ڈنڈا ۔

بَیلنس (Balance) (انگ - مذ) بقایا - برابری باقی توازن - ہموزنی - ترازو ۔

بَیلون (Baloon) (انگ - مذ) غبارہ ۔

بیلہ (ہ - مذ) دریا کے کنارے کا جنگل چراگاہ

چراگاہ - ایک قسم کا سفید خوشبودار
پودا جس کو پھلیل بنتا ہے ٭
بیلی (ہ - مذ) دوست - نگہبان - محافظ
ساتھی ٭
بے مات بھائی (ہ - مذ) وہ بھائی
بہن جن کا باپ ایک اور
ماں دو ہوں - علاتی بھائی ٭
بیم (ف - مذ) ڈر - خوف ٭
بیمار (ف - ص) مریض - دکھی ٭
بیمار پرسی (ف - مث) بیمار کا حال
پوچھنا - عیادت ٭
بیماری (ف - مث) مرض - دکھ
تکلیف ٭
بیمہ (ف - مذ) جان ومال یا جائداد
وغیرہ کے متعلق کسی کمپنی سے
تحریری معاہدہ، کہ اگر نقصان
ہو جائے تو وہ اس کے دام بھر
دے گی - یا بیمہ کرانے والے کی
وفات کے بعد اس کے پسماندگان
کو مقررہ رقم ادا کر دے گی اس
معاہدے کے عوض میں بیمہ
کرانے والا مقررہ اوقات پر
مقررہ رقم ادا کرتا رہتا ہے ٭
بیّن (ف - ص) واضح - روشن ٭
بین (ہ - ص) مُردے کی خوبیاں
بیان کرکے رونا ٭
بِین (ہ - مث) ایک بجنے والے ساز
کا نام ہے - جس سے سانپ
کو مست کیا جاتا ہے ٭
بین (ع - حرف) درمیان - میں ٭
بَینُ الاَقوامی (ع - ص) تمام قوموں
سے تعلق رکھنے والا - عالمگیر ٭
بین السُّطور (ع - مذ) سطروں کے
درمیان کا فیصلہ ٭
بِینا (ف - ص) دیکھنے والا - ہوشیار ٭
بِینائی (ف - مث) نظر - دانائی ٭
بینتی (ہ - مث) درخواست - عرض ٭
بَینڈ (Band) (انگ - مذ)
انگریزی باجہ ٭
بینڈا (ہ - ص) ترچھا - ٹیڑھا - اکھڑ ٭
بَینکر (Banker) (انگ - مذ)
مہاجن روپے کا لین دین کرنے والا

صراف

صرّاف ۔

بَینی (ف۔ مث) ناک ۔ وہ لکڑی جو کواڑوں کو ٹھیک بند کرنے کے واسطے درمیان میں لگائی جاتی ہے ۔

بینیِ کوہ (ف۔ مث) پہاڑ کی چوٹی قلّہ کوہ ۔

بیوپار (ہ۔ مذ) تجارت۔ لین دین ۔

بُیُوت (ع۔ مذ۔ ج) (واحد بَیت) ۔

بُیُوتات (ع۔ مذ) (بیت کی جمع الجمع) بہت سے گھر۔ شاہی محل ۔ شاہی گھرانے کا خرچ ۔

بیوستھا (ہ۔ مذ) فتویٰ۔ مذہبی حکم ۔ شاستر کے بموجب فیصلہ ۔

بیونت (ہ۔ مث) کاٹ۔ تراش ۔

بیوہ (ف۔ مث) وہ عورت جس کا خاوند مرچکا ہو ۔

بیوی نور (ہ۔ مث) دہلی میں ایک خدارسیدہ خاتون کا مزار ہے جو بیوی نور کے مقبرے کے نام سے مشہور ہے۔ قطب اور منصور کے مقبرے کے درمیان واقع ہے ۔

بیہودہ (ف۔ ص) فضول۔ نکما۔ بےفائدہ

بیہودگی (ف۔ مث) نالائقی۔ حماقت واہیات بات ۔



پا (ف۔ مذ) پاؤں۔ پیر۔ نیچے۔ بنیاد ۔

پا انداز (ف۔ مذ) وہ موٹا سا ٹاٹ برو والا ٹکڑا۔ جو پاؤں صاف کرنے کے لئے مکان یا گاڑی کے دروازے کے پاس رکھا جاتا ہے ۔

پابجولاں (ف۔ جولاں ۔ وہ زنجیر جو مجرموں کے پاؤں میں ڈالی جاتی ہے) جس کے قیدی۔ بیڑیاں پہنے ہوئے

بے بس۔ مجبور۔ پابزنجیر ٭

پابرکاب {(ف۔ص) (رکاب دیکھو اصل} گھوڑے کی رکاب میں پاؤں رکھے ہوئے۔ گھوڑے پر چڑھنے اور جانے کو تیار آمادہ مستعد ٭

پابند (ف۔ص) ماتحت۔ مطیع۔ عادی۔ گرفتار ٭

پابندی (ف۔مث) روک تھام۔ غلامی۔ فرمانبرداری ٭

پابوس (ف) پاؤں چومنے والا۔ خوشامدی ٭

پابوسی (ف۔مث) پاؤں چومنا۔ جھکنا ٭

پاپوش {(ف۔مث، پوشیدن۔ پہننا} جوتا۔ کفش (تحقیراً) بیزار۔ بیزاری ظاہر کرنے کے لئے بھی آتا ہے۔ جیسے "میں انھیں منانے کیوں جاؤں، جاتی ہے میری پاپوش" ٭

پاپوش سے ۔ پاپوش کی نوک سے (ر۔ تفع) بلا سے۔ جوتی سے پروا نہیں ٭

پابہ جولان ۔ دیکھو "پابجولاں" ٭

پابہ زنجیر (ف۔ص) پاؤں میں زنجیر پہنے ہوئے بے بس۔ مجبور۔ پابجولاں ٭

پاپیادہ (ف۔ص) پیدل۔ سواری کے بغیر ٭ (بول چال) پیادہ

پاصفحہ (ف۔مذ) پاورق ٭

پاورق (ف۔مذ) کتاب کے ہر ایک صفحے کے خاتمے پر نیچے کی طرف اگلے صفحے کا پہلا لفظ لکھ دیتے ہیں۔ تاکہ معلوم رہے کہ اگلا صفحہ کس لفظ سے شروع ہوتا ہے۔ اسے پاورق کہتے ہیں

پاپ (ہ۔مذ) گناہ۔ جرم ٭

پاپ ابھرے / **پر ابھرے** } (ہ) بُرا کام چھپا نہیں رہتا ٭

پاپ کاٹنا (ہ) جھگڑے طے کرنا۔ قضیہ چکانا۔ نجات دینا۔ گناہ بخشنا ٭

پاپا (PAPA) (انگ۔ مذ) بابا۔ ابا۔ والد۔ باپ۔ عیسائیوں کا مذہبی پیشوا۔ پوپ +

پاپڑ (ہ۔ مذ) چنے، مونگ یا آرد کے آٹے کی پتلی سی چپاتی (ہ۔ص) پتلا۔ باریک۔ کاغذ۔ لاغر۔ کمزور۔ نہایت کمزور۔ باریک پتلا +

پاپڑ بیلنا (ہ) (۱) تنگی سے دن گزارنا محنت مشقت کر کے پیٹ پالنا۔ (۲) حیلے بہانے کرنا +

پاپلین (POPLLIN) (انگ۔ مذ) آئرستان کا بنا ہوا ریشمی کپڑا +

پاپن (ہ۔ مث) گنہگار عورت۔ مجرمہ۔ ظالمہ +

پاپی کنواں (ہ۔ مذ) وہ کنواں جس میں اکثر کوئی نہ کوئی ڈوبتا ہو +

پات (ہ۔ مذ) پتا۔ ورق +

پاتابہ (ف۔ مذ) پا = پاؤں۔ تابہ = تابیدن = چمکنا) چمڑے کا تلا جو جوتے کے اندر پاؤں کو گرمی سے بچانے کے لئے رکھ لیتے ہیں۔ (۲) کپڑے کا سلا ہوا جوتا سا جو موزے کو محفوظ رکھنے کے لئے اس کے اوپر پہن لیتے ہیں (۳) موزہ۔ (۴) جراب۔ اکثر پتاوا بولتے ہیں۔

پاتال (ہ۔ مذ۔ مث) زمین کا سب سے نیچے کا ساتواں طبقہ۔ تہ۔ تحت الثریٰ۔ زگ (باقی چھ طبقوں کے نام یہ ہیں:۔ (۱) اَتَل (۲) وِتَل (۳) سُتَل (۴) تَلاتَل (۵) مَہاتَل (٦) رَسَاتَل) +

پاتر (س۔ مث کسبی)۔ رنڈی۔ محب +

پاٹ (ہ۔ مذ) عرض۔ چوڑائی۔ چکی کا ایک پتھر۔ تخت۔ گدی +

پاٹ دار آواز۔ بلند آواز جو دور تک جائے +

پاٹنا (ہ۔ مذ) چھت ڈالنا۔ چھپانا۔ بند کرنا۔ تختے رکھنا۔ چھپر ڈالنا۔ مالا مال کر دینا۔ ڈھیر لگانا

پاٹھ (ہ۔مذ) سبق - ورد - وظیفہ
ختم (کرنا)۔

پاٹھا (ہ۔مذ) ہاتھی کا بچہ۔ مضبوط
جوان آدمی۔

پاٹھ شالا (ہ۔مث) (پاٹھ = پڑھنا ؛
شالہ = جگہ) پڑھنے کا مکان
تعلیم گاہ - مدرسہ۔

پاٹھک (ہ۔مذ) اُستاد۔ معلّم۔ برہمن۔

پاٹ شالا (ہ۔مث) مدرسہ۔ مکتب۔

پاجامہ (ف۔مذ (پا = پاؤں، مراد
ٹانگیں؛ جامہ = کپڑا۔ لباس کے
شلوار - پاجامہ۔

پاجی (ف۔مذ) کمینہ۔ رذیل۔ لچا۔

پاچک (ف۔مذ) سوکھا ہوا گوبر
جو جلاتے ہیں - اُپلا۔

پاچکِ دشتی (ف۔مذ) جنگلی کنڈے۔
گائے بھینس کا خشک گوبر۔

پاچھنا (ہ) پچھنے لگانا - گودنا۔ کچوکے
لگا لینا۔ فصد کرنا یا لینا۔

پاد (ہ۔مذ) باد - گوز۔ ریح۔ بادِ شکم۔

پاداش (ف۔مث) بدلہ عوض۔ سزا۔

پادری (Padre)
(پرتگال۔مذ) عیسائیوں کا مُلّا۔

پادشاہ (ف (پاد = تخت - بادشاہ
مالک) مذ) سلطان - بادشاہ۔

پار (ہ۔مذ (س، پر یا پارے مذ)
پرلی طرف - دوسری طرف -
دریا کے کنارے۔

پار اُتارنا (یا) لگانا (ہ) کنارے لگانا
ختم کرنا۔ ڈالنا۔

پارا (ہ۔مذ) سیماب - زیبق۔

پارا بھرنا (یا) پلانا کسی چیز میں پارہ جذب
کردینا - بھاری کردینا۔

پارے کی دیوار - گارے اور
چونے کے بغیر صرف پتھروں
یا اینٹوں کی چنی ہوئی دیوار۔

پاربتی (س۔مث) شوجی کی بیوی۔

پارٹ (Part) (انگ۔مذ)
حصہ - ٹکڑا۔ فصل۔

پارٹی (Party) (انگ۔مث)
جماعت - گروہ - ضیافت۔
دعوت۔

پارچہ {ف-مذ) پارہ = ٹکڑا، کی تصغیر} کپڑا لتا۔ کپڑے کا ٹکڑا

پارچہ فروش (ف-مذ) کپڑا بیچنے والا - بزاز ✦

پارس (س-مذ) ایک پتھر جو لوہے سے چھو کر اُسے سونا بنا دیتا ہے ✦

پارس (ف-مذ) سیامک بن کیومرث بن یافث بن نوح کا لقب جس کی وجہ سے ملک ایران کا نام بھی پارس پڑ گیا - اور اس ملک کی زبان کا نام پارسی رکھا گیا ✦

پارسا (ف-ف) پرہیزگار- بزرگ - خداترس - نیک ✦

پارسال (ف-مذ) پچھلے سال ✦

پارسائی (ف-مث) پرہیزگاری - خداترسی - نیکی - بزرگی ✦

پارسل (Parcel) (انگ-مذ) گٹھڑی - پلندہ - کسی چیز کو کاغذ یا کپڑے میں لپیٹ کر اور اوپر سے باندھ کر پارسی کر ریل یا ڈاک کے ذریعے بھیجنے کا ایک چھوٹا سا گٹھا ✦

پارسی (ف-مذ) ایرانی - آتش پرست فارسی زبان (دیکھو پارس

پارلیمنٹ (Parliament) (انگ-مث) کسی ملک کی سب سے بڑی قانون ساز مجلس خصوصاً انگلستان کا دارالعوام ✦

پارک (Park) (انگ-مذ) باغ - سبزہ زار - رمنہ ✦

پارہ (ف-مذ) ٹکڑا - حصہ ✦

پارہ پارہ کرنا (ف) ٹکڑے ٹکڑے کرنا ✦

پارہ دوز (ف-مذ) ٹکڑوں کو جوڑنے والا - کترنوں کو سینے والا - موچی درزی ✦

پارینہ {ف-ص (پار - سال گذشتہ ؛ ینہ کلمۂ نسبت)} پرانا - قدیم ✦

پاڑھ یا پاڑ (ہ-مث) مچان - لکڑیوں کی بیٹھک جس پر معمار لوگ بیٹھ کر بلندی پر کام کرتے ہیں - (لکھنؤ میں پڑ بولتے ہیں) پھانسی پر چڑھانے کا تختہ ✦

پازیب (ف-مث) پاؤں میں پہننے کا ایک زیور۔

پاس (ف-مذ) پہر- تین گھنٹے کا عرصہ لحاظ-خاطر-درست-نگہبانی۔

پاسِ آدب (ف-مذ) ادب-لحاظ۔

پاس {ہ-(س پارشو ۃ پہلو) مذ} قریب-نزدیک-قابو میں-قبضے میں۔

پاس (Pass) (انگ-مذ) اجازت-پروانہ-ریل پر سفر کرنے یا تھیٹر وغیرہ میں جانے کا ٹکٹ جو مفت ملے۔

پاس بُک (Pass Book) (انگ-مذ) بنک کے حساب کی کتاب۔

پاس ہونا (لازم) کامیاب ہونا۔

پاسا (ہ-مذ) پہلو-رُخ-قرعہ (پلٹنا الٹنا-پھینکنا-پڑنا-کھیلنا)

پاسبان {ف-مذ (پاس - نگہبانی بان کلمۂ فاعلیت} چوکیدار نگہبان۔

پاسپورٹ (Pass Port) (انگ-مذ) پروانہ-راہداری۔

پاسُخ (ف-مذ) جواب۔

پاسُتان {ف-ص-پارستان کا مخفف (پار سال، گذشتہ ستان کلمۂ ظرفیت)} پرانہ کہنہ-کہن۔

پاسٹر (Pastor) (فرانسیسی-مذ) فرانس کا نامور سائینسدان جس نے ثابت کیا کہ اکثر بیماریاں جراثیم سے پیدا ہوتی ہیں۔

پاسٹر انسٹی ٹیوٹ (Pasteur Institute) (ا-مذ) وہ شفاخانہ جس میں پاسٹر کے اصولوں کے مطابق علاج کیا جاتا ہے-ٹیکے لگانے کا شفاخانہ-باؤلے کتّے کے کاٹے کا علاج کرنے والا شفاخانہ

پاسداری {ف-مث (پاس - لحاظ داری از داشتن - رکھنا)} لحاظ طرفداری۔

طرف داری ۔

پاسنگ {ف ۔ مذ (پا = پاؤں ؛ سنگ = پتھر ۔ اضافت مقلوب ہے) } ترازو کے پلڑوں کا فرق دور کرنے کے لئے جو ہلکا سا وزن رکھا جاتا ہے ۔ تھوڑا سا ۔ ذرا سا ۔

پاسنگ بھی نہیں (ا) (محاورہ) کچھ بھی نہیں ۔ بالکل ہیچ ہے ۔

پاشا {ت (بڑا سردار ۔ مذ} ٹرکی میں ایک خطاب ۔ گورنر ۔ وزیر ۔

پاش پاش (ف) ٹکڑے ٹکڑے (کرنا ۔ ہونا) ۔

پاشنہ (ف ۔ مذ) ایڑی ۔ گھوڑے کی ایک چال، جو سرپٹ کے قریب قریب ہوتی ہے ۔

پاشنہ کوب جانا (ا) پیچھا کرنا ۔ تعاقب کرنا ۔

پاشویہ {ف ۔ مذ (پا = پاؤں ؛ شو از شستن = دھونا) } پاؤں دھونا ۔ پاؤں کو گرم پانی میں ڈال کر بیٹھنا ۔

پاک (ف ۔ ص) صاف ستھرا ۔ بےگناہ بالکل ۔

پاکباز (ف ۔ ص) سچا ۔ نیک نیت ۔

پاک دامن (ف ۔ ص) نیک ۔ صاحب عصمت ۔ عاشق صادق ۔

پاک دل (ف ۔ ص) صاف دل والا ۔

پاک رہ / **بیباک رہ** } (ف) بے عیب ہو، اور کسی سے نہ ڈر ۔

پاکھر {ہ (س = پرگر ، مث} ترپال ۔ ٹاٹ کا جھول ۔ گھوڑے یا ہاتھی کی زرہ ۔

پاکھنڈ (ہ ۔ مذ) دھوکا (پھیلانا ۔ کرنا ۔ مچانا) فساد شرارت ۔

پاکیزگی (ف ۔ مث) صفائی ۔ ستھرا پن ۔

پاکیزہ (ف ۔ ص) (پاک ؛ یزہ کلمۂ نسبت) } صاف ۔ ستھرا ۔

پاگل {ہ (س پاگ = جاہل) مذ} دیوانہ ۔ سودائی ۔ بیوقوف ۔

پاگل خانہ (ا ۔ مذ) د[illegible] جہاز

پاگل رکھے جاتے ہیں۔ دارالمجانین
پاگنا (ہ) غلاف۔ کھانے کی کسی چیز یا میوے پر کھانڈ کا شیرہ چڑھانا ✦
پال (ہ۔مث) چھوٹا خیمہ۔ کچے پھل کو بھوس میں دبا کر پکانا (اٹھنا اٹھانا۔ ڈالنا۔ پڑنا۔ رکھنا وغیرہ) گھاس پھوس یا پتوں میں گدرائے ہوئے پھل کو پختہ کرتے ہیں ✦
پالا (ہ۔مذ) جاڑے کے موسم کی اوس جو نباتات کو جلا دیتی ہے۔ کشتی کی جگہ۔ بےحد سردی۔ کبڈی وغیرہ کھیلوں میں حد۔ اصل کا نشان۔ واسطہ۔ سرکا جیت کا نشان۔ جیسے انگریزی میں گول (Goal) کہتے ہیں۔ جیت۔ فتح ✦
پالا ہاتھ رہنا۔ میدان ہاتھ رہنا جیت رہنا ✦
پالا پڑنا (ہ) واسطہ پڑنا۔ برف پڑنا قابو میں آنا ✦
پالا پوسا (ہ) پرورش کیا ✦
پالاگن (ہ (پاؤں لگنا سے حاصل مصدر) مث) عزت۔ تعظیم قدم بوسی ✦
پالان (ف۔مذ) گدڑی یا کپڑا جو سواری کے جانور کی پیٹھ پر اس کی حفاظت کے لئے ڈالتے ہیں (باندھنا۔ رکھنا) ✦
پالتو (ہ (پال۔ حفاظت کرنا) ص) جو جانور گھروں میں پالے جاتے ہیں ✦
پالتی (ہ۔مث) جانور زانو بیٹھنے کا طریق۔ چارزانو بیٹھ کر پیرنا ✦
پالیسی (Policy) (انگ۔مث) مصلحت۔ دستاویز یا معاہدہ۔ وہ جو بیمے کی جملہ شرائط کو واضح کرتا ہے۔ حکمت عملی۔ چال۔ مصلحت ✦
پالیسی ہولڈر (Policy-holder) (انگ۔مذ)

بیمہ دار ۔

پالش (Polish) (انگ ۔ مذ) روغن ۔ صیقل ۔ جِلد ۔

پالکی (ہ ۔ مث) (س ۔ پرسیکھ ۔ گھیر لینا) امیروں کی ایک قسم کی سواری جسے کہار اٹھاتے ہیں ۔ اب یہ صرف دُلہنوں کو سوار کرنے کے کام آتی ہے ۔ محافہ ۔ فینس ۔

پالیز یا فالیز (ف ۔ مث) (سبزہ زار) تربوز یا خربوزے یا ککڑی کا کھیت ۔

پام (Palm) (انگ ۔ مث) ہتھیلی ۔ ایک قسم کا پودا ۔

پامال (ف ۔ ص) (پا ۔ پاؤں ۔ مال از مالیدن ۔ ملنا) پاؤں میں ملا ہوا ۔ رَوندا ہوا ۔ تباہ شدہ برباد ۔

پان (پرتگالی ۔ مذ) تنبول ۔ ناگربیل کا پتہ جو چونے کتھے اور چھالیہ کے ساتھ کھایا جاتا ہے ۔ (ہ ۔ مذ) جوتے کی ایڑی پر لگا ہوا چمڑے کا ٹکڑا ۔ تاش کے ایک رنگ کا نام ۔

پانچوں انگلیاں برابر نہیں (و) سب آدمی یکساں نہیں ہوتے ۔

پانچوں انگلیاں گھی میں (و) خوب مزے کرتے ہیں ۔ مختارِ کل ہیں ۔ ہر طرح بامراد ۔

پان دان (ف ۔ مذ) پان رکھنے کا ڈبّہ ۔

پانڈو (س ۔ مذ) راجہ پانڈو کی اولاد ۔ ارجن اور اس کے بھائی ۔

پانی (ہ ۔ مذ) جل ۔ آب ۔ چمک ۔ شرم اصل نسل ۔ ملمع ۔

پانی بجھانا ۔ پانی کی رطوبت جلانے کے لئے دھات یا اینٹ کو گرم کرکے پانی میں ڈالنا ۔

پانی بھر آنا (منہ میں) کسی چیز کی حرص ہونا ۔ طمع ہونا ۔

پانی بھرنا (۱) کنوئیں سے پانی

نکال کر برتن میں ڈالنا (۲) پانی بھرنے کی خدمت کرنا (۳) غلامی کرنا۔ عاجز آنا۔ شرمانا۔ کسی کے مقابلے میں کسی کمال یا ہنر میں عاجز آنا +

پانی پانی کرنا (۱) شرمندہ کرنا۔ غیرت دلانا۔ پسینے پسینے کرنا۔ تھکا دینا +

پانی پی پی کے - بار بار۔ ہر وقت +

پانی پی پی کر کوسنا } بہت کوسنا - بے انتہا بد دعا دینا +

پانی پھیرنا (۱) تباہ کرنا - برباد کرنا احسان بھلا دینا +

پانی تارا ہونا - گہرے کنوئیں میں اندھیرے کے سبب پانی چمکتا دکھائی دیتا ہے - تو کہتے ہیں کہ پانی تارا سا چمکتا ہے +

پانی چرانا - پانی کا زخم میں سرایت کر جانا - رطوبت جذب کرنا +

پانی چھاجوں برسنا - موسلا دھار مینہ برسنا +

پانی دینا - سینچنا - آبپاشی یا آبیاری کرنا (کنایۃً) ذبح کرنا +

پانی ڈھل جانا یا ڈھلنا } رونق جاتی رہنا - جوانی گزر جانا +

پانی سر سے اونچا ہو جانا یا گزرنا } کسی معاملے یا بات کا انتہا کو پہنچ جانا +

پانی سمونا - گرم پانی میں سرد پانی ملا کر معتدل کرنا -

پانی کا بلبلہ (ہ - مذ) ناپائیدار شئے +

پانی کر دینا - پگھلا دینا - نرم کرنا + آسان کرنا - غصہ دھیما کرنا +

پانی کھلنا - بارش کا رکنا - مینہ تھمنا +

پانی کے گھڑے پڑ جانا } (کسی پر) نہایت شرمندگی ہونا +

پانی کی لکیر (ا - ص) ناپائیدار بودی +

پانی کے مول (ا - ص - دہلی) بہت سستا - (لکھنؤ میں اس جگہ آگ کے مول بولتے ہیں) +

پانی پانی ہونا (۱) شرمندہ ہونا +

پانی پھر جانا (کسی چیز پر) (۱) بے رونق۔ خراب یا تباہ ہو جانا (۲) نقصان ہو جانا (۳) رونق آجانا۔

پانی مرنا (ف) دیوار یا مکان میں پانی جذب ہونا۔ (کنایۃً) نقص ہونا۔ نسبت یا ذات میں کوئی عیب ہونا۔

پانی نہ مانگنا۔ جھٹ پٹ مر جانا کہ پانی مانگنے کا موقع ہی نہ ملے

پانی ہوا ہو جانا۔ مینہ برسنے کے آثار ظاہر ہو کر یکایک مطلع صاف ہو جانا۔ پانی کے ابخرے بن جانا

پانی پانی ہو جانا (مجازاً) نادم ہونا۔ شرم سے پسینے پسینے ہو جانا

پانی بند (ا۔ ص) وہ چیز جس میں پانی سرایت نہ کر سکے۔ واٹر پروف۔

پاؤ۔ چوتھائی ¼۔

پاؤ روٹی۔ ڈبل روٹی۔ نان پاؤ (یہ روٹی سیر کی چار بنتی تھیں۔ اس وجہ سے یہ نام ہوا)۔

پاؤں (ا۔ مذ)۔ قدم۔ چرن۔ دخل قبضہ۔ استقلال۔ استحکام۔ جیسے چور کے پاؤں نہیں ہوتے۔ گُن (اس کے پیٹ میں پاؤں ہیں) ذمہ داری (ہمارا پاؤں بیچ میں ہے)۔

پاؤں اٹھ جانا (کنایۃً) بھاگ نکلنا۔ شکست پا جانا۔ (فعل جمع آتا ہے)۔

پاؤں اکھڑ جانا (ف) شکست کھانا لغزش ہو جانا (فعل جمع آتا ہے)۔

پاؤں باہر نکالنا۔ بہت اترانا۔ بیجا غرور کرنا۔ حد سے بڑھ جانا۔ حیثیت سے بڑھ کر کام کرنا۔

پاؤں بھاری ہونا (مجازاً) حاملہ ہونا (اس حالت میں طبعًا پاؤں پر ورم آجاتا ہے) (کنایۃً) ہمت پست ہونا۔ رک رک کے چلنا۔

پاؤں پاؤں۔ پیروں سے (اب

تو ننھا پاؤں پاؤں چلنے لگا ہے)۔

پاؤں پر گرنا (یا) سر رکھنا } عاجزی کرنا۔ قدم لینا۔ کمالِ ادب کرنا۔

پاؤں پسارنا۔ پاؤں پھیلانا۔ ضد کرنا۔ مچلنا۔

پاؤں پھولنا۔ چلتے چلتے پاؤں سوج جانا۔ خوف کے مارے چل نہ سکنا۔ گھبرا جانا۔

پاؤں پھونک پھونک کر رکھنا } پھونک پھونک کے قدم (پاؤں) رکھنا"۔

پاؤں پھیرنا۔ نئی دلہن یا زچہ کا غسل کے بعد اپنے عزیزوں کے گھر جانا۔ فوراً جاتے ہی چلے جانا۔

پاؤں پھیلا کے سو جانا۔ بےفکری سے سونا۔

پاؤں پھیلانا۔ پاؤں دراز کرنا۔ ہٹ کرنا۔ مچلنا۔ لالچ کرنا۔ طمع کرنا۔

پاؤں تلے کی زمین سرک (یا) نکل جانا } (۱) ہوش جاتے رہنا ہوش اُڑ جانا۔

پاؤں تلے کی مٹی نکل جانا } اوسان خطا ہو جانا یا جاتے رہنا۔ گھبرا جانا۔

پاؤں توڑ کے بیٹھنا۔ ہمت ہار کے بیٹھ رہنا۔ گوشہ نشین ہونا۔

پاؤں جمانا۔ کسی بات پر قائم رہنا۔ ڈٹے رہنا۔

پاؤں درمیان سے نکال لینا } واسطہ نہ رکھنا۔

پاؤں درمیان ہونا۔ واسطہ ہونا۔ ذمے داری ہونا۔

پاؤں دھو کے (یا) دھو دھو کے) پینا } تعظیم کرنا۔ فرمانبردار ہونا بہت عزیز رکھنا۔

پاؤں رہ جانا (۱) تھک جانا۔ مجبور ہونا۔

پاؤں سے لگی سر میں بجھی } تن بدن جل گیا۔ نہایت ہی غصہ آیا (ناگوار بات پر اظہارِ غصہ

کے لیئے بولا جاتا ہے) +

پاؤں شل ہو جانا - پاؤں تھک جانا

پاؤں کٹ جانا - پاؤں قلم ہونا - دنیا سے اُٹھ جانا +

پاؤں کھینچنا (ان یتہ) جانا، پھرنا چھوڑ دینا - کسی معاملے میں ذمے داری نہ رکھنا - سروکار نہ رکھنا +

پاؤں گور میں لٹکائے بیٹھے ہیں (۱) لاغری یا مہلک بیماری کے باعث مرنے کو بیٹھے ہیں - بہت زیادہ عمر کے آدمی کو بھی کہتے ہیں +

پاؤں لینا - قدم لینا - آداب بجا لانا - عاجزی کرنا +

پاؤں میدان سے نہ ہٹانا } معرکے میں ثابت قدم رہنا +

پاؤں نکالنا - حد سے تجاوز کرنا - چالاکی کرنا - سرکشی کرنا - بد چلنی کرنا - کسی معاملے سے تعلق ہٹا لینا - خاص انداز سے ناچنا +

پاؤں ہزار ہزار من کے ہو جانا } ہلانا دشوار ہو جانا +

پاؤنڈ (Pound) (انگ - مذ) ولایت کا ایک سکہ جو ہمارے یہاں کے کم و بیش پندرہ روپے کے برابر ہوتا ہے - ایک انگریزی وزن جو آدھ سیر کے قریب ہوتا ہے +

پایاب (ف - ص) کم گہرا پانی +

پایک (ف (= پیک، مذ) قاصد - ایلچی +

پایاں (ف) انتہا - اخیر +

پائپ (Pipe) (انگ - مذ) بنسری - پتلی نلی - تمباکو - پینے کی نلی - پانی کا نل +

پائدار (ف - ص) مضبوط - قائم +

پایہ {ف (= پا، پاؤں + ہائے نسبتی) مذ} مرتبہ - درجہ - ستون - میز اور کرسی وغیرہ کا ڈنڈا جس پہ وہ قائم رہے +

پایۂ تخت (ف - مذ) صدر مقام +

پایہ ثبوت کو پہنچنا (ا) ثابت ہو جانا۔

پائمال (ف-ص) پامال۔ تباہ۔ برباد

پائیوریا (OETHTEE) {انگ (یونانی پیپ) مذ} دانتوں کی ایک بیماری جس میں مسوڑھوں میں پیپ پڑ جاتی ہے۔ ماسخورہ۔

پائنتی {ہ (س۔ پا = پاؤں: انتا = نزدیک) مث۔} چارپائی کا وہ حصہ، جدھر پاؤں کر کے سوتے ہیں۔

پائیں {ف (ہ پا: + یں کلمۂ نسبت) مذ} نیچے۔

(پ ا - ب ا)

پبلشر (Publisher) (انگ - مذ) کسی کتاب۔ اخبار یا رسالے کا شائع کرنے والا۔

پبلک (Public) (انگ - مذ) عام لوگ۔ کل خلقت۔ مخلوق۔

پبلک انسٹرکشن (Public Instruction) (انگ - مذ) تعلیم عامہ

پبلک پراسیکیوٹر (Public Prosecutor) (انگ - مذ) سرکاری وکیل۔

پبلک سروس (Public Service) (انگ - مذ) سرکاری ملازمت۔

پبلک ورکس ڈیپارٹمنٹ (Public Works Department) انگ - مذ) سرکاری تعمیرات کا محکمہ۔

(پ پ - پ پ)

پپیانا (ہ) زخم میں پیپ پڑ جانا۔

پپڑ (ہ - مذ) دیوار کی کہگل کا وہ حصہ جو پھول کر علیٰحدہ ہو جاتا ہے خشک پرت۔

پپڑی (ہ - مث) خشک پوست۔ ٹھنڈا میں خشک

خشک ہو کر جا بجا سے پھٹ
جاتی ہے۔ پھٹے ہوئے ٹکڑے
کو پپڑی کہتے ہیں ۔

پپڑیاں ہونٹوں پر بندھنا } ہونٹوں کا خشک ہو کر پھٹ جانا ۔

پپوٹا (ہ۔ مذ) غلافِ چشم
آنکھ کے اوپر کی
کھال ۔

پپیہا (ہ۔ مذ) مشہور پرندہ ہے جو
برسات میں پی پی کی دردبھری
آواز سے بولتا ہے۔ مٹی یا دھات
کی سیٹی۔ آم کے چھوٹے پودے
پودے کو اُکھاڑ کر اس کی گٹھلی کو رگڑ
کر سوراخ کر لیتے ہیں۔ اِسے
بھی پپیہا کہتے ہیں۔ پتے کو لپیٹ
کر بنائی ہوئی سیٹی ۔

(پ ا۔ ت ا)

پَت { ہ (س۔ پد۔ (ت) مث }
لاج۔ شرم۔ بھرم (اتارنا
جانا۔ رکھنا۔ کھونا۔ گنوانا) ۔

پَت { ہ (پات کا مخفف) مذ } پتّا ۔

پَت جھڑ (ہ۔ مذ) جھڑنا۔ موسم
خزاں ۔

پِت (س۔ مذ) صفرا۔ تلخہ۔ زرد رنگ
کا کڑوا پانی جو پتّے کے اندر ہوتا
ہے ۔

پِت ڈالنا (ہ۔ مذ۔ زرد رنگ کی قے کرنا ۔

پِتا (ہ۔ مذ) باپ۔ پدر ۔

پَتّا (ہ۔ مذ) برگ۔ ورق۔ پان ۔

پَتّا توڑ کر بھاگنا (محاورۂ دہلی)
جلدی سے بھاگنا۔ فوراً چل دینا ۔

پَتّا کھڑکا اور بندہ سرکا } جب ذرا سا خدشہ ہوا بھاگ گیا ۔

پَتّا ہو جانا (محاورہ لکھنؤ) فوراً
بھاگ جانا یا چل دینا ۔

پِتّا { ہ (س۔ پِت۔ صفرا۔ پت) مذ }
ایک اندرونی عضو جس میں
صفرا پیدا ہوتا ہے۔ زہرہ۔
(مجازاً) تحمل۔ حوصلہ۔ جگر۔
غصہ۔ تیزی۔ جوش۔ غیرت۔
شرم ۔

پتاپانی کرنا۔ غصہ فرو کرنا۔ امنگ پاتا۔
پتاپانی ہونا۔ غصہ جاتا رہنا۔ امنگ نہ رہنا۔
پتامارنا۔ غصے کا ضبط کرنا۔ تحمل کرنا۔ حرص سے بچنا۔
پتال (ہ۔ مث) زمین کا نچلا حصہ تہ۔ پاتال۔
پتال جنتر (ہ۔ مذ) ایک برتن میں کچھ ادویہ جن کا تیل نکالنا ہوتا ہے، رکھ کر اس کے پیندے میں سوراخ کر کے دوسرا برتن اس کے نیچے رکھ لیتے ہیں اور سب کو گڑھے میں رکھ کر اس طرح آنچ دیتے ہیں کہ صرف اوپر کا برتن گرم ہوتا ہے۔ اس ترکیب کو پتال جنتر کہتے ہیں۔
پترا (ہ۔ مذ) ورق۔ دھات کا ٹکڑا۔ جنتری
پتر (ہ۔ مذ) بیٹا۔ فرزند۔
پتلا (ہ۔ص) رقیق۔ بہنے والا۔ نرم۔
پتلا حال۔ خراب حالت۔ غیر حال۔
(کرنا۔ ہونا)
پتلا (ہ۔ مذ) مورت۔ تصویر۔ جسم۔
پتلون (و۔ مث) اصل انگریزی لفظ (Pantaloon) ہے۔ انگریزی وضع کا پاجامہ۔
پتلی (ہ۔ مث) گڑیا۔ مٹی کی مورت آنکھ کے اندر کی سیاہی۔ خوبصورت عورت۔
پتلیاں پھر جانا (د) آنکھوں کی پتلیوں کا اوپر چڑھ جانا۔ یہ موت کی علامت ہے۔ مرنے کے قریب ہونا۔
پتلیوں کا تماشا یا ناچ۔ پتلی والے کاٹھ یا کپڑے کی گڑیاں بنا کر تاروں کے ذریعے سے نچاتے اور تماشا دکھاتے ہیں۔
پتنگ (ہ (س۔ پتن۔ اڑنا) گ۔ حرکت کرنا) مذ (۱) کنکوا اڑانا اڑانا۔ بڑھنا۔ بڑھانا۔ لڑنا۔ لڑانا) (۲) پروانہ۔
پتنگا (ہ (س۔ پتن۔ اڑنا) مذ) پروانہ

شرارہ ۔ چنگاری ۔

پتوار (ہ۔ مث) کشتی کا رُخ بدلنے کی لکڑی ۔

پتھر (ہ۔ مذ) سنگ ۔ اولا (مجازاً) سخت چیز (ص) بھاری ۔ بیوقوف مشکل ۔

پتھر پانی ہو جانا ۔ سخت دل کو رحم آجانا ۔

پتھر پر لگانا ۔ دھار تیز کرنا ۔

پتھر پر (کو) جونک نہیں لگتی } راہ پر نہیں آتا کوئی نصیحت کارگر نہیں ہوتی ۔

پتھر پڑنا ۔ سنگ باری ہونا ۔ اولے پڑنا (کنایۃً) مصیبت پڑنا ۔

پتھر پڑیں (بد دعا) غارت ہو ۔ تباہ ہو ۔ لعنت ہے ۔

پتھر پسیجنا ۔ پتھر میں نمی آنا (کنایۃً) سخت دل کو رحم آنا ۔

پتھر تلے سے نجات دلانا ۔ زبردست
ہاتھ نکالنا } کے پنجے سے چھڑانا ۔

پتھر تلے کا ہاتھ ۔ بے اختیاری اور مجبوری ظاہر کرنے کو کہتے ہیں ۔

پتھر تلے ہاتھ ہونا ۔ مجبور ہونا ۔

پتھر سے سر پھوڑنا یا مارنا } ناسمجھ کو سمجھانے کی کوشش کرنا ۔

پتھر کا جگر ۔ نہایت مضبوط کلیجہ ۔

پتھر کا جواب پتھر ۔ یعنی سخت بات کا جواب سخت ہوتا ہے ۔

پتھر کو موم بنانا یا کرنا ۔ سخت چیز کو نرم کرنا ۔ سخت دل کو نرم کرنا ۔

پتھر کی تصویر بننا (مجازاً) خاموش ہو جانا ۔

پتھر کی لکیر یا لیکھ (ص) نہ مٹنے والی چیز ۔ مستقل ۔

پتھر میں جونک لگنا ۔ سنگدل کا نرم ہو جانا ۔ بخیل کا فیاضی پر آمادہ ہو جانا ۔ حیرت انگیز بات ہونا ۔

پتھرانا ۔ متحیر ہو جانا ۔ مرتے وقت آنکھ کی بینائی زائل ہو جانا ۔

پتھر کا دل (ہ) نہایت مضبوط دل ۔ سخت دل ۔ بے رحم ۔

پتھریلا (ہ۔ ص) پتھر کا بنا ہوا ۔ سخت ۔

پَتی (ہ۔مذ) شوہر۔ خاوند +
پَتّی (ہ۔مث) حصہ۔ شراکت۔ چھوٹا پتہ +
پَتہ (ہ۔مذ) نشان۔ سراغ۔ نام وہ عبارت جو لفافے پر لکھتے ہیں +
پتے کی بات (م) بھید کی بات کہنا
کرنا یا کہنا عیب کھولنا +
پَتیلی (ہ۔مث) پتیلا کی تانیث۔ دیگچی +

(پ۔ٹ)

پَٹ (ہ۔مذ) کواڑ۔ تختہ۔ ریشم (ص) اوندھا (ام صوت) کسی چیز کے گرنے کی آواز (مذ) ایک پودا جس کے ریشوں سے سن بنتی ہے +
پَٹّا (ہ۔مذ) گلو بند۔ طوق۔ جانور کے گلے کا تسمہ۔ حلقہ ٹھیکہ داری کی دستاویز۔ چپراس (س) +
پَٹ رانی (ہ۔مث) بڑی رانی۔ مہارانی۔ ملکہ۔ پہلی رانی +
پَٹاخا (ہ۔مذ) ایک قسم کی آتشبازی۔ پڑاقا (مجاز ص) چالاک۔ طرحدار۔

پِٹاری (ہ۔مث) بانس یا بید کی گول چھوٹی ٹوکری جس پر ڈھکن ہوتا ہے۔ پاندان +
پٹاری کا خرچ (ا) پاندان کا خرچ جیب خرچ +
پَٹیسیم پَرمَنگینیٹ (Potassium Permanganate) (انگ۔مث) سرخ رنگ کی ایک دوا جو کنوئیں صاف کرنے کے لئے ڈالا کرتے ہیں +
پُٹاش (Potash) (انگ۔مث) دیکھو "پٹیش" +
پَٹانا (ہ۔مذ) سودا بنانا۔ ادھار ڈھول کرنا +
پَٹخنا (ہ۔مذ) دے مارنا۔ پچھاڑنا +
پَٹخنی (ہ۔مث) زمین پر دے مارنا پچھاڑ دینا۔ کھانا۔ گرپڑنا (متروک) +
پَٹخنیاں ۔ پچھاڑیں کھانا۔ گرنا۔ گر گر سنبھلنا اور پھر گرنا +
پَٹرا (ہ۔مذ) لکڑی کا تختہ۔ نہانے

کی چھوٹی چوکی ۔ دھوبیوں کا
کپڑے دھونے کا تختہ ۔

پٹڑی (ہ۔مث) نہانے دھونے کی
چوکی ۔

پٹرول (انگ۔مذ) (Patrol)
تیل جو موٹروں کے انجنوں میں
جلتا ہے ۔ آٹھ سکاؤٹوں کی
جماعت ۔ سپاہیوں کی محافظ
جماعت ۔

پٹرول لیڈر (Patrol
(انگ۔مذ) (Leader)
آٹھ سکاؤٹوں کے پٹرول کا
لیڈر یا سردار ۔

پٹکا (ہ۔مذ) کمر سے باندھنے کا کپڑا ۔
کمربند ۔

پٹم (ہ۔ص) اندھا ۔ نابینا ۔

پٹواری (ہ (ن۔پتر = کاغذ ؛ وارن = رکھنے والا) مذ) گاؤں کے
رقبے ۔ پیداوار اور معاملے کا
حساب کتاب رکھنے والا منشی ۔

پٹھا (ہ۔مذ) بدن کا ریشہ جس کے ذریعے سے
اعضا سکڑتے اور پھیلتے ہیں ۔ جوان
پہلوان کا شاگرد ۔ جوان یا انسان کا جوان بچہ
موٹا کاغذ جو کتاب کی حفاظت کے
واسطے چڑھا دیتے ہیں ۔ تلوار کا پھل ۔

پٹھان (ا۔مذ) افغانستان کا رہنے والا
(مجازاً) مضبوط ۔ بہادر ۔

پٹھان کا پوت گھڑی میں اولیا گھڑی میں بھوت (کہاوت)
پٹھان کی دوستی پر اعتبار نہ کرنا چاہیے
کبھی مہربان کبھی خفا ۔

پٹھو (ہ۔مذ) جو ہمیشہ کسی کے ساتھ رہے ۔ مددگار

پٹہ (ہ۔مذ) دیکھو "پٹا" ۔

پٹی (ہ۔مث) دھجی ۔ ڈوری ۔ گاؤں کا
چھوٹا حصہ ۔ پلنگ کا بازو ۔ سچائی

پٹی پڑھانا (ہ) بہکانا ۔ ورغلانا ۔

پٹیش (Potash)
(انگ۔مذ) ایک قسم کا کھار جو پٹیشیم
(Potassium) نامی
دھات کا مرکب ہوتا ہے ۔ یہ
پٹاخے وغیرہ بنانے کے کام بھی آتا ہے

پٹیل (ہ۔مذ) گاؤں کا نمبردار ۔ چودھری ۔ مقدم

(پ ۔ ج ۔ چ)

پجاری (ہ ۔ مذ) پوجا کرنے والا۔ عابد ۔ پوجا کرانے والا ۔

پجاوہ (ہ ۔ مذ) اینٹیں پکانے کا بھٹہ ۔ پزاوہ ۔

پچ (ہ ۔ مث) طرفداری ۔ ضد ۔

پچتانا ۔ دیکھو "پچھتانا" ۔

پچتاوہ (ہ ۔ مذ) دیکھو "پچھتاوہ" ۔

پچکار {ہ (س پش = پالنا) مث} وہ آواز جو اوپر کے لب کو نیچے کے لب سے ملا کر جلد علیحدہ کرنے سے پیدا ہوتی ہے ۔ یہ پیار کی علامت ہے ۔ پیار ۔ دلاسا ۔

پچکارنا ۔ تھپکنا ۔ چمکارنا ۔ پیار کرنا ۔

پچکاری {ہ (مصدر پچکنا) مث} پانی وغیرہ پھینکنے کا آلہ ۔ ہوا بھرنے کا آلہ (لینا ۔ دینا ۔ مارنا)

پچکنا ۔ دبنا ۔ بھچنا ۔ سکڑنا ۔ اندر کو گڑ جانا ۔

پچنا ۔ ہضم ہونا ۔

پچھتانا (ہ) پشیمان ہونا ۔ بعد کو افسوس ہونا ۔

پچھتاوا (ہ ۔ مذ) حسرت ۔ پشیمانی ۔ افسوس ۔

پچھلگو (ہ ۔ مذ) ساتھ ساتھ پھرنے والا ۔ متعلق ۔ طفیلی (ہ ۔ مذ) طفیلی ۔ خواہ مخواہ کسی کے ساتھ رہنے والا ۔

پچھم (ہ ۔ مذ) مغرب ۔

پچھوا (ہ ۔ مث) پچھم کی ہوا ۔ یہ ہوا موسم برسات کی بارش کے لئے اچھی نہیں ہوتی ۔

پچھواڑہ (ہ ۔ مذ) مکان کے پیچھے کا حصہ ۔

پچی کاری (ہ ۔ مث) جڑاؤ کام ۔

(پ ۔ خ)

پختگی (ف ۔ مث) پکاپن ۔ مضبوطی ۔

پختہ (ف ۔ ص) مضبوط ۔ پائدار ۔ مستحکم ۔

پختہ سال (ف ۔ مذ) بوڑھا ۔

پختہ کار (ف ۔ ص) تجربہ کار ۔ عقلمند ۔

پُختہ کرنا (ہ) مضبوط کرنا - اچھی طرح سمجھانا - بات ٹھہرانا ۔

(پ - د - ڈ)

پِدَر (ف - مذ) باپ - والد ۔
پِدَرانہ (ف - ص) باپ کی طرح ۔
پِدَری (ف - ص) باپ کا (وِرثہ) ۔
پَدمنی {ہ (س پدم - نیلوفر جو بہت نازک ہوتا ہے) مث} نہایت خوبصورت عورت - میواڑ کی ایک مشہور رانی کا نام ہے، جو سلطان علاؤ الدین کی ہمعصر تھی ۔
پدھارنا (ہ) تشریف لے جانا - سدھارنا - آنا - پہنچنا ۔
پُڈنگ (Pudding) (انگ - مث) دودھ اور انڈے وغیرہ کا ایک شیریں کھانا - انگریزی فرینی ۔

(پ - ر)

پَر (ف - مذ) پتا جیسے پرِ کاہ - بال و پَر پنکھ ۔
پَر پُرزے جھڑنا - ضعیف ہونا ۔
پَر تولنا - پرند کا اُڑنے کو آمادہ ہونا - (مجازاً) آمادہ ہونا ۔
پَر جلتے ہیں - گزر نہیں (اس کی) بِنا نہیں ۔
پَر لگ جانا - رونق آجانا - تیز رفتاری پیدا ہو جانا ۔
پَر لینا - پَر کترنا ۔
پَر (ہ) حرف ربط - اُوپر کا مخفف ۔
پُر (ف - ص) بھرا ہوا ۔
پُر آشوب (ف - ص) فتنہ و فساد سے بھری ہوئی - پُر فتن ۔
پُر اَسرار (ف - ص) بھیدوں سے بھرا ہوا یا بھری ہوئی ۔
پَرا (ہ - مذ) قطار - صف - لائن - گروہ ۔
پَرا باندھنا یا جمانا - صفیں جما کر کھڑا ہونا - صف باندھنا ۔
پَرا (ہ - مذ) قینچی کا ایک پاٹرا ۔
پَرات (ہ - مث) آٹا گوندھنے کا تھال ۔

پَراٹھا (ہ۔ مذ) روغنی روٹی، جو بہت دار ہوتی ہے +
پَراِسٹِنٹ (Protestant) (انگ۔ مذ) عیسائیوں کے ایک مذہبی فرقے کا نام ہے۔ جس کا بانی جرمنی کا مشہور مذہبی رہنما لوتھر تھا۔ یہ لوگ پوپ کو نہیں مانتے +
پَراچین (ہ۔ ص) بہت پرانا۔ قدیم +
پَرارتھنا (ہ۔ مث) دعا۔ التماس۔ التجا +
پَراکرت (ہ۔ مث) ایک قسم کی بھاشا جو سنسکرت سے بنی ہے۔ اُردو زبان۔ عوام کی بولی +
پَراگندگی (ف۔ مث) پریشانی۔ تردد +
پَراگندہ (ف) پریشان۔ بکھرا ہوا +
پَران (ہ۔ مذ) جان۔ روح۔ سانس +
پَران لینا (ہ) جان سے مار ڈالنا +
پَران چھوٹنا (ہ) موت آنا۔ حوصلہ نہ رہنا۔ دم خشک ہونا +
پُران (س۔ مذ) پُرانا۔ قدیم ہندوؤں کی مذہبی کتابیں جو تعداد میں اٹھارہ ہیں +
پُرانا خُرّانٹ (ہ۔ مذ) تجربہ کار۔ گرگِ کہن سال۔ بوڑھا +
پُرانی (ہ۔ ص) مدت کی۔ خراب۔ پھٹی ہوئی +
پُراوِنس (Province) (انگ۔ مذ) صوبہ +
پَراوِنشَل (Provincial) (انگ۔ ص) صوبے کے متعلق صوبائی۔ صوبجاتی +
پَرائز (Prize) (انگ۔ مذ) انعام +
پَرائمر (Primer) (انگ۔ مذ) انگریزی کا قاعدہ جس میں اے۔ بی۔ سی شروع کی جاتی ہے +
پَرائمری (Primary) (انگ۔ ص) ابتدائی۔ ضروری +
پَرایا (ہ۔ ص۔ مذ) بیگانہ۔ اجنبی۔ غیر۔ غیر کا۔ دوسرے کا۔ (مؤنث پرائی) +
پَرائی آنکھیں کام نہیں آتیں (ت) دوسرے

کا چیز پر بھروسا نہیں کرنا چاہیئے +

پرائے مال پر یا حسین } پرائے مال پر شیخی مارنا +

پرائم منسٹر (Prime Minister) (انگ - مذ)
وزیراعظم - دستوراعظم +

پرائیویٹ (Private)
(انگ - ص) جو پبلک نہ ہو - نجی - خانگی +

پرائیویٹ سکرٹری
(Private Secretary)
(انگ - مذ) کسی بڑے آدمی کا معتمد نجی - معتمد خصوصی +

پرائیویٹ لائف (Private Life) (انگ - مث)
خانگی زندگی - پبلک لائف کے برعکس +

پرتھی یا پرتھوی (س - مث)
دھرتی - زمین - بھوم - بھومی - جگت - سنسار +

پربت (ہ - مذ) پہاڑ - کوہ +

پرت (ہ - مذ) ورق - تختہ - چھلکا - تہ +

پرتا (ہ - مذ) اوسط - (پڑتا - پھیلانا - بٹھانا) +

پرتاب (س - مذ) اصل لفظ پرتاپ ہے - عزت - چمک - اقبال - قسمت - میواڑ کا مشہور راجہ جس کی افواجِ مغلیہ کے ساتھ لڑائیاں ہوتی رہیں +

پُرتاب (ف - ص) (۱) تیر کی مار (۲) دور تک پہنچنے والا تیر - دور جانے والا تیر +

پرتال (ہ (س - پر - دوسرا ؛ تال = تول ؛ تولنا - جانچنا) مث)
جائزہ - جانچ - نظرثانی - (ڑ کے ساتھ غلط ہے) +

پُرتاثیر (ف - ص) مؤثر - اثر انگیز +

پُرتکلف (ف - ص) امیرانہ - عمدہ - اصل +

پرتل (ہ - مذ) سوار کا اسباب جو ٹٹو پر لادا جاتا ہے +

پرتلا (ہ - مذ) کاندھے پر تلوار لٹکانے

کا تسمہ - دالِ شمشیر ۔

پُرتگیا (ف - مذ) وعدہ - قول استغاثہ درخواست ۔

پُرجوش (ف - ص) زوردار - جوش والا ۔

پُرمغز (ف ص) پُرمعنی - بہت عُمدہ ۔

پَرتو (ف - مذ) چمک - نور - عکس - صحبت کا اثر ۔

پَرجا (ہ - مث) رعایا - کرایہ دار ۔

پَرجاپت (ہ - مذ) خدا ۔

پَرجا منڈل (ہ - مذ) رعایا کی قائم کی ہوئی انجمن ۔

پِرچ (ہ - مث) چینی کی چھوٹی طشتری ۔

پَرچار (ہ - مذ) تبلیغ - اشاعت - پراپیگنڈہ ۔

پَرچہ (ف - مذ) کاغذ - اخبار - ٹکڑا ۔

پَرچہ لگانا (ل) مخبری کرنا ۔

پَرچہ نویس (ف - مذ) مخبر - جاسوس ۔

پَرچھاواں (ہ - مذ) سایہ - عکس ۔

*پَرخاش (ف - مث) رنج - اَن بن - لڑائی - رنجش ۔

پَرداخت (ف - مث) دوستی - محافظت دستگیری - پرورش ۔

پَرداز (لکھنؤ میں مذکر - دہلی میں مؤنث) آرائش - ڈھنگ - خوبصورتی - تصویر کے خط و خال - تمہید - شروع ۔

پَردہ (ف - مذ) اوٹ - گھونگٹ - راز - آہنگ ۔

پَردہ پوش (ف - مذ) عیب چھپانے والا ۔

پَردہ دار (ف - ص) پردہ رکھنے والا - رازدار ۔

پَردہ دری (ف - مث) پردہ کھولنا - راز فاش کرنا ۔

پَردہ رکھنا (ل) کسی کا راز چھپائے رکھنا - پردہ کرنا - شرم رکھنا - راز فاش نہ ہونے دینا ۔

پَردہ ڈھانکنا - عیب چھپانا - بدکار کو قتل کرنا ۔

پردہ فاش کرنا یا کھولنا (ف) کسی کا راز ظاہر کرنا - بھانڈہ پھوڑنا ۔

پَردہ نشین (ف - ص) پردے میں

---

*پرخچین کار (یہ لفظ سرسری مضمون قلعہ شاہجہان مجموعہ اقبال کو بس میں ہے) ۔ بیٹھنے والی

بیٹھنے والی - پاکدامن ॰

پَردھان (س - مذ) سردار - سرگروہ صدر - میرِ مجلس ॰

پَردیس [ہ (پر = غیر - دوسرا ؛ دیس = ملک) مذ] غیر وطن - بیگانہ ملک ॰

پَردیسی (ہ - مذ) دوسرے ملک کا اجنبی - غریب ॰

پُرزہ (ف - مذ) دھجی - ٹکڑا - جزو - دوات کا صوف ॰

پُرزے اڑانا (ف) ٹکڑے ٹکڑے کرنا - برباد کرنا ॰

پُرزہ پُرزے ہونا (ف) چورہ چور ہونا پھٹنا - بیکار ہونا ॰

پَرساد (س - مذ) تحفہ - تبرک - پرشاد -

پُرسان (ف - اسم حالیہ) پوچھنے والا خبر لینے والا ॰

پَرِستان [ف (پریستان، پری + ستان - پری کے رہنے کی جگہ) مذ] پریوں کے رہنے کی جگہ پریوں کا اکھاڑہ (مجازاً) خوبصورت عورتوں کا مجمع ॰

پَرِستان کا عالَم - خوبصورت عورتوں کا مجمع - پرستان کی سی کیفیت ॰

پَرَستِش [ف (پرستیدن - پوجنا) مث] بندگی - عبادت ॰

پَرَستِش گاہ، پَرَستِش کدہ، پَرَستِش خانہ، (ف - مث) عبادت گاہ - مسجد وغیرہ ॰

پُرسِش [ف (پرسیدن = پوچھنا) مث] پوچھ گچھ - خبر گیری - تفتیش ॰

پَرَسَن (س - ص) خالص - خوش - شاد - راضی - موافق - مستعد - تیار (کرنا - ہونا) ॰

پَرسَنَل (Personal) (انگ - ص) ذاتی - نجی کا ॰

پَرسَنَل اسسٹنٹ (Personal Assistant) کسی افسر کا پرائیویٹ سیکرٹری ॰

پَرَستَندہ (پسندہ کی بگڑی ہوئی شکل)

(ا - مذ) کباب ۔

پُرسہ (ف (پُرسیدن = پوچھنا) مذ } تعزیت - ماتم پُرسی ۔

پُرسہ دینا - ماتم پُرسی کرنا ۔

پُرسہ لینا - متوفی کے وارثوں کا لوگوں سے دلاسے کی باتیں سُننا

پَرسوں (ہ - مذ) گزرا ہوا یا آنے والا تیسرا دن ۔

پُرش (ہ - مذ) آدمی - انسان - مرد -

پَرشین (Parsian) (انگ - مث) فارسی ۔

پَرشین ٹیچر (Persian Teacher) (انگ - مذ) فارسی پڑھانے والا اُستاد - کتاب جس سے بغیر اُستاد کے فارسی کی تعلیم حاصل کی جا سکے ۔

پَرکار یا پَرگار (ف - لکھنؤ میں مونث - دہلی میں مذکر) دائرہ کھینچنے کا آلہ ۔

پُرکار (ف - ص) جڑاؤ - کام سے بھرا ہوا ۔

پَرکالہ (ف (پرگالہ) مذ) ٹکڑہ - شرارہ چنگاری (مجازاً) نہایت تیز - عیار - چالاک ۔

پَرکھ (ہ - مث) پہچان - شناخت ۔

پَرکھنا (ہ) پہچاننا - جانچنا - تمیز کرنا آزمانا - آنکنا ۔

پَرگنہ (ف - مذ) علاقہ - ضلع یا ضلع کا حصّہ ۔

پَرگٹ (س) ظاہر - روشن (کرنا - ہونا) ۔

پَرلوگ (ہ (س پَرَ = دوسرا ؛ لوک = جہان) مذ} دوسرا جہان - عقبیٰ -

پَرلا (ہ (س پَرَ = دوسرا) اس پار کا - انتہائی ۔

پَرمٹ (Permit) (ا - مث) (انگریزی میں م کی زیر ہے - اجازت - نمک اور شورے کا سرکاری محصول - نمک کا محصول لینے کا محکمہ ۔

پَرماتما (س (پرم = اعلیٰ ، مکمل ،

آتما۔ رُوح) مذ} رُوحِ اعظم
خدا۔ پرمیشور۔ ایشور ÷
پَرنام (ہ۔ مذ۔ ہندو) سلام۔ بندگی
پرنٹر (Printer) (انگ۔ مذ)
چھاپنے والا۔ طابع ÷
پرنس (Prince) (انگ۔
مذ) شاہزادہ ÷
پرنس آف ویلز (Prince of
Wales) (انگ۔ مذ)
شہزادہ یا ولیعہد انگلستان ÷
پرنسپل (Principal) (
(انگ۔ مذ) کسی درسگاہ (خصوصاً
کالج) کا مدرّس اعلیٰ ÷
پرنسپل (Principle)
(انگ۔ مذ) اصُول ÷
پَرنیاں (ف۔ مذ) پھولدار۔ نرم
ریشمی کپڑا۔ دیبا ÷
پُروا (ہ۔ مث) پورب کی ہوا۔ بارش
کے لئے مفید ہوتی ہے ÷
پَرواز (ف۔ مث) اُڑان۔ اُڑنا ÷
پَرواز کلب (ا۔ مث) وہ کلب یا
محفل جس کے اراکین ہوا باز
یا طیّارچی ہوں۔ ایرو
کلب (Aero club)
پَروان (ہ۔ مذ) بادبان کا ڈنڈا ÷
پَروان چڑھنا (ہ) پُورا ہونا۔
بالغ ہونا۔ کمال کو پہنچنا۔ مراد
کو پہنچنا۔ جوان ہونا۔ بیاہ ہونا
کامیاب ہونا ÷
پَروانہ (ف۔ مذ) پَردار کیڑا۔
بنبنگا۔ فریفتہ ÷
پَروانہ (ف۔ مذ) حکم نامہ ÷
پروبیشنر (Probationer)
(انگ۔ مذ) اُمیدوار ÷
پروپرائیٹر (Proprietor)
(انگ۔ مذ) مالک ÷
پروپیگنڈہ (Propaganda)
(انگ۔ مذ) تبلیغ۔ اشاعت ÷
پروٹسٹ (Protest)
(انگ۔ مذ) صدائے احتجاج
مخالفت کرنا ÷
پروٹین (Protein)

(انگ ۔ ح ت) ایک مرکب جو
جانوروں اور پودوں کا جز ہوتا
ہے ؛

پَرْوَرْدِگار (ف) پروردن ۔ پالنا
گار (علامت فاعلیت) مذ)
پالنے والا ۔ رَبّ ؛

پرورده (ف) پروردن ۔ پالنا ،
ہ علامت مفعولیت) ص ل
پرورش کیا ہوا ۔ پلا ہوا ؛

پَرْوَرِش (ف) مث) پالنا ۔ مہربانی

پروسنا (ہ) مہمانوں کے آگے کھانا
چننا ؛

پروسیشن (Procession)
(انگ ۔ مذ) جلوس ؛

پروف (Proof) (انگ مذ
کاپی پتھر پر جانے کے بعد جو
پہلا کاغذ چھاپ کر تصحیح کے
واسطے دکھایا جاتا ہے (اٹھانا)

پروفیسر (Professor)
(انگ ۔ مذ) استاد کالج میں پڑھانے
والا معلم ۔ اعلیٰ استاد ؛

پروگرام (Programme)
(انگ ۔ مذ) کسی جلسے میلے ۔ کھیل
وغیرہ کے متعلق تمام کاموں
کی ترتیب ۔ کام کی تفصیل اور
وقت کا تعین ؛

پرونوٹ (ا ۔ مذ) روپے کے لین دین
کی یادداشت جو مقروض قرض
خواہ کو لکھکر دیتا ہے ؛
پرامیسری نوٹ
(Promissory note)
کا مخفف ؛

پروہت (ہ ۔ مذ) گھر کا پنڈت ،
برہمن جو خاندان بھر کو پوجا
پاٹ کرائے ؛

پروین (ف مذ) ثریا ۔ سات ستاروں
کا ایک مجمع النجوم
ہے ؛

پرہیز (ف مذ) مضر چیزوں سے بچنا
اجتناب ۔ تقویٰ ؛

پرہیزگار (ف ص) برائی سے بچنے
صالح ۔ نیک متقی ؛

پرہیز گاری (ف - مث) بچنا اِتقا - زہد ؛

پرے پرے (ا) انگ - انگ (نفرت ظاہر کرنے کے لئے بولتے ہیں) ؛

پَرِی (ف پر بدی نسبتی) مث ؛ جنوں کی جنس کی عورت جو نہایت خوبصورت خیال کی جاتی ہے اور جس کی نسبت یہ خیال کیا جاتا ہے کہ بال و پر رکھتی ہے۔ (۲) خوبصورت - معشوق محبوب ؛

پری پیکر (ف - مث) نہایت خوبصورت (پری اندام متروک ہے) ؛

پَری زاد (ف - پری زادہ) مذ) بہت خوبصورت - پری کا بچہ۔ مجازاً محبوب ؛

پَرِیت (ہ - مذ) بھوت - آسیب ناپاک روح ؛

پریت (ہ - مث) محبت - الفت۔ (جوڑنا - کرنا - لگانا)

پریڈ (انگ پریڈ Parade) کا بگڑا ہوا - دہلی میں مذکر - لکھنؤ میں مونث) قواعد - ڈرل (۲) قواعد کا میدان - قطار ؛

پریتم (ہ - س (پریت - پیار - مذ) پیارا دلبر - معشوق ؛

پریزیڈنٹ (President) (انگ - مذ) صدر - میر مجلس - پردھان کسی جمہوریت کا حاکم اعلیٰ ؛

پریزیڈنسی (Presidency) (انگ - مث) (۱) صدارت (۲) ہندوستان کے تین بڑے صوبے یعنی بمبئی - مدراس اور بنگال میں سے کوئی ایک احاطہ ؛

پریس (Press) انگ - مذ) چھاپہ خانہ - دبانے کی مشین مطبع ؛

پریس ایکٹ (Press Act) انگ - مذ) وہ قانون جس کی

رو سے ہندوستانی اخبارات پر پابندیاں عاید کی گئی ہیں ؛

پریشاں یا پریشان (ف۔ص) حیران۔ فکرمند۔ تتر بتر (کرنا ہونا)

پریشان حال (ف۔ص) تنگ حال۔ غریب ؛

پریشاں خاطر یا دل (ف۔ص) اداس فکرمند ؛

پریشانی (ف۔مث) حیرانی۔ فکر مصیبت ؛

پریکٹیس (Practice) (انگ۔مث) مشق۔ مہارت۔ وکیل یا ڈاکٹر کے پیشے کا کام ؛

پریکٹیکل (Practical) (انگ۔ص) عملی۔ نظری کی ضد

پریم (ہ۔مذ) محبت۔ الفت۔ لاڈ ؛

پریوں کا اکھاڑہ (ہ۔مذ) حسینوں کا مجمع ؛

پریوش (ہ۔ص) پری کی طرح خوبصورت

پریوی کونسل (Privy Council) (انگ۔مث) شاہ انگلستان کے بھی شہر عدالت آخری اپیل کی سب سے بڑی عدالت ؛

پ ۔ ڑ

پڑا پانا (ہ) راہ چلتے کسی چیز کا مل جانا۔ مفت ہاتھ لگنا ؛

پڑاؤ (ہ۔مذ) لشکر یا قافلے کے اترنے کی جگہ۔ منزل۔ مقام سٹیشن

پڑت (ہ۔مث) بازاری برچ بیڑن

پڑتال دیکھو پتال ؛

پڑوس (ہ۔مذ) ہمسائیگی ؛

پڑوسی (ہ۔مذ) ہمسایہ

پڑھا لکھا (ہ) خواندہ

پژاوہ (ف) پژیدن۔ بھٹا آوہ

پ ۔ ژ

پژمردگی (ف۔مث) مایوسی اداسی

کملاہٹ ؛

پژمردہ (ف ص) اداس، کملایا ہوا ؛

پژمردہ خاطر (ف ص) اداس دل مغموم ؛

پژوہش (ف) پژوہیدن۔ ڈھونڈھنا مرث کم تلاش۔ جستجو

پژوہیدہ (ف ص) تلاش کیا ہوا ؛

پ۔س

پس (ف) پیچھے۔ بعد۔ آخرکار۔ بہرحال اس لیے۔ اس وجہ سے ؛

پس انداز (ف) بچا ہوا۔ باقی اندوختہ ؛

پسپا ہونا (ف) واپس ہونا۔ شکست کھانا ؛

پس خوردہ (ف) آگے کا بچا ہوا۔ باقی ماندہ کھانا۔ جھوٹا ؛

پسماندہ (ف ص) پیچھے رہا ہوا۔ وارث ؛

پس و پیش (ف) (پس، پیچھا) پیش، آگا مذ) سوچ بچار فکر ؛

پس و پیش کرنا (ا) سوچ بچار کرنا ٹال مٹول کرنا ؛

پسارنا (ہ) پھیلانا۔ دراز کرنا۔ اب پاؤں کے ساتھ پسارنا متروک ہے

پساری (دیکھو پنساری)

پسانا (ہ) کسی چیز کو ابال کر اس کا زائد پانی گرانا۔ جیسے چاول پسانا ؛

پساوَدہ (ہ) ابلی ہوئی چیز کا بچا ہوا پانی ؛

پساوَن (ہ) وہ پانی جو پسانے سے بچ رہے ؛

پست (ف) چھوٹا۔ نیچا

پست قد (ف) چھوٹے قد کا ہونا ؛

پست ہمت (ف ص) بزدل کم حوصلہ ؛

پست ہونا (ف) ہارنا۔ مغلوب ہونا

پستان (ف۔مث) چوچی۔ چھاتی سینے کی بالیدگی:

پستک (س۔مث) کتاب جوتشی

پستول (انگ) (Pistol) طپنچہ:

پستہ (ف) ایک مشہور میوے کا نام چھوٹے قد کا کتا:

پستی (ف۔مث) نیچائی۔ گہرائی۔ کمینگی:

پسر (ف) بیٹا۔ فرزند:

پسر زادہ (ف۔مذ) پوتا:

پسلی (ف۔مث) پہلو۔ پہلو کی ہڈی:

پسلی پھڑکنا یا پھڑک اٹھنا (ا) کنایۃً خود بخود خبر ہو جانا کسی شخص کی غیر حاضری میں اس کا حال معلوم ہو جانا:

پسنا یا پس جانا (ا) پسا جانا۔ تباہ و برباد ہو جانا:

پسند (ف) فارسی قدیم پتی شنندہ (س) پرنی۔ پسوئے۔ شنندہ (س) چھند یا چھندہ (مث) انتخاب ترجیح۔ مقبول منظور۔ حسب خواہش۔

پسندیدہ (ف۔ص) پسند کیا ہوا۔ اچھا عمدہ:

پسنہاری (ہ۔مث) آٹا پیسنے والی

پسیجنا (ہ) پسینہ آنا۔ نرم ہونا: ترس آنا۔ مہربانی کرنا:

پسینہ (ہ۔مذ) عرق۔ نمی۔ مسامات کے ذریعے جسم سے نکلنے والا پانی:

پسینے پسینے ہو جانا (ہ) بہت پسینہ آنا۔ کنایۃً شرمندہ ہونا:

پ ش

پُشت (ف۔مث) پیٹھ۔ کمر۔ سہارا مدد۔ نسل۔ خاندان

پُشت بہ پُشت (ف) نسل بہ نسل خاندان

پُشت دکھانا (ا) بھاگ جانا:

پشتارہ (ف۔ پشتوارہ، پشت بارہ
یعنی اس قدر بوجھ جو پشت پر اٹھایا
جائے) مذ۔ گٹھا۔ گٹھڑی۔ اٹھانا
باندھنا ؛

پشتو (ف۔ مث) افغانوں کی زبان

پشتہ (ف۔ پشت، پیٹھ، ہ نسبتی۔ ڈھیر
ٹیلہ۔ چمڑا جو کتاب کی پشت پر
لگایا جاتا ہے ؛

پشتی (ف۔ مث) ٹیکا، حمایت، مدد
حفاظت ؛

پشتبان (ف۔ پشت۔ پیٹھ، بان
یعنی حفاظت) مذ، مددگار
سہارا دینے والا۔ وہ لکڑی جو
کواڑوں یا تخت وغیرہ کے غرض
میں استحکام کے لئے لگاتے
ہیں ؛

پشتینی (ف۔ پشت نسل۔ ینی برائے
نسبت ہے یائے نسبتی)
ص) خاندانی۔ موروثی۔

پشم (ف۔ مث) بال۔ اون جھانٹ
(مجاز) بے حقیقت چیز۔ ذلیل

لفظ ؛

پشمینہ (ف) مذ۔ ین نسبت کا)
اون کا کپڑا ؛

پشواز (ا۔ مث) فارسی میں پیشواز
عورتوں کی ناچنے وقت پہنے کی
گھیردار
پوشاک ؛

پشہ (ف) مذ۔ مچھر ؛

پشیمان (ف۔ ص) لغت قدیم میں
پشیم کے معنی تھے اکھاڑنا
جدا کرنا۔ الف نون لگا کر
پشیمان کیا۔ جب کوئی کام کر
کے انسان پچھتاتا ہے تو اس
سے دل اکھڑ جاتا ہے)
شرمندہ۔ پچھتانے والا۔

پشیمانی (ف۔ مث) شرمندگی پچھتاوا

پطرس (ع۔ مذ) پیٹر (Peter)
حضرت مسیح علیہ السلام کے بارہ
حواریوں میں سے ایک حواری کا
نام ہے جس نے روم میں
عیسوی مذہب کی

تبلیغ کی اور وہیں صلیب پائی۔

پ۔ت

پکا (ہ۔ص) پکا یا ہوا۔ مضبوط۔ کامل۔ پورا۔ جیسے پکا من ہے۔

پکا پکایا (ہ۔ص) بالکل تیار۔ بنا بنایا بے مشقت۔

پکار (ہ۔مث) شور غل۔ آواز۔ فریاد

پکارنا (ہ) بلانا۔ خبر دینا۔ فریاد کرنا

پکڑ دھکڑ (ہ۔مث) گرفتاری۔ دارو گیر

پکڑنا (ہ) تھامنا۔ لینا۔ گرفتار کرنا۔ پھانسنا۔

پکوان (ہ۔مذ) تلی ہوئی چیز۔ پوری کچوری۔

پکھرو ٹا (ہ۔مذ) چاندی سونے کے ورق جو پان کے بیڑے سے لپیٹ کر دیتے ہیں۔ پان کی گلوری جس پر چاندی سونے کے ورق لگے ہوئے ہوں

پکھیرو (ہ پنکھ۔ پر) مذ۔ پرندہ اڑنے والا۔

پکی (ہ۔ص) مضبوط۔ مقررہ۔ مکمل۔

پ۔گ

پگ (ہ۔مذ) پاؤں۔ قدم۔

پگاہ (ف۔مث) صبح۔ فجر۔

پگ ڈنڈی (ہ پگ۔ قدم) مث پیدل چلنے کا راستہ۔ کھیتوں کا تنگ راستہ۔

پگڑی (ہ۔مث) پرکر۔ گھیرنا۔ مث دستار۔ سر پہ باندھنے کا کپڑا مجازاً عزت آبرو۔

پگڑی اتارنا (ہ) بے عزتی کرنا

پگڑی اچھالنا (ہ) کنایتہً عزت بگاڑنا۔ بدنام کرنا۔ ذلیل کرنا۔

پگڑی بندھوانا باپ کے مرنے کے بعد بیٹے کو اس کا قائم مقام بنانا۔

پگلا (ہ۔ص) پاگل کی تصغیر۔ سودائی۔

پگلانا (ہ) گھلانا۔ گھمنڈ گلانا مجازاً نرم کرنا۔ مہربان کرنا۔

پ ۔ ل

پُل (ف ۔ مذ) پانی پر گزرنے کی راہ ؛

پُل باندھنا (ہ) پل تعمیر کرنا کسی چیز کی کثرت کرنا ۔ متواتر کوئی کام کرنا ؛

پُل صراط (ہ ۔ اط) دوزخ کے اوپر کی راہ ۔ وہ پل جس سے قیامت کے دن اچھے برے سب گزریں گے ؛

پَل (ہ ۔ مث ۔ مذ) پلک کا مخفف ۔ گھڑی تھوڑا سا وقت ؛

پِل (Pill) (انگ ۔ مث) دوا کی گولی ۔ حَبّ ؛

پل پڑنا (ہ) دفعتہً حملہ کرنا ۔ یک لخت چڑھ آنا ؛

پَلّا (ہ ۔ مذ) دامن ۔ آنچل ۔ ترازو کا پلڑا ۔ سہارا ۔ اناج کا گٹھڑ

پلا بھاری ہونا (ہ) دولت مند ہونا بہت سے حامی ہونا ۔ گراں ہونا بال بچے یعنی کنبہ زیادہ ہونا ؛

پَلا چھڑانا (ہ) دامن چھڑانا ۔ قرض وغیرہ ادا کرنا ۔ رہائی حاصل کرنا

پِلا (ہ) کتے کا بچہ ؛

پُلاؤ (ہ ۔ اس پُلاک ۔ ابلے ہوئے چاول مذ) گوشت اور چاولوں کا ایک لذیذ کھانا ؛

پلپلا (ہ ۔ ص) نرم ۔ گھلا ہوا ۔

پلٹاوہ مذ ۔ چکر ۔ گردش ۔ انقلاب ؛

پلٹس (Poultice) (انگ مث) السی یا آٹے کی پکی ہوئی ٹکیا جو پھوڑے یا ورم پر باندھتے ہیں ؛

پَلٹن (Platoon) (انگ) پلے ٹوُن ۔ مث ۔ پیادہ فوج

پلڑ (ہ ۔ مذ) دو پلی ٹوپی کا ایک پلا

پلڑا (ہ) ترازو کا پلڑا ؛

پلڑا بھاری ہونا (ہ) طرف بھاری ہونا ۔ پلا بھاری ہونا ؛

پلانٹ ڈرائنگ Plant

Drawing (انگ ۔ مث) پودوں کی شکلیں کھینچنا
درختوں یا پتوں کی تصویریں
کھینچنا ۔

پلستر (انگ Plaster) (پلاسٹر) مذ ۔ استرکاری کا مسالہ
لیپ ۔ مرہم ۔

پلک (ہ ۔ مث) مژہ ۔ آنکھ کے بال
(۲) لحظہ ۔

پلک جھپکنا (ہ) تھوڑی دیر آنکھ
کھلنا ۔ جھپکی مارنا ۔

پلندہ (ہ ۔ س ۔ پوٹلی گٹھا) مذ بنڈل
گٹھڑی ۔ بقچہ ۔

پلنگ (ف) چیتا ۔ ایک درندہ
جانور ۔

پلنگ پوش (ف ۔ مذ) چادر
بستر کی چادر ۔

پلنگ (ہ ۔ س) چارپائی ۔ مذ
کھاٹ ۔ بڑی چارپائی ۔

پلو (ہ) دامن ۔ آنچل ۔ کنارہ ۔ چوڑا
پٹا ۔ چوڑی گوٹ ۔

پلہ (ف ۔ مذ) پلڑا ۔ پاٹ ۔ رتبہ ۔

پلے باندھنا (ہ) یاد رکھنا ۔ حوالے
کرنا ۔

پلے پڑنا (ہ) واسطہ پڑنا ۔ حصے میں
آنا ۔

پلید (ف پلید) س ۔ گندہ
ناپاک (۲) چڑیل
بھوت ۔

پلیتہ (ف ۔ عربی میں فلیتہ ہے)
فتیل بنا یا شاید عربی لفظ
فلتیہ (رتا گاہ) سے فارسیوں
نے پلیتہ کر لیا ہے ۔ مذ) بتی
بارود لگا ہوا ڈورا ۔

پلیٹ Plate (انگ
مث) چینی کی بڑی رکابی
دھات کی چادر جو چھاپنے کے
کام آتی ہے ۔

پلیٹ فارم Platform
(انگ ۔ مذ)
چبوترا ۔ ریل پر چڑھنے اترنے
کا چبوترہ ۔ جلسے میں تقریر کرنے

کی اونچی جگہ

کی اونچی جگہ۔ پلیٹ فارم پر آنے جانے کا ٹکٹ

پلیٹ فارم ٹکٹ (Platform ticket) انگ۔ مذ) وہ ٹکٹ جو ریل کے پلیٹ فارم پر جانے کے لئے خریدا جاتا ہے ؛

پلیٹ لیئر Platelayer (انگ مذ) ریل کی سڑک بنانے والا افسر (عام طور پر پلیٹر کہتے ہیں

پلیگ (Plague) انگ۔مث۔ طاعون۔ مشہور بیماری ہے۔

پلین (Plan) انگ۔ مذ) تجویز۔ مشورہ۔ بنیاد کا خاکہ

پلیڈر (Pladear) انگ۔ مذ۔ (ا) وکیل ؛

پمفلٹ Pamphlet انگ۔ مذ۔ رسالہ۔ چھوٹی سی کتاب ؛

پ۔م۔ن

پمپ (Pump) انگ۔ مذ) پانی کا نل۔ پچکاری ؛

پن (Pin) انگ۔ مذ) کاغذ نتھی کرنے کی گھنڈی دار سوئی ؛

پُن (ہ۔ مذ) دان۔ خیرات۔ بھلائی

پَن (ہ۔ مذ) پانی اور پانچ کا مخفف ہے جیسے پن چکی۔ پن سیری

پنا (ہ۔ مذ) سبز رنگ کا قیمتی پتھر۔ چاندی سونے یا کسی اور دھات کا ورق ؛

پناہ (ف۔ مث) امن۔ حفاظت۔ امداد

پناہ گاہ (ف۔ مث) حفاظت گاہ امن کی جگہ ؛

پناہ مانگنا۔ (ا) حفاظت چاہنا فریاد کرنا ؛

پن بھتا (ہ۔ پن و پانی بھتا۔ چاول مذ۔ ابلے ہوئے چاول جن کو شربت میں ڈالکر پیتے ہیں ؛

پُنبہ (تلفظ پمبہ ف) کپاس
روئی (ترمنا)
پنبہ بگوش (ف. ص) بے خبر. غافل
پنپنا (د) موٹا ہونا. بوٹی چڑھنا.
سرسبز ہونا. ترقی کرنا۔
پنتھ (ہ. مذ) مذہب. مت۔
پنجتن (ف. مذ) پانچ بزرگ یعنی
حضرت رسول کریمؐ. حضرت علیؓ
حضرت فاطمہؓ. حضرت حسنؓ
حضرت حسینؓ۔
پُنجروزہ (ف. ص) پانچ دن کی
تھوڑے دن کی۔
پنجشنبہ (ف. مذ) جمعرات. ویروار
پنجہزاری (ف. مذ) پانچ ہزار
سپاہیوں کا افسر۔
پنجر (ہ. مذ) ڈھانچہ. جسم۔
پنجرہ (ہ. مذ) تیلیوں کا بنایا ہوا ڈھانچہ
جس میں پرندوں کو رکھتے ہیں۔
پنجم (ف. ص) پانچواں۔
پنجہ (ف. مذ) کف دست (کنایۃً) آفتاب
کی کرنیں. واخیدہ استخوان

جس سے خاکروب میلا اٹھا کر اپنی
ٹوکری میں ڈال لیتے ہیں. ہاتھ یا
پاؤں کی پانچوں انگلیاں مع
ہتھیلی کے. جوتے کا اگلا حصہ
لب. مٹھی. مجازاً قابو. اختیار
قبضہ۔
پنجے جھاڑ کر پیچھے پڑ جانا چمٹنا
یا لپٹنا (د) کسی کام میں ہمہ تن مشغول ہونا
پیچھے پڑ جانا. برا بھلا کہنا. درپے
آزار ہونا۔
پنچ (ہ. مذ) ثالث. فیصلہ کرنے والا
پنچ (Punch) انگ. انگلستان
کا ایک ظریف اخبار (مجازاً)
ظریف اخبار۔
پنچایت (ہ. پنچ پانچ) مث
پنچوں کی کمیٹی. فیصلہ کرنے والی
مجلس۔
پنچکوسی (ہ. ص) چاروں طرف پانچ
پانچ کوس. دور دور تک
پنچھی (ہ. مذ) پرندہ. کنایۃً وہ آدمی جو
جگہ جگہ پھرتا رہتا ہے. ہلکا

پَن چکّی (ہ۔ ہن۔ پانی۔ مت) پانی کے زور سے چلنے والی چکی

پَند (ف۔ مت) نصیحت۔ ہدایت۔

پندار (ف۔ مت) غرور۔ خودپسندی

پِنڈ (ہ۔ مذ) جسم۔ بدن۔ آٹے یا چاول کا گولا جو ہندو مردوں کے نام پر دریا میں چھوڑتے یا گؤں کو کھلاتے ہیں۔

پنڈ چھوٹنا (ہ) نجات ہونا۔ رہائی پانا۔ الگ ہونا۔ ذمہ داری ہٹنا۔

پنڈا (ہ۔ مذ) لنگدا۔ گولا۔ ڈور کا گولا۔ تمباکو کا لھونڈا۔ جسم۔ دھڑ

پنڈا پھیکا ہونا (ہ) بدن گرم ہونا۔ خفیف حرارت ہونا۔

پنڈارا (ہ۔ مذ) رہزن۔ ڈاکو۔ ٹھگ

پنڈال (ہ۔ مذ) جلسہ گاہ۔ شامیانہ

پنڈت (س۔ مذ) ہندو عالم۔ پڑھا ہوا برہمن۔ سلم۔ ہوشیار۔

پنڈلی (ہ۔ مت) ٹخنوں سے زانو تک کے حصہ کا بدن۔

پنس (Pince انگ۔ مذ) ایک انگریزی سکے کا نام ہے جو تقریباً ایک آنے کے برابر ہوتا ہے۔

پنس بانس (ا۔ مت) پالکی۔

پنساری (ہ۔ مذ) دوا بیچنے والا۔ نمک مرچ مسالا بیچنے والا۔

پنسال (ہ (ہن۔ پانی) سال۔ مثال گہرائی۔ مت) (۱) نہروں پر پانی کی گہرائی اور اتار چڑھاؤ معلوم کرنے کا آلہ۔ پانی پلانے کی جگہ پیاؤ۔

پنسل (Pencil انگ۔ مت) سیسے کا قلم۔ کسی رنگ کا قلم

پنسل ڈرائنگ (Pencil Drawing انگ۔ مت) پنسل سے شکلیں کھینچنا

پنشن (Pension انگ۔ مت) نوکری ختم کرنے کے بعد سرکار کی طرف سے تنخواہ کا جو حصہ بطور وظیفہ ملتا ہے

اسے پنشن کہتے ہیں۔ وظیفہ

پنشن خوار (ف۔ مذ) پنشن لینے والا۔ مفت خورہ ❊

پنشنر Pensioner (انگ۔ مذ) پنشن پانے والا جس کو پنشن ملتی ہو۔

پنکھ (ہ۔ مذ) بازو۔ پر ❊

پنکھ پکھیرو (ہ۔ مذ) اڑنیوالا پرندہ

پنکھا۔ بادکش۔ ہوا کرنے کا آلہ ❊

پنکھڑی (ہ۔ مث) پنکھ۔ پر۔ پھول کی پتی۔ ورق ❊

پنگوڑا (ہ۔ مذ) جھولا۔ گہوارہ۔

پنواڑی (ہ۔ مذ) پان بیچنے والا ❊

پنھیارا (ہ۔ مذ) پانی بھرنے والا۔ دہلی میں اس کا مونث پنھیاری اور لکھنؤ میں پنہیارن ہے ❊

پنہاں۔ پوشیدہ۔ خفیہ

پنیر (ف۔ مذ) جُمرا دودھ۔

پنیری (ف۔ مث) چھوٹے چھوٹے پودوں کا ذخیرہ کھنکا گدا

جو پوست اور دانوں کے درمیان ہوتا ہے ❊

پ۔ و

پو (ہ۔ مث) (۱) نور کا تڑکا۔ سویرا (پھٹنا) پانسے میں جب دس پچیس یا تیس آئیں تو ایک ایک پو کا استحقاق ہوتا ہے یعنی ایک خانہ زاید شمار کرتے ہیں ❊

پو (ہ۔ مث) کعبتین کا سفر ❊

پو پھٹنا (ہ) صبح صادق ہونا سپیدی ہونا ❊

پو بارہ (ہ۔ مذ) بارہ دانوں کی ایک پو کا حاصل۔ ہر طرح سے جیت

پوا (ہ۔ مذ) ایک پاؤ۔ شراب کی وہ بوتل جس میں پانی بھر جائے ❊

پوپ (Pope) (انگ۔ مذ) رومن کیتھولک فرقے کا سب سے بڑا پادری ❊

پوال (ہ۔ مث) ایک قسم کی سوکھی گھاس

بھوس۔

پوپلا (ہ۔ص) جس کے دانت گر گئے ہوں۔

پوت (ہ۔مذ) پسر۔ بیٹا۔ لڑکا

پوتر (ہ۔ص) پاک صاف

پوترا (ہ۔ص) پوترک۔ جیتھرا (۱) مذ وہ کپڑا جو بچے کے چوتڑوں کے نیچے بچھایا جاتا ہے تاکہ پیشاب پاخانہ اسی پر گرے۔

پوتڑوں کا امیر یا رئیس (ہ) خاندانی یا پیدائشی امیر۔

پوتھی (ہ۔مث) کتاب۔ پستک علم نجوم یا موسیقی کی کتاب
لہسن کا جوا۔ لہسن کی گرہ

پوٹاسیم کلوریٹ Potasiam Clorate (انگ مذ) ایک سفید رنگ نلمی مرکب جس کے گرم کرنے سے آکسیجن گیس نکلتی ہے۔ یہ بارود کا بھی جزو ہے۔

پوٹاش (انگ۔مث) Potash آتش گیر مادہ جس سے پٹاخے بنتے ہیں۔ صابن بنانے کے کام بھی آتا ہے۔

پوٹلی (ہ۔مث) تھیلی۔ چھوٹی گٹھڑی

پوجا پاٹ (ہ۔مث) پرستش ہندوؤں کی عبادت کا طریقہ بندگی۔

پوجنا (ہ) پرستش کرنا۔ نذر کرنا۔

پوچ (ہ۔ص) بے معنی۔ لچر۔ پھیکا بےہودہ۔

پوچھ (ہ۔مث) جستجو۔ تلاش پرسش

پوچھ گچھ (ہ۔مث) پرسش۔ آؤبھگت قدر۔ تحقیق۔ بازپرس۔

پوچھنا (ہ) معلوم یا دریافت کرنا۔ خیر عافیت دریافت کرنا۔ خبر لینا صلاح لینا۔ یہ مصدر متعدی ہے اس کا لازم نہیں آتا۔

پوچھنا گچھنا (ہ۔ تاکید فعل) پرسش کرنا۔ پرساں ہونا۔

پود (ہ۔مث) چھوٹا درخت (دوسری

تخم لگانے کے لئے اگایا جائے (جانا۔ لگانا) نسل

پودا (ہ۔مذ) چھوٹا درخت۔ بنا پیڑ نونہال ؛

پوڈنا (ہ۔ص) بونا۔ پست قد آدمی

پودینہ (ہ۔مذ) ایک قسم کی تیز خوشبودار بوٹی جو سالن میں ڈالتے ہیں اور جس کی چٹنی بھی بناتے ہیں۔ اسے عربی میں نعناع کہتے ہیں۔

پوڈر (Powder) (انگ مذ بادڈر۔ سفوف باریک جسے خوبصورتی کے لئے چہرے پر لگاتے ہیں۔ برادہ ؛

پور (ہ۔مث) انگلی کے تین ٹکڑوں میں سے ایک ٹکڑا۔ گنے یا بانس کی گرہوں کے درمیان کا فاصلہ

پور (ف مذ) قصبہ۔ شہر۔ گاؤں مرکبات میں مستعمل ہے مثلاً ناگپور ؛

پورا (ہ۔ص) کامل۔ مکمل۔ ٹھیک ؛

پورا ہونا۔ کافی ہونا۔ ختم ہونا ؛

پورب (ہ۔س پور) مذ) مشرق ؛

پوربی (ہ۔ص) پورب کی طرف منسوب مشرقی ؛

پورٹ (Port) (انگ مث) بندرگاہ ؛

پورٹر (Porter) (انگ مذ) قلی مزدور

پورنماشی (ہ۔مث) چودھویں رات ؛

پوری پڑنا (ہ) کامیابی ہونا۔ کفایت کرنا۔ کافی ہونا ؛

پورے دن (ہ۔مذ) نو مہینے۔ نواں مہینہ

پورے دن ہونا وضع حمل کے دن قریب ہونا ؛

پوس (ہ۔مذ) بکرمی سن کا چوتھا مہینہ جس میں جاڑے کی شدت ہوتی ہے ؛

پوست (ف) چمڑا۔ کھال

خشخاش کا ڈوڈا ۔

پوست کندہ (ف ۔ ص ۔ صاف صاف ۔ علانیہ ۔ کھلم کھلا ۔

پوستی (ف ۔ مذ) سست ۔ ڈھیلا ۔ بےخبر ۔ کاغذ کا کھلونا جس کا پیندا بھاری ہوتا ہے ۔

پوستین (ف) پوست ۔ جلد ۔ ین کلمہ نسبت) دہلی میں مذکر اور لکھنؤ میں مونث) کھال کا کوٹ ۔

پوسٹ (Post) انگ مث ڈاک ۔ جگہ ۔ آسامی ۔

پوسٹ آفس (Post Office) انگ ۔ مذ ۔ ڈاکخانہ ۔

پوسٹل گائیڈ (Postal Guide) انگ ۔ مذ) ڈاکخانہ کے قواعد کی کتاب ۔

پوسٹ بکس (Post box) انگ ۔ مذ) ڈاک کی چٹھیاں ڈالنے کا صندوقچہ ۔

پوسٹر (Poster) انگ ۔ مذ) دیواروں پہ چسپاں کرنے کا اشتہار ۔

پوسٹ مارٹم Post Martem (انگ ۔ مذ) موت کے بعد جسم کی طبی جانچ ۔

پوسٹ ماسٹر Post Master (انگ ۔ مذ) ڈاک خانے کا افسر ۔

پوسٹ ماسٹر جنرل Post Master General (انگ ۔ مذ) ڈاکخانوں کا بڑا افسر ۔

پوسٹ مین Post man (انگ ۔ مذ) چٹھی رساں ۔ ڈاکیہ)

پوسنا (ہ) پرورش کرنا (صرف پالنا کے ساتھ آتا ہے)

پوشاک (ف ۔ مث) لباس ۔ پوشش

پوشیدگی (ف ۔ مث) علیحدگی تنہائی ۔

پوشیدہ (ف ۔ ص چھپا ہوا ۔ درپردہ

علیحدہ
پول (Pole) انگ۔ مذ) ستون۔ ½۵ گز کا پیمانہ۔ نٹ بال یا ہاکی وغیرہ کھیلوں میں میدان کے دونوں طرف کے دو دو گاڑے ہوئے بانس جن کے بیچ میں سے بال کو گزارنے کی کوشش کی جاتی ہے۔

پُول (ف) پیسہ ؛

پُول سیاہ (ف۔ مذ) تانبے کا پیسہ

پُولاد (۔مذ) گھاس کا سمٹا۔ چھپر کے پھولنس کا گڈا۔

پولادہ (۔س) اندر سے پچالی۔ کھوکھلا۔

پُولاد (ف۔ مذ) فولاد مضبوط لوہا۔

پولو (Polo) (انگ۔ مذ) ایک کھیل کا نام جس میں گھوڑے پر سوار ہو کر لمبی اسٹک سے گیند کو مارتے ہیں۔ اور پول میں سے گزارنے کی کوشش کرتے ہیں ؛

پولٹیکل (Political) (انگ۔ س) ملکی سیاسی

پولٹیکل ایجنٹ Political Agent (انگ۔ مذ) کسی دیسی ریاست میں انگریزی حکومت کا نمائندہ ؛

پولنگ (Polling) ممبری وغیرہ کے لئے رائے شماری کرانا ؛

پولنگ سٹیشن (انگ۔ مذ) Polling station رائے شماری کرانے کی جگہ ؛

پولیس Police (انگ پرتگالی پرلیسی۔ دہلی میں مذکر لکھنؤ میں مونث۔ انتظامیہ محکمہ۔ رکھوالی کرنے کا محکمہ

پولیس سٹیشن Police station (انگ۔ مذ) تھانہ پولیس کی چوکی ؛

پون (ہ۔ص) تین چوتھائی۔ جمع جب ایک میں چوتھائی کی

آتی ہو تو پون کہتے ہیں۔ زیادہ
کے لئے پونے بولتے ہیں۔
جیسے پون سیر۔ پونے تین
آنے۔

پون چکی (ہ۔مث) ہوا کی طاقت
سے چلنے والی چکی۔

پَوَن (ہ۔مث) متروک، ہوا۔

پَونا (ہ۔مذ) تین چوتھائی کا پہاڑا
(ہ۔ص) تین چوتھائی۔ اس
معنی میں مستعمل ہے۔ دیکھو
"پون"

پَونچا (ہ۔مذ) ساڑھے پانچ کا پہاڑا

پوائنٹ (Point) (انگ
مذ) نقطہ۔ والی بال یا ٹینس
میں ایک ہاتھ کی جیت

پوائنٹر (Pointer) (انگ۔مذ)
اشارہ کرنے والا۔ وہ لکڑی
جس کے ساتھ نقشے پر لکھے
ہوئے شہروں وغیرہ کی
جانب کی طرح اشارہ کیا
جاتا ہے۔

پونجی (ہ۔مث) مال و دولت
سرمایہ۔ حقیقت۔ بساط

پونچھنا (ف) صاف کرنا۔ جھاڑنا۔

پونڈ (Pound) پاؤنڈ
(انگ۔مذ) اشرفی۔ آدھ سیر
کے قریب وزن

پونڈا (ہ۔مذ) ایک قسم کا موٹا گنا۔

پویہ (ف۔مذ) دوڑنا گھوڑے کی
ایک چال۔

پ۔ ہ

پہ لکھنؤ میں بفتح اول اور دہلی میں
یکساں (ا)۔ ہ۔ حرف پر بمعنی
اوپر کا مخفف جیسے کوٹھے پہ
چڑھ جاؤ لیکن (لیکن کے
معنوں میں نثر میں استعمال
نہیں ہوتا)

پھاٹک (ہ۔مذ) بڑا دروازہ
کانجی ہاؤس۔

پہاڑ (ہ۔مذ) پربت کوہ کنایۃً
اول طویل مشکل۔ دشوار

پہاڑ ٹوٹنا یا ٹوٹ پڑنا (ہ) ناگہانی آفت پڑ جانا ۔

پہاڑ سے ٹکر لینا (ہ) زبردست سے مقابلہ کرنا ۔

پہاڑ سی رات (ہ ۔ مث) بہت لمبی رات ۔ مصیبت کی رات ۔

پہاڑ کاٹنا (ہ) مشکل کام کرنا ۔ مشقت کا کام کرنا ۔ فرہاد کے قصے سے لیا ہے ۔

پہاڑ ہونا (ہ) بہت مشکل ہونا ۔

پھ ۔ ا

پھاڑ کھانا (ہ) کاٹ کھانا (مجاز) کھا کے غصے سے بات چیت کرنا ۔ درندے کا کسی کو چیر کر کھا جانا

پھاڑ کھانے کو دوڑنا (ہ) جھنجھلاہٹ ۔ سخت طیش میں آنا ۔

پہاڑی (ہ ۔ مث) پہاڑ کا رہنے والا ۔ چھوٹا پہاڑ ۔ ایک راگنی کا نام ہے

پھاگ (ہ ۔ مذ) ہولی ۔ ہولی کے کھیل تماشے ۔ گلال (مجاز) عیش و عشرت کا سامان ۔

پھاگ کھیلنا (ہ) ہولی کھیلنا خوشیاں منانا ۔ گلچھرے اڑانا ۔

پھاگن (ہ ۔ مذ) فصلی چھوٹا مہینہ جو گرمی کی ابتدا کا زمانہ ہے ۔

پھال (ہ ۔ مث) لوہے کا نوکدار ٹکڑا جو ہل میں لگاتے ہیں ۔ پھالوں کا ٹکڑا ۔

پھاند (ہ ۔ مث) پھندہ ۔ چھلانگ کلانچ ۔

پھاندنا (ہ) کودنا ۔ کسی جگہ کے اوپر سے اچک جانا جیسے دیوار پھاندنا مفعول کے ساتھ علامات مفعول نہیں لگاتے ۔

پھانس (ہ ۔ مث) لکڑی کا ریشہ تنکا (مجاز) باطنی ایذا ۔

پھانسنا (ہ) گرفتار کرنا ۔ گھیرنا ۔ پھندے میں لانا ۔ وار کرنا ۔

پھانسی (ہ ۔ مث) موت کی سزا پھندے کے ذریعہ دی جاتی ہے ۔

پھانسی لگنا (۱) سزائے موت پانا ؛
پھانک (ہ۔ مث) قاش۔ نارنگی
سیو وغیرہ کا ؛
پھانکنا (ہ) کسی سفوف کو ہتھیلی پر
رکھ کر ایک دم منہ میں ڈال
لینا ؛
پھاوڑا (ہ۔ مذ) مٹی صاف کرنے اور
گڑھا کھودنے کا آلہ بیلچہ ؛
**پھاوڑے کے نام گل صفا
نہیں جانتا** (۱) گل صفا۔ مٹی صاف
کرنے والا جانتا ہے۔ بے سمجھ
ہے۔ نادان ہے۔ کودن
ہے ؛
پھاہا (ہ۔ مذ) گول کترا ہوا کپڑے کا
ٹکڑا جس پر مرہم لگا کر زخم پر
لگاتے ہیں (چڑھانا۔ چڑھنا۔
رکھنا۔ لگانا۔ لگنا۔ چھوٹنا
چھڑانا وغیرہ) ؛

پھ ۔ ب

پھبتی (ہ۔ مث) چوٹ۔ پھبنے والی
بات۔ موزوں بات۔ کسی چیز کو
کسی سے ظرافتاً تشبیہ دینا ؛
پھبتی اڑانا یا کہنا (ہ) ظریفانہ
تشبیہ دینا۔ پھبتی اڑانا ؛
پھبن (ہ۔ مث، سنسکرت) سجاوٹ
زیبائش۔ تناسب۔ ادا ؛
پھبنا (ہ) موزوں ہونا۔ زیب دینا
مناسب معلوم ہونا ؛

پھ ۔ پ ۔ ٹ

پھپولا یا پھپھولا (ہ۔ مذ) چھالا
آبلہ (ابھرنا۔ اٹھنا۔ پڑنا
بیٹھ جانا) ؛
پھپھولے پھوڑنا۔ چھالے توڑنا
دل کا غبار نکالنا۔ غصہ
نکالنا ؛
پھٹکانہ کھانا (ہ) فوراً مرجانا ؛
پھٹکار (ہ۔ مث) لعنت۔ ملامت ؛
پھٹکار (ہ۔ مث) کوڑے کی آواز
پتھر پر کپڑے دھونے کی آواز
جھڑکی۔

پھٹکری (ہ۔مث) ایک سفید رنگ کی دوا کا نام ہے جس کے پھائے آنکھوں پر رکھتے ہیں ۔

پھٹنا (ہ) چاک ہونا۔ ٹکڑے ہونا نکلنا ۔

پہچان (ہ) واقفیت۔ تمیز۔ سمجھ ۔

پھ - و

پھدکنا (ہ) اچھلنا۔ کودنا۔ خوش ہونا

پھڑپھڑ (ہ۔مث) پرندے کی اڑنے کی آواز ۔

پھُرّے اڑجانا (ہ) جھٹ اڑجانا۔ فوراً اڑجانا ۔

پھر (ہ) اس کے بعد دوبارہ ۔

پہر (ہ۔مذ) تین گھنٹے کا وقفہ۔

پہر رات آنا یا جانا (ہ) رات کا ایک پہر گزرجانا ۔

پہرا (ہ۔مذ) فارسی میں پہرہ نگہبانی، چوکی حفاظت۔ سنتری۔ دربان سپاہیوں کا گشت ۔

پہرا بٹھانا (ہ) نگرانی۔ حفاظت کے واسطے آدمی مقرر کرنا ۔

پہرا دینا (ہ) رکھوالی کرنا۔ نگرانی کرنا۔ مجازاً جاگنا۔ پہرہ لگنا ۔

پھُرتی (ہ۔مث) چالاکی۔ تیزی ۔

پھُرتیلا (ہ۔مذ) چست۔ چالاک ۔

پھر جانا۔ لوٹنا۔ گرجانا۔ قائم نہ رہنا

پھرکی (ہ۔مث) پھیرنے والی چیز سینے کی مشین کا ایک پرزہ جس پر تاگا لپٹا یا جاتا ہے ۔

پہرے دار (ہ۔مذ) محافظ۔ چوکیدار

پھریرا یا پھُریرا (ہ۔مذ) جھنڈا۔ جھنڈے کا کپڑا ۔

پھریری (ہ۔مث) پھرجھری۔ کپکپی ۔ خفیف لرزہ۔ عطر کا پھویا۔ کنایتہً امنگ جوش ۔

پھُریری چھوٹنا (ہ) پھریری آنا ۔

پھریری لینا (۱) کانپنا۔ (۲) پرندے کا پر جھاڑنا (۳) پھڑپھڑانا کتے کا جھٹ بیٹھنا و کنایتہً چوکنا ہونا

ڑ

پھ ۔ ڑ

پھڑپھڑانا (ہ) پر مارنا۔ پھڑکنا
پھڑک (ہ۔ مث) بیقراری۔ تڑپ
پھڑکانا (ہ) تڑپانا۔ بیقرار کرنا۔
پھڑک جانا (ہ) تڑپ جانا۔ فریفتہ ہونا۔ بہت خوش ہونا ؛

پھ ۔ س

پھسپھسا (ہ۔ ص۔ مذ) ۔ نرم۔ بودا۔ کمزور۔ صحت کی ضد
پھسڈی (ہ۔ ص) ہارا ہوا۔ پیچھے رہ جانے والا ؛
پھسلانا (ہ) دھوکا دیکر خوش کرنا۔ بہکانا۔ بچے کی ناز برداری کرنا۔ ترغیب دینا ؛
پھسلنا (ہ) رپٹنا۔ لغزش ہونا۔ چوکنا۔ پھسلنا (ہ۔ ص) چکنا ایسی چیز جس پر سے پھسل جائیں ؛

پھ ۔ ک ۔ ل

پھک سے (ہ) دفعتاً۔ یکبارگی
پھکڑ (ہ) دہلی میں مذکر لکھنؤ میں مونث گالی گلوج۔ ناشائستہ گفتگو ؛
پھکڑباز (ا۔ مذ) گندی باتیں کرنے والا فحش گو ؛
پھکنا (ہ) پھونکنا سے فعل لازم
پھکنی (ہ۔ مث) آگ دھونکنے کا آلہ کالکنا۔ دھونکنی ؛
پہل (ہ۔ مث) اول۔ شروع (کرنا اور ہونا) ؛
پھل (ہ۔ مذ) میوہ۔ ثمر۔ نتیجہ۔ اجر۔
پھل پانا (ہ) صلہ پانا۔ بدلہ ملنا ؛
پھلدار (ا۔ مذ) پھل والا۔ بامراد ؛
پھلا پھولا (ہ۔ ص۔ مذ) آل اولاد والا بارونق۔ سرسبز۔ شاداب
پھلانا (ہ) لوٹا کرنا۔ معذور کرنا ؛
پھلجھڑی (ہ۔ مث) ایک قسم کی آتشبازی ؛
پھلکا (ہ) ہلکی سی روٹی۔ ہلکا کم وزن ؛
پھلکاری (ہ۔ مث) بیل بوٹے والا

کرانا ۂ

پھلنا (ہ) پھل لگنا. نفع ملنا. خوش
نصیب ہونا۔

پہلو (ف۔ مذ) کروٹ. طرف. رخ

پہلو بچانا (ہ) کنارہ کرنا. دور رہنا

پہلو تہی کرنا (ہ) الگ ہو جانا. چشم
پوشی کرنا ۂ

پہلو نکالنا (ہ) تدبیر نکالنا. صورت
نکالنا ۂ

پہلوان (ف۔ مذ) کشتی لڑنے والا
بہادر. دلاور ۂ

پہلوانی (ف۔ مث) کشتی. قوت
ورزش

پہلی (ہ۔ ص) شروع کی. ابتدائی

پہلے پہل (ہ) اول. اول۔ شروع
شروع ۂ

پھلیل (ہ) خوشبودار تیل ۂ

پھ۔ ن

پھن (ہ۔ مذ) سانپ کا پھیلا
ہوا سر ۂ

پہنا (ف۔ ص) چوڑا. فراخ ۂ

پہنائی (ف۔ مث) چوڑائی. فراخی
وسعت ۂ

پہننا (ہ) کپڑے بدن پر اوڑھنا
آراستگی ۂ

پہناوا (ہ۔ مذ) پوشاک. لباس

پہنچ (ہ۔ مث) رسید. رسائی. دسترس

پہنچانا (ہ) ساتھ لیکر جانا کسی چیز کو دوسری جگہ
داخل کرنا ۂ

پہنچا ہوا (ہ) کامل. خدا رسیدہ ۂ

پہنچی (ہ۔ مث) کلائی پر پہننے کا زیور ۂ

پھند (ہ۔ مذ) جھوٹ. فریب ۂ

پھندا (ہ۔ مذ) جال. کمند. داؤ ۂ

پھندنا (ہ۔ مذ) دھاگے یا ریشم کا پھول
جو ٹوپی پر لگاتے ہیں ۂ

پھندے میں پڑنا (ہ) جال میں گرفتار ہونا

پھنسانا (ہ) الجھانا. جال میں پکڑنا.
فریب میں لانا ۂ

پھنسنا گرفتار ہونا. قابو میں
آنا ۂ

پھنسی (ہ۔ مث) چھوٹا سا پھوڑا ۂ

پھنکار (ہ۔ مث) سانپ کے دم لینے کی آواز۔ دم۔ پھونک

پھنگی (ہ۔ مث) ناک کی نوک۔ شاخ کا سرا۔

پھننگ (ہ۔ مث) درخت کی چوٹی۔ کوڑے کا سرا۔

پھ - و

پھوار (ہ۔ مث) پھوہار زیادہ فصیح ہے۔ مینہ مہین باریک بوندیں۔ (اڑنا۔ اڑانا۔ پڑنا۔ چھوڑنا)

پھوٹ (ہ) بگاڑ۔ نااتفاقی اختلاف۔

پھوٹ پھوٹ کے رونا (ہ) زار زار رونا۔ خوب رونا

پھوٹ پڑنا (ہ) نفاق ہونا ان بن ہونا۔ جدائی ہونا مخالف ہونا۔

پھوٹ ڈالنا (ہ) دشمنی کرانا جدائی کرانا۔

پھوٹ نکلنا (ہ) بہ نکلنا۔ راز کھلنا

پھوٹنا (ہ) ٹوٹنا۔ ظاہر ہونا۔ بہنا۔

پھوٹی (ہ۔ مث) ٹوٹی ہوئی۔

پھوڑا (ہ۔ مذ) بڑی پھنسی۔

پھوڑنا (ہ) توڑنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا ظاہر کرنا۔

پھوس (ہ۔ مذ) گھاس جس کا چھپر بناتے ہیں۔

پھوک (ہ۔ مذ) ثفل۔ فضلہ جیسے گلوری یا گنڈیری کا پھوک

پھول (ہ۔ مذ) گل۔ جلے مردے کی ہڈیاں۔

پھول چڑھانا (ہ۔ مذ) قبر یا مزار پر پھول چڑھانا۔

پھول چننا (ہ) گل چینی کرنا۔ پھول توڑنا۔ مرگھٹ سے مردے کی ہڈیاں چننا۔

پھول سا (ہ۔ مث) پھول کی مانند بہت ہلکا۔ خوشرو

پھول کترنا (ہ) چراغ کا گل کرنا کنایۃً انوکھا کام کرنا۔ کاغذ

کے پھول کا لٹنا۔

پھول کی جگہ پنکھڑی (مثل) اس جگہ بولتے ہیں جب کوئی کسی امر کے زیادہ کرنے کے مقام پر کمی کی جائے۔

پھول کے دن (۔) حیض کا زمانہ

پھول لانا پھول پیدا ہونا۔ پھول ہونا۔ موسم کا خاتمہ ہونا بہت ہلکا ہونا۔

پھولا نہ سمانا (دہلی) پھولے نہ سمانا (لکھنؤ) مارے خوشی کے آپے میں نہ رہنا۔ نہایت خوش ہونا۔

پھول جانا (۔) سوجنا۔ موٹا ہو جانا غرور کرنا

پھولنا (۔) پھول کا کھلنا۔ ابھرنا۔ مغرور ہونا کنایۃً خوشحال ہونا

پھولنا پھلنا (۔) سرسبز ہونا۔ آباد ہونا کنایۃً خوشحال ہونا۔

پھولوں کی سیج (۔ مث) پھولوں کا بچھونا۔ نرم سیج۔ آرام کا بستر۔

پھونک (۔ مث) سانس۔ وہ ہوا جو منہ کے ذریعے زور سے نکالیں۔

پھونک پھونک کر قدم (دہلی) **رکھنا** (ل) احتیاط سے آہستہ آہستہ چلنا۔ ڈر ڈر کر کام کرنا۔

پھونک مارنا (۔) ہوا دینا۔ کھانا جلانا۔

پھونکنا (۔) جلانا۔ آگ جلانا۔ برباد کرنا۔

پھوہا (۔) روئی کا پھیلا جس کو دودھ میں تر کر کے شیر خوار بچے کے منہ میں رکھتے ہیں تاکہ وہ چوسے۔ روئی کا ٹکڑا جسے عطر لگا کر کان میں رکھتے ہیں لکھنؤ میں پھویا بولتے ہیں۔

پھوہار (۔ مث) ہلکا مینہ۔ ننھی ننھی بوندیں۔

پھوہڑ (۔ مس) بے سلیقہ۔ بیوقوف

پھویا دیکھو "پھوہا"

پھ ۔ ی

پھیپھڑا (مذ) جسم کے ایک ضروری عضو کا نام ہے جس کے ذریعے سانس لیتے ہیں۔ شُش ۔

پھیر (ہ ۔ مذ) چکر۔ پیچ ۔

پھیر میں آنا (ہ) چکر میں آنا۔ گردش میں آنا۔ نقصان ہونا ۔

پھیرا (ہ ۔ مذ) دورہ۔ پھرانا۔ حلقہ جوتا ناپنے کا پیما ۔

پھیرنا (ہ) چکر دینا۔ واپس کر دینا لوٹانا ۔

پھیری (ہ ۔ مث) چکر۔ فقیر کا آنا جانا خوردہ فروش کا گشت ۔

پھیری والا (ہ ۔ مذ) گلی کوچے میں پھیر کر بیچنے والا ۔

پھیرے ڈالنا (ہ) دولہا دلہن کو ہوم کے گرد پھرانا ۔

پھیکا (ہ ۔ ص) بدمزہ ۔ بے نمک کم مٹھاس ۔ ہلکا مدھم ۔ بے رونق

پھیکا پڑنا (ہ) رنگ کم ہونا شرمندہ ہونا ۔

پھیلاؤ (ہ ۔ مذ) دراز ۔ چوڑائی کشادگی ۔ حساب کی جانچ پڑتال ۔

پھیلنا (ہ) مشہور ہونا ۔ زیادہ ہونا وسیع ہونا ۔

پھیلی (ہ ۔ مث) چیستاں ۔

پھینٹا (ہ ۔ مذ) سوت یا ریشم کی لچھی ۔

پھینک دینا (ہ) ڈال دینا ضائع کر دینا ۔

پھینکنا (ہ) ڈالنا ۔ گرانا ۔ دے مارنا ضائع کرنا ۔

پ ۔ ی

پے (ف) قدم ۔ نشان ۔ واسطے ۔ برائے

پی (ہ ۔ مذ) پیارا ۔ خاوند ۔

پی (ف ۔ مث) چربی ۔

پی کہاں (ہ) پپیہے کی آواز

پیا (ہ ۔ مذ) شوہر خاوند ۔

پیادہ (ف۔مذ) پا۔ قدم (پاؤں۔ آدمی کی نسبت) پیدل۔ شطرنج کا ایک مہرہ۔ چپراسی ۔

پیار (ہ۔مذ) محبت۔ لاڈ ۔

پیار نکالنا (ہ) ارمان نکالنا

پیارا (ہ۔مذ) دوست۔ عزیز۔ خوبصورت ۔

پیار کرنا (ہ) اظہار محبت کرنا۔ ہاتھ و منہ چومنا وغیرہ ۔

پیاری پیاری باتیں کرنا میٹھی میٹھی باتیں۔ بھولی بھالی باتیں ۔

پیازی (ہ۔ص) شربتی۔ ہلکا گلابی رنگ ۔

پیاس (ہ۔مث) پانی پینے کی خواہش (کنایۃً) تمنا

پیاس بجھانا (ہ) پانی پینا۔ خواہش پوری کرنا ۔

پیالہ (ف۔مذ) مٹی کا کٹورا۔ کاسہ جام ۔

پیام (ف۔مذ) پیغام فارسی۔ قدیم نیگامہ، ہندی دکھنی لیوے) نگامہ (دہ جانا) سن برتی (لیوے) امکہ رہ جا مذ) پیغام۔ سندیسا۔

پیامبر (ف۔مذ) قاصد۔ ایلچی۔ سفیر ۔

پیامبری (ف۔مث) پیام پہنچانے کی خدمت۔ سفارت ۔

پیانو (ہ۔ م۔ ز (ص) (انگ۔مذ) ایک قسم کا انگریزی باجہ جو ہارمونیم کی طرح بجایا جاتا ہے ۔

پیاؤ (ہ۔مذ) سبیل۔ پانی پلانے کی جگہ ۔

پیپ (مث۔مذ) ریم۔ گندہ مادہ جو زخم سے نکلتا ہے ۔

پیپ کلیجے میں ڈالنا (ہ) بہت رنج دینا ۔

پیپر ویٹ Paper Weight (انگ۔مذ) شیشے یا لوہے کا وزن جو کاغذوں پر رکھا جاتا ہے تاکہ ہوا سے اڑ نہ جائیں ۔

پیت (ہ۔مث) محبت۔ پیار ۔

پیترا (ہ۔مذ) کشتی یا پٹے کا داؤ کرتے وقت کھڑے ہونے کا خاص طریقہ۔

پیترا بدلنا (ف) کشتی یا پٹے کے وقت قاعدے کے مطابق پاؤں آگے پیچھے رکھنا۔

پیتم (ہ۔مذ) دوست، محبوب (مجازاً) خدا

پیٹ (ہ۔مذ) شکم، معدہ (کنایۃً) حمل۔ دائرے کا اندرونی حصہ

پیٹ بھرنا (ف) روکھا سوکھا کھا کے دن کاٹنا، شکم سیر کر دینا، سیر ہونا، اکتانا، طبیعت بھرنا۔

پیٹ بھرے کی باتیں یا گن غرور کی باتیں، تکبر کی باتیں۔

پیٹ میں پانی ہونا (ف) دست آنا، بہت گھبرانا۔

پیٹ پر پتھر باندھنا (ف) فاقے کی اذیت برداشت کرنا۔

پیٹ پکار رہا ہے (ف) زور کی بھوک لگ رہی ہے۔

پیٹ پکڑنا (ف) پریشانی اور اضطراب ظاہر کرنا۔

پیٹ چلنا (ف) دست آنا۔

پیٹ سے ہونا (ف) حاملہ ہونا

پیٹ کا لونا (ہ۔ص) فاقوں کا مارا، نان شبینہ کا محتاج۔

پیٹ میں آنت نہ منہ میں دانت (مقولہ) بڑھا کھوسٹ، بہت ہی بڈھا، سن رسیدہ جس کے پیٹ میں آنت کھانا ہضم کرنے کو اور منہ میں دانت کھانا چبانے کو نہیں ہیں۔

پیٹ میں پاؤں ہونا۔ نہایت مکار ہونا، یہ محاورہ سانپ سے لیا گیا ہے۔

پیٹ میں پڑا چارہ تو کودنے لگا بچارہ (مثل) دولتمندی کی وجہ سے پچھلی حالت کو بھولنے کی نسبت بولتے ہیں۔ مدد ملی تو شرارت سوجھی۔

پیٹ میں گھوڑے دوڑنا۔ پیٹ

میں گڑ۔

میں گڑبڑ ہونا. با قرار قرعہ نا

پیٹ کاٹنا (ہ) کم کھا کر گزارا کرنا. بھوکا رکھنا ۔

پیٹ کا ہلکا (ہ) وہ آدمی جو بات نہ چھپا سکے. کم ظرف ۔

پیٹ پالنا (ہ) مشکل سے کما کر کھانا ۔

پیٹ کا دھندا (ہ. مذ) روٹی کی فکر. محنت. مزدوری ۔

پیٹ میں چوہے دوڑنا (ہ) بہت گھبراہٹ ہونا. بھوک سے بے قرار ہونا ۔

پیٹرن (Patron) (انگ. مذ) سرپرست. مربی. حامی ۔

پیٹنا (ہ) مارنا. برا چاہنا. بجانا

پیٹنٹ (Patent) (انگ. مذ) رجسٹری شدہ ایجاد. سند

پیٹو (ہ. صف) بہت کھانے والا

پیٹھ (ہ. مث) پشت. سہارا. پیچھے

پیٹھ پھیرنا (ہ) پیٹھ موڑنا. لڑائی سے بھاگنا.

پیٹھ ٹھونکنا (ہ) شاباش دینا. حوصلہ بڑھانا ۔

پیٹھ دکھانا (ہ) منہ موڑنا. لڑائی سے بھاگ جانا ۔

پیٹھ لگنا (ہ) کشتی میں پچھڑ کر پڑے پڑے سے پیٹھ لگنا ۔

پیٹی (ہ. مث) پٹکا. کمر بند. روپیہ رکھنے کا صندوقچہ

پیج (Page) (انگ. مذ) صفحہ ۔

پیچ (ف. مذ) بل. لپیٹ. چوڑی دار کیل. مروڑ. داؤ. دھوکہ فریب. پھندا ۔

پیچ پڑنا (ہ) سخت مشکل پیش آنا ۔

پیچدار (ف. ص) مشکل. بلدار

پیچ کھانا (ہ) بل کھانا. اندر ہی اندر غصہ کھانا ۔

پیچ لڑانا (ہ) داؤ کرنا ۔

پیچ میں آنا (ہ) پھندے میں آنا ۔

پیچ وتاب (ف) رنج و غصہ بے چینی ۔

پیچش (ف ۔ مث) درد کے ساتھ آنوں کا آنا ۔

پیچوان (ف ۔ مذ) ایک قسم کا حقہ جس کی نے لمبی ہوتی ہے اور جسے پیچ در پیچ کر کے رکھتے ہیں ۔

پیچھا (ہ ۔ مذ) پچھلا حصہ ۔ پیروی ۔ تعاقب ۔

پیچھا کرنا (ہ) دق کرنا ۔ درپے ہونا ۔ تعاقب کرنا ۔ ستانا ۔

پیچھا چھڑانا (ہ) جان بچانا ۔ چھٹکارا پانا ۔

پیچیدگی (ف ۔ مث) الجھاؤ ۔ مشکل

پیچھے پڑنا (ہ) تنگ کرنا ۔ دشمنی کرنا ۔

پیچیدہ (ف ۔ ص) الجھا ہوا ۔ مشکل ۔

پیخال (ف ۔ مث) پرندے کا فضلہ ۔ بیٹ ۔

پیدا (ف ۔ ص) ظاہر ۔ روشن ۔ جنا ہوا

پیداوار (ف) دہلی میں مذکر لکھنؤ میں مونث) جو کھیت میں اگے ۔ فصل ۔ آمدنی ۔

پیدائش (ف ۔ مث) پیدا ہونا ۔ خلقت ۔

پیدائشی (ف ۔ ص) اصلی ۔ جنم کا

پے در پے (ف) لگاتار ۔ یکے بعد دیگرے ۔

پیدل (ف ۔ ص) پا پیادہ ۔ پیادوں کی سپاہ ۔ شطرنج کا ادنیٰ درجہ کا مہرہ ۔ وہ شخص جو سوار نہ ہو

پیڈ (Paid) (انگ ۔ مذ) جس کا محصول ادا کر دیا گیا ہو ادا کیا ہوا ۔ تنخواہ دار ۔

پیڈ (Pad) (انگ ۔ مذ) جاذب کاغذ کی گڈیاں ۔ خط وغیرہ لکھنے کے کاغذوں کی کاپی ۔ جس کے پیچھے پر صرف سریش لگی ہوتی ہے اور ہر ایک کاغذ جھٹکا دینے سے آسانی الگ ہو جاتا ہے

پَیر (ہ۔مذ) پاؤں۔ اب اس کی جگہ پاؤں زیادہ بولا جاتا ہے۔

پیر (ہ۔مذ) سوموار۔ دوشنبہ ؁

پیر (ف۔مذ) بوڑھا۔ مرشد۔ رہنما بزرگ ؁

پیرالل بار Parallel Bar (انگ۔مذ) ورزش کرنے کا ایک آلہ جسے متوازی بھی کہتے ہیں ؁

پیرانہ سال یا سر یا سری (ف۔مث) بڑھاپے کا زمانہ ایام پیری

پیر مُغاں (ف۔مذ) آتش پرستوں کا پیشوا۔ شراب بیچنے والا ساقی ؁

پَیراک (ہ۔ص) پانی میں پیرنے والا (پیراک صحیح ہے اور تیراک غلط)

پیراگراف (Paragraph) (انگ۔مذ) عبارت طویل مضمون کا وہ حصہ جس میں ایک ہی خیال کا اظہار ہو

پیراہن (ف۔مذ) پوشاک۔ لباس

پیراہن کاغذ (ف۔مذ) ایران میں دستور تھا کہ مظلوم کو کاغذ کا لباس پہنا کر بادشاہ کے حضور میں پیش کرتے تھے

پیرائی (ہ۔مث) پیرنے کا ڈھنگ۔ سکھانے کی اجرت

پیرایہ (ف۔مذ) زیور۔ زینت لباس۔ طرز۔ طریقہ ؁

پیرنا (ہ۔) دبا مذار کا پانی میں شناوری کرنا ؁

پَیرو (ف) پیچھے چلنے والا۔ مرید

پیرو (۲) اصل میں پیلو (ف) مرغ ایک قسم کے خانگی مرغ کا نام ہے جو حبش سے روم میں اور وہاں سے یورپ پہنچا ؁

پیروی (ف۔مث) پیچھے چلنا تابعداری

پیروی کرنا (۲) کسی کے پیچھے

چلنا۔ فرمانبرداری کرنا ۔

پیرہن (ف) پیراہن کا مخفف لباس

پیری (ف۔ مذ) بڑھاپا۔ بزرگی۔ مرید بنانے کا پیشہ۔ ہدایت کا کام ۔

پیریدہ (مذ) درخت۔ پودا

پیزار (ف۔ مث) پاپوش۔ جوتا۔ پاؤں زار مقام۔ مقام۔ پاپوش۔ نقش کنایۃً بے پروائی ظاہر کرنے کو کہتے ہیں ۔

پیزار پر مارنا (ا) پرواہ نہ کرنا خاطر میں نہ لانا ۔

پیزار سے (ا) ہماری بلا سے کیا پروا ہے ۔

پیسہ (ہ۔ مذ) تانبے کا سکہ تین پائی کا روپیہ مال و دولت ۔

پیسہ اڑانا (ہ) روپیہ برباد کرنا

پیسٹل ڈرائنگ Pastel Drawing (انگ۔ مث) وہ تصویریں جو رنگ کی پنسلوں سے بنائے ہیں ۔

پیسٹری Pastry (انگ۔ مث) انگریزی مٹھائی

پیسنا (ہ) رگڑنا۔ سفوف کرنا۔ تباہ کرنا

پیسنجر Passenger (انگ۔ مذ) مسافر ۔

پیسنجر ٹرین Passenger Train (انگ۔ مث) وہ گاڑی خاص کر مسافروں کے آنے جانے کے لئے ہو ۔

پیش (ف) سامنے۔ آگے۔ آئندہ (مث) ضمہ کی علامت ۔

پیش (ہ۔ مذ) انگرکھے کی آگے کی کلی تسبیح کے دانوں کا امام

پیش آنا (ا) آگے آنا۔ سلوک کرنا

پیش بندی (ف۔ مث) کسی بات کے متعلق پہلے سے سوچ رکھنا ۔

پیش بینی (ف۔ مث) دوراندیشی

پیش پا افتادہ (ف۔ ص) بہت ہی سہل ۔

پیش جانا (و) قابو چلنا۔ کارگر ہونا ؛

پیش چلنا (و) سبقت لے جانا۔ قابو چلنا ؛

پیش خدمت (ف۔ مث) امیر عورتوں کی خدمت کرنیوالی عورت۔

پیش خیمہ (ف۔ مذ) وہ خیمہ جو اُمرا کے سفر میں آگے آگے چلتا ہے۔ تاکہ منزل پر پہنچکر خیمے کا انتظار نہ کرنا پڑے۔ (۲) کسی کام کے ظہور کا سامان (۳) ہرکارہ۔ پیادہ (اہم) ہراول مقدمۃ الجیش ؛

پیش دستی کرنا (ف) پہل کرنا ؛

پیش رَو (ف۔ مذ) آگے آگے چلنے والا۔ پیرو۔ رہنما ؛

پیش قبض (ف) لکھنؤ میں مؤنث (دہلی میں مذکر) خنجر۔ کٹار ؛

پیش قدمی (ف۔ مث) جرأت کرنا۔ پہل کرنا ؛

پیشاب (ف۔ مذ) بول۔ مُوت ؛

پیشاب بھی نہ کرنا (مجاز) بہت حقیر سمجھنا۔ نفرت کرنا (کسی چیز پر) ؛

پیشاب خطا ہونا (و) ڈر کے مارے مُوت نکل جانا ؛

پیشاب کرنا (۱) مُوتنا (۲) بے حقیقت سمجھنا ؛

پیشاب نہ کرنا۔ بہت حقیر سمجھنا۔ خاطر میں نہ لانا ؛

پیشانی (ف۔ مث) ماتھا۔ قسمت۔ سرنامہ ؛

پیشتر (ف) بہت پہلے۔ پہلے ؛

پیشکار (ف۔ مذ) سلکوان۔ مددگار۔

پیشکش (ف۔ مث) تحفہ۔ نذر ؛

پیشگاہ (ف۔ مث) سامنے۔ دربار۔ حاکم ؛

پیشگی (ف۔ مث) سائی۔ بیعانہ۔

پیشوا (ف۔ مذ) رہنما۔ امام ؛

پیشوائی (ف۔ مث) لینے جانا۔ استقبال رہبری ؛

پیشہ (ف۔ مذ) ہُنر۔ کام۔ فن۔

پیشہ ور۔ (ف۔مذ) کسی قسم کا کام کرنے والا ÷

پیشی (ف۔مث) حضوری۔ تاریخ مقدمہ ÷

پیشن گوئی (ف۔مث) کسی بات یا واقعے کے متعلق پہلے ہی سے کہہ دینا ÷

پیغام (ف۔مذ) سندیسا۔ پیام ÷

پیغامبر یا پیغمبر (ف۔مذ) قاصد۔ نبی ÷

پیغمبری (ف۔مث) نبوت۔ خدا کا پیغام پہنچانا ÷

پیغمبری وقت پڑنا (د) سخت مصیبت پڑنا ÷

پیک (ہ۔مث) چباتے ہوئے پان کا رنگین تھوک (تھوکنا۔ ڈالنا) ÷

پیک (ف۔مذ) پے قدم ایک نسبت قاصد۔ ہرکارہ ÷

پیکار (ف۔مذ) لڑائی۔ جنگ ÷

پیکان (ف۔مذ) بھال بیریاں۔ برچھی کی انی۔ نیزے کی نوک ÷

پیکٹ (PACKET) (انگ۔مذ) کسی چیز کا چھوٹا سا بنڈل۔ گڈی ÷

پیکدان (ف۔مذ) اُگالدان۔ تھوکنے کا برتن ÷

پیکر (ف۔مذ)۔ جسم۔ صورت ÷

پیکر (PACKER) (انگ۔مذ) کاغذات بند کرنے والا۔ شہر کے لیٹر بکسوں سے جمع کی ہوئی چٹھیاں بنڈلوں میں بند کرنے والا ÷

پیل (ف۔مذ) ہاتھی۔ شطرنج کے ایک مہرے کا نام ہے۔ جسے اردو میں پیلا بھی کہتے ہیں ÷

پیلبان (ف۔مذ) مہاوت۔ ہاتھی کو ہانکنے والا ÷

پیلپایہ (ف۔مذ) پتھر یا اینٹوں کا ستون۔ تھم ÷

پیل پیکر (ف۔ص) بہت مضبوط۔ لمبا چوڑا جسم رکھنے والا ÷

پیلتن (ف۔ص) بہت مضبوط

جسم والا پہلوان۔ ایران کے مشہور پہلوان رستم کا لقب ÷

پیلو (ہ۔مث) جال کے درخت کا میوہ ہے۔ ایک درخت جس کی جڑ اور شاخوں کی مسواک بناتے ہیں۔ ایک راگنی کا نام ہے (ذ) فیلمرغ ÷

پیمان (ف (پے۔ پیچھے۔ مثال۔ حرف تشبیہ یا نسبت) مذ) عہد۔ قسم۔ وعدہ ÷

پیمانہ (ف۔مذ) جام شراب۔ سیال چیز ناپنے کا پیمانہ ÷

پیمائش (ف۔مث) ناپ۔ خاصکر زمین کا۔ مساحت ÷

پیمائش ذہنی (ف) ذہانت ناپنا۔ علم نفسیات کے وہ طریقے جن کے مطابق انسانی عقل و فہم کی پیمائش کرتے ہیں ÷

پینڈا (ہ۔مذ) برتن کا نچلا حصّہ تلا ÷

پینسٹھ (ہ) ۶۵ پانچ اوپر ساٹھ۔

پینک (ہ۔مث) افیون یا پوست کے نشے کی غنودگی ÷

پینگ (ہ۔مث) جھولا ÷

پینگ بڑھانا (ہ) جھولے کا لمبا جھونکا لینا (کنایۃً) زیادہ میل جول کرنا بے تکلفی بڑھانا ÷

پینگ چڑھانا (ہ) پینگ لینا۔

پینی (PENNY) (انگ۔مث) ولائتی سکہ ہے۔ جو ایک آنے کے برابر ہوتا ہے ÷

پیوست کرنا (چپکانا۔ جوڑنا۔ ملانا ÷

پیوستہ (ف) ملا ہوا۔ جڑا ہوا۔ لگاتار ہمیشہ ÷

پیوسی (تلفظ پیوسی یا پے اُسی (ہ۔مث) گائے بھینس وغیرہ کا بیا ہنے سے تین دن رات کا گاڑھا لذیذ دودھ جو کھایا جاتا ہے ÷

پیوند (ف۔مذ) جوڑ۔ ٹکڑا۔ الفاظ

کی بندش ۔ میل ۔ مناسبت قلم
پیوندی (ف) پیوند لگا ہوا ۔ قلم لگا
ہوا ۔
پیوند لگانا (و) ایک درخت کی شاخ
کو دوسرے درخت سے
جوڑنا ۔ جوڑنا ۔
پییہ (ف ۔ مث) چربی ۔
پیہم (ف) متواتر ۔ لگاتار ۔
پیین (PEON) (انگ ۔ مذ)
ہرکارہ ۔ نوکر ۔

ت

(ت ۔ ا)

تا (ف) تک ۔ جب تک ۔
تا کجا بہ کجا (ف) کہاں تک ۔
تا بہ کے (ف) کب تک ۔
تا حال (ف) اب تک ۔ اس وقت
تک ۔
تا کہ (ف) اس لئے کہ ۔
تا وقتیکہ (ف ۔ تابع فعل) اس وقت
تک کہ ۔ جب تک ۔
تاہم (ف) تو بھی ۔ اس پر بھی ۔
تاب (ف ۔ مث) روشنی ۔ گرمی ۔ مجال ۔
طاقت ۔ صبر ۔
تاب نہ لانا ۔ (و) برداشت نہ
کر سکنا ۔ گھبرانا ۔
تاب و تواں (ف ۔ مث) طاقت ۔
حوصلہ ۔
تاباں (ف ۔ ص) چمکدار ۔ روشن ۔
تابڑ توڑ (ہ) متواتر ۔ اوپر تلے ۔
تابستاں (ف) گرمی ۔ موسم گرما ۔
تابش (ف) گرمی ۔ چمک ۔
تابع (ع ۔ ص) ماتحت ۔ فرمانبردار ۔
پیرو ۔ کوئی چھوٹا ستارہ جو کسی
بڑے ستارے کے گرد گھومتا

ہو۔ جیسے چاند۔ جو زمین کے گرد گھومتا ہے ؛

تابعدار (ف (فقلی معنی ہیں میلیع رکھنے والا۔ اس لحاظ سے مطیع کے معنوں میں اس کا استعمال غلط ہے) مذ) فرمانبردار رکھنے والا۔

تابعین (ع۔ مذ۔ ج) (واحد تابعی) وہ لوگ جنہوں نے کسی صحابی کی زیارت کی ہو ؛

تابندہ (ف۔ص) روشن چمکنے والا۔

تابوت (ف۔ مذ) مُردے کی لاش رکھنے کا سندوق۔ جنازہ ؛

تابہ (ف۔ مذ) روٹی پکانے کا توا ؛

تاپ (ہ۔ مث) حرارت۔ گرمی۔ بخار ؛

تاپنا (ہ) سینکنا۔ گرم کرنا ؛

تاثر (ع۔ مذ) اثر قبول کرنا۔ اثر رہنا ؛

تاثیر (ع۔ مث) اثر۔ خاصیّت۔ اثر کرنا ؛

تاج (ع۔ مذ) شاہی ٹوپی۔ کُمٹ۔ پرند کی کلغی ؛

تاج (ف۔ مث) دربارِ عالم میں تاج سر پر رکھنے کی رسم۔

تاجدار (ف۔ مذ) بادشاہ ؛

تاجور (ف۔ مذ) بادشاہ تاج والا۔

تاجر (ع۔ مذ) تجارت کرنے والا۔ بیوپاری (تجار جمع) ؛

تاخت (ف۔ مث) لوٹ مار ؛

تاخت و تاراج کرنا (و) تباہ کرنا۔ برباد کرنا ؛

تاخیر (ع۔ مث) دیر۔ ڈھیل ؛

تادیب (ع۔ مث) ادب سکھانا۔ تنبیہ کرنا ؛

تار (ف۔ مذ) تاگہ۔ ریشہ۔ کسی دھات کا لمبا ڈورا۔ قوام کا چیپ۔ خبر جو تار کے ذریعے آئے ؛

تار (ف۔ص) سیاہ اندھیرا ؛

تارِ برقی (ف۔ مث) بجلی کی طاقت سے تانبے کے تار کے ذریعے کوئی خبر پہنچانا۔ خبر پہنچانے کا آلہ ؛

تارپیڈو (و) (انگ۔ تار پیڈو۔ TARPEDO) (مذ) جہاز غرق کرنے کا آلہ جو آبدوز کشتی میں ہوتا

ہے ؛

تارپین (و۔ مذ) ایک تیل کا نام ہے جو اکثر روغن وغیرہ بنانے کے کام آتا ہے۔ اصل انگریزی لفظ ؛

تارتار کرنا (و) پھاڑنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا ؛

تارکول (TARCOAL) (انگ۔ مذ) رال۔ ڈملک ؛

تارگھر (و۔ مذ) تار برقی کا دفتر ؛

تارا (و۔ مذ) ستارا۔ نجم ؛

تارا سی آنکھیں ہو جانا (و) آنکھوں کا آشوب سے بالکل پاک و صاف ہو جانا ؛

تارِک (ع۔ مذ) ترک کرنے والا۔ چھوڑنے والا ؛

تارِکُ الدُّنیا (ع۔ مذ) وہ شخص جس نے دنیا کو چھوڑ دیا ہو۔ خلوت نشین۔ پرہیزگار ؛

تارِکُ الوطن (ع۔ مذ) وطن چھوڑ کر جانیوالا مسافر ؛

تارے توڑنا (و) چالاکی کرنا۔ ناممکن کام کر دکھانا ؛

تارے چھٹکنا (و) تاروں کا چمکنا۔ تاروں کے کثرت سے نکلے ہوئے ہونا ؛

تارے گننا (و) رات بھر جاگنا۔ بے قرار رہنا ؛

تاروں بھری رات (و۔ مث) وہ رات جس میں آسمان صاف اور تارے خوب چھٹکے ہوئے ہوں ؛

تاروں کی چھاؤں (و۔ مث) ستاروں کی روشنی۔ پچھلی رات۔ بہت سویرے ؛

تاریخ (ع۔ مث) مہینے کا کوئی دن۔ وہ علم جس میں کسی قوم کے گذشتہ حالات و واقعات پر بحث کی جاتی ہے ؛

تاریک (ف۔ ص) سیاہ۔ کالا۔ اندھیرا ؛

تاریکی (ف۔ مث) سیاہی۔ اندھیرا ؛

تاڑنا (ہ) سمجھ جانا۔ دھمکانا ؛

تازگی (ف۔مث) طراوت۔سرسبزی ؛

تازہ (ف۔ص) نیا۔سرسبز۔تند

تازہ دم (ف۔ص) بے تکان۔ چُست ؛

تازہ ولایت (ف۔ص) نووارد پردیسی۔ وہ شخص جو دوسرے کی زبان نہ سمجھے۔ سادہ لوح بے وقوف ؛

تازی (ف۔ص) عربی۔عربی گھوڑا۔ شکاری کتا (و۔ص) باسی کے خلاف ؛

تازیانہ (ف۔مذ) چابک۔ کوڑا ؛

تازیانہ ہونا (و) تنبیہ ہونا ؛

تاسّف (ع۔مذ) افسوس حسرت ؛

تاسیس (ع۔مث) اساس ڈالنا۔ بنیاد ڈالنا۔ بنیاد رکھنا ؛

تاش (ف۔مذ) مشہور کھیل ہے۔

تاشہ (و۔مذ) ایک قسم کی دھت کا نام ہے۔ جس کو گلے میں ڈال کر بجاتے ہیں ؛

تاک (ف۔مذ) انگور ؛

تاک (ہ۔مث) گھات۔نشانہ۔تاڑ ؛

تاک جھانک (ہ۔مث) نظر بازی گھور اگھاری۔ دیکھ بھال تلاش تجسس ؛

تاک رکھنا (ہ) نظر رکھنا خیال رکھنا ؛

تاک لگانا (ہ) نظر رکھنا تلاش میں رہنا ؛

تاک میں رہنا (ہ) تلاش میں رہنا۔ انتظار کرنا ؛

تاکنا (ہ) غور دیکھنا۔ تاڑنا ؛

تاکید (ع۔مث) بار بار کہنا۔ زور دینا۔ اصرار ؛

تاگا (ہ۔مذ) دھاگا۔سُوت کا تار۔

تال (ہ۔مث) راگ کی سُر (ہ۔مذ) تالاب ؛

تالا (ہ۔مذ) قفل ؛

تالاب (ہ۔مذ) (تال اور آب) حوض ؛

تالُو (ہ۔مذ) حلق ؛

تالُوسے زبان (و) لگ جانا۔ بولتے رہنا۔ خاموش نہ رہنا۔

تالی (س۔مث) کلید۔ کنجی۔ دونوں ہاتھ بجانے کی آواز ؛

تالی بجانا (ہ) ہاتھ پر ہاتھ مارنا۔ دستک دینا ؛

تالی بجنا (ہ) بدنامی ہونا ؛

تالیف (ع۔مث) جمع کرنا۔ مختلف کتابوں سے مضامین لیکر ترتیب دینا۔ درستی پیدا کرنا ؛

تالیفِ قلوب (ع۔مث) دلوں میں اُلفت ڈالنا۔ دلجوئی کرنا۔

تام جھام (ہ۔مذ) ہوادار ایک قسم کی پالکی ؛

تامِل (ہ۔مث) مدراس کے علاقے کی بولی ؛

تامُّل (ع۔مذ) سوچنا۔ غور کرنا۔ ڈھیل کرنا۔ دیر کرنا ؛

تاملوٹ یا تاملیٹ (ہ۔مذ) (یہ از تام لوٹا کا مخفف ہے) ٹین کا لوٹا۔ جس میں ٹونٹی نہیں ہوتی ٹین کا ڈونگا۔

تان اُڑانا (ہ) گانا۔ الاپنا ؛

تالی ایک ہاتھ سے نہیں بجتی (ہ) ضرب المثل۔ لڑائی یا محبت ایک طرف سے نہیں ہوتی ؛

تانا بانا کرنا (ہ) ایرا پھیری کرنا۔ بے فائدہ چکر لگانا ؛

تانبے کا چراغ (کنایۃً) پیسہ جو خدا کی راہ میں خرچ کیا جائے ؛

تانت (ہ۔مث) بھیڑ بکری وغیرہ کی وہ انتڑی جو بٹ کر چِلّہ کمان غلیل اور سارنگی وغیرہ میں لگاتے ہیں۔ ساز کا تار ؛

تانت باجی راگ پایا (ہ۔مثل) قرینے ہی سے معلوم ہو جاتا ہے ؛

تانتا (ہ۔مذ) سلسلہ۔ قطار (لگنا۔ لگانا۔ بندھنا) مجمع۔ گروہ۔ سواریاں ؛

تاننا (ہ) دھمکانا۔ تنبیہ کرنا۔ بھوکا رکھنا۔ بُرا کہنا ؛

تان سین (ہ۔مذ) ایک مشہور گویے

کا نام جو اکبر بادشاہ کے عہد میں ہوا ہے ؛

تانیث (ع۔ مث) مؤنث ہونا ہونا۔ (تذکیر کی ضد) ؛

تاؤ (ہ۔ مذ) گرمی۔ حرارت۔ غصّہ۔

تاؤ دینا (ہ) گرم کرنا۔ مونچھوں کو مروڑنا ؛

تاؤ آنا (ہ) گرم ہونا۔ غصّہ ہونا۔

تاوان (ف۔ مذ) جرمانہ۔ ڈنڈ۔ بدل ؛

تاویل (ع۔ مث) کسی بات کو ظاہری مطلب سے پھیر دینا۔ بیان کرنا۔ حیلہ۔ عذر بے جا۔ بچاؤ کی دلیل ؛

تائب (ع۔ مذ) توبہ کرنے والا۔ برے کام چھوڑنے والا ؛

تائی (ہ۔ مث) باپ کے بڑے بھائی کی بیوی ؛

تائید (ع۔ مث) مدد۔ طرفداری ؛

تائیدِ مزید (ع۔ مث) کسی جلسے میں کسی تجویز کی تائید ہو چکنے کے بعد اسکی تائید کرنا ؛

(ت ۔ ب)

تَب (ہ) اُس وقت۔ پھر ؛

تَب {ف (=تاب) مذ} بخار۔ تپ۔ حرارت ؛

تبخالہ (ف۔ مذ۔ اضافتِ مقلوب) چھالا جو تپ کی گرمی سے ہونٹوں کے آس پاس نکل آتا ہے ؛

تبادلہ {ف (ع۔ تبادُل بدلنا) مذ} تبدیلی۔ بدلنا (جبلی لفظ ہے)

تبار (ع۔ مذ) خاندان۔ کنبہ ؛

تبارک۔ عربی میں باب تفاعُل سے ماضی کا صیغہ ہے اور اس کے معنی ہیں "برکت والا ہوا"۔ بڑا۔ عالی ؛

تباشیر {ف (ہ۔ تباکیر) مث} بنسلوچن۔ صبح سفید کو تباکھیر اور نیلی کو تباشیر کہتے ہیں۔ (مجازاً) صبح کی روشنی ؛

تباہ (ف ۔ص) برباد ۔ خراب اُجڑا ہُوا ۔

تباہ کُن (ف ۔ مذ) تباہ کرنے والا ۔ ایک قسم کا جنگی جہاز جو دوسرے جہازوں پر گولہ باری کرکے اُنھیں تباہ کرسکتا ہے ۔

تباہی (ف ۔ مث) بربادی ۔ ذلّت رُسوائی ۔

تبخیر (ع ۔ ث) ان کے بخارات بننا ۔ حرارت ۔ ہلکا سا بخار ۔

تبدّل (ع ۔ مذ) بدل جانا ۔

تبدیل (ع ۔ مذ) بدل دینا ۔ پلٹنا ۔

تبدیلِ ہیئت (ع ۔ مث) صورت بدلنا ۔ بھیس بدلنا ۔

تبدیلی (ع ۔ مث) بدلی ۔

تبر (ف ۔ مذ) کلہاڑا ۔

تبرّا (ع ۔ مذ) بیزاری ۔ نفرت ۔ لعن طعن ۔

تبرّک (ع ۔ مذ) برکت والی شے ۔ پرشاد ۔ بزرگوں کا عطیّہ ۔

تبرّکاً (ع) برکت کے خیال سے ۔ (مجازاً) قدرِ قلیل ۔ ذرا سا ۔

تبسّم (ع ۔ مذ) مسکراہٹ ۔

تبلق (و ۔ مذ) کاغذوں کا بنڈل یا مٹھا ۔

تبلیغ (ع ۔ مث) پہنچانا ۔ عام لوگوں کو اپنے مذہب کے احکام پہنچانا ۔

تبلیغ واشاعت کرنا (ع) پروپیگنڈا کرنا ۔

(ت ۔ پ ۔ ت ۔ ث)

تَپ (ف ۔ مذ) گرمی ۔ حرارت بخار ۔

تَپ (ہ ۔ مذ) دھونی رما کر دھیان کرنا ۔ پرستش ۔

تَپ (و ۔ مذ) پُرانا بخار ۔

تَپ لرزہ (ف ۔ مذ) کپکپی سے ہونے والا بخار ۔

تپاک (ف ۔ مذ) محبّت ۔ اخلاص ۔ شوق ۔ گرمجوشی ۔

تپسّیا (س ۔ مث) عبادت بندگی ۔

ریاضت ؛

تپش (ف ۔ مث) گرمی ۔ حرارت ۔

تتبع (ع ۔ مذ) تقلید ۔ پیروی ۔ رلیس ؛

تتر بتر یا تتر بتر (ہ ۔ ص) پریشان الگ الگ ۔ بے ترتیب ؛

تتلی (ہ ۔ مث) تیتری ؛

تتمہ (ع ۔ مذ) ہر چیز کا آخر ۔ باقی کتاب کا وہ حصہ جو آخر کتاب میں لگاتے ہیں ۔ ضمیمہ ؛

تثلیث (ع ۔ مث) تین حصوں میں بانٹنا عیسائیوں کے عقیدے میں تین خدا) بیٹا ۔ (حضرت مسیح) اور رُوحُ القدس جو تینوں ملکر خدائے واحد بنتے ہیں ؛

تثنیہ (ع ۔ مذ) دُگنا ۔ عربی زبان میں دو کے لئے الگ صیغہ ہے ۔ اُسے تثنیہ کہتے ہیں ؛

(ت ۔ ج)

تجار (ع ۔ مذ ۔ ج) (واحد تاجر) بیوپاری لوگ ۔ سوداگر لوگ ؛

تجارت (ع ۔ مث) سوداگری ۔ بیوپار ؛

تجارتِ آزاد (ع ۔ مث) مُلکی تجارت کی وہ حالت جب اس کی خاطر غیر مُلکی درآمد پر محصُول نہ لگایا گیا ہو ؛

تجارت محفوظ (ع ۔ مث) مُلکی تجارت کی وہ حالت جب اُس کی خاطر غیر مُلکی درآمد پر محصُول لگاکر محفوظ کرلیا گیا ہو ؛

تجارتی (ع ۔ ص) تجارت کے متعلق ؛

تجارتی تفوق (ع ۔ مذ) کسی مُلک کی تجارت کا دُوسرے مُلک کی تجارت پر غلبہ ۔ تجارت میں غلبہ پانا ؛

تجارتی ہوائیں (ع ۔ مث) منطقہ حارہ کی ہوائیں جو خطِ استوا سے تقریباً تیس درجے جنوب اور تیس درجے شمال سے چلتی ہیں ؛

تجاوُز (ع۔ مذ) حد سے بڑھنا۔ زیادتی ۔

تجاویز (ع۔ مث۔ ج) (واحد تجویز)

تجاہُل (ع۔ مذ) نہ جاننا۔ جان بوجھ کر انجان بننا ۔

تجاہُلِ عارفانہ (ع۔ مذ) جان بوجھ کر انجان بننا ۔

تجدید (ع۔ مث) نیا کرنا۔ نئے سرے سے کام کرنا ۔

تجربہ (ع۔ مذ) آزمائش۔ خود امتحان کرنا (جمع تجربات اور تجارب)

تجربہ کار (ف۔ صف) واقف کار۔ ماہر۔ لائق ۔

تجربہ گاہ (ف۔ مث) تجربات کرنے کی جگہ۔ وہ کمرہ یا کمرے جہاں علمی تجربے کئے جاتے ہوں۔ معمل ۔

تجربۃً (ع) امتحان کی خاطر۔ آزمائش کے لئے ۔

تجرُّد (ع۔ مذ) اکیلا ہونا۔ بغیر شادی کے رہنا ۔

تجسُّس (ع۔ مذ) جستجو۔ تلاش ۔

تجلّی (ع۔ مث) چمک۔ جلوہ ۔

تجوید (ع۔ مث) حروف کو اُن کے مخارج سے ادا کرنے کا علم۔ علم القرأت ۔

تجویز (ع۔ مث) تدبیر۔ سوچ بچار۔ انتظام (جمع تجاویز) ۔

تجہیز و تکفین (ع۔ مث) مُردے کو نہلا دُھلا کر قبر میں دفن کرنا ۔

(ت۔ ح)

تحالُف (ع۔ مذ۔ ج) (واحد تحفہ)

تحت (ع۔ مذ) نیچے۔ قابو ۔

تحت الثّریٰ (ع۔ مث) زمین کا سب سے بڑا حصّہ۔

تحریر (ع۔ مذ) دستاویز۔ خط لکھنا۔

تحریر ظہری (ف۔ مث) وہ عبارت جو کسی کاغذ کی پُشت پر لکھ دیتے ہیں ۔

تحریص (ع۔ مث) حرص دلانا۔ لالچ دینا ۔

تحریف (ع۔ مث) بات کو بدلنا۔ عبارت کو بدلنا ۔

تحریک (ع۔ مث) حرکت دینا۔ اکسانا۔ کسی کام کے لئے کوشش کرنا۔

تحسین (ع۔ مث) اچھا کہنا۔ تعریف کرنا۔ آفرین ۔

تحشیہ (ع۔ مذ) حاشیہ لکھنا یا چڑھانا ۔

تحصیل (ع۔ مث) حاصل کرنا۔ محصول داخل کرنے کی جگہ۔ ضلع کا ایک حصہ جس کا معاملہ ایک جگہ جمع کیا جاتا ہے ۔

تحصیل حاصل (ع۔ مث) بے فائدہ۔ بے سُود ۔

تحصیلدار (ت۔ مذ) سرکاری عہدیدار جو معاملہ وغیرہ جمع کرتا ہے ۔

تحفُّظ (ع۔ مذ) حفاظت کرنا۔ محفوظ کرنا ۔

تحفُّظ تجارت (ع) مُلکی تجارت کو غیر مُلکی تجارت پر محصُول درآمد لگاکر محفوظ کرنا ۔

تُحفہ (ع۔ مذ) نذر و نیاز۔ سوغات۔ (جمع تحائف)

تحقیر (ع۔ مث) بے توقیری۔ حقارت ۔

تحقیق (ع۔ مث) حقیقت دریافت کرنا۔ کھوج لگانا۔ کسی مسئلے کو دلیل سے ثابت کرنا ۔

تحقیقات (ع۔ مث) (واحد تحقیق) جانچ پڑتال (اُردو میں بطور مفرد مستعمل ہے) ۔

تحَلیل (ع۔ مث) حل ہونا۔ گھُل جانا ۔

تحمُّل (ع۔ مذ) برداشت کرنا۔ حوصلہ۔

تحویل (ع۔ مث) سپرد کرنا۔ حوالے کرنا۔ اُونچے درجے کی مرکب اکائیوں کو نچلے درجے میں لانا جیسے رُوپیوں سکے آنے اور پائیاں بنانا ۔

تحیُّز (ع۔ مث) کسی چیز کا مکان یا حیز میں ہونا۔ جگہ گھیرنا ۔

(ت ۔ خ)

تَخَت (ف ۔ مذ) مسند ۔ گدی ۔ بادشاہ کے بیٹھنے کی مسند ؛

تَخَت پوش (ف ۔ مذ) تخت پر بچھانے کی چادر ؛

تَخَتِ رَواں (ف ۔ مذ) ہوادار تخت ۔ غُبارہ ؛

تَخَتِ طاؤس (ف ۔ مذ) شاہجہاں بادشاہ کے مشہور تخت کا نام ہے ۔ جسے نادر شاہ لُوٹ کر ایران لے گیا تھا ؛

تَخَت گاہ (ف ۔ مث) صدر مقام ۔ دارالخلافہ ۔ راجدھانی ؛

تَخَت نشینی (ف ۔ مث) تخت پر بیٹھنے کی رسم ؛

تَختَہ (ف ۔ مذ) لکڑی کا چرا ہوا چوڑا ٹکڑا ۔ کاغذ کا تاو ؛

تَختَۂ سیاہ (ف ۔ مذ) سیاہ روغن کیا ہوا تختہ ۔ جس پر اپنے شاگردوں کے سامنے ان کی حل کرتا ہے ؛

تختہ اُلٹنا (و) برباد ہونا ۔ اُجڑنا ۔ (۲) برباد ہونا ۔ ویران ہونا ؛

تختی (و ۔ مث) چھوٹا تختہ ۔ لڑکوں کے لکھنے کی مشق کرنے کیلئے لکڑی کی پٹی ؛

تَخرِیب (ع ۔ مث) خراب کرنا ۔ برباد کرنا ؛

تخصیص (ع ۔ مث) خصوصیّت ۔ مخصوص کرنا ۔ مقرر کرنا ۔ خصوصیت پیدا کرنا ؛

تخفیف (ع ۔ مث) کم کرنا ۔ گھٹانا ۔ کمی ؛

تَخَلُّص (ع ۔ مذ) شاعر کا مختصر نام جو وہ اشعار میں استعمال کرتا ہے ؛

تَخلِیَہ (ع ۔ مذ) تنہائی ۔ خلوت ؛

تُخم (ع ۔ مذ) بیج ۔ نطفہ ؛

تُخم ریزی (ف ۔ مث) بیج بونا ؛

تَخمِیر (ع ۔ مذ) خمیر اُٹھانا ۔

تَخمِیناً (ع) اندازے سے ۔ تقریباً ؛

تخمینہ (ع۔ مذ) اندازہ ؛
تخویف (ع۔ مث) خوف دلانا۔ ڈرانا ؛
تخیل (ع۔ مذ) خیال میں لانا۔ خیال گُمان ؛

تداخُل (ع۔ مذ) ایک دوسرے میں داخل کرنا۔ اصطلاح طِب میں ایک غذا کے ہضم ہوئے بغیر دوسری کھالینا ؛
تدارُک (ع۔ مذ) تلافی۔ بدلہ۔ تدبیر۔
تدبُّر (ع۔ مذ) دُور اندیشی ؛
تدبیر (ع۔ مث) سوچ بچار۔ تجویز ؛
تدرَو (دیکھو تذرو) ؛
تدریج (مذ) درجہ بدرجہ۔ آہستہ آہستہ ؛
تدریس (ع۔ مث) پڑھانا۔ تعلیم ؛
تدفین (ع۔ مث) زمین میں دبانا۔

تدقیق (ع۔ مث) دلیل کو دلیل سے ثابت کرنا ؛

تدوین (ع۔ مث) جمع کرنا تالیف کرنا ؛
تدیُّن (ع۔ مذ) دینداری ؛

(ت۔ ذ)

تذبذُب (ع۔ مذ) شُبہ۔ تردّد دو دِلانا ؛
تذرو (ف۔ مذ) خوش رنگ جنگلی مُرغ جو خوش رفتار بھی ہوتا ہے۔ یہ جانور استرآباد اور مازندران (ایران) کے جنگلوں میں پایا جاتا ہے۔ یہ وہ جانور نہیں ہے جسے چکور کہتے ہیں۔ یہ لفظ دال مہملہ سے لکھنا غلط ہے) ؛
تذکرہ (ع۔ مذ) بیان۔ ذکر۔ سوانح عُمری ؛
تذکیر (ع۔ مث) مذکر ہونا۔ نر ہونا۔ نصیحت ؛
تذلیل (ع۔ مث) ذلّت۔ رُسوائی ؛

(ت۔ر۔ڑ۔ز)

تُر (ف۔ص) گیلا۔ بھیگا ہوا۔ تازہ۔ زیادہ گھی وغیرہ سے تر۔ روغنی ؛

تروتازہ (ف۔ص) ہرا بھرا ؛

تَروخشک گولی کا تھرمامیٹر (و۔مذ) دو سنٹی میٹر گریڈ تھرمامیٹر جو ایک لکڑی پر لگے ہوتے ہیں۔ اُن میں سے ایک کی گولی کے گرد دھجی لپٹی ہوتی ہے جس کا ایک سرا پانی میں رہتا ہے۔ جو دھجی میں چڑھ کر گولی کو تر رکھتا ہے۔ ان دونوں تھرمامیٹروں کے فرق سے ہوا کی خشکی اور تری کا پتہ لگتا رہتا ہے ؛

تُراب (ع۔مث) مٹی ؛

تُرازو (ف۔مث) وزن کرنے کا آلہ۔ تولنے کا آلہ جس کے دو پلڑے ہوتے ہیں۔ برج۔ میزان ؛

تَراش (ف۔مث) کاٹ ؛ چھانٹ کتر بیونت۔ وضع ؛

تَراشنا (و) چھیلنا۔ قطع کرنا۔ کاٹ اُتارنا ؛

تَراکیب (ع۔مث۔ج) (واحد ترکیب) ؛

تَرانہ (ف۔مذ) گیت۔ نغمہ ؛

تَراوش (ف۔مث) اشارے۔ کنائے یا انداز سے ظاہر ہونا۔ ٹپکاؤ۔ تقاطر ؛

تَراویح (ع۔مث۔ج) لغوی معنی راحت دینا) وہ بیس رکعتیں جو رمضان میں عشا کی نماز کے بعد پڑھی جاتی ہیں۔ چونکہ ہر چوتھی رکعت کے ختم پر تھوڑا سا وقفہ آرام لیتے ہیں اس وجہ سے یہ نام ہوا (اردو میں بطور مفرد مستعمل ہے) (واحد ترویحہ) ؛

تَرائی (و۔مث) دریا کے قریب

کی زمین ؛

تُربت (ع۔مث) گور قبر ؛

تَربیت (ع۔مث) پرورش ۔ پرداخت۔ تعلیم ؛

تربیدی (ہ۔مذ) تین وید جاننے والا۔ برہمنوں کی ایک قوم ؛

ترپال (و۔مذ) ٹاٹ (اصل انگریزی لفظ (TRAPAULM) ہے جس کا (TAR) = (PALLING) = چادر ؛

تُرت (ہ) فوراً۔ اسی وقت ۔ جلدی ؛

ترتیب (ع۔مث) آراستگی۔ ڈھنگ قاعدہ ؛

ترجمان (ف۔مذ) ترجمہ کرنے والا۔ ایک شخص کی بات کو دوسرے کی زبان میں بیان کرنیوالا۔

تَرجُمہ (ع۔مث) ایک زبان سے دوسری زبان میں بیان کرنا ؛

ترجیح (ع۔مث) فوقیت۔ بڑھوتی۔ فضیلت ؛

ترجیحی (ع۔ص) جس کو ترجیح دی گئی ہو ؛

ترچھا (ہ۔ص) ٹیڑھا۔ بینکا ؛

ترچھی نظر (و) ٹیڑھی نظر۔ غصے کی نظر ؛

ترحّم (ع۔مذ) رحم۔ مہربانی ۔ ترس ؛

تردّد (ع۔مذ) سوچ۔ فکر۔ اندیشہ ؛

تردید (ع۔مث) دوسرے کی بات کو روکنا۔ جواب ؛

تَرس (ف۔مذ) خوف خدا۔ رحم ؛

ترسا (ف۔مذ) آتش پرست ؛

ترساں (ف۔حالیہ) ڈرتے ڈرتے ڈرتا ہوا ؛

ترسانا (و) للچانا۔ مطلوبہ شے نہ دینا ؛

ترسیل (ع۔مث) بھیجنا ۔ارسال کرنا۔ روانہ کرنا ؛

ترسم (ع۔مذ) گراف۔

تُرش (ف۔ص) نا راض ۔ بد دماغ ؛

تُرش رُو (ف۔ص) ناخوش۔ چِڑچِڑا ؛

تَرَشُّح (ع۔مذ) قطرہ قطرہ ٹپکنا۔ بوندا بوندی۔ بات ظاہر کرنا ؛

تُرشی (ف۔مث) کھٹائی۔ ناراضگی ؛

تُرشی سے (غصّے سے ؛

تَرغیب (ع۔مث) رغبت دلانا۔ شوق دلانا۔

ترقی (ع۔مث) بڑھنا۔ بلندی۔ اضافہ ؛

تُرک (ف۔مذ) تاتاری مسلمان۔ سپاہی۔ ترکستان کا باشندہ (مجازاً) معشوق۔ ہندی میں بمعنی مسلمان ؛

تَرک (ف۔مذ) چھوڑنا۔ نکول

تَرکِ ادب (ف۔مذ) بے ادبی۔ گستاخی ؛

تَرکہ (ع (و ترکہ) مذ) مُردے کی جائداد ورثہ ؛

ترکاری (ف۔مث) سبزی (ہندی) گوشت ؛

تُرک تازی (ف۔مث) حملہ۔ تاخت لُوٹ مار ؛

تُرکَش (ف۔مذ) تیر دان۔ تیر رکھنے کا خول ؛

تُرکی (ف۔مث) ترکوں کے متعلق۔ ترکوں کی زبان۔ برادری ؛

تُرکی بہ تُرکی جواب دینا۔ (و) پُورا جواب دینا۔ کڑا جواب دینا ؛

تُرکی تمام (و) غرور جاتا رہنا۔ گھمنڈ نکلنا ؛

ترکیب، (ع۔مث) ملانا۔ جوڑنا۔ بناوٹ۔ تجویز (جمع تراکیب)

ترکیب نحوی کرنا (و) قواعد نحوی کے مطابق جملے ٹکڑے کر کے اسکے متعلقات بتانا ؛

ترکیب صرفی (و) قواعد صرف کے مطابق کلمات کی جنس و نوعیت کی تشریح کرنا ؛

ترمیم (ع۔مث) درست کرنا۔ تبدیلی کرنا۔ نظر ثانی کرنا ؛

ترنگ (ع۔مث) موج۔ لہر خیال
شیخی ÷
ترویج (ع۔مث) رواج دینا ÷
تری (ف۔مث) نمی (خشکی کی ضد)
تریاک (ف) } زہر مہرہ۔ زہر دُور
تریاق (ع) } کرنے کی دوا (مذ)
تریڑا (ہ۔مذ) پانی کی دھار باندھ کر
کسی اُونچی جگہ سے گرانا ÷
تڑاق (ہ۔مذ) (فارسی میں تراک۔
مصدر ترکیدن = ٹوٹنا) چیز کے
ٹوٹنے کی آواز۔ چٹاخ ÷
تڑاق سے جواب دینا (و) بے
سوچے سمجھے جواب دینا ÷
تڑاق پڑاق (و) جلد جلد۔ برابر مارنا۔
کسی چیز کی آواز ÷
تڑاقا کھانا (و) پھٹنا۔ چٹخ جانا۔ اچانک
بے ہوش ہو جانا ÷
تڑاقے کا (و) مزے دار۔ لذیذ ÷
تڑپ (ہ۔مث) بے قراری۔ پھڑک
گرمی ÷
تڑپانا (ہ) بیقرار کرنا۔ پھڑکانا ÷

تڑپنا (ہ) پھڑکنا۔ تلملانا ÷
تڑکا (ہ۔مذ) صبح۔ سویرا ÷
تُزک (ف۔مث) قاعدہ۔ قانون۔
ضابطہ لشکر۔ وہ واقعہ جو خود
بادشاہ نے لکھا ہو۔ جیسے تزک
جہانگیری۔ دھوم دھام ÷
تُزک احتشام (ع۔مذ) شان و
شوکت ÷
تزکیہ (ع۔مذ) پاک کرنا ÷
تزلزل (ع۔مذ) زلزلہ۔ جنبش
گڑبڑ ÷
تزویر (ع۔مذ) مکر و فریب ÷
تزئین (ع۔مث) زینت۔
آرائش ÷

(ت۔س)

تس (ہ) اس۔ وہ ÷
تس پر (ہ) اس پر۔ پھر بھی ÷
تساہل (ع۔مذ) سستی ÷
تسبیح (ع۔مث) خدا کی یاد۔ مالا ÷
تسبیح خواں (ع۔مذ) خدا کی تعریف کرنیوالا۔
مالا پھیرنیوالا۔

تسخیر (ع۔مث) فتح کرنا۔ قابو میں لانا۔ اپنی طرف کھینچا ؛

تسکین (ع۔مث) آرام۔ تسلی۔ دلاسا۔

تسلسل (ع۔مذ) سلسلہ بندی۔ لڑی۔

تسلط (ع۔مذ) غلبہ۔ حکومت قبضہ دخل ؛

تسلی (ع۔مث) اطمینان دلاسا ؛

تسلیم (ع۔مث) ماننا۔ قبول کرنا۔ جھکنا۔ بندگی (تسلیمات جمع) ؛

تسلیمات (ع۔مث۔ج) تسلیم کو۔ نشات۔ بندگی۔ آداب۔ اُردو میں مستعمل ہے) ؛

تسمہ (ف۔مذ) چمڑے کا لمبا (مگر کم چوڑا) ٹکڑا ؛

تسمہ کھینچنا (و) تنگ کرنا۔ پھانسی دینا ؛

تسمہ لگا نہ رکھنا۔ دل دوٹوک کرنا۔ ذرا لگا نہ رکھنا۔ صاف گردن اُڑا دینا ؛

تسمیہ (ع۔مذ) نام رکھنا۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم کہنا ؛

تسمیہ خوانی (و۔مث) بسم اللہ کی تقریب ؛

تسوید (ع۔مذ) لکھنا۔ سیاہ کرنا۔

تسیل (ع۔مث) آسان کرنا ؛

(ت۔ش)

تشابہ (ع۔مذ) مشابہت رکھنا ؛

تشبیب (ع۔مث) آگ کا بھڑکنا۔ جوانی کے زمانے کا ذکر کرنا۔ مضامین عاشقانہ بیان کرنا۔ قصیدے کی ابتدا میں مدح کے قبل چند بیتوں میں مضمون عاشقانہ بیان کرنا۔ قصیدے کی تمہید ؛

تشبیہ (ع۔مث) مشابہت۔ کسی چیز سے مثال دینا ؛

تشخیص (ع۔مث) جانچنا۔ پہچاننا۔ مرض پہچاننا۔ پہچان۔ جانچ ؛

تشدُد (ع۔مذ) سختی۔ جبر زیادتی ؛

تشدید (و۔مث) شدہ۔ مضبوط کرنا۔

سختی کرنا) کسی حرف کو زور سے کہنا۔ کہ دو معلوم ہوں جیسے تشدد کی دال اوّل ہمت ؛

تشریح (ع۔ مث) اچھی طرح بیان کرنا۔ وضاحت کرنا ؛

تشریف (ع۔ مث) بزرگی۔ شرف ؛

تشریف لانا آنے کی تکلیف کرنا ؛

تشریف لیجانا (و) رخصت ہو جانا۔ سدھارنا ؛

تشفّی (ع۔ مث) شفا چاہنا۔ تسلّی۔ تسکین ڈھارس ؛

تشنگی (ف۔ مث) پیاس ؛

تشنہ (ف ص) پیاسا۔ خواہشمند ؛

تشنہ لب (ف ص) پیاسا۔ بہت خواہشمند ؛

تشنیع (ع۔ مذ) بُرا بھلا کہنا۔ ملامت کرنا ؛

تشویش (یہ لفظ عربی) اصل نہیں ہے۔ فارسی میں بمعنی رنج۔ مث) پریشانی۔ فکر۔ تردد ؛

تشہّد (ع۔ مذ) کلمہ شہادت پڑھنا ؛

تشہیر (ع۔ مث) شہرت دینا۔ مشہور کرنا۔ رسوائی کو شہرت دینا۔

(ت۔ ص)

تصادم (ع۔ مذ) دھکا دینا۔ صدمہ ہونا۔ ٹھکرانا ؛

تصانیف {ع۔ مث۔ ج} (واحد تصنیف)

تصاویر {ع۔ مث۔ ج} (واحد تصویر) ؛

تصحیح (ع۔ مث۔ صحت کرنا۔ درست کرنا ؛

تصدّق (ع۔ مذ) صدقہ دینا۔ قربان ہونا ؛

تصدیع (ع۔ مث) دردِ سر۔ تکلیف ؛

تصدیعہ (ع۔ مذ) تکلیف۔ دُکھ ؛

تصدیق (ع۔ مث) سچائی۔ ثبوت ؛

تصرّف (ع۔ مذ) قبضہ۔ اختیار بدل دینا ؛

تصرف بیجا (ع۔ مذ) بے موقع دخل دینا۔

خیانت کرنا ۔

تصریح (ع۔مث) شرح۔ تشریح۔ وضاحت ۔

تصغیر (ع۔مث) کم کرنا۔ چھوٹا کرنا۔ صرف کی اصطلاح میں وہ اسم جس میں چھوٹائی کے معنی پائے جاتے ہیں۔ جیسے :- ڈھولک ۔

تصفیہ (ع۔مذ) صفرے روشن کرنا۔ پاک کرنا۔ صفائی۔ فیصلہ۔ صلح ۔

تصنع (ع۔مذ) بناوٹ۔ ظاہرداری ۔

تصنیف (ع۔مث) صنف۔ جدا کرنا۔ جمع کرنا) کوئی کتاب لکھنا۔ کتاب (جمع تصانیف) ۔

تصور (ع۔مذ۔ (صور = پیدا کرنا) دھیان خیال۔ ذہن میں کسی چیز کی صورت جمانا ۔

تصویر (ع۔مث۔ صور = پیدا کرنا۔ صورت بنانا۔ صورت۔ مورت نقشہ ۔

تصوف (ع۔مذ) ویدانت۔ وہ علم جس کے ذریعے سے دل کی صفائی اور پاکیزگی حاصل ہوتی ہے ۔

(ت۔ض)

تضاد (ع۔مذ) ایک دوسرے کی ضد ۔

تضحیک (ع۔مث) ہنسی اُڑانا۔ توہین۔

تضمین (ع۔مث) شامل کرنا۔ کسی دوسرے شاعر کے شعر پر کوئی مصرع یا بند لگانا ۔

تضرع (ع) گریہ وزاری۔ منت سماجت۔ گڑگڑانا ۔

تضیع (ع۔مث) ضائع کرنا۔ (اُردو میں بروزن ترہیب بولتے ہیں) ۔

تضیع اوقات (ع۔مث) وقت گنوانا ۔

(ت۔ط)

تطابق (ع۔مذ) ایک دوسرے کے مطابق ہونا ÷

تطاول (ع۔مذ) ظلم۔ دست درازی ÷

تطبیق (ع۔مث۔طبق ۔ تہ) دوباتوں کو آپسمیں مطابقت دینا ÷

تطویل (ع۔مث) لمبا کرنا۔ طول دینا ÷

تطہیر (ع۔مث) پاک کرنا ÷

(ت۔ظ)

تظلم (ع۔مذ) ظلم کی فریاد کرنا (ظلم کرنے کے معنوں میں صحیح نہیں) ÷

(ت۔ع)

تعارض (ع۔مذ) روکنا۔ جھگڑا کرنا ÷

تعارف (ع۔مذ) عرف ایک دوسرے کو پہچاننا) جان پہچان۔ واقفیت ÷

تعاقب (ع۔مذ) عقب۔ پیچھے دوڑنا) پیچھا کرنا ÷

تعاون (ع۔مذ) ایک دوسرے کی مدد کرنا ÷

تعالیٰ (ع) عربی میں ماضی کا صیغہ ہے۔ بمعنی بزرگ یا بلند مرتبہ ہوا۔ اکثر خدا کے ناموں کے ساتھ آتا ہے۔ جیسے خدائے تعالیٰ۔ اللہ تعالیٰ ÷

تعب (ع۔مذ) رنج۔ دُکھ۔ تکلیف محنت ÷

تعبیر (ع۔مث) بیان کرنا۔ خواب کا مطلب بتانا ÷

تعجب {ع (عجب : حیرت) مذ} انوکھا پن۔ اچنبھا۔ حیرانی ÷

تعجیل {ع (عجل ۔ جلدی کرنا) مث} جلدی۔ شتابی ÷

تعداد {ع (عدد ۔ گننا) مث} شمار کرنا۔ گنتی۔ مقدار ÷

تعدی (ع۔مث) ظلم ۔ زیادتی۔ حد سے بڑھنا ÷

تعرّض (ع۔ عرض = آگے بڑھنا) مذ} روکنا۔ مزاحمت کرنا ÷

تعریب (ع۔ مث) کسی غیر زبان کے لفظ کو عربی بنا لینا۔ ایسے لفظ کو "مُعرّب" کہتے ہیں ÷

تعریف (ع۔ مث) تشریح۔ خوبی۔ کسی چیز کی خوبیاں بیان کرنا ÷

تعزُّل (ع۔ مذ) ملازمت سے برطرف کرنا۔ معزول کرنا ÷

تعزیر (ع۔ مث) سزا۔ ڈانٹنا ÷

تعزیرات ہند (ع۔ مث) ہندوستان کے قوانین سزا کا مجموعہ یا کتاب ÷

تعزیری (ع۔ ص) سزا دینے کے متعلق۔ بطور سزا ÷

تعزیہ (ع۔ مذ) تعزیت۔ ماتم داری) حضرت امام حسینؓ کی یاد میں روضے کی نقل جو محرم کے دن بنائی جاتی ہے ÷

تعزیہ دار (ف۔ مذ) تعزیہ نکالنے والا ÷

تعزیت (ع۔ مث) ماتم پُرسی ÷

تعصّب (ع۔ مذ) طرفداری۔ بے جا حمایت۔ کسی سے مذہبی رنج رکھنا ÷

تعطیل (ع۔ مث) بیکاری۔ چھٹی رُخصت ÷

تعظیم (ع۔ مث) بزرگی۔ بڑا ماننا۔ عزّت کرنا ÷

تعفّن (ع۔ مذ) عفونت ہونا۔ بدبُو ہونا ÷

تعقیب (ع۔ مذ) نماز پڑھنے کے بعد وظیفہ پڑھنے یا دعا مانگنے کو بیٹھنا ÷

تعلُّق (ع۔ مذ) واسطہ۔ علاقہ ÷

تعلّقہ (ع۔ مذ) علاقہ۔ جاگیر۔ جنوبی ہند کے اضلاع میں تحصیل ÷

تعلّقہ دار (ف۔ مذ) بڑا جاگیردار ÷

تعلّی (ع۔ مث) بلند۔ فخر کی بات۔ شیخی ÷

تعلیم (ع۔ مث) سکھانا۔ پڑھانا ÷

تعمیر (ع۔ مث) عمارت بنانا۔ مکان بنانا ؛
تعمیل (ع۔ مث) عمل کرنا۔ حکم ماننا ؛
تعمیم (ع۔ مث) عام کرنا۔ سب کو شامل کرنا ؛
تعویذ {ع (عوذ = پناہ میں لینا) مذ } کوئی نقش یا قرآن شریف کی آیت جو گلے میں ڈالتے ہیں یا بازو پر باندھتے ہیں۔ قبر کا پتھر ؛
تعویق {ع (عوق = باز رکھنا) مث } ڈھیل۔ دیر۔ لیت و لعل ؛
تعیّش (ع۔ مذ) عیش کرنا۔ عیش کا سامان مہیا کرنا ؛

(ت۔غ)

تغار (ف۔ مذ) مٹی کا کونڈا یا ناند ؛
تغار (د۔ مذ) وہ گڑھا جس میں گارا بنایا جاتا ہے ؛
تغافل (ع۔ مذ) غفلت کرنا۔ بے پروائی ؛
تغویزیہ (ع۔ مذ)
تغلّب (ع۔ مذ) غبن۔ خیانت۔ تصرف بے جا ؛
تغیّر (ع۔ مذ) تبدیلی ؛
تغییر (ع۔ مث) بدلنا۔ تبدیل کرنا۔

(ت۔ف)

تُف (ف۔ مذ۔ مث) تھوک۔ رُدف لعنت ؛
تفاح (ع۔ مذ)
تفاخر (ع۔ مذ) فخر کرنا۔ ڈینگ مارنا۔
تفاوُت (ع۔ مذ) مادہ - دو چیزوں کا ایک دوسرے سے فاصلہ لکھنؤ میں مؤنث بھی ہے) فرق۔ فاصلہ۔ دُوری۔
تفتہ (ف۔ ص) "تافتہ" کا مخفف۔ جلا ہوا۔ سوختہ ؛
تفتیح (ع۔ مث) کھولنا۔ فراخ کرنا۔
تفتیش {ع (فتش = کھودنا) مث } چھان بین کرنا۔ دریافت کرنا۔

تفحص {ع (فحص ۔ پھر کھودنا) مذکر } غور و خوض ۔ تفتیش ؛

تفرّج (ع ۔ مذ) سیر و تماشا ؛

تفرقہ (ع ۔ مذ) جُدائی ۔ علیحدگی ؛

تفرقۂ فلک ۔ آسمان کا ڈالا ہوا تفرقہ جُدائی کی مصیبت ؛

تفریح (ع ۔ مث) خوشی ۔ راحت ۔ مدرسے میں آدھا وقت گذرنے پر جو مختصر سی تعطیل ہوتی ہے ؛

تفریحاً (ع) ہنسی سے ۔ مذاق سے ۔

تفریس (ع ۔ مث) کسی غیر زبان کو فارسی بنا لینا ۔ ایسے لفظ کو "مفرّس" کہتے ہیں ؛

تفریط (ع ۔ مث) کوتاہی ۔ کمی ؛

تفریق (ع ۔ مث) جُدائی ۔ فرق پیدا کرنا ۔ عمل حسابیہ میں بڑی رقم میں سے چھوٹی رقم نکالنا ؛

تفسیر (ع ۔ مث) بیان کرنا ۔ قرآن شریف یا کسی اور آسمانی کتاب کی شرح ؛

تفصیل (ع ۔ مث) بیان کرنا تشریح

تفضیل (ع ۔ مث) ترجیح ۔ ایک چیز کو دوسری چیز سے اچھا سمجھنا ؛

تفکّر (ع ۔ مذ) فکر ۔ اندیشہ ؛

تفنگ (ف ۔ تف ۔ تپ کا بدل جو توپ کا مخفف ہے ۔ نگ کلمہ نسبت) مث } توپ ۔ بندوق ۔

تفنگچی { ت (تفنگ ۔ چی بمعنی صاحب) مذ } بندوقچی ؛

تفنّن (ع ۔ مذ) دل لگی ۔ شغل ۔ گوناگوں ہونا ؛

تفنّنِ طبع (ع ۔ مذ) دل لگی ۔ ہنسی ۔ مذاق ؛

تفویض (ع ۔ مث) سپرد کرنا ۔ حوالے کرنا ۔ سپردگی ۔ ڈالٹن پلین (DALTON PLAN) کے مطابق طویل سبق کا ایک جزو ۔ جو طالب علم کی تیاری کے لئے حوالے کیا جائے ۔ جسے انگریزی میں اسائنمنٹ کہتے ہیں ۔ (ASSIGNMENT)

(ت.ق)

تقاضا (ع۔مذ) مانگنا۔ طلب کرنا۔ خواہش کرنا ÷

تقاطع {ع (قطع = کاٹنا) مذ} ایک دوسرے کو کاٹنا۔ باہم منقطع ہونا ÷

تقاوی {ع (قوت) مث} زمینداروں کو کا امداد کے لئے سرکار کی طرف سے جو روپیہ قرض دیا جاتا ہے ÷

تقدس (ع۔مذ) پاک ہونا۔ پرہیزگاری ÷

تقبیل {ع (قبل = چومنا) مث} چومنا۔ منہ چومنا ÷

تقدیر (ع۔مث) قسمت۔ نصیب مقسوم ÷

تقدیر آزمانا (و) قسمت کے بھروسے پہ کوئی کام کرنا ÷

تقدیر کا لکھا (و) قسمت۔ لیکھ ÷

تقدیری امر یا امر تقدیری (ع۔مذ) قدرتی بات۔ ہونے والی بات۔ وہ بات جو اپنے بس میں نہ ہو ÷

تقدیم (ع۔مث) پہل۔ فوقیت برتری ÷

تقریب {ع (قرب = پاس آنا) مث} ذریعہ۔ باعث۔ سبب۔ موقع (جمع تقریبات) اور تقاریب)

تقریباً (ع) تخمیناً۔ قریب قریب ÷

تقریر (ع۔مث) بیان۔ لیکچر۔ گفتگو (تقاریر جمع) ÷

تقریری (ع۔ص) زبانی (تحریری کی ضد)

تقریظ {ع (قرظ۔ کسی زندہ آدمی کو سراہنا داد دینا) مث} کسی تحریر یا کتاب پر رائے دینا۔ ریویو (تقاریظ جمع) ÷

تقسیم (ع۔مث) بانٹنا۔ حصے کرنا حساب کا ایک عمل ÷

تقصیر {ع (قصر = کم کرنا) مث} کوتاہی۔ کمی۔ قصور (جمع تقصیرات) ÷

تقطیر (ع۔مث) قطرہ قطرہ ٹالنا۔ پانی صاف کرنیکا ایک طریقہ جس میں اُسے ریت وغیرہ میں سے گرایا جاتا ہے ؛

تقطیع (ع (قطع ۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا) مث } کھڑے ٹکڑے کرنا کسی شعر کا وزن دریافت کرنا۔ کتاب کا سائز ؛

تقلید (ع۔مث) کسی کے پیچھے چلنا۔ پیروی کرنا ؛

تقویت (ع۔مث) طاقت ۔ زور مدد۔ سہارا ؛

تقویم (ع۔مث) جنتری۔ دنوں مہینوں کا حساب (جمع تقادیم) ؛

تقیہ (ع۔مذ) ڈر کے سبب دلکی اصلی بات ظاہر نہ کرنا ؛

(ت۔گ)

ٹک (ہ۔مث) بڑی ترازو۔ جسکو زمین پر نصب کرتے ہیں۔ حرف میزہ جیسے لاہور سے امرتسر تک ؛

ٹک (ہ۔ دہلی میں مذکر لکھنؤ میں مؤنث) غالیچہ ۔ زٹلی ؛

ٹک بندی (ع۔مث) ٹک سے ٹک ملانا ؛

تکا (ف۔مذ) گوشت کا ٹکڑا ؛

تکا بوٹی (و) ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ (مجازاً) بانٹ لینا ؛

تکا (ف۔مذ۔ نا) تیر جس میں پھال نہ ہو ۔ تیر ۔ ناوک ؛

تکاثف (ع۔مذ) کثیف ہو جانا۔ بخارات آبی کا سرد ہو کر پھر پانی کے قطرے بن جانا ؛

تکالیف (ع۔مث۔ج } (واحد تکلیف ؛

تکان (ع۔مث) تھکاوٹ ماندگی ؛

تکبر (ع۔مذ) کبر ہونا۔ غرور کرنا۔ گھمنڈ ہونا ؛

تکبیر (ع۔مث) اللہ اکبر کہنا ذبح کرتے وقت یا نماز میں اللہ اکبر کہنا ؛

تکدُّر (ع۔مذ) میلا ہونا۔ مکدّر ہونا ؛

تکدِمہ [و (عربی تقدمہ پیش کرنا) مذ] وہ روپیہ جو کاریگروں کو بہ طور پیشگی دیں۔ پیشدار۔ تخمینہ۔ بجٹ (بنانا۔ لکھنا وغیرہ) ؛

تکذیب (ع۔مث) جھٹلانا۔ جھوٹا کرنا ؛

تکرار (ع۔مث) بار بار کہنا۔ جھگڑا بحث ؛

تکریم (ع۔مث) عزت کرنا۔ خاطر تواضع ؛

تکفیر (ع۔مث) کافر بنانا۔ کفر کا فتویٰ دینا ؛

تکفین (ع۔مث) کفن پہنانا ؛

تُکّل (ہ۔مث) ایک قسم کا دو کانپ والا پتنگ ؛

تکلا (ہ۔مذ) چرخے کی وہ آہنی سلاخ جس سے کاتتے وقت گکڑی بنتی جاتی ہے ؛

تکلے کے سے بل نکالنا (ہ۔شل) کجی نکالنا۔ خوب سیدھا کرنا ساری شرارت دور کر دینا ؛ مار پیٹ کے ٹھیک کرنا ؛

تِکلّا (ہ۔مذ) وہ ڈور جو ہاتھ کے نیچے انگوٹھے اور چھنگلیا پر لپیٹ کر اکٹھی کرتے ہیں ؛

تکلّف (ع۔مذ) بناوٹ۔ ظاہرداری۔ تکلیف اٹھا کر کوئی کام کرنا ؛

تکلّف کرنا (و) تکلیف سے کوئی کام کرنا۔ شرم کرنا۔ آراستہ کرنا۔

تکلّم (ع۔مذ) کلام کرنا۔ بات کرنا ؛

تکلیف (ع۔مث) دکھ۔ رنج۔ محنت (جمع تکالیف) ؛

تکمِلہ (ع۔مذ)۔ ضمیمہ۔ تتمہ ؛

تُکمہ (ف۔مذ) فارسی میں گھنڈی کو کہتے ہیں۔ اردو میں اس حلقے کو کہتے ہیں۔ جس میں گھنڈی لٹکتی ہے ؛

تکمیل (ع۔مث)۔ پورا کرنا۔ کمال کو پہنچانا ؛

تکنا (ہ) دیکھنا۔ گھورنا۔ غور سے دیکھنا۔ ٹکٹکی باندھنا ؛

تکھارنا (ہ) دلیل سے ثابت کرنا۔ تیسری مرتبہ ہل چلانا ÷

تکا (ع۔ (تکہ۔ عربی میں ازار بند۔ فارسی میں لقمہ۔ ہر چیز کا ٹکڑا) مذ۔ گوشت کا ٹکڑا۔ گوشت کی بوٹی۔ مثل۔ اس اللہ سے جیسے حرامی کا تکا ÷

تکا اُتارنا۔ گوشت صدقے کر کے چیلوں کو کھلانا ÷

تکا بوٹی کرنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ (کنایتہً) بانٹ لینا ÷

تکوں کے کباب۔ پارچوں کے کباب ÷

تکے لگانا۔ کباب لگانا۔ (کنایتہً) چھیڑنا۔ مرچیں لگانا ÷

تکینی (ہ۔ مث) چھوٹا تکیہ ÷

تکیہ (ف۔ مذ) سرہانا۔ آرام کی جگہ۔ سہارا۔ بھروسہ ÷

تکیہ کرنا (و) بھروسہ کرنا۔ اعتبار کرنا ÷

تکیۂ کلام (ف) کوئی لفظ جو کسی شخص کی زبان سے بار بار نکلتا ہے ÷

تکیہ لگانا (و) سہارا لگا کر بیٹھنا ÷

تکیہ (ہ۔ مذ) فقیر کے رہنے کی جگہ۔ فقیر کا گھر۔ گورستان ÷

(ت۔ گ)

تگاپو (ف۔ مث) دوڑ دھوپ۔ جلدی جلدی آمد و رفت کرنا۔

تگڈم (ہ۔ مذ) تین آدمیوں کا میل۔ تین چیزوں کا مل جانا ÷

تگرگ (ف۔ مذ) اولا۔ ژالہ ÷

تگنا (ہ۔ س) تین گنا۔ سہ چند ÷

(ت۔ ل)

تل (ف۔ مذ) ایک بیج جس کا تیل نکلتا ہے۔ وہ سیاہ نقطہ جو جسم کے کسی مقام پر ہوتا ہے ÷

تل اوٹ پہاڑ (مثل) بیحد آسان ہے۔ ظاہر میں مشکل فی الحقیقت آسان ہے ÷

تِل برابر (و) بہت کم. ذرا سا ؛

تِل دھرنے کو جگہ نہ ہونا (ہ) بہت بھیڑ ہونا۔ کوئی جگہ نہ ہونا ؛

تلنگری (ہ۔ مث) گزک (ک کے سلون سے زیادہ صحیح ہے ؛

تلکٹ (ہ۔ مذ) تل کُٹا ؛

تُلا (ہ۔ مذ) جوتی کا نچلا حصہ۔ پیندا

تُلاوان (ہ۔ مذ) اپنے تول کے برابر خیرات ؛

تَلاش (ف۔ مث) کوشش ڈھونڈنا

تلاشِ معاش (ف۔ مث) روزی کی تلاش

تلاشی (ف۔ مث) کسی چیز کو ڈھونڈنے کے لئے گھر بار دیکھنا ؛

تلاطُم (ع۔ مذ) موجیں اُٹھنا۔ جوش ؛

تلافی (ع۔ مث) کمی یا نقصان کا پورا کرنا۔ بدلہ ؛

تلافیِ مافات {ع۔ (تلافی ؛ مافات = جو فوت ہوگیا) مث} پاداش، مکافات۔ معاوضہ ؛

تِلاوت (ع۔ مث) پڑھنا۔ قرآن شریف کا مطالعہ کرنا ؛

تلبیس (ع۔ مث) دھوکا دینا۔ فریب دینا ؛

تلپٹ (ہ۔ ص) خراب۔ تباہ۔ گم آنکھوں سے غائب مویشیوں کی رندی ہوئی فصل ؛

تلچھٹ {ہ۔ دہلی میں مونث۔ اور لکھنؤ میں مذکر (تل = تلے = نیچے، چھٹ، چھوٹا سے)} وہ چیز جو پانی کی تہ میں بیٹھ جاتی ہے۔ شراب کا میل ؛

تلخ (ف۔ ص) ناپسند۔ کڑوا۔ بد مزہ۔ بُرا ؛

تلخی (ف۔ مث) کڑواہٹ۔ سختی ؛

تُلسی (س۔ مث) ایک پردے کا نام ہے جسے ہندو لوگ متبرک سمجھتے ہیں۔ مشہور شاعر کا نام ہے ؛

تلف (ع۔ مذ) ہلاک ہونا۔ ضائع تباہ ؛

تلفظ (ع۔ مذ) کسی لفظ کا زبان سے ادا کرنا۔ لہجہ ÷

تلقین (ع۔ مث) تعلیم دینا۔ کھانا۔ سُنانا ÷

تلک (ہ۔ مذ) تشقہ۔ سُرخ یا سندوری رنگ کا ٹیکا۔ جو ہندو لوگ ماتھے پر لگاتے ہیں۔ ہندوؤں کے ایک مشہور لیڈر کا نام ہے۔

تلملانا (ہ) تڑپنا۔ بیقرار ہونا ÷

تلمیح (ع۔ مث) شعر میں کسی قصہ کی طرف اشارہ کرنا ÷

تلمیذ (ع۔ مذ) شاگرد طالب علم ÷

تلنگا (ہ۔ مذ) سپاہی ÷

تلنا (ہ) کڑھائی میں تیل یا گھی ڈال کر کوئی چیز پکانا ÷

تُلنا (ہ) تیار ہونا۔ کسی کام پر آمادہ ہونا۔ وزن ہونا ÷

تلوا (ہ۔ مذ) پاؤں کے نیچے کا حصہ ÷

تلوا کھجلانا (ہ) سفر کا شگون ہونا ÷

تلوار (ہ۔ مث) لوہے کا خمدار تیز ہتھیار۔ تیغ ÷

تلوار برسنا (ہ) بہت تلوار چلنا۔ سخت لڑائی ہونا ÷

تلوار چلنا (ہ) جنگ ہونا۔ کشت و خون ہونا ÷

تلوار سونتنا (ہ) تلوار کھینچنا ÷

تلوّن (ع۔ مذ) رنگ بدلنا۔ ایک بات پر قائم نہ رہنا

تلے (ہ) نیچے۔ ماتحت ÷

(ت۔م)

تُم (ہ۔ ضمیر مخاطب) تو کی جمع۔ آپ حاضر کے لیے ÷

تم جانو (ہ) تمہیں واقف ہو۔ تمہیں ذمہ دار ہو (۲) گویا ÷

تماچا (ہ۔ مذ) تھپڑ ÷

تماشا (ف۔ مذ) دیکھنا۔ سیر۔ اکھاڑا دل لگی۔ عجیب و غریب ÷

تماشا گاہ (ف۔ مث) سیر گاہ۔ اکھاڑے کی جگہ ÷

تماشائی (ف۔ مذ) تماشا دیکھنے والا سیر دیکھنے والا ÷

تماشبین (ف۔مذ) بدکار۔ آوارہ عیاش تماشا دیکھنے والا۔
تماشبینی (ف۔مث) بدکاری۔ رنڈی بازی ۔
تمارُض {ع (رض ۔ بیمار ہونا) مذ} بیمار بننا ۔
تمازت (عربی لفظ تموز سے فارسیوں نے بنالیا ہے۔ مث) گرمی ۔ شدّت کی گرمی ۔
تمام (ع۔ص) پورا ۔ کامل ۔
تمامتر (ف) بالکل۔ محض ۔
تمام وکمال (ع۔ص) سب کا سب کُل کا کُل ۔
تمام ہونا۔ پورا ہونا۔ مرجانا ۔
تمباکُو (و۔مذ) پان میں کھانے کا تمباکو۔ زردہ ۔
تمباکُو (و۔مذ) مشہور پودا ہے۔ جس کے پتے حقّے میں پیتے ہیں۔ اصل انگریزی لفظ (Tobacco) ہے۔
تمتّع (ع۔مذ) فائدہ اُٹھانا ۔

تمتمانا (ہ) دھوپ کی گرمی یا بخار کے باعث چہرہ۔ گال یا مُنہ سُرخ ہو جانا ۔
تمتماہٹ (ہ۔مث) چہرے کی سُرخی جو دھوپ یا تپ کی شدّت سے ہو۔ وہ چمک اور سُرخی جو ورم کی وجہ سے پیدا ہو جاتی ہے ۔
تمثال (ع۔مث) پیکر۔ صُورت (مجازاً) فرمان شاہی ۔
تمثیل (ع۔مث) مثال دینا۔ تشبیہ۔ نظریہ ۔
تمدّن {ع (مدینہ۔ شہر) مذ} بُود وباش انتظام شہر۔ لوگوں کا اکٹھا ہو کر رہنا ۔
تمر (ع۔مث) کھجُور۔ خرمہ ۔
تمرہندی (ع۔مث) املی کا درخت۔ اور اس کا پھل ۔
تمرستان (ف۔مذ) خرمے کا باغ۔
تمرّد (۔مذ) سرکشی۔ لجاجت۔ ضد ڈھٹائی۔ خودسری ۔

تمرین (ع۔مذ) عادت ڈالنا خوگر ہونا۔ مشق ؛

تمسخر (ع۔مذ) مسخراپن۔ ٹھٹھول ؛

تمسک (ع۔مذ) لغوی معنی گرفت۔ پکڑ مضبوطی سے پکڑنا۔ اصطلاح میں مدیون کا مقروض کا دامن یا قرضخواہ کے حق میں لکھی ہوئی۔ نوشت

تمغہ (ت۔مذ) عزت کا نشان۔ سونے چاندی کا میڈل جو بطور انعام دیا جائے ؛

تمکنت (ع۔مث) شان و شوکت۔ عزت۔ اختیار۔ غرور ؛

تملق (ع۔مذ) خوشامد۔ چاپلوسی ؛

تملیک (ع۔مث) سونپنا۔ مالک کردینا ؛

تملیک نامہ (ع۔مذ) مالک بنانے کی تحریر ؛

تمن (ت۔مذ (مخفف تومان کا جس میں واؤ اور الف غیر ملفوظ ہیں) مذ ؟ ایک طلائی سکہ۔ رسالہ

جسمیں سو سوار ہوتے ہیں ؛

تمندار (ف۔مذ) رسالدار ؛

تمنا (ع۔مث) خواہش۔ آرزو۔ شوق ؛

تمنچہ (ف۔مذ) پستول (داغنا)

تموج (ع۔مذ) لہریں اٹھنا۔ جوش ؛

تمول (ع۔مذ) مالدار ہونا۔ دولتمندی ؛

تمہید (ع۔مث) ابتداء۔ آغاز۔ کسی کتاب کا دیباچہ ؛

تمیز (ع۔مث) شناخت۔ فرق۔ عقل۔ ادب (اصل میں عربی لفظ تمیز تھا۔ ایک سی خدمت کردی گئی ہے) جو لفظ یا الفاظ کی اسم مفرد یا جملے سے شک و ابہام کو دور کریں ان کو تمیز یا ممیّز کہتے ہیں اور جس سے دور کریں اس کو ممیَّز مبہم کہتے ہیں۔ جیسے چھ شتر دو آدمی۔ ان میں شتر اور آدمی تمیز ہیں ؛

(ت۔ن)

تن (ت۔مذ) جسم۔ بدن

جثہ ؛
{انسان کا بدن}
تن و توش {ف ا تن + توش = سینہ۔ طاقت) مذ} بدن اور توانائی۔ قوت۔ فربہ۔ بدن ؛
تن آسان (ف۔ص) آرام طلب۔ آدمی۔ تن پرور ؛
تن آسانی (ف۔مث) آرام طلبی ؛
تن پرور (ف۔ص) آرام طلب ؛
تن پروری (ف۔مث) جسمانی تکلیف سے بچنا۔ آسائش ؛
تن تنہا (ف) اکیلا ؛
تن۔من۔دھن (ہ۔مذ) جسم۔جان اور دولت ؛
تنازع (ع۔مذ) جھگڑا۔ جھگڑا کرنا ؛
تنازع للبقا (ع۔مذ) زندگی کے لیے جنگ۔ حیوانات اور نباتات میں زندہ رہنے کے لیے جو کشمکش جاری ہے۔ کشمکش حیات ؛
تنازعات (ع۔مذ۔ج) (واحد تنازع)

تنازعہ (ع۔مذ) جھگڑا ؛
تناسب (ع۔مذ) آپس میں نسبت رکھنا۔ خوبصورتی۔ موافقت ؛
تناسخ (ع۔مذ) روح کا ایک جسم سے دوسرے جسم میں آنا۔ جون بدلنا۔ آواگون ؛
تناسل (ع۔مذ) نسل بڑھانا۔ اولاد پیدا کرنا ؛
تنافر (ع۔مذ) بھاگنا۔ نفرت کرنا۔ ثقیل الفاظ کا جمع ہونا ؛
تناول {ع (نیل = حاصل کرنا) مذ} کھانا نوش کرنا ؛
تنبول {ف (بروزن مفعول) اردو اور ہندی میں بواو مجہول۔ مذ} پان۔ شادی بیاہ کے موقع پر شادی والے کو جو نقد روپیہ دیا جاتا ہے۔ اسے بھی تنبول کہتے ہیں۔ نیوتہ ؛
تنبولن (ہ۔مث) پان بیچنے والی عورت ؛
تنبولی (ہ۔مذ) پان بیچنے والا مرد ؛

تنبیہ (ع۔ مث) آگاہ کرنا۔ جھڑکی ملامت
تُن تُن (ہ۔ مث) ستار۔ طنبورہ وغیرہ کی آواز ۔
تُنتُنی (ہ۔ مث) سارنگی۔ دوتارا ۔
تنخواہ (ف (تن = جسم۔ خواہ = طلب) مث) مشاہرہ۔ طلب ۔
تنخواہ دار (ف۔ مذ) ملازم۔ نوکر ۔
تُند (ف۔ مں) تیز۔ سخت۔ غضبناک ۔
تُند خو (ف۔ مں) بدمزاج۔ بدعادت۔
تندرست (ف۔ مں) صحیح سالم۔ بھلاچنگا ۔
تندرستی (ف۔ مث) صحت۔ سلامتی۔
تندہی (ف۔ مث) توجہ۔ محنت ۔
تُندی (ف۔ مث) سختی۔ تیزی۔ غصہ۔
تُندیل (ہ۔ مں۔ مادہ توند) بڑے پیٹ والا۔ تنومند ۔
تنزُّل (ع۔ مذ) گھٹاؤ۔ زوال۔ کمی ۔
تنسیخ (ع۔ مث) ردکرنا۔ منسوخ کرنا ۔
تنصیف (ع۔ مث) نصف نصف کرنا۔ دو برابر حصوں میں تقسیم کرنا۔

تنظیم (ع (نظم = پرلانا) مث) انتظام سنگٹھن۔ اتحاد ۔
تنفس (ع۔ مذ) سانس لینا۔ دم لینا۔ ہانپنا ۔
تنقیح (ع۔ مث) صاف کرنا۔ خالص کرنا ۔
تنقید (ع۔ مث) اچھے بُرے کی تمیز کرنا۔ جانچ (اردو والوں کا بنایا ہوا لفظ۔ عربی نہیں۔ دیکھو انتقاد) ۔
تنقیص (ع۔ مث) کم کرنا۔ نقصان اعراض ۔
تنقیہ (ع (نقی = پاک کرنا) مذ) آنتوں کو صاف کرنا۔ جلاب لینا۔ صاف کرنا ۔
تنقیہ دماغ (ف۔ مذ) جلاب دینا۔ جس سے دماغ کے فاسد مادے خارج ہو جائیں ۔
تنقیہ کاہل (ف۔ مذ) ایسا جلاب لینا۔ جس سے سارے بدن کے فاسد مادے خارج ہو جائیں ۔

تُنک (ہ.مں) گنوار) ذرا ذرا سا
تھوڑا۔ چھوٹا ؛

تُنک (ف.مں) خفیف۔ پتلا۔ کم۔ کمزور۔
تنگ۔ بے حقیقت ؛

تُنک ظرف (ف.مں) اوچھا۔ کم حوصلہ۔
پیٹ کا ہلکا۔ جس سے بات
نہ پچے۔ جو بہت شراب
نہ پی سکے۔ سادہ۔ بے وقوف
چغل خور ؛

تُنک مزاج (ف.مں) نازک مزاج۔
چڑچڑا ؛

تِنکا (ہ.مذ) گھاس وغیرہ کا ذرہ سا ٹکڑا ؛

تنکا نہ رہنا (و) کچھ نہ رہنا۔ مفلس
ہو جانا ؛

تنکے چُننا (باؤلا ہو جانا۔ آوارہ
پھرنا ؛

تنکے چنوانا (و) ذلیل کرنا۔ آوارہ
کرنا ؛

تنکے کا سہارا (ہ) ذرا سا سہارا۔
ذرا سا بہانہ ؛

تنکے کو پہاڑ کر دکھانا (و) ذرا سی
بات کو بہت بڑا کرنا۔ مبالغہ
کرنا ؛

تَنگ [ف (ہ سہ تمشترا) س
تنچ (سمیٹنا) مں] سکڑا ہوا۔ کم۔
غریب۔ لاچار ؛

تنگ آنا (و) مجبور ہونا۔ عاجز آنا ؛

تنگ حال (ف.مں) محتاج۔ مفلس۔
سخت بیمار ؛

تنگ حوصلہ (ف.مں) کم حوصلہ۔ کم ظرف ؛

تنگدست (ف.مں) مفلس۔ غریب ؛

تنگدستی (ف.مں) ناداری۔
افلاس ؛

تنگدِل (ف.مں) کنجوس۔ کم حوصلہ ؛

تنگ کرنا (و) دق کرنا۔ تکلیف دینا۔

تنگ نظر (ف.مں) کم نظر۔ کم حوصلہ۔
اوچھا ؛

تنگی (ف.مث) سختی۔ غریبی۔
مفلسی ؛

تنگی ہونا (و) کمی ہونا۔ مصیبت ہونا۔

تنگیاب (ف ۔ مس) کم یاب ۔ نادر ۔ جو چیز کم ملے ÷

تَنُّور (ف (ع ۔ تنُّور) مذ) روٹی پکانے کی جگہ ÷

تَنُومند (ف (تن (جسم) واؤ زائدہ ۔ صاحب) ص) طاقتور ہٹا کٹا ÷

تنوین (ع ۔ مث) کسی حرف پر دو زبر یا زیر یا پیش لگاکر نون کی آواز پیدا کرنا ۔ جیسے نسلاً بعد نسل ۔ اس کا تلفظ نسلن اور نسلِن ہے ۔ مگر نون لکھنے میں نہیں آتا ÷

تنہا (ف ۔ مث) اکیلا ÷

تنہائی (ف ۔ مث) علیحدگی ۔ جدائی

(ت ۔ و)

تو (ہ) واحد حاضر کے لئے ÷

تو (ہ) تب ۔ پھر ÷

تو تو ۔ میں میں (ہ) جھگڑا ۔ گالی گلوچ ÷

تَوَابِع (ع ۔ مذ ۔ ج) (واحد تابع) ÷

تَوَاتُر (ع ۔ مذ) پے در پے لگاتار ۔ (مجازاً) کسی بات کا لوگوں کی زبانی وقتاً فوقتاً مذکور ہوتے رہنا ÷

تَوارُد (ع ۔ مذ) دو شخصوں کا ایک ہی ہی جگہ اُترنا ۔ دو شخصوں کو ایک ہی خیال سُوجھنا ۔ دو شخصوں کا اتفاقاً ایک ہی مصرع یا شعر یا ایک ہی مضمون کا شعر کر دینا ÷

تَوارِیخ (ع ۔ مث ۔ ج) (واحد تاریخ) ÷

تَواضُع (ع ۔ مث) خاطر مدارت آؤ بھگت مہمانداری ۔ نذر ÷

تَواضُعِ سمرقندی (ف ۔ مث) ظاہرداری کی آؤ بھگت ÷

تَوأَم (ع ۔ مس) جُڑواں (۱) دو بچے جو ایک ساتھ پیدا ہوں ۔ (۲) بُرجِ جوزا ÷

تُواں (ف ۔ مث) قدرت ۔ طاقت ÷

تُوانا (ف ۔ ص) طاقت ور ۔

تُوانگر (ف ۔ ص ۔ تواں وطاقت گر کلمہ فاعلیت) دولتمند ۔ مالدار (اس میں الف لکھا جانا ضروری ہے پڑھا جانا ضروری نہیں ۔

توانائی (ف ۔ مث) طاقت ۔ قدرت ۔

توبہ (ع ۔ مث) گناہ چھوڑنا ۔ زور دیتے وقت توباہ کہتے ہیں ۔ اور اس کی جمع توبائیں آتی ہیں ۔

توبہ کرنا (و) آئندہ گناہ نہ کرنے کا عہد کرنا ۔

توبہ ہی بھلی (و) اس سے تو توبہ ہی اچھی ہے ۔ یہ کام نہ کرنا ہی اچھا ہے

توبیخ (ع ۔ مث) تنبیہ کرنا ۔ ملامت کرنا ۔ جھڑکنا ۔

توپ (ت ۔ مث) ۔ گولہ چلانے کی مشین ۔

توپچی (ف ۔ مذ) توپ سے گولہ چلانے والا ۔

توپ خانہ (ف ۔ مذ) توپوں کے رکھنے کی جگہ ۔ میگزین ۔

توت (ع ۔ مذ) مشہور درخت ہے ۔ شہتوت ۔

توجُّہ (ع ۔ مث) دھیان ۔ خیال ۔ مہربانی

توجیہہ (ع ۔ مث) وجہ ۔ سبب ۔ وجہ بیان کرنا ۔ سبب ظاہر کرنا ۔

توحید (ع ۔ مث) خدا تعالےٰ کو ایک جاننا ۔

تودہ (ف ۔ مذ) انبار ۔ ڈھیر ۔ ٹیلہ ۔

تورہ (تورہ بر وزن معدلہ بمعنی رسم ۔ دستور العمل (مجازاً) چنگیز خاں کا قانون) مذ (۱) شرع ۔ منت حکم شاہی (۲) مختلف اقسام کے لذیذ کھانے جو خوانوں میں لگا کر تقسیم کرتے ہیں (۳) غرور ناز ۔ عزت ۔

تورہ بندی (ف ۔ مث) شادی کی تقریب پر تورہ تقسیم کرنیکی رسم ۔

تورہ پوش (ف ۔ مذ) خوان پوش ۔

تورے دار (و ۔ مذ) معزز لوگ جن کو بادشاہ کے ہاں سے تقریب کا کھانا بھیجا جاتا تھا ۔

توریت (ع۔ امذ۔ مث) آسمانی کتاب جو حضرت موسیٰؑ پر اتری تھی ؛

توڑ جوڑ (ہ۔ مذ) تراش خراش۔ داؤ۔ پیچ۔ چال ؛

توڑ (ہ۔ مذ) شکستگی۔ شگاف ؛

توڑنا (ہ) پھوڑنا الگ کرنا۔ کاٹنا ؛

توزک (ت۔ مث) انتظام۔ شان و شوکت۔ بادشاہ کا خود نوشت روزنامچہ

توسُّل (ع۔ مذ) سفارش۔ وسیلہ۔ ذریعہ۔

توسَن (ف۔ مذ) گھوڑا بالخصوص جو سرکش ہو ؛

توسیع (ع۔ مث) وسعت دینا۔ فراخ کرنا۔ کشادگی۔

توشک (ت۔ مث) نیپالی و ترکی الاصل لفظ ہے۔ ترکی میں تُشیک ہے۔ اُردو میں واؤ مجہول آتا ہے۔ روئی دار بچھونا ؛

توشہ (ف۔ مذ۔ توش = قوت، ہ نسبتی) سفر کے لیے کھانے پینے کی چیز زادراہ۔ وہ کھانا جو مُردے کے ساتھ لے جاتے ہیں اور گورکن کو دیدیتے ہیں ؛

توشے خانہ (ف۔ توشک مذ) امیروں کے ہاں کپڑے زیورات وغیرہ رکھنے کے مکان پارچہ خانہ ؛

توصیف (ع۔ مث) وصف بیان کرنا تعریف کرنا ؛

توضیح (ع۔ مث) وضاحت کرنا۔ کسی بات کو اچھی طرح بیان کرنا۔ مالگزاری کا نقشہ ؛

توغُّل (ع۔ مذ) پوری پوری مشق کرنا۔ ایک ہی کام میں لگے رہنا ؛

توفیق (ع۔ مث) قدرت۔ ہدایت۔ مدد ؛

توقُّع (ع۔ مث) امید۔ بھروسہ ؛

توقُّف (ع۔ مذ) دیر۔ ڈھیل۔ سوچ ؛

توقیر (ع۔ مث) عزت۔ وقار۔ تعلیم ؛

توقیع (ع۔ مذ) فرمان شاہی۔ شاہی دستخط ؛

توکُّل (ع۔ مذ) خدا پر بھروسہ کرنا ؛

تولُّد (ع۔ مذ) پیدائش۔ جنم ؛

تولنا (ہ) جانچنا۔ وزن کرنا ؛

تولیا (ز، و) (پرتگالی لفظ ٹولہو کا بگڑا ہوا ہے) مذکر اور مؤنث دونو طرح آتا ہے} کھُردرے کپڑے کا رومال وغیرہ۔ بدن پونچھنے کے لئے رُوئیں دار کپڑا ؛

تولید (ع۔ مث) پیدا کرنا۔ پیدائش ؛

تونبا (ہ۔ مذ) خشک کدو جس کو اندر سے خالی کر کے کشکول بنا لیتے ہیں اور ستار وغیرہ میں بھی لگاتے ہیں ؛

توند (ہ۔ مث) بڑا پیٹ ؛

تونگر (ف۔ ص) دیکھو (تونگر) ؛

توہم (ع۔ مذ) وہم۔ شک و شبہ وسواس ؛

توہین (ع۔ مث) ہتک کرنا۔ بے عزتی کرنا ؛

توئی (ہ۔ مث) دائیں، مُہری، دوپٹوں اور رضائیوں پر لگانے کی بیل ؛

(ت۔ ہ)

تہ (ف۔ مث) نیچے۔ پیندا ؛

تہ بازاری (ع۔ مث) بازار گاہ۔ عام محصول ؛

تہ بند (ف۔ مذ) شلوار کی بجائے باندھنے کی چادر۔ لنگی۔ دھوتی۔

تہ جمانا (ر) ایک دوسرے کے اوپر چیزیں رکھنا ؛

تہ خانہ (ف۔ مذ) زمین کے نیچے کا مکان یا کمرہ۔

تہ کرنا (و) کپڑے وغیرہ کو لپیٹنا ؛

تہ نشین ہونا (ر) تلے بیٹھ جانا۔

تہ و بالا (ف) نیچے اوپر۔ الٹ پلٹ۔

تہ و بالا کرنا (ر) زیر و زبر کرنا۔ برباد کرنا۔

تھاپ (ہ۔ مث)۔ تھپکی۔ تھپڑ۔ طبلہ کی آواز۔ شیر کی تھپکی۔ پہلوان کی تھپکی ؛

تھاپی (ہ۔ مث) کرکٹ کھیلنے کا بیٹ یا ٹینس کا کٹ ؛

تھال (ہ۔ مذ) پیتل یا تانبے کی بڑی تھالی ؛

تھالی (ہ۔ مث) تانبے پیتل یا کانسی

کی چھوٹی رکابی۔ تشتری ؛
تھامنا (ہ) پکڑنا۔ روکنا۔ سنبھالنا ؛
تھان (ہ) جگہ۔ مقام۔ گھوڑا باندھنے کی جگہ۔ کپڑے۔ گوٹے۔ چمڑے کی معینہ مقدار ؛
تھانگ (ہ۔ مث) چوروں کا گھر۔ کھوج۔ سُراغ۔ بھید ؛
تھانگی (ہ۔ مذ) چوروں کا مددگار ؛
تھانہ (ہ۔ مذ) کوتوالی۔ پولیس کی چوکی ؛
تھانیدار (ہ۔ مذ) کوتوال۔ تھانے کا بڑا افسر۔ سب انسپکٹر پولیس ؛
(Sub inspector police)

تھاہ (ہ۔ مث) تہ۔ گہرائی۔ انجام ؛
تہائی (ہ۔ مث) تیسرا حصّہ ؛
تھپڑ (ہ۔ مذ) طمانچہ۔ لپڑ (لگانا۔ کھانا۔ مارنا۔ دنیا کے ساتھ ہوا کا جھونکا ؛
تھپکنا (ہ) بچے کو سُلانے کے لئے ہاتھ سے آہستہ آہستہ تھپکی دینا ؛
تھپکی (ہ۔ مث) ہاتھ سے آہستہ آہستہ ضرب لگانا ؛
تھپتی یا تھتی (ہ۔ مث) ڈھیر۔ انبار۔
تہجّد (ع۔ مث) لغوی معنی۔ رات کو جاگنا۔ آدھی رات کو جو نماز پڑھی جاتی ہے ؛
تہجّی (ع۔ مث) ہجے کرنا۔ الگ الگ حروف پڑھنا ؛
تہدید (ع۔ مث) ڈرانا۔ دھمکانا ؛
تہذیب (ع۔ مذ) شائستگی۔ لیاقت ؛
تھرانا (ہ) کانپنا۔ لرزنا ؛
تھر۔ تھر (ہ) ڈرنا۔ ڈر سے کانپنا۔ لرزہ ؛
تھرتھراہٹ (ہ۔ مث) کپکپی۔ لرزہ ؛
تھرڈ (Third) (انگ۔ ص) تیسرا ؛
تھرڈ کلاس (Third class) (انگ۔ مث) تیسرا درجہ۔ تیسری جماعت ؛
تھرڈ پرسن (Third Person) (انگ۔ مذ) غیر آدمی صیغہ غائب ؛
تھرم (Therm) (انگ۔ مث)

گرمی کی اکائی ۔

تھرمامیٹر (Thermometer) (انگ۔مذ) بخار دیکھنے کا آلہ۔حرارت پیمائش۔پیما ۔

تھرموس فلاسک (Thermos Flask) (انگ۔مث) ایک قسم کی دوہری بوتل۔جس میں گرم چیز دیر تک گرم رہتی ہے اور سرد چیز سرد رہتی ہے ۔

تھُڑولا (ہ۔ص) کمزور دل۔کنجوس ۔

تھُڑنا (ہ) کم ہونا۔ختم کرنا ۔

تھکاماندہ (ہ۔ص) عاجز۔تھکا ہوا۔

تھکنا (ہ) کام کرتے کرتے عاجز ہو جانا۔ماندہ ہونا ۔

تھکانا (ہ) ماندہ کرنا۔سخت محنت لینا۔ہرانا

تھکن (ہ۔مث) تکان۔ماندگی۔کوفتگی ۔

تھگلی (ہ۔مث) ۔پیوند۔جوڑ ۔

تھگلی لگانا (کنایۃً) رسائی پیدا کرنا۔خبر لانا۔چالاکی کرنا۔پیوند لگانا ۔

تھَل (ہ۔مذ) خشک اور ریتیلی زمین ریگستانی شیر کے رہنے کا مقام ۔

تھلتھلانا (موٹاپے کے مارے بدن کا ہلنا ۔

تہلکہ (ع۔مذ) شور۔ہلاکت۔تباہی ۔

تہلکہ پڑنا (و) کہرام مچنا ۔

تہمت (ع۔مث) الزام۔بہتان۔

تہمت دھرنا (و) عیب لگانا ۔

تہمت کا گھریاٹی (و) بدنامی کی جگہ ۔

تہمتن (ف۔مذ) بڑے جثے یا بدن کا آدمی۔دلیر۔شجاع۔رستم کا لقب ۔

تھمنا (ہ) رُکنا۔ٹھیرنا ۔

تھَن (ہ۔مذ) گائے بھینس کے پستان ۔

تہنیت (ع۔مث) مبارک باد کہنا۔مبارکباد کا خط ۔

تہنید (ع۔مث) کسی غیر زبان کے لفظ کو ہندی بنالینا۔جیسے فارسی کے دل سے ڈھول اور انگریزی کے لارڈ سے لاٹ ایسے لفظ کو مہند کہتے ہیں ۔

تھو (ہ۔مث) تھوکنے کی آواز۔برا۔نفرت۔

تھو تھو کرنا (ہ) لعنت کرنا ۔
تھو تھو ہونا (ہ) تھڑی تھڑی ہونا۔ بدنامی ہونا۔
تھوپنا (ہ) لیپنا۔ ڈھیری لگانا۔ ذمّے لگانا ۔
تھوتنی (ہ۔مث) گھوڑے۔ اونٹ۔ ریچھ یا سوّر کا منہ (تحقیراً) انسان کا منھ ۔
تھوتھا (ہ۔ص) اندر سے خالی۔ بے مغز۔ کھوکھلا ۔
تھوتھا چنا باجے گھنا (ہ) ناحق شیخی بگھارنا۔ ڈھول کی طرح اندر سے خالی مگر آواز بلند ۔
تہوّر (ع۔مذ) بہادری۔ مردانگی ۔
تھوڑا (ہ۔ص) کم۔ ذرا سا ۔
تھوڑا بہت (ہ) کسی قدر تھوڑا سا ۔
تھوڑا ہی (ہ) ہرگز نہیں۔ بالکل نہیں ۔
تھوڑی۔ یہ کلمہ استفہامیہ انکاری کا کام دیتا ہے۔ جیسے۔ میں اُنھیں تھوڑی دیتا ہوں ۔
تھوک (ہ۔مذ) اکٹھا۔ ڈھیر۔ یک مُشت۔ جھبہّ ۔
تھوک فروش (ہ۔مذ) اکٹھا مال بیچنے والا۔ خوردہ فروش کی ضد۔
تھوک (ہ۔مث) منہ کا لعاب۔ رال ۔
تھوک کے چاٹنا (ہ) اقرار سے پھر جانا ۔
تھوکنا (ہ) منہ کا لعاب پھینکنا۔ لعنت کرنا ۔
تھوہر (ہ۔مذ) ایک کانٹے دار زہریلا پودا ہے۔ جس کے پتوں سے دُودھ بھی نکلتا ہے ۔
تھیٹر (Theater) (انگ۔مذ) تماشہ گاہ۔ ناچ گھر ۔
تھینکس (Thanks) (انگ۔مذ) شکریہ۔ مہربانی ۔
تھینکس ادا کرنا (و) شکریہ ادا کرنا ۔
تھیوری (Theory) (انگ۔مث) اصول۔ نظریہ۔ خیال ۔
تہیّہ (ع۔مذ) ارادہ۔ تیاری ۔
تہی (ف۔ص) جسمیں کچھ نہ ہو ۔

(ت۔ی)

تیّار (ع۔ص) آمادہ۔ پورا۔ پختہ۔
موٹا تازہ ؛

تیّار کرنا (و) درست کرنا۔ پورا کرنا۔
موٹا تازہ کرنا ؛

تیّار ہونا (و) آمادہ ہونا۔ پکنا۔ ختم
ہونا ؛

تیّاری (و۔مث) آمادگی۔ سامان وغیرہ
مکمل کرنا ؛

تیاگنا (ص) چھوڑنا۔ ترک کرنا۔ طلاق
دینا۔

تیر (ف۔ اوستا تزی اس تیبھری)
مذ) ناوک۔ پیکان۔ سیدھی
لکڑی ؛

تیراندازی (ف۔مث) تیر مارنا۔

تیرانداز (ف۔مذ) تیر مارنے والا ؛

تیر بہدف (ف۔ص) بے خطا۔ نہ
چوکنے والا ؛

تیر تکوں پر گزرا (و) گزران ہونا۔
(و) دوبدو پھر کر گزارہ ہونا ؛

تَیراک (ہ۔مذ) تیرنے والا۔ فصحائے
لکھنؤ پیراک بولتے ہیں ؛

تیرتھ (ہ۔مذ) گھاٹ۔ پاک جگہ۔ ہندوؤں
کی یاترا کی متبرک جگہ جیسے
ہردوار۔ بنارس وغیرہ ؛

تیر جانا (تلوار کا) تیزی سے پھر جانا۔
کاٹ ڈالنا ؛

تیرگی (ف۔مث) سیاہی۔ اندھیرا ؛

تیرہ (ف۔ص) سیاہ۔ کالا ؛

تیز (ف۔ اوستا تیزی) س تیج)
ص) دھاردار۔ تلخ۔ چالاک۔
شریر۔ سخت گراں ؛

تیزاب (ف۔مذ) تیز عرق۔
ایسڈ ؛

تیزابی (ف۔ص) تیزاب کے متعلق
تیزاب سا ؛

تیزابی چاندی۔ وہ چاندی جو تیزاب
میں پڑ کر بھی خراب نہ ہو۔
خالص چاندی ؛ (و۔مث)

تیز رفتار (ف۔ص) جلدی جلدی
چلنے والا ؛

تیز کرنا (ہ) درست کرنا۔ غصّہ دلانا ؛

تیز گام (ف۔ص) تیز چلنے والا ؛

تیز مزاج (ف۔ص) غصّے والا۔ تُند مزاج ؛

تیزی (ف۔مث) سختی۔ غصّہ۔ جلدی

تیس مار خاں (و۔مذ) (طنزاً) بہادر آدمی ؛

تیسرا آنکھوں میں ٹھیکرا (و) دو آدمیوں کے بیچ تیسرا آدمی بُرا معلوم ہوتا ہے ؛

تیشہ (ف (ترکی میں تیش بمعنی ذات ہائے نسبتی) مذ) بسولا ؛

تیغ (ف۔مث) تلوار۔ شمشیر ؛

تیغا (ف۔مذ) چھوٹی تلوار ؛

تیغا کرنا (و) بند کرنا۔ اینٹ پتھر سے چُن دینا ؛

تیقُّن (ع۔مذ) یقین۔ اعتبار ؛

تیکھا (ہ۔ص) لکھنؤ میں یائے معروف سے اور دہلی میں یائے مجہول سے) تیز۔ ترچھا۔ بانکا۔ چالاک ؛

تیکھا ترچھا (ہ۔ص) بانکا ؛

تیکھی (ہ۔ص) ترچھی۔ بانکی ؛

تیکھی چتون نظر (ہ۔مث) ترچھی نظر۔ ٹیڑھی نگاہ ؛

تیل دیکھو تیل کی دھار دیکھو (و) دُنیا کا رنگ دیکھو۔ ہر کام خوب دیکھ بھال کے کرنا چاہیئے۔ معاملہ کو غور سے دیکھو۔

تیل نکالنا (ہ) روغن نکالنا۔ سخت محنت لینا۔ پسینے پسینے کر دینا۔ طاقت نکال لینا ؛

تیلن (ہ۔مث) تیلی کی مؤنث ؛

تیلی (ہ۔مذ) تیل نکالنے والا ؛

تیلی کے بیل کو گھر ہی پچاس کوس (ہ) غریب اور نادار آدمی کو گھر میں بھی دُکھ ہے ؛

تیلیا (ہ۔ص) تیل کے رنگ کو ؛

تیلی (ہ۔مث) بانس کی سینک سیخ ؛

تیماردار (ف۔مذ) بیمار کا علاج کرنے والا۔ ہمدرد ؛

تیمارداری (ف۔مث) بیمار کی

خبر گیری کرنا۔ دوا کرنا۔ مریض کا فوری علاج معالجہ کرنا۔ فرسٹ ایڈ ؛

تیمم (ع۔مذ) پانی نہ ہونے یا بیماری کی حالت میں پاک و صاف مٹی پر ہاتھ مار کر نماز کے لئے طہارت کرنا ؛

تیمّن ۔ (ع۔مذ) برکت لینا ؛

تین پانچ کرنا یا لانا۔ (تکرار کرنا۔ جھگڑا کرنا ؛

تین حرف بھیجنا (و) لعنت بھیجنا۔ چھوڑنا۔ ترک کرنا ؛

تین کانے۔ وہ تین کانے جو نرد بازی کے تین پانسوں سے ایک ایک ہوتے ہیں۔ جب پانسے پھینکنے سے یہ تینوں صفر پڑتے ہیں تو وہ داؤں گھٹ کا خیال کرتے ہیں۔ اسی وجہ سے ناکامی اور نامرادی کے موقعے پر اس کا استعمال ہوتا ہے (نوراللغات) ناکامیابی ؛

تین میں نہ تیرہ میں (ہ) کچھ پرسش نہیں۔ ذرا عزت نہیں ؛

تیندوا (ہ۔مذ) چیتا ؛

تیور (ہ۔مذ) بینائی۔ نظر۔ نگاہ کا انداز ؛

تیور بدلنا (ہ) قہر کی نگاہ سے دیکھنا ؛

تیور بگڑ جانا (و) علامتِ مرگ ظاہر ہو جانا (۲) نگاہوں سے دشمنی دیکھنا ؛

تیور آنا۔ آنکھوں میں اندھیرا آجانا۔

تیوری (ہ۔مث) ماتھے کے بل جو غصّے اور بد مزاجی سے پڑ جاتے ہیں ؛

تیوری چڑھانا (ہ) غصّے ہونا۔ چیں بہ جبیں ہونا ؛

تیوہار (ہ۔مذ) خوشی کا دن عید۔ جشن ؛

تیئں (ہ۔حرف) کو۔ واسطے لئے ؛

ٹ

ٹاپ (ہ۔مث) سُم۔ گھوڑے کے اگلے پاؤں کی ضرب۔ گھوڑے کے سُموں کی آواز ؛

ٹاپا (ہ۔مذ) مرغیوں کے بند کرنے کے لیے سرپوش کی شکل کی چیز ؛

ٹاپنا (ہ) گھوڑے کا اگلے پاؤں کو زمین پر مارنا۔ بیچین ہونا ؛

ٹاپو (ہ۔مذ) جزیرہ ؛

ٹاٹ (ہ۔مذ) سن یا سُونج کا بنا ہوا فرش ؛

ٹاٹ باف (ہ۔مذ) درد وز۔ کپڑے پر سونے چاندی کے تار ٹانکنے والا ؛

ٹاس کرنا (Toss) (انگ۔مذ) قرعہ اندازی کرنا۔ روپیہ یا پیسہ اوپر کو پھینک کر بازی کا فیصلہ کرنا ؛

ٹاکی (Talkie) (انگ۔مث) سینما کی وہ فلم جسمیں گفتگو بھی سُنائی دیتی ہے ؛

ٹال (ہ) بھس یا لکڑیوں کی دُکان۔ بہانہ ؛

ٹال مٹول (ہ۔مث) حیلہ۔ بہانہ۔

ٹالنا (ہ) بہانہ کرنا۔ ملتوی کرنا ؛

ٹانٹ (ہ۔مث) آدمی کی کھوپڑی۔ چندیا ؛

ٹانٹ پر ایک بال نہ رہنا سر پر بال نہ رہنا۔ نادار ہو جانا ؛

ٹانک (ہ۔مث) حصہ۔ اندازہ۔ آنک تشخیص۔ رتی کا وزن ؛

ٹانک لینا۔ (ہ۔مث) کسی رقم کو درج کر لینا ؛

ٹانک (Tonic) (انگ۔ص) مقوی۔ طاقت دینے والی دوا ؛

ٹانکا (ہ۔ مذ) سیون۔ دہات جوڑنے کا مسالہ ؛

ٹانکا اُدھیڑنا (ہ) سلائی کھولنا۔ راز فاش کرنا ؛

ٹانکنا (ہ) سینا۔ نتھی کرنا۔ شامل کرنا ؛

ٹانگ اَڑانا (ہ) دخل دینا ؛

ٹانگنا (ہ) لٹکانا۔ پھانسی دینا ؛

ٹانگیں پسار کے سونا۔ (ہ) بے فکر ہو کر سونا ؛

ٹائپ (Type) (انگ۔ مذ) سیسے کے ڈھلے ہوئے حروف طرز۔ روش ؛

ٹائپ رائٹر (Typewriter) (انگ۔ مذ) چٹھیاں چھاپنے کی مشین ؛

ٹائر (Tyre) (انگ۔ مث) موٹر بائیسکل وغیرہ کے پہیوں پر چڑھ جانے کا ربڑ ؛

ٹائپسٹ (Typist) (انگ۔ مذ) ٹائپ کرنے والا ؛

ٹائٹل (Title) (انگ۔ مذ) سرورق۔ خطاب ؛

ٹائٹل پیج (Title-Page) (انگ۔ مذ) سرورق ؛

ٹائم (TIME) (انگ۔ مذ) وقت ؛

ٹائم ٹیبل (Time-table) (انگ۔ مذ) نقشہ۔ تقسیم اوقات

ٹاؤن (Town) (انگ۔ مذ) قصبہ ؛

ٹاؤن ہال (Town hall) (انگ۔ مذ) کمیٹی گھر۔ میونسپل کمیٹی کے دفاتر ؛

ٹائیں ٹائیں (ہ) بکواس ؛

ٹائیں ٹائیں فش (ہ) باتیں بہت اور نتیجہ کچھ نہیں۔۔ ترکی تمام شد

ٹ ۔ ب

ٹب (Tub) (انگ۔ مذ) نہانے کا بڑا برتن۔ گھڑا ؛

ٹبّر (ہ۔ مذ فارسی تبار) بیوی بچے اہل و عیال ؛

ٹپا (ہ۔مذ) بگھی۔ تانگے وغیرہ کا سائبان ۔

ٹپّا (ہ۔مذ) کود پھاند۔ گیت (دکن) فراک خانہ ۔

ٹپ ٹپ (ہ) لگاتار آنسوؤں کے گرنے کی آواز ۔

ٹپس لگانا یا جمانا (ہ) مطلب نکالنے کا ڈھنگ ڈالنا ۔

ٹپکا (ہ۔مذ) بارش کا قطرہ۔ پکا ہوا آم جو خود بخود گرے ۔

ٹپکانا (ہ) قطرہ قطرہ گرانا ۔

ٹپکنا (ہ) قطرہ قطرہ گرنا۔ برسنا ۔

ٹِفِن (انگ۔مذ) (Tiffin) کا مُہنّد) ناشتہ۔ دوپہر کا کھانا ۔

(ٹ۔ٹ)

ٹٹو (ہ۔مذ) چھوٹے قد کا گھوڑا ۔

ٹٹکاری (ہ۔مث) جانور کو چلنے کیلئے ہانکنے کی آواز ۔

ٹٹول (ہ۔مث) تلاش ۔

ٹٹولنا (ہ) تلاش کرنا۔ معلوم کرنا ہاتھ سے چھونا ۔

ٹٹی (ہ۔مث) گھاس پھوس سے بندھی ہوئی چک۔ اوٹ۔ پردہ۔ پاخانہ ۔

ٹٹی کی آڑ شکار کھیلنا۔ چھپ کر کام کرنا ۔

(ٹ۔ج۔خ۔ڈ)

ٹچا (ہ۔مذ) کم حوصلہ۔ اوچھا۔ لُچا ۔

ٹخ ٹخ (مث) گھوڑے کے چلانے کی آواز ۔

ٹخنا (ہ۔مذ) گٹا ۔

ٹڈا (ہ۔مذ) ایک قسم کا کیڑا۔ جھینگا ۔

ٹڈی (ہ۔مث) کیڑی جو فصلوں کو نقصان پہنچاتی ہے ۔

ٹڈی دَل (ہ۔مذ۔ دل۔ لشکر) ٹڈیوں کا گروہ۔ (کنایۃً) نہایت بھیڑ بھاڑ ۔

(ٹ۔ر)

ٹر (ہ۔مث) مینڈک کی آواز۔ عید کے بعد کا میلہ جو شہر کے باہر دہلی میں ہوتا ہے۔ شیخی ۔

ٹرالی (Trolley) (انگ۔ مذ) ٹھیلا جو ریل کی سڑک پر چلاتے ہیں ؛

ٹرّانا (ہ) مینڈک کا بولنا۔ شور کرنا ؛

ٹرکی (فرانسیسی۔ مذ) ترکوں کا ملک ایشیا اور یورپ کا وہ علاقہ جو پہلے عثمانی خلفاء کی حکومت میں تھا۔ ایک قسم کا مرغ ؛

ٹرکانا (ہ) ٹالنا۔ بہانہ بنانا ؛

ٹرمینل ٹیکس (Terminal tax) (انگ۔ مذ) وہ محصول جو حدود بلدیہ میں کوئی قابل محصول چیز لاتے وقت ادا کیا جاتا ہے ؛

ٹرانسپورٹ (Transport) (انگ) بار برداری ؛

ٹرانسفر (Transfer) (انگ۔ مث) تبدیلی ؛

ٹرائیسکل (Tricycle) (انگ۔ مث) تین پہیوں والی گاڑی ؛

ٹرٹر (ہ۔ مث) بک بک۔ گستاخی۔

ٹرسٹ (Trust) (انگ۔ مذ) وقف۔

ٹرف (Trough) (انگ۔ مذ) لگن۔ شیشے کا ظرف ؛

ٹرن (Turn) (انگ۔ مث) باری۔ نوبت ؛

ٹریڈ (Trade) (انگ۔ مث) تجارت ؛

ٹریڈ مارک (Trade mark) (انگ۔ مذ) تجارتی نشان ؛

ٹریڈ یونین (Trade union) مزدوروں کی انجمن ؛

ٹریژری (Treasury) (انگ۔ مذ) خزانہ ؛

ٹریس (Trace) (انگ۔ مذ) کھوج۔ خاکہ۔ نشان ؛

ٹریم یا ٹریمکار (Tram) (Tramcar) (انگ۔ مث) ایک قسم کی گاڑی جو بازاروں میں بجلی کی طاقت

سے لوہے کی پٹڑی پر چلتی ہے

ٹریفک (Traffic) مذ اسباب یا لوگوں کی آمدورفت سڑک پر۔

ٹریفک پولیس (Traffic police) وہ پولیس جو سڑکوں پر لوگوں کی آمدورفت کا انتظام کرتی ہے۔

ٹرین (Train) (انگ۔ مث) گاڑی۔ ریل گاڑی۔

ٹرینڈ (Trained) (انگ۔ ص) تربیت یافتہ۔ واقف کار۔ تجربہ کار۔

ٹریننگ (Training) (انگ) تعلیم و تربیت۔ مث۔

ٹریننگ سکول (Training School) (انگ۔ مذ) وہ مدرسہ جہاں کسی فن کی تعلیم دی جائے۔ خلافی تعلیم کی۔

ٹریننگ کلاس (Training Class) (انگ۔ مث) وہ جماعت جسے کسی فن (مثلاً استادی) کی تعلیم دی جائے۔

ٹرنک (Trunk) (انگ۔ مذ) لوہے کا صندوق۔

ٹروپ (Troop) (انگ۔ مذ) آٹھ سکاؤٹوں کا گروہ۔

ٹروپ لیڈر (Troop Leader) (انگ۔ مذ) آٹھ سکاؤٹوں کی جماعت کا سردار۔

(ٹ۔س۔ف)

ٹسر (ہ۔ مذ) کچا ریشم۔

ٹس سے مس نہ ہونا۔ (ہ) ذرا نہ سرکنا۔ جنبش نہ کرنا۔

ٹسوے بہانا (ہ) جھوٹ موٹ کا رونا۔ دکھاوے کا رونا۔

ٹفن (Tiffin) (انگ۔ مذ) ناشتہ۔

ٹفن باسکٹ (Tiffin-Basket) (انگ۔ مث)

ناشتہ رکھنے کی ٹوکری ؛

ٹفن کیریر (Tiffin Carrier) (انگ۔مذ) وہ برتن جس میں ٹفن اٹھا کر لے جائیں ؛

(ٹ۔ک)

ٹک (ہ) ذرا۔کچھ ؛

ٹکا (ع) دو پیسے۔تنگہ ؛

ٹکا سا جواب دینا (ہ) صاف جواب دے دینا۔کورا جواب ؛

ٹکانا (ہ) سہارا لینا۔ٹھیرانا ؛

ٹکٹ (Ticket) (انگ۔مذ) پاس۔اجازت کا پروانہ۔ڈاکخانہ کا ٹکٹ ریل کا ٹکٹ ؛

ٹکٹکی (ہ۔مث) گھورنا۔برابر دیکھتے رہنا ؛

ٹکٹکی باندھنا (ہ) غور سے دیکھنا۔

ٹکھٹی (ہ۔مث) مجرم کو باندھ کر مارنے کی تین لکڑیاں ؛

ٹکر (ہ۔مث) دھکا۔صدمہ۔دو چیزوں کا آپس میں لڑ جانا۔مقابلہ۔برابری ؛

ٹکر مارنا (ہ) سر مارنا۔کوشش کرنا ؛

ٹکرانا (ہ) ٹکر کھانا۔لڑ جانا ؛

ٹکڑا (ہ۔مذ) حصہ۔پرزہ۔روٹی کا نوالہ ؛

ٹکڑا مانگنا (ہ) گدائی کرنا ؛

ٹکڑ گدا (و۔س) ٹکڑے مانگنے والا۔فقیر۔بھکاری ؛

ٹکڑوں پر پڑنا (ہ) دوسروں کی کمائی میں سے کھانا۔مفت کی روٹیاں کھانا ؛

ٹکڑے اڑانا (ہ) ٹکڑے پرزے کرنا۔پھاڑنا ؛

ٹکڑے اڑنا (ہ) پاش پاش ہونا۔

ٹکڑے توڑنا (ہ) مفت کی روٹی کھانا ؛

ٹکر ٹکر دیکھنا (ہ) حیرت سے دیکھنا۔حسرت یا شوق سے دیکھنا ؛

ٹکسال (ہ) (ٹک = روپیہ، شال = گھر،

مت} روپیہ پیسہ بنانے
کا کارخانہ ؛
ٹکسال باہر۔ غیر صحیح الفاظ ؛
ٹکسالی (ہ۔ مذ) ٹکسال کے متعلق
ٹکسال کا داروغہ۔ کھرا۔ اصل۔
خالص۔ صحیح ؛
ٹکسالی زبان (و) مانی ہوئی زبان۔
ٹکنا (ہ) ٹھہرنا۔ قیام کرنا ؛
ٹکور (ہ۔ مث) ہلکا دھکا۔ چوٹ۔
سینکنا ؛
ٹکورنا (ہ) پوٹلی سے سینکنا ؛
ٹکیا (ہ۔ مث) چھوٹی روٹی۔ چکی۔
قرص ؛
ٹکے گز کی چال (و) کفایت شعاری
سے وقت گزارنا ؛

(ٹ۔ ل۔ م۔ ن)

ٹلنا (ہ) جگہ سے ہٹنا۔ بہانے سے
چلا جانا ؛
ٹل جانا (ہ) بے جگہ ہونا۔ سرک جانا۔
علیحدہ ہونا ؛

ٹمپرنس (Tamperance)
(انگ۔ مث) منشی چیزوں
سے پرہیز ؛
ٹمپریچر (Tamperature)
(انگ۔ مذ) درجۂ حرارت ؛
ٹم ٹم (ہ۔ مث) دو پہیوں کی گاڑی۔
جس پر سائبان نہیں ہوتا۔ اصل
انگریزی لفظ Tandem ہے
ٹمٹمانا (ہ) تھوڑی تھوڑی روشنی دینا۔
کبھی مدھم اور کبھی تیز روشنی دینا۔
(مجازاً) موت کے قریب ہونا ؛
ٹن (ہ۔ مث) گھنٹے کی آواز ؛
ٹن (Ton) (انگ۔ مذ)
۲۸ من کا وزن ؛
ٹن (Tin) (انگ۔ مذ) ؛
ٹنٹا (ہ) جھگڑا۔ تکرار ؛
ٹنڈ (ہ) کٹا ہوا ہاتھ یا شاخ ؛
ٹنڈا (ہ۔ مذ) مشہور ترکاری ہے ؛
ٹنڈر (Tender) (انگ۔
مذ) ٹھیکہ اور نرخ کی
درخواست ؛

ٹنکچر آیوڈین (Tincture Iodine) (انگ۔ مذ) آیوڈین اور آیوڈائیڈ کا ایک مرکب جو چوٹ ورم پر لگاتے ہیں ÷

ٹنگڑی (ہ۔مث) ٹانگ کی تصغیر ÷

ٹنگنا (ہ) لٹکنا۔ پھانسی پر چڑھنا ÷

(ٹ۔و)

ٹوپ (ہ۔مذ) بڑی ٹوپی ÷

ٹوپی (ہ۔مث) تاج۔ کلاہ۔ مکٹ۔ بندوق کا پٹاخہ ÷

ٹوپی اچھالنا (ہ) (۱) خوشی کا اظہار کرنا۔ (۲) پگڑی اچھالنا۔ بے عزتی کرنا ÷

ٹوپی والا (ہ) فرنگی۔ انگریزی ٹوپی پہنے ہوئے ÷

ٹوٹ (ہ۔مث) پھوٹ۔ شکستگی ÷

ٹوٹ پڑنا (ہ) گر پڑنا۔ حملہ کرنا۔ ریل پڑنا ÷

ٹوٹ کر گرنا (ہ) چاروں طرف سے حملہ کرنا ÷

ٹوٹا پھوٹا (ہ۔ص) شکستہ۔ ٹوٹا ہوا ÷

ٹوٹے پڑتے ہیں۔ بڑی تعداد میں آرہے ہیں ÷

ٹوٹا (ہ۔مذ) نقصان۔ خسارہ ÷

ٹوٹا پڑنا (ہ) کمی ہونا۔ نقصان ہونا ÷

ٹوٹکا (ہ۔مذ) افسوں۔ جادو ÷

ٹوٹنا (ہ) شکستہ ہونا۔ حملہ کرنا۔ الگ ہونا ÷

ٹور (Tour) (انگ۔مذ) دورہ ÷

ٹورنامنٹ (Tournament) (انگ۔مذ) کھیلوں کا مقابلہ ÷

ٹوڈی (Toady) (انگ۔مذ) سرکار پرست۔ خوشامدی ÷

ٹوڈیپ (Twodeep) (انگ۔ص) دوہری۔ دو دو مل کر ÷

ٹوک (ہ۔مث) روک۔ ممانعت۔ نظر گزرنا۔

ٹوکرا (ہ۔مذ) جھاؤ کا بنا ہوا برتن ÷

ٹوکری (ہ۔مث) ٹوکرا کی مؤنث ÷

ٹوکری ڈھونا (ہ) مزدوری کرنا ÷

ٹُوکنا (ہ) روکنا۔چھیڑنا۔ منع کرنا ؛
ٹول (Tool) (انگ۔مذ) ہتھیار ؛ اوزار
ٹُول (انگ ٹوئل (Twill) مذ) ایک قسم کا کپڑا ؛
ٹولا (ہ۔مذ) محلہ۔کوچہ۔ روڑا ؛
ٹُولی (ہ۔مث) گروہ جماعت ؛
ٹُوم (ہ۔مث) گہنا۔ زیور ؛
ٹوم چھلّا (ہ۔مذ) چھوٹا موٹا زیور۔ادنٰے قسم کا زیور ؛
ٹون (Tone) (انگ۔مث) طرز۔لہجہ ؛
ٹُونا (ہ۔مذ) جادو ؛
ٹوہ (ہ۔مث) تلاش۔کھوج۔دیکھ بھال ؛
ٹوہ رکھنا (ہ) خیال رکھنا۔ خبر رکھنا۔
ٹوہ میں رہنا (ہ) تلاش میں رہنا کسی کے عیب نکالنا ؛
ٹوہنا (ہ) ٹٹولنا۔کھوج نکالنا ؛

(ٹھ - ہ)

ٹھاٹ (ہ۔مذ) انداز۔ طریقہ۔شان و شوکت۔سامان ؛
ٹھاٹر (ہ۔مذ) کبوتر خانہ۔کبوتروں اور لڑائی کے مُرغوں کے رہنے کا جال ؛
ٹھاکُر (ہ) دیوتا۔سردار۔ مالک ؛
ٹھاکُردوارہ (ہ۔مذ) مندر ؛
ٹھان (ہ۔مذ) بندوق کی آواز ؛
ٹھائیں ٹھائیں ہونا۔ تکرار یا حجت ہونا ؛ بندوق چلنا۔
ٹھانسنا (ہ) خوب بھرنا۔ٹھونسنا ؛
ٹھاننا (ہ) پکّا ارادہ کر لینا۔منصوبہ باندھنا ؛
ٹھپّا (ہ۔مذ) نقش چھاپنے کا آلہ۔ نشان۔مہر ؛ ٹھپہ بھی صحیح ہے۔
ٹھٹ یا ٹھٹھ (ہ۔مذ) ہجوم۔بھیڑ ؛
ٹھٹّا یا ٹھٹھا (ہ۔مذ) مخول۔ ہنسی۔ آسان کام ؛
ٹھٹھا کرنا (ہ) تمسخر کرنا ؛
ٹھٹھا لگانا (ہ) قہقہہ مارنا۔ تمسخر کرنا ؛

ٹھٹریا ٹھٹھرنا (ہ) سردی کے باعث بے حس ہو جانا۔ اکڑنا ؛

ٹھٹکنا (ہ) رُک جانا۔ ٹھیر جانا۔ تامل کرنا ؛

ٹھٹھول (ہ۔ص) خوش طبعی۔ ہنسی۔ مذاق ؛

ٹھٹھے میں اُڑانا (ہ) ہنسی میں اُڑانا۔ مسخرا بنانا ؛

ٹھڈی (ہ۔مث) ٹھُڈی۔ بھُنے ہوئے سخت دانے ؛

ٹھرا (ہ۔مذ) (۱) دیسی خراب شراب۔ (۲) انگیا کے بند (۳) نیم پختہ اینٹ ؛

ٹھسنا (ہ) بھرنا۔ سمانا۔ مشکل سے آنا ؛

ٹھسوانا (ہ۔ متعدی) بھروانا۔ گڑوانا ؛

ٹھکانا (ہ۔مذ) جگہ۔ مقام۔ گھر۔ جائے قیام

ٹھکانا کرنا (ہ) ٹھیرنا۔ رہنا۔ جگہ کرنا ؛

ٹھکانے کی بات (ہ) معقول بات۔ ٹھیک بات ؛

ٹھکانے لگانا (ہ) تسلی دینا۔ انجام پر پہنچانا۔ مار ڈالنا۔ روزگار گرا دینا ؛

ٹھکانے لگنا (ہ) کسی چیز کا رائگاں نہ ہونا۔ کام آ جانا ؛

ٹھکرانا (ہ) ٹھوکر مارنا۔ پامال کرنا ؛

ٹھگ (ہ۔مذ) دغاباز۔ چور۔ رہزن ؛

ٹھگنا (ہ) دھوکا دینا۔ لوٹ لینا ؛

ٹھگی (ہ۔مث) راہزنی۔ ٹھگ کا پیشہ

ٹہل (ہ۔مث) خدمت۔ سیوا۔ چہل قدمی۔ سیر ؛

ٹہلنا (ہ) آہستہ آہستہ پھرنا۔ سیر کرنا ؛

ٹھلیا (ہ۔مث) چھوٹا سا گھڑا۔ مٹی کا

ٹھمری (ہ۔مث) دو بولوں کا گیت ؛

ٹھمک (ہ۔مث) ناز کی چال۔ نخرے سے چلنا ؛

ٹھنڈا (ہ۔ص) سرد۔ سست۔ کاہل۔ بے غصہ۔ بے محبت۔ کم شہوت ؛

ٹھنڈا پڑنا (ہ) سرد ہونا۔ غصہ کم ہونا ؛

ٹھنڈا ہونا (ہ) سرد ہونا۔ خوش ہونا ؛

ٹھنڈک (ہ۔مث) سردی۔ خوشی۔
ٹھنڈک پڑنا (ہ) گرمی کم ہونا۔ دل کو آرام پہنچنا۔ اطمینان ہونا۔ غصہ کم ہونا۔
ٹھنڈی (ہ۔ص) سرد۔
ٹھنڈی سانس۔ آہ سرد (و۔مث) بھرنا۔ لینا۔
ٹھنڈے ٹھنڈے جانا۔ یا چلنا (ہ) سویرے اور ٹھنڈ کے وقت سفر کرنا۔ آرام سے جانا۔ خوشی خوشی جانا۔
ٹھنگنا (ہ۔ص) پستہ قد۔ بونا۔
ٹہنی (ہ۔مث) ڈالی۔ شاخ۔
ٹھوڑی (ہ۔مث) ٹھڈی۔ زنخدان۔
ٹھوس (ہ۔ص) بھاری۔ سخت۔ بھدا۔
ٹھوک بجا کے (ہ) کھرا کھوٹا دیکھ کے۔ اطمینان کر کے۔
ٹھوکر (ہ۔مث) پاؤں کی لات۔
ٹھوکر کھانا (ہ) گر پڑنا۔ دھوکا کھانا۔ چوکنا۔
ٹھوکر لگانا (ہ) لات مارنا۔
ٹھوکر لگنا (ہ) صدمہ پہنچنا۔

ٹھوکروں پر پڑنا (ہ) حقارت اور ذلت سے رہنا۔
ٹھونکنا (ہ) کیل وغیرہ کا گاڑنا۔ مارنا۔
ٹھونسنا (ہ) دبا کر بھرنا۔ گھسیڑنا۔
ٹھونگ (ہ۔مث) چونچ
ٹھونگ چونچ سے مارنا۔
ٹھیٹ (ہ۔ص) خالص۔ اصلی۔ روزمرہ کی بولی۔
ٹھیرانا (ہ) روکنا۔ مکان میں رہنا۔ اُتارنا۔ تجویز کرنا۔ نرخ مقرر کرنا۔
ٹھیرنا (ہ) روکنا۔ تھمنا۔ قیام کرنا۔ منصوبہ ہونا۔
ٹھیس (ہ۔مث) صدمہ۔ ضرب۔ ٹکر۔
ٹھیس لگنا (ہ) ٹھوکر لگنا۔ ہلکا سا صدمہ پہنچنا۔
ٹھیک (ہ۔ص) درست۔ صحیح۔ برابر۔
ٹھیک بنانا (ہ) سزا دینا۔ درست کرنا۔
ٹھیک ٹھاک (ہ) تیار۔ درست۔ دُرُول
ٹھیکہ (ہ۔مذ) کرایہ۔ اُجرت۔ اجارہ۔
ٹھیکرا (ہ۔مذ) مٹی کے برتن کا ٹکڑا۔
ٹھیکری (ہ۔مث) مٹی کا چھوٹا ٹکڑا۔

ٹھیکیدار (ہ۔ مذ) وہ شخص جس نے ٹھیکہ لیا ہوا ہو ؛

ٹھیلا (ہ۔ مذ) ایک قسم کی گاڑی جسے ہاتھ سے ڈھکیل کر لیجاتے ہیں ؛

ٹھیلنا (ہ) دھکیلنا ؛

ٹھینگا (ہ۔ مذ) انگوٹھا۔ لاٹھی سونٹا ؛

(ٹ۔ ی)

ٹیپ (ہ۔ مث) چپت، ڈھول (چڑھانا اور رسید کرنا) ؛

ٹیپ چڑی کا شعر۔ پکی اینٹوں کی درازیں بند کرنا ؛

ٹیپ ٹاپ (ہ۔ مث) آرائش۔ تکلف۔ سجاوٹ ؛

ٹی (Tea) (انگ۔ مث) چائے

ٹی پارٹی (Tea party) (انگ۔ مث) کھانے پینے کا مختصر سا جلسہ جس میں چائے اور تھوڑی سی مٹھائی وغیرہ بھی ہو۔

ٹیچر (انگ۔ مذ) (Teacher) اُستاد۔ معلم۔ اُستانی۔ معلمہ ؛

ٹیڑھ کی لینا۔ شرارت کرنا۔ فیل لانا ؛

ٹیڑھا (ہ۔ صِ) ترچھا۔ بانکا۔ مخالف اکھڑ۔ سخت۔ بد مزاج ؛

ٹیڑھا ہونا (ہ) کج ہونا۔ خفا ہونا۔ بگڑنا ؛

ٹیڑھی آنکھ سے دیکھنا (ہ) غصے کی نظر سے دیکھنا۔ ترچھی نظر سے دیکھنا ؛

ٹیڑھی سُنانا (ہ) بُرا بھلا کہنا ؛

ٹیڑھی کھیر (ہ) مشکل کام ؛

ٹیڑھے توے کی۔ (مجازاً) مشکل کام ؛

ٹیس (ہ۔ مث) درد۔ تکلیف ؛

ٹیسنا ٹیٹھا میٹھا درد ہونا ؛

ٹیسُو (ہ۔ مذ) ڈھاک کا پھول جس میں سے زرد رنگ نکلتا ہے ؛

ٹیک (ہ۔ مث) پُشتی سہارا۔ کھمبا ؛

ٹیکا (ہ۔ مذ) نشتر سے کوئی دوا داخل کرنا۔ جیسے چیچک کا ٹیکا ؛

ٹیکنا (ہ) رکھنا۔ سہارا دینا ؛

ٹیلیفون (Telephone) (انگ۔ مذ) ایک برقی آلہ ہے جس کے ذریعے سے دُور دُور سے بھی گفتگو کر سکتے ہیں۔ اس آلہ میں آواز برقی لہروں کی شکل میں تبدیل ہو کر جاتی ہے اور سُننے والے کے آلے میں پہنچکر پھر برقی لہروں سے ہوا کی لہروں میں تبدیل ہو کر سُنائی دیتی ہے ؂

ٹیلیگراف (Telegraph) (انگ۔ مذ) تار برقی کے ذریعے خبر بھیجنے کا آلہ ؂

ٹیلیگرام (Telegram) (انگ۔ مذ) وہ خبر جو تار برقی کے ذریعے آئے۔ تار ؂

ٹیم (Team) (انگ۔ مث) گروہ۔ منڈلی۔ کھلاڑیوں کی جماعت

ٹیں (ہ۔ مث) طوطے کی آواز جو خوف کے مارے دفعتہً نکل جاتی ہے ؂

ٹین (و۔مذ) (۱) ایک سفید دھات۔ (۲) لوہے کے پکے قلعی دار تختے۔ (۳) ٹین کا ظرف (انگریزی لفظ (Tin) ہے ؂

ٹینٹ (ہ۔ مذ) (۱) کریل کا پھل (۲) آنکھ کا اُبھرا ہوا دانہ (۳) روئی کا پھل ؂

ٹینٹوا (ہ۔ مذ) گلا۔ حلق ؂

ٹینٹوا دبانا (ہ) گردن دبانا۔ گلا گھونٹنا۔ تقاضہ کرنا ؂

ٹینٹوا لینا۔ گلا دبانا ؂

ٹینس (Tennis) (انگ۔ مث) انگریزی طرز کا ایک کھیل ہے جو درمیان میں جالی تان کر ہلکے ہلکے گیندوں سے کھیلتے ہیں ؂

ٹینس کورٹ (Tennis Court) (انگ۔ مذ) ٹینس کھیلنے کا میدان ؂

ٹیکس (Tax) (انگ۔ مذ) محصول ؂

ث

ثابت (ع۔مذ) پورا۔ سارا۔ درست۔ مضبوط۔ وہ ستارہ جسکی گردش بظاہر معلوم نہ ہو سکے (مند سیارہ) (جمع ثوابت)

ثابت ہونا (و) تحقیق ہونا۔ پورا ہونا

ثابت قدم (ع۔ص) مستقل مزاج۔ پکا

ثاقب (ع۔مذ) روشن۔ چمکدار

ثالث (ع۔مذ) تیسرا۔ پنچ۔ فیصلہ کرنے والا

ثالثی (ع۔مث) پنچایت۔ فیصلہ

ثانی (ع۔ص) دوسرا۔ نظیر۔ مانند

ثانیہ (ع۔مذ) پل۔ سکنڈ (جمع ثوانی)

(ث۔ب)

ثَبات (ع۔مذ) قیام۔ قرار۔ مضبوطی

ثَبت (ع۔مذ) تحریر۔ نقش۔ مُہر

ثَبت کرنا۔ (و) درج کرنا۔ لکھنا۔ مُہر لگانا۔

ثبوت (ع۔مذ) دلیل۔ گواہی

(ث۔ر۔ف)

ثَرْوت (ع۔مث) دولت

ثریٰ (ع۔مذ) زمین کے نیچے کی مٹی

ثُریّا (ع۔مذ) چھ ستارے جو پاس پاس واقع ہیں۔ پریں جُھمکا

ثُریّا جاہ (ع۔ص) بلند مرتبہ

ثُفل (ع۔مذ) پھوک۔ بیل۔ تلچھٹ۔

ثُفلدان (ع۔مذ) ہڈیاں وغیرہ رکھنے کا ظرف جو اکثر دسترخوان پر رکھدیا جاتا ہے

(ث۔ق)

ثِقات (ع۔مذ۔ج) (واحد ثقہ)

ثِقالت (ع۔مذ) گرانی۔ بوجھ۔ سختی۔

ثِقل (ع۔مذ) گرانی بوجھ

ثقلِ سماعت ۔ بہرہ پن ۔ کانوں سے کم سُنائی دینا ؛

ثَقَلَین (ع۔ مذ۔ تثنیہ) دو گروہ۔ جن اور انسان ؛

ثِقہ (ع۔ مذ) معتبر آدمی۔ قابلِ اعتبار (جمع ثِقات) ؛

ثَقیل (ع۔ ص) بھاری۔ وزنی۔ دیر ہضم ؛

ثقیل پانی ۔ وہ پانی جس میں کئی قسم کی چیزیں گھلی ہوئی ہوں۔

(ث ۔ ل ۔ م)

ثُلُث (ع۔ مذ) تیسرا حصہ ۔ ⅓ ؛

ثَمر (ع۔ مذ) پھل ۔ میوہ ۔ دولت اولاد

ثمرہ (ع۔ مذ) پھل ۔ نتیجہ ۔ انجام ۔ بدلہ ؛

ثَمن (ع۔ مذ) قیمت ۔ مول ؛

(ث ۔ ن ۔ و)

ثَنا (ع۔ مث) تعریف ۔ صفت ۔ حمد ؛

ثناءخواں (ف۔ مذ) مداح۔ تعریف کرنے والا ؛

ثناگر (ف۔ مذ) تعریف کرنے والا ؛

ثواب (ع۔ مذ) بدلہ نیک کام کی جزا۔ نیکی ؛

ثوابت (ع۔ مذ ج) (واحد ثابت) ستارے جو متحرک ہیں۔ لیکن نہایت دور ہونے کے سبب سے ساکن معلوم ہوتے ہیں ؛

(ج)

جا (ف۔ مث) جگہ۔ موقع ؛

جابجا (ف) ہر موقع پر۔ ہر جگہ ؛

جاضرور (ف۔ مذ) بیت الخلا۔ پیخانہ ؛

جانشین (ف۔ مذ) ولی عہد۔ قائمقام۔

جانماز (ف۔ مث) (۱) نماز پڑھنے کا فرش۔ (۲) مصلےٰ ؛

جابِر (ع۔ص) جبر کرنے والا۔ ظالم باختیار ؛

جاپ یا جپ (ہ۔مذ) وظیفہ۔ پاٹھ ؛

جاتا رہنا۔ غائب ہونا۔ نابود ہونا۔

جاترا (ہ۔مث) زیارت ؛ (یاترا)

جاتری (ہ۔مث) تیرتھ کو جانے والا۔ زائر ؛ (یاتری)

جاتی (ہ۔مث) قوم۔ ہندقوم ؛

جاٹ (ہ۔مذ) جاٹ۔ کاشتکار۔ ایک ہندو ذات کا نام ہے۔

جاٹ مراتب جانیئے جب تیرھویں ہو جائے (مثل) بد ذات کے معدوم ہو جانے پر بھی اس کی شرارت کا اندیشہ رہتا ہے ؛

جاجم (ت۔مث) چھپا ہوا فرش کا کپڑا۔

جادو (ف۔مث) ٹونا۔ سحر۔ منتر ؛

جادو چلنا (و) منتر کا اثر ہونا ؛

جادو کا پتلا (و۔مذ) آٹے وغیرہ کی مورت جو جادو کا اثر دکھلانے کے لیے بنائی جاتی ہے۔ معشوق۔

جادوگر ؛

جادُوگر (ف۔مذ) جادُو کرنے والا۔ ساحر۔ چالاک ؛

جادُوگرنی (و۔مث) ساحرہ۔ جادُو کرنے والی عورت ؛

جادُوگری (ف۔مث) ساحری ؛

جادُو وہ جو سر پہ چڑھ کے بولے (و) بات وہ جو خود بخود ظاہر ہو جائے۔ چھپانے والا خود ظاہر کر دے ؛

جادَہ (ع۔مذ) تنگ راستہ جو جنگل میں لوگوں کی آمد و رفت سے بن جاتا ہے۔ بٹیا ؛

جاذِب (ع۔مذ) جذب کرنے والا ؛ کھینچنے والا۔ وہ کھُردرا موٹا کاغذ جو سیاہی سے لکھی ہوئی تحریر کو خشک کرنے کے کام آتا ہے۔ سیاہی چُوس ؛

جاذِب کاغذ (و۔مذ) سیاہی جذب کرنے والا کاغذ۔ بلاٹنگ پیپر ؛

جاذِبہ (ع۔مث) کشش کرنے والی قوت ؛

جارحانہ کارروائی یا اقدام پہلے حملہ کرنا۔ حملے میں پہل کرنا ؛

جارُوب (ف۔مث) جھاڑو۔

جارُوب کش (ف۔مذ) جھاڑو دینے والا۔ خاکروب ؛

جاری (ع۔ص) بہتا ہوا۔ رواں نافذ ؛

جاڑا (ہ۔مذ) سردی۔ سردی کا موسم ؛

جاڑا لگنا (ہ) ٹھنڈ لگنا ؛

جازم۔ (دیکھو جاجم) ؛

جاسُوس (ع۔مذ) بھیدی۔ مُخبر ؛

جاسُوسی (ہ۔مث) مخبری ؛

جاکٹ (ہ۔مث) واسکٹ (انگریزی لفظ (Jacket) ہے ؛

جاگ (ہ۔مث) بیداری۔ رات کو جاگنا ؛

جاگنا (ہ) ہوشیار رہنا۔ بیدار ہونا ؛

جاگیر (ف۔مث) وہ زمین یا گاؤں جو بادشاہ کی طرف سے عطا ہو ؛

جاگیردار (ف۔مذ) جاگیر کا مالک۔ رئیس ؛

جال (ف۔مذ) پھندا۔ جال فریب

جال بچھانا (ہ) جال پھیلانا۔ فریب کرنا ؛

جال ڈالنا (ہ) دریا میں جال ڈالنا یا جال بچھانا۔ فریب یا دھوکے میں لانا ؛

جالا (ہ۔مذ) مکڑی کا تنا ہوا جالا ؛

جالی (ہ۔مث) خانے دار چھیدوں والا کپڑا ؛

جَالِینُوس (یونانی۔مذ) یونان کے ایک مشہور حکیم کا نام ہے ؛

جام (ف۔مذ) پیالہ۔ گلاس۔ پیمانہ ؛

جامِ جم یا جمشید (ف۔مذ) ایران کے حکیموں نے بادشاہ کے واسطے ایک پیالہ بنایا تھا۔ جس کے ذریعے سے ساتوں آسمانوں کا حال معلوم ہو جاتا تھا۔ اُس کو جامِ جہاں نما بھی کہتے تھے ؛

جامِ جہاں نما (ف - مذ) جامِ جم۔
جامِ صحت پینا (ا) کسی عزیز دوست یا بڑے آدمی کی صحت یابی پر جامِ شربت پینا۔
جامِد (ع - ص) جما ہوا۔ پتھر۔ قواعد کی رُو سے وہ لفظ جو نہ خود کسی دوسرے لفظ سے بنے اور کوئی اور لفظ اس سے بنے۔

جامِع (ع - ص) جمع کرنے والا سب شامل۔
جامِع اَوصاف (ع - ص) جس میں بہت سے عمدہ اوصاف پائے جائیں۔
جامِع صفات (ع - ص) جامع اوصاف۔
جامع مسجد (ع - ص) بڑی مسجد۔ جمعہ مسجد (صحیح مسجد جامع ہے۔
جامعُ المتفرقین (ع - مذ) بچھڑے ہوؤں کو ملانے والا۔

جامِعہ (ع - مث) یونیورسٹی۔
UNIVERSITY
جامہ (ف - مذ) کپڑا۔ پوشاک۔ لباس۔
جامے سے باہر ہونا (خوشی یا غصے کی حالت میں آپے سے باہر ہونا۔

جامے میں پھولا نہ سمانا (ا) نہایت خوش ہونا۔ خوشی کے مارے آپے میں نہ رہنا۔
جان (ہ - مث) واقفیت۔ پہچان
جان بُوجھ کر (ہ) عمداً۔ اِرادۃً۔
جان پہچان (ہ - مث) واقفیت۔ صاحب سلامت (مذ) واقفیت)
جان (ف - مث) روح۔ جی۔ زندگی۔
جانباز (ف - ص) جان پر کھیلنے والا۔ دلیر۔ بہادر۔
جانبازی (ف - مث) دلیری۔ بہادری۔
جان بچی لاکھوں پائے (ا) جیتا رہنا بڑی دولت ہے۔
جان بخشی (ف - مث) معافی۔ نجات۔

جانبر ہونا (ا) جان سلامت بچنا۔ زندہ رہنا۔ بچ چھوٹنا۔

جاں بلب (ف۔ص) مرنے کے قریب۔

جان پر بننا (ا)، جان کا خطرے میں ہونا۔ نہایت تکلیف ہونا۔

جان پر کھیلنا۔ زندگی خطرے میں ڈالنا

جان جوکھوں یا جوکھم (ا) خطرہ۔ اندیشہ۔ ڈر۔ ہلاکت، مصیبت۔

جان توڑ کر (ا) سخت محنت کر کے

جان دار (ف ص) طاقتور۔ مضبوط۔

جان دینا (ا) مرنا فدا کرنا۔ بےحد بخل کرنا۔

جاں ستاں (ف۔ص) جان لینے والا۔ دکھ دینے والا۔ مہلک۔

جانفشانی کرنا (ا) جاں نثاری کرنا۔ کوشش کرنا۔ سخت محنت کرنا۔

جانگاہ (ف۔ مذ) جان گھٹانے والا سخت تکلیف دہ۔

جاں کنی (ف۔مث) نزع۔ جان نکلنے کی حالت۔

جان کھونا (ا) جان دینا۔ مرنا۔

جان کے برابر (ا) بہت عزیز۔

جان کے لالے پڑنا (ا) جینے کی اُمید نہ رہنا۔

جان میں جان آنا (ا) تسلی ہونا۔ خوشی ہونا۔

جاں نثار (ف ص) جان قربان کرنے والا۔ خیرخواہ۔

جاں نثاری (ف۔مث) خیرخواہی جفاکشی۔

جاں ہے تو جہان ہے۔ یا جان ہے تو سب کچھ ہے (ا) زندگی کے ساتھ دُنیا کا مزہ ہے۔

جانا (ہ) روانہ ہونا۔ چلنا۔ ضائع ہونا۔ داخل ہونا۔

جاناں (ف۔ مذ) پیارا۔ یار معشوق۔

جانانہ (ف ۔ص) معشوقوں کی مانند۔
جانب (ع ۔ مث) طرف۔ سمت۔ رُخ
پہلو۔ (جوانب جمع)
جانب دار (ف ۔ص) طرف دار۔
مددگار ۔ ساتھی۔
جانب داری (ف ۔ مث) طرف
داری۔ رعایت۔
جانبین (تثنیہ ۔ مذ) طرفین۔ دونوں
طرف ۔ دونوں فریق۔
جانچ (ہ ۔ مث) قیاس ۔ اندازہ ۔
اٹکل ۔ پڑتال۔
جانچنا (ہ) پڑتالنا۔ پہچاننا۔ اندازہ
کرنا۔
جاننا (ہ) واقف ہونا تمیز کرنا۔
جانور (ف ۔ مذ) حیوان ۔ جاندار ذی روح
جانِی (ف ۔ مذ) جان کا محبوب۔ پیارا
جانی دشمن (ف ۔ مذ) جان کا دُشمن
جانی دوست (ف ۔ مذ) دلی دوست
جانے دو (محاورہ) خیال نہ کرو۔
معاف کرو۔
جاوداں (ف ۔ص) جاوید۔

جاوِید (ف ۔ص) ہمیشہ ۔ سدا۔
جاہ (ف ۔ مث) رتبہ ۔ عزت۔ شان۔
جاہ وجلال (ف ۔ مذ) شان وشوکت
رعب۔
جاہ وحشم (ف ۔ مذ) لاؤ لشکر۔
شان وشوکت۔
جاہل (ع ۔ص) مورکھ ۔ اَن پڑھ۔
وحشی ۔ گستاخ۔
جائے (ف ۔ مث) جگہ۔ مقام۔
جائے ضرور (ف ۔ مذ) پاخانہ۔
جائداد (ف ۔ مث) ملکیت ۔ جاگیر
مال اسباب
جائدادِ منقولہ (ف ۔ مث) وہ
چیزیں جو ایک جگہ سے دوسری
جگہ لے جا سکیں۔ جیسے روپیہ پیسہ
زیورات وغیرہ۔
جائدادِ غیر منقولہ (ف ۔ مث) جائداد
یا اسباب جو دوسری جگہ نہ
لے جایا جا سکے ۔ جیسے
زمین۔
جائز (ع ۔ص) بجا۔ درست بنا ہوا

جس کام کی شریعت میں اجازت ہو۔

جائز رکھنا ۔ مناسب سمجھنا۔ حلال جاننا

جائزہ (ع۔ مذ) پڑتال۔ مقابلہ۔ حاضری۔ گنتی لینا۔ دینا۔

جائنٹ JOINT (انگ۔ مذ) مشترک۔ شامل۔ مددگار۔

جائنٹ مجسٹریٹ

JOINT MAGISTRATE

(انگ۔ مذ) مددگار مجسٹریٹ

جائنٹ سکریٹری

(JOINT SECRETARY)

(انگ۔ مذ) معتمد شریک۔

ج ۔ ب ۔ پ

جَب (ہ) جس وقت۔ تب

جَبر (ع۔ مذ) زیادتی۔ سختی۔ ظلم۔

جبر و مقابلہ (ع۔ مذ) فن ریاضی کی ایک شاخ کا نام ہے جس میں ہندسوں کی بجائے حرفوں سے کام لیتے ہیں۔ الجبرا۔

جبراً (ع) جبر کے ساتھ۔ زیادتی سے زبردستی۔

جبرائیل (ع۔ مذ) ایک مشہور فرشتے کا نام ہے۔ جو پیغمبروں کی طرف خدا کے احکام پہنچایا کرتے تھے۔

جَبرُوت (ع۔ مث) بزرگی۔ تکبر جلال۔

جبری (ع ص) لازمی۔

جبری تعلیم۔ پرائمری تک کی تعلیم جو ہر بچے کو حاصل کرنی ضروری ہے اور جو سرکار کی طرف سے مفت دیجاتی ہے۔ لازمی تعلیم۔

جَبڑا۔ (ہ۔ مث) کلّہ

جَبَل (ع۔ مذ) پہاڑ۔ کوہ (جبال جمع)

جِبِلّت (ع۔ مث) فطرت۔ پیدائش۔

جِبِلّی (ع ص) فطری۔ پیدائشی۔ جنم کی۔

مُجبّن (ع۔ مذ) بزدلی۔ کم ہمتی (۲) جما ہوا دودھ، پھٹا ہوا دودھ، پنیر

جُبّہ (ع۔ مذ) چوغہ۔

جُبہہ (ع۔ مذ) ماتھا۔ پیشانی۔

جبہہ سائی (ء۔ مث) ماتھا رگڑنا۔ منت سماجت کرنا۔

جَبہا (ہ۔ مذ) جبڑا۔ حوصلہ۔ ہمت۔

جَبِین (ہ۔ مث) ماتھا پیشانی

جُپ (ہ۔ مث) جپنا۔ پوجا پاٹھ کرنا۔

جَپ جی (ہ۔ مث) سکھوں کی ایک مقدس کتاب کا نام ہے جسے وہ ہر روز بطور وظیفہ پڑھتے ہیں

(ج۔ت۔ٹ)

جَپنا (ہ) مالا پھیرنا۔ یاد کرنا

جُتانا (ہ۔ بتانا۔ آگاہ کرنا۔ یاد کرنا۔

جِتانا (ہ) فتح دلانا۔ غالب کرانا۔

جتن (ہ۔ مذ) ڈھنگ۔ تدبیر۔ کوشش علاج۔ چارہ۔ تجویز۔

جتنا (ہ) جس قدر

جُتنا (ہ) بیلوں وغیرہ کا ہل یا گاڑی میں لگنا۔ یا کسی کام میں مشغول ہونا۔

جتنی چادر دیکھیے اتنے ہی پاؤں پھیلائیے (ا) آمدنی کے مطابق خرچ کرنا چاہیے۔ حیثیت کے مطابق کام کرنا چاہیے۔

جتنے منہ اتنی باتیں (ہ) ہر آدمی کی رائے الگ الگ ہوتی ہے۔

جتھا (ہ۔ مذ) گروہ۔ جماعت۔

جتی (ہ۔ ص) خواہش نفسانی کو روکنے والا۔ زاہد۔ نیک۔ پاک صاف۔

جتی ستی (ہ۔ ص) نیک پارسا۔

جُتیانا۔ جُوتیاں مارنا

جٹا (ہ۔ مث) گندھے ہوئے بال۔ چوٹی ہندو فقیروں کے سر کے لمبے لمبے بال جو رسی کی طرح بٹے ہوئے ہوتے ہیں۔

جٹا دھاری (ہ۔ ص) لمبے لمبے بالوں والا ہندو فقیر جوگی۔ گیسو دراز۔

جِٹھانی (ہ۔ مث) خاوند کے بڑے بھائی کی بیوی۔

ج۔ث۔ج

جُثہ (ء۔ مذ) جسم۔ تن۔ بدن۔ لوتھ۔

ججّ [illegible] (انگ۔ مذ) منصف

جمان (ہ۔ مذ) آدمی جس سے برہمن نائی وغیرہ کچھ لینے کا حق رکھتے ہیں۔

جچنا (ہ) اندازہ ہونا۔ عزت ہونا۔

جچا تلا (ہ) ٹھیک۔ درست۔ معقول۔

جحیم (ع۔ مذ) دوزخ ۔

(ج۔ د)

جَدّ (ع۔ مذ) دادا (اجداد جمع)

جِدّ (ع۔ مث) کوشش۔ محنت

جد و جہد (ع۔ مث) کوشش۔ دوڑ دھوپ۔ محنت۔

جُدا (ف) (پہلوی جتاک، اوستا یوتہ بواد۔ معروف۔ س۔ یُو۔ اس سے یوگی اور جوگی بنے ہیں) س: الگ۔ علیحدہ۔ مختلف۔

جداگانہ (علیحدہ۔ الگ الگ)

جداگانہ انتخاب (ا۔ مذ) مجلس قانون ساز وغیرہ میں کسی جماعت کے نمائندوں کا اسی قوم کے رائے دہندوں کی آرا سے انتخاب کرنا۔

جُدائی (ف۔ مث) علیحدگی۔ مفارقت

جِدّت (ع۔ مث) تازگی۔ تازہ پن۔ کوئی نئی بات پیدا

جَدَل (ع۔ مث) لڑائی۔ جنگ۔

جَدوَل (ع۔ مث) نہر۔ نالی۔ صفحے پر تحریر کے چاروں طرف سرخ یا سیاہ خط (جداول جمع)

جدول کش (ف۔ مذ) (ا) صفحاتِ کتاب پر خطوط کھینچنے کا اوزار

جدھر (ہ) جس طرف۔ جہاں۔ حرف شرط ہے۔ جزا میں اُدھر آتا ہے۔

جدھر سینگ سمایا۔ جس طرف جائے یا بھاگنے کا موقع ملا۔

جَدی (ع۔ مذ) آسمان کے برجوں میں سے ایک برج کا نام ہے۔ جس کی شکل بکری کے بچے کی فرض کی گئی ہے۔

جَدّی (ع۔ مث) باپ دادا کی۔ آبائی۔ موروثی

جدید (ع۔ ص) نیا۔ تازہ۔

(ج - ذ)

جذام (ع) کوڑھ۔ ایک بیماری کا نام ہے جس میں ہاتھ پاؤں کی انگلیاں جاتی رہتی ہیں۔
جذامی (ع۔ مذ) کوڑھی۔
جذب (ع۔ مذ) کشش۔ کھنچ
جذبات (ع۔مذ) (واحد جذبہ)
جذبہ (ع۔ مذ) جوشِ دل۔ شوق۔ ولولہ جذبات۔ جمع۔
جذر (ع۔ مذ) گھٹاؤ۔ ضد مربع۔ وہ عدد جس میں کوئی جس میں کوئی نفسہٖ ضرب دینے سے مربع حاصل ہو۔
جذرُ الکعب (ع۔ مذ) ضد مکعب) وہ عدد جس کو فی نفسہٖ تین بار ضرب دینے سے اس کا مکعب نکلے۔

(ج - ر)

جَرّ (ع۔ مذ) کشش۔ کسرہ۔ زیر
جرِ ثقیل (ع۔ مذ) وہ علم جس کے ذریعے سے بھاری بھاری اشیا بآسانی اُٹھائی جاسکیں وغیرہ کا علم۔

جَراثیم (ع۔ مذ۔ ج) (جُرثومہ واحد) وہ ننھے ننھے خوردبینی کیڑے جو اکثر امراض کا موجب ہیں۔
جُراب { ع (= جورَب) مث } موزہ
جُرأت (ع۔ مث) دلیری۔ مردانگی۔ شجاعت۔
جَرّاح (ع۔ مذ) پھوڑے پھنسی وغیرہ کو چیرنے والا۔ زخمیوں کا علاج کرنے والا۔
جَراحت (ع۔ مث) زخم گھاؤ۔
جَرّاحی (ع۔ مث) چیر پھاڑ۔ ڈاکٹری
جرّار (ع۔ ص) بھاری لشکر۔ انبوہ کثیر۔
جرائم (ع۔ مذ ج) (واحد جُرم) گناہ پاپ۔ عیب۔ خلافِ قانون حرکت۔
جَرائم پیشہ (ف۔ ص) وہ شخص یا قوم جس کا کام جرم کرنا ہو۔
جُرثومہ (ع۔ مذ) (دیکھو جراثیم)

جُرح (مذ) زخم - اعتراض - گرفت
جَرس (ع - مذ) گھڑیال - گھنٹہ -
جرگہ (ت - مذ) گروہ - فرقہ - افغانستان کی پارلیمنٹ کا نام ہے -
جِرم (ع - مذ) جسم تن - لطیف شے - اس لفظ کا اطلاق عموماً آسمانی اور معدنی چیزوں پر ہوتا ہے - (اَجرام جمع)
جُرم (ع - مذ) خطا - گناہ - پاپ - خلاف قانون حرکت (جرائم جمع)
جُرمانہ (ت - مذ) جُرم - خطا - آنہ کلمہ نسبت) ڈنڈ - تاوان - مالی سزا
جری (ع - ص) دلیر - بہادر -
جَرَیان (ع (اصل میں ی کی زبر ہے - مگر فارسی والے ساکن بولتے ہیں) مذ) بہاؤ - روانی جاری ہونا - ایک مرض کا نام ہے -
جریب (ی - مث) ایک پیمانہ جس سے زمین ناپی جاتی ہے - لاٹھی
جریب کش (ف - مذ) جریب کھینچنے والا زمین ناپنے والا -

جَرائد (ع - مذ - ج) (واحد جریدہ) اخبارات -
جَرِیدہ (ع - ص) اکیلا - تنہا -
جریدہ (ع - مذ) اخبار (جرائد جمع)

(ج - ڑ - ز)

جَڑ (ہ - مث) اصل - بنیاد - بنا -
جَڑ اکھیڑنا (ہ) بنیاد نکالنا - مٹانا -
جَڑ کاٹنا (ہ) برباد کرنا - تباہ -
جَڑاؤ (ہ - مذ) جواہرات سے جڑا ہوا -
جَڑنا (ہ) لگانا - بیچی کرنا - ملانا -
جَڑی (ہ - مث) جڑ - کسی درخت کی جڑ سے بنی ہوئی دوا -
جُز - (ع) حصّہ - ٹکڑا - سوا - علاوہ (اجزاء جمع)
جزا (ع - مث) نیکی کا بدلہ - پھل - ثواب
جزائے خیر (ع - مث) نیک - بدلہ -
جزائر (ع - مذ - ج) (واحد جزیرہ)
جزبز ہونا (ا) افسردہ ہونا - آزردہ ہونا -

جَزَر (ع۔ مذ) اُتار۔ بھاٹا

جزر و مَد (ع۔ مذ) چاند کی کشش سے سمندر کے پانی کا اتار چڑھاؤ

جَزَع (ع۔ مث) بے صبری ناشکیبائی۔

جزع فزع (ع۔ مث) گریہ وزاری

جزم (ع۔ مذ) مضبوط۔ پکا۔ ے کا نشان۔

جُزو (ع۔ مذ) حصّہ۔ پارہ۔ ٹکڑا۔ آٹھ ورق کا مجموعہ (اجزا و جمع)

جُزوِ بدن ہونا (ا) بدن کا حصّہ ہو جانا۔ بدن سے مِل جانا۔ ہضم ہو جانا۔

جُزبندی (ف۔ مث) کتاب کے اجزا کو باہم سینا۔

جُزدان (ف۔ مذ) بستہ۔ کتابوں کا تھیلہ۔

جُزرَس (ف۔ ص) کفایت شعار۔ کم خرچ۔

جُزرسی (ف۔ مث) کفایت شعاری

جزوِ کُل (ع۔ مذ) تمام۔ بالکل پورا۔

جُزوی (ع۔ ص) معمولی۔ تھوڑا سا

جُزویات (ع۔ مذ۔ ج) (واحد جزوی) چھوٹی چھوٹی باتیں۔

جزیرہ (ع۔ مذ) ٹاپو۔

جزیرہ نما (ف۔ مذ) وہ قطعہ زمین جس کے تین طرف پانی ہو۔

جزیہ (ع۔ مذ) محصول۔ خراج۔ ٹیکس۔

(ج۔ س)

جَس (ع۔ مذ) شہرت۔ نیک نامی شفا

جس (ع) جو۔ جونسا۔

جس کی لاٹھی اُسکی بھینس (ا) زبردست ہی مالک ہے۔

جسامت (ع۔ مث) لمبائی۔ چوڑائی؛ ڈیل ڈول۔

جَست (ع۔ مذ) ایک دھات کا نام ہے۔

جَست (ف۔ مذ) چوکڑی چھلانگ۔ کود پھاند (بھرنا کرنا)

جست بھرنا (ا) چھلانگ مارنا۔ چوکڑی بھرنا۔

جُستجو (ف۔ مث) تلاش۔ ڈھونڈنا
جَسد (ع۔ مث) تن بدن (اجساد جمع)
جِسم (ع۔ مذ) بدن پنڈا (اجسام جمع)
جِسمانی (ع۔ ص) جسم سے متعلق۔ جسم کا۔
جِسمی۔ (ع۔ ص) جسم کا ذاتی۔
جَسیم (ع۔ ص) موٹا۔ بڑے جسم والا۔

(ج ش ع)

جشن {ف (اوستا لینہ (= عبادت) ں یجنیہ (= عبادت بذریعہ قربانی) مذ} خوشی خوشی کی مجلس عید۔
جشن منانا (ا) خوشی کرنا۔ راگ رنگ کی مجلس قائم کرنا۔
جَعد (ع مث) چوٹی۔
جعفری (ف۔ مث) زرد گیندے کا پھول۔ گل اشرفی۔ لکڑی یا لوہے کا جال۔ ایک قسم کا حقہ جو فرش پر نہیں گرتا۔
جعفری (ف ص)۔ خالص۔ کھرا۔ (سونا)

جعل (ع۔ مذ) بناوٹ۔ کھوٹ۔
جعلساز (ف۔ مذ) فریبی۔ دھوکا دینے والا۔
جعلسازی (ف۔ مث) جھوٹے دستخط کرنا۔ فریب کرنا۔
جعلی (ع۔ ص) بناوٹی۔ نقلی۔ جھوٹی۔

(ج۔ غ۔ ف۔ ک)

جغرات (ف۔ مذ) دہی۔
جغرافیہ (یونانی۔ مذ) زمین کا بیان۔
جفا۔ (ف۔ مث۔ زیادتی۔ ظلم۔ سختی۔
جفاکش (ف ص) ظلم سہنے والا۔ محنتی مشقت اُٹھانے والا۔
جُفت (ف۔ مذ) جوڑا۔ جوڑ۔ جوتی کا جوڑا۔ وہ عدد جو دو پر پورا تقسیم ہو جائے۔
جَفر (ع۔ مذ) احوال غائب دریافت کرنے کا علم
جکڑ بند (ہ) کسا ہوا۔ بندھا ہوا۔
جکڑنا (ہ) کس کر باندھنا۔ سخت ہونا۔

جگ (ہ۔ مذ) زمانہ۔ دُنیا۔ جہان
جگ ہنسائی (ہ۔ مث) ذِلت بدنامی
جگ (ہ لالا) (اگ۔ مذ)
جھجر۔ کرڈوا۔ دودھ رکھنے کا برتن۔
جُگ (ہ۔ مذ) زمانہ۔ عہد۔ وقت
جُگ جُگ (ہ) ہمیشہ
صدا۔
جُگادری (ہ۔ ص) پرُانا
گھاگ۔ عموماً بندر کی صفت
آتا ہے۔
جُگالی (ہ۔ مث) حیوانات کا معدے
سے چارہ نکال کر منہ میں
چبانا (کرنا کے ساتھ)
جگانا (ہ) بیدار کرنا۔ خبردار کرنا۔ روشن کرنا۔
جگت (ہ۔ مذ) جہان۔ دنیا۔
جگت گرو (ہ۔ مذ) تمام جہان کا
استاد مانا ہوا۔
جُگت (ہ۔ مث) جتن لطیفہ۔ پُھبتی۔ پُرمعنی بات۔
جُگت باز (ا۔ مذ) لطیفہ گو۔
جگر (ف دیہلوی جکوا اوستایاکر
(یہ زندہ) سنسکرت یکرت۔

مذ) کلیجہ۔ گودا۔ جوہر
لب لباب ہمت۔ شجاعت۔
قدرت۔ طاقت۔
جگر بند (ف۔ مذ) فرزند۔ بیٹا۔
جگر خراش (ف۔ ص) جگر پر خراش
ڈالنے والا۔ دردناک۔ درد انگیز
جگر گوشہ (ف۔ مذ) فرزند۔ بیٹا۔
جُگمگانا (ہ) چمکنا۔ روشن ہونا۔
جُگمگاہٹ (ہ۔ مث) چمک دمک۔
روشنی۔ رونق۔
جگ مگ جگ مگ کرنا (ہ) چمکنا۔
روشن ہونا۔
جُگنو (ہ۔ مذ) ایک چھوٹا سا اڑنے
والا کیڑا۔ جس کے جسم سے
رات کے وقت روشنی نکلتی
ہے۔ کرکیٹ شب تاب گلے
کے زیور کا نام ہے۔ جسے
لکھنؤ میں جگنی بھی کہتے ہیں۔
جگہ (ہ۔ مث) ٹھکانا۔ موقع
مقام۔ گنجائش۔ جا۔

(ج - ل)

جُل (ع - مذ) فریب - دھوکا - مکر

جُل دینا (ہ) ٹھگنا - جھانسا دینا -

جَل - (ہ - مذ) پانی - آب

جَلترنگ (ہ - مذ) ایک قسم کے باجے کا نام ہے - جو پیالیوں میں پانی بھر کر تیلیوں سے بجایا جاتا ہے

جَل تھل (ہ - مذ) زمین جو پانی سے ڈھک جاتی ہے - اس کا فعل جمع آتا ہے - کثرت بارش کی نسبت بھرنا کے ساتھ بولتے ہیں - جیسے چل مارنے میں جل تھل بھر گئے (ہو جانا بھی آتا ہے -

جل مانس (ہ - مذ) آبی آدمی - ایک قسم کا چھوٹا بندر -

جِلا (ع - مث) صفائی - آب صیقل - چمک

جِلا دینا (ا) رونق دینا - چمکانا

جلاب (ع (ف - گلاب کا معرب) مذ) دست آور دوا (حرف ہندوستان میں ان معنوں میں مستعمل ہو گیا ہے) لینا - دینا - لگ جانا

جَلا بُھنا (ہ - ص) جلا ہوا - سڑیل

جَلّاد - (ع - مذ) گردن مارنے والا - ظالم - بے رحم -

جَلّادی (د - مث) ظلم - بے رحمی - بے دردی -

جَلّادِ فلک (ع - مذ) منگل (ایک ستارے کا نام ہے) مریخ -

جَلادت (ع - مث) بہادری - شجاعت - پھرتی -

جَلال (ع - مذ) بزرگی - عظمت - شان و شوکت - غضب - غصہ - سختی

جَلانا (ہ) آگ لگانا - پھونکنا - بھڑکانا - دق کرنا - غصہ دلانا - چھیڑنا - رشک دلانا -

جِلانا (زندہ کرنا - تازہ کرنا - تازگی بخشنا -

جِلاوطن (ع - ص) وہ شخص جسے وطن سے نکال دیا گیا ہو -

جَلاوطنی (ع۔ مث) دیس نکالا۔ ہجرت۔
جُلاہا (ف = جولاہ برحذف رو باہ) مذ) کپڑا بننے والا۔ بافندہ (مجازاً) احمق۔
جِلد (ع۔ مث) کھال۔ چمڑا۔ کتاب کا پٹھا۔ اس کی سلائی اور جز بندی۔
جِلد ساز (ف۔ مذ) کتاب کی جلد باندھنے والا۔
جَلد (ع) فوراً۔ جلدی۔ شتاب۔ جھٹ پٹ
جَلد باز (ف۔ ص) تیز۔ شتاب کار ناؤلا۔
جَلدی (ع۔ مث) شتابی۔ سُرعت۔ تُرت پھرت۔
جَلسہ (ع۔ مذ) اجلاس۔ محفل۔ انجمن۔ ضیافت۔ راگ رنگ کی محفل۔
جَل مرنا (ہ) حسد کرنا۔
جَلن (ہ۔ مث) سوزش۔ چپش
جَلنا (ہ) آگ لگنا۔ روشن ہونا۔ ناراض ہونا۔ غم کھانا۔ سوکھ جانا۔ دیوٹے دیو کا۔

جُلنا (ہ) ملاقات کرنا۔ ان کے ساتھ بولتے ہیں۔
جلندھر (ہ۔ مذ) ایک بیماری کا نام ہے۔ جس سے مریض کے پیٹ میں پانی جمع ہو جاتا ہے۔ استسقاء کا مرض۔
جِلو (ت۔ مث) (۱) باگ (۲) کوتل گھوڑا۔ (۳) سواری کیساتھ کا ٹھاٹھ۔
جِلوخانہ (ف۔ مذ) صحن جو سلاطین اور امراء کے درِ دولت کے سامنے ہوتا ہے۔
جُلوس (ع۔ مذ) بیٹھنا۔ تخت نشینی بادشاہوں کی سواری۔ کسی عزت یا کسی بات کے پرچار کے لئے اکٹھا ہو کر بازاروں وغیرہ میں پھرنا۔
جَلوہ (ع۔ مذ) نمودار ہونا۔ نظارہ۔ دیدار۔ رونق۔ نور
جلوہ فرما (ف۔ اسم فاعل) رونق بخش حاضر۔ موجود۔
جلوہ فگن (ف۔ اسم فاعل) جلوہ نما۔ جلوہ گر۔
جلوہ گر ہونا (ف) ظاہر ہونا۔ رونق

بخشنا۔ تشریف لانا۔

جَلی (ع۔ ص) روشن۔ ظاہر۔ واضح
موٹا لکھا ہوا۔

جلے پھپھولے پھوڑنا (ہ) شکایت
کرے دل کا غبار نکالنا۔ حسد نکالنا
دلی حسرت نکالنا۔

جلی کٹی (ہ۔ مث) دشمن کی باتیں طعن
وطنز کی باتیں۔

جلے۔ کٹے بول (ہ) طعن آمیز گفتگو
غصے کی باتیں۔

جَلیس (ع۔ مذ) ہمنشین۔ ساتھی۔ رفیق
مصاحب (جُلساء جمع)

جلیل (ع۔ ص) بزرگ۔ بڑا۔ اعلیٰ
(واحد جمع)

جلیل القدر (ع۔ ص) عالی مرتبہ۔

(ج۔ م)

جَم (ف۔ مذ) جمشید۔ بادشاہ ایران
کا نام ہے۔

جم جاہ (ف۔ مذ) جمشید بادشاہ
کے رتبے والا۔ بڑے رتبے والا۔

جَم دُوتا (ف۔ مذ) ملک الموت۔

جُماد (ع۔ مذ) بے جان چیزیں۔ پتھر۔
دھات وغیرہ۔

جمادات (ع۔ مذ۔ ج) (واحد جماد)

جمادی الاولیٰ (ع۔ مذ) سن ہجری
کا پانچواں مہینہ۔

جمادی الآخر (ع۔ مذ) چھٹا قمری
مہینہ۔

جماعت (ع۔ مذ) گروہ۔ فریق۔ مجلس
نمازیوں کی قطار۔

جمال (ع۔ مذ) حسن۔ خوبصورتی

جمالی خربوزہ۔ وہ خربوزہ جو
صرف دیکھنے کے لائق ہو۔ خربوزہ
جس کا رنگ عمدہ ہو۔ مگر ذائقہ
خراب ہو۔ (مجازاً) نکما۔

جمانا۔ (ہ) منجمد کرنا۔ ٹھہرانا۔ پیوستہ
کرنا۔ دل میں بات بٹھانا۔

جماہی یا جمھائی (ہ۔ مث) کاہلی۔ یا
کثرت بیداری سے منہ کھول
کر سانس لینے کو کہتے ہیں۔

جُم جُم (ا) نت نت۔ ہمیشہ۔ ضرور۔

جمخانہ (ا۔ مذ) وہ مقام جہاں گھوڑوں کی بدوڑپر ہار جیت کی بازی یا اور رقم کے کھیل ہوں۔ اصل لفظ گیم (GAME) بمعنی کھیل اور خانہ سے مرکب ہے۔

جمشید (ف۔ مذ) ایران کے مشہور بادشاہ کا نام ہے۔

جمع (ع۔ مذ) اکٹھا

جمعبندی (ف۔ مث) دفترِ لگان۔

جمع الجمع (ع۔ مث) کسی اسم کے صیغہ کی جمع کی جمع جیسے وجوہات جو وجوہ کی جمع اور وجوہ خود وجہ کی جمع ہے۔

جمعدار (ف۔ مذ) جماعت کا افسر حولدار (پولیس)

جمعداری (ف۔ مث) سرداری افسری۔

جمعرات (ف۔ مث) پنجشنبہ خمیس ویروار

جمعہ (شکروار۔ نماز جمعہ۔ چھٹی کا دن۔

جمعیت (ع۔ مث) اکٹھا ہونا۔ انبوہ۔ اطمینان۔ تسلی۔ بے فکری۔

جمعیۃ الاقوام (ا) یورپ کی ایک انجمن جس میں دنیا کی بہت سی حکومتیں شامل ہیں۔ اس کا صدر مقام جینوا (GENEVA) میں ہے۔ یہ جنگِ عظیم کے بعد ۱۹۱۹ء میں قائم ہوئی تھی۔ تا کہ مختلف اقوام کے جھگڑے جنگ کی بجائے ثالثی کے ذریعے طے کر دیا کرے۔ اب نیویارک امریکہ میں ہے۔

جمِ غفیر (ع۔ مذ) انبوہ۔ کثیر۔ بھیڑ بھاڑ

جمگھٹ (ہ۔ مذ) انبوہ۔ بھیڑ۔ بھاڑ۔ مجمع۔

جمگھٹا (ہ۔ مذ) بھیڑ بھاڑ۔

جُمل (ع۔ مذ) حروف ابجد کے اعداد کا حساب۔ جس سے مادہ تاریخ نکالتے ہیں۔

جملگی (ف۔ مث) تمام۔ سب۔ بالکل تمامی

جملہ (ع۔ ص) تمام۔ سب۔ فقرہ۔ کلام۔

جملہ معترضہ (ع۔ مذ) وہ جملہ جو کلام

میں تقریب یا دعا کے طور پر
آتا ہے۔ ذکر میں ذکر۔
جُمنا (ہ) اکٹھا ہونا۔ قائم ہونا۔ بیٹھ
جانا۔ اطمینان ہونا۔ مشہور
دریا کا نام ہے۔
جمناسٹک (GYMNASTICS)
(انگ۔ مذ) ورزش کے کرتب
جمود (ع۔ مذ) جمنا۔ بستہ ہونا۔
اصطلاح علم طبیعات میں مادے کی
یہ خاصیت کہ وہ حرکت دیئے
بغیر متحرک نہیں ہوتا۔ اور اگر حرکت
دینے سے ایک دفعہ متحرک ہو جائے
پھر ساکن نہیں ہوتا۔ جب تک
کوئی قوت اسے ساکن نہ کرے۔
جُمہور (ہ۔ مذ) عام لوگ (جماہیر جمع)
جمہوری (ا) عام علام کے متعلق۔
لوگوں کی قایم کردہ۔
جمہوری سلطنت (ع۔ مث) وہ
سلطنت جس میں بادشاہ خود
مختار نہ ہو بلکہ تمام رعایا کے
لوگ حکومت میں شریک ہوں۔
جمہوریّت (ع۔ مث) جمہوری طرز
کی حکومت۔
جَمیع (ع۔ص) تمام۔ سب۔ کُل
جمیل (ع۔ص) خوبصورت۔ حسین۔
جمیلہ (ع۔ص) خوبصورت عورت۔

(ج ۔ ن)

جن (ع۔ مذ) بھوت۔ پریت آسیب
سرکش۔ زور آور (جنات جمع)
جن اُتارنا (ا) آسیب دور کرنا۔
غصہ دُور کرنا۔
جن چڑھنا (ا) طیش آنا۔ آسیب
کا اثر ہونا۔
جن (ہ) جو۔ جس)
جَننا (ہ) بچہ دینا۔
جُناب (ع۔ مذ۔ مث) آستانہ
حضرت۔ آپ۔
جُناب عالی (ع۔ مذ) خداوند نعمت
حضور۔
جنات (ع۔ مذ۔ ج) (واحد جن)
جنازہ (ع۔ مذ) لاش۔ تابوت۔

جنانا (د) بچہ پیدا کرانا۔ بچہ پیٹ سے نکالنا۔

جُنبش (ف۔مث) حرکت۔ چال۔ ہلنا۔ جُلنا ؛

جُنبَہ (ع۔مث) طرفداری۔ رعایت ؛

جُنّت (ع۔مث) باغ۔ بہشت ؛

جنّت نظیر (ع) جنّت جیسا ؛

جَنتر منتر (س۔مذ) جادو۔ ٹونکا۔ عرق کش

جنتری (س۔مذ) جادوگری۔ ٹونکا۔ فریب بازی۔ رصدگاہ ؛

جَنتی (ہ۔مث) سونے چاندی کا تار

جنٹل (Gentle) (انگ۔مذ) شریف۔ نرم ؛

جنٹلمین (Gentleman) (انگ۔مذ) شرآدمی۔ مہذّب ؛

جنجال (ع۔مذ) آفت۔ مصیبت۔ بکھیڑا ؛

جنجال میں پڑنا یا پھنسنا (د) بلا میں چھٹنا۔ مشکل میں پڑنا ؛

جنرل (General) (انگ۔مذ) عام۔ بڑا سپہ سالار ؛

جنرل مرچنٹ (انگ۔مذ) عام اشیاء کا تاجر ؛ (General merchant)

جنرل سیکریٹری (General Secretary) (انگ۔مذ) بڑا سکتر۔ عمومی ؛

جنس (ع۔مث) وہ کلّی جس کے تحت میں مختلف قومیں ہوں نوع وہ کلّی ہے۔ جس کے تحت میں انسان ہوں۔ صنف وہ کُلّی ہے جس کے تحت میں افراد ہوں جیسے حیوان جنس ہے۔ انسان۔ نوع۔ ہندی روسی۔ ترکی وغیرہ انسان ہیں۔ پھر زید اکبر، اور عمر وغیرہ افراد ہیں چیز۔ اسباب (اجناس جمع)

جنس وار (ع۔مث) تفصیل وار مانگ الگ ؛

جنسیّت (ع۔مث) ہم قسم ہونا۔ یکساں ہونا۔ تذکیر و تانیث ؛

جَنگ (ف۔مث) لڑائی۔ رن۔ دُشمنی
جَنگ آزمُودہ (ف بص) تجربہ کار۔ سپاہی۔ لڑائی کی گھاتوں سے واقف ؛
جَنگ آور (ف۔ص) لڑنے والا ؛
جَنگ جُو (ف۔ص) لڑاکا۔ جھگڑالو ؛
جَنگ زرگری (ف۔مث) جھوٹ مُوٹ کی لڑائی۔ دوسرے کو دھوکا دینے کے لئے ؛
جنگ و جدل (ف۔مذ) دنگہ۔ فساد ؛
جنگ عظیم (و۔مث) وہ جنگ جو یورپ میں ۱۹۱۴ء سے ۱۹۱۸ء تک ہوئی۔ اس میں ایک طرف جرمنی اور اس کے حلیف (ٹرکی۔ آسٹریا وغیرہ) تھے۔ اور دوسری طرف برطانیہ اور اس کے اتحادی (فرانس۔ اطالیہ۔ جاپان۔ روس اور امریکہ) تھے۔ اس میں اتحادیوں کو فتح حاصل ہوئی ؛
جنکشن (Junction) (انگ۔مذ) وہ مقام جہاں دو یا زیادہ ریل کی شاخیں آکر ملتی ہوں ؛
جنگل (ف۔مذ) بیابان۔ افتادہ زمین ویران۔ درختوں کی کثرت ؛
جنگل میں منگل ہونا (و) ویرانے میں رونق ہونا۔
جنگل میں مور ناچا کس نے دیکھا (و) اگر پردیس میں دولت صرف کی تو کس کام کی ؛
جنگلا (و۔مذ) کٹہرا۔ باڑ۔ احاطہ ؛
جنگلی (و بص) جنگل کا وحشی۔ بے تمیز ؛
جنگی (ف۔مذ) سپاہی۔ بہادر۔ فوجی۔ بڑا۔ فراخ ؛
جنگی جہاز (ف۔مذ) لڑائی کا جہاز ؛
جنگی لاٹ (و) فوج کا سب سے بڑا افسر ؛
جَنَم (ہ۔مذ) پیدائش۔ نسل۔ زندگی ؛
جَنَم اشٹمی (ہ۔مذ) کرشن جی کی پیدائش کا دن ؛
جَنَم بُھوم (ہ۔مث) پیدائش کی جگہ۔ وطن۔ جائے پیدائش ؛

جَنم پَتری (ہ۔ مث) زائچہ۔ وہ کاغذ جس پر بچّے کی پیدائش سے لیکر موت تک کے حالات ستاروں کے حساب سے لکھے جاتے ہیں ؛

جنم دِن (ہ۔ مذ) پیدائش کا دن۔ سالگرہ کا دن ؛

جنوب (ع۔ مث) دکھن۔ شمال کی ضد (جنائب جمع) ؛

جُنُون (ع۔ مذ) سودا۔ دیوانگی۔ خبط ؛

جُنُون چڑھنا (ہ) دیوانہ ہونا غصّہ چڑھنا ؛

جُنُونی (ع۔ مذ) پاگل۔ بے عقل ؛

جُنَید (ع۔ مذ) ایک مشہور صُوفی کا نام ہے۔ جو بغداد کے رہنے والے تھے ؛

جَنِین (ع۔ مذ) وہ بچّہ جو ماں کے پیٹ میں ہو (اَجِنّہ جمع) ؛

جَنیو (ہ۔ مذ) زنار۔ وہ تاگا جو برہمن گلے میں ڈالے رہتے ہیں ؛

جنیوا (لاطینی۔ مذ) سویٹزرلینڈ کے ایک بڑے شہر کا نام ہے۔ جہاں گھڑیاں بہت بنتی ہیں۔ اور جو جمعیتہ الاقوام کا صدر مقام ہے۔

(ج۔ و)

جو (ہ) اسم موصول۔ ہر شخص۔ جو کوئی۔ جسقدر ؛

جُو (ف۔ مث) نہر ؛

جو (ف۔ مذ) ایک قسم کا غلّہ ہے۔ جس سے شراب بھی بنتی ہے۔ تھوڑا۔ ذرا ؛

جَوّ (ع۔ مذ) آسمان اور زمین کے بیچ کا فاصلہ۔ فضا ؛

جوکوب (ف۔ ص) موٹا موٹا کُٹا ہُوا۔

جُوا (ہ۔ مذ) وہ لکڑی جو گاڑی کے بیل کے کندھے پر رکھی جاتی ہے۔ قمار بازی ؛

جُوا کھیلنا (ہ) پاسہ پھینکنا۔ داؤں لگانا بازی کرنا ؛

جواب (ع۔ مذ) سوال کی ضد۔ اُتر پاسخ۔ مقابل۔ برابر۔ انکار۔ تردید ؛

جُوابُ الجواب (ع۔ مذ) جواب کا جواب۔ مناظرے میں معترض کے جواب کے جواب میں جو تقریر کیجائے ؛

جُواب باصَواب (ع۔ مذ) عمدہ جواب۔ معقول جواب ؛

جواب پانا (ا) برطرف ہونا۔ سزا ملنا ؛

جواب دعویٰ (ع۔ مذ) مدعاعلیہ کا تحریری جواب ؛

جواب دِہ (ف۔ مذ) ذمہ دار ؛

جواب طلب کرنا (و) مواخذہ کرنا۔ سبب پوچھنا ؛

جواب دہی (ف۔ مث) ذمہ داری۔ وجہ بتانا۔ جواب دینا ؛

جواب دینا (و) اتر دینا۔ رد کرنا۔ معزول کرنا۔ انکار کرنا۔ چھوڑنا ؛

جواب ملنا (و) انکار ہونا۔ موقوف ہونا۔ بدلا ملنا ؛

جواب نہ بن پڑنا۔ جواب نہ سوجھنا۔ جواب نہ دے سکنا ؛

جوابی (ع۔ص) مقابل۔ نظیر ؛

جوابی کارڈ (جڑواں کارڈ) ؛

جُوَاد (ع۔ مذ) بہت بخشش کرنے والا ؛

جُوار (ہ۔ مث) ایک قسم کا غلہ ؛

جُوار (ع (اوّل و نیز بکسر اوّل مگر بول چال میں بفتح اوّل آتا ہے) مذ) ہمسائیگی۔ پڑوس ؛

جوارش (ع اف گوارش کا معرّب۔ بول چال میں بفتح اوّل ہے) مث) مرکب۔ ہاضم دوا ؛

جُواری (ہ (واؤ کا تلفظ مثل ہمزہ کے ہے) مذ) جوا کھیلنے والا۔ قمارباز ؛

جُواز (ع۔ مذ) جائز ہونا۔ اجازت ؛

جُوالا (س۔ مذ) شعلہ۔ آگ۔ حرارت ؛

جُوالا مکھی (ہ۔ مذ) آتش فشاں پہاڑ ؛

جُوان (ف۔ص) نوعمر۔ مضبوط۔ دلیر ؛

جُوان بخت (ف۔ص) خوش قسمت اقبال مند ؛

جوان مرد (ف۔ص) بہادر۔ بلند حوصلہ۔ سخی ؛

جوان مردی (ف۔ مث) شجاعت۔

جُواں مرگ (ف۔ص) جوانی میں
جُوانہ مرگ (ف) مرنے والا ٭
وقت سے پہلے مرنے والا ٭

جُوانی (ف۔مث) شباب۔ اوائل عمری۔ بلوغت ٭

جوانی دیوانی (ف) جوانی کے زور میں آدمی دیوانہ ہوتا ہے۔ کچھ نہیں سوجھتا ٭

جُوانی ڈھلنا (ہ) جوانی سے اُترنا۔ جوبن نہ رہنا ٭

جوانی کا عالم (ا۔مذ) شباب کا وقت۔ حالت جوانی ٭

جوانی کی نیند (و) بے خبری کی نیند ٭

جُوانِب (ع۔مث یا ج) (واحد جانب) اطراف ٭

جواہر (ع۔مذ۔ج) (واحد جوہر)۔ قیمتی پتھر۔ گوہر ٭

جواہرات (ع۔مذ) جوہر کی جمع۔ الجمع ٭

جواہر خانہ (ف۔مذ) زیور خانہ۔ توشہ خانہ ٭

جُواہر نِگار (ف۔ص) جڑاؤ

"فسانۂ عجائب" میں ایک ملکہ کا نام ہے جس کی شادی شہزادہ جانعالم سے ہوئی ٭

جوبَن (ہ۔مذ) بلوغت۔ آغاز جوانی خوبصورتی۔ حسن و جمال ٭

جوبَن پر آنا (ہ) بہار پر آنا۔ جوانی کا آغاز ہونا ٭

جوبَن پھٹ پڑنا (ہ) حسن میں زیادتی ہونا ٭

جوبَن ڈھلنا (ہ) جوانی کا عالم نہ رہنا۔ جوانی ڈھلنا ٭

جوت (ہ۔مث) روشنی۔ اُجالا شعلہ ٭

جوت (ہ۔مث) چمک۔ رونق ٭
کاشتکاری۔ جُتی ہوئی زمین ٭

جُوت (ہ۔مذ) بڑا جوتا۔ نقصان ٭

جوتا (ہ۔مذ) کاشتکار۔ زمین جُتی ہوئی

جُوتا (ہ۔مذ) پاپوش ٭

جُوتا اٹھانا (ہ) گستاخی کرنا۔ مارنے کا ارادہ

ارادہ کرنا۔ تابعداری کرنا ؛
جُوتا برسنا (ہ) خوب جوتیاں پڑنا ؛
جُوتا لگنا (ہ) جوتی لگنا۔ شرمندگی ہونا ؛
جوتِش (ہ۔ مث) علم نجوم ؛
جوتشی (ہ۔ مذ) علم نجوم کا ماہر۔ نجومی
جُوتی (ہ۔ مذ) پاپوش ؛
جوتی پیزار (ہ۔ مث) مار پیٹ۔ لڑائی ؛
جوتیاں چٹخاتے پھرنا (ہ) آوارہ گردی کرنا۔ نکما پھرنا ؛
جوتیاں سیدھی کرنا (ہ) عزت کرنا۔ ذلیل خدمت سرانجام دینا ؛
جُوتیاں کھانا (ہ) جوتیوں سے پٹنا طعنے سہنا۔ خفت اٹھانا ؛
جُوتیاں گانٹھنا (ہ) حقیر پیشہ کرنا۔ ذلیل کام کرنا ؛
جُوتیوں کا صدقہ (ہ۔ محاورہ) آپ کی بدولت۔ آپ کی جوتیوں کے طفیل ؛
جُوتیوں میں دال بٹنا (ہ) لڑائی جھگڑا ہونا۔ آپس میں پھوٹ پڑنا ؛
جوتنا (ہ) بیلوں کو گاڑی میں لگانا ہل چلانا ؛
جُوجُو (ہ۔ مذ) ایک فرضی نام جس سے عورتیں بچوں کو ڈراتی ہیں۔ ہیچا (دہلی میں ہیچا اور لکھنؤ میں دونو مستعمل ہیں) ؛
جُود (ع۔ مذ) بخشش۔ سخاوت ؛
جُودت (ع۔ مث) تیزی۔ ذہن کی تیزی۔ ذکاوت ؛
جوڈیشل (Judicial) (انگ۔ ص) عدالت کے متعلق حاکمانہ۔ فوجداری ؛
جَور (ع۔ مذ) ظلم۔ ستم۔ سختی۔ بے رحمی ؛
جورُو (ہ۔ مث) بیوی۔ استری ؛
جورُو کا مزدور (ہ) زبان مرید۔ بیوی کا غلام۔ جورو کا تابعدار ؛
جوڑ (ع۔ مذ) گانٹھ۔ پیوند۔ میزان۔ داؤں پیچ۔ برابر۔ خوب ؛

جُوڑ بُند (ع۔ مذ) عضو۔ جوڑ ؛
جوڑ توڑ (ہ۔ مذ) داؤں پیچ۔ جالی۔ فریب ؛
جوڑ توڑ کرنا (ہ) تدبیر کرنا۔ سازش کرنا ؛
جوڑا (ہ۔ مذ) جفت۔ زَوج۔ نرمادہ ؛ برابر کا۔ ساتھی۔ پوشاک۔ جُوتی۔
جوڑا بڑھانا (ہ) کپڑے اُتارنا ؛
جوڑنا (ہ) ملانا۔ گانٹھنا۔ جمع کرنا۔ بنانا میزان کرنا ؛
جوڑواں (ہ۔ص) توام۔ وہ دو بچے جو ایک ساتھ پیدا ہوئے ہوں۔
جوڑی (ہ۔ مث) دو۔ جفت۔ ساتھی۔ نرمادہ۔ میاں بیوی۔ دو طبلے نیز مگدر ؛
جوڑی دار (ہ۔ مذ) ساتھی ؛
جوڑی ہلانا (ہ) مگدر ہلانا ؛
جُوز (ع۔ مذ) جائفل ؛
جوزا (ع۔ مذ) آسمان کے تیسرے بُرج کا نام ہے ؛
جوش (ف۔ مذ) اُبال۔ تحریک۔ غصہ۔ تعصب۔ زیادتی۔ شوق ؛
جوش مارنا (و) اُبلنا۔ کھولنا۔ زیادتی ہونا ؛
جوش میں آنا (و) طیش میں آنا۔ چڑھنا۔ طغیانی پر آنا۔ چڑھنا۔
جوشاندہ (ف۔ مذ) جوش دی ہوئی دوا جو نزلے میں پلائی جاتی ہے کاڑھا ؛
جُوق (ت۔ مذ) گروہ۔ انبوہ۔ غول ؛
جُوق در جُوق (ت) گروہ در گروہ بہت سے ؛
جوکھم (ہ۔ مث) خطرہ۔ اندیشہ۔ دغدغہ
جوکھوں (ہ۔ مث) خطرہ۔ اندیشہ۔ قیمتی شے ؛
جوکھوں میں پڑنا (ہ) خطرہ میں پڑنا ؛
جوکھوں میں ڈالنا (ہ) مصیبت میں ڈالنا۔ خطرے میں ڈالنا ؛
جوگ (ہ۔ مذ) میل ملاپ۔ ریاضت زُہد۔ مناسب۔ لائق ؛
جوگا (ہ۔ص) لائق۔ قابل۔ موزوں۔
جوگن (ہ۔ مث) جوگی کی تانیث بیراگن۔

جوگرجتے ہیں وہ برستے نہیں (ہ) بہت بولنے والے سے کوئی کام نہیں ہوتا ؛

جوگی (ہ۔ مذ) سنیاسی۔ ہندو فقیر۔ بیراگی ؛

جوگیا (ہ۔ص) گیرو رنگ کا (ہ۔ مذ) ایک راگ کا نام ہے ؛

جُولاں (ف۔ مث) بیڑی۔ زنجیر ؛

جُولان (ع۔ مذ) گھوڑے کی دوڑ۔ کود پھاند ؛

جُولانی (ع۔ مذ) تیزی۔ چالاکی۔ جوش جوانی۔ تیز فہمی ؛

جُون (June) (انگ۔ مذ) انگریزی چھٹے مہینے کا نام ہے۔

جُوں (ہ) مانند۔ مثل ؛

جُوں (ہ۔ مث) وہ کیڑا جو بالوں یا کپڑوں میں عفونت جسم یا میل کے سبب سے پڑتا ہے۔

جُون (ہ۔ مث) جنم۔ پیدائش ؛

جون بدلنا (ہ) ایک جسم سے دوسرے جسم میں جانا۔ آواگون۔ تناسخ ؛

جُون پوری کرنا (ہ) دن پورے کرنا۔

جُوں توں (ہ) جس طرح ہو سکا۔ بہر صورت ؛

جُوں توں کر کے (ہ) مشکل سے خدا خدا کر کے ؛

جُوں جُوں (ہ) جسقدر۔ جتنا ؛

جونک (ہ۔ مث) پانی کا وہ کیڑا جو گندہ خون نکالنے کیلئے انسان کے جسم پر لگاتے ہیں ؛

جُوں کا تُوں (ہ) پورا۔ تمام۔ ویسے کا ویسا ؛

جونپور کا قاضی (و) (کنایتہً) بے وقوف۔ احمق۔ نادان ؛

جونہی (ہ) جس وقت۔ فوراً ؛

جُونیر (Junior) (انگ۔ ص) ادنےٰ۔ ماتحت (سینیر کی ضد) ؛

جوہر (معرب گوہر۔ مذ) قیمتی پتھر لعل۔ زمرد وغیرہ۔ ہنر۔ کمال عمدگی۔ خوبی (جواہر جمع) ؛

جوہر دکھانا (و) ہُنر دکھانا۔ لیاقت ظاہر کرنا ؛

جوہر کھلنا (ہ) لیاقت معلوم ہونا۔ اثر ظاہر ہونا ؛

جوہری (ع۔مذ) جوہر بیچنے والا۔ پرکھنے والا ؛

جوہڑ (ہ۔مذ) بارانی تالاب۔ جھیل ؛

جویا (ف۔مذ) ڈھونڈھنے والا ؛

جوئندہ (ف۔مذ) تلاش کرنیوالا ؛

جوئے خانہ (ف۔مذ) قمارخانہ۔ وہ جگہ جہاں جوا کھیلا جائے ؛

(ج-ہ)

جہات (ع۔مث۔ج) (واحد جہت) ؛

جہاد (ع۔مذ) کوشش کرنا۔ دین کی حمایت میں لڑنا ؛

جہادِ اصغر (ع۔مذ) کفار سے لڑنا۔ قتال ؛

جہادِ اکبر (ع۔مذ) نفس کشی۔ ریاضت

جھابا (ہ۔مذ) گھی یا تیل رکھنے کا چرمی ٹونٹی دار ظرف ؛

جھاڑ (ہ۔مث) کانٹے دار چھوٹے درخت فانوس۔ ایک قسم کی آتش بازی ؛

جھاڑ جھنکاڑ (ہ۔مذ) گھنا اور خاردار پودا۔ بہت سی شاخوں والا درخت ؛

جھاڑ پھونک (ہ۔مث) آسیب دُور کرنے کیلئے منتر ؛

جھاڑ پونچھ (ہ۔مث) صفائی جھاڑنا پونچھنا ؛

جھاڑن (ہ۔مذ) جھاڑنے کا کپڑا۔ ڈسٹر (Duster)

جھاڑنا (ہ) صاف کرنا۔ پونچھنا بُہارنا۔ توڑنا تنبیہ کرنا۔ دم کرنا ؛

جھاڑو (ہ۔مث) جاروب بُہاری۔

جھاڑو پھرنا (ہ) صفائی کرنا۔ تباہ کرنا۔ کچھ نہ چھوڑنا ؛

جھاڑی (ہ۔مث) چھوٹا سا خاردار درخت ؛

جہاز (ع۔مذ) بہت بڑی ناؤ ؛

جہازی (ع۔مذ) ملاح۔ جہاز کا۔ سمندری ؛

جہازی کُتّا (ہ) شکاری کُتّا۔ تازی کُتّا ÷

جھاگ (ہ۔ مث) کف (لانا) ÷

جھاگ لانا (ہ) غصّے کے مارے منہ سے تھوک اُڑانا ÷

جھال (ہ۔ مث) تیزی۔ سوج۔ نہر یا دریا کی لہر۔ بڑا ٹوکرا۔ ٹانکا جسد ÷

جھالا (ہ۔ مذ) بہت زور کی بارش جو جلد ختم ہو جائے ÷

جہالت (ع۔ مث) بے علمی۔ بیوقوفی۔ وحشی پن ÷

جھالر (ہ۔ مث) آنچل۔ پھُندنا۔ حاشیہ۔ کنارہ ÷

جھالنا (ہ) ٹانکا لگانا۔ برتن جوڑنا۔ پانی یا شراب وغیرہ کو شورے یا برف سے ٹھنڈا کرنا ÷

جہان (ہ۔ مذ) لوگ۔ زمین۔ ملک ÷

جہاں (ہ) جس جگہ۔ جس وقت ÷

جہاں پناہ (ف۔ مذ) بادشاہ۔ سلطان ÷

جہاں بانی (ف۔ مث) حکومت کرنا۔ سلطنت کرنا ÷

جہاں داری (ف۔ مث) بادشاہی

جہاں دیدہ (ف۔ مذ) تجربہ کار۔ تمام جہاں میں پھرا ہوا آدمی ÷

جہاں تک (ہ) جب تک۔ حتی الوسع۔

جھانپ (ہ۔ مذ) بانس کا ٹوکرا۔ پردہ۔

جھانپنا (ہ) چھپانا۔ ڈھانکنا۔ منڈھنا۔ غلاف چڑھانا ÷

جھانسا (ہ۔ مذ) دھوکا۔ فریب۔ دغا۔

جھانسا دینا (ہ) دھوکا دینا۔ جُل دینا ÷

جھانسے میں آنا (ہ) دَم میں آنا ÷

جھانجن (ہ۔ مث) پاؤں کا ایک زیور۔

جھانک (ہ۔ مث) نظر۔ تاک ÷

جھانکنا (ہ) چھپکر دیکھنا۔ جاکر پھرنا ÷

جہاں گیری (ہ۔ مث) بادشاہی۔ ایک قسم کا جڑاؤ زیور ÷

جھانولی (ہ۔ مث) (بروزن باؤلی) آنکھ کا اشارہ۔ معشوق کی ناز بھری گردش۔ چکمہ۔ فریب (دینا) ÷

جھپ سے۔ جلدی سے۔ فی الفور۔ فوراً۔
جھپاک (ہ مث) جلدی۔ شتابی ؛
جُھپیٹ (ہ۔مث) جلدی کا حملہ۔ جلدی جلدی چلنا ؛
جھپٹا۔ اُچک لینا ؛
جھپٹنا (ہ) حملہ کرنا۔ چھینا۔ دوڑنا ؛
جُھپکنا (ہ) آنکھوں کا بند ہو جانا۔ شرمندہ ہونا۔ ڈرنا ؛
جُھپکی (ہ۔مث) تھوڑی سی نیند۔ غنودگی۔
جھپیٹ (ہ۔مث) صدمہ۔ دوڑ۔ بھوت پریت کا سایہ ؛
جِہَت (ء۔مث) طرف۔ جانب (جہات جمع) ؛
جُھٹ (ہ) فوراً ؛
جُھٹ پُٹ (ہ) فوراً۔ تُرت۔ بُھرت۔
جُھٹ پُٹا (ہ۔مذ) صبح یا شام کی تاریکی۔ دونوں وقت ملے ؛
جُھٹکا (ہ۔مذ) دھکا۔ صدمہ۔ جانور کو ایک ہی دفعہ تلوار سے مار دینا ؛
جھٹکا دینا (ہ) صدمہ دینا۔ ہلانا ؛

جھٹکا کھانا (ہ) صدمہ اُٹھانا ؛
جھٹکنا (ہ) جھاڑنا۔ کپڑے کو زور سے ہلانا۔ دھکا دینا ؛
جُھٹلانا (ہ) جھوٹ ثابت کرنا۔ باطل کرنا ؛
جُھجّر (ہ۔مذ) مٹی کی بڑی سی صُراحی ؛
جِھجَک (ہ۔مث) خوف۔ حجاب ؛
جِھجَکنا (ہ) شرمانا۔ خوف کھانا ؛
جُہد (ہ۔مث) کوشش کرنا۔ طاقت
جُھرجُھری (ہ۔مث) بخار کی کپکپی ؛
جُھرمٹ (ہ۔مذ) (زبانوں پر جھُرمٹ ہے) بھیڑ۔ انبوہ ؛
جُھرنا (ہ۔مذ) آبشار۔ پانی کی دھار۔ بڑی چھنی۔ سوراخدار کفگیر ؛
جِھرنا (ہ) ٹپکنا۔ رِسنا ؛
جُھرنا (ہ) کمزور ہونا۔ مرجھانا۔ کمی یا نقصان کی شکایت کرنا ؛
جھروکا (ہ مذ) کھڑکی۔ دریچہ۔ سیرگاہ ؛
جھری (ہ۔مث) درز۔ شگاف ؛
جھُرّی (ہ۔مث) شکن۔ سلوٹ جو بڑھاپے کے باعث آدمی کے چہرے پر پڑ جاتی ہے

پڑجاتی ہے ۔
جھڑ (ہ۔مذ) جھڑی۔ متواتر بارش (لگنا۔ لگانا) قفل کا کھٹکا ۔
جھڑا (ہ۔مذ) بالکل تمام ۔
جھڑپ (ہ۔مث) تیزی۔ گرمی۔ غصہ۔ دو چیزوں کا آپس میں ٹکرانا۔ تکرار۔ خفیف لڑائی ۔
جھڑکنا (ہ) گھڑکنا۔ ملامت کرنا۔ دھمکانا۔ جھاڑنا ۔
جھڑنا (ہ) گرنا۔ کچھ بکنا۔ نفع ہونا ۔
جھڑی (ہ۔مث) تھوڑی تھوڑی لگاتار بارش ۔
جھڑی لگنا (ہ) متواتر مینہ برسنا۔
جھک (ہ۔مث) بکواس۔ بیہودہ گوئی ۔
جھک مارنا (ہ) بیہودہ بکنا۔ بے فائدہ گفتگو کرنا ۔
جھکانا (ہ) خم کرنا۔ نیچا کرنا۔ نرم کرنا ۔
جھکاؤ (ہ۔مذ) خمیدگی۔ خم۔ توجہ۔ خیال ۔
جھکڑ (ہ۔مذ) سخت ہوا۔ آندھی ۔

جھکنا (ہ) خمیدہ ہونا۔ مسائل ہونا ۔
جھگڑا (ہ۔مذ) دنگا۔ فساد۔ فتنہ ۔
جھگڑا پاک ہونا (ہ) فساد دور ہونا۔ صفائی ہونا۔ موت آنا ۔
جھگڑا چکانا (ہ) فیصلہ کرلینا۔ قرض ادا ہونا ۔
جھگڑالو (ہ۔مذ) فسادی۔ لڑاکا ۔
جھگڑنا (ہ) لڑنا۔ فساد کرنا۔ تکرار کرنا۔ زیادہ مانگنا۔ ضد کرنا ۔
جُھل (ہ۔مث) غصہ۔ خفگی۔ حسد ۔
جِہل (ع۔مث) جہالت۔ بیوقوفی ۔
جھلا (ہ۔مذ) بدمزاج۔ غصے والا ۔
جھلجھل (ہ۔مث) پتنگ کی دُم ۔
جھلانا (ہ) جھونٹے دینا ۔
جھلانا (ہ) غصہ ہونا۔ طیش میں آنا ۔
جھلڑ (ہ۔مذ) گروہ۔ غول۔ جتھا ۔
جھلسا (ہ۔مذ) قدرے جل جانا۔ فصلہ ۔
جھلسنا (ہ) جلنا۔ آگ لگانا ۔
جھلک (ہ۔مث) روشنی۔ چمک۔ جلوہ
جھلکنا (ہ) چمکنا۔ جلوہ دکھانا ۔
جھلملانا (ہ) جھلکنا۔ چمکنا ۔

جُھلنا (ہ) ہوا کرنا۔ نالکا لگانا ⁂

جھلی (ہ۔مث) باریک چمڑا یا پوست ⁂

جھلنگا (ہ۔مذ) ایسی جھولا چارپائی جس کے بان ٹوٹ ٹوٹ کر لٹک گئے ہوں ⁂

جُھمکا (ہ۔مذ) گچھا۔ پروین۔ سات ستاروں کا مجموعہ۔ کانوں کے ایک زیور کا نام۔

جھمیلا (ہ۔مذ) بکھیڑا۔ جھگڑا ⁂

جھنجھلانا (ہ) غصّے ہونا۔ بُرا ماننا ⁂

جھنجھوڑنا (ہ) کسی کو پکڑ کر ہلانا۔ جگانا ⁂

جُھنڈ (ہ۔مذ) گروہ۔ بہت سے اکٹھے۔ درخت ⁂

جُھنڈ کے جُھنڈ (ہ) گروہ کے گروہ۔ ٹھٹ کے ٹھٹ ⁂

جھنڈا (ہ۔مذ) پھریرا۔ علم۔ نشان ⁂

جھنڈا گاڑنا (ہ) قبضہ جمانا۔ نشان کھڑا کرنا ⁂

جَھنڈے تلے کی دوستی (ہ) تھوڑے دن کی آشنائی۔ اتفاقی دوستی ⁂

جھنڈی (ہ۔مث) چھوٹا نشان ⁂

جُھنکار (ہ۔مث) زنجیر وغیرہ کی آواز ⁂

جھنکاڑ (ہ۔مذ) بے پتیوں کا درخت (جھاڑ کے ساتھ) ⁂

جُھنّانا (ہ) کسی عضو کا بےحس و حرکت ہو جانا۔ سُنّ ہو جانا ⁂

جُھنجُھنا (ہ۔مذ) بچّوں کا ایک کھلونا جو ہلانے سے بجتا ہے ⁂

جہنّم (ع۔مذ) دوزخ۔ نرگ ⁂

جہنّم میں جائے (ہ) دفع ہو دے چولھے میں جائے ⁂

جہنّمی (ف۔ص) دوزخی ⁂

جُھوٹ (ہ۔مذ) غلط۔ دروغ۔ کذب۔ افترا ⁂

جُھوٹ بولنا (ہ) غلط کہنا۔ سچ کو چُھپانا ⁂

جُھوٹ کا پُتلا (ہ) بہت جھُوٹ بولنے والا ⁂

جُھوٹ کا پُل باندھنا (ہ) بہت جھُوٹ بولنا ⁂

جُھوٹ مُوٹ (ہ) دروغ۔ غلط یوں ہی۔ مذاق سے ⁂

جھوٹا (ص۔ مذ) جھوٹ بولنے والا (۲) نقلی مصنوعی (۳) نکما۔ بے کار جیسے ہاتھ پاؤں کا جھوٹا ہو جانا۔ (۴) برتا ہوا (۵) کسی کا کھایا پیا ہوا (۶) وہ برتن جس میں منہ لگا کر کچھ کھا پی لیا ہو ؛

جھوٹا پڑنا (ف) جھوٹا ثابت ہونا۔ وعدہ خلافی ہونا ؛

جھوٹا کام (ا۔ مذ) جھوٹے سے کیا ہوا زردوزی وغیرہ کا کام ؛

جھوٹن (ا۔ مذ) پس خوردہ۔ بچا ہوا کھانا۔

جھوٹوں (ا) بناوٹ اور سخن سازی کے موقع پر بولتے ہیں ؛

جھوٹوں بات نہ پوچھنا (ف) دنیا سازی بھی نہ کرنا ؛

جھوٹی سچی اڑانا۔ جھوٹی خبر اڑانا۔ تہمتیں لگانا ؛

جھوٹی سچی کہنا۔ جھوٹی خبر اڑانا۔ جھوٹی باتیں بنانا ؛

جھوٹے کو حد تک یا گھر تک پہنچا دینا۔ جھوٹے کو قائل کرنا ؛

جھوٹے منہ۔ ظاہرداری سے ؛

جھوٹا یا جھونٹا۔ (بو۔ ڈ مجہول) (ا۔ مذ) جھولے کی جنبش (دینا۔ لینا) عورت کے سر کے بال ؛

جھوٹی مہندی (ا) اُتری یا استعمال کی ہوئی مہندی ؛

جھوکا (ا۔ مذ) ہوا کی لہر۔ غنودگی ؛

جھوکنا (ف) خطرے میں ڈالنا۔ تنور یا بھاڑ گرم کرنا۔ تنور یا بھاڑ میں کوڑا کرکٹ یا پھوس وغیرہ ڈالنا ؛

جھول (ا۔ مذ) کپڑے کے شکن۔ بلیغ ایک بار کئی بچے دینا ؛

جھول نکالنا (ف) پرندوں کا بچے نکالنا ؛

جھول (ا۔ مذ) سردی سے محفوظ رکھنے کے لئے حیوانات کے اوپر ڈالنے کا کپڑا ؛

جھولا (ا۔ مذ) جھولنے کی رسی۔ ہنڈولا ؛

جھولا (ا۔ مذ) ایک قسم کا ڈھیلا تھیلا ؛

جھولنا (ف) لٹکنا۔ پینگ لینا ؛

جھولی (ا۔ مث) تھیلی۔ دامن کی گوری۔

جھُوم جھُوم کر (ہ) لہرا کر۔ کثرت سے ؛

جھُومنا (ہ) مستی سے چلنا۔ سر ہلانا ؛

جھوپڑا (ہ۔مذ) چھپّر۔ گھر ؛

جھوجن (ہ۔مذ) پرند خاص کر بئے کا گھونسلا ؛

جھونکا (ہ۔مذ) ہوا کی ایک لہر۔ غنودگی ؛

جھینپنا (ہ) آنکھ چُرانا۔ کترانا۔ شرمانا ؛

جھیرا (ہ۔مذ) چشمہ۔ سوتا۔ سوکھا کنواں۔

جَہیز (ع۔مذ) (جہاز کا املا) وہ سامان جو شادی کے وقت لڑکی والے دیتے ہیں ؛

جھیل (ہ۔مث) پانی کا خشکی سے گھرا ہوا ٹکڑہ۔ تالاب سے بڑا ؛

جھینکنا (ہ) رونا۔ گریہ وزاری کرنا۔ دُکھڑا بیان کرنا۔ افسوس کرنا۔ شکوہ۔

جھیلنا (ہ) برداشت کرنا۔ سہنا ؛

جھینگر (ہ۔مذ) ایک قسم کا بڑی بڑی مونچھوں والا کیڑا جو دیواروں پر رہتا ہے اور کپڑے وغیرہ چاٹ جاتا ہے۔

(ج۔ی)

جےُ (ہ۔مث) فتح۔ خوشی ؛

17919 جی (ہ) اجناب۔ درست۔ ہاں ؛

جی (ہ۔مذ) رُوح۔ دِل ؛

جی آنا (ہ) دل آنا۔ عاشق ہونا ؛

جی اُٹھنا (ہ) زندہ ہونا۔ دل بیزار ہونا۔

جی اچاٹ ہونا (ہ) دل نہ لگنا ؛

جی اُکتا جانا (ہ) گھبرا جانا ؛

جی بھر آنا (ہ) ترس آنا۔ آنسو بھر آنا۔

جی بہلنا (ہ) دل خوش ہونا ؛

جی بہلانا (ہ) دل خوش کرنا ؛

جی پر کھیلنا (ہ) جان جوکھوں میں ڈالنا۔ جان دے دینا ؛

جی جلانا (ہ) دُکھ دینا ؛

جی جلنا (ہ) دُکھ ہونا۔ غصہ آنا ؛

جی چاہنا (ہ) دل للچانا۔ خواہش ہونا۔

جی چرانا (ہ) کام سے بچنا۔ کترانا ؛

جی چھوٹنا یا چھوڑ جانا (ہ) نااُمید ہونا۔ ہمت ہارنا ؛

جی چھوڑنا (ہ) ہمت ہارنا ؛

جی سے جانا (ہ) مرنا۔ جان سے گزرنا ؛

جی کڑا کرنا (ہ) دل سخت کرنا ۔

جی کھول کر (ہ) دل بھر کر۔ خاطر خواہ ۔

جی کی جی میں رہنا (ہ) ارمان رہنا۔ حسرت نہ نکلنا ۔

جی گھبرانا (ہ) دل نہ لگنا۔ بیزار ہونا ۔

جی لبھانا (ہ) دل موہ لینا ۔

جی لڑا دینا یا لڑانا (ہ) جان و دل سے دریغ نہ رکھنا۔ بڑی توجہ دینا۔ جان کھپا دینا ۔

جی لگانا (ہ) دھیان دینا۔ محبّت کرنا۔

جی للچانا (ہ) خواہش ہونا ۔

جی متلانا (ہ) قے آنے کے آثار ہونا۔

جی میں آنا (ہ) دل میں خیال آنا ۔

جی میں جی آنا (ہ) دم میں دم آنا ۔ تسلّی ہونا ۔

جی میں رکھنا (ہ) چھپا رکھنا۔ عداوت رکھنا ۔

جی ہارنا (ہ) ہمت ہارنا ۔

جی ہٹ جانا (ہ) نفرت ہو جانا۔ محبّت نہ ہونا ۔

جیالوجی (انگ۔ مذ) زمین کے طبقوں کا علم ۔

جُیَب (و۔ مث) کیسہ۔ گریبان۔ اُردو میں یائے مجہول سے آتا ہے ۔ (جُیُوب جمع) ۔

جیب خرچ (و) روٹی کپڑے کے علاوہ روزانہ خرچ ۔

جیب کترا (و) جیب کترنے والا۔ اُچکّا ۔

جیبھ (ہ۔ مث) زبان ۔

جیتا جاگتا (ہ) تندرست۔ صحیح سلامت ۔

جیتنا (ہ) فتح پانا ۔

جیتے جی (ہ) عمر بھر۔ زندگی تک ۔

جیتی مکھی نگلنا (ہ) جان بوجھ کر دُکھ اُٹھانا ۔

جیٹھ (ہ۔ مذ) خاوند کا بڑا بھائی۔ بیساکھ سے اگلا مہینہ ۔

جیٹھا (ہ۔ مذ) وہ بچہ جو سب سے پہلے پیدا ہوا ہو۔

جیسا کرو گے ویسا بھرو گے (ہ) نیکی کا بدلہ نیک۔ بدی کا بد ۔

جیسا راجہ ویسی پرجا (۵) رعیت جو اپنے بادشاہ کے طریقے پر ہوتی ہے -

جیسے بنے (ہ) جس طرح بھی ہو سکے -

جیسے کو تیسا (ہ) جس طرح کا آدمی ویسا ہی اس سے سلوک -

جیسی روح ویسے فرشتے (...) بوقت نزع نیک کے سامنے نیک اور بُرے کے سامنے بُرے فرشتے نظر آتے ہیں

جَیش (ع - مذ) لشکر - عسکر - فوج (جُیُوش جمع)

جِیغہ (ت - مذ) ایک پگڑی پر لگانے کا مُرصّع زیور - کلغی -

جِیفَہ (ع - مث) سڑا ہوا مُردار -

جیل (انگ - مذ) قید خانہ - زندان -

جیل (ع - مث) قطار - صف -

جیلر (انگ - مذ) داروغہ قید خانہ -

جَیمِن (ہ - مذ) ہندوؤں کے ایک فرقے کا نام

جِینا (ہ) زندگی - (...) رہنا -

جِیوآتما (ہ - مث) (؟) - جان -

جِیوری (انگ - مث) جج - مقدمات کے فیصل کرنے میں رائے دینے والے پنچ

جیومیٹری (انگ - مث) علم ہندسہ -

جیومیٹریکل ڈرائنگ (انگ - مذ) ڈرائنگ کا وہ حصہ جس میں اشکال ہندسی سے بحث ہوتی ہے

جے ہو (ہ) فتح ہو، بول بالا ہو -

چ

(چ - ا)

چابک (ف - مذ) کوڑا - تازیانہ چست - چالاک -
چابک دست (ف - ص) پھرتیلا چالاک -
چابک سوار (ف - مذ) شاہ سوار -
چابی (ہ (پرتگالی میں چاوی) مث) کنجی - تالی -
چاپ (ہ - مث) پاؤں کی آہٹ -
چاپلوسی (ف - مث) خوشامد -
چاٹ (ہ - مث) چسکا - عادت -
چاٹ لگنا (ہ) چسکا پڑنا - شوق ہونا -
چاٹنا (ہ) زبان کے ساتھ کسی کھانے کی چیز کو اٹھانا - چٹ کرنا -
چادر (ف - مث) اوڑھنا - بڑا دوپٹہ
چادر اتارنا (۱) بے عزت کرنا -
چادر چڑھانا (۱) کسی قبر پہ غلاف یا پھولوں کی چادر چڑھانا -
چادر دیکھ کر پاؤں پھیلانا - (۱) جتنی طاقت ہو اتنا ہی کام کرنا -
چارپایہ (ف - مذ) چار پاؤں والا جانور -
چارپائی (۱ - مث) کھاٹ - چھوٹا پلنگ -
چارپائی سے پیٹھ لگ جانا (۱) بیمار کا پڑے پڑے پیٹھ میں زخم ہونا - چارپائی سے اٹھ نہ سکنا -
چارٹ (انگ - مذ) نقشہ - کسی موضوع پر مختصر معلومات کا ذخیرہ -
چارج

داتگ - مذ) فرض - سپردگی -
التزام - قیمت -
چارجامہ (ف - مذ) گھوڑے کی پیٹھ پر ڈالنے کا گدی دار کپڑا -
چار چاند لگنا (ا) عزت زیادہ ہونا حسن بڑھنا -
چار حرف بھیجنا (ا) لعنت کرنا -
چار دانگ (ف - ص) تمام دنیا میں - چاروں طرف -
چار دن (ا - ص) تھوڑے دن -
چار دن کی بہار (ا) تھوڑے دنوں کی رونق -
چار دن کی چاندنی (ا - مث) تھوڑے دنوں کا عیش -
چار دیواری (ا - مث) فصیل - احاطہ -
چار کھونٹ (ا - مث) چاروں طرف -
چار گنا (ا - ص) چار حصے زیادہ چوگنا -
چار یار (ف) رسول خدا صلعم کے چار دوست یعنی حضرت ابوبکر صدیقؓ - حضرت عمرؓ حضرت عثمانؓ اور حضرت علی رضؓ
اصحاب اربعہ -
چارا (ہ - مذ) گھاس جانوروں کی خوراک مچھلی پکڑنے کے کانٹے میں جو چیز لگائی جاتی ہے -
چار و ناچار (ف) مجبوراً -
چارہ (ف) صلاح - تدبیر -
چارہ جوئی (ف - مث) تدبیر کرنا کوشش کرنا -
چارہ ساز (ف - ص) کام بنانیوالا - خدا -
چارہ گر (ف - مذ) علاج کرنے والا طبیب -
چاشت (ف - مذ - مث) صبح تقریباً ۹ بجے کا وقت - نماز -
چاشنی (ف - مث) مزہ - ذائقہ - شیرہ تھوڑی سی آمیزش چکھنے کے قابل چیز - بقدر ذائقہ کوئی چیز -
چاق (ت - ص) چست و چالاک -
چاق چوبند (ا - ص) تندرست -

پُست - پھرتیلا

چاقو (ت - مذ) چاکو - قلم تراش -

چاک (ف - مذ) پھٹا ہوا

چاک (انگ - مث)
کھریا مٹی - جس سے تختہ سیاہ
پر لکھتے ہیں -

چاک کرنا (۱) پھاڑنا - پرزے کرنا -

چاکر (ف - مذ) نوکر - ملازم - خدمت گار -
عاملہ گھوڑے اور ہاتھی کا -

چاکری (ف - مث) نوکری - خدمت -

چاکری میں ناکری (سستی) کیا (۱)
نوکری میں سستی نہیں چاہیے -

چال (ہ - مث) رفتار - حرکت - طور
طریق - مکر - فریب -

چال چلن (ہ - مذ) عادت - طور
طریق -

چال چلنا (ہ) فریب دینا

چال ڈھال (ہ - مث) طرز طریقہ -

چالاک (ف - ص) چست - ہوشیار -

چالاکی (ف - مث) تیزی - پھرتی - چستی

چالاکی کرنا (ہ) [illegible] - دھوکا دینا

چالان (ہ - مذ) ملزم کو عدالت میں
بھیجنا - روپے کی رسید -

چالیسواں (ف - ص) چہلم - چالیس
دن کے بعد مُردے کی فاتحہ -

چام (ہ - مذ) چمڑا - کھال -

چام کے دام (ہ) چمڑے کے روپے
نظام سقے کا سکہ -

چام کے دام چلانا (ہ) جبراً کام لینا
جانداروں کی پیشانی کا سفید ٹیکا -

چاند (ہ - مذ) قمر - چندرماں - پیارا
بیٹا -

چاند پر خاک نہیں پڑتی (ہ)
اچھے کو برا کہیں تو وہ برا نہیں
ہو جاتا - اچھے کو عیب نہیں
لگ سکتا -

چاند چڑھنا (ہ) پہلے دن کا چاند دکھائی
دینا - مہینہ ختم ہونا - خوشی ہونا
چاند کا اونچا ہونا -

چاند سا مکھڑا (ہ) بہت خوبصورت
چہرہ -

چاند کا کھیت کرنا (ہ) چاند کا افق

سے نکلنا۔ چاندنی چھٹکنا۔
چاندگرہن (ہ۔ مذ) چاند کا گہنانا۔ زمین کے سائے کے سبب چاند کا سیاہ ہو جانا۔
چاندماری (ہ۔ مث) نشانہ بازی کی مشق۔
چاندنی (ہ۔ مث) چاند کی روشنی سفید چادری جو دری وغیرہ پر بچھائی جاتی ہے۔
چاندنی چھٹکنا (ہ) چاندنی کا پھیلنا۔
چاندی (ہ۔ مث) سفید دھات۔ جس سے روپیہ بنتا ہے۔ دولت کامیابی۔ فائدہ۔
چاندی کی جوتی (ا) (کنایۃً) رشوت۔
چاندی ہونا (ہ) بہت فائدہ ہونا بن آنا۔ جل کر راکھ ہو جانا۔
چانڈو خانہ (ا۔ مث) کھنگرخانہ۔
چانسلر (انگ۔ مذ) یونیورسٹی کا بڑا عہدہ دار۔
چاؤ (ہ۔ مذ) شوق۔ تمنا۔ لاڈ۔
چاہ (ہ۔ مث) خواہش۔ تمنا۔
(ف۔ مذ) کنواں۔
چاہِ زنخداں یا چاہِ ذقن (ف) (مذ) ٹھوڑی کا گڑھا۔
چاہت (ہ۔ مث) خواہش۔ طلب۔ پیار
چاہنا (ہ) خواہش کرنا۔ مانگنا۔ پیار کرنا۔ پسند کرنا۔
چاہیتا (ہ۔ ص) بہت پیارا۔ پسندیدہ۔
چاہی (ف۔ ص) ایسی زمین جس کو کنوئیں کے ذریعے سے پانی دیا جائے۔
چاہیتی

(چ۔ ب)

چبا چبا کر باتیں کرنا (ہ) تکلف سے باتیں کرنا۔
چبانا (ہ) دانتوں سے پیسنا۔ جگالی کرنا۔
چبوترا (ہ۔ مذ) بیٹھنے کے لیے اونچی جگہ۔

(چ - پ)

چُپ (ہ۔مث) خاموشی۔ نہ بولنا۔
چُپٹ (ف۔ص) بایاں۔
چُپ وراشت (ف۔مذ) دائیں بائیں۔ اِدھر اُدھر۔
چُپ چاپ (ہ) خاموش۔ بلا اطلاع۔
چُپ سادھنا (ہ) خاموشی اختیار کرنا۔
چُپ ہونا (ہ) جواب نہ دے سکنا۔
چَپّا (ہ۔مذ) چار انگل چوڑی جگہ۔
چَپاتی (ہ۔مث) پتلی روٹی۔ پھلکا۔
چپٹی (ہ۔مث) چوڑی پچکی ہوئی۔
چپچپا (ہ) لیس دار۔
چپراس (ا۔مث) فارسی میں وہ تمغہ جو سربند میں لگاتے ہیں سپاہی یا ملازم کی پیٹی۔
چپراسی (ا۔مذ) پیادہ۔ سپاہی قاصد۔
چپڑا (ہ۔مث) صاف کی ہوئی لاکھ۔
چپڑ قناتیا (ہ۔ص) بیہودہ۔ کمینہ
چپڑنا (ہ) گھی یا تیل لگانا۔ چکنانا۔
چپڑی (ہ۔ص) گھی لگی ہوئی۔
چپڑی اور دو دو (ا) اچھی بھی کامیابی اور عمدگی کے ساتھ۔
چپقلش (ت۔مث) لڑائی۔ جھگڑا۔
چپکا (ہ۔ص) خاموش۔
چپکانا (ہ) لیس دار چیز سے جوڑنا۔ چسپاں کرنا۔
چپکنا (ہ) جڑنا۔ الجھنا۔ نوکر ہونا۔ پھنسنا
چپکی (ہ۔مث) خاموش۔ گھنی
چپنی (ہ۔مث) ہانڈی کا ڈھکنا گھٹنے کی ہڈی۔
چپّو (ہ۔مذ) کشتی کھینے کی ڈانڈ۔

(چ - ت)

چت (ہ۔ص) پیٹھ کے بل
چت گرانا (ہ) پچھاڑنا۔
چت لیٹنا (ہ) پیٹھ کے بل لیٹنا۔
چت (ہ۔مث) خیال۔ دھیان۔ سمجھ۔

چتا (ہ۔مث) لاش کے جلانے کے لئے لکڑیوں کا ڈھیر۔
چتانا (ہ) خبردار کرنا۔
چترائی (ہ۔مث) چالاکی ہوشیاری
چتکبرا (ہ۔ص) سفید اور سیاہ رنگ کا داغ دار۔ ابلق۔
چتون (ہ۔مث) نظر۔ تیوری

(چ - ٹ)

چٹ (ہ) فوراً۔
چٹ پٹ (ہ) اسی وقت۔ فوراً۔
چٹ منگنی پٹ بیاہ (ہ) خیال آتے ہی کام کر ڈالنا۔
چٹ (ہ۔مث) کاغذ کا ٹکڑا۔ اخبار وغیرہ کے پتے کا کاغذ۔
چٹاخ (ہ) لکڑی کے ٹوٹنے کی آواز یا پھٹنے کی۔ انگلی چٹخنے کی آواز۔
چٹاخ پٹاخ (ہ) تڑاق پڑاق متواتر۔
چٹاخا (ہ۔مذ) لکڑی ٹوٹنے کی آواز۔ شدت۔
چٹان (ہ۔مث) لمبا چوڑا پتھر۔ پتھریلی زمین۔
چٹانا (ہ) بیمار یا بچے کو کوئی چیز کھلانا رشوت دینا۔
چٹائی (ہ۔مث) کھجور کے پتوں کا فرش بوریا۔
چٹ پٹا (ہ) مصالحہ دار۔ مزیدار۔
چٹخارا (ہ۔مذ) کسی اچھی چیز کے کھاتے وقت زبان سے جو آواز نکلتی ہے
چٹخارے دار (ہ) مزیدار۔
چٹخارے بھرنا (ہ) مزے لینا۔
چٹخانا (ہ) انگلیوں سے آواز نکالنا کسی چیز کو دیوار یا زمین پر مار کر اچٹانا۔ الگ کرنا۔ ترک کرنا۔
چٹخنا (ہ) کلی کا کھلنا۔
چٹخنی (ہ) کواڑوں کو بند کرنے کے لئے لوہے یا لکڑی کی چیز
چٹ کر جانا (ہ) کھا جانا۔ اڑا جانا
چٹکلا (ہ۔مذ) لطیفہ۔ مزیدار بات
چٹکنا (ہ) چٹخنا۔
چٹکی (ہ) ہاتھ کے انگوٹھے اور اسکے پاس

ی انگلی سے گوشت نوچنے کا نام بھی
بھر چیز جتنی چٹکی میں آئے۔ دوا کا سفوف
چٹکی بجانے میں (ہ) فوراً۔ ذرا
سی دیر میں۔
چٹکی لگا کرنا - انگوٹھے اور پاس والی انگلی
سے بدن کا گوشت زور سے ملنا۔
چٹکیوں میں اڑانا (ہ) باتوں میں
ٹال دینا۔
چٹنی (ہ-مث) مسالے دار چکھنی چیز
جو عام طور پر کھانے کے بعد
چکھتے ہیں۔
چٹورا (ہ-ص) کھاؤ۔ جو لذیذ کھانوں
کا عادی ہو۔ کمائی اڑانیوالا
چٹورپن (ہ-مذ) زبان کا چسکا (مزہ)
چٹھا (ہ-مذ) روزانہ حساب کا کاغذ
قبض الوصول۔
چٹھی (ہ-مث) خط۔ رقعہ۔ ہنڈی
رسید۔
چٹھی رساں (ا-مذ) ڈاکیہ۔ چٹھیاں
پہنچانے والا۔
چٹی (ہ-مث) تاوان۔ جرمانہ۔ خسارہ
چٹی (ہ-ص) گوری۔ سفید۔
چٹیانا (ہ) زخمی کرنا۔ کچلنا۔
چٹیل (ہ-ص) صاف میدان۔
چٹیل یا چٹیلا (ہ-ص) چوٹ کھایا
ہوا۔ زخمی۔

(چ - چ)

چچا (ہ-مذ) باپ کا چھوٹا بھائی۔
چچا بنا کے (کر) چھوڑنا (ہ) معقول
سزا دے کے چھوڑنا۔ ٹھیک بنا
کے دم لینا۔
چچڑی (ہ-مث) ایک خون چوسنے
والے کیڑے کا نام جو اکثر گائے
بھینس کے جسم پر چمٹا رہتا
ہے۔
چچوڑنا (ہ) بچے کا چھاتیوں کا چوسنا
ہڈی چوسنا۔
چچی (ہ-مث) چچا کی بیوی۔
چچیرا (ہ-ص) چچازاد۔

(چ - ڈ)

چُڈّھی (ہ۔مث) پیٹھ کی سواری۔
چُڈّھی چڑھانا (ہ) پیٹھ پر سواری دینا (بازاری) اعلام کرنا۔
چُڈّھی لینا (ہ) پیٹھ کی سواری لینا۔
چُڈّاگل خیرو (ا۔ص) نقلِ محفل۔ سخرا۔ احمق۔

چ ۔ ر

چِراغ (ف۔مذ) دیا۔ لیمپ۔ بتّیا (کنایۃً) رونق۔ روشنی۔
چراغ بڑھانا (ہ) دیا بجھانا۔
چراغ پا ہونا (ا) گھوڑے کا پچھلے پاؤں کھڑا ہونا غصّے ہونا۔
چراغ تلے اندھیرا (ہ) دوسروں کو فائدہ پہنچانا۔ آپ اور اپنوں کو محروم رکھنا۔
چراغ جلے (ا) شام کے وقت۔
چراغ حفاظت (ف۔ص) وہ چراغ جو مزدور اپنے ساتھ کانوں میں لے جاتے ہیں۔
چراغ گُل کرنا (ہ) دیا بجھانا۔
اور جس کی وجہ سے کان میں آگ نہیں لگ سکتی۔
چراغ دان (ف۔مذ) ڈیوٹ۔
چراغِ سَحَری (ف۔ص) بجھنے کے قریب بہت بوڑھا۔ مرنے کے نزدیک۔
چراغ دکھانا (ا) روشنی کرنا۔
چراغ سے چراغ جلتا ہے (ا) ایک دوسرے سے فیض پہنچتا ہے۔
چراغ گُل پگڑی غائب (ا) موقع ملتے ہی اُڑا دیا۔
چراغِ گور (ف۔مذ) وہ دیا جو قبر پر جلایا جائے۔
چراغ لے کر ڈھونڈھنا (ا) بہت محنت سے تلاش کرنا۔
چراغاں (ف۔مذ) بہت سے چراغوں کا اکٹھا جلانا۔ روشنی
چراغی (ف۔مث) کسی مزار پر چراغ جلانے کے لئے جو کچھ دیا جائے بھینٹ۔

چَراگاہ (ف۔مث) مویشی چَرانے کی جگہ۔ سبزہ زار۔
چَرانا (۱) جانوروں کو جنگل میں چرانا۔ بے وقوف بنانا۔
چُرانا (ہ) چوری کرنا۔ چھپانا۔
چَرائی (ہ۔مث) چَرانے کی اُجرت
چَرب (ف۔ص) چکنا۔
چرب زبانی (ف۔ص) چاپلوسی۔ خوشامدی۔
چَربہ (ف۔مذ) خاکہ کسی تصویر کی پوری نقل۔
چَربہ اُتارنا (۱) ہوبہو نقل کرنا۔
چربی (ف۔مث) چکنائی۔ موٹاپائی۔
چرچ (انگ مذ) گرجا۔ عیسائیوں کا عبادت خانہ۔
چَرچا (ہ۔مذ) شہرت۔ گفتگو۔ ذکر۔
چَرچا ہونا (شہرت۔ گفتگو ذکر ہونا
چَرخ (ف۔مذ) پھرنے والا آسمان فلک۔
چَرخِ اَخضَری (ف۔مذ) نیلا آسمان

چَرخِ چنبری (ف۔مذ) پھرنے والا آسمان۔
چَرخِ گردُوں (ف۔مذ) پھرنے والا آسمان۔
چَرخَہ (ف۔مذ) سُوت کاتنے کا آلہ۔
چَرس (ہ۔مث) ایک قسم کا نشہ ہے جو تمباکو میں رکھ کر پیتے ہیں۔
چَرسا (ہ۔مذ) چمڑے کا بڑا ڈول۔ گائے بھینس کا چمڑا۔
چَرسا بھر زمین (۱) تھوڑی سی زمین۔
چِرک (ف۔مذ) میل کچیل۔ گندگی پیپ۔
چَرکا (۱۔مذ) زخم۔ داغ۔
چَرکا لگانا (۱) زخم لگانا۔ داغ دینا
چَرکٹا (ہ۔مذ۔ چر = چارہ۔ کٹ = کاٹنے والا) ہاتھی کا چارہ لانیوالا فیل بان کا پیش خدمت (مجازاً) کمینہ۔
چَرکین (ف۔ص) میلا۔ غلیظ۔
چَرم (ف۔مذ) چرم۔ ادھوری۔

چَرمی (ف۔ص) چمڑے کا۔
چَرَن (س۔مذ) پاؤں۔ قدم
چَرَن لینا (ہ) قدم لینا۔ پیروں کو ہاتھ لگانا۔
چَرنا (ہ) جانوروں کا گھاس وغیرہ کھانا (۲) گھٹنا۔ پرورش پانا۔
چَرِنْد (ف (چراندن سے بنا ہے)۔ مذ) چرنے چگنے والا حیوان۔
چُرنے (ہ۔مذ۔ج) وہ کیڑے جو بچوں کے پیٹ میں معدے کی خرابی کی وجہ سے پیدا ہو جاتے ہیں۔

ج ۔ ڑ

چِڑیا چِڑھ (ہ۔مث) ناگوار خاطر بات۔
چِڑانا (ہ) کسی کی نقل کر کے غصہ دلانا منھ۔ ہونٹ اور ٹھوڑی بگاڑ کر نقل کرنا۔
چِڑچڑا (ہ۔ص) بدمزاج۔ بدخو۔
چِڑنا (ہ) غصے ہونا۔
چَڑھانا (ہ) اوپر لے جانا۔ پی جانا۔ لادنا۔ سوار کرانا۔
چَڑھاؤ (ہ) طوفان۔ جوش۔ بلندی زیادتی۔ راستہ نیچے سے اوپر کو۔
چِڑھ نکالنا (ہ) چھیڑنا۔ کھجانا۔ غصہ دلانا۔
چَڑھاوا (ہ۔مذ) نذر۔ بھینٹ۔
چَڑھائی (ہ۔مث) حملہ۔ دھاوا۔ بلندی۔
چَڑھنا (ہ) اوپر جانا۔ بلند ہونا۔ زور پر آنا۔ مہنگا ہونا۔
چَڑھیا (ہ۔مذ) سوار۔ سواری لینے والا۔
چِڑیا (ہ۔مث) چڑا کا مؤنث۔ پرند۔ پردار گیند۔
چِڑیمار (ہ۔ص) پرندے پکڑنے والا شکاری۔
چِڑیا خانہ (ہ۔مذ) چڑیا گھر۔ جہاں ہر قسم کے جانور رکھے جاتے ہیں۔
چُڑیل (ہ۔مث) ڈائن۔ بدصورت

(ج ۔ س)

چسپاں (ف۔ص) چمٹا ہوا۔ چپکا ہوا۔
چسپاں کرنا (۱) چپکانا۔ موقع پر لگانا
چُست (ف۔ص) چالاک۔ پھرتیلا۔
چُستی (ف۔مث) چالاکی۔ ہوشیاری
تیزی۔
چَسک (ہ۔مث) میٹھا میٹھا درد،
خفیف درد۔
چسکا (ہ۔مذ) عادت۔ مزہ۔ چاٹ
شوق۔
چسکا پڑنا (ہ) کسی چیز کی عادت پڑنا۔
چُسنی (ہ۔مث) دودھ کی شیشی
جس کے منھ پر ربر ہوتی ہے۔

(چ - ش)

چِشتی (ف۔ص) چشت کا رہنے والا
خواجہ معین الدین اجمیری رحمۃ اللہ
علیہ کے سلسلے میں مرید۔
چشتیہ (ف۔ح) صوفیوں کے ایک
سلسلے کا نام ہے۔ جو حضرت خواجہ
معین الدین چشتی ہندوستان
میں لائے۔

چَشم (ف۔مث) آنکھ۔ آس۔ امید
چشمِ بد دُور (ف) (جملہ معترضہ)
بُری نظر نہ لگے۔
چشم براہ (ف) منتظر۔
چشم پوشی (ف۔مث) درگزر، دیکھ کر
خیال نہ کرنا۔
چشم پُرنم (ف) آنسو بھری آنکھ۔
چشم دید (ف۔ص) آنکھوں سے دیکھا
ہوا۔ صحیح۔ ٹھیک۔
چشم نُمائی (ف۔مث) تنبیہ۔ ملامت
چشم و چراغ (ف۔مذ) نور۔ بیٹا۔
چَشمک (ف۔مث) شکر رنجی۔ آنکھ
کا اشارہ۔
چَشمہ (ف۔مذ) پانی کا منبع۔ تالاب
عینک۔
چشمۂ حیواں }
چشمۂ خضر } (ف۔مذ) آب حیات۔

(چ - غ)

چُغا (ترکی میں چوغہ۔ مذ) عبا۔ جُبہ۔
چُغتائی (ف۔ص) مغلیہ خاندان کا۔

چغتا بن چنگیز کی نسل سے
چغد (ف۔ مذ) الّو۔ بوم۔
چغل (ف۔ مذ) چغلی کرنے والا۔ لترا۔ (۲) وہ کنکر جو چلم میں رکھ کر اوپر سے تمباکو رکھتے ہیں۔
چغل خور (ف۔ مذ) (یہ لفظ اساتذہ کے کلام میں نہیں پایا جاتا۔ چغل کے معنی ہیں غمّاز۔ اس لیے چغل خور کی ترکیب غلط ہے) چغلی کرنے والا۔
چغلی (ف۔ مث) پیٹھ پیچھے کسی کی برائی کرنا

(چ۔ ف)

چفتی (ف۔ مث) چفت۔ بہم۔ چپٹی لکڑی جس سے سیدھی لکیریں کھینچتے ہیں۔

(چ۔ ق)

چق (ت۔ مث) بانس یا سرکنڈے کی تیلیوں کا پردہ۔ چلمن۔
چقماق (ت۔ مذ) ایک پتھر جس کو آپس میں ٹکرانے سے آگ نکلتی ہے۔
چقندر (ف۔ مذ) شلغم کی قسم کی ایک جڑ جو سرخ ہوتی ہے۔

(چ۔ ک)

چک (ف۔ مذ) زمین۔ گاؤں
چک بندی (۱) مث) زمین کی حد بندی۔
چک بندھنا (ہ) بھیڑ پڑنا۔ کسی چیز کا افراط سے ہونا (کم مستعمل ہے)
چک (انگ۔ مذ) ہنڈی۔ روپیہ ملنے کی رسید۔ جو کسی بنک کے نام ہو (یہ انگریزی کا چِک ہے۔ مث) چلمن۔
چکاچوندھ (ہ۔ مث) تیز روشنی کے سبب آنکھوں کا چندھیانا۔ تعجب۔ حیرت۔
چکانا (ہ) ختم کرنا۔ فیصلہ کرنا۔ قیمت مقرر کرنا۔
چکتا (ہ۔ مذ) گول نشان۔ گول دھبا۔
چکٹ (ا۔ ص) بہت میلا کچیلا۔

چکّر (ہ۔مذ) حلقہ۔ دائرہ۔ بھنور۔
چکّر آنا (ہ) سر گھومنا۔ غش آنا۔
چکّر لگانا (ہ) گھومنا۔ پھرنا۔
چکّر میں آنا (ہ) مصیبت میں پھنسنا۔
چکرانا (ہ) چکر کھانا۔ گھبرانا۔
چکلا (ہ۔ص) چوڑا (ہ۔مذ) رنڈیوں کے رہنے کا مقام۔
چکما دینا (ہ) فریب دینا۔ نقصان پہنچانا۔
چکما کھانا (ہ) دھوکا کھانا۔
چکن (ف۔مث) ایک قسم کا کاڑھا ہوا کپڑا۔
چکنا (ہ۔ص) روغنی۔ چربی دار۔ چمکدار۔
چکنا چپڑا (ہ۔ص) صاف ستھرا خوش پوش۔
چکنا دیکھ پھسل پڑے (ہ) دولت یا حسن دیکھ کر ریجھ گئے۔
چکنا گھڑا (ہ۔مذ) جس پر کوئی شے اثر نہ کرے۔
چُکنا (ہ) ختم ہونا۔ فیصلہ ہونا۔ حساب پاک ہونا۔ بھاؤ طے ہونا۔

چکنا چور (ہ) ٹکڑے ٹکڑے۔ تھکا ماندہ ریزہ ریزہ۔
چکناہٹ (ہ۔مث) چکنائی۔ چمک۔
چکنی چپڑی باتیں (ہ) خوشامد کی باتیں۔
چکنی ڈلی (ہ۔مث) چھالیہ۔ سپاری جو دودھ میں پکا کر خشک کی ہوئی ہو۔
چکور (ہ۔مث) پہاڑی تیتر۔ کبک۔
چکھانا (ہ) ذائقہ دکھانا۔ کھلانا۔
چکھنا (ہ) مزہ دیکھنا۔ لذت اٹھانا۔
چکّی (ہ۔مث) لکڑی کا گول کھلونا جس کو لڑکے ڈورا ڈال کر پھراتے ہیں۔
چکّی (ہ) آٹا پیسنے کا آلہ۔ آسیا۔
چکّی پیسنا (ہ) مصیبت بھگتنا۔ آٹا پیسنا۔
چکّی جھونا (ہ) چکی چلانا (کنایۃً) دکھڑ بیان کرنا۔
چکیدہ (ف۔ص) ٹپکا ہوا مقطر۔

(چ - گ)

چُگنا (ہ) پرندوں کا دانہ کھاتا۔
چُگانا (ہ) پرندوں کو دانہ کھلانا۔

(چ - ل)

چل (ہ) جا۔ ہٹ۔
چل بسے (ہ) مر گئے۔
چل بسنا (ہ) دنیا سے جانا۔ مرنا۔
چل نکلنا (ہ) رواں ہونا۔ بڑھ جانا۔
چلا چلی (ہ۔مث) سفر کی تیاری اور شور۔ عام موت۔
چلّانا (ہ) شور مچانا۔ چیخنا۔ فریاد کرنا۔
چلانا (ہ) ہانکنا۔ کام جاری کرنا۔ ہلانا
چلاؤ (ہ۔ص) چلتا کام معمولی۔
چلاؤ (ف۔مذ) بغیر گوشت کے پکے ہوئے چاول۔
چلبلا (ہ۔ص) بے آرام۔ شوخ۔ زندہ دل۔
چلبلاہٹ (ہ۔مث) بے آرامی شوخی
چلپاسہ (ف۔ بالکسر۔مث) چھپکلی۔
چلتا (ہ۔ص) جاری۔ رواں۔ رواج۔
چلتا پرزہ (ہ۔مذ) بڑا چالاک۔
چلت پھرت (ہ۔مث) چستی۔ چالاکی
چلتر (ہ۔ص) فریب۔ مکر
چلتر بازی (ا۔مث) چالاکی۔ فریب
چلتی گاڑی میں روڑا اٹکانا (ہ) کسی ہوتے کام میں رکاوٹ ڈالنا
چلچلانا (ہ) چیل کا بولنا۔
چلچلاتی دھوپ (ہ) تیز دھوپ۔
چل چلاؤ (ہ۔مذ) چلا چلی کوچ۔ سفر
چلغوزہ (ف۔مذ) ایک مشہور میوہ ہے۔ صنوبر کا پھل۔
چلکا (ہ۔مذ) چاندی کا سکہ۔ روپیہ
چلم (ا۔مث) آگ تمباکو رکھنے کا ظرف جو حقہ پر رکھ کر پیتے ہیں۔
چلم پینا (ا) حقہ پینا۔ تمباکو پینا۔
چلمیں بھرنا (خدمت کرنا۔
چلمچی (ت۔مث۔ ترکی میں چلپچی) منھ ہاتھ دھونے کا برتن۔
چلمن (مث) چک۔ تیلیوں کا پردہ

چلن (ہ ۔ مذ) چال ۔ طریقہ ۔ دستور برتاؤ ۔
چلن چلنا (ہ) کفایت شعاری سے گزارہ کرنا ۔ وضعداری سے بسر کرنا ۔
چلنا (ہ) حرکت کرنا ۔ جانا ۔ رواج پانا ۔
چلو (ہ ۔ مذ) ہتھیلی ایسی حالت میں کہ اُس میں پانی آجائے ۔
چلوؤں رونا (ہ) بہت رونا ۔
چلو بھر پانی میں ڈوب مر (ہ) غیرت دلانے کے موقع پر بولتے ہیں ۔
چلہ (ف ۔ مذ) چالیس دن کا عمل ۔ وہ جگہ جہاں کسی شخص نے چالیس دن عمل کیا ہو ۔ کمان کا تانتا ۔
چلہ چڑھانا (ہ) کمان پر تیر رکھ کر مارنے کو تیار ہونا ۔
چلیپا (ف ۔ ص) صلیب نما ۔ خمدار ۔ جیسے زلف چلیپا ۔

(چ ۔ م)

چمار (ہ ۔ مذ ۔ چم ۔ چمڑا ۔ آر = کلمہ نسبت) موچی ۔ جوتیاں بنانے یا گانٹھنے والا ۔
چماروں کو عرش پر بھی بیگار ۔ (ہ) غریبوں کے لئے ہر جگہ مصیبت ہے ۔
چمالی (ف ۔ مذ) ساقی ۔ شراب پلانے والا ۔
چمپا کلی (ہ ۔ مث) ایک زیور کا نام جو گلے میں پہنا جاتا ہے ۔
چمپت ہونا (ہ) اُڑ جانا ۔ رخصت ہونا
چمٹانا (ہ) چپکانا ۔ لگانا ۔
چمٹنا (ہ) پیچھے پڑنا ۔ چپکنا ۔
چمچہ (ف ۔ مذ) آہنی یا پیتل کی ڈوئی ۔ کفچہ ۔
چمڑا (ہ ۔ مذ) چرم ۔ کھال ۔ دھوڑی
چمڑی جائے دمڑی نہ جائے (ہ) کھال اُتر جائے پر پیسہ نہ جائے بخیل کی نسبت بولتے ہیں ۔
چمک (ہ ۔ مث) روشنی ۔ بھڑک ۔
چمکیلا (ہ ۔ ص) چمکنے والا ۔ روشن ۔
چمک دمک (ہ ۔ مث) بھڑک زیب و زینت ۔

چمکارا (ہ) روشنی۔ جھلک
چمکارنا (ہ) پیار کرنا۔ دلاسہ دینا۔
چمکانا (ہ) روشن کرنا۔ رگڑ کر صاف
کرنا۔
چمکنا (ہ) روشنی دینا۔ مشہور ہونا
ترقی پکڑنا۔
چمگادڑ (ہ مث) ایک پرندہ جو رات کو اڑتا ہے
چمن (ف مث) پھولوں کا باغ مجازاً آبجا یا شہر
چمنی
(انگ مث) لیمپ کے لئے شیشے
کا ظرف۔ دھواں نکالنے کے
لئے یا اینٹوں سے تیار کیا
ہوا نل۔
چموٹا (ہ۔ مذ) استرا صاف کرنے کے
لئے چمڑے کا ٹکڑا۔ بیوقوف۔

(چ - ن)

چنا (ہ۔ مذ) مشہور جنس ہے۔ نخود۔
چننا (ہ) اکٹھا کرنا۔ دیوار بنانا۔
پسند کرنا۔
چنار (ف۔ مذ) ایک درخت کا نام۔
جس کی پتیاں سرخ ہوتی ہیں۔
چناں (ف) ایسا۔
چنانچہ (ف) اس طرح۔ جیسے۔ مثلاً۔
چنائی (ہ۔ مث) دیوار کی تعمیر
چننے کا کام۔
چنبر (ف۔ مذ) سرپوش۔ گروہ حلقہ
آسمان کا دور۔ چلم پر ڈھانپنے
کا سرپوش۔
چنبل (ہ۔ مث) ایک بیماری کا نام ہے
جس میں خارش ہوتی ہے۔
چنبیلی (ہ۔ مث) مشہور پھول دار
پودے کا نام ہے۔
چنتا (ہ) فکر۔ اندیشہ۔
چنچل (ہ۔ ص) شوخ۔ چست۔ چالاک۔
چند (ف) کچھ۔ تھوڑے سے۔
چندا ماموں (ہ۔ مذ) بچے چاند کو
کہتے ہیں۔
چند بار (ہ) کئی دفعہ۔
چند روزہ (ف۔ مذ) تھوڑے دن
کا ناپائیدار۔
چندر (ہ۔ مذ) چاند۔

چَنداں (ف) اتنی ۔ اس قدر ۔

چَندربنسی (ہ) راجپوتوں کے ایک مشہور خاندان کا نام ہے ۔

چَندرما (ہ ۔ مذ) چاند

چَندن (س ۔ مذ) صندل ۔

چَندہ (ف ۔ مذ) کسی رفاہ عام کے کام کے لئے لوگوں سے تھوڑا تھوڑا اکٹھا کرنا ۔ اخبار یا رسالے کا معاوضہ ۔

چُندھا (ہ) وہ آدمی جس کی آنکھیں روشنی کے سامنے نہ کھل سکیں ۔

چَندے آفتاب چندے ماہتاب کچھ حسن آفتاب کی مانند اور کچھ چاند کی مانند ۔ نہایت حسین جمیل ۔

چَنڈال (ہ ۔ ص) کمینہ ۔ بدنصیب ۔ فروما

چُنڈو (ہ ۔ مذ) ایک نشہ ہے ۔ چانڈو ۔

چَنڈول (ہ ۔ مذ) ایک خوش آواز پرندے کا نام ہے ۔

چَنگ (ف ۔ مث) ایک باجے کا نام ہے

چَنگ نواز (ف ۔ مذ) چنگ بجانے والا جو ستار کی قسم سے ہے

چِنگاری (ہ ۔ مث) آگ کا ذرا پھول شرارہ ۔ شرانگیز بات ۔

چنگاری ڈالنا (ہ) فساد کرانا ۔ آگ لگانا ۔

چُنگل (ف ۔ مذ) آدمی یا جانور کا پنجہ ۔ ہاتھ ۔ پنجے کی گرفت ۔

چِنگھاڑنا (ہ) ہاتھی کا چیخنا ۔ مور کا بولنا

چُنگی (ہ ۔ مث) چٹکی ۔ محصول ۔

چِنگی (ہ ۔ مث) آگ کا شرارہ ۔ چنگاری

چَنگیر (ہ ۔ مث) پھول رکھنے کا برتن

(چ ۔ و)

چَو (ہ) چار مرکبات میں مستعمل ہے ۔

چُوانا (ہ) ٹپکانا ۔ قطرہ قطرہ ڈالنا ۔

چَوبائی (ہ ۔ مث) چاروں طرف سے چلنے والی ہوا

چوب (ف ۔ مث) عمارتی لکڑی ۔ شامیانے کا ستون ۔

چَوبارہ (ہ ۔ مذ) دوسری منزل کا کمرہ ۔ جسمیں چاروں طرف کھڑکیاں ہوتی ہیں

چوب دار (ف ۔ ص) عصا بردار ۔ شاہی دربار کا نقیب ۔

چوبدستی (ف - مث) چھڑی -
چوبی (ف - ص) لکڑی کا بنا ہوا -
چوپایہ (ف - مذ) چار پیروں والا جانور -
چوپال (ہ - مث) ڈیرہ - بیٹھک -
چوپٹ (ہ) کھلا - تباہ - ویران -
چوپٹ کرنا (ہ) تباہ کرنا - اُجاڑنا -
چوپڑ (ہ - مث) چوسر - ایک مشہور کھیل ہے -
چوتھ (ہ - مث) چوتھا حصہ - خراج جو مرہٹے لیتے تھے -
چوتھائی (ہ - مث) چوتھا حصہ -
چوتھے پانچویں (ہ) کبھی کبھار -
چوٹ (ہ - مث) ضرب - دکھ - نقصان
چوٹ آنا (ہ) صدمہ پہنچنا -
چوٹ کرنا (ہ) طعنہ دینا -
چوٹ لگنا (ہ) صدمہ پہنچنا - محبت ہونا -
چوٹّا (ہ - ص) چور - اُچکّا -
چوٹی (ہ - مث) پہاڑ کی سب سے اونچی جگہ -
چوٹی کا (ہ) سب سے عمدہ - اول درجے کا -

چوچلا (ہ) ناز نخرہ - لاڈ - پیار
چوچند (ہ - ص) چار گنا -
چوچی (ہ - مث) پستان - چھاتی -
چودس (ہ - مث) چاند کی چودھویں -
چودھری (ہ - مذ) سردار - نمبردار -
چور (ہ - مذ) چوٹّا - دُزد - کسی کی بےخبری میں مال لے جانا -
چور بیٹھنا (دل میں) (ہ) بدگمانی ہونا
چور اور چتر (ہ) چور بھی اور شاہ بھی
چور دروازہ (ا - مذ) پوشیدہ رستہ -
چور کی داڑھی میں تنکا (ہ) چور چوری کی بات کو اپنے اوپر لے جاتا ہے -
چُورا (ہ) ریزہ ریزہ - بدمست
چُورا کرنا (ہ) ریزہ ریزہ کرنا - مارنا
چورس (ہ - ص) چوکور - مربع)
چُورن (ہ - مذ) بدہضمی کیلئے سفوف پھنکی
چورنگ (ا - ص) تلوار کا وار جس سے مخالف کے چار ٹکڑے ہو جائیں
چوری (ہ - مث) دُزدی - چرانے
چوراہا (ہ - مذ) وہ جگہ جہاں سے چار طرف کو ایک ایک راستہ جاتا ہے -

کا کام

چوری چوری (ہ) چھپے چھپے۔ پنہاں۔

چوڑا (ہ۔ص) کھلا۔ فراخ۔ کشادہ۔

چوڑائی (ہ۔مث) عرض۔ فراخی۔

چوڑھا (ہ۔مذ) بھنگی۔ خاکروب۔ مہتر۔ چمار۔ کمینہ۔

چوڑی دار یا چوڑیوں دار پاجامہ (۱) تنگ پاجامہ۔

چوڑیاں بڑھانا (ہ) چوڑیاں اتارنا

چوڑیاں پہننا (ہ) ہاتھوں میں چوڑیاں ڈالنا (کنایۃً) عورت بننا۔ زنانہ مزاج بننا۔ نامرد بننا۔

چوزہ (ا۔مذ) مرغی کا بچہ۔ نوجوان لڑکی یا لڑکا۔

چوسر (ہ۔مث) چوپڑ۔ مشہور کھیل ہے

چوسنا (ہ) ہونٹوں کے ذریعہ پینا۔ کھانا۔ جذب کرنا۔

چوک (ہ۔مث) بھول۔ خطا۔

چوک (ہ۔مذ) وہ بڑا بازار جہاں چار راستے آکر ملتے ہوں۔

چوکا (ہ۔مذ) ہندوؤں کے روٹی پکانے کھانے کی جگہ۔ چار یکساں چیزیں۔

چوکڑی (ہ۔مث) چھلانگ۔ ہرن کی زقند۔

چوکڑی بھرنا (ہ) ہرن کا اچھلنا۔

چوکڑی بھول جانا (ہ) گھبرا جانا۔

چوکس (ہ۔ص) خبردار۔ چوکنا۔

چوکسی (ہ۔مث) خبرداری۔ نگہبانی۔

چوکور (ہ۔ص) مربع۔ چورس۔

چوکھا (ہ۔ص) اچھا۔ کھرا۔

چوکھٹ (ہ۔مث) دہلیز۔

چوکھٹا (ہ۔مذ) آئینہ یا تصویر کا فریم

چوکی (ہ۔مذ) چھوٹا سا تخت۔ کرسی پہرا۔

چوکی بٹھانا (ہ) پہرا بٹھانا۔ جادو کرنا۔

چوکیدار (ہ۔مذ) نگہبان۔ پاسبان۔

چوگان (ف۔مذ، چول گاں کا مخفف چول۔ خمیدہ۔ گاں۔ کلمہ نسبت) ایک مشہور کھیل جو گھوڑے پر چڑھ کر کھیلتے ہیں۔ پولو۔

چوگرد (ا) چاروں طرف۔

چَوگنا (ہ۔ص) چار گنا۔
چَوگھڑا (ہ۔مذ) چار خانوں والا کھلونا
چُول (ہ۔مث) لوہے کی سلاخ کا سرا جو سوراخ میں گھومتا ہے جوڑ۔
چُول ڈھیلی ہوجانا (ہ) پہلا زور نہ رہنا۔ کمزور ہونا۔
چُولا (ہ۔مذ) جسم۔ دلہن کی برات کے روز پہننے کی پوشاک۔
چولا بدلنا (ہ) ایک جسم سے دوسرے جسم میں جانا۔
چُولھا (ہ۔مذ) ہانڈی وغیرہ پکانے کی جگہ۔ آتش دان۔ دیگ دان۔
چُولھے میں پڑے یا جائے (ہ) آگ لگے۔ خاک میں جائے
چولی (ہ۔مث) کرتے کا دامن سے اوپر کا حصہ۔
چولی دامن کا ساتھ (ا۔مذ) ایسا ساتھ جو ٹوٹ نہ سکے۔
چُومنا (ہ) پیار کرنا۔ بوسہ دینا
چَومنزلہ (ا) چار منزل کا مکان۔
چومیخا کرنا (ا) چت لٹا کر ہاتھ پاؤں میخوں سے باندھنا۔
چُوں (ہ) بہت آہستہ آواز
چُوں نہ کرنا (ہ) اُف نہ کرنا۔ انکار نہ کرنا۔
چَوَن (ہ) پچاس اور چار (۵۴)
چُونا (ہ۔مذ) سفیدی۔ قلعی۔
چُونا بُجھا ہوا (ا) چُونا جسے پانی ڈال کر بجھا لیا جاتا ہے۔
چونچ (ہ۔مث) پرندے کا منھ۔ نوک۔ سرا
چونچال (ہ۔ص) ہوشیار۔ چالاک۔
چونچلا (ہ) ناز و نخرہ۔
چوندھیانا (ہ) تیز روشنی کے سامنے آنکھیں نہ کھل سکنا۔ گھبرا جانا۔
چَونک (ہ) وحشت۔ بھڑک۔ جھجک۔
چونک اُٹھنا (ہ) چوکنا ہوجانا۔ گھبرا جانا۔
چَونکنا (ہ) سوتے سوتے جاگ پڑنا۔ گھبرانا۔
چُونکہ (ف) اس لئے کہ۔
چُون وچرا (ف۔مث) بحث۔ تکرار۔

گفت گو۔
چَوہان (ہ۔ مذ) راجپوتوں کا ایک گوت ہے۔
چَوہٹہ (ہ۔ مذ) چوک۔ وہ جگہ جہاں چاروں طرف دکانیں ہوں۔

(چ - ہ)

چِہ (ف) کیا؟۔
چِہ خوش (ف) کیا خوب۔ واہ واہ۔
چھاپ (ہ۔ مث) مہر۔ نشان۔
چَھاپا (ہ۔ مذ) ٹھپّہ۔ مہر۔ چھاپا خانہ
چھاپا مارنا (ہ) رات کو دشمن پر حملہ کرنا۔ شبخون۔
چھاپنا (ہ) مہر لگانا۔ کتاب طبع کرنا۔
چھاپا خانہ (ا۔ مذ) وہ جگہ جہاں کتابوں کی چھپائی کا کام ہوتا ہے۔ مطبع۔ پرنٹنگ پریس۔
چَھاتا (ہ۔ مذ) بڑی چھتری۔
چھاتی (ہ۔ مث) سینہ۔ حوصلہ۔ پستان۔
چھاتی پر سانپ لوٹنا (ہ) صدمہ گزرنا۔ افسوس آنا۔
چھاتی پر مونگ دلنا (ہ) کسی کے سامنے کوئی ایسا بُرا فعل کرنا جو اس کو بہت ناگوار ہو۔
چھاتی پکڑ کر رہ جانا (ہ) سخت رنج کے باعث دل ہی دل میں افسوس کرنا۔ بول نہ سکنا۔
چھاتی پھٹنا (ہ) سخت صدمہ گزرنا حسد کرنا۔
چھاتی پیٹنا (ہ) رونا۔ پیٹنا۔ حسد کرنا۔
چھاتی جلانا (ہ) رنج دینا۔ دُکھ دینا۔
چھاتی جلنا (ہ) سوزش ہونا۔ دل جلنا
چھاتی دھڑکنا (ہ) خوف سے کانپنا۔
چھاتی سے لگانا (ہ) پیار کرنا۔ دلاسا دینا۔
چھاتی مسوسنا (ہ) دل پکڑ کر رہ جانا افسوس کرنا۔
چھاتی نکال کر چلنا (ہ) اکڑ کر چلنا۔
چھاج (ہ۔ مذ) غلہ پھٹکنے کا اوزار۔
چھاج سی داڑھی (ہ) بہت بڑی اور چوڑی داڑھی۔
چہار (ف) چار۔ دیکھو چار یار۔

چہارچند (ف۔ص) چوگنا۔
چہارشنبہ (ف۔مذ) بُدھوار۔
چہارم (ف) چوتھا۔
چھاگل (ہ۔مث) مشکیزہ۔
چھال (ہ۔مث) پوست۔ چھلکا۔
چھالا (ہ۔مذ) آبلہ۔
چھالیہ (ہ۔مث) سپاری کی ڈلی۔
چھان بین (ا۔مث) دریافت۔ تحقیق۔
چھانا (ہ) بادلوں کا ہجوم کرنا۔ چھپ جانا
غلبہ
چھانٹ (ہ۔مث) کترن۔ چُننا۔
چھانٹنا (ہ) انتخاب کرنا۔ چُننا۔ صاف
کرنا۔ مختصر کرنا۔
چھان مارنا (ہ) ڈھونڈنا۔ چپّہ چپّہ
دیکھ لینا۔ بہت تلاش کرنا۔
چھاننا (ہ) صاف کرنا۔ چھلنی میں سے آٹا
یا کوئی پسی ہوئی چیز نکالنا۔
چھاؤں (ہ۔مث) سایہ
چھاؤنی (ہ۔مث) فوج کے رہنے کی جگہ۔
چھائیاں (ہ۔مث) آدمی کے منہ
پر کے سیاہ داغ۔

چھب (ہ۔مث) معشوقانہ انداز
زیب و زینت۔
چھب تختی (ہ۔مث) سینے اور جسم
کی خوبصورتی۔ گاتا۔
چھبّی (ہ۔مث) (دلالوں کی اصطلاح)
پیسا۔ فلوس۔
چھبیلا (ہ۔ص) خوبصورت۔ رنگیلا۔
چھپانا (ہ) پوشیدہ کرنا۔ ڈھانکنا۔
چھپائی (ہ۔مث) چھاپنے کی اُجرت۔
چھپّر (ہ۔مذ) گھاس پھونس سائبان
چھپّر پھاڑ کر دینا (ہ) بے وسیلے
رزق دینا۔ گھر بیٹھے دینا۔
چھپر کھٹ (ہ۔مذ) پلنگ۔ مسہری
چھپکلی (ہ۔مث) چلپاسہ (کنایۃً)
پتلی عورت۔
چھپّن (ہ) پچاس اور چھ (۵۶)
چھپنا (ہ۔ لکھنؤ میں بالکسر) پوشیدہ
ہونا۔ آنکھ چُرانا۔ چاند سورج
کا غروب ہونا۔
چھپنا (ہ) مہر لگنا۔ کتاب وغیرہ
کا طبع ہونا۔

چھتّا (ہ۔ مذ) مکھیوں اور بھڑوں کا گھر
چھتر (ہ۔ مذ) بڑی چھتری۔
چھتری (ہ۔ مث) دھوپ بارش سے بچاؤ کے لئے چھوٹا سا چھاتہ۔
چھتیانا (ہ) بندوق کی شست باندھنا۔
چھُٹ (ہ) سوا۔ چھٹا ہوا۔ بجز۔
چھُٹ بھیّا (ہ۔ مذ) ادنےٰ آدمی۔
چھٹانک (ہ۔ مث) سیر کا سولھواں حصّہ۔
چھٹکارا (ہ۔ مذ) خلاصی۔ فرصت رہائی۔ مہلت۔
چھُٹنا (ہ) آزاد ہونا۔ کھُل جانا۔ باقی رہ جانا۔
چھَٹنا (ہ) چُنا جانا۔ صاف ہونا۔
چھُٹّی (ہ۔ مث) رخصت۔ رہائی۔ اجازت
چھٹی (ہ۔ مث) بچّے کی پیدائش سے چھٹے روز کی رسم۔
چھٹی کا دودھ یاد آنا (ہ) مصیبت میں آرام کا یاد آنا۔
چھجّا (ہ۔ مذ) وہ آگے بڑھا ہوا چھت کا حصّہ۔ جو بارش یا دھوپ کے لئے لگاتے ہیں۔
چہ جائیکہ (ف) کہاں یہ بات کہ۔
چہچہا (ہ۔ ص) نہایت شوخ اور سُرخ رنگ۔
چہچہا (ہ) پرندوں کا بولنا۔
چہچہانا (ہ) چہکنا۔ خوشی سے بولنا۔
چھچھلا (ہ۔ ص) کم گہرا پانی۔ کم گہرا ظرف۔
چھچھلتی ہوئی (ص۔ مث) اوپری اوپر سے گذرنے والی سطحی سرسری
چھچھورا (ہ۔ ص) کمینہ۔ بچوں کی طرح کا پیٹ کا ہلکا۔ اوچھا۔
چھچھورا پن (ہ۔ مذ) کمینہ پن۔ سفلہ پن۔
چھچھوندر (ہ۔ مذ) ایک قسم کا بدبُودار چوہا جو رات کو نکلتا ہے۔
چھچھوندر چھوڑنا (ہ۔ مذ) شگوفہ چھوڑنا آتشبازی کی چھچھوندر کو آگ لگانا۔
چھدام (ہ۔ مذ) دمڑی۔

چھدنا (ہ) سوراخ دار ہونا۔ سوراخ ہونا
چھرّا (ہ۔ مذ) چھوٹی گولی۔
چھرا (ہ۔ مذ) بڑا چاقو۔
چہرہ (ہ) (پہلوی چہرک۔ فارسی قدیم چترہ باشں چتر۔ صورت یا تصویر) مذ} مکھڑا۔ صورت۔
چہرہ اُترنا (ہ) ستر انا۔ کمزور ہونا۔
چہرہ بنانا (ہ) منھ بگاڑنا۔ منھ چڑانا۔
چہرہ تمتمانا (ہ) کسی وجہ سے چہرے کا سرخ ہوجانا۔
چہرہ شاہی (ا۔ مذ) سرکاری سکّہ۔
چہرہ مُہرہ (ا۔ مذ) شکل۔ صورت۔
چھری بھلی نہ کٹاری (ہ) نقصان دینے والی چیز چھوٹی ہو یا بڑی کوئی بھی اچھی نہیں۔
چھری پھیرنا (ہ) ذبح کرنا۔ قتل کرنا ظلم کرنا۔
چھریرا (ہ۔ ص) ہلکا پھلکا۔
چھُڑانا (ہ) آزاد کرانا۔ رہا کرانا ترک کرانا۔
چھڑکاؤ (ہ۔ مذ) پانی کا چھڑکنا۔

چھڑکنا (ہ) پانی کی چھینٹیں پھینکنا۔
چھڑنا (ہ) اوکھلی میں کوٹ کر اناج کا پوست الگ کرنا۔
چھُڑوانا (ہ) رہائی دلوانا۔
چھڑی (ہ۔ مث) ہاتھ میں پکڑنے کی لکڑی۔
چھکا (ہ۔ مذ) چھت یا صحن کا پختہ فرش داغ۔ چبکا۔ لوکا۔ جھلسا۔
چھکّا (ہ۔ مذ) چھ لفظوں والا تاش کا پتّہ۔
چھکڑا (ہ۔ مذ) اسباب لانے کی گاڑی۔
چھکنا (ہ) چہچہانا۔ نوا سنجی کرنا۔
چھکّے چھوٹنا (ہ) حواس باختہ ہونا۔ گھبرا جانا۔
چھل (ہ۔ مذ) مکر۔ فریب۔
چھل بٹّے یا بٹا (ہ۔ مذ) فریب مکر۔ دم۔ دھوکا۔
چھل بل (ہ۔ مث) چالاکی۔ شوخی فریب۔
چھڑنا (ہ) شروع ہونا۔ بجنا۔

چُہل (ہ۔مث) دل لگی۔ مذاق۔ ہنسی
چِہل (ف۔ص) چالیس۔
چِہل قدمی (ف۔مث) ٹہلنا۔ پھرنا۔
چَھلّا (ہ۔مذ) حلقہ۔ چاندی وغیرہ کا بغیر نگینہ کی انگشتری۔
چَھلانگ (ہ۔مث) کود۔ پھلانگ۔
چَھلاوہ (ہ۔مذ) لغوی معنی چھل دینے والا۔ بھوت کا سایہ۔ آسیب۔
چَہل پہل (ہ۔مث) رونق۔ خوشی۔
چِھلکا (ہ۔مذ) پوست۔ کھال۔
چَھلکتا ہوا (ہ) لبالب بھرا ہوا۔ لبوں سے بہتا ہوا۔
چَھلکنا (ہ) کناروں سے باہر نکلنا۔
چِہلُم (ف۔مذ) چالیسواں۔ مُردے کی چالیسویں کی رسم۔
چَھلنی (ہ۔مث) آٹا وغیرہ چھاننے کا آلہ۔ غربال۔
چَھلنی ہونا (ہ) سوراخ سوراخ ہو جانا۔ تیروں سے چھدنا۔
چھم چھم (ہ۔مث) مینھ کے برسنے کی آواز آنا۔

چِہ میگوئیاں (ا) اعتراض۔ نکتہ چینی طعنے۔ ناز نخرہ۔
چَھاننا (ہ) صاف کرنا۔ چھلنی سے نکالنا۔
چَھن (ہ۔مذ) مکر۔ فریب۔
چھنگا (ہ۔ص) چھ انگلیوں والا۔
چُھنگلی (ہ۔مث) سب سے چھوٹی انگلی۔
چُھنگلیا (ہ۔مث) ہاتھ پاؤں کی سب سے چھوٹی انگلی۔
چُھو (ہ۔مذ) (۱) پیار۔ محبت (۲) غصہ خفگی۔
چُھو کرنا (ہ) دم کرنا۔ پھونکنا۔
چُھو منتر (ہ۔مذ) کچھ پڑھ کر پھونکنا۔ جادو کرنا۔
چُھوارا (ہ۔مذ) خرما۔ سوکھی کھجور۔
چُھوانا (ہ) ساتھ لگانا۔ مس کرنا۔
چُھوت (ہ۔مث) پرہیز۔ پلیدی۔
چُھوت کی بیماری (ہ۔مث) متعدی بیماری۔
چھوٹا (ہ۔ص) کم عمر۔ تنگ۔ تھوڑا ادنےٰ۔

چھوٹا منہ بڑی بات (ہ) اپنی لیاقت اور طاقت سے زیادہ بات کرنا۔
چھوٹنا (ہ) آزاد ہونا۔ کھُلنا۔
چھوچھک (ہ۔مث) چھٹی۔ زچہ خانے کی ایک رسم۔
چھوچھو (ہ۔مث) دایہ۔ کھلائی۔
چھوڑنا (ہ) رہا کرنا۔ کھول دینا۔
چھوکرا (ہ۔مذ) لڑکا۔ امرد۔ ناتجربہ کار
چھوکری (ہ۔مث) لڑکی۔ لونڈی۔
چھُونا (ہ) ہاتھ لگانا۔
چھیتنا (ہ) مارنا۔ کوٹنا۔ پیٹنا۔ کمانا۔
چھی چھی (ہ۔مث) بچوں کا پاخانہ۔
چھیدنا (ہ) سوراخ کرنا۔
چھیڑ (ہ۔مث) ہنسی۔ مذاق۔
چھیڑ چھاڑ (ہ۔مث) ہنسی۔ مذاق بات چیت۔ لڑائی جھگڑا۔
چھیڑ خانی (ہ۔مث) ٹھٹھا مخول۔
چھیڑنا (ہ) مذاق کرنا۔ ہنسی کرنا۔ تنگ کرنا۔
چھیلا (ہ۔ص) بانکا۔
چھیلنا (ہ) کھال اُتارنا چاقو سے تراشنا کھُرچنا۔
چھینٹ (ہ۔مث) قطرہ۔ بوند۔ چھپا ہوا۔ رنگ دار کپڑا۔
چھینٹا (ہ۔مذ) پانی کا چُلّو۔ ہلکی بارش۔
چھینٹا دینا (ہ) پانی چھڑکنا۔ تر کرنا۔
چھینک (ہ۔مث) وہ آواز جو ناک میں سوزش ہونے کی وجہ سے نکلتی ہے
چھینکا (ہ۔مذ) کھانا وغیرہ رکھنے کا ٹکن
چھینکتے ہی ناک کٹی (ہ) بدشگونی ہوتے ہی نقصان ہوگیا۔
چھینکنا (ہ) ناک سے سلسلاہٹ کے باعث زور سے آواز نکلنا۔
چھیننا (ہ) زبردستی لینا۔

(چ - ی)

چیپ (ہ۔مذ) لیس۔ لاسا۔
چیپ دار (ہ۔ص) لیسدار۔
چیت (ہ۔مذ) ہندوؤں کا بارھواں مہینہ۔ جو مارچ اپریل میں پڑتا ہے۔
چیتا (ہ۔مذ) حافظہ۔ خیال۔ یاد۔

چیتا (ہ۔ مذ) ایک درندے کا نام ہے
چیتھڑا (ہ۔ مذ) پرانے کپڑے کا ٹکڑا۔
چیتھڑے لگنا (ہ) نہایت مفلسی ہونا۔
چیچک (ف۔ مث) ماتا۔ سیتلا۔ مشہور بیماری ہے۔
چیچک رُو (ف۔ ص) وہ آدمی جس کے چہرے پر چیچک کے داغ ہوں۔
چیخ (ہ۔ مث) فریاد۔ درد یا تکلیف سے جو بے اختیار آواز نکلتی ہے۔
چیخ اُٹھنا (ہ) چلا اُٹھنا۔
چیدہ (ف۔ ص) چُنا ہوا۔
چیر (ہ۔ مذ) زخم۔ شگاف۔ درز۔
چیرا (ہ۔ مذ) زخم کا چیر۔ شگاف۔
چیرا دینا (ہ) زخم چیرنا۔ اپریشن کرنا۔
چیر پھاڑ (ہ۔ مث) چیرنے پھاڑنے کا کام۔ علم تشریح الابدان۔
چیرنا (ہ) پھاڑنا۔
چیرہ (ف۔ مذ) غلبہ۔
چیرہ دست (ف۔ ص) ظالم۔ زبردست
چیرہ دستی (ف۔ مث) ظلم۔ زبردستی۔

چیئر (انگ۔ مث) کرسی صدارت۔
چیئرز (انگ۔ مث) خوشی سے تالی بجانا۔ خوشی کا نعرہ۔
چیئرمَن (انگ۔ مذ) میر مجلس۔ پریزیڈنٹ۔
چیئرنگ کراس (انگ۔ مذ) لندن کے ایک بہت بڑے چوک کا نام ہے۔
چیڑ (ہ۔ مذ) دیار۔ صنوبر۔
چیز (ف۔ مث) شے۔ اسباب۔
چیز بست (ا۔ مث) اسباب۔ مال۔
چیستاں (ف۔ مث) پہیلی۔ بجھارت۔
چیف (انگ۔ ص) بڑا۔ اعلیٰ۔ سردار۔
چیف جسٹس (انگ۔ مذ) بڑا۔ عدالت عالیہ کا بڑا جج۔
چیف سیکرٹری (انگ۔ مذ)

(انگ - مذ)

ناظمِ اعلیٰ۔

چیف کورٹ

(انگ - مذ)

عدالتِ عالیہ

چیفس کالج

(انگ - مذ)

وہ درسگاہ جہاں بڑے بڑے راجوں اور نوابوں کے لڑکے تعلیم پاتے ہیں۔

چیل (ہ - مث) مشہور پرندہ۔

چیل کے گھونسلے میں ماس کہاں (ہ) فضول خرچ کے پاس کہاں روپیہ ہوتا ہے۔

چیلا (ہ - مذ) شاگرد۔ مرید۔

چیمبر آف کامرس

(انگ - مذ) مجلس تجارت انجمن تجار

چیمسفورڈ سکیم

(انگ - مذ)

لارڈ چیمسفورڈ کی تجویز کردہ سکیم۔ جس کی رو سے ۱۹۱۷ء میں ہندوستان کو سیاسی اصلاحات ملیں۔ مانٹفورڈ سکیم۔

چین (انگ - مذ)

زنجیر۔

چَین (ہ - مذ) آرام۔ سکھ

چِین (ہ - مث) شکن۔ بل۔

چیں بہ جبیں ہونا (ا) ماتھے پر بل ڈالنا۔ غصے ہونا۔

چیں بولنا (ہ) عاجز آنا۔ ہارنا۔

چیونٹا (ہ - مذ) بڑی چیونٹی۔

چیونٹی (ہ - مث) مشہور کیڑا۔

چیونٹی کو پر لگنا (ہ) موت قریب ہونا

چیونٹیوں بھرا کباب (ہ - مذ) جھگڑے کی چیز۔ مصیبت کا گھر۔

چینڈ (ہ - مث) بدمعاملگی۔ بے ایمانی ہٹ دھرمی کرنا۔ ہونا۔

چینی (ہ - مذ) چین کی مٹی کا۔ چین کا رہنے والا۔

چینی (ہ - مث) کھانڈ۔ شکر۔

ح

حاتم (ع۔ مذ) عرب کے ایک مشہور سخی
نام ہے۔ جو قبیلہ طے میں سے
تھا۔ یہ عبداللہ بن سعد طائی کا
بیٹا تھا۔ سخی۔ کریم۔ فیاض۔
حاتم کی گور پر لات مارنا (۱) حاتم
سے بڑھ کر سخاوت کرنا کسی بخیل
سے اتفاقیہ سخاوت ہو جانا۔
حاجب (ع۔ مذ) نگہبان۔ چوکیدار
پردہ دار۔ جمع)
حاجت (ع۔ مث) ضرورت کے خواہش
(حوائج۔ جمع)
حاجت روائی (۔ مث) کسی کی حاجت
پوری کرنا۔ کسی کا کام نکالنا۔
حاجت مند (ف۔ ص) محتاج۔
مفلس۔
حاجی (ع۔ مذ) وہ آدمی جو حج کر آیا ہو
(حجاج۔ جمع)

حادث (ع۔ ص) فانی۔ مٹ
جانے والی شے۔
حادثہ (ع۔ مذ) صدمہ۔ رنج دہ واقعہ
(حوادث۔ جمع)
حاذق (ع۔ ص) ماہر تجربہ کار (حکیم
کی صفت)
حارج (ع۔ ص) حرج کرنے والا۔
رکاوٹ ڈالنے والا۔
حارّ (ع۔ مذ) سخت گرم (حارّہ صیغہ
مؤنث)
حاسد (ع۔ مذ) حسد کرنے والا۔ بد
خواہ دشمن (حُسّاد جمع)
حاسّہ (ع۔ مذ) محسوس کرنیکی طاقت۔
چھوکر معلوم کرنیکی طاقت) حواس جمع)
حاشا (ع) ہرگز نہیں۔ پناہ۔
حاشا و کلا (ع) (لفظی معنی خدا اس بات
سے پاک ہے) توبہ۔ توبہ۔

ہرگز نہیں

ہرگز نہیں۔

حاشیہ (ع۔ مذ) کنارہ۔ کوٹ۔ کتاب کی اصل عبارت کے باہر صفحے کی خالی جگہ پر جو مشکلات کی شرح لکھی جاتی ہے۔ اسے حاشیہ کہتے ہیں (حواشی جمع)

حاشیہ چڑھانا (۱) بات کو بڑھا کر بیان کرنا۔ شرح کرنا۔

حاشیہ نشین (ف۔ مذ) اردگرد بیٹھنے والے لوگ۔ خوشامدی۔

حاصل (ع۔ مذ) خلاصہ۔ آمدنی۔ فائدہ۔ پیداوار۔

حاصلِ تفریق (مذ) وہ عدد جو بڑے عدد میں سے چھوٹا عدد منہا کرنے سے باقی رہتا ہے۔

حاصلِ تقسیم (مذ) وہ عدد جو مقسوم کو مقسوم علیہ پر تقسیم کرنے سے حاصل ہوتا ہے۔

حاصلِ ضرب (مذ) وہ رقم جو عددوں عددوں کو باہم ضرب دینے سے حاصل ہو۔

حاصلِ کلام (ع) خلاصہ۔ مطلب القصہ۔

حاصلِ مَصْدَر (مذ) وہ لفظ جو مصدر کے فعلی اثر کو ظاہر کرے۔ جیسے بنانا سے بناوٹ اور کوشیدن سے کوشش۔

حَاضِر (ع۔ ص) موجود۔ تیار۔

حاضرات (ع۔ مث) جن۔ بھوت پریت اور بدروحوں کے جمع کرنے کا جلسہ (کرنا۔ ہونا) (واحد مستعمل)

حاضراتی (مذ) حاضرات کرنے والا۔

حاضرباش (ف۔ ص) ہمیشہ حاضر رہنے والا۔

حاضرباشی (ف۔ مث) حاضری۔ موجودگی۔

حاضرجواب (ع۔ ص) موقع پر خوب جواب دینے والا۔ فوراً اچھا جواب دینے والا۔

حاضری (ع۔ مث) موجودگی (۱) صبح کا کھانا۔

حاضری لینا (۱) گنتی کرنا۔ نام پکارنا
حافظ (ع۔ مذ) حفاظت کرنے والا۔ وہ آدمی جسے قرآن شریف یاد ہو۔
حافظہ (مذ) یاد رکھنے کی طاقت۔
حاکم (ع۔ مذ) حکومت کرنے والا افسر (حکام جمع)
حاکمِ وقت (ع۔ مذ) (ا) وقت کا حاکم۔
حاکمانہ (ع۔ ص) حاکم کی طرح۔
حال (ع۔ مذ) حالت۔ کیفیت۔ موجودہ زمانہ (احوال جمع)
حالانکہ (ف) باوجودیکہ۔
حال سے بے حال ہونا (ا) غریب ہو جانا۔
حالات (ع۔ مذ ج) (واحد حال)
حالت (ع۔ مث) کیفیت۔ حال صورت۔
حالتِ نزع (ع۔ مث) دم توڑنے کی حالت۔ جانکنی کا عالم۔
حالی (ع) خواجہ الطاف حسین صاحب پانی پتی مصنفہ مسدس کا تخلص۔
حالی موالی (امذ) ہم نشین۔ ساتھی۔
حالیہ (ع) وہ اسم جو کسی شے کی حالت بیان کرے۔
حامد (ع۔ مذ) تعریف کرنے والا۔
حامل (ع۔ مذ) بوجھ اٹھانے والا۔
حاملِ متن (ع۔ مذ) اصل مع شرح۔
حاملِ وحی (ع۔ مذ) حضرت جبرائیلؑ جو پیغمبروں کے پاس وحی الٰہی لایا کرتے تھے۔
حاملہ (ع۔ مث) وہ مادہ جس کے پیٹ میں بچہ ہو۔
حامی (ع۔ مذ) مددگار۔ حمایتی۔
حاوی (ع۔ ص) قابو رکھنے والا۔ ماہر کامل۔
حائل (ع۔ ص) روک۔ بیچ میں آڑ آنے والا۔
حُبّ (ع۔ مث) محبت۔ پیار۔ دوستی
حُبِّ وطن (ع۔ مث) وطن کی محبت۔
حُبّ کا عمل (ع۔ مذ) وہ دعا یا عمل

جس سے باہم محبت پیدا ہو۔
حَبّ (ع۔ مث) گولی۔ دانہ۔ بیج۔ تخم (حبوب جمع)
حَباب (ع۔ مذ) پانی کا بلبلا۔
حَبَّذا (ع) کلمۂ تحسین۔
حَبْس (ع۔ مذ) قید (ا مث) اُمس
حَبْسِ بیجا یا ناجائز (ف) کسی کو زبردستی کسی مکان میں بند کر دینا
حَبْسِ دوام (ف) ہمیشہ کی قید۔
حَبْسِ دوام بعبور دریائے شور (ف) ہمیشہ کے لئے کالے پانی کی سزا۔
حَبْشی (ع۔ مذ) ملک حبش (افریقہ) کا رہنے والا۔ کالا۔
حَبْلُ المتین (ع۔ مث) (لفظی معنی) مضبوط رسی (محکم وسیلہ (مجازاً) قرآن مجید۔
حَبْلُ الورید (ع۔ مث) شہ رگ۔
حُبُوب (ع۔ مث۔ ج) (واحد حبّ) گولیاں۔
حَبّہ (ع۔ مذ) دانہ۔ ذرا سا۔
حَبِیب (ع۔ مذ) دوست۔ پیارا۔
حَتّیٰ (ع) یہاں تک۔ جب تک۔
حَتّی الامکان (ع) جہاں تک ہو سکے۔
حَتّی المقدور (ع) " " "
حَتّی الوسع (ع) " " " جس قدر طاقت ہو۔
حَتْمی {ع (حتم کسی پر واجب کرنا) ص} مستقل۔ مضبوط۔ پختہ۔
حَجّ (ع۔ مذ) عبادت کی نیت سے بیت اللہ (کعبہ) کے طواف کا ارادہ کرنا۔
حجِّ اکبر (ا۔ مذ) مشہور ہے کہ جو حج جمعے کے دن پڑتا ہے۔ وہ حج اکبر یعنی بڑا حج یا زیادہ ثواب والا حج کہلاتا ہے۔
حِجاب (ع۔ مذ) پردہ۔ شرم۔
حِجابِ حاجز (ع۔ مذ) وہ پردہ جو سینے اور پیٹ کے درمیان ہے۔
حُجّاج (ع۔ مذ۔ ج) (واحد حاجی) حج کرنے والے۔
حِجاز (ع۔ مذ) ملک عرب کا ایک حصّہ

جس میں

جس میں مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ واقع ہیں۔
حَجّام (ع۔مذ) نائی۔
حَجَامَت (ا۔مث۔عربی میں ح کی زیر ہے) سر منڈانا۔خط بنوانا۔
حَجَامَت بنانا (ا) سر مونڈنا (کنایۃً) گت بنانا۔لوٹنا۔
حَجَامَت بننا (ا) بُرا حال ہونا۔گت بننا۔
حُجّت (ع۔مث) دلیل۔ثبوت۔جھگڑا
حُجّتی (ا۔مذ) جھگڑالو۔
حَجَر (ع۔مذ) پتھر (احجار جمع)
حَجَرِ اَسوَد (ع۔مذ) سیاہ پتھر جو کعبہ کی دیوار میں لگا ہوا ہے حاجی لوگ اُسے بوسہ دیتے ہیں۔
حُجرہ (ع۔مذ) مسجد کی کوٹھڑی۔عبادت کی جگہ۔
حَجم (ع۔مذ) موٹائی۔ضخامت۔جسامت۔
حد (ا۔مث۔عربی میں دال پر تشدید ہے) کنارہ۔انتہا۔شرعی سزا۔(حُدُود جمع)
حدِّ اعتدال (ع۔مث) میانہ روی۔اسراف نہ کرنا۔
حد سے بڑھنا (ا) اپنی حیثیت سے بڑھ کر چلنا۔قابو میں نہ رہنا۔
حد کرنا (ا) انتہا کر دینا۔اس سے زیادہ نہ ہو سکنا۔
حدِّ مُعَیّنہ (ع۔مث) مقررّہ حد۔
حُدُود (ع۔مث) (واحد۔حد)
حُدُودِ اَربعہ (ع۔مذ) چاروں حدیں چاروں طرفیں۔
حُدی (ع۔مث) گیت جو عرب شتربان گاتے ہیں۔
حَدِیث (ع۔مث) بات۔پیغمبر اسلام علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ارشاد یا فعل (اَحَادِیث جمع)
حَدِیقہ (ع۔مذ) باغ۔چمن۔مشہور شاعر سنائی کی تصنیف جو فارسی نظم میں ہے (حدائق جمع)
حَذَر (ع۔مذ) پرہیز۔ڈر۔
حَذف (ع۔مذ) دور کرنا۔کوئی حرف

چھوڑ دینا
حذاقت (ع۔مث) دانائی۔عقلمندی
حرارت (ع۔مث) گرمی۔تپش۔بخار۔
حرارتِ غریزی (ع۔مث) وہ گرمی جو انسان کے جسم میں پائی جاتی ہے۔
حرارتِ مخصوصہ (ع۔مث) حرارت کی وہ مقدار جو کسی جسم کو مخصوص درجہ حرارت تک پہنچانے کے لئے درکار ہوتی ہے۔
حرارتِ مخفی (ع۔مث) حرارت کی وہ مقدار جو ٹھوس کو مائع یا گیس بنانے یا مائع کو گیس بنانے میں صرف ہوتی ہے۔
حرارہ (ا۔مث) حرارت کی اکائی۔
(۲) جذبہ۔جوش (مذ)
حرارہ لانا (ا) برافروختہ ہونا۔ گرم ہونا۔
حرارہ لینا (ا) جذبہ دکھانا۔تیزی دکھانا۔
حراست (ع۔مث) نگرانی۔حوالات

حرام (ع۔ص) ناجائز۔بزگ۔
حرام خور (ف۔مذ) مردار کھانے والا۔ بے وفا۔مفت خور۔بدذات۔
حرام کرنا (ا) خراب کرنا۔زنا کرنا۔
حرام موت مرنا (ا) خودکشی کرنا۔
حرامی (ع۔مذ) چور (۱۔مذ) چور۔ شریر۔بدذات۔ولدالزنا۔
حرب (ع۔مث) لڑائی۔جنگ۔ (حُروب۔جمع)
حرب گاہ (ف۔مث) لڑائی کا میدان
حربہ (ع۔مذ) آلہ۔ہتھیار۔ذریعہ
حربی (ع۔مذ) دارالحرب کا رہنے والا۔
حرج (ع۔مذ) تنگی۔سختی (۱۔مذ) نقصان تضیع اوقات۔دیر۔کمی۔
حرزِ بازو (ف۔مذ) تعویذ جو حفاظت کے لئے بازو سے باندھتے ہیں۔
حرص (ع۔مث) لالچ۔لوبھ۔خواہش
حرف (ع۔مذ) (۱) کسی زبان کی مفرد آوازیں۔جن کے ملے بغیر کوئی

کلمہ نہ بنے ۔ اب ۔ ت ۔ حروف تہجی (۲) اصطلاح حرف میں وہ کلمہ جو نہ اسم ہو نہ فعل بلکہ دونوں میں ربط پیدا کرنے کے لئے آئے جیسے بین ۔ سے ۔ پر وغیرہ ۔

حَرْف آنا (ا) عیب لگنا ۔ الزام آنا ۔

حَرْف شناس (ف ۔ مث) معمولی پڑھا

حَرْف گیری (ف مث) عیب پکڑنا ۔

حِرْفَت (ع ۔ مث) پیشہ ۔ کام ۔ ہُنر ۔

حِرْفہ (ع ۔ مذ) کاریگری ۔ کسب ۔

حَرَکَت (ع ۔ مث) عربی میں بفتح اوّل و دوم مگر فارسیوں نے بسکون را بھی لکھا ہے) ہلنا ۔ چال ۔ زیر زبر پیش (ا ۔ مث) جنبش ۔ ترکیب ۔ ناپسند بات ۔

حَرَکت مذبوحی (ع ۔ مث) بے فائدہ حرکت ۔

حَرَکات (عربی میں بفتح دوم مگر فارسی میں بسکون ہے ۔ لکھنؤ میں مذکر دہلی مونث (واحد حرکت)

حَرَکات و سَکنات (ع ۔ مث) چال ڈھال ۔ ناز و انداز ۔

حَرَم (ع ۔ مذ) کعبہ کی چاردیواری بیوی ۔

حَرَم سرائے (ع ۔ مث) عورتوں کے رہنے کا مکان ۔

حِرْماں (ع ۔ مث) ناامیدی ۔ مایوسی

حِرْماں نصیب (ع ۔ ص) بدنصیب مایوس ۔

حُرْمَت (ع ۔ مث) عزت ۔ بزرگی ۔

حُرُوف (ع ۔ مذ ۔ ج) حرف واحد)

حُرُوف تہجی یا حُرُوفِ ہجا الف ، بے ، تے وغیرہ حروف بے تک ۔

حُرُوفِ مُعْجَمہ ۔ حروف جن پر نقطے ہوں ۔ یعنی بے ۔ تے ۔ ض ۔ ق وغیرہ ۔

حُرُوفِ مُہملہ ۔ حروف جن پر نقطے نہ ہوں جیسے ا س ح وغیرہ ۔

حَرِیص (ع ۔ ص) لالچی ۔

حَرِیر (ع ۔ مذ) ریشم ۔

حَرِیف (ع ۔ مذ) ہم پیشہ ۔ دشمن

مقابل کا آدمی۔
حَرِیم (ع۔ مذ) گھر کے چاروں طرف کی دیوار۔ خانہ کعبہ کا گردا گرد مطلق مکان۔
حِزْب (ع۔ مذ) گروہ۔ جماعت۔ پارٹی
حِزْبُ الْعُمّال (ع۔ مذ) جماعت۔ مزدوراں۔ مزدور۔ لیبر پارٹی۔
حُزْن (ع۔ مذ) اندوہ۔ غم۔ فکر۔
حَزِیں (ع۔ ص) غمگیں۔ فکر مند۔

(ح ۔ س)

حِسّ (ع۔ مث) دیکھنا، سونگھنا وغیرہ میں سے کسی ایک قوت کے ذریعہ کسی بات کا جاننا یا ان میں سے کوئی ایک قوت۔
حِساب (ع۔ مذ) گنتی۔ شمار۔ گنتی کا علم۔ نرخ۔
حِساب دینا (ہ) حساب سمجھانا۔ بری الذمہ ہونا۔ حساب سپرد کرنا
حِساب کتاب (ع۔ مذ) لین دین میل ملاپ۔
حَسَب (ع۔ مذ) بزرگی۔ شرافت خاندان۔
حَسْبِ (ع) موافق۔ مطابق۔
حَسْبِ اِرْشاد (ع) فرمان کے مطابق۔
حَسْبِ توفیق (ع) حیثیت کے مطابق۔
حَسْبِ حال (ع) حال کے موافق۔
حَسْبِ ذیل (ع) نیچے لکھے ہوئے کے مطابق۔
حَسْبِ عادت (ع) عادت اور قاعدے کے موافق۔
حَسْبِ معمول (ع) دستور کے مطابق۔
حَسْبِ منشاء (ع) خواہش کے مطابق۔
حَسَب نسب (ع۔ مذ) خاندان۔ ماں باپ کا خاندانی سلسلہ۔
حَسَد (ع۔ مذ) کسی کی نعمت کا زوال چاہنا۔ کینہ۔ بغض۔
حَسْرَت (ع۔ مث) افسوس۔ ارمان

(حسرات: جمع)

(حسرات جمع)

حُسن (ع۔مذ) خوبی۔ عمدگی۔ خوب صُورتی (محاسن جمع)

حُسنِ اتفاق (مذ) اتفاق کی خوبی۔ بہتر موقع۔

حُسنِ بیان (مذ) کسی بات کو عمدگی سے بیان کرنا۔

حُسنِ تدبیر (ع۔مذ) تدبیر کی خوبی عمدہ تدبیر۔

حُسنِ خدمت (ع۔مذ) اچھی خدمت کرنا۔

حُسنِ دلفریب (ع۔مذ) دل کو موہ لینے والی خوبصورتی۔

حُسنِ طلب (ع۔مذ) اچھے طریقے سے مانگنا۔

حُسنِ ظن (ع۔مذ) نیک گمان۔

حُسنِ کلام (ع۔مذ) عمدہ گفتگو کلام کی خوبی۔

حُسنِ گلوسوز (ف۔مذ) حسن شیریں دلچسپ۔ خوبصورتی۔

حُسنِ مُعاشرت (ع۔مذ) رہنے سہنے کا عمدہ طریق۔

حَسَن (ع۔مذ) حضرت علیؓ کے بڑے فرزند کا نام مبارک۔

حَسَنات (ع۔مذ۔ج) (واحد حَسَنہ) نیکیاں۔

حَسَنی (ع۔مذ) منسوب بہ حَسَن رضؓ۔ سیدوں کا وہ خاندان جو آپؓ کی نسل سے ہے۔

حِسّیات (ع۔مث۔ج) (واحد حِسّی) وہ چیزیں جو احساس خمسہ سے معلوم ہو سکتی ہیں۔ محسوسات جذبات۔ احساسات۔

(ح ۔ ش)

حَشر (ع۔مذ) قیامت۔ شور و غل۔

حَشر بَرپا کرنا (ا) فساد مچانا۔

حَشَرات (ع۔مذ۔ج) (واحد حشرہ) زمین میں رہنے والے کیڑے۔

حَشَراتُ الاَرض (ع۔مذ۔ج) زمین میں رہنے والے کیڑے۔ جو اکثر برسات

میں نکل آتے ہیں (واحد حَشَرہ)
حَشْرِی باغی (ا۔ مذ) وہ باغی جو دوسروں کی دیکھا دیکھی بغاوت پر آمادہ ہو جائے۔
حَشْرِی گھوڑا (ا۔ مذ) وہ گھوڑا جو اور گھوڑوں کے ساتھ مل کر نہ رہے دنگئی گھوڑا۔
حَشَم (ع۔ مذ۔ ج) نوکر چاکر۔ نوکروں کی بھیڑ (یہ لفظ مفرد مستعمل ہے)
حَشَم و خَدَم (ع۔ مذ۔ ج) خادمان۔
حَشْمَت (ع۔ مث) دبدبہ۔ شان۔ لاؤ۔ لشکر۔
حَشْو (ع۔ مذ) زائد کلام۔ زیادتی۔

(ح۔ ص)

حِصَار (ع۔ مذ) قلعہ۔ احاطہ۔
حِصَار باندھنا (ا) حلقہ باندھنا۔ عملیات میں خط وغیرہ کا چاروں طرف سے گھیرا ڈال لینا۔
حِصَص (ع۔ مذ۔ ج) (واحد حصّہ)
حِصْن (ع۔ مذ) قلعہ۔ جائے پناہ۔ (حُصُون جمع)
حِصْن حَصِین (ع۔ مذ) مضبوط قلعہ۔
حُصُول (ع۔ مذ) حاصل ہونا فائدہ۔
حِصَّہ (ع۔ مذ) ٹکڑا۔ بانٹا (حِصَص جمع)

(ح۔ ض)

حَضَر (ع۔ مذ) گھر پر ہونا۔ (سفر کی ضد)
حَضْرَت (ع۔ مذ) درگاہ۔ عزت کے لئے بڑے لوگوں کے نام کے ساتھ بولتے ہیں۔ پیغمبر اسلام سے بھی مراد ہوتی ہے۔
حُضُور (ع۔ مذ) جناب۔ عزت کے لئے بولتے ہیں۔ موجودگی مجلس دربار۔

(ح۔ ظ)

حَظّ (ع۔ مذ) لطف۔ مزہ۔
حَظَائِظ (ع۔ مذ۔ ج) (واحد حظ)

(ح۔ ف)

حفاظت (ع۔مذ) پناہ۔ بچاؤ۔ نگرانی
حفظانِ صحت (ع۔مذ) تندرستی کی حفاظت (حفظان اردو والوں کا بنایا ہوا ہے)
حفظ (ع۔مذ) ازبر۔ حفاظت۔
حفظ ما تقدم (ع۔مذ) کسی آنے والی مصیبت کا پہلے ہی سے بندوبست کرنا۔ بیماری یا خطرے کا پہلے ہی سے بچاؤ کرنا۔
حفظِ مراتب (ع۔مذ) مرتبہ کا لحاظ درجے کی اعانت۔
حفظ نظر (ع۔مذ) نظرِ بد سے دور رہے۔ چشمِ بددور

(ح - ق)

حق (ع۔مذ) خدا۔ سچ۔ درست۔ قرض صلہ۔ بدلہ۔ حصہ۔ (حقوق جمع)
حق بحقدار (ف) حق والے کو اپنا حق مل گیا۔
حق بجانب (ف۔مذ) سزاوار۔
حق پرست (ف۔مذ) خدا پرست۔
حق پسند (ف۔مذ) حق کو پسند کرنے والا۔ عادل۔
حق تلفی (ع۔مث) کسی کا حق مارنا۔ بے انصافی۔
حق دار (ف) جس کا حق ہو۔
حق رسی (ف۔مث) حق کو پہنچنا۔
حقِ رفاقت (ع۔مث) ساتھ کا حق دوستی کا حق۔
حقِ شفع (ع۔مذ) حق ہمسائیگی۔
حق شناس (ف۔مذ) منصف۔ قدردان
حقِ نمک (ف۔مذ) نمک کھانے کا حق ملازمت کا حق۔
حقّا (ع) حق کی قسم۔
حقارت (ع۔مث) خواری۔ ذلت نفرت۔
حقوق (ع۔مذ۔ج) (واحد حق۔
حقوق دیرینہ (ف۔مذ) پرانے حقوق۔
حقوقِ وراثت (ع۔مذ) وراثت کے حق۔ کسی شخص کے وارث ہونے کا حق۔
حقیت (ع۔مث) حق۔ حقداری۔

ملکیت (ا۔مث) جائیداد
حقیر (ع۔ص) ادنیٰ۔چھوٹا۔ذلیل۔
حقیقت (ع۔مث) اصلیت۔اصل حال (حقایق جمع)
حقیقی (ع۔ص) اصلی۔سگا۔

(ح۔ک)

حکّام (ع۔مذ ج) (واحد حاکم)
حکایت (ع۔مذ) کہانی۔قصہ۔بات (حکایات جمع)
حَکَم (ع۔مذ) فیصلہ کرنے والا ثالث
حکم (ع۔مذ) فرمان۔پروانہ۔اجازت (احکام جمع)
حکم انداز (ف۔مذ) ایسا تیر انداز جس کا نشانہ خطا نہ کرے۔
حکم بردار (ف۔مذ) فرمانبردار۔تابع وہ حکومت جو جمعیۃ الاقوام کے تحت کسی دوسرے ملک پر حاکمانہ اقتدار رکھتی ہوئی اس کا اندرونی انتظام اس شرط پر کرے کہ جب وہ اپنا نظم ونسق خود کرنے کے قابل ہو جائے تو اسے آزاد کر دیا جائے۔
حکم برداری (ا۔مث) جنگ یورپ کے بعد اتحادیوں نے جو ممالک فتح کئے تھے۔اُن میں سے بعض جمعیۃ الاقوام نے انگلستان فرانس واطالیہ وغیرہ کے حوالے اس شرط پر کر دیئے تھے کہ جب وہ محکوم ممالک اپنا انتظام آپ کرنے کے قابل ہو جائیں تو اُن کو خود مختار اور آزاد کر دیا جائے۔ اُن کی موجودہ حکومت کی ذمہ داری کو جو مقتدر ممالک کے ذمے عاید ہوتی ہے۔ حکم برداری کہتے ہیں۔
حکمرانی (ف۔مث) حکم چلانا۔بادشاہت
حکمنامہ (ف۔مذ) پروانہ۔فرمان۔
حکمت (ع۔مث) دانائی۔تدبیر (حِکَم جمع)
حکمتِ ایزدی (ع۔مث) خدا کی حکمت۔

حِکْمَتِ بالِغَہ } (ع۔ مث) کامل۔
حِکْمَتِ کامِلہ } حکمت۔ خدائی حِکْمَت۔
حِکْمَتِ عَمَلی (ع۔مث) چالاکی۔ دور اندیشی۔ پالیسی۔
حُکُومَت (ع۔مث) سلطنت۔حکمرانی راج۔
حُکُومَتِ اِشْتِراکیَہ شورائیہ روس (ا۔مث) روس کی اشتراکی حکومت کا سرکاری نام
حُکْمی (ع۔ص) بے خطا۔ شرطی۔
حَکِیم (ع۔مذ) حکمت کرنے والا۔دانا ڈاکٹر (حکماء جمع)

(ح۔ل)

حَلّ (ع۔مذ) کھولنا۔مشکل کو آسان کرنا
حَلال (ع۔ص) درست۔ جائز۔شرع کے مطابق۔
حَلاوَت (ع۔مث) مٹھاس۔شیرینی
حِلّت (ع۔مث) حلال یا جائز ہونا۔
حَلْف (ع۔مذ) قسم۔ سوگند۔

حَلْفاً (ع) قسم کے ساتھ۔ تمیز۔
حَلْق (ع۔مذ) گلا بال مونڈنا۔
حَلْقَہ (ع۔مذ) احاطہ۔کڑا۔مجلس۔علاقہ
حَلْقہ بگوش (ف۔مذ) غلام۔ نوکر۔
حِلْم (ف۔مذ) نرمی۔برداشت۔بُردباری
حَلْوا (ع۔مذ) کھانا جو گھی۔شکر اور میدے وغیرہ سے بنتا ہے (کنایۃً) تر یا لائم چیز۔میٹھی چیز۔
حلوائی کی دکان پر دادا جی کی فاتحہ (مثل) پرائے مال کو اپنا سمجھ کر بے دریغ صرف کرنا۔
حلوا رے بلے دود (ف۔مذ) میٹھے میوے
حَلِیف (ع۔مذ) جن کا باہم معاہدہ ہو۔ معاہد (حُلَفاء جمع)
حَلِیم (ع۔ص) بردبار۔نرم طبع۔
حَلِیمُ الطَّبع (ع۔ص) جس کی طبیعت اور مزاج نرم ہو منکسر المزاج۔
حِلْیَہ (ع۔مذ) جواہر اور چاندی سونے کا زیور
حُلْیَہ (ع۔ف) صورت۔شکل۔خِلقت

(ح۔م)

حِمار (ع۔ مذ) گدھا۔ خر۔
حَماقت (ع۔ مث) بے عقلی۔ بے وقوفی۔
حَمّال (ع۔ مذ) بہت بوجھ اٹھانے والا
مزدور۔
حَمّام (ع۔ مذ) نہانے کی جگہ۔
حَمّام کی کنگھی (۱) وہ چیز جو ہر شخص کے
کے استعمال میں آئے۔
حَمّامی (ع۔ مذ) نہانے والا۔ حمام کا
مالک۔
حَمام (یا) حَمامہ (ع۔ مذ) کبوتر۔
حِمایت (ع۔ مث) نگہبانی۔ امداد۔
طرف داری۔
حِمایتی (ا۔ مذ) مددگار۔ طرف دار۔
حَمائل (ع۔ مث) گلے میں ڈالنے کی چیز
چھوٹی تقطیع کا قرآن شریف۔
حَمد (ع۔ مث) خدا کی تعریف۔
حُمق (ع۔ مذ) حماقت۔ بے وقوفی۔
حَمل (حمل غلط العام) (ع۔ مذ) بوجھ۔
پیٹ رہنا۔ گربھ ہونا۔
حَملہ (ع۔ مذ) دھاوا۔ چڑھائی۔
حَملہ آور (ف۔ مذ) دھاوا کرنے والا۔

حُمُوضَت (ع۔ مث) ترشی۔ کھٹائی۔
حُمُوضَہ (ا۔ مذ) تیزاب۔ ایسڈ۔
حَمِیّت (ع۔ مث) غیرت۔ ننگ۔
حَمِیدہ (ع۔ ص) بہت ہی تعریف کیا
ہوا۔ بہت ہی پسندیدہ۔

ح ۔ ن

حِنَا (ع۔ مث) مہندی۔
حِنا مالیدہ (ف۔ ص) مہندی لگا
ہوا۔
حَنُوط (ع۔ مذ) (۱) چند خوشبودار چیزوں
کا مرکب جو غسل دینے کے بعد مُردے
پر ملتے ہیں (۲) وہ مسالہ جو قدیم
مصریوں نے اپنے مُردوں کی
لاشوں پر مل رکھا ہے۔ جس
کی وجہ سے وہ اب تک بحالت
اصلی محفوظ ہیں۔
حَنظَل (ع۔ مذ) اندرائن۔ ایک کڑوا پھل
حَنفی (ع۔ مذ) امام ابو حنیفہؒ کا پیرو۔

(ح - و)

حَوّا (ع-ص) سُرخ مائل بہ سیاہی
(مث) حضرت آدمؑ کی بیوی
سب انسانوں کی ماں۔
حَواری (ع-مذ) حضرت عیسیٰؑ کی جماعت
مسیح علیہ السلام کے دوست۔
حَوادِث (ع-مذ-ج) اچانک کسی اہم امر
کا وقوع پذیر ہونا (واحد حادثہ)
حَواس (ع-مذ-ج) ہوش۔ ایمان۔
(واحد حاسہ)
حواس باختہ (ا-ص) گھبرایا ہوا۔
حَواسِ خمسہ (ع) پانچ طاقتیں دیکھنا۔
سونگھنا۔ چکھنا۔ ٹٹولنا۔ سُننا
حَواصِل (ع-مث-ج) ایک سفید آبی
پرندے کا نام ہے جس کا پوٹا
(حوصلہ) بہت بڑا ہے۔ اسی لئے یہ
نام رکھا گیا (بطور واحد مستعمل ہے)
حَوالات (ا-مث) قید۔ نگرانی۔
ملزم کو سماعت مقدمہ کے دوران
میں بند رکھنے کا مکان۔
حَوالَہ (ع) سپردگی۔ پتہ۔ نشان۔
حُور (ع-مث-ج) خوبصورت عورت وہ
عورتیں جو بہشت میں متقی اور نیک
مردوں کو ملیں گی (واحد حوراء)
حَوصلَہ (ع-مذ) جُرأت۔ دلیری۔
برداشت۔ پرندے کا پوٹہ۔
حَوصلَہ اَفزائی (ف-مث) دل
بڑھانا۔
حَوصلَہ نکالنا (ا) ارمان پورا کرنا۔
حَوض (ع-مذ) پانی جمع کرنے کی جگہ جو
زمین میں بنائی جائے۔
حَویلی (ا-مث) چاردیواری۔ بہت
بڑا مکان۔

(ح - ی)

حَیا (ع-مث) شرم۔ غیرت۔ لحاظ۔
حَیادار (ف) غیرت مند۔ شرم والا۔
حَیات (ع-مث) زندگی۔ جینا۔
حَیاتِ مُستعار (ع-مث) چند
دن کی زندگی۔
حَیثیَت (ع-مث) بساط۔ طاقت۔

حَیثیتِ عُرفی (ع۔مث) ظاہری عزت۔اعتبار
حَیران (ع۔ص) ہکّا بکّا۔پریشان۔
حَیرانی (ا۔مث) پریشانی۔تعجب۔
حَیرت (ع۔مث) حیرانی۔تعجب۔
حیرت انگیز (ف۔ص) حیرانی پیدا کرنے والی بات۔
حَیرت زَدہ (ف۔مذ) بھونچکا۔ششدر
حَیض (ع۔مذ) وہ خون جو عورتوں کو ہر مہینے آتا ہے۔
حَیف (ع۔مذ) افسوس۔دریغ۔
حِیلَہ (ع۔مذ) بہانہ۔مکر۔کوشش (جمع حِیَل)
حِین (ع۔مذ) زمانہ۔وقت۔
حِینِ حَیات (ع۔مذ) زندگی تک عمر بھر۔
حَیوان (ع۔مذ) جاندار۔بے وقوف۔ (ع۔ع حیوان)
حَیوانِ مُطلق (ع۔مذ) جانور۔جاہل۔
حَیوانِ ناطِق (ع۔مذ) بولنے والا۔ حیوان یعنی انسان۔
حَیوانی (ع۔ص) نفسانی۔
حَیوانیّت (ع۔ص) نادانی۔بے وقوفی۔

خ

خاتِم (ع۔مذ) ختم کرنے والا۔
خاتَم (ع۔مث) انگشتری۔مُہر۔
خاتِمَہ (ع۔مذ) انجام۔اخیر۔موت۔ کتاب کا آخری حصّہ۔
خاتِمَہ بِالخَیر (ع۔مذ) انجام سلامتی سے ہو۔نیک انجام۔
خاتُون (ت۔مث) بی بی۔بیوی۔بیگم۔
خادِم (ع۔مذ) خدمت کرنیوالا۔نوکر (خدام جمع)
خار (ف۔مذ) کانٹا۔
خارِ سُبت یا بُنّہ (ف۔مذ) کھیت یا باغ

باغ کے گرد کانٹوں کی باڑ۔
خارپُشت (ف۔ مذ) جنگلی چوہا۔
خاربند (ف۔ مذ) کھیت یا باغ کے گرد کانٹوں کی باڑ۔ خارپُشت۔
خاردار (ف۔ ص) کانٹے دار۔
خار گزرنا (ا) بُرا لگنا۔ کھٹکنا۔
خارا (ف۔ ص) سخت پتھر۔
خارج (ع۔ مذ) نکلا ہوا علیحدہ۔
خارج قسمت (ا۔ مث) وہ عدد جو ایک عدد کو دوسرے عدد پر تقسیم کرنے سے حاصل ہو۔ جیسے ۱۸ کو ۶ پر تقسیم کرنے سے ۳ حاصل ہوتے ہیں۔
خارجی (ع۔ مذ) (۱) بیرونی (۲) مسلمان کہلانے والا ایک فرقہ جو حضرت علیؓ کو نہیں مانتا۔
خارِش (ف۔ مث) کھُجلی۔
خازن (ع۔ مذ) خزانچی۔
خاشاک (ف۔ مذ) کوڑا کرکٹ۔
خاص (ف۔ ص) ذاتی۔ اپنا۔ صرف۔
خاص بردار (ف۔ مذ) سپاہی جو شاہی سواری کے آگے بندوقیں لے کر چلتے ہیں۔
خاص تراش (ف۔ مذ) بادشاہ یا امیروں کا نائی۔
خاص و عام (ع۔ ص) امیر، غریب چھوٹے بڑے۔
خاص نویس (ف۔ مذ) ذاتی منشی۔ پرائیویٹ سیکرٹری۔
خاصا (ا۔ ص) موزوں مناسب۔ سڈول

خاصہ (ا۔ مذ) امراء و سلاطین کا کھانا (چُننا) یا سواری کا گھوڑا۔ ایک قسم کا کپڑا۔
خاصّہ (ع۔ ص) خصلت۔ عادت۔ طبعی یا کیمیاوی خاصیت (خواص جمع)
خاصیّت (ع۔ مث) طبیعت خصلت اثر۔
خاطِر (ع۔ مذ) دل (خواطر جمع)
خاطِر (ا۔ مث) دھیان لحاظ۔ واسطے خوشی۔ آؤ بھگت۔
خاطِر جمع (ا۔ مث) تسلی۔ اطمینان۔

خاطرِ خواہ (ف) حسب منشا۔ کافی پورا پورا۔
خاطرِ داری (ف۔مث) تواضع۔ آؤ بھگت۔
خاطر میں نہ لانا (ا) پروا نہ کرنا۔ بات نہ پوچھنا۔
خاطف (ع۔ص) چندھیانے والی۔ اُچک لے جانے والی۔ جیسے برق خاطف۔
خاقان (ت۔مذ) بڑا بادشاہ چین اور ترکستان کے بادشاہوں کا لقب ہوتا تھا۔ اب عام ہے (خواقین جمع)
خاک (ف۔مث) مٹی۔ زمین۔ کچھ بھی نہیں۔
خاک اُڑانا (ا) آوارہ پھرنا۔ بدنام کرنا۔
خاک چھاننا (ا۔) تباہ ہونا۔ ذلیل ہونا۔ بہت جستجو کرنا۔
خاک میں ملنا (ا) اُجڑنا۔ خراب ہونا
خاک ہونا (ہ) کچھ نہ ہونا۔ مٹی ہونا۔
خاکروب (ف۔مذ) بھنگی۔ جھاڑو دینے والا

خاکسار (ف۔مذ) عاجز۔ بندہ۔
خاکساری (ف۔مث) عاجزی۔ غریبی۔
خاکستر (ف۔خاک۔ستر (آریائی زبانوں میں ستر بمعنی پھیلانا آتا ہے) مث) راکھ۔
خاکا (ا۔مذ) کسی چیز یا ملک کی بیرونی شکل
خاکا اُڑانا (ا) بدنام کرنا۔ مضحکہ اُڑانا۔
خاکی (ف۔ص) خاک کا مٹی کا بنا ہوا مٹی کے رنگ کا۔
خال (ع۔مذ) تل۔ سیاہ نقطہ جو چہرے پر ہوتا ہے۔
خال خال (ا) کوئی کوئی۔ اِکّا دُکّا۔
خالص (ع۔ص) صاف۔ کھرا۔
خالصہ (ع۔ص) خالص سرکاری زمین۔ سکھوں کا لقب۔ سردار۔
خالصے لگنا (ہ) ضبط ہو جانا۔ ضائع جانا۔
خالق (ع۔مذ) پیدا کرنے والا خدا۔
خالو (ا۔مذ) خالہ کا خاوند۔
خالہ (ع۔مث) ماں کی بہن

خالاجی کا گھر (ا) آسان
خالی (ع ۔ص) جس کے اندر کچھ نہو ۔
خالی (ع ۔ص) اکیلا ۔ بیکار ۔
خام (ف ۔ص) کچا ۔ ناتجربہ کار ۔
خام خیالی (ف ۔ مث) غلط خیال
وہم ۔
خام اشیاء (ف) کچی چیزیں ۔ کسی
ملک کی خام پیداوار ۔
خاموش (ف ۔ص) چپ ۔
خاموشی (ف ۔مث) چپ ۔ سکوت ۔
خامہ (ف ۔ مذ) قلم ۔
خامہ فرسائی (ف ۔مث) لکھنا ۔
خامۂ مُو (ف ۔ مذ) بالوں کا قلم ۔
خامی (ف ۔مث) کچی ۔ ناتجربہ کاری ۔
خان (ف ۔ مذ) سردار ۔ رئیس
خان بہادر ۔ عزت افزائی کے طور پر
ایک خطاب جو حکومت کی
طرف سے عموماً اہل اسلام اور
پارسیوں کو دیا جاتا ہے ۔
خانخاناں (ت ۔ مذ) سردار اعظم مغلیہ
سلطنت کے عہد میں سپہ سالار کا
لقب ہوتا تھا ۔ اب بیرم خان
اور اس کے بیٹے عبدالرحیم خاں
کے لیے مستعمل ہے ۔
خانخاناں کھانے میں بطانہ
(مثل) (بطانہ ۔ پوشیدہ چیز) منعم
خاں خان خاناں جب کسی کو کھانا
بھجواتا تو اس میں پوشیدہ طور پر
اشرفیاں رکھوا دیتا تھا ۔ چنانچہ
پوشیدہ طور پر احسان کرنے کے
موقع پر بولنے لگے ۔
خاندان (ف ۔ مذ) گھرانا ۔ قبیلہ ۔
خاندانی (ف ۔ص) شریف یا امیر گھر کا ۔
خانساماں (ف ۔ مذ) خدمتگار ۔ داروغہ
انگریزی کھانا پکانے والا ۔
خانقاہ (ع ۔ ف "خانہ گاہ" کا معرب
مث) فقیروں کے رہنے کی
جگہ ۔ مزار ۔
خانگی (ف ۔ص) گھر کا ۔ نج کا ۔
خانگی (ا ۔ مث) بازاری عورت ۔
خانم (ف ۔ مث) بیگم ۔ بیوی ۔
خانماں (ف ۔ مذ) گھر کا اسباب

خانماں خراب (ف۔ص) برباد۔ تباہ

خانوادہ {ف (= خان۔ خانہ، وادہ دنیا۔ اصل) مذ} فقیروں کا سلسلہ۔ مشائخ کا سلسلہ۔

خانہ (ف۔ ز) گھر۔ مکان۔ ڈربا۔ کابک۔ کسی جانور وغیرہ کے رہنے کا گھر۔

خانہ بدوش (ف۔ص) آوارہ جس کا کوئی خاص ٹھکانا نہ ہو۔

خانہ پُری (ف۔مث) نقشہ بھرنا کاغذی کارروائی۔

خانہ برانداز (ف۔ص) گھر بار اجاڑنے والا۔

خانہ جنگی (ف۔مث) آپس کی لڑائی جھگڑا۔

خانہ خراب (ف۔ص) تباہ و برباد رنڈوا۔ آوارہ۔

خانہ داری (ف۔مث) اہل و عیال رکھنا۔ گھر کا کام کاج۔

خانہ زاد (ف۔ص) گھر میں پیدا شدہ غلام

خانہ ساز (ف۔ص) گھر کا بنا ہوا۔ گھڑا ہوا

خانہ نشین (ف۔مذ) گھر میں بیٹھنے والا۔ بے کار۔

خاور (ف۔مذ) مشرق و مغرب۔

خاوِند {ف (= خداوند کا مخفف۔ فارسی میں بفتح واؤ مگر اردو میں بکسر واؤ مستعمل ہے) مذ} مالک۔ شوہر گھر والا۔

خائف (ع۔مذ) ڈرنے والا۔

خائن (ع۔مذ) خیانت کرنے والا۔ بد دیانت۔

(خ ۔ ب)

خَباثت (ع۔مث) پلیدی۔ شرارت۔

خُبث (ع۔مث) گندگی۔ پلیدی۔

خَبَر (ع۔مث) اطلاع۔ علم۔ پتہ۔ نشان

خَبَردار (ف۔ص) ہوشیار۔ واقف کار ہرگز۔

خبر رساں (ف۔مذ) قاصد۔ خبر پہنچانے والا۔

خبر رساں ایجنسی (ف۔ا) وہ ایجنسی یا کمپنی جو اخبارات کے لیے خبریں

مہیا

مہیا کرنے کا کاروبار کرے۔ جیسے ہندوستان میں ایسوسی ایٹیڈ پریس یا انگلستان میں رئوٹر۔

خبرگیری (ف۔ مث) خبر لینا۔ مدد کرنا۔

خبر لینا (ا) مدد کرنا۔ پوچھنا۔ مارنا۔ سزا دینا۔

خبط (ع۔ مذ) سودا۔ جنون۔

خبیث (ع۔ ص) برا۔ شرارتی۔ دکھ پہنچانے والا۔ ناپاک۔

خبیر (ع۔ مذ) خبر رکھنے والا۔ باخبر۔

(خ ۔ ت)

ختم (ع۔ مذ) اخیر۔ بس۔ قل۔ نذر نیاز۔

ختم ہونا (ا) پورا ہونا۔ تمام ہونا۔ قرآن شریف ختم ہونا۔ فاتحہ ہونا۔

ختنہ (ع) = ختن کاٹنا۔ مث۔ مسلمان بچوں کے عضو تناسل کا زائد چمڑا کاٹنے کی رسم۔

(خ ۔ ج)

خجالت (ف) (ع = خجلت۔ فارسیوں نے الف بڑھا لیا) مث۔ شرمندگی۔ ندامت۔

خجستہ (ف۔ ص) مبارک۔

خجستہ پے (ف۔ ص) مبارک قدم۔

خجل (ع۔ ص) شرمندہ۔ شرمسار۔

خجلت (ع) = خجالت۔ فارسیوں نے بسکون ج استعمال کیا ہے۔ اردو میں بھی یہی ہے۔ مث۔ خجالت۔ شرمساری۔

(خ ۔ د)

خدا (ف۔ مذ) مالک۔ آقا۔ اللہ۔

خداپرست (ف۔ ص) عابد۔ خدا کی پوجا کرنے والا۔

خداترس (ف۔ ص) خدا سے ڈرنے والا۔ رحم دل۔

خدا حافظ (ف) اللہ نگہبان۔ اللہ کے حوالے۔ اللہ بیلی۔

خدا خدا کر کے (۱) مشکل سے بدقّت۔
خدا داد (ف) خدا کی دی ہوئی۔ عطیہ۔
خدا رسیدہ (ف۔ص) خدا کو پہنچا ہوا ولی۔ نیک۔
خدا گنجے کو ناخن نہ دے۔ کسی کمینے آدمی کو کوئی اختیار نہ ملے
خدا لگتی (ع۔ مث) سچی۔ انصاف کی۔
خدا نخواستہ (ف) خدا نہ کرے۔ ایسا نہ ہو۔
خدا واسطے کی دشمنی (۱) ناحق کی دشمنی۔ مفت کا بیر۔
خداوند (ف۔ مذ) مالک۔ آقا۔
خدّام (ع۔ مذ۔ ج) (واحد خادم)۔
خدشہ (ف۔ مذ) اندیشہ۔ فکر۔ خوف۔
خدمت (ع۔ مث) نوکری۔ سیوا۔
خدمت گار (ف۔ مذ) خادم۔ نوکر۔
خدمت گزار (ف۔ مذ) بڑی خدمت کرنے والا۔
خدنگ (ف۔ مذ) تیر۔ ایک درخت کا نام ہے۔ جس سے تیر بنتے تھے اب مطلق تیر کو کہتے ہیں۔
خدیو (ف۔ مذ) خداوند مصر کے بادشاہوں کا لقب (خ پر پیش بھی درست ہے)

(خ - ر)

خر (ف۔ مذ) گدھا۔
خر دماغ (۱۔ص) بے وقوف
خر عیسیٰ (ف۔ مذ) حضرت عیسےٰ علیہ السلام کی سواری کا گدھا۔
خر مستی (ف۔ مث) گدھے کی سی مستی۔ شہوت پرستی۔
خراب (ف۔ص) برا۔ نکما۔ ویران تباہ۔
خرابات (ع۔ مث۔ ج) شرابخانہ جوئے خانہ بتخانہ (بطور واحد مستعمل) (واحد خرابہ)
خرابہ (ف۔ مذ) کھنڈر۔ ویران مکان
خرابی (ف۔ مث) بربادی۔
خراٹے لینا (۱) سوتے میں خرخر کرنا بے خبر سونا۔
خراد (ع) خرّاط لکڑی کو تراش کر برابر کرنے والا، ف، خرّاد، اردو

میں بغیر تشدید کے رائج ہے)
مذ ۲ آلہ جس سے لکڑی یا دھات
کے ٹکڑوں کو چھیلتے ہیں۔

خَرّادی (ا۔ ز) خراد کرنے والا۔

خُراش (ف۔ مث) کھجلی۔ رگڑ۔

خَراط اتارنا۔ خراد پر چڑھانا۔ درست
کرنا۔ آراستہ کرنا۔

خَراطی (ف) خرادی۔ خراد سے کام
کرنے والا۔

خَراطین (خراتین کا معرّب۔ مذ)
کیچوا۔

خُرافات (ع) (= خُرافہ۔ بے ہودہ بات
عرب میں خرافہ نامی ایک شخص تھا
پریوں کے فرضی قصّے سنانے کی
وجہ سے جھوٹ میں ضرب المثل ہوگیا
تھا) مث۔ ج ۲ (واحد خرافتہ)
بیہودہ باتیں یاوہ گوئی (بکنا)
(بطور واحد مستعمل)

خِرام (ف۔ مذ) ناز سے چلنا۔ خود نمائی۔

خراماں خراماں (۱) ناز سے مٹک کر۔
نازو انداز سے۔

خُرّانٹ (ز) (ہ = کھُرّانٹ) ص ۲
تجربہ کار۔ چالاک۔ بوڑھا۔

خَربُوزہ یا خَربُزہ (ف (خر = کلاں
بُزہ = شیریں اور خوشبودار میوہ۔
امیر خسرو نے خربوزہ باندھا ہے)
مذ ۲ مشہور پھل ہے۔

خَرچ (ع ۲ (= خرج = نکلنا) مذ ۲ لاگت
روپیہ۔

خُرد (ف۔ ص) چھوٹا۔ کم (املا بغیر واؤ
صحیح ہے)۔

خُردبین (ف۔ مث) چھوٹی چیز کو
بڑی کرکے دکھانے والا آلہ۔

خُردسال (ف۔ ص) کم عمر بچّہ۔

خِرَد (ف۔ مث) عقل۔ سمجھ۔

خِرَدمند (ف۔ مذ) عقلمند دانا۔

خُردہ (ف۔ مذ) ٹکڑا ریزہ۔ ریزگاری
تھوڑا سا عیب۔

خُردہ فروش (ف۔ مذ) بساطی۔
پرچون بیچنے والا۔

خُردہ بین (ف۔ ص) عیب جُو۔
نکتہ چین۔ خردہ گیر۔

خِرس (ف ۔ مذ) ریچھ ۔
خُرسَند (ف) (دیکھو "خورسند") ۔
خُرشید {ف (خُر = آفتاب ۔ شید بیاے مجہول = روشن) مذ} سورج ۔ آفتاب ۔ شمس (خرشید میں خُر آتا ہے اور تنہا خور تاکہ خُر بمعنی گدھا سے تمیز ہو سکے)
خُرطوم (ع ۔ مذ) ہاتھی کی سونڈ ۔ دریاے نیل کے کنارے مشہور شہر
خِرقہ (ع ۔ مذ) گدڑی ۔ فقیروں کا لباس پرانا جامہ ۔
خَرگوش (ف ۔ مذ) مشہور جانور ۔
خَرگاہ یا خَرگہ {ف (خر = کلاں، گاہ = جگہ) مث} بڑا خیمہ ۔ سلاطین اور امرا کا خیمہ ۔
خُرّم {ف (خُر ۔ سورج ۔ رم رمیدن سے صیغۂ امر یعنی سورج سے بھاگنے والا) ص} خوش ۔ سرسبز ۔
خُرما (ف ۔ مذ) کھجور ۔ چھوہارا ۔
خَرمَن {ف (خر = کلاں، آمن، تودہ) مذ} کھلیان غلّے کا ڈھیر جس سے بھوسا الگ نہ کیا گیا ہو (خر بمعنی گدھا کیونکہ اسے گدھے کی نیر پڑھتے ہیں
خَرمُہرہ {ف (خر گدھا ۔ مُہرہ ۔ کوڑی یعنی کوڑیوں کا ہار جو گدھے کی گردن میں ڈالا جاتا ہے (مجازاً) کوڑی یا خرہ = کیچڑ، مُہرہ = کوڑی) مذ} کوڑی ۔
خَروس (ف ۔ مذ) مُرغ ۔
خُروش (ف ۔ مذ) جوش ۔ شور ۔
خَرید (ف ۔ مث) مول ۔ قیمت ۔ مول لینا ۔
خَرید و فروخت (ف ۔ مث) لین دین ۔ سودا لینا دینا ۔
خَریدار (ف ۔ مذ) مول لینے والا ۔ گاہک ۔ چاہنے والا ۔
خَریطہ {ف (ع = خَریطۃ) مذ} تھیلی ۔ (ا ۔ مذ) وہ لفافہ ۔ جس میں رئیسوں یا امیروں کے نام تحفہ جائے ۔ امیروں کے نام سرکاری حکم ۔
خَریطی (ا ۔ مث) تھیلی ۔
خَریف {ع (ع = خرف میوہ چننا) مث}

ساون کی فصل - ساونی -

خ - ز

خزاں (ف - مث) وہ موسم جس میں درختوں کے پتے وغیرہ جھڑ جاتے ہیں -
خزانچی (ف - مذ) خزانہ رکھنے والا -
خزانہ (ف - مذ) روپیہ رکھنے کی جگہ - ذخیرہ (بول چال میں بہ فتح ہے)
خزف (ع - مث) ٹھیکری -
خزینہ (ف - مذ) خزانہ - مخزن -

خ - س

خس (ف - مذ) سوکھی گھاس پھوس
خس و خاشاک (ف - مذ) کوڑا کرکٹ
خسارہ (ع - مذ) نقصان - گھاٹا - ٹوٹا
خستہ (ف - ص) تھکا ہوا - ٹھنا ہوا ذلیل -
خستہ جگر (ف - ص) زخمی جگر والا -
خستہ حال (ف - ص) بدحال - غریب - نادار -
خستہ دل (ف - ص) زخمی دل والا - عاشق - پریشان - آزردہ - ناخوش
خسر (ف - مذ) بیوی کا باپ یا خاوند کا باپ - سسرا -
خسرو (ف - مذ) سیاوش بن کیکاؤس کے بیٹے کا نام جو کیانی خاندان کا بہت بڑا بادشاہ تھا (۲) پرویز بن ہرمز بن نوشیرواں کا نام جو شیریں کا عاشق تھا (۳) دہلی کے مشہور شاعر حضرت امیر خسرو کا تخلص اور نام (۴) مجازاً بادشاہ -
خسرہ (ا - مذ) گاؤں کے کھیتوں کی فہرست ایک مرض کا نام بھی ہے -
خسوف (ع - مذ) چاند گرہن -
خسیس (ع - ص) اوچھا شخص - کمینہ -

(خ - ش)

خشت (ف - مث) اینٹ -
خشخاش (ف - مذ) پوست کے دانے وزن کے پیمانوں میں چاول کا آٹھواں حصّہ (دس)

کھس کس ۔
خُشک (ف (اوستا ہشک ، فارسی قدیم اشکہ ، س سشلہ) ص) سوکھا جو گیلا نہ ہو رُوکھا بے مزہ ۔
خُشک سالی (ف ۔ مث) اکال ۔ قحط ۔
خُشکہ (ف ۔ مذ) اُبالے ہوئے چاول بھات ۔
خُشکی (ف ۔ مث) زمین ۔ گرمی سوکھاپن
خُشم (ع ۔ مذ) غصہ ۔ تیزی
خُشونت (ع ۔ مذ) سختی ۔
خشمگیں (ف ۔ ص) غصہ ور غضبناک ۔
خشمناک (ف ۔ ص) غصہ سے بھرا ہوا ۔
خُشوع (ع ۔ مذ) گڑگڑانا ۔ ایسی عاجزی جو سچائی کے ساتھ ہو اور جس میں آنکھوں اور آواز سے بھی عجز ظاہر ہو ۔ (دیکھو خضوع)

(خ - ص)

خَصائل (ع ۔ مذ ۔ ج) (واحد خصلت)
خَصلَت (ع ۔ مث) عادت ۔ طبیعت

خَصم (ع ۔ مذ) جھگڑا کرنے والا (ف مذ) دشمن ۔ مالک (مجازاً) ۔ خاوند ۔ عام طور پر خاوند کے لئے خصم بولا جاتا ہے ۔
خُصُوصاً (ع) خاص کر
خُصُوصیّت (ع ۔ مث) خاص طور پر ۔ توجہ سے
خُصُومت (ع ۔ مث) دشمنی ۔ فساد ۔

(خ - ض)

خِضاب (ع ۔ مذ) رنگ وسمہ
خِضر (ع ۔ مذ) رہبر رہنما ۔ ایک پیغمبر کا نام (نیز خضر خضرؑ)
خُضُوع (ع ۔ مذ) دل میں عاجزی و انکساری ہونا ۔ خشوع آواز اور آنکھوں سے اظہار عجز کو کہتے ہیں اور خضوع کا تعلق دل سے ہوتا ہے ۔ مگر لوگ دونوں مترادف سمجھے جاتے ہیں ۔

خ - ط

خط (ف) (ع۔ خط) مذ، لکیر۔ تحریر۔ چٹھی
(۱۔ مذ) سواد خط۔ انداز تحریر
بلحاظ اصول خوشنویسی خط کی
مندرجہ ذیل قسمیں ہیں۔
نسخ۔ نستعلیق۔ تعلیق۔ طغرا۔
غبار۔ گلزار۔ رقاع۔ محقق۔ سنبل۔
ریحان۔ توقیع۔ ثلث۔ توام
شکستہ۔ کوفی۔

خطِ استوا (ع۔ مذ) وہ فرضی خط جو
زمین کے درمیان، شرقاً غرباً
کھنچا ہوا مانا گیا ہے۔

خط بنانا (۱) حجامت بنانا۔

خط بنوانا (۱) بال منڈوانا۔ چہرہ
بنوانا۔

خطِ مستقیم (ع۔ مذ) سیدھی لکیر۔

خط و خال (ع۔ مذ) چہرے کے نقوش۔

خط و کتابت (ع۔ مث) چٹھی۔ مراسلت

خطِ وحدانی (ع۔ مذ) قوس (وہ علامت
جو چند ہندسوں کے اول و آخر
بہ ظاہر کرنے کے لئے لگائی جاتی
ہیں کہ ان پر کوئی عمل حسابی
مشترک طور پر ہونا چاہئے کبھی
کسی مضمون کی عبارت کے
دوران میں بھی استعمال کرتے
ہیں۔ ان کی یہ شکلیں ہیں :- ( )
{ } [ ] ——

خطا (ع۔ مث) تقصیر۔ غلطی۔ گناہ۔

خطاوار (ف۔ مذ) قصوروار۔ مجرم

خطاب (ع۔ مذ) کسی کے روبرو بات
کرنا۔ لقب جو بادشاہ کی طرف
سے ملے۔ روئے سخن۔

خطبہ (ع۔ مذ) حمد۔ تعریف۔ نکاح کے
وقت۔ نماز جمعہ سے پہلے یا دوگانہ
کے بعد جو وعظ کیا جائے۔ اسے
بھی خطبہ کہتے ہیں۔

خطر (ع۔ مذ) اندیشہ۔ خوف۔ ڈر۔

خطرناک (ف۔ ص) خوفناک۔

خطرہ (ع۔ مذ) خوف۔ اندیشہ۔

خطوط (ع۔ مذ) خط کی جمع۔ چٹھیاں۔ لکیریں

خطوطِ متساوی الحرارت (ع) کرہ
زمین پر وہ فرضی خطوط جو یکساں
درجۂ حرارت رکھنے والے مقامات کو

ملاتے ہیں

خِطّہ (ع۔ مذ) زمین۔ ملک۔ ٹکڑا۔
خَطیب (ع۔ مذ) خطبہ دینے والا۔ وعظ کہنے والا۔

(خ - ف)

خَفا (ا۔ ص) ناراض۔ غصے میں۔
خِفّت (ع۔ مث) ہلکاپن۔ شرم۔ ذلت۔
خُفتہ (ف۔ ص) سویا ہوا۔
خُفتہ بخت (ف ص) بدنصیب۔
خَفقان (ع۔ مذ) ایک بیماری کا نام جس میں دل زیادہ دھڑکتا ہے جنون۔ سودا۔
خَفگی (ا۔ مث) ناراضی۔ غصہ۔
خَفی (ع۔ ص) باریک۔ پوشیدہ۔
خفیف (ع۔ ص) ہلکا۔ شبک (ا ص) تھوڑا کم۔
خُفیہ (ف) پوشیدہ۔ چھپا ہوا۔
خُفیہ پولیس (ا۔ مث) پولیس کا ایک شعبہ جو درپردہ جرائم کا سراغ نکالتا ہے۔ سی۔ آئی۔ ڈی
خُفیہ روشنائی (ف) ایسی روشنائی جس سے لکھا ہوا نظر نہ آئے مگر گرم کرنے یا کوئی مسالہ لگانے سے پڑھا جائے۔
خُفیہ نویس (ف۔ مذ) جاسوس۔

(خ - ل)

خَلا (ع۔ مذ) خالی جگہ۔ وہ جگہ جہاں ہوا نہ ہو۔ پاخانہ
خُلاصہ (ع) مختصر۔ نچوڑ۔
خَلاصی (ف۔ مث) نجات۔ رہائی۔ چھٹکارا (ا۔ مذ) توپخانے۔ ریل یا جہاز پر کام کرنے والے مزدور۔
خلاف (ع۔ مذ) برعکس۔ ناموافق۔ مخالفت۔ جھوٹ۔ الٹا۔
خلاف بیانی (ا۔ مث) ناموافق بیان۔
خلافِ عقل (ع۔ ص) عقل کے خلاف
خلاف مصلحت (ع۔ ص) بہتری کے خلاف۔
خلافِ وضع (ع۔ ص) رواج اور دستور کے خلاف۔

خِلَافت (ع۔ مث) جانشینی۔ نیابت خلیفے کا عہدہ۔

خَلَائِق (ع۔ مث۔ ج) (واحد خَلق) مخلوق۔ پیدائش۔ مخلوقات۔ چیزیں۔

خُلّت (ع۔ مث) محبت۔ دوستی۔ پیار میل ملاپ۔

خَلجان (ع۔ مذ) تردد۔ پریشانی۔

خُلد (ع۔ مث) بہشت۔ باغ۔ جنت۔ آرام سے رہنے کی جگہ۔

خُلد آشیان (ف۔ ص) بہشتی۔ مرحوم۔

خُلدِ بَرِیں (ف۔ مث) اونچے درجے کا بہشت۔

خَلِش (ف۔ مث) چبھن۔ رنجش۔

خِلط (ع۔ مث) صفرا۔ سودا۔ خون بلغم میں سے ہر ایک کو خلط کہتے ہیں۔

خَلط مَلط (ع۔ ص) خلط۔ ملانا۔ ملط۔ مٹی کی دیوار بنانا۔ ملا جلا گھلا ملا۔ گڈ مڈ۔

خُلع (ع۔ مذ) عورت کا بعوض مہر وغیرہ خاوند سے علیحدگی حاصل کرنا۔

خِلعَت (ع۔ مذ) لباس۔ جوڑا۔ کپڑا جو انعام میں بادشاہوں یا امراء کی طرف سے دیا جائے۔ وہ نشان جو استاد خوش خطی کی اصلاح دیتے وقت باقاعدہ حرف پر بنا دیتے ہیں۔ شاہی زمانے میں ولی عہد کو مندرجہ ذیل ۲۱ پارچات کا خلعت دیا جاتا تھا۔

(۱) شملہ (۲) چپکن (۳) لبادہ (۴) ٹپکا (۵) رومال (۶) دوشالہ۔ (۷) فانس نقرہ (۸) فیل مع عماری (۹) قلمدان نقرئی یا مینائی (۱۰) شمشیر (۱۱) مہر سلطانی (۱۲) جیغہ (۱۳) کلغی (۱۴) سرپیچ (۱۵) مندیل یا تاج (۱۶) گھوڑا مع ساز اور زیور (۱۷) ہوادار یا تام دان یا پوجا یا سکھ پال (نقرئی یا گنگا جمنی) (۱۸) پیش قبض (۱۹) قرولی (۲۰) ڈھال (۲۱) جڑاؤ ہار

وزیر کو ۱۱ پارچہ کا خلعت دیا جاتا تھا۔ جس میں اشیاء متذکرہ نمبر ۱ سے ۱۱ تک ہوتی تھیں۔

نائب کو پارچہ کا خلعت دیا
جاتا تھا جس میں اشیا نمبر ۱ تا
۱۰ و نمبر ۱۵ ہوتی تھیں ۔
سات پارچات کے خلعت میں
اشیا نمبر ۱ تا ۶ ۔ اور قلمدان نقرہ
مع ساز ہوتا تھا ۔
پانچ پارچے کا خلعت شملہ جیکن
ٹیکا ۔ رومال اور دو شالے پر
مشتمل ہوتا تھا ۔
بعض عزیزوں، وزیروں اور
راجاؤں کو توپ بھی عطا ہوتی تھی
اور ان کو سلامی کے فیر کی اجازت
بھی ملتی تھی ۔ بعض کو نستری نفیریاں
بھی ملتی تھیں ۔ ان کے ہاں نوبت
اور روشن چوکی بجتی تھی ۔
(نور اللغات) (اخلاع جمع)

خَلَفْ (ع ۔ مذ) بیٹا ۔ نیک فرزند ۔

خُلْق (ع ۔ مذ) سلوک ۔ برتاؤ ۔ عادت ۔

خَلْق (ع ۔ مث) پیدائش ۔ دنیا کے لوگ (خلائق جمع)

خِلْقَت (ع ۔ مث) پیدائش ۔ طبیعت ۔

خَلْقَت (ع ۔ مث) لوگ ۔ مخلوق ۔ خلق

خَلَل (ع ۔ مذ) سوراخ ۔ رخنہ ۔ فتور ۔ نقصان ۔ خرابی

خَلَل ڈالنا (ا) خرابی پیدا کرنا ۔ رخنہ ڈالنا ۔

خَلْوَت (ع ۔ مث) علیحدگی ۔ تنہائی ۔

خَلْوَت گاہ (ف ۔ مث) علیحدگی کی جگہ جہاں کوئی اور نہ آسکے ۔

خُلُوص (ع ۔ مذ) صفائی ۔ سچائی ۔ سچی محبت ۔

خَلِیتائی (ع = خریطہ = تھیلی) (مذ) تھیلی ۔ لمبا کرتہ ۔

خَلِیطہ (ع = خریطہ) مذ ۔ تھیلا ۔ تھیلی ۔

خَلِیج (ع ۔ مث) پانی کا وہ قطعہ جو دور تک خشکی کے اندر کاٹتا ہوا چلا جائے ۔

خَلِیفہ (ع ۔ مذ) بادشاہ کا ولی عہد ۔ قائمقام ۔ رسول کا جانشین (خلفا جمع)

خَلِیق (ع ۔ ص) خُلق والا ۔ ملنسار

خَلِیل (ع ۔ مذ) حضرت ابراہیم کا لقب ۔

سچا دوست ۔

(خ - م)

خَم (ف ۔ مذ) ٹیڑھا پن ۔ جھکاؤ ۔
خَم ٹھوکنا (۱) مقابلے کی آمادگی ظاہر کرنا ۔
خَم دار (ف ۔ ص) ٹیڑھا ۔ ترچھا ۔
خُم (ف ۔ مذ) شراب کا مٹکا ۔
خُم خانہ یا خُمکدہ (ف ۔ مذ) شراب خانہ ۔
خُمار (ع ۔ مذ) نشہ ۔ مستی ۔
خُمار آلودہ (ف ۔ ص) مست ۔
خُمس (ع ۔ ص) پانچ ۔
خُمس یا خُمُس (ع) پانچواں حصّہ ۔
خَمسہ (ع ۔ ص) پانچ ۔ پانچ مصرعوں والی نظم وغیرہ ۔
خُمول (ع ۔ مذ) گمنامی ۔
خَمیازہ (ف ۔ مذ) بدلہ ۔ بُرے کام کا انجام ۔ انگڑائی ۔
خَمیازہ اُٹھانا } سزا بھگتنا
خَمیازہ بھگتنا }
خَمیدہ (ف ۔ ص) جھکا ہوا
خَمیر (ع ۔ مذ) جوش ۔ طبیعت ۔ فطرت
خَمیر اُٹھانا (۱) آٹا گوندھ کر رکھ دینا کہ بڑا پڑا ترش ہو جائے ۔

(خ - ن)

خَنازیر (ع ۔ مذ ۔ ج) (واحد خنزیر) ایک مرض جس میں گردن پر پھوڑے پھنسیاں نکلتی ہیں (واحد مستعمل)
خَنّاس (ع ۔ مذ) شیطان ۔ وسوسے ڈالنے والا جن یا انسان ۔
خُناق (ع ۔ مذ) خُنّاک کا مُعرّب گلے کی ایک بیماری کا نام ۔ جس میں حلق بند ہو جاتا ہے ۔
خَنجَر (ف ۔ مذ) چھوٹی تلوار ۔ کٹار ۔
خَندَق { ع (فارسی کندہ کا معرّب) مث } کھائی ۔ گڑھا ۔
خَندہ پیشانی (ف ۔ ص) ہنس مکھ ۔
خَندہ رُو (ف ۔ ص) ہنس مکھ
خَندہ زَن (ف ۔ ص) ہنسنے والا ۔
خِنزِیر (ع ۔ مذ) سؤر ۔ خوک (خنازیر ج)
خُنُک (ف ۔ ص) ٹھنڈا ۔ تازہ ۔
خُنکی (ف ۔ مث) ٹھنڈک ۔ سردی ۔

۱ اُٹھانا

خُنیا (ف ۔ مذ) راگ ۔ نغمہ (ہ مث) ڈومنی ۔
خُنیاگر (ف ۔ مذ) مطرب ۔ گویّا ۔

(خ ۔ و)

خُو (ف ۔ مث) عادت ۔ خصلت ۔
خُوگر (ف ۔ ص) عادی ۔
خَواب (ف ۔ مذ ۔ بروزن باب) نیند سپنا ۔ وہم ۔ گمان ۔
خَوابِ آلود (ف ۔ ص) نیند سے بھرا ہوا ۔
خَوابِ خرگوش (ف ۔ ص) غفلت کی نیند ۔ بے پرواہی ۔
خَوابِ غفلت (ف ۔ ص) بے خبری ۔
خَوابْ گاہ (ف ۔ مث) سونے کی جگہ ۔
خَوابْ وخیال (ف ۔ مذ) سپنا ۔ محض خیال ۔
خَواجہ (ف ۔ مذ) سردار ۔ مالک ۔ مخنث
خَواجہ تاش (ف ۔ مذ) ایک ہی آقا کے ملازموں میں سے ہر ایک خواجہ تاش کہلاتا ہے ۔

خَواجہ سرا (ف ۔ مذ) شاہی محلات کا داروغہ جو عموماً ہجڑا ہوتا ہے ۔
خَوارِی (ف ۔ مث) رسوائی ۔ ذلت
خَوَاص (ہ ۔ مذ ۔ ج) خاصیتیں ۔ معزز آدمی ۔ ممتاز نوکر ۔ ہم صحبت ۔ (۲ ۔ مث واحد) امیر کی لونڈی ۔
خَوان (ف ۔ بروزن نان) مذ } سینی ۔ دسترخوان ۔
خَوان پوش (ف ۔ مذ) خوانچہ ڈھانکنے کا کپڑا ۔
خَوانچہ (ف ۔ مذ) پھیری والوں کی بکی ہوئی چیزوں کا تھال ۔
خَوانْدگی (ف ۔ مث) پڑھنا ۔ پڑھائی ۔ پارلیمنٹ یا مجلس وضع قوانین میں کسی مسودہ قانون پر بحث ۔
خَوانِ یغما (ف ۔ مذ) عام ۔ لنگر ۔
خَواہ (بروزن راہ) (ف) چاہے کوئی سا
خَواہاں (ف) چاہنے والا ۔ قدردان
خَواہ مخواہ (ف) یونہی ۔ زبردستی
خَواہر (ف ۔ مث) بہن ۔
خَواہش (ف ۔ مث) آرزو ۔ طلب ۔ چاہ ۔

خواہشمند (ف۔ ذ) آرزومند۔ چاہنے والا۔
خوب (ف) اچھا۔ عمدہ۔ نفیس۔
خوبصورت (ف۔ ص) حسین شکیل
خو بو (ف۔ مث) عادت۔ خصلت۔
خوب رو (ف۔ ص) خوبصورت۔
خوبی (ف۔ مث) اچھائی۔
خود (ف۔ مذ) لوہے کی ٹوپی جو لڑائی کے وقت پہنتے تھے۔
خود (ف) آپ۔
خود بخود (ف) اپنے آپ۔
خود بینی (ف۔ مث) غرور۔ گھمنڈ۔
خود پرستی (ف۔ مث) تکبر۔ فخر۔
خود پسند (ف۔ ص) مغرور۔ متکبر۔
خود رو (ف۔ ص) جو کسی کی نہ مانے سرکش اپنے آپ اُگنے والا پودا
خود ستائی (ف۔ مث) اپنی تعریف کرنا۔
خود سر (ف۔ ص) سرکش۔ ضدی۔ کسی کی نہ ماننے والا۔
خود غرض (ف۔ ص) مطلبی۔
خود کشی (ف۔ مث) اپنے آپ کو ہلاک کرنا۔
خود مختار (ف۔ مذ) سرکش۔ آزاد۔
خود نویس (ف۔ ذ) وہ قلم جس میں ایک بار روشنائی بھر لیں تو وہ کئی گھنٹے تک کام دے سکے۔ فائونٹن پن
خودی (ف۔ مث) تکبر۔ غرور۔
خوراک (ف۔ مث) خور۔ کھانے کی چیز آک کلمہ نسبت۔ کھانا۔ غذا
خوردنی (ف۔ مث) کھانے کی چیز۔
خورد برد (ف) غبن۔ اُڑا لینا۔
خورسند (ف۔ ص) خوش۔ راضی (صحیح الاخرسند ہے)
خورش (ف۔ مث) خوراک۔
خورشید (ف۔ مذ) خُرشید۔ سورج۔ آفتاب
خورش (ف۔ ص) اچھا۔ راضی۔ تروتازہ
خور و نوش (ف۔ مذ) کھانا پینا۔ دانہ پانی (خوردا لخ غلط ہے)
خوش الحان (ف۔ ص) اچھے گلو والا۔ سریلا۔
خوش باش (ف۔ ص) زندہ دل۔

ہنسی خوشی زندگی گزارنے والا۔
خُوش بُو (ف۔مث) اچھی بو۔ مہک۔
خُوش بَیان (ف۔ص) اچھی تقریر کرنے والا۔
خُوش پوش] (ف۔ص) اچھا
خُوش پوشاک] لباس پہننے والا۔
خُوشخبری (ف۔مث) خوشی کی خبر۔
خُوش خُلق (ف۔ص) صاحب اخلاق۔ با مروّت۔
خُوش خوراک (ف۔ص) اچھی خوراک کھانے والا۔
خُوش دَامَن (ف۔مث) ساس۔
خُوش ذائقہ (ف۔ص) لذیذ۔
خُوش طَبع (ف۔ص) ظریف۔ زندہ دل۔
خُوش نَصِیب (ف۔ص) اچھی قسمت والا۔
خُوش نُما (ف۔ص) خوبصورت۔ عمدہ
خُوش نویس (ف۔مذ) خوشخط کاتب۔ خطاط
خُوشامَد (ف۔مث) چاپلوسی۔

خُوشنُودِی (ف۔مث) خوشی۔ رضامندی
خُوشَہ (ف۔مذ) گُچھا۔ اناج کی بالی۔
خُوشی (ف۔مث) سرور۔ شادمانی۔
خوض (ع۔مذ) فکر۔ سوچ۔ غور کرنا۔
خَوف (ع۔مذ) ڈر۔ اندیشہ۔ ایسا غم جو کسی ناخوش آیند بات کی توقع سے پیدا ہو۔
حُزن۔ کسی ایسی ناگوار بات کا غم جو پیش آچکی ہو۔
خَوف زَدہ (ف۔ص) ڈرا ہوا۔
خَوفناک (ف۔ص) ڈراؤنا۔ خطرناک
خُوک (ف۔مذ) سؤر۔ خنزیر۔
خول (ا۔مذ) اوپر کا غلاف (چڑھانا)
خُون (ف۔مذ) لہو۔ قتل۔
خُون آلُودہ (ف۔ص) لہو سے بھرا ہوا
خوں بہا (ف۔مذ) مقتول کے وارثوں کو جو نقدی خون کے عوض قاتل کی طرف سے دی جائے۔
خُونخوَار (ف۔ص) سفاک۔ ظالم۔
خُونریزی (ف۔مث) قتل کرنا۔ ظلم کرنا
خون سوار ہونا (ہ) کسی کا کسی

کے مارنے اور قتل کرنے پر
آمادہ ہونا۔
خویش (ف) خود۔ آپ۔ اپنا۔ رشتہ دار

(خ - ی)

خیاباں (ف۔مث) کیاری پھلواری
خیاط (ع۔مذ) درزی۔
خیال (ع۔مذ) گمان۔ دھیان۔ توجہ
سوچ۔ ارادہ
خیال باطل (ع۔ص) غلط۔ گمان وہم
خیالِ خام (ف۔مذ) کچا خیال۔ ایسا
خیال جو پورا نہ ہو سکے۔
خیالات (ع۔مذ۔ج) (واحد خیال)
خیالی پلاؤ پکانا (ا) ایسی باتیں سوچنا
جن کا ہونا ممکن نہ ہو۔
خیانت (ع۔مث) بد دیانتی۔ دغا۔
خیر (ع۔مث) نیکی۔ برکت۔
خیر اندیش (ف۔مذ) خیر خواہ بھلائی
چاہنے والا۔
خیر باد (ف۔مذ) رخصت۔ خدا حافظ۔
خیر خواہ (ف۔مذ) بہی خواہ۔
خیر محض (ع۔مث) نیکی ہی نیکی۔
خیر مقدم (ع۔مذ) خوش آمدید)
خیر منانا (ا) بھلائی چاہنا۔
خیر و عافیت (ع۔مث) خیریت۔
خیرات (ع۔مث۔ج) بھلائیاں۔
صدقہ۔ دان (واحد مستعمل)
خیرگی (ف۔مث) چکا چوند
خیرہ (ف۔ص) تاریک۔ بیباک۔ چندھیایا ہوا
خیریت (ع (ع خیریّت) مث) سلامتی
تندرستی۔
خیمہ (ع۔مذ) تنبو۔ ڈیرہ (خیام جمع)
خیمہ دوز (ف۔مذ) تنبو سینے والا۔
خیمہ گاہ (ف۔مث) لشکر گاہ۔

د

(د — ا)

دانبا (ہ) ہاتھ سے جسم دبانا۔ دفن کرنا
داتا (ہ۔ مذ) سخی۔ دینے والا
داخل (ع۔ ص) اندر آنیوالا۔ شامل
داخل دفتر کرنا (۱) بغیر کارروائی کاغذ رکھ دینا۔ کسی بات کو دبا دینا
داخل کرنا (۱) جمع کرنا۔ درج کرنا
داخلہ (ع۔ مذ) داخل کرنے کی فیس۔ بندراج۔ کسی جگہ داخل ہونا
داد (ف۔ مث) تحسین۔ عدل و انصاف فریاد۔ انعام۔ عطا
دادخواہ (ف۔) فریادی۔ طالب۔ انصاف
دادودہش (ف۔ مث) سخاوت دان۔ پُن

دادد ینا (۱) انصاف کرنا۔ آفریں کہنا قدر کرنا
دادرسی (ف۔ مث) انصاف
دادوستد (ف۔ مث) لین۔ دین
دادنہ فریاد (ا۔ مث) ظلم۔ بے انصافی
دار (ف۔ مذ) سولی۔ پھانسی
دار پر چڑھانا (۱) پھانسی دینا۔ سولی پر چڑھانا
دار (ع۔ مذ) گھر۔ حویلی
دارُالاُمرا (ع۔ مذ) امیروں کی کمیٹی۔ خاص لوگوں کی مجلس انگلستان کی پارلیمنٹ کا دیوان جسمیں طبقہ امرا کے خاندان سے شامل ہوتے ہیں۔ ہوس آف لارڈز House of Lords
دارُالاَمن (ع۔ مذ) امن کا گھر۔ وہ ملک جہاں ہر طرح کا امن ہو

دَارُالبَقا (ع۔ مذ) ہمیشہ رہنے کا گھر دوسرا جہان۔ بہشت

دَارُالتَّجرِبہ (ع۔ مذ) وہ جگہ یا مکان جہاں تجربہ کیا جائے

دَارُالحَرب (ع۔ مذ) لڑائی کا گھر۔ وہ ملک جو مسلمانوں سے برسرِ جنگ ہو۔

دَارُالخِلَافہ (ع۔ مذ) خلیفۂ اسلام کا صدر مقام

دَارُالسَّلطَنَت (ع۔ مذ) صدر مقام۔ راجدھانی

دَارُالشِّفَاء (ع۔ مذ) شفاخانہ۔ ہسپتال

دَارُالضَّرب (ع۔ مذ) ٹکسال

دَارُالقَرار (ع۔ مذ) ہمیشہ ٹھیرنے کی جگہ۔ بہشت

دَارُالعُلُوم (ع۔ مذ) کالج

دَارُالعَوام (ع۔ مذ) عام لوگوں کی کمیٹی انگلستان کی پارلیمنٹ کا وہ ایوان جسمیں عوام کے نمائندے شریک ہوتے ہیں ہاؤس آف کامنز HOUSE OF COMMONS

دَارُالمِحَن (ع۔ مذ) تکلیف اور محنت کی جگہ۔

دارا (ف۔ مذ) رکھنے والا۔ ایران کے ایک مشہور بادشاہ کا نام جسے سکندرِ اعظم نے شکست دی تھی

دارُو (ف۔ مث) دوا۔ بارود

دارو (ا۔ مث) شراب

داروغہ (ف۔ مذ) محافظ۔ منتظم۔ تھانیدار

دارومدار (ف۔ مذ) انحصار

داس (ہ۔ مذ) نوکر۔ خادم

داستان (ف۔ مث) کہانی۔ قصّہ

داستان گو (ف۔ مذ) پیشہ ور۔ قصّہ سنانے والا۔

داشتہ (ف۔ مث) رکھی ہوئی چیز بغیر نکاح گھر میں ڈالی ہوئی عورت

داعی (ع۔ مذ) بلانے والا۔ دعوت دینے والا۔

داعیہ (ع۔ مذ) دعوے۔ ارادہ۔

داغ (ف۔ مذ) دھبا۔ نشان۔ عیب رنج۔ صدمہ

داغ بیل (ف۔ مث) عمارت یا سڑک

وغیرہ کے ابتدائی نشان بتدا
داغ جگر (ف۔مذ) جگر کا زخم۔ سخت صدمہ
داغدار (ف۔ص) دھبے والی شے
عیب دار
داغ دینا (و۔مذ) آگ لگانا زخم کو
جلانا۔ نقصان دینا
داغ لگانا (ا) عیب لگانا۔ جلانا
داغنا (و) گرم لوہے سے نشان
ڈالنا۔ توپ یا بندوق چھوڑنا
داغی (ا۔ص) سزا یافتہ۔ عیب دار
دافع (ع۔ص) دفع کرنے والا۔ دور
کرنے والا
دال (ع۔ص) دلالت کرنے والی ثابت
کرنے والی
دال (ہ۔مث) دلے ہوئے چنے۔ یا
ماش۔ مونگ وغیرہ
دال بندھنا (د) چیچک کے دانوں
پر کھرند بندھنا
دال دلیا (ہ) غریبوں کا کھانا
دال گلنا (ہ) کامیاب ہونا
دال میں کچھ کالا یا **کالا کالا ہے**

(ہ) کسی کی طرف سے کچھ شبہ گزرنا
بد ظنی ہونا
دالان (ا۔مذ) کھلے دروں والا کمرہ
دام (ف۔مذ) قیمت۔ مول۔ پھندا
دام چکانا (ا) قیمت طے ہونا
دام میں لانا (۲) فریب میں لانا۔
پھنسانا
داماد (ف۔مذ) بیٹی کا خاوند
دامان (ف۔مذ) دامن۔ آخر کنارا
دامن (ف۔مذ) آنچل۔ کنارہ۔ پہاڑ
کے نیچے کی زمین
دامن پھیلانا (ا) دعا مانگنا۔ بھیک مانگنا
گود پھیلانا
دامن جھاڑ کر اٹھنا (ا) تعلقات سے
آزاد ہونا
دامن چھڑانا (ا) پیچھا چھڑانا
دامن شب (ف۔مذ) رات کا آخری حصہ
دامن کوہ (ف۔مذ) پہاڑ کے ساتھ والی
زمین۔ تلہٹی
دامن گیر (ف۔مذ) دامن پکڑنے والا۔
دادخواہ۔ پیچھے پڑ جانے والا

دامن گیر ہونا (ہ) پیچھا کرنا ۔ تنگ کرنا

دان (ہ۔ مذ) خیرات بخشش

دان (ب۔ مذ) رکھنے کی چیز۔ جیسے قلمدان وغیرہ

دان پُن (ہ۔ مذ) خیرات

دانا (ف ص) جاننے والا۔ سیانا ہوشیار

دانا بینا (ف۔ مذ) جاننے والا بنیاد دیکھنے والا تجربہ کار۔ سیانہ

دانائی (ف۔ مث) فہم و فراست عقلمندی

دانایاں (ب۔ مذ ج) دانا لوگ عقلمند لوگ

دانایانِ فرنگ ۔ یورپ کے عقلمند لوگ

دانت (ہ۔ مذ) دندان۔ دندانہ خواہش

دانت بجنا (ہ) سخت سردی کے باعث دانتوں کا ٹکرانا

دانت پیسنا (ہ) نہایت غصے میں ہونا

دانت رکھنا (ہ) ارادہ رکھنا نیت رکھنا

دانتا کلکل (ہ) جھگڑے کی باتیں۔ آئے دن کی لڑائی

دانت کھٹے کرنا (ہ) عاجز کر دینا ہرا دینا

دانت نہ لگانا (ہ) چبائے بغیر ثابت نگل جانا

دانت نکال دینے (ہ) شرمندگی سے ہنس دیئے۔ لاجواب ہوگئے

دانتوں سے ہاتھ کاٹنا (ہ) بہت افسوس کرنا

دانتوں میں انگلی دبانا (ہ) حیران ہونا۔ افسوس کرنا

دانِشت (ف مث) سمجھ۔ دانش دانسیت

دانستہ (ف) جان بوجھ کر

دانش (ف مث) عقل۔ دانائی

دانشمند (ف۔ مذ) دانا

دانشمندی (ف۔ مث) دانائی

دانگ (ف۔ مث) اطراف جہت۔ سمت

دانہ (ف مذ) غلہ تخم۔ بیج

دانہ پانی (ا۔ مذ) اَن جل۔ قسمت
دانہ پانی اٹھنا (ہ) سفر کرنا۔ مرجانا
دانہ دار (ف۔ ص) دانوں والا
دانہ بدلی کرنا (ہ) جانوروں کا اپنے بچوں کو چگا دینا
داؤد (ع۔ مذ) ایک مشہور پیغمبر کا نام ہے جن کی آواز بہت میٹھی تھی آپ کے بیٹے حضرت سلیمان تھے
داؤدی (ع۔ ص) داؤد والا۔ ایک قسم کا پھول
داؤں (ہ۔ مذ) گھات۔ موقع۔ چال
داؤں پیچ (ہ۔ مذ) ڈھنگ۔ مکر و فریب میں آنا
داؤں میں آنا (ہ) قابو میں آنا فریب میں آنا
داہنا (ہ) سیدھا۔ داہنی طرف والا
دائی (ا۔ مث) دایہ۔ دودھ پلانے والی
دائر (ع۔ ص) پھرنے والا
دائر کرنا (ا) پیش کرنا۔ چلانا

دائرہ (ع۔ ہ) چکر۔ دور۔ گولائی دوائر جمع
دائم (ع۔ ص) ہمیشہ۔ سدا
دائم المرض (ع۔ ص) ہمیشہ بیمار رہنے والا دوائم المریض غلط ہے
دائمی نگینی (ا۔ مث) کی وہ نگینی جو جوش دینے سے بھی دور نہ ہو
دائمی (ع۔ ص) ہمیشہ کا۔ مستقل
دائیں بائیں (ہ) دائیں بائیں۔ ادھر ادھر۔ چپ و راست
دایہ (ف۔ مث) بچے کو پالنے والی۔ دائی

(د ۔ ب)

دَبّاغ (ع) چمڑا رنگنے والا
دبانا (ہ) گاڑنا۔ دفن کرنا۔ زبردستی قبضہ کرنا۔ زور ڈالنا
دباؤ (ا۔ مذ) بوجھ۔ زور۔ رعب
دباؤ ڈالنا (ا) زور ڈالنا۔ مجبور کرنا
دبدبہ (ع۔ مذ) رعب۔ داب۔ شان و شوکت
دُبُر (ع۔ مث) مقعد۔ پشت

دَبستان (ف۔مذ) مدرسہ۔مکتب
ادبستان
دَبکانا (ہ) دھمکانا۔ڈرانا
دُبّہ (ہ۔مذ) کپّا۔چرمی ظرف (متروک)
دُبّہ گر (ہ مذ) کپّا بنانے والا
دُبلا (ہ۔ص) کمزور۔لاغر۔تپلا۔ہلکا
پھلکا
دبنا (ہ) بوجھ تلے آنا۔مغلوب ہونا
شرمانا
دبنگ (ہ۔مذ) موٹا تازہ۔مسٹنڈا
دبوچنا (ہ) قابو میں کرنا۔بھینچنا
دبے پاؤں (ہ) چپکے چپکے۔آہستہ
آہستہ
دبیر (ف۔مذ) منشی
دبیر فلک (ف مذ) عطارد۔بدھ
دبی زبان سے کہنا (ہ) آہستہ
سے کہنا
دَبَیل (ہ۔مذ) زبردست دینے والا
دبیز (ف۔ص) موٹا۔گاڑھا۔

(دث۔دج۔دچ۔دخ)

دُتکار (ہ۔مث) ملامت۔دھتکار
دَجّال (ع۔مذ) بڑا فریبی۔ایک بہت مکار
اور چھوٹا آدمی جو قیامت کے
قریب پیدا ہوگا
دَجاجہ (ع۔مث) مرغی
دَچھنا (ہ۔مث) انذر۔بھینٹ۔عطیہ
دُخان (ع۔مذ) دھواں
دُخانی (ع۔ص) بھاپ سے چلنے والا
دُخت (ف۔مث) بیٹی
دُختر (ف۔مث) بیٹی
دُختر کشی (ف۔مث) بیٹیوں کو قتل
کرنا
دُختر رز (ف) انگور کی بیٹی (مجازاً)
شراب۔انگور کی شراب
دُختندر (ف۔مث) سوتیلی لڑکی
دَخل (ع۔مذ) آمد۔داخلہ۔تعلق
دخل پانا (ا) قبضہ پانا
دخل در معقولات (ف) کسی کی بات
میں خواہ مخواہ بولنا
دخل دینا (ا) بیچ میں بولنا۔دست
اندازی کرنا

دَخل یابی (ف۔مث) قبضہ پانا
دُخُول (ع۔مذ) اندر گھسنا۔ داخل کرنا
دَخِیل (ع۔ص) داخل ہونے والا یعنی وہ الفاظ جو غیر زبانوں سے عربی میں آئے ہوں

(د۔د۔ر)

دَد (ف۔مذ) پھاڑنے والا جانور۔ درندہ جیسے شیر بھیڑیا وغیرہ
دَدا (ا۔مث) دایہ۔ کھلائی
دُرّ (ف۔مذ) موتی (دُرَر جمع)
دُرِّ افشانی (ف۔مث) موتی بکھیرنا خوش کلامی
دُرِّ شاہوار (ف۔مذ) موتی جو بادشاہ کے لائق ہوں۔ بہت قیمتی اور بڑا موتی
دُرِّ نجف (ف۔مذ) بلّور کی مانند ایک پتھر کا نام جس میں کچھ سیاہ بال معلوم ہوتے ہیں جن کو حضرت علیؓ کی طرف منسوب کرتے ہیں بشریف صحیح النسل
دُرِّ ناسُفتہ (ف۔مذ) (۱) بن چھیدا موتی (۲) (ص) دوشیزہ۔ کنواری
دُرِّ یکتا (ف) قیمتی موتی
دَر (ف حرف جار) میں۔ اندر۔ بیچ
درکار (ف) مطلوب۔ جس کی ضرورت پڑتی ہو
درکنار (ف) بغل میں۔ ایک طرف علیحدہ
دَر (ہ۔مث) نرخ۔ قیمت۔ بھاؤ۔
دَر (ف۔مذ) دروازہ
دَربدر (ف) آوارہ۔ ہر در پر
درّاج (ع۔مذ) تیتر
دَرار (ہ۔مث) شگاف
دراز (ف۔ص) لمبا ڈبل میز کا خانہ
دراز قد (ف۔ص) لمبے قد کا آدمی طویل القامت
دَرآمد بَرآمد (ف) ملک اندر آنے اور ملک سے باہر جانے والی تجارتی چیزیں
دَرانتی (ہ۔مث) گھاس وغیرہ کاٹنے کا اوزار

کا ادوار

دُرّانی (ف ۔ص) پٹھانوں کے ایک قبیلے کا نام ۔ احمد شاہ دُرّانی اسی قبیلے سے تھا

دَرباب (ف ۔مذ) بابت ۔ نسبت

دربار (ف ۔مذ) درگاہ ۔ کچہری

دَربارِ خاص (ف ۔مذ) خاص لوگوں کا اجلاس

دَربارِ عام (ف ۔مذ) عام مجلس ۔ عام عدالت ۔ ایسا دربار جس میں سب لوگ شامل ہو سکیں

دَرباری (ف ۔مذ) مصاحب ۔ حضوری

دربان (ف ۔مذ) دروازے پر کھڑا رہنے والا چوکیدار ۔ محافظ

دَربندی (ف ۔مث) نرخنامہ ۔ تلاشی کیلئے مکان بند کرنا

دَرپردہ (ف ۔ص) اندر ہی اندر پوشیدہ طور پر

دَرپے (ف) پیچھے ۔ لاگو

درپے ہونا (م) پیچھے پڑنا ۔ ستانے کا خیال رکھنا

درپیش (ف) سامنے

درج کرنا (ہ) رکھنا ۔ داخل کرنا

درجن (ہ ۔مث) بارہ چیزوں کا مجموعہ بارہ عدد

دَرَجَہ (ع دَرَجَہ مذ) رتبہ ۔ عہدہ جماعت ۔ کسی قسم کی پیمائش کردہ حصوں میں سے ایک حصہ

دَرَجۂ حَرَارَت (ف ۔مذ) گرمی کی معینہ مقدار ظاہر کرنے کے لئے پیمائش کا ایک حصہ

درجۂ اِحتراق (ف ۔مذ) حرارت کا وہ درجہ جس پر پہونچکر کوئی چیز جل جائے

دَرَجۂ اِشتعال (ف ۔مذ) وہ درجۂ حرارت جس پر پہنچکر کوئی چیز بھڑک اٹھے ۔ یا شعلہ قبول کر لے

دَرَجَہ بَدَرَجَہ (ہ ۔مذ) آہستہ ۔ آہستہ

دَرَجَہ وَار (ہ ۔مذ) جس پر درجے لگے ہوئے ہوں

دَرَجَہ دار سلنڈر (ہ ۔مذ) شیشے کا ایک

ایک سلنڈر جس پر درجے
لگے ہوتے ہیں اور جو مائعات
کے ناپنے کے کام آتا ہے
دَرَجہ دار (ف) سلسلہ دار۔ مرتبے
کے مطابق
دُرج (ع۔مث) ڈبیہ
درحقیقت (ف) اصل میں۔ بیشک
دَرَخت (ف۔مذ) پیڑ۔ شجر
دَرَخشاں (ف۔ص) چمکنے والا۔ چمکیلا
دَرخور (ف۔ص) لائق۔ سزاوار
دَرخواست (ف۔مث) التماس۔ عرض
گزارش۔ خواہش
دَرد (ف۔مذ) دکھ۔ تکلیف۔ رحم۔ ترس
درد آمیز (ف۔ص) پرسوز۔ مؤثر
درد آنا (۲) رحم آنا۔ ترس آنا
درد انگیز (ف۔ص) درد پیدا کرنے
والی
دردِ دل (ف۔مذ) رنج و غم۔ دلی رنج
دردِزہ (ف۔مذ) بچہ جننے کا درد
دردا (ف۔مذ) ہائے۔ افسوس
دَردِسَر (ف۔مذ) سر کا درد۔ جھنجٹ
تکلیف
دردِ سر مول لینا (۲) تکلیف میں پڑنا
دردِ سری کرنا (۲۔مذ) مغز کھپانا
دَرْدمند (ف۔ص) غم میں شریک
ہونیوالا۔ غم خوار۔ رحم دل
دُرد (ف۔مث) تلچھٹ۔ گار
دُرِ دُردانے (۲) موٹے ذرّے
جو پانی میں حل نہ ہو سکیں
دَرزَن (۲۔مث) درزی کی بیوی
سینے والی
درزی (ف۔مذ) کپڑا سینے والا۔ خیاط
درس (ع۔مذ) سبق
دُرست (ف۔ص) صحیح۔ ٹھیک۔ اچھا
دُرستی (ف۔مث) ٹھیک کرنا۔ اصلاح
دُرشت (ف۔ص) سخت۔ کرخت
دل آزار
دُرشتی (ف۔مث) سختی۔ تیزی۔ بد
خلقی۔ دل آزاری
دِرَفشِ کاویانی (ف۔مذ) کاوہ
لوہار کا جھنڈا جو اس نے بادشاہ
کے خلاف بلند کیا تھا

درشن (س۔مذ) دیدار۔ زیارت
درشنی ہنڈی (ہ۔مث) وہ ہنڈی جس
کے دکھاتے ہی روپیہ
مل جائے۔
درگ (ہ) عقل۔ واقفیت۔ سمجھ
دُرگت (ہ۔مث) بری حالت
دُرگت بنانا (ہ) خراب کرنا
دَرگاہ (ف۔مث) چوکھٹ۔ آستانہ
کچہری۔ خانقاہ۔ زیارت گاہ
درگزر (ف۔مذ) چھوڑ دینا۔ چشم پوشی کرنا
معاف کرنا
دِرم (ف۔مذ) ایک سکے کا نام چوچونّی
کی قیمت کا ہوتا تھا۔ ساڑھے تین ماشے وزن
درماں (ف۔مذ) علاج۔ معالجہ۔ دوا
درماندگی (ف۔مث) عاجزی۔ مجبوری
دَرماندہ (ف۔ص) بےکس۔ بےبس
عاجز
درمن شورماں (ف۔مذ) علاج۔ دواء
درمیان (ف۔مذ) بیچ۔ اندر
درمیانی (ف۔ص) بیچ کا۔ متوسط
درمیانہ (ف۔ص) درمیان کا۔ بیچ کا
مناسب
دَرنگ (ف۔مث) دیر۔ ڈھیل
تاخیر
دروازہ (ف۔مذ) پھاٹک۔ ڈیوڑھی
در
دَرِندہ (ف۔مذ) پھاڑ کھانے والا جانور
خونخوار
دُرود (ف۔مذ) دعا۔ سلام
دَروغ (ف۔مذ) جھوٹ۔ بہتان
دروغ گو (ف۔مذ) جھوٹا۔ کذاب
دروغ حلفی (ف) جھوٹی قسم کھانا
جھوٹا بیان دینا
دَرویش (ف۔مذ) فقیر۔ گدا۔ مسکین
درویشانہ (ف۔ص) غریبانہ
فقیرانہ
دُرویشی (ف۔مث) فقیری۔ غریبی
دِرَو (ف) فصل کاٹنا
دُرّہ (ہ۔ دِرّہ) چمڑے کا چابک کوڑا
دَرّہ (ف۔مذ) پہاڑوں کے درمیان
کا راستہ۔ بڑا دروازہ
دَرہم (ف۔ص) اُلٹ پلٹ۔ تتر بتر

دَرْہَم بَرْہَم (ف۔ص) اُلٹ۔ پلٹ
تہ و بالا

دِرہم (ف۔مذ) دیکھو "دِرَم"

دَریا بُرآمد (ف۔مذ) وہ زمین جو دریا
کے ہٹنے سے بنے

دریا بُرد (ف۔مث) وہ زمین جو دریا کاٹ
کر اپنے راستے میں شامل
کر لیتا ہے

دریا دل (ہ۔ص) فیاض۔ بڑا سخی

دریا دلی (ف۔مث) سخاوت۔ فراخدلی

دریا کو کوزے میں بند کرنا (۲)
بڑے مضمون کو چند لفظوں
میں ادا کر دینا۔

دریائے شور (ف۔مذ) کالا پانی
سمندر۔

دریائی (ف۔ص) دریا کا۔ آبی

دَریافت (ف) تحقیق۔ جانچ
جستجو۔

دَریبا (ہ۔مذ) پانوں کا بازار۔ پنواریوں
کا بازار۔ دہلی میں ایک بازار

دَریچہ (ف۔مذ) کھڑکی

دَرِیدہ (ف۔ص) پھٹا ہوا

دَرِیدہ دہن (ف۔مذ) منہ پھٹ
گستاخ

دریغ (ف۔مذ) افسوس

دَریوزہ (ف۔مذ) بھیک

دَریوزہ گری (ف۔مذ) بھیک مانگنا

(د۔ ڑ۔ ز۔ ژ۔ س)

دَڑبا (ہ۔مذ) مرغیوں کا وغیرہ کو بند کرنے
کی چھوٹی کوٹھری

دُزد (ف۔مذ) چور۔ سارق

دزدی (ف۔مذ) چوری

دِژ (ف۔مذ) قلعہ۔ گڑھی۔ چوبار

دس (ہ۔ص) دہ۔ ۱۰

دَساتیر (ہ۔مذ۔ج) (واحد دستور)
قاعدے۔ پارسیوں کی مذہبی
کتاب (واحد مستعمل)

دِساور (ہ) باہر۔ پردس۔ غیر ملک
جہاں سے مال سوداگری آئے

دَست (ف۔مذ) ہاتھ۔ قدرت
دستیابی

دست اندازی (ف۔مث) خواہ مخواہ دخل دینا۔ دخل در معقولات

دست آور (ف۔ص) دست لگانے والی دوا

دست آموز (ف۔ص) ہاتھوں پر لایا ہوا۔ ہلایا ہوا

دستاویز (ف۔مث) (دست۔ ہاتھ۔ آویز آویختن سے بمعنی لٹکنا) تحریر

دست بدست (ف) ہاتھوں ہاتھ جھٹ۔ فوراً

دست برد (ف۔مث) خیانت

دست بردار ہونا (ا) ہاتھ اٹھا لینا چھوڑ دینا

دست بستہ (ف) ہاتھ جوڑ کر

دست بوس ہونا (۲) ہاتھ چومنا تعظیم ہونا

دست پناہ (ا۔مذ) چمٹا آتشکش

دستخط (ف۔مذ) اپنے ہاتھ لکھا ہوا۔ اپنے قلم سے اپنا نام لکھنا

دست درازی (ف۔مث) زیادتی مارپیٹ

دسترس (ف۔مث) پہنچ۔ قابو۔ طاقت مہارت

دست قدرت (ف۔مذ) خدا تعالیٰ کا ہاتھ۔ خدا تعالیٰ کو اختیار۔ اختیار۔ قابو

دستکار (ف۔مذ) کاریگر۔ ہنرمند

دستکاری (ف۔مذ) پیشہ۔ لوہے لکڑی وغیرہ کا کام

دستگیر (ف۔مذ) مددگار۔ معاون، حامی

دستگیری (ف۔مث) امداد۔ مدد

دست نگر (ف۔ص) لفظی۔ ہاتھوں کو دیکھنے والا، محتاج

دست و گریباں ہونا (۲) ایک کا ہاتھ دوسرے کے گریبان میں ہونا۔ لپٹ جانا۔ لڑنا

دستار (ف۔مذ) پگڑی۔ عمامہ

دستانہ (ف۔مذ) ہاتھوں میں پہننے کا بنا ہوا کپڑا

دسترخوان (ف۔مذ) وہ کپڑا جس پر کھانا چنتے ہیں

دسترخوان بڑھانا (۲) کھانے سے فارغ ہونا

دستک دینا (۱) دروازہ کھٹکھٹانا

دستگاہ (ف۔مث) طاقت۔ دسترس لیاقت مہارت

دست گرداں (۲) زبانی اقرار پر اُدھار

دستور (ف۔مذ) قاعدہ۔ رواج

دستور العمل (ع۔مذ) قاعدہ۔ ہدایت نامہ

دستوری (ا۔مث) دلالی کمیشن

دستہ (ف۔مذ) کسی چیز کا وہ حصہ جہاں سے وہ چیز پکڑی جائے قبضہ۔ فوج۔ گارد۔ ۲۴ یا ۲۵ کاغذوں کا مجموعہ جو رم کا ۲۰ حصہ ہوتا ہے

دست وپا مارنا (۲) بہت کوشش کرنا

دستی (ف۔ص) ہاتھ کا (مث) گتکے بازی میں ایک داؤں

دستیاب (ف۔ص) حاصل۔ میسر

دستیاب ہونا (۲) ملنا۔ ہاتھ لگنا

دستمال (ف۔مذ) برتن صاف کرنیکا کپڑا۔ رومال

دسمبر (DECEMBER) (مذ) انگریزی (شمسی) سال کا آخری مہینہ

د۔ش

دشت (ف۔مذ) جنگل۔ بیابان

دشت نوردی (ف۔مذ) جنگل میں پھرنا۔ آوارگی

دشمن (ف اسم۔ دشت۔ بُرا۔ من انسان، یا من خیال یعنی بداندیش) مذ۔ مخالف۔ بیری

دشمنی (ف۔مذ) مخالفت۔ بیر۔ بد خواہی

دشنام (ف۔مذ) گالی۔ گلوچ

دشوار (ف۔ص) مشکل

دشوار گزار (ف۔ص) مشکل سے طے

ہونیوالا۔ کٹھن
دُشواری (ف۔مث) مشکل۔ تکلیف
دُشوارگزار (ف۔ص) کٹھن

(د ع۔غ۔ف)

دُعا (ع۔مث) پکارنا۔ درخواست التماس (ادعیہ۔ دعوات جمع)
دُعائے خیر (ع۔مث) نیک دعا۔ اچھائی چاہنا
دُعائیہ (ع۔ص) دعا کے متعلق
دعوت (ع۔مث) بلانا۔ کھانے کے لئے بلانا۔ ضیافت
دعوت شیراز (ف۔مث) بے تکلف دعوت۔ سادگی کی دعوت
دعویٰ (ع۔مذ) مطالبہ۔ نالش۔ حق (دعاوی جمع)
دعویدار (ف۔مذ) دعوے رکھنے والا مطالبہ کرنے والا
دعویٰ زاید المیعاد (ع۔مذ) وہ دعویٰ جسکی میعاد گزر گئی ہو
دغا (ف۔مث) دھوکا۔ فریب
دغاباز (ف۔مث) دھوکے باز
دَغدَغہ (ع۔مذ) خوف۔ اندیشہ۔ نزعہ
دَغل (ع) فریب۔ کھوٹ
دَف (ع۔مذ) دَف۔ ایک چوبی حلقہ جس کا منہ ایک طرف کھال سے منڈھا ہو
دَفالی (ا۔مذ) ڈفالی۔ ایک فرقہ کا نام جسکا پیشہ دف بجانے کا ہے
دَفاتِر (ف۔مذ۔ج) (واحد دفتر)
دِفاع (ع۔مذ) حفاظت۔ حفاظت کرنا حملے کی روک تھام۔ جوابی کارروائی
دَفتَر (ف۔مذ) کاغذات کا مجموعہ رجسٹر محکمہ۔ آفس (دفاتر جمع)
دَفتری (ف۔مذ) جلد باندھنے والا دفتر کے کاغذات درست کرنیوالا (ص) دفتر کے متعلق
دَفع (ع۔مث) دور۔ الگ۔ رد
دفع الوقتی (ع۔مث) وقت گزارنا۔ ٹال مٹول کرنا
دفعتہً (ع۔) یکایک۔ اچانک۔ فوراً

دَفعہ (ع - مث) باری - قانون کا نمبر (دفعات جمع)

دَفِیعہ (ع - مذ) علاج - دور کرنے کی تجویز

دَفن (ف - مذ) گاڑنا - زمین میں دبانا

دفینہ (ف - مذ) دبایا ہوا خزانہ

(د - ق)

دِق (ع - مث) پرانا بخار - تپ دق

دِق کرنا (۲) تنگ کرنا - ستانا

دَقائق (ع - مذ - ج) (واحد دقیقہ) باریکیاں - مشکلات

دِقّت (ع - مث) مشکل - تکلیف - تنگی

دقیانوس (ع - مذ) پرانے زمانے کے ایک بادشاہ کا نام ہے - جس کے عہد میں اصحاب کہف کا واقعہ پیش آیا

دَقیانوسی (ع - ص) بہت پرانا

دَقیق (ع - ص) باریک - ذرا سا - مشکل

دَقیقہ (ع - مذ) لحظہ - منٹ - نکتہ (دقائق جمع)

دَقیقہ اُٹھا نہ رکھنا (۲) کوئی کسر نہ چھوڑنا - ہر طرح کوشش کر دیکھنا

دَقیقہ رَس (ف - ص) دانا - باریک بیں

(د - ک)

دُکان (ف - مث) سودا سامان بیچنے کی جگہ (دکانیں جمع)

دُکان بڑھانا (۲) دوکان بند کرنا

دُکھ (ہ - مذ) درد - تکلیف - بیماری

دُکھاوَ (ہ - مذ) ریاکاری

دُکھ بٹانا (ہ) درد میں شریک ہونا ہمدردی کرنا

دُکھڑا (ہ - مذ) درد - دکھ بھری کہانی

دُکھڑا رونا (ہ) مصیبت بیان کرنا

دِکھلاوا (ہ - مذ) بناوٹ - جس میں اصلیت نہ ہو

دَکَن یا دَکھّن (ہ - مذ) جنوب - ہندوستان کا جنوبی حصّہ -

دُکھی (ہ - ص) رنجیدہ - مصیبت زدہ

دُکھیا (ہ - ص) دردمند - مصیبت زدہ

رانڈ۔ بیوہ

دُکھیارا (ہ۔مذ) درد رسیدہ۔ آفت زدہ بیمار۔ علیل۔ مصیبت کا مارا

(د۔ گ۔ ل)

دُگدھا (ہ۔مث) کسی کام کے کرنے یا نہ کرنے کا فیصلہ نہ کر سکنا تذبذب۔ شک۔ دُبدھا

دِگر (ف۔ص) دیگر کا مخفف) دوسرا اور

دِگرگوں ہونا (۲) الٹ پلٹ ہونا اور ہونا۔ بدلنا۔ غصے ہوا

دُگنا (ہ۔ص) دوچند۔ دوہرا۔ ڈبل

دِل (ف۔مذ) قلب۔ ہمت سخاوت۔ خواہش

دل اُچاٹ ہونا (۲) دل بیزار ہونا اُکتانا۔

دِلآرام (ف۔ص) پیارا۔ محبوب معشوق

دِل آزار (ف۔ص) دل دکھانیوالا

دِل آزاری (ف۔مث) دل دکھانا

رنجیدہ ہوجانا

دِل آزردہ (ف۔ص) رنجیدہ۔ غمگین

دِل اُٹھنا (۲) جی اُچاٹ ہونا

دِل آنا (۱) عاشق ہونا۔ کسی سے محبت کرنا

دِل بلغ باغ ہونا (۱) بہت خوش ہونا۔

دِل بجھنا (۲) جی سرد ہونا۔ کسی چیز کو جی نہ چاہنا

دِل برداشتہ ہونا (۲) جی اکتا جانا جی بھرنا

دل بڑھانا (۲) حوصلہ دینا

دِل بھر آنا (۲) کسی کا دکھ سنکر صدمہ ہونا۔ آنسو آجانا

دل جلانا (۲) خوش کرنا۔ کسی اور طرف دل لگانا

دل پر غش ہونا (۲) دل میں جم جانا

دل پسیجنا (۲) ترس آنا۔ دل نرم ہونا

دِل پھر جانا (۲) متنفر ہوجانا۔ بیزار ہو جانا۔

دِل پھیکا ہونا (۲) دل ہٹ جانا۔ کسی طرف دل اُٹھ جانا۔ دل بھر جانا۔ توجہ نہ رہنا

دِل توڑنا (۲) ہمت توڑنا۔ نا امید ہونا

دِل ٹوٹنا (۲) دل شکستہ ہونا۔ بد دل ہونا

دِل جلا (۲ ص) عاشق۔ دل سوختہ

دِل جمعی (۱۔مث) اطمینان۔ بے فکری

دِل جوئی (ف۔مث) تسلی دینا دل داری

دِل چرانا (۲) کسی کام سے پہلو تہی کرنا۔ دل لینا

دِلچسپ (ف۔ص) خوشنما۔ دل پسند۔ دل کو بھانے والا

دِل چلا (۲۔ص) بہادر۔ دلیر۔ سخی

دِل خون خون ہونا۔ بیحد غم ہونا

دلدر (ہ۔مذ) غربت۔ افلاس

دلدر پار ہونا (۲) مفلسی دور ہونا

دِلدار (ف۔مذ) محبوب۔ پیار

دِلداری (ف۔مث) [illegible]۔

دلجوئی۔ تشفی

دِل دُکھانا (۲) رنج پہونچانا

دِل دہی (ف۔مث) دلداری۔ دلجوئی

دِل رُبا (ف۔مذ) دلکش۔ دل موہ لینے والا

دِل رُبائی (ف۔مث) دلبری۔ محبت

دِل سوز (ف۔ص) دردمند۔ غم خوار درد انگیز

دِل سے دِل مِلنا (۲) کمال اتحاد ہونا۔

دِل سے دھواں اُٹھنا (۲) فریاد کرنا۔ آہ نکلنا

دِل شاد (ف۔ص) خوش۔ مگن

دِل شکستہ (ف۔ص) رنجیدہ۔ آزردہ

دِل شکنی (ف۔مث) دل توڑنا۔ رنجیدہ کرنا

دِل فریب (ف۔ص) دل کو موہ لینے والا

دِل کش (ف۔ص) دل پسند۔ دل لبھانے والا۔ خوشنما

دِل کشا (ف۔ص) فراخ۔ روشن

دل کو دل سے راہ ہے (۲) محبت کرنیوالے کو محبت کرنے والے سے الفت ہوتی ہے
دل کے پھپھولے پھوڑنا (۲) حسرت نکالنا - بدلہ لینا
دل کی دل میں رہنا (۱) ارمان نہ نکلنا مراد پوری نہ ہونا
دل کا بخار (۲) دل کا غصہ - دلی رنج
دل گردہ (ف - مذ) جگر - طاقت جرأت
دل گیر (ف - ص) مغموم - غمگین - اداس سوگوار
دل لگنا (۲) طبیعت بہلنا - محبت ہونا عاشق ہونا
دل لگی (۱ - مث) ہنسی - مذاق - محبت
دل میں گرہ پڑنا (۲) کسی کی طرف سے دل میں رنج پیدا ہونا
دل میں گھر کرنا (۲) دل میں بیٹھ جانا
دل میلا کرنا (۲) رنج ہونا
دل نشیں (ف - ص) دل میں بیٹھنے والی بات - دل میں جم جانے والی بات
دل نواز (ف - ص) خوش کرنے والا فرحت بخش
دل والا (ف - مذ) محبوب - پیارا
دل دریا ہونا (۲) بہت سخی ہونا
دلارا (۲ - مذ) دلارا پیارا - لاڈلا
دلاسا (۲ - مذ) تسلی - تسکین
دلال (۲ - مذ) سودا کرنیوالا آڑھتی
دلالت (ع - مث) ہدایت - رہنمائی ثبوت
دلالت کرنا (۲) دلیل ہونا ثابت ہونا
دلالی (۲ - مث) کمیشن - دستوری آڑھت
دلانا (۲) عنایت کرانا
دلاور (ف - ص) دلیر - بہادر
دلاوری (ف - مث) بہادری شجاعت دلیری
دل آویز (ف - ص) دل پسند
دلائل (ع - مذ) ج (واحد دلیل)
دلبر (ف - مذ) محبوب - پیارا

دِل بَند (ف۔ص) دل کو سہارا دینے والا
دِل پَذیر (ف۔ص) دل پسند
دِل پسند (ف۔ص) من بھاؤنا
دُلتی (ہ۔مث) جانور کا پچھلی دو لاتیں چلانا
دُلدُل (ع۔مذ) اس خچر کا نام ہے جو حاکم سکندریہ نے رسول اللہ صلعم کی خدمت میں بھیجا تھا اور آپ نے حضرت علی کو عطا کیا تھا
دَل دَل (ہ۔مث) کیچڑ۔ دھسان
دَلق (ع۔مث) گدڑی
دُلک (ہ۔مث) جنبش۔ صدمہ
دُلکی (ہ۔مث) گھوڑے کی تیز چال
دُلہا (ہ۔مذ) نوشہ۔ دولہا
دُلھن (ہ۔مث) عروس۔ سہاگن نوشادی شدہ لڑکی
دِلی (ف۔ص) دل کا جانی۔ پکا۔ سچا
دِلّی (ہ۔مث) دلی ہندوستان کا مشہور مقام اور اردو زبان کا گہوارہ
دَلیا (ہ۔مذ) دلا ہوا اناج جو پکا ہو یا کچا

دِلیر (ف۔ص) جری۔ بہادر
دِلیرانہ (ف) دلیروں کی طرح۔ بہادرانہ
دِلیری (ف۔مث) بہادری۔ جرأت
دَلیل (ع۔مث) ثبوت۔ وجہ (دلائل جمع)
دَلیل (ا۔مث) سپاہیوں کو معمولی قصور پر اسباب کندھے پر اٹھا کر ٹہلنے کی سزا۔ (بولنا)

(د — م)

دَم (ع۔مذ) خون۔ لہو
دَم (ف۔مذ) سانس۔ روح۔ جان
دم بخود (ف۔مذ) چپ۔ خاموش
دم بدم (ف) ہر وقت۔ گھڑی گھڑی
دم بھر (ا) تھوڑی دیر۔ پل بھر
دم بھرنا (ا) محبت کا دعویٰ کرنا کسی بات کا دعویٰ کرنا
دم پُخت (ف۔مذ) دیگ کا منہ بند کر کے پکایا ہوا کھانا
دم پھولنا (ا) سانس چڑھنا
دم توڑنا (ا) نزع کا وقت ہونا
دم خشک ہونا (ا) ڈرنا۔ خوف کھانا

دَم خَم (ہ۔ مذ) طاقت۔ زور۔ قوت دھار

دَم دِلاسا (ہ۔ مذ) خوشامد۔ تسلی دھوکا

دَم ساز (ف۔ مذ) ہم راز۔ دوست

دَم کرنا (۲) پھونکنا۔ جھاڑنا

دَم کھانا (۲) دھوکے میں آنا

دَم گھٹنا (۱) جی گھبرانا۔ دم رکنا

دَم لگانا (۱) کش لگانا۔ حقہ کا گھونٹ لینا

دَم لینا (۱) سانس لینا۔ ستانا

دَم مارنا (۱) بولنا۔ دعوےٰ کرنا

دَم مارنے کی مجال نہیں (۱) صبر کے سوا چارہ نہیں

دَم میں دم آنا (۱) جان میں جان آنا اطمینان ہونا

دَم ناک میں آنا یا ناک میں دم آنا (ہ) عاجز ہونا۔ تنگ ہو جانا بیزار ہو جانا

دَم نکلنا (۱) جان نکلنا مرنا

دَم نہ مارنا (۱) خاموش رہنا

دَمِ واپسیں (ف۔ مذ) آخری دم نزع کا وقت

دُم (ف۔ مث) پچھلا حصہ پونچھ

دُم چھلا (۲۔ مذ) دنبالہ۔ پونچھڑی

دُم دار (ف۔ ص) پونچھ والا دنبالہ دار

دُم دبا کر بھاگنا (۱) ڈر کے مارے چپکے سے بھاگ جانا

دُم دار ستارہ (۱۔ مذ) ایک قسم کا ستارہ جسکی طویل روشن دم ہوتی ہے کہتے ہیں کہ جب کبھی یہ نکلتا ہے تو دنیا میں کوئی بڑی آفت آتی ہے

دِماغ (ع۔ مذ) مغز سر۔ غرور۔ فہم۔ عقل وہ شخص جو کسی تحریک کا روح و رواں ہو۔

دِماغ پریشان ہونا (۱) اوسان اڑنا

دِماغ آسمان پر ہونا (۱) بہت غرور کرنا

دِماغ کرنا (۱) غرور کرنا۔ اترانا

دِماغ ٹھکانے آنا (۱) دماغ میں سے تکبر اور غرور کے خیالات نکل جانا

دَمادَم (ف) متواتر۔ پے در پے
دَمامَہ (ف۔مذ) نقارہ۔ دھونسا
دَمڑی کی بڑھیا ٹکا سر منڈائی (۱ مثل) اصلی قیمت کم اور خرچ زیادہ
دَمڑی کے تین تین (۱) بہت سستے۔ کوڑیوں کے مول
دَمک (ہ۔مث) چمک
دَمکنا (ہ) چمکنا۔ روشن ہونا
دموی (ہ۔ص) جس کے مزاج میں خون کا غلبہ ہونا

(د ـ ن)

دِن (س۔مذ) روز۔ صبح۔ زمانہ۔ وقت
دِن آنا (ہ) موسم آنا۔ موت کا وقت آنا
دِن بدِن (ا) روز بروز۔ ہر روز (یہ ترکیب غلط ہے۔ روز بروز درست ہے)
دِن بھر (ا) تمام دن
دِن پورے کرنا (ہ) مصیبت سے دن کاٹنا
دِن پھرنا (ا) اچھے دن آنا۔ مصیبت کٹ جانا
دِن چڑھنا (ا) آفتاب کا بلند ہونا
دِن دونی رات چوگنی ترقی جلد ترقی کرنا۔ دعا کیلئے بھی آتا ہے
دِن دہاڑے (ا) روز روشن میں علانیہ
دِن کاٹنا (ا) دن پورے کرنا
دَنادن (ہ۔مث) پے در پے لگاتار آواز
دَنائت (ع۔مث) کمینگی۔ کم ظرفی
دُنبالہ (ف۔مذ) دُم۔ پیچھا۔ سرمے کی لکیر جو آنکھ کے کونے سے آگے تک بڑھی ہوئی خوبصورتی کیلئے چھوڑ دیتے ہیں
دُنبُل (ف۔مذ) پھوڑا
دَندان (ف۔مذ) دانت
دَندان شکن جواب۔ (ف۔مذ) منہ توڑ جواب

دَند نانا (ہ) خوشی منانا۔ عیش کرنا
دَندانہ (ف۔مذ) آرے یا درانتی وغیرہ کی نوکیں جیسے شستدرہ
دَنگا (ہ۔مذ) فساد۔ لڑائی۔ شور
دَنگل (ف۔مذ) اکھاڑا۔ بھیڑ
دُنیا (ف۔مث) جہان۔ مال و دولت
دُنیادار (ف۔ص) زردار۔ جہان سے تعلقات رکھنے والا
دنیاداری (ف۔مث) دنیاوی تعلقات ظاہرداری
دُنیوی (ع۔ص) دنیا کا۔ دنیاوی

(د۔و)

دوآتشہ (ف۔ص) دو دفعہ آگ پر کھینچی ہوئی تیز شراب۔ عرق وغیرہ
دوآبہ (ف۔مذ) دو دریاؤں کا بیچ کا قطعہ زمین
دواسپہ (ف۔مذ) دو گھوڑوں والی گاڑی وہ شخص جسکے ذاتی گھوڑے ہوں
دوبارہ (ف) دوسری دفعہ۔ پھر
دُوبدُو (ہ۔متعلق فعل) آمنے سامنے
دوبالا (ف۔ص) دوگنا
دوپٹہ (ہ۔مذ) دو پاٹ کی اوڑھنی۔ چادر۔ کمربند۔ ٹپکا۔ ددپٹہ
دوپٹہ تان کے سونا (ہ) بے فکری سے سونا۔ غافل ہو کے سونا
دوپہر (ف۔مذ) بارہ بجے کا وقت نصف دن
دوپیازہ (ف۔مذ) بغیر ترکاری کا گوشت جسمیں دو مرتبہ پیاز پڑا ہو۔
دوٹ پن (ہ۔مذ) جاسوسی۔ شرارت
دوتارہ (ہ۔مذ) دو تاروں والا باجہ
دوتہی (ہ۔مذ) دوہرا کھیس
دوچار ہونا (ہ) سامنے ہونا۔ مقابل ہونا
دوچند (ف۔ص) دوگنا۔ دوہرا
دو حرف بھیجنا (ہ) لعنت بھیجنا۔ تف کہنا
دودستی (ہ۔ص) دونوں ہاتھوں

سے کشتی کا ایک داؤں
دودِلہ (و۔ص) دبھی۔ شکی۔ مذبذب
دو دن کا مہمان (ا۔مذ) فانی
تھوڑے دن رہنے والا
دو دو باتیں (ا۔م) مختصر گفتگو
سوال و جواب
دُورُخا (ا۔مذ) منافق۔ دورنگا
دورویہ (ف۔ص) دو طرفہ
دوشاخہ (ف۔مذ) دو شاخوں کی
لکڑی
دوشالہ (ف۔مذ) چادر۔ جوڑا
دُوشیزہ (ف۔مث) کنواری لڑکی
دوطرفہ (ف۔ص) دونوں طرف دورویہ
دوعملی (ف۔مث) بدانتظامی۔ خرابی
دو حکمرانوں کی مشترکہ حکومت
دونوں وقت ملے (ا) شام کے
وقت
دوہتڑ (ہ۔مث) دونوں ہاتھوں
سے مارنا
دَوا (ف۔مث) دارو۔ علاج (دوائی
ان معنوں میں غلط ہے)

دَواخانہ (ف۔مذ) وہ مکان یا دکان
جہاں دوائیں رہتی ہوں
شفاخانہ
دَوا درمَن (ا۔مذ) علاج۔ معالجہ
دوا دارو
دُوال (ف۔مث) تسمہ۔ رکاب کا تسمہ
دِوالہ (ہ) قرضہ ادا نہ کر سکنا
دِوالی (ہ۔مث) دیپ مالا۔ چراغاں
دِوالیہ (ہ۔مذ) نادار۔ مفلس وہ شخص
جسکا دوالہ نکل جانے کے
باعث کاروبار بند ہو گیا ہو
دَوام (ع۔مذ) ہمیشگی۔ سدا۔ ہمیشہ
دَوامی بندوبست (ف۔مذ) زمین
کا بندوبست جو ہمیشہ
کے لئے ہو۔
دواں (ف۔حالیہ) بھاگتا ہوا
دَوائر (ع۔مذ) (واحد دائرہ)
دُوبھر (ہ۔ص) مشکل۔ ناگوار
دُود (ف۔مذ) دھواں۔ بھاپ
دُودکش (ف۔مذ) انگیٹھی۔ دھواں
باہر نکلنے کا سوراخ

دُودمان (ف۔ مذ) خاندان
دُودھ (ہ۔ مذ) شیر کا دودھ
دُودھ کا دُودھ پانی کا پانی
(۱) پورا انصاف
دُودھ کا جلا چھاچھ پھونک پھونک کر پیتا ہے (۱) ایک دفعہ کسی چیز سے ڈرا ہوا آدمی بہت احتیاط کرتا ہے
دَور (ع۔ مذ) چکر۔ گردش۔ حکومت (ادوار جمع)
دَور دَورا (ہ۔ مذ) حکومت۔ راج غلبہ
دَورہ کرنا (۱) علاقے میں پھرنا
دُور (ف۔ ص) پرے۔ علیحدہ۔ فاصلے پر
دُور اندیش (ف۔ ص) دانا۔ دور کی بات سوچنے والا
دُور اندیشی (ف۔ مث) عقلمندی
دُوربین (ف۔ مث) دور کی چیز دیکھنے کا آلہ
دُوربیں (ف۔ ص) دور اندیش۔ عقلمند
دُور دراز (ف۔ ص) بہت دور
دُور از دست (ف۔ ص) وہ جگہ جہاں پہنچنا دشوار ہو۔ بہت دور
دُور کی بات (۱۔ مث) باریک بات نکتہ۔ سمجھ کی بات
دُور کے ڈھول سہانے۔ (۱) دور کی سنی ہوئی بات اچھی معلوم ہوتی ہے نزدیک جانے سے حقیقت معلوم ہو جاتی ہے
دُور کی سوجھنا۔ گہری بات خیال میں آنا
دُور کی کہنا (۱) نہایت سمجھ کی بات کہنا
دَوران (ف۔ مذ) زمانہ۔ وقت گردش
دَورانِ خون (ف۔ مذ) خون کا بدن کی رگوں میں دورہ کرنا
دَورانِ سر (ف۔ مذ) سر چکرانا دردِ سر۔ سر گھومنا
دَورہ (ف۔ مذ) علاقے میں پھرنا گشت۔ گردش۔ چکر
دُوری (ف۔ مث) فاصلہ۔ جدائی

دَوڑ (ہ۔مث) بھاگ۔ کوشش

دَوڑ دھوپ (ہ۔مث) تلاش
محنت۔ کوشش

دَوڑ مارنا (ا) دھاوا کرنا۔ لمبا سفر کرنا

دَوڑنا (ا) بھاگنا۔ جلدی کرنا

دَوزَخ (ف۔مث) جہنم۔ نرگ
(مجازاً) پیٹ۔ شکم

دَوزَخی (ف۔ص) جہنمی۔ گنہگار۔ برا

دوش (ہ۔مذ) قصور۔ الزام۔ دوس

دوست (ف۔مذ) پیارا۔ عزیز۔ یار

دوستانہ (ف۔مذ) یاری۔ محبت دوستی
کے لئے

دوست دار (ف۔ص) خیر خواہ
ہمراز

دَوستی (ف۔مث) محبت۔ آشنائی

دوش (ف۔مذ) مونڈھا۔ گزشتہ رات

دوش بدوش (ف) برابر۔ ساتھ

دوشنبہ (ف۔مذ) پیر۔ سوموار۔ پیغمبر اسلام
صلعم پیر کو پیدا ہوئے اسی
روز آپ نے ہجرت فرمائی
اور اسی روز معراج ہوئی
اور اسی روز وفات پائی
اس لئے اہل اسلام اسے
متبرک خیال کرتے ہیں

دوشیزگی (ف۔مث) کنوارپن

دوغلا (ا) غیر اصل۔ کمینہ۔ کم اصل

دوغلی (ا) دوغلا کی مؤنث

دَولت (ع۔مث) مال۔ زر۔ حکومت
(دول جمع)

دولت سرا (ف۔مث) شاہی محل

دولتمند (ف۔ص) امیر۔ زردار۔ مالدار

دولتمندی (ف۔مث) امیری
مالداری

دولت پہلوی (ف۔مث) حکومت
ایران۔ حکومت پہلوی ایران
کی موجودہ حکومت جو رضا شاہ
پہلوی کے ماتحت قائم
ہوئی ہے

دُوم (ف۔ص) دوسرا

دون (ہ۔ص) کمینہ۔ ادنے

دون کی لینا (ہ) شیخی بگھارنا
ڈھینگ مارنا

دُون ہمت (ف۔ص) پست۔ کم ہمت

دَونا (ہ۔ مذ) پتوں کا بنا ہوا پیالہ
نیاز کی شیرینی جو پتوں میں
لائی جاتی ہے۔
دُہائی (ہ۔ مث) فریاد۔ پناہ۔ منادی
دُوئی (ف۔ مث) عزیت۔ شرک
فرق۔ جدائی

(د۔ ہ)

دِہ (ف۔ مذ) گاؤں (دیہ غلط ہے)
(دہات جمع)
دِہاتی (ف۔ مذ) گاؤں کا گنوار
دَہ (ف۔ ص) دس۔ ۱۰
دَہ چند (ف۔ ص) دس گنا
دَہ دَردہ پانی (ن) دس گز شرعی
مربع اور بالشت بھر گہرا پانی
دَھاپ (ہ۔ مث) وہ طوفانی پیمائش
جو انسان کے ایک سانس دوڑنے
سے کی جاسکتی ہے میل بھر
دَھات (ہ۔ مث) سونا۔ چاندی۔
لوہا تانبا وغیرہ چیزیں جو
زمین سے نکلتی ہیں

دَھار (ہ۔ مث) پانی کی لکیر۔ تلوار کی
آب
دَھار دار (ا۔ ص) تیز
دَھارنا (ہ) اختیار کرنا۔ ارادہ کرنا
ڈھاڑ (ہ۔ مث) ہجوم۔ جتھا۔ جلدی
شیر یا ہاتھی کی گرج یا سخت
زور سے رونا
دَھاک (ہ۔ مث) رعب۔ خوف۔ دبدبہ
دھاک بندھنا (ہ) شہرت ہونا
رعب ہونا
دَھاگا (ہ۔ مذ) تاگا۔ سوت کا ڈورا
دَھان (ہ۔ مذ) چھلکے سمیت چاول
چاول کا پودا
دَہان (ف۔ مذ) منہ۔ سوراخ
دہانہ (ف۔ مذ) دریا کے گرنے کا
مقام۔ مشک کا منہ
دھاوا (ہ۔ مذ) حملہ۔ چڑھائی۔ یورش
دھاوا بولنا۔ حملہ کرنا
دَھبّہ (ہ۔ مذ) داغ۔ عیب۔ نقص
دھبّہ لگانا (ہ) عیب لگانا۔ داغ
لگانا

دَھپّا (ہ۔مذ) دھول۔ دھپڑ۔ طمانچہ
دُھت (ہ۔مث) خراب عادت۔ لت
دُھت کارنا (ہ) لعنت ملامت کرنا۔ نکالنا
دھتورا (ہ۔مذ) ایک زہریلے پودے کا نام ہے
دَھج (ہ۔مث) طرز۔ انداز۔ شکل
دھجی (ہ۔مذ) چیتھڑا
دھجیاں اُڑانا (ہ) ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ رسوا کرنا۔ خوب رسوا کرنا
دھچکا (ہ۔مذ) جھٹکا۔ صدمہ۔ دھکا
دُھرپت ﴾ مثا ایک ہندی
دھرپد ﴾ (ہ) راگنی کا نام ہے
دَھرتی (ہ۔مث) زمین۔ جہان
دھرم (ہ۔مذ) ایمان۔ مذہب۔ حق
دھرماتما (ہ۔ص) ایماندار آدمی
دھرم ارتھ (ہ۔مذ) خیراتی روپیہ مال وقف
دھرم شالہ یا دھرم سالہ (ہ۔مذ) مفت مسافرخانہ خیراتی سرائے

دَھرم مورت (ہ۔ص) انصاف مجسّم
دَھرم شاستر (ہ۔مذ) ہندو مذہب کے قوانین کی کتاب
دَھرنا (ہ) رکھنا۔ قائم کرنا
دَھرو (ہ۔مذ) قطبی ستارہ
دَہر (ہ۔مذ) زمانہ۔ جگ۔ وقت
دَہریّہ (ع۔مذ) خدا کا منکر۔ بے دین اس بات کا معتقد کہ زمانے کی گردش سے ہی سب کچھ ہوتا ہے
دَھڑ (ہ۔مذ) جسم۔ سر سے نیچے کا حصہ
دَھڑا (ہ) پے در پے۔ متواتر
دھڑام (ہ) کسی بھاری چیز کے گرنے کی آواز
دَھڑک (ہ۔مث) تڑپ۔ ڈر۔ خوف
دَھڑکن (ہ۔مث) تڑپ۔ بیقراری
دَھڑکنا (ہ) دھک دھک کرنا خوف کھانا
دَھڑلّے کا آدمی (ہ) بے خوف دلیر۔ علانیہ کام کرنیوالا
دَھڑی (ہ۔مث) پنسیری۔ پانچ سیر

کا پاٹ
دَھڑی جانا (ہ) ہونٹوں پر مسّی کی نہ جمانا۔
دَھڑلیوں (ہ۔ص) بکثرت۔ بہت با افراط
دَھڑیوں لُٹنا (ہ) بہت لُٹنا صفائی ہو جانا
دھَنسنا (ہ) پھنسنا۔ دلدل میں پھنسنا
دِہشت (ف۔مث) خوف۔ خطرہ
دِہشت انگیز (ف۔مذ) خوفناک ڈراؤنا۔ حکومت کیخلاف خفیہ طور پر پارٹی بنا کر ڈرانے والا
دِہشت زدہ (ف۔ص) ڈرا ہوا سہما ہوا
دِہشت ناک (ف۔ص) ڈراونا
دِہقان (ف۔ دہگان) دہ گاؤں گان کلمہ نسبت) مذ، دیہاتی گنوار
دَھک (ہ۔مث) حیرت۔ دل کی دھڑکن
دَھکّا (ہ۔مذ) صدمہ۔ ریلا۔ آفت
دَھکا پیل (ہ۔مث) دھکم دھکا
دَھک دَھک کرنا (ہ) دھڑکنا
دَھک سے رہ جانا (ہ) حیرت زدہ ہو جانا
دِھکم دَھکّا (ہ۔مذ) پیلی
دَہکنا (ہ) بھڑکنا۔ جلنا۔ گرم ہونا سلگنا
دَھکیلنا (ہ) دھکا دینا۔ ریلنا
دَہلانا (ہ) خوف دلانا۔ ڈرانا
دَہلنا (ہ) ڈرنا۔ خوف کھانا
دہلی (ہ) (دیکھو دِلّی)
دہلیز (ف۔مث) چوکھٹ
دہلیز کی مٹی لے ڈالنا (ا) کثرت سے آنا جانا۔ متواتر آنا جانا
دَہم (ف۔ص) دسواں
دَھماکا (ہ۔مذ) صدمہ۔ زور کی آواز
دَھمک (ہ۔مث) آہٹ۔ سخت آواز سے صدمہ
دَھمکانا (ہ) ڈرانا

دَھمکی (ہ۔مث) ڈراوا۔ گھُرکی ڈنٹ
دَھن (ہ۔مذ) دولت
دُھن (ہ۔مث) دھیان ۔شوق۔ لگن
دَہن (ف۔مذ) منہ مکھ
دھن بھاگ (ہ) خوش نصیبی
دُھنا (ہ۔مذ) روئی دھُنکنا
دُھند (ہ۔مذ) کم نظری۔ کہرہ
دُھندلا (ہ۔ص) سیاہ۔ گدلا ماند
دھندا (ہ۔مذ) کام بکھیڑا۔ جھگڑا
دُھنک (ہ۔مث) قوس۔کمان
قوس قزح
دَھنی (ہ۔ص) دھن والا۔ مالدار
کسی فن کا ماہر
دَھنیا (ہ۔مذ) کشنیز
دُھنیت (ہ۔مث) چکنائی
دھواں دھار (ہ۔ص) غضب کی
زور کی۔ بہت سیاہ
دھوبی (ہ۔مذ) کپڑے دھونے والا
دھوبن (ہ۔مث) دھوبی کی
مؤنث
دھوبی کا کتا (ہ) نہ ادھر کا نہ ادھر کا
نکما
دھوبی کا کتا گھر کا نہ گھاٹ کا
(مثل) بے ٹھکانے آدمی کے
متعلق بولتے ہیں
دُھوپ (ہ۔مث) سورج کی روشنی
اور گرمی
دُھوپ کھانا (ہ) دھوپ سیکنا
دھوکا (ہ۔مذ) فریب۔ دغا
دھوکا کھانا (ہ) فریب میں آنا
دھوکا دہی (ہ۔مث) فریب۔ دغا
دُھول (ہ۔مث) غبار۔ گرد۔ مٹی
دُھول کی رسّی بٹنا (ہ) بے فائدہ
محنت کرنا۔ ناممکن بات
کی کوشش کرنا
دَھول (ہ۔مث) دھپا۔ تھپڑ
دھول دَھپّا (ہ۔مذ) چانٹ۔ دھپا
دُھوم (ہ۔مث) شہرت۔ رعب
دُھوم دھام یا دھوم دھڑکا
(ہ۔مث) شان و شوکت
شہرت رونق
دُھوم مچانا (ہ) شور کرنا۔ ہلا نا

دھوم مچی ہے (ہ) بڑی شہرت
جیسے سکہ بیٹھا ہوا ہے
دھونس (ہ۔مث) دھمکی
تہدید۔
دھونسا (ہ۔مذ) بڑا نقارہ۔ دمامہ
دھونکنا (ہ) پھونکنا۔ آگ دہکانا
دھونکنی (ہ۔مث) آگ پھونکنے کی
کھال
دھوئیں کے بادل اڑانا (ہ) بے
بنیاد بات بیان کرنا
دھیر بندھانا (ہ) ہمت بندھانا
دھیرا (ہ۔پورب) نرم۔ صابر
دھیان دینا (ہ) توجہ دینا۔ دل لگانا
کر کام کرنا
دھیرے (ہ)۔ص) ہلکے ہلکے آہستہ
آہستہ
دھیما (ہ)۔ ص) سست۔ ہلکا۔ نرم
دھینگا مشتی (ہ۔مث) ہاتھا
پائی۔ کشتی

(د۔ی)

دیا (ہ۔مذ) چراغ
دیا سلائی (ہ۔مث) چراغ جلانے
کی تیلی۔ نسلوں
دیا (ہ۔مث) بخشش۔ ترس۔ رحم
دیار (ہ۔مذ) ملک
دیانت (ع۔مث) ایمانداری امانت
دیانت دار (ف۔مذ) ایماندار۔ سچا
دیانت داری (ف۔مث) ایمانداری
سچائی
دیباجہ یا دیباچہ (ف۔مذ) تمہید
کتاب کا مقدمہ
دیبی (ہ۔مث) دیوی۔ رانی
دیپ (ہ۔مذ) چراغ۔ ٹاپو۔ ایک راگ
کا نام ہے دیپک
دیپ مالا (ہ۔مث) چراغاں چراغوں
کی قطار
دیپک (ہ۔مذ) ایک راگ کا نام جسکی
تاثیر سے آگ لگ جاتی ہے
دیجور (ہ۔ص) سیاہ۔ تاریک
دید (ف۔مث) نظارہ۔ نظر
دیدار (ف۔مذ) درشن صورت چہرہ

دِیدار بازی (ف۔مث) نظارہ کرنا
دیدہ (ف۔مذ) آنکھ۔ دیدی۔ بیبیا کی
دیدۂ فلک (ہ۔مث) آنکھ چشم
دِیدہ و دَانِستہ (ف) جان بوجھ کر
دِیدے پھاڑ کر دیکھنا (ا) غور سے دیکھنا
دِیدے پُھٹم (ا) اندھا ہونا
دیدے یا دیدوں کا پانی ڈھل جانا بے غیرت ہو جانا
دیدے نکالنا (ا) غصّے سے دیکھنا
دَیر (ف۔مذ) بت کدہ۔ مندر
دیر (ف۔مث) عرصہ۔ وقفہ
دیر پا (ف۔ص) دیر تک رہنے والی چیز۔ مضبوط
دیرینہ (ف۔ص) پرانا۔ دیر کا
دیس یا دیش (ہ۔مذ) ملک وطن
دیس چوری پر دیس بھیک (مثل) چوری اپنے دیس میں کرنی چاہیئے کیونکہ اپنے دیس میں گھر والوں کے راستوں وغیرہ سے واقفیت ہوتی ہے اور بھیک پردیس میں مانگنی چاہیئے۔ تاکہ کوئی واقف کار نہ ملے جس سے شرم آئے
دیس نکالا (ہ۔مذ) جلاوطنی
دیسی (ہ۔ص) اپنے ملک کا
دیکھ بھال (ہ۔مث) پڑتال، نگرانی
دیکھتے دیکھتے (ہ) آنکھوں کے سامنے
دیگ (ہ۔مث) بہت بڑا دیگچہ
دیگچہ (ف مذ) سالن وغیرہ پکانے کا معمولی برتن۔ پتیلا
دے مارنا (ہ) پٹک دینا۔ گرا دینا
دِیمک (ہ مث) ایک قسم کی سفید چیونٹی
دِین (ع۔مذ) مذہب۔ دھرم
دِین پناہ (ف۔مذ) دین کا حامی
دین و دنیا (ہ۔مث) مذہب بھی دنیا بھی
دِینار (ف۔مذ) ایک سکہ جو اڑھائی روپے کے برابر ہوتا ہے
دینی باپ (ہ۔مذ) وہ بیوپاری جسے

عیسائی بچے کو دینے
وقت مذہبی لحاظ سے
باپ بتائیں

دِین دار (ف۔ ص) ۔ مذہبی آدمی
پرہیزگار

دِین داری (ف۔ مث) پرہیزگاری
مذہب کی پابندی

دیو (ف۔ مذ) جن۔ عفریت۔ بڑے جثے
والا آدمی (ہ۔ دیوتا

دیو بانی (ہ۔ مث) دیوتاؤں کی زبان
سنسکرت

دیوزاد (ف۔ مذ) بڑے جثے والا
مضبوط

دیوناگری (ہ۔ مث) ہندی زبان

دیوار (ف۔ مث) اینٹ اینٹ
کا پردہ

دیوار اٹھانا (ا) دیوار کھڑی کرنا

دیوارِ چین (ف۔ مث) چین کی مشہور

دیوار قہقہہ (ہ۔ مث ایک دیوار
کا نام ہے جکی نسبت مشہو

ہے کہ جو بس دریافت
مال کچھ چھپا ہو وہ اندر
کیطرف جا سکتا

دیوان (ف۔ مذ) شاہی دربار ۔ عدالت
(غنائیہ) نغموں کا مجموعہ

دیوانِ خاص (ف۔ مذ) خاص لوگوں
کا دربار۔ شاہی خلوت خانہ

دیوانِ عام (ف۔ مذ) عام لوگوں کا دربار
عام دربار کا مکان

دیوان خانہ (ف۔ مذ) امیروں
کی بیٹھک

دیوانہ (ف۔ مذ) پاگل ۔ سودائی

دیوانگی (ف۔ مذ) جنون۔ سودا

دیوتا (ہ۔ مذ) بزرگ۔ خدا کا اوتار

دِیوٹ (ہ۔ مث) چراغ دان
شمعدان

دَیّوث (ع۔ مذ) بے غیرت۔ بے حیا
بھڑوا

دہات (ہ۔ مذ) جمع دہ کی) دیہات
غلط ہے)

دیہیم (ف۔ مذ) تاج شاہی

ڈ

(ڈ - ا)

ڈاب (ہ۔ مث) تلوار لٹکانے کی پیٹی یا تسمہ جو کمر سے باندھتے ہیں۔

ڈاٹ (ہ۔ مث) محراب۔ کاک (مذ)

ڈانٹنا (ہ) ڈرانا۔ دھمکانا۔

ڈار (ہ۔ مث) پرندوں کا جھنڈ یا پرا۔

ڈاڑھ (ہ۔ مث) چبانے کے موٹے دانت جو پیچھے کی طرف ہوتے ہیں۔

ڈاڑھی (ہ۔ مث) ٹھوڑی اور رخساروں کے بال۔ ریش۔

ڈاک (ہ۔ مث) چٹھیاں وغیرہ سلسلہ لگانا۔

ڈاک بٹھانا (ہ) چوکی بٹھانا۔

ڈاک چوکی (ہ۔ مث) وہ جگہ جہاں ہرکارے ڈاک کا تھیلا ایک دوسرے سے لیتے دیتے ہیں یا جہاں ڈاک کے گھوڑے تبدیل کئے جاتے ہیں۔

ڈاک خانہ (ہ۔ مذ) ڈاک گھر۔

ڈاکا (ہ۔ مذ) ڈاکوؤں کا حملہ۔ لوٹ مار۔

ڈاک بنگلہ (ہ۔ مذ) سرکاری مسافر خانہ۔

ڈاکٹر (Doctor) (انگ۔ مذ) حکیم۔ طبیب۔ عالم، فاضل۔ علامہ۔

ڈاکو (ہ۔ مذ) لوٹنے والا۔ قزاق۔

ڈاکہ (ہ۔ مذ) چار سے زیادہ چوروں کا مل کر لوٹنا۔ قزاقی۔ (مارنا۔ ڈالنا)۔

ڈاکیا (ہ۔ مذ) چٹھی رساں۔ ہرکارہ۔

ڈال

ڈالٹن پلین (Dalton Plan) (انگ) (ڈالٹن ریاستہائے متحدہ امریکہ میں ایک مقام ہے۔ جہاں پہلے

پہلا مس پارکرسٹ کو یہ طریقہ تعلیم سوجھا) مث} ڈالٹن
کا طریقہ تعلیم۔ ڈالٹن طریق تعلیم۔ انفرادی طریقۂ تعلیم۔ اس طریقۂ تعلیم میں طلبہ کو جماعتی کے بجائے انفرادی طریقے پر تعلیم دی جاتی ہے یعنی ہر طالب علم کے لئے خاص مقدار میں کام مقرر کردیا جاتا ہے۔ جو اُسے سال بھر میں پورا کرنا ہوتا ہے۔ جو طالب علم اس کام کو جسے تفویض کہتے ہیں، ختم کرلیتا ہے۔ وہ گویا اس مضمون کے لحاظ سے اوپر کی جماعت میں ترقی پاجاتا ہے۔ گو باقی مضامین کے لحاظ سے وہ پچھلی جماعت ہی میں کیوں نہ ہو ÷

ڈائیرن (Dail Eireann) (آئری زبان میں اس کے معنی ہیں آئرستان کی مجلس۔ مث، آزاد حکومت۔ آئرستان میں نمائندگان عوام کی مجلس وضع قوانین ÷

ڈالر (Dollar) (انگ۔ مذ) ایک امریکی سکے کا نام ہے جس کی قیمت دو روپے آٹھ آنے اور تین روپے کے درمیان ہوتی ہے ÷

ڈالی (ہ۔ مث) ٹہنی۔ شاخ۔ تحفہ ÷

ڈانٹ (ہ۔ مث) دھمکی۔ ڈراوا ÷

ڈانٹ ڈپٹ (ہ۔ مث) جھڑکی دھمکی۔

ڈنڈا (ہ۔ مذ) کشتی کھینے کا لمبا سا بانس۔ چپو ÷

ڈانس (ہ۔ مذ) ایک قسم کا بڑا مچھر ÷

ڈانواں ڈول (ہ۔ص) پریشان تذبذب۔ خراب وخستہ ÷

ڈائرکٹر (Director) (انگ۔ مذ) منتظم۔ مہتمم ÷

ڈائرکٹر آف پبلک انسٹرکشن Director of Public Instruction

(انگ۔ مذ)

(انگ - مذ) تعلیم عامہ کا منتظم -
سررشتہ تعلیم کا افسر +

ڈائری (Diary) (انگ -
مث) روزنامچہ +

ڈائل (Dial) (انگ - مذ)
گھڑی کا چہرہ جس پر گھنٹوں کے
نشان لگے ہوتے ہیں +

ڈائن (ہ - مث) جادوگرنی - کلیجہ کھانے
والی عورت - نہایت بدصورت
عورت +

ڈایافرام (Diaphragm)
(انگ - مذ) حجاب حاجز - وہ پردہ
جو پیٹ اور سینے کے درمیان
حائل ہے - اور جس کے اوپر
نیچے ہونے سے سانس آتی
ہے +

(ڈ - ب)

ڈِبّا (ہ - مذ) بڑی ڈبیا - دھات وغیرہ کا
ڈھکنے دار برتن +

ڈُبڈُبانا (ہ) آنکھوں میں آنسو بھر
لانا (صرف آنکھوں اور آنسوؤں
کے ساتھ آتا ہے) +

ڈُبکی (ہ - مث) پانی میں نیچے جانا -
غوطہ +

ڈَبَل (Double) (انگ - ص)
دُہرا - دُگنا +

ڈَبَل روٹی (ا - مث) موٹی سی روٹی -
جو خمیر اٹھا کر پکائی جاتی ہے +

ڈَبَل مارچ
(Double March) جلد جلد چلنا +

ڈَبَل ڈیسک
(Doule Desk) دوہرا ڈیسک
جس پر دو طالب علم بیٹھ کر کام
کر سکیں +

ڈبونا (ہ) پانی میں غوطہ دینا - غرق
کرنا +

ڈِبیا (ہ - مث) ٹین یا لکڑی کا چھوٹا سا ڈھکنے
دار برتن - ڈبی +

(ڈ - پ)

ڈِپازِٹ (Deposit)

(انگ۔ مث) امانت ۔ جمع +

ڈپازِٹر (Defositor)
(انگ۔ مذ) کسی بنک میں روپیہ
جمع کرنے والا +

ڈِپٹی (ا۔ مذ) نائب ۔ انگریزی لفظ
ڈیپوٹی (Deputy) ہے +

ڈِپٹی کَلکٹر (ا۔ مذ) سرکاری مالیہ وصول
کرنے والا ۔ انگریزی لفظ
(Deputy collectore)
ہے +

ڈپٹی کمشنر (ا۔ مذ) ضلع کا حاکم اعلیٰ
انگریزی لفظ
(Deputy commisshner)
ہے +

ڈپو (Depot) (انگ۔ مث)
گودام ۔ تجارت خانہ ۔ امانت خانہ +

ڈِپلومہ (Diploma) (انگ۔
مذ) سند ۔ سند فراغت +

(ڈ ۔ ٹ ۔ چ ۔ ر)

ڈَٹ جانا جم جانا ۔ مقابلے کے
لئے تیار ہو جانا +

ڈَٹنا (ہ) ٹھہرنا ۔ جمنا ۔ مستقل مزاج
رہنا +

ڈَٹ کر (ہ) خوب جم کر ۔ نڈر ہو کر +

ڈَچ (Dutch) (انگ۔ ص)
ولندیزی ۔ ہالینڈ کا باشندہ +

ڈَر (ہ۔ مذ) خوف ۔ خطرہ +

ڈرافٹس مین (ا۔ مذ) نقشہ نویس
اصل انگریزی لفظ ہے ۔
(Draftsman)

ڈَرام (Drachm) (انگ۔ مذ)
اونس کا آٹھواں حصہ +

ڈرِل (Drill) (انگ۔
مث) (۱) ورزش جو مدارس
میں کرائی جاتی ہے (۲) برما
جس سے چھید کرتے ہیں +

ڈرانا (ہ) دھمکانا ۔ خوف دلانا +

ڈراوا (ہ) خوف ۔ دھمکی +

ڈراوَنا (ہ۔ ص) خوفناک +

ڈرائنگ (Drawing)
(انگ۔ مذ) کھینچنا ۔ نقشہ یا کسی

چیز

چیز کی تصویر وغیرہ بنانا +

ڈرائنگ روم (Drawing Room) (انگ - مذ)
بیٹھک - ملاقات کا کمرہ +

ڈرائنگ ماسٹر (انگ - مذ) (Drawing Master)
ڈرائنگ سکھانے والا استاد +

ڈرائیور (Driver) (انگ - مذ) چلانے والا +

ڈرپوک (ہ - ص) بزدل - کم ہمت +

ڈریس (Dress) (انگ - مث) لباس +

(ڈ - س)

ڈِسپنسری (Dispensary) (انگ - مث)
دواخانہ +

ڈِسپیچ (Despatch) (انگ) روانہ کرنا (انگ - مذ)
سرکاری مکتوب +

ڈِسپیچر (Despatcher) (انگ - مذ) منشی جو ڈاک رجسٹر پر چڑھا کر روانہ کرتا ہے +

ڈسٹر (Duster) (انگ - مذ)
جھاڑن - تختہ سیاہ صاف کرنے کا کپڑا +

ڈِسٹرکٹ (District) (انگ - مذ) ضلع +

ڈِسٹرکٹ بورڈ (District Board) (انگ - مذ)
ضلع کی سڑکوں، تعلیم، صحت وغیرہ کا انتظام کرنے والی کمیٹی +

ڈسٹرکٹ میڈیکل آفیسر آف ہیلتھ (Ditrict medical Health officer) (انگ - مذ)
وبائی امراض اور عام صحت کی دیکھ بھال کرنے والا افسر ضلع +

ڈیسک (Desk) (انگ - مذ) آجکل کے مدارس میں بچوں کی چوبی نشستگاہیں +

ڈِسکونٹ (Discount) (انگ - مذ) کٹوتی - کمیشن +

ڈِسکوَری (Discovery)
(انگ - مث) انکشاف - کوئی
نئی بات معلوم کرنا ؎

ڈِسمِس (Dismiss)
(انگ - مذ) برخاست - علیحدہ ؎

ڈسنا (ہ) اردو زبان میں
سانپ کے کاٹنے کے لئے
ہی اتنا آتا ہے - کہ گویا اور
کسی جانور کے لئے مستعمل
ہی نہیں - واللہ اعلم ؎

ڈس لینا یا ڈس جانا - سانپ
کا کاٹنا ؎

ڈ - ف - ک

ڈَف (ہ - مذ) دف ایک طرف سے
کھال سے منڈھا ہوا چوبی حلقہ ؎

ڈَفالچی (ا - مذ) ڈف بجانے والا ؎

ڈَفلی (ہ - مث) چھوٹی دف ؎

ڈَکار (ہ - مث) معدے کی ہوا جو منہ
کے راستے خارج ہوتی ہے ؎

ڈِکٹافون (Dictaphone)
(انگ - مذ) ایک برقی آلہ جو گراموفون کی
طرز کا ہوتا ہے - بولنے والا اسکے سامنے
بیٹھکر چٹھی وغیرہ کا مضمون بولتا جاتا
ہے اور بعد میں ٹائپ کر لیا جاتا ہے ؎

ڈَکارنا (ہ) ڈکار لینا - سانڈ کا بولنا -
ڈرو کنا - دھاڑنا ؎

ڈَکار جانا - ہضم کرنا یا مار لینا - غبن کرنا

ڈکار نہ لینا - ہضم کر جانا ؎

ڈِکٹیشن (Dictation)
(انگ - مذ) ہدایت - املا ؎

ڈِکٹیٹر (Dictator) (انگ -
مذ) مطلق العنان - حاکم - آمر ؎

ڈِکشنری (Dictionary)
(انگ - مث) لغات ؎

ڈَکیتی (ہ - مث) ڈاکہ - لوٹ مار ؎

(ڈ - گ)

ڈَگ (ہ - مذ) لمبا قدم ؎

ڈُگڈُگی (ہ - مث) جو مداری یا ریچھ
بندر نچانے والے ہاتھ میں لیکر
بجاتے ہیں (بجانا - پیٹنا) ؎

ڈِگرِی (Degree) (انگ۔ مث) فیصلۂ عدالت ÷

ڈگری (Degree) (انگ۔ مث) سندِ فضیلت۔ درجہ ÷

ڈگمگانا (ہ) لڑکھڑانا۔ لرزنا۔ ہلنا ÷

(ڈ۔ل۔م۔ن)

ڈَلا (ہ۔ مذ) مٹی کا ٹکڑہ۔ ڈھیلا ÷

ڈِلک (ہ۔ مث) چمک۔ آب و تاب ÷

ڈَلی (ہ۔ مث) پھانک۔ ٹکڑا۔ چھالیا ÷

ڈِلِوری (Delivery) (انگ۔ مث) تقسیم۔ حوالے کرنا بچہ جننا۔ وضع حمل ÷

ڈَمبل (Dumb-bell) (انگ۔ مذ) لوہے کے دو جڑواں گولے جن سے ورزش کرتے ہیں ÷

ڈَینٹِسٹ (Dentist) (انگ۔ مذ) دانتوں کا علاج کرنے والا ÷

ڈَینٹَل ہاسپٹل (Dental Hospital) (انگ۔ مذ) وہ شفاخانہ جو امراض دنداں کے لئے مخصوص ہو۔ شفاخانۂ دنداں ÷

ڈِنٹھَل (ہ۔ مذ) پودے کا تنا ÷

ڈِنڈ (ہ۔ مذ) ڈنٹر۔ بازوؤں کی ورزش ÷

ڈَنڈا (ہ۔ مذ) سونٹا۔ لکڑی کا ہاتھ میں رکھنے کا ٹکڑا۔ گدکا۔ احاطہ

ڈَنڈوت (ہ۔ مث) تسلیم۔ بندگی ÷

ڈَنڈِی (ہ۔ مث) ترازو کی لکڑی۔ دستہ پھول کی شاخ ÷

ڈنڈے بجاتے پھرنا (ہ) آوارہ یا بیکار پھرنا ÷

ڈنٹر{ھ (ہ آدھی آواز دیتی ہے، مذ} ڈنڈ ÷

ڈَنٹرھ پیلنا (ہ) ڈنٹروں کی ورزش کرنا ÷

ڈَنک (ہ۔ مذ) بچھو یا بھڑ وغیرہ کا زہریلا کانٹا نیش۔ نیش ÷

ڈِنکا (ہ۔ مذ) نقارہ بجانے کی لکڑی ÷

ڈنکا بجنا (ہ) شہرت ہونا۔ نام ہونا ÷

ڈنکا بجانا (ہ) اپنا حکم منوانا۔ حکومت کرنا۔ شہرت حاصل کرنا ÷

ڈنکے کی چوٹ کہنا۔ (ہ) صاف

صاف۔ علی الاعلان۔ کھلم کھلا رکھنا۔

ڈنک (ہ۔مذ) بچھو یا بھڑ کی دُم کا نوکدار حصہ جو کاٹتے وقت جسم میں چُبھتا ہے (چبھونا۔ لگنا۔ مارنا)

(ڈ ۔ و)

ڈوبا (ہ۔مذ) کسی رنگ وغیرہ میں ڈبو کر نکال لینا۔

ڈوبتے کو تنکے کا سہارا (ہ) مصیبت زدہ کو تھوڑی سی مدد بھی کام دیتی ہے۔

ڈوب مرنا (ہ) شرم یا ندامت کے مارے ڈوب کر خودکشی کر لینا۔

ڈوبنا (ہ) غرق ہونا۔ غروب ہونا۔ ضائع ہونا۔ نہایت محو ہونا۔

ڈور (ہ۔مث) بٹا ہوا دھاگا جس سے پتنگ اُڑاتے ہیں۔ سُتلی۔

ڈورا (ہ۔مذ) تاگا۔ ڈور۔ نشے یا نیند کے سبب آنکھوں کی رگوں میں جو سُرخ لکیریں معلوم ہوتی ہیں۔ (پڑنا)۔

ڈوری ڈھیلی چھوڑنا (ہ) کسی طرف سے دانستہ بے پروائی یا غفلت کرنا۔ پوچھ گچھ نہ کرنا۔

ڈورے ڈالنا (ہ) پرچار۔ ڈھب پر لانا۔ مائل کرنا۔

ڈوری (ہ۔مث) رسی۔ خیمہ کی رسی۔

ڈول (ہ۔مذ) کنوئیں سے پانی نکالنے کا چرمی یا آہنی ظرف ہے۔

ڈول (ہ۔مث) ڈھنگ۔ طریقہ۔ صورت۔ وضع قطع۔ خاکا۔ تخمینہ۔

ڈویژن (Division) (انگ۔مث) قسمت۔ کسی صوبے میں چند اضلاع کا مجموعہ۔ تقسیم کمشنری۔ (مذ) درجہ۔

ڈولا (ہ۔مذ) ایک قسم کی گول پالکی۔

ڈولا دینا (ہ) بڑے آدمی کو اپنی بیٹی دینا۔

ڈولی (ہ۔مث) پالکی۔

ڈوم (ہ۔مذ) میراثی۔ گانے والا۔ پنچ

ڈوما (Duma) (روسی۔مذ)

سنہ ۱۹۰۶-۰۷ سے روسی پارلیمنٹ کا نام ۔ جاپان کی پارلیمنٹ کا نام بھی ہے ÷

ڈومزڈے بک (انگ - مث) (Doomsday Book) ولیم اوّل شاہِ انگلستان نے اراضی کی پیمائش کر کے ایک رجسٹر میں درج کی تھی اس رجسٹر کو ڈومز ڈے بک کہتے ہیں ÷

ڈونڈی (ہ - مث) ڈھنڈورا - منادی۔

ڈونڈی پیٹنا (ہ) منادی کرنا ۔ اعلان کرنا ۔ ڈھنڈورا پیٹنا ۔ طشت از بام کرنا ÷

ڈونگا (ہ - مذ) چھوٹی کشتی ۔ مچھوا ÷

ڈونگی (ہ - مث) ڈونگا کی مؤنث ÷

ڈوئی (ہ - مث) لکڑی کا چمچہ جس سے پکا ہوا کھانا نکالتے یا ہانڈی چلاتے ہیں ÷

(ڈ - ھ)

ڈھاٹا (ہ - مذ) وہ کپڑے کی پٹّی جسے منہ کے گرداگرد باندھ کر ڈاڑھی کو چڑھاتے ہیں - وہ کپڑا جس سے مُردے کا منہ باندھتے ہیں ÷

ڈھارس (ہ - مث) تسلّی ÷

ڈھارس بندھانا (ہ) تسلّی دینا - ہمّت بندھانا ÷

ڈھاک (ہ - مذ) ایک درخت کا نام ہے ۔ جس کے تین بڑے بڑے پتے ہوتے ہیں ÷

ڈھاک کے وہی تین پات (ہ) (ہ) ہمیشہ ایک ہی حال پر ۔ ہمیشہ غریب ۔ خالی خولی ÷

ڈھال (ہ - مث) تلوار کا وار روکنے کا آلہ ۔ سپر ۔ ڈھلان ۔ نشیب ÷

ڈھالنا (ہ) دھات کو پگھلا کر سانچے میں ڈالنا ۔ شکل بنانا ÷

ڈھانا (ہ) گرانا ۔ مسمار کرنا (غضب کے ساتھ بمعنی ظلم) ÷

ڈھانچہ (ہ۔مذ) خاکہ۔ڈول۔نامکمل حالت ڈھچر۔

ڈھانکنا (ہ) اوڑھنا۔چھپانا۔پردہ ڈالنا۔

ڈھائی چلّو لہو پینا (ہ) حالتِ غضب میں کسی کو مار کر غصے کو فرو کرنے کے لئے لہو پینا۔

ڈھائی دن کی بادشاہت (ا۔ہ۔مث) چند دن کی حکومت یا عروج۔ ڈھابنا۔

ڈھب (ہ۔مذ) طرز۔طریقہ۔ڈھنگ

ڈھب پر چڑھنا (ہ) قابو میں آنا۔ بس میں آنا۔

ڈھٹائی (ہ۔مث) بے شرمی۔ضد۔ بے ادبی۔

ڈھکنا (ہ۔مذ) سرپوش۔ ڈھکن۔

ڈھلان (ہ۔مث) ڈھال۔آہستہ آہستہ نیچان ہوتے جانا۔رجوع۔

ڈھلتی پھرتی چھاؤں (ہ۔مث) دولت کے متعلق بولتے ہیں، کہ ایک حال پر نہیں رہتی، کبھی ادھر کبھی اُدھر۔

ڈھلکنا (ہ) اوپر سے نیچے کو سرکنا یا آنا۔ ڈگمگانا۔بہنا۔

ڈھلملانا (ہ) لڑھکنا۔ ڈانواں ڈول ہونا۔

ڈھلمل یا ڈھلمل یقین (ہ) ضعیف اعتقاد کا آدمی۔

ڈھلنا (ہ) گھٹنا۔زوال ہونا۔سانچے میں تیار ہونا۔

ڈھلوانا (ہ) اسباب وغیرہ ایک جگہ سے دوسری جگہ اٹھوانا۔

ڈھلوائی (ہ۔مث) اسباب ایک جگہ سے دوسری جگہ پہنچوانے کی اُجرت۔

ڈھنڈوانا (ہ) تلاش کرانا۔

ڈھنڈورا (ہ۔مذ) منادی ہونا۔

ڈھنگ (ہ۔مذ) طریقہ۔طور۔عادت۔

ڈھنگ ڈالنا (ہ) بنیاد رکھنا۔ کوئی کام شروع کرنا۔راستے ڈالنا

ڈھیٹ (ہ۔ص) ضدی۔بے حیا۔ شوخ۔

ڈھیر (ہ۔مذ) انبار۔تودہ۔بکثرت۔

ڈھیر کردینا۔ مار ڈالنا ÷

ڈھیر لگانا (ہ) لگا دینا۔ڈھیری بنا کر رکھ دینا ÷

ڈِھیل (ہ۔مث) دیر۔سستی ÷

ڈِھیل دینا (ہ) مہلت دینا ÷

ڈِھیلا (ہ۔مذ) کھُلا۔سست ÷

ڈِھیلا چھوڑنا (ہ) کسی طرف خیال نہ کرنا۔ باز پرس نہ کرنا ÷

ڈِھینکلی (ہ۔مث) پانی نکالنے کی لمبی لکڑی جس کے ایک طرف بھاری وزن اور دوسری جانب ڈول کی رسی ہوتی ہے آب کش

(ڈ ۔ ی)

ڈَیڈ لَیٹر آفس Dead Letter office (انگ۔مذ) بے پتہ چٹھیوں کا دفتر ÷

ڈَیڈیکیشن (Dedication) (انگ۔مذ) نامزدگی۔کتاب کو کسی کے نام معنون کرنا ÷

ڈِیَر (Dear) (انگ۔مذ) پیارا۔محبوب ÷

ڈیرا (ہ۔مذ) خیمہ۔قیام گاہ۔ٹھہرنے کی جگہ ÷

ڈیرا ڈالنا (ہ) خیمہ گاڑنا ÷

ڈیرے ڈال دینے۔(ہ) رہ پڑنا ÷

ڈیڑھ اینٹ کی مسجد جدا بنانا (و) الگ ہونا۔کسی سے متفق نہ ہونا ÷

ڈیسی میٹر (Decimeter) (انگ۔مذ) میٹر کا دسواں حصہ ÷

ڈیفنس (Defence) (مذ) مقابلہ۔روک۔مدافعت ÷

ڈیکلریشن (Declaration) (انگ۔مذ) اعلان۔وہ درخواست جو اخبار وغیرہ کے مالک، مدیر اور ناشر کی طرف سے اپنی ذمہ داری کے متعلق گزارے ÷

ڈِیل ڈَول (ہ۔مذ) شکل وصورت۔وضع قطع ÷

ڈیمانسٹریٹر (Demonstrator) (انگ۔مذ)

(۱) وضاحت

(۱) وضاحت کرنے والا (۲) کسی پروفیسر کا معاون جو جماعت کو عملی کام کرا سکے، مثلاً سائنس کے تجربے کرانے میں مدد دینے والا۔

ڈیلی (Daily) (انگ۔ص) روزانہ۔ روزانہ اخبار۔

ڈیلیگیٹ (Delegate) (انگ۔مذ) نمائندہ۔ مختار۔ نائب۔

ڈیمیج (Damage) (انگ۔مذ) نقصان۔

ڈیمرج (Demurrage) (انگ۔مذ) ریل کے ذریعے سے آئے ہوئے مال پر (وقت مقررہ سے زیادہ دیر تک) اسٹیشن پر رہنے کا محصول۔

ڈِینگ (ہ۔مث) شیخی۔ اپنی بڑائی۔

ڈِینگ مارنا (ہ) شیخی بگھارنا۔ اِترانا۔

ڈِیو (Due) (انگ۔مذ) ضروری۔ واجب۔ واجب الوصول۔

ڈیوٹی (Duty) (انگ۔مث) فرض۔ کام۔ محصول۔

ڈیوڑھا (ہ۔ص) ایک اور آدھا۔

ڈیوڑھی (ہ۔مث) پٹا ہوا دروازہ۔ آستانہ۔

ڈیوک (Duke) (انگ۔مذ) بڑے درجے کا امیر۔

ذ

(ذ۔ا)

ذَات (ع۔مث) ہستی۔ وجود۔ اصلیت خاندان۔

ذاتُ الجَنب (ع۔مث) پسلی کا درد۔

ذَاتُ الرِّیہ (ع-مث) نمونیا پھیپھڑے کا ورم +

ذَاتُ الصَّدر (ع-مذ) درد سینہ +

ذات پات (ا-مث) ذات - گوت - خاندانی تمیز +

ذاتی (ع-ص) اپنا - نج کا - حقیقی +

ذاتی حملہ (ا-مذ) کسی شخص کی ذات اور شخصیت کو بدنام کرنا +

ذاتی حیثیت (ا-مث) کسی شخص کی اپنی حیثیت یا رتبہ +

ذاتی شجاعت (ا-مث) کسی شخص کی اپنی بہادری +

ذاتی تعلقات (ا-مذ) اپنے تعلقات +

ذاتی معاملات (ا-مذ) نج کے معاملات - گھر کے حالات +

ذاتی جوہر (ا-مذ) کسی آدمی کا اپنا ہنر - اصلی خوبی +

ذائقہ (ع-مذ) مزہ - لذت - چسکا +

ذائقہ دار (ا-ص) مزے دار - لذیذ +

(ذ - ب - خ)

ذُباب (ع) (ذُبَّ = ماضی مجہول بمعنی ہٹ کی گئی - دور ہو گئی + آب = رَجَعَ بمعنی واپس آئی - یعنی اسے ہٹاؤ تو پھر واپس آ جاتی ہے - اس سے یہ نام پڑا) مث (مکھی - عام گھریلو مکھی - مگس +

ذَبح (ع-مذ) قتل کرنا - گلا کاٹنا - گردن پر چھری پھیرنا +

ذَبح کرنا (ا) حلال کرنا - شرع کے طریقہ کے مطابق جانور کا گلا کاٹنا

ذَبیح (ع-مذ) ذبح کیا ہوا +

ذَبیحُ اللّٰہ (ع-مذ) حضرت اسمٰعیل پیغمبر کا لقب +

ذَخّار (ف-ص) بہت بڑا سمندر +

ذَخیرہ (ع-مذ) خزانہ - گودام (ذخائر جمع) +

(ذ - ر - ق - ک - ل)

ذَرا (ا-ص) تھوڑا - کم - تھوڑی دیر

ذَرَّہ (ع۔مذ) اس قدر چھوٹا جز و جو ٹکڑے ٹکڑے نہ ہو سکے۔آفتاب کی شعاعوں میں جو باریک باریک اجزا نظر آتے ہیں۔ریزہ۔ٹکڑا (ذرّات جمع) +

ذَرَّہ نَوازی (ف۔مث) بندہ پروری غریب پر رحم کرنا +

ذَرائع (ع۔مذ۔ج) (واحد ذریعہ) +

ذرّات (ع۔مذ۔ج) (واحد ذرّہ) +

ذُرِّیَت (ع۔مث) اولاد +

ذَرِیعَہ (ع۔مذ) سبب۔وسیلہ۔واسطہ (ذرائع جمع) +

ذَقَن (ع۔مذ) ٹھوڑی۔زنخدان +

ذکا (ع۔مث) دانش۔سمجھ۔عقل +

ذَکاوَت (ع۔مث) دانائی۔ذہانت +

ذَکَر (ع۔مذ) آلۂ تناسل (ذُکور جمع) +

ذِکر (ع۔مذ) یاد۔چرچا۔بیان۔وِرد +

ذکرِ جمیل (ع۔مذ) اچھا ذکر۔عمدہ ذِکر۔

ذِکرِ خیر (ع۔مذ) نیک ذکر۔اچھائی سے یاد کرنا +

ذُکور (ع۔مذ۔ج) (واحد ذکر) +

ذَکی (ع۔ص) سمجھدار۔عاقل۔تیز فہم +

ذِلّت (ع۔مث) خواری۔رسوائی +

ذِلّت اُٹھانا (ل) ذلیل ہونا۔بدنام ہونا +

ذَلیل (ع۔مذ) بدنام۔رسوا +

(ذ۔م۔و)

ذَم (ع۔مث) بُرائی۔ہجو +

ذِمّہ (ع۔مذ) ضمانت۔فرض۔جوابدہی +

ذِمّہ دار (و۔ص) جوابدہ۔کفیل۔کارکن

ذِمّہ داری (و۔مث) جوابدہی۔نگہبانی

ذِمّی (ع۔مذ) غیر مسلم جو اسلامی علاقے میں رہتا ہو

ذُو (ع۔مذ) صاحب۔مالک +

ذُواَضعافِ اَقل۔چند اعداد کا وہ چھوٹے سے چھوٹا حاصل ضرب جو ان اعداد میں سے ہر ایک عدد سے برابر تقسیم ہو جائے +

ذُوذَنقَہ۔علم ہندسہ۔(جیومیٹری) میں وہ شکل جس کے دو ضلعے متوازی مگر نابرابر ہوں۔اور غیر متوازی ضلعے بھی برابر نہ ہوں +

ذُوالجَلال (ع - مذ) جلال اور رعب والا - خدائے تعالیٰ کا نام +
ذُوالحِجَّہ یا ذِی الحِجَّہ (ع - مذ) حج کا مہینہ - سنِ ہجری کا آخری مہینہ +
ذُوالفِقار (ع - مث) حضرت علیؓ کی تلوار کا نام ہے +
ذُوالقَرنَین (ع - مذ) دو سینگوں والا - لقب سکندرِ اعظم +
ذُوالمِنَن (ع - ص) احسانوں والا - خدا کا نام +
ذُومَعنیٰ (ع - مذ) ایسی بات جس کے دو یا زیادہ مطلب ہوں +
ذُوِی المَجدِ والاحتِرام (ع) ذو = والا۔ مجد = بزرگی۔ احترام = عزت) بزرگی اور عزت والا یعنی بزرگ اور معزز +
ذَوق (ع - مذ) مزہ - چکھنا - شوق - لطف -

(ذ - ہ - ی)

ذہانَت (ع - مث) عقلمندی - تیز فہمی +
ذِہن (ع - مذ) سمجھ - قابلیت - حافظہ -
(اَذہان جمع)
ذِہن لڑانا (ف) سوچنا - غور کرنا +
ذِہن نشین کرنا (ف) اچھی طرح سمجھانا +
ذِہنی حِساب (ع - مذ) زبانی حساب - (تحریری کا نقیض) +
ذِہنیّت (ع - مث) ذہن کی حالت - خیالات +
ذَہِین (ع - ص) ہوشیار - تیز فہم - ذکی +
ذِی (ع - مذ) صاحب - مالک +
ذِی اِختِیار (ع - ص) اختیار والا - مالک +
ذِی اِقتِدار (ع - ص) عزت والا +
ذِی رُوح (ع - ص) جاندار +
ذِی عِزَّت (ع - ص) صاحب عزت - معزز +
ذِی جاہ (ع - ص) رتبے والا - عزت والا +
ذِی رُتبَہ (ع - ص) مرتبے والا - عزت والا +
ذِی قَدر (ع - ص) باعزت +
ذِی وَقار (ع - ص) باعزت +

ذِی ہوش (ع-ص) ہوشمند +
ذَیل (ع-مث) نیچے کا حصہ۔ دامن۔ علاقہ
ذَیل دار (ف-مذ) علاقے کا سرکاری عہدہ دار +

ر

(رَ ۔ ا)

رابؔ (ہ-مذ) ایک قسم کی مٹھائی جس میں سے شیرہ نکال کر سفید کھانڈ بناتے ہیں +
رابطہ (ع-مذ) تعلق۔ میل جول۔ رشتہ +
رابع (ع-ص) چوتھا۔ چہارم +
رات (ہ-مث) سورج غروب ہونے سے طلوع ہونے تک کا وقت۔ شب
رات بھیگنا (ہ) رات گزرنا۔ رات ڈھلنا۔ رات سرد ہوتی جانا +
رات تھوڑی سوانگ بہت (ہ) وقت تھوڑا اور کام زیادہ +
راتِب (ع-مذ) روزینہ۔ ہماری جانور خصوصاً کتے کی غذا +
راج (ہ-مذ) حکومت۔ اختیار۔ مکان۔ بنانے والا معمار +
راج بَہادہ (ہ-مذ) بڑی نہر سے نکلی ہوئی چھوٹی نہر
راج نیتک (ہ-ص) فن حکمرانی کے متعلق۔ ریاست کے متعلق۔ سیاسی +
راج بنسی (ہ-ص) شاہی خاندان کا۔ راجپوتوں کی ایک ذات +
راجپوت (ہ-مذ) راجہ کی اولاد۔ ہندوستان کی بہادر قوم جو گزشتہ راجوں کی نسل سے چلی آتی ہے +
راج تِلک (ہ-مذ) بادشاہی کا ٹیکا +
راج دُلاری (ہ-مث) شہزادی +
راجدھانی (ہ-مث) صدر مقام +
راجکمار (ہ-مذ) شہزادہ راجہ کا بیٹا +

راجا (ہ۔ما) بادشاہ یعنی۔ دولتمند
راحت (ع۔مث) آرام۔سکھ۔چین
راز (ف۔مذ) بھید۔پوشیدہ بات
رازدار (ف) بڑا گہرا دوست جس سے کوئی بات چھپی نہ ہو
رازداری (ف۔مث) بھید رکھنا بات کو چھپانا
راز فاش کرنا (ف) بھید کھولنا۔راز بتا دینا
راز دینا (ف۔مذ) عاشق ومعشوق کی باتیں۔پیار اور اخلاص
رازق (ع۔مذ) رزق دینے والا۔خدا
راس (ع۔مذ) سر۔مویشی کا سر۔شلث کا وہ زمانہ جو قاعدے کے بالمقابل ہوتا ہے۔حبشی زبان میں بمعنی سردار
راس الجدی (ع۔مذ) خط جدی کا وہ نقطہ جہاں سورج پہنچنے سے شمالی نصف کرے میں جاڑا شروع ہو جاتا ہے
راس السرطان (ع۔مذ) خط سرطان کا وہ نقطہ جہاں سورج پہنچنے سے شمالی نصف کرے میں گرمی شروع ہو جاتی ہے۔
راس المال (ع۔مذ) اصل۔پونجی سرمایہ
راس آنا (ہ) درست آنا۔موافق بیٹھنا
راست (ف۔ص) درست۔سچ۔حقیقی
راست باز (ف۔ص) سچا آدمی
راست بازی (ف۔مث) سچ بولنا۔سچائی
راست گو (ف۔ص) سچا۔صاف گو
راستہ (ف۔مذ) سڑک۔طریقہ
راستہ دیکھنا (ہ) انتظار کرنا
راستی (ف۔مث) سچائی
راسخ (ع۔ص) پکا۔مضبوط
راشن (Ration) راتب (انگ۔مذ) رسد۔خوراک۔راتب
راشی (ع۔مذ) رشوت دینے والا۔غلط العوام معنی رشوت لینے والا
راضی (ع۔ص) رضامند ہونا۔خوش ہونا

راضی برضا (ع۔ص) خدا کے احکام پر راضی۔
راضی نامہ (ف۔مذ) دو فریقوں کی رضامندی کی تحریر۔ صلح کی تحریر۔
راغب (ع۔مذ) خواہشمند۔ مائل
رافضی (ع۔مذ) وہ گروہ جس نے حضرت زید بن علیؓ کا ساتھ چھوڑ دیا تھا۔ (روافض جمع)
راقم (ع۔مذ) لکھنے والا
راکشس (ہ۔مذ) سرکش۔ ظالم۔ جن بھوت
راکھ (ہ) جلی ہوئی چیز کی خاک۔ خاکستر
راکھی (ہ۔مث) ہندوؤں میں یہ رواج ہے کہ ساون کے مہینہ میں بہنیں اپنے بھائیوں کو ریشم اور تلے کے تار دیکو بٹ کر بنائی ہوئی سمجھتی ہیں جو ایک دوسرے کی محبت کی علامت سمجھی جاتی ہے اس رسم کو سلونو کی رسم کہتے ہیں اسی کو راکھی کہتے ہیں

راگ (ہ۔مذ) گانا۔ سر۔ ترانہ
راگ رنگ (ہ۔مذ) عیش و عشرت
رال (ہ۔مث) منہ کا لعاب۔ منہ کا لیس دار پانی
رال ٹپکنا (ہ) کسی چیز کو جی چاہنا۔ عاشق ہونا۔ لعاب دہن کا بہنا
رام (ہ۔مذ) خدا۔ پرمیشور۔ پرسرام تیجو اور رامچندر جی کا خطاب
رام بھجن (ہ۔مذ) خدا کی یاد۔ تعریف حمد خدا۔
رام رام (ہ۔مذ) ہندوؤں کا باہمی سلام۔ توبہ توبہ
رام کہانی (ہ۔مث) لمبی کہانی
رام لیلا (ہ۔مث) دسہرے کا میلہ
رام (ف۔ص) قابو۔ مطیع
رامائن (ہ۔مث) راجہ رام چندر جی کے حالات کی مشہور کتاب جو پہلے بالمیک جی نے سنسکرت میں اور پھر تلسی داس نے ہندی میں لکھی۔
رام نوی (ہ۔مث) رامچندر جی کا

کا جنم دن اور وہ تہوار جو
چیت کے پچھلے پاکھ کی نویں
تاریخ کو منایا جاتا ہے
ران (ہ۔مث) ٹانگ گھٹنے سے اوپر کا حصہ
رانا (ہ۔مذ) راجا
راندہ (ف۔ص) دھتکارا ہوا نکالا ہوا
رانڈ (ہ۔مث) بیوہ عورت
رانڈ کا سانڈ (ہ۔مذ) وہ شخص جو بیوہ
ماں کی کمائی کھا کر پلا ہو
نالائق بیٹا۔ آوارہ گرد کا
رانڈ کا سانڈ سوداگر کا گھوڑا
کھائے بہت چلے تھوڑا (ہ)
مثل) ناز پروردہ آدمی اور
سوداگر کا گھوڑا دونوں دیکھنے
میں اچھے ہوتے ہیں۔ مگر
کام کے نہیں ہوتے
رانگ (ہ۔مذ) قلعی۔ ایک قسم کا عمدہ
رانی (ہ۔مث) راجہ کی بیوی
راول (ہ۔مذ) سردار۔ سپاہی
راون (ہ۔مذ) لنکا کے راجہ کا نام ہے
جسکے ساتھ راجہ رامچندر

کی لڑائی ہوئی تھی۔
راونڈ ٹیبل کانفرنس
Round table Conference
(انگ۔مث) گول میز کانفرنس
ایسی کمیٹی جسکے اراکین مساوی
حیثیت سے بات چیت کریں
اصطلاحاً وہ کانفرنس جو انگریز
اور ہندوستانی ممبروں کو یکجا
کرکے دستور و آئین ہند منع
کرنے کے لئے ۱۹۳۰ء میں
منعقد ہوئی۔
راوی (ع۔مذ) روایت کرنے والا
بات بیان کرنیوالا
راوی (ہ۔مث) پنجاب کا ایک دریا
راہ (ف۔مث) راستہ۔ سڑک۔ رسم
راہبر (ف۔مذ) راستہ دکھانیوالا۔ ہادی
راہ پہ لانا (ہ) ٹھیک رستے پر لانا۔
نیک بنانا
راہ داری (ف۔مذ) رستے کے لئے
تحریر تاکہ کوئی مزاحم نہ ہو۔ محصول راہ
راہ دیکھنا (ہ) انتظار کرنا

راہ رَو (ف۔ مذ) رستہ چلنے والا۔مسافر
راہ زن (ف۔ مذ) ڈاکو۔لٹیرا۔قزاق
راہ گزر (ف۔ مث) شارع عام۔سڑک
راہ گیر (ف۔ مذ) مسافر
راہ (ف۔ مذ) رستہ دکھانیوالا
راہوار (ف۔ مذ) تیز رفتار گھوڑا۔
گھوڑے کی چال
راہ و رسم (ف۔ مث) طریقہ۔ رواج
راہب (ع۔ مذ) زاہد۔ تارک الدنیا
پادری
رائیٹر ایجنسی (دیکھو روٹرز ایجنسی)
رائے (ف۔ مث) تجویز۔مشورہ۔
رائے بہادر (ف۔ مذ) سرکار کی طرف
سے ہندو رئیس یا عہدیدار
کا خطاب
رائی (ہ) ایک قسم کے بیج جن کا تیل نکالا جاتا ہے
رایت (ع۔ مذ) علم۔جھنڈا (رایات جمع)
رائٹ (Right) (انگ ص)
درست۔ٹھیک۔حق
رائٹر (Writer) (انگ
مذ) لکھنے والا۔منشی۔مصنف

رائج (ع۔ ص) رواج میں جاری
رائج الوقت (ع۔ مذ) مروجہ۔ وقت
کا سکہ
رائگاں (ف۔ ص) ضائع۔بیفائدہ۔
رائیفل (Rifle) (انگ۔ مذ)
بندوق
رائل (Royal) (انگ۔
مث) شاہی
رائل سوسائٹی
(Royal Society (انگ
مث) شاہی انجمن
رائل فیملی
(Royal Family (انگ۔ مذ)
شاہی خاندان

(ر۔ب)

رَبّ (ع۔ مذ) پالنے والا۔خدا۔پروردگار
مالک (ارباب جمع)
ربّ الارباب (ع۔ مذ) تمام ربوں کا
رب۔ سب کا رب
رَبّ العالمین (ع۔ مذ) تمام جہانوں

کا پالنے والا
رُب (ع۔مذ) شیرہ
رُباب (ع۔مذ) سارنگی کی قسم کا ایک باجہ۔
رُباعی (ع۔مث) چار مصرعوں والی نظم
رَبڑ (Rubber) (انگ۔مذ) سیاہی یا پنسل وغیرہ کی تحریر مٹانے کی چیز۔
ربڑی (ہ۔مث) گاڑھا گھٹا ہوا ملائی سا دودھ
رَبط (ع۔مذ) جوڑ۔ تعلق۔ رشتہ محبت۔
ربط و ضبط (ا۔مذ) میل ملاپ محبت گہرا تعلق
رُبع (ا۔مذ) چوتھائی
رُبع سکون (ع۔مذ) دنیا کا چوتھائی آباد حصہ یعنی خشکی جس پر دنیا آباد ہے
ربوبیت (ع۔مث) رب ہونا۔ پرورش کرنا۔ خدائی
رَبیع (ع۔مث) موسم بہار۔ وہ فصل جو اکتوبر میں بوئی جاتی ہے
رَبیع الآخر (ع۔مذ) ہجری سال کا چوتھا مہینہ۔
ربیع الاوّل (ع۔مذ) ہجری سال کا تیسرا مہینہ ایک فصل کا نام بھی ہے
رَبیع الثّانی (ع۔مذ) ربیع کی فصل کا آخری حصہ یہ مہینہ کا نام نہیں ہے

(ر۔پ۔ت)

رَپَٹ (انگ۔مث) انگریزی لفظ رپورٹ Report کا بگڑا ہوا ہے۔ اطلاع۔ خبر
رِپورٹ (انگ۔مث) اطلاع۔ خبر
رِپورٹر (Reporter) (انگ۔مذ) اطلاع دینے والا خبر دینے والا۔ اخباروں کے لئے خبریں جمع کرنے والا
رُپہلی (ہ۔ص) روپے کے رنگ کا سفید
رُت (ہ۔مث) موسم۔ فصل
رُت بدلنا یا پھرنا (ہ) موسم بدلنا

رُتبہ (ع۔مذ) درجہ۔عزت۔عہدہ
رَتَن (ہ۔مذ) نگ۔جوہر۔آنکھ کی پتلی
رَتق و فتق (ع۔مذ) بند و بست انتظام
رتوندھا (ہ۔مذ) رات کو دکھائی نہ دینے کا مرض۔شب کوری
رَتھ (ہ۔مث۔مذ) ایک قسم کی برج نما چھت۔گاڑی
رَتّی (ہ۔مث) ماشہ کا آٹھواں حصہ بہت کم۔ذرہ
رَتی بھر (ہ) ذرا سا قلیل
رَتی رَتی (ہ۔مث) ذرہ۔ذرہ۔ایک ایک دانہ

(ر۔ٹ۔ج)

رَٹ (ہ۔مث) تکرار۔باربار دُہرانہ
رَٹنا (ہ) بابار کہنا حفظ یاد کرنا
رَجا (ع۔مث) امید۔چھوٹا۔حل
رجال
رجال الغیب (ع۔مذ) مردانِ غیب
رَجَب (ع۔مذ) ہجری سال کا ساتواں مہینہ
رجحان (ع۔مذ) میلان۔توجہ جھکاؤ
رجز (ع۔مذ) عروض کے ایک بحر کا نام ہے
رجسٹر Register (انگ۔مذ) یادداشت۔حاضری کی کتاب۔بہی۔دفتر
رجسٹرار Registrar (انگ۔مذ) دستاویزات وغیرہ کی رجسٹری کرنیوالا
رِجسٹرڈ Registered (انگ۔ص) رجسٹری کیا ہوا
رجسٹری (ا۔مث) کتاب یا رجسٹر میں درج کرنا۔درج شدہ دستے
رَجسٹری کرانا (ا) رجسٹر میں درج کرانا
رجسٹریشن Registration (انگ۔مث) اندراج۔فہرست رجسٹر میں درج کرنا
رَجعت (ع۔مث) واپسی۔لوٹنا
رجعت پسندی (ا۔مث) سیاسیات میں ایسے خیالات جو دستوری

ترقی کے خلاف ہوں۔ جلکہ رجعت پرستی

رِجمنٹ (Regiment) (انگ۔مث) پلٹن۔ دستہ

رُجُوع (ع۔مذ) توجہ۔ دھیان۔ میلان

رُجُوع کرنا (۱) واپس ہونا۔ متوجہ ہونا

رُجولیت (ع۔مث) مردی قوت۔ مردمی

رِجھانا (ہ) خوش کرنا۔ فریفتہ کرنا لبھانا

(ر۔چ ح خ)

رَچانا (ہ) رونق دینا۔ معطر کرنا

رَچنا۔ رونق دکھانا۔ رنگ نکالنا یا رونق ہونا۔

رِحل (ع۔مث) منزل۔ کوچ کرنا قرآن مجید رکھکر پڑھنے کی اونچی چیز

رِحلت (ع۔مث) کوچ۔ روانگی انتقال

رَحم (ع۔مذ) بخشنا۔ مہربانی کرنا۔ ترس

رِحم (ع۔مذ) بچہ دانی۔ گھر

رحم دِل (ف۔ص) مہربانی کرنیوالا۔ ہمدرد۔

رَحم دِلی (ف۔مث) نرمی۔ ترس کھانا ہمدردی

رحم کھانا (۱) ترس کھانا

رحمٰن (ع۔مذ) رحم کرنیوالا۔ خدا

رحمت (ع۔مث) بخشش۔ مہربانی عنایت

رَحیم (ع۔ص) رحم کرنے والا۔ مہربان خدا

رُخ (ف۔مذ) چہرہ۔ توجہ۔ جانب

رُخ بَدلنا (۱) توجہ ہٹانا۔ سمت بدلنا دوسری طرف ہوجانا

رَخت (ف۔مذ) اسباب ضروریات

رختِ سفر (ف۔مذ) سفر کا اسباب

رخت کہن (ف۔مذ) پرانا اسباب

رُخسار (ف۔مذ) گال

رُخسارہ (ف۔مذ) گال کا اوپر کا حصہ

رُخصت (ع۔مث) اجازت۔ منظوری روانگی۔ مذ اسم

رخصت اتفاقی (۱۔مث) وہ چھٹی جو کسی ملازم کو اتفاقاً لینی پڑے

اتفاقی ضرورتوں کے لیے سال
بھر میں چند مقررہ دنوں کی
رخصت ملتی ہے جو اسی سال میں
قابل حصول ہوتی ہے

رُخصتِ استحقاقی (ا۔ مث) سرکاری
ملازموں کو سال بھر میں ایک
ماہ یا کم و بیش ایام کی رخصت
مل سکتی ہے جو چند سال تک جمع
کر کے بھی لی جا سکتی ہے

رُخصت کرنا (ف) اجازت دینا (۲) طے
کرنا۔ روانہ کرنا

رُخصتی (ا۔ص) وہ شخص جو چھٹی پہ ہو
دلہن کو سسرال بھیجنا

رَخنہ (ف۔مذ) سوراخ۔ چھید۔ درز
روک۔ فساد

رَخنہ اندازی (ف۔مث) رکاوٹ
ڈالنا جھگڑا اٹھانا

رَخنہ نکالنا (ف) فتنہ اٹھانا

(ر۔ د۔ ذ۔ ز)

رَدّ (ع۔مذ) جواب انکار۔ اعتراض

ردّ کرنا (ف) واپس کرنا۔ جواب دینا
اعتراض کرنا۔ انکار کرنا

ردّ و بدل (ع۔مذ) بحث۔ مباحثہ

ردّ و کدّ (ع۔مذ) سوال جواب

ردّا (ع۔مذ) دیوار میں اینٹوں کی ایک
تہ (رکھنا)

ردا (ع۔مذ) چادر

ردّی (ا۔ص) خراب۔ ناقص۔ نکما

رَدِیف (ع۔مث) وہ لفظ جو غزل یا
قصیدے میں قافیہ کے بعد
بار بار آتا ہو

رَدیف اغلاد (ع) وہ لفظ جو دو دو لفظ
کے بعد آتا ہے جیسے چار رالک
بیل بادو مہار شتر میں راس
اور مہار

ردیف وار (ف) ترتیب۔ وار

رَذالت (ع۔مث) کمینگی۔ بدذاتی

رذائل (ع۔مث۔ج) واحد رذیلہ کمینگیاں
بری عادتیں

رَذیل (ع۔مذ) کمینہ (اراذل جمع)

رَز (ف۔مذ) انگور

رَزّاق (ع۔مذ) بہت رزق دینے والا خدا

رَزّاقِ مُطلق (ع۔مذ) خدا تعالیٰ

رِزَروڈ (Reserved)
(انگ۔ص) مخصوص۔خاص

رِزَلٹ (Result)
(انگ۔مذ) نتیجہ۔ انجام

رِزق (ع۔مذ) روزی۔ کھانا۔ (ارزاق جمع)

رَزم (ف۔مذ) لڑائی

رزم گاہ (ف۔مث) میدانِ جنگ

رزمیہ (ع۔مث) وہ نظم جس میں جنگ کا حال بیان کیا ہو۔

(ر ۔ س)

رَس بھری (ہ۔ص) رس والی۔ مزیدار نشے والی آنکھیں

رَسا (ف) کہاوت میں بمعنی پہنچنے والا

رِسالَت (ع۔مث) پیغمبری

رِسالدار (ف۔مذ) رسالہ کا افسر

رِسالَہ (ع۔مذ) چھوٹی سی کتاب۔ فوج کا دستہ

رسائل (ع۔مذ ج) (واحد رسالہ)

رَسائین (س۔مث) اکسیر۔ ایک دوا

رِسائی (ف۔مث) پہنچ۔ دخل میل۔ ملاپ

رِسپانڈنٹ Respondent
(انگ۔مذ) جواب دہ

رُستم (ف۔مذ) ایران کے مشہور بہادر پہلوان کا نام ہے

رُستم خوانی (ف۔مث) فن سپاہ گری میں لکڑی چلانے یعنی پھکیتی کی ایک خاص ترکیب۔ اس طرز کی پھکیتی کی وہ شکل جو اس نے ہندوستان میں آکر اختیار کی (نیز دیکھو۔ علی مدد)

رَستہ (ف۔مذ) راہ۔ سڑک۔ طریقہ رواج۔

رَسَد (ف۔مث) خوراک۔ زادِ راہ

رَسد رسانی (ف۔مث) غلہ پہنچانے کا کام

رَسم ورواج (ع۔ف۔مذ) غور طریقہ۔ دستور

رَسمی (ف۔ص) معمولی۔ رواجی
رِسنا (ہ) ٹپکنا۔ چونا۔ بہنا
رُسوا (ف۔ص) ذلیل۔ خوار۔ بدنام
رُسوائی (ف۔مث) بدنامی۔ ذلت
رُسوخ (ع۔مذ) میل ملاپ۔ لحاظ اعتبار
رُسول (ع۔مذ) بھیجا ہوا۔ پیغمبر۔ ایلچی
رَسولا (ہ۔مث) ایک قسم کا غدود
رُسوم (ع۔مث) جمع رسم (روایات۔ عدالتی اصطلاح میں وہ ٹکٹ جو کسی عدالتی کاغذ پر لگایا جاتا ہے ان اکھٹی معنوں میں واحد آتا ہے
رُسومات (ع۔مث) رسم کی جمع (الجمع)
رسوئی (ہ۔مث) کھانا۔ باورچی خانہ
رسہ کشی (ہ۔مث) ایک قسم کی ورزش جسمیں دو پارٹیاں بالمقابل کھڑی ہو کر رسے کو کھینچتی ہیں۔
رسی (ہ۔مث) ڈوری
رسی ڈھیلی چھوڑنا (ہ) آزادی دینا خود مختار کرنا۔ خیال نہ کرنا
رسی دراز ہونا (ہ) مہلت ملنا زیادہ عمر پانا
رَسید (ف۔مث) پہنچ۔ رسائی۔ کسی چیز کی وصولی کی تحریر
رسید نہ دینا کسی چیز کے حاصل ہو جانے کی خبر نہ دینا۔ قبول نہ کرنا کہ مجھے مل گئی ہے یا میرے پاس ہے
رَسیلا (ہ۔مذ) رس بھرا۔ مزیدار بانکا
رَسیلی (ہ۔مث) بانکی

(ر۔ش۔ص۔ض۔ط)

رِشتہ (ف۔مذ) تاگا۔ تعلق۔ قرابت
رِشتہ دار (ف۔مذ) قرابت دار برادری کا آدمی
رِشتہ داری (ف۔مث) قرابت نزدیکی۔ برادری
رَشک (ف۔مذ) ریس۔ حسد۔ جلن
رِشوت (ع۔مث) ناجائز رقم لینا

رِشوت ستانی (ف۔مث) رشوت لینا

رِشی (ہ۔مذ) خدا پرست۔سادھو بزرگ

رَشید (ہ۔مذ) اچھا نیک۔ہدایت یافتہ

رَصَد (ع۔مث) دیکھنا خصوصاً ستاروں کو

رَصدگاہ (ف۔مث) جنتر منتر۔ستاروں کی گردش دیکھنے کا امکان

رَضا (ع۔مث) اجازت۔خوشی۔مرضی

رَضامند (ف۔ص) راضی۔خوش متفق۔

رضامندی (ف۔مث) خوشی۔مرضی

رضاعت (ع۔مث) بچے کو دودھ پلانا بچے کو دودھ پلانے کا زمانہ

رِضاعی (ع۔ص) ہمشیرہ۔دودھ شریک

رضوان (ع۔مذ) بہشت کا دربان

رَطب (ع۔ص) تر و تازہ

رطب اللسان (ع۔مذ) شیریں زبان کسی کی تعریف میں شیریں زبانی سے کام لینے والا

رطب یابس (ع۔مذ) خشک و تر بری بھلی چیز

رَطل (ع۔مذ) شراب کا پیالہ۔ادھ سیر کا پیمانہ

رَطوبت (ع۔مث) تری۔نمی

رطوبت پیما (ف۔مذ) ایک آلہ جس میں ہوا کی رطوبت ناپی جاتی ہے

(ر۔ع۔غ)

رعایا (ع۔مث) زیرفرمان۔ماتحت لوگ زبانوں پر ترکی زیر سے ہے

رَعایا پروری (ف۔مث) رعیت کا خیال رکھنا۔رعیت پر مہربانی کرنا

رعایت (ع۔مث) لحاظ۔مہربانی کسی چیز کی قیمت میں کمی کرنا

رِعایت لفظی (ع۔مث) جملے میں الفاظ کا تناسب

رَعایتی (ع۔ص) رعایت کیساتھ لحاظ کیا گیا

رُعب (ع۔مذ) ڈر۔دبدبہ۔شان و

شوکت ۔

رُعب داب (ع ۔ مذ) شان و شوکت
جاہ جلال

رَعد (ع ۔ مث) بجلی کی کڑک

رَعشہ (ع ۔ مذ) کپکپی ۔ لرزہ ۔ ہاتھ پاؤں
بے اختیار کانپتے رہنا

رَعنا (ع ۔ مث) البیلا ۔ رنگیلا ۔ خوبصورت

رَعنائی (ع ۔ مث) طرحداری ۔ بانکپن
تپاکی

رُعُونت (ع ۔ مث) تکبر ۔ غرور ۔ گھمنڈ

رَعیّت (ع ۔ مث) ماتحت ۔ خلقت
لوگ ۔ (جمع رعایا)

رَغبت (ع ۔ مث) چاہ ۔ توجہ ۔ خواہش
میلان

(ر ۔ ف)

رَف (انگ Rough)
ص) ناصاف ۔ مسودہ

رِفاقت (ع ۔ مث) ہمراہ ۔ ساتھ

رِفاہ (ع ۔ مث) آرام ۔ لوگوں کی بہتری
آسائش (ج ۔ رفاہ)

رِفاہ عامّہ (ع ۔ مث) لوگوں کی بہتری
اور آرام

رَفتار (ف ۔ مث) چال روشنی کسی جسم کا
ایک مقررہ وقت میں مقررہ فاصلہ
طے کرنے کی نسبت

رَفتار و گفتار (ف ۔ مث) چال ڈھال

رَفتگان (ف ۔ ص) گزرے ہوئے لوگ
وہ لوگ جو وفات پا چکے
ہیں

رَفتہ (ف) گزشتہ ۔ گزرا ہوا ۔

رَفتہ رَفتہ (ف) آہستہ آہستہ

رَفع (ع ۔ مذ) اٹھانا ۔ بلند کرنا ۔ چھوڑنا

رِفعت (ع ۔ مث) بلندی

رُفقاء (ع ۔ مذ) ج) واحد رفیق)
ساتھی ۔ دوست

رَفو (ف ۔ مذ) کپڑے کے سوراخ کو تاگے
سے بند کرنا ۔ ٹانکا لگانا

رَفو چکر ہونا (ا) چل دینا ۔ بھاگ جانا

رَفو کرنا (ا) سوراخ کرنا

رفوگر (ف ۔ مذ) رفو کرنے والا

رَفیع (ع ۔ ص) بلند ۔ اونچے مرتبے

والا

رفیعُ الشّان (د۔ص) بہت بلند شان والا

رفیق (د۔مذ) ساتھی۔ دوست۔ شریک کار۔ ہمسفر

(ر۔ق۔ک)

رَقابت (د۔مث) دشمنی

رَقبہ (د۔مذ) احاطہ۔ سطحی پیمائش

رِقّت (د۔مث) نرمی۔ دل بھر آنا ترس آنا۔ رحم آنا

رِقّت آمیز (ف۔ص) درد بھری

رَقص (د۔مذ) ناچنا

رَقص و سرود (د۔مذ) گانا بجانا ناچ رنگ

رُقعہ (د۔مذ) کاغذ کا لکھا ہوا ٹکڑا۔ پرچہ

رَقم (د۔مث) لکھنا۔ تحریر۔ روپیہ پیسہ

رَقمی سے (د۔ص) لکھتا ہوں۔ تحریر کرتا ہوں۔ لکھا جاتا ہے

رَقمی سوار (ا۔مذ) وہ سپاہی جو تنخواہ۔ دوا رہو۔

رَقمطراز (د۔مذ) لکھنے والا۔ کاتب چالاک آدمی

رَقیب (د۔مذ) ایک شخص یا کسی چیز کے کئی عاشق اور خواہشمند ایک دوسرے رقیب کہلاتے ہیں۔ دشمن۔ حریف

رَقیق (د۔ص) پتلا۔ نرم

رَقیق القلب (د۔ص) نرم دل رحم دل

رَقیمہ (د۔مذ) رقعہ۔ لکھا ہوا۔ چٹھی

رِکاب (د۔مث) سوار کے پاؤں رکھنے کیلئے لوہے کا بڑا چھلّا

رِکاب میں پاؤں ہونا۔ سفر کے لئے تیار ہونا۔ بہ رکاب ہونا مرنے کی تیاری ہونا عمر کم رہ جانا اور عمر کے لحاظ سے مرنے کے قریب ہونا

رکابی (ف) ایک قسم کا برتن جس میں سالن وغیرہ ڈالتے ہیں

رکابی مذہب (ف۔ص) ہر جائی ہر تھالی کا چٹا۔ جس کا کوئی خاص

مذہب نہ ہو۔

رُکاؤ (ہ۔ مذ) بندش، روک، بھیڑ، اوٹ

رُکاوٹ (ہ۔ مث) روک ٹوک
بندش

رَکس (ہ۔ مذ) شیرہ۔ لذت۔ ست
نچوڑ

رَکشا (س۔ مث) نگہبانی

رِکشا (Rickshaw) (انگ۔
مث) پہاڑی علاقوں کی ایک
قسم کی رکشا جسے آدمی کھینچتے
ہیں اصل جاپانی لفظ جنکی شا
(جن۔ آدمی۔ رکی۔ طاقت
شا۔ گاڑی)

رَکعت (ع۔ مث) نماز کا ایک جزو

رُکن (ع۔ مذ) تھم۔ ممبر۔ حصہ۔ جزو

رُکنیت (ع۔ مث) ممبری۔ کسی جماعت
کا رکن ہونا

رُکنا (ہ) ٹھہرنا۔ بند ہونا

رکوع (ع۔ مذ) جھکنا۔ نماز کا ایک رکن
جس میں گھٹنوں پر ہاتھ رکھ کر جھکتے ہیں

رکھائی (ہ۔ مث) روکھاپن۔ بدخلقی

رکھ رکھاؤ (ہ۔ مذ) دیکھ بھال
حفاظت

رکھنا (ہ) دھرنا۔ بچانا۔ جمع کرنا

رکھوالا (ہ۔ مذ) محافظ۔ حفاظت
کرنے والا

رکھوالی (ہ۔ مث) حفاظت۔ نگہبانی

(ر۔ گ۔ ل۔ م)

رگ (ف۔ مث) خون کی نالی۔ نس
ریشہ۔ ذات۔ اصل

رگ وریشہ (ف۔ مذ) رگ پٹھہ۔

رگڑ (ہ۔ مث) خفیف سا زخم۔ دو
چیزوں کے آپس میں رگڑنے
سے جو نشان پڑ جاتے ہیں

رگڑنا (ہ) پیسنا۔ گھوٹنا اور پونچھنا

رگ وید (س۔ مذ) ہندوؤں کے چار
ویدوں میں سے پہلا وید

ریلیجن (Religion) (انگ۔ مذ)
مذہب کے
دین۔ مذہبی

رم (ف۔ مذ) رمیدگی

رم خوردہ (ف ص) بھاگا ہوا
رِم (ا۔ مذ) کاغذ کے بیس دستوں کا گٹھ اصل انگریزی لفظ ریم (Ream) ہے
رمّال (ا۔ مذ) رمل جاننے والا۔ نجومی
رَمانا (ا) رچانا۔ سمانا۔ پھرانا
رِم جھم (ہ مؤنث) ہلکی ہلکی بارش۔ بارش کی آواز
رَمز (ا۔ مؤنث) بھید۔ پوشیدہ بات ادا۔ اشارہ۔ نوک جھوک
رَمز شناس (ف ص) رمز پہچاننے والا ادا جاننے والا
۱۶ رَمَضان (ا۔ مذ) ہجری سال کا نواں مہینہ جسمیں مسلمان روزے رکھتے ہیں
رَمَق (ا۔ مؤنث) آخری دم۔ تھوڑی سی جان
رَمل (ا۔ مذ) ریت۔ ایک مشہور علم کا نام جسکے ذریعہ سے پوشیدہ باتوں کے انکشاف کیا جاتا ہے اسکا تعلق ریت سے ہے

رَمنا (ہ) پھرنا۔ بنا (مذ) ہرن کے رہنے کا جنگل
رُموزہ (ا۔ مذ) ادائیں۔ بھید

(ر۔ ن)

رَن (ہ۔ مذ) جنگ۔ لڑائی۔ معرکہ
رَن پڑنا (ہ) جنگ ہونا۔ معرکہ پیش آنا
رن (Run) (انگ۔ مؤنث) دوڑ۔ کرکٹ کی دوڑ
رَن آؤٹ (Run out) (انگ) کھلاڑی کا ایک وکٹ سے دوسری وکٹ تک دوڑتے ہوئے مر جانا
رَنج (ف۔ مذ) دُکھ۔ درد۔ بیماری
رنج ومحن (ف۔ مذ) دُکھ۔ درد۔ تکلیف
رَنجش (ف۔ مؤنث) ناراضگی۔ رنجیدگی
رَنجور (ف۔ ص) رنج۔ بیماری۔ دُکھ اور کلمہ) بیمار

رَنجیدگی (ف۔مث) رنجش۔ ناراضگی

رَنجیدہ (ف۔ص) ناراض۔ غمگین

رنجیدہ خاطر (ف۔ص۔) ناخوش

رند (ف۔مذ) آزاد۔ جو رسم و رواج اور مذہب کا پابند ہو۔ شرابی

رندانہ (ف۔ص) رندوں کی طرح آزادانہ

رَندہ (ف۔مذ) لکڑی چھیلنے کا اوزار

رِنڈی (ف۔مث) داشتی

رَنڈاپا (ہ۔مذ) بیوگی

رَنڈوا (ہ۔مذ) وہ مرد جس کی بیوی مرگئی ہو۔

رنڈی (ہ۔مث) کسبی عورت۔ فاحشہ

رَنگ (ف۔مذ) روپ۔ رنگت حال خوشی

رنگ آمیزی (ف۔مث) رنگ ملانا۔ عبارت آرائی کرنی بات کو بڑھا کر بیان کرنا

رنگ بدلنا (ا) ڈھنگ بدلنا۔ طور طریقہ بدلنا

رَنگت (ہ۔مث) رنگ و روپ

رَنگ پھیکا ہوا (ا) رنگ اُڑنا رنگ فق ہونا۔ شرم سے چہرے کا رنگ اڑنا

رَنگ رَلیاں (ا۔مث) عیش و عشرت

رَنگ روپ (ا۔مذ) چمک چہرہ مہرہ

رَنگ ریز (ف۔مذ) کپڑے رنگنے والا

رنگ فق ہونا (ا) رنگ اڑنا پھیکا پڑنا

رنگ ساز (ف۔مذ) رنگ، کرنیوالا

رنگ لانا (ا) تماشہ دکھانا۔ بُرا نتیجہ نکلنا۔

رنگروٹ (ا۔مذ) نیا بھرتی شدہ سپاہی۔ (اصل انگریزی لفظ Recruit ہے)

رنگ میں بھنگ ڈالنا (ا) مزہ خراب کرنا

رنگیلا (ف۔ص) بانکا۔ زندہ دل خوش باش۔ عیاش

رنگین (ف۔ ص) رنگدار۔ رنگا ہوا

رنگین مزاج (ف) خوش مزاج
زندہ دل

رنگینی (ف۔ مث) خوش مزاجی
آرائش

(ر ۔ و)

رَو (ا۔ مث) بہاؤ۔ دھار۔ خیال

رُو (ف۔ مذ) چہرہ۔ مکھڑا۔ وجہ۔ سامنا
رعایت

رُوبرُو (ف) سامنے منہ در منہ

رَوبکار (ف۔ مذ) پیشی۔ عدالت کا حکم

رَوبکاری (ف۔ مث) مقدمے کی پیشی

رُو بقبلہ۔ قبلے یعنی کعبہ کی طرف منہ
کر کے

رُوپوش (ف۔ ص) پوشیدہ۔ چھپا
ہوا۔ مفرور

رُورعایت (ف۔ مث) لحاظ
طرفداری۔ حمایت (کرنا
ہونا)

رُوسیاہ (ف۔ ص) گنہگار۔ ذلیل

رُوسیاہی (ف۔ مث) گنہگاری۔ بدنامی

رُوسیاہی حاصل ہونا۔ بدنامی حاصل
ہونا۔ شرمساری حاصل ہونا
شرمندگی حاصل ہونا

رُوشناس (ف۔ ص) واقف۔ جان
پہچان۔ ملاقاتی

رُوکش (ف۔ ص) شرمندہ کرنیوالا

رُوگرداں (ف۔ ص) منہ پھیرنے والا
الٹا ہوا

رُونمائی (ف۔ مث) منہ لگنی۔ منہ دکھائی

رَوا (ف۔ ص) جائز۔ درست۔ مروج

رَوادار (ف۔ ص) خیرخواہ۔ طرفدار
قبول کرنیوالا

روا رکھنا (ا) جائز رکھنا۔ ماننا

رواج (ا۔ مذ) عام دستور۔ رسم۔ قاعدہ

رواج دینا (ا) جاری کرنا۔ رسم ڈالنا

رواق (ف۔ مذ) چھجا

رُواں (ف۔ مذ) جسم پر کا باریک بال
رونگٹا

رواں (ف۔ حالیہ) چلتا ہوا۔ بہتا ہوا
ہوا (ف۔ مث) جان۔ نفس ناطقہ

رواں ہونا (۱) جان نکلنا۔ چل پڑنا
رواجی (ف۔ صفت) چلن۔ چالان
روانہ ہونا (۱) چل پڑنا۔ مرجانا۔ بھیجا جانا
روانی (ف۔ مث) بہاؤ۔ تیزی
روایت (ع۔ مث) بیان۔ ذکر
روباہ (ف۔) لومڑی روباہ باسس لوپاشہ (۔ چھپنے والی) لومڑی
روباہ بازی (ف۔ مث) فریب کاری۔ حیلہ بازی۔ دھوکا بازی
روپ (ہ۔ مذ) رنگ۔ شکل۔ صورت اصلی شکل وصورت
روپ بدلنا (ہ) بھیس بدلنا
روپ بگاڑنا (ہ) بے رونق کرنا۔ بدصورت بنانا
روپلی (ہ۔ مث) روپے کی تصغیر
روپا (ہ۔ مذ) چاندی۔ نقرہ
روٹھنا (ہ) ناراض ہونا۔ خفا ہونا
روٹی (ہ۔ مث) پھلکا۔ چپاتی۔ روزی
روٹی کا مارا (ہ) بھوکا۔ کنگال

روٹیاں توڑنا (ہ) مفت کی روٹیاں کھانا
روٹیوں پر پڑنا۔ دوسرے کی روٹی پر رہنا۔ دوسرے کی کمائی کھانا
رُوح (ع۔ مث) جان۔ ست۔ عطر دل۔ من
روح افزا (ف۔ ص) جان بخش روح تازہ کرنیوالی شے
روح القدس (ع۔ مذ) حضرت جبرائیل پاک روح
روح اللہ (ع۔ مذ) حضرت عیسیٰ کا لقب
روح پرواز کرنا (ا) جان نکلنا
روح پرور (ف۔ ص) روح افزا جان بخش
روح کھینچنا (ا) سمت نکالنا عرق نکالنا جان لینا
روحانی (ع۔ ص) روح کے متعلق پاک۔ صاف۔ مقدس
روداد (ف۔ مث) کیفیت۔ کارروائی

رودبار (ف۔مذ) پانی کا وہ بڑا حصہ جو سمندروں کے ملاتا ہے جیسے رودبار انگلستان

روڈ (Road) (انگ۔مذ) سڑک شارع عام

روڈرولر (Road. Roller) (انگ۔مذ) سڑک کوٹنے کی مشین

روڑا (ہ۔مذ) اینٹ کا ٹکڑا۔ بٹا

روڑا اٹکانا (ہ) چلتے کام میں رکاوٹ ڈالنا

روز (ف مذ) دن۔ دا ہمیشہ۔ سدا

روز افزوں (ف۔ص) دن بدن زیادہ

روز بروز (ف) ہر روز

روز حشر } (ف مذ) اٹھنے کا دن

روز قیامت } قیامت کا دن

روز روشن (ف۔مذ) دن دہاڑے عین دن میں

روز شمار (ف مذ) حساب وکتاب کا دن۔ قیامت کا دن

روزانہ (ف۔ص) ہر روز

رُوزگار (ف۔مذ) زمانہ۔ دنیا۔ جہان نوکری۔ پیشہ

رُوزمَرّہ (ف۔مذ) ہر روز۔ ہمیشہ گھریلو زبان۔ ہر روز گھروں میں بولی جانیوالی زبان اصطلاح

رُوزنامچہ (ف مذ) ڈائری یومی کھاتہ

روزن (ف مذ) روشندان۔ سوراخ

روزہ (ف مذ) فاقہ۔ برت، صبح صادق سے دن غروب ہونے تک۔ کچھ نہ کھانا

روزہ دار (ف۔ص) روزہ رکھنے والا روزے سے

روزہ کھولنا (ا) دن غروب ہونے پر کچھ کھانا۔ روزہ افطار کرنا

روزی (ف۔مذ) خوراک۔ رزق روزگار

روزی رساں (ف۔مذ) روزی پہنچانے والا۔ خدا پروردگار

روزینہ (ف مذ) روزمرہ کا خرچ وظیفہ۔ پنشن

رَوِش (ف ث) چال۔ طرز۔ باغ کی پٹڑی

روشن (ف۔ص) چمکیلا صاف کھلا ہوا واضح

روشندان (ف۔مذ) روشنی کیلئے سوراخ۔ روزن

روشن ضمیر (ف۔ص) صاف دل دانا۔ عاقل

روشنائی (ف۔مث) نور۔ لکھنے کا محلول خواہ کسی رنگ کا ہو

روشنی (ف۔مث) چمک نور۔ بینائی

روضہ (ع۔مذ) باغ۔ مزار کسی بزرگ کا مقبرہ (روضات اور ریاض جمع)

روضۂ رضوان (ع۔مذ) باغ بہشت فردوس

روغن (ف۔مذ) تیل گھی وغیرہ وارنش۔ چمک دمک

روغن زرد (ف۔مذ) گھی

روغن سیاہ (ف۔مذ) تیل

روغن قاز ملنا (ہ) چاپلوسی کرنا زمانہ سازی کرنا

روغنی (ف۔ص) چکنا چپڑا ہوا۔ وارنش کیا ہوا

روک (ہ۔مث) ممانعت۔ بندش انسداد

روک تھام (ہ۔مث) بندش۔ کسی بات کو بند کرنا

روک ٹوک (ہ۔مث) رکاوٹ۔ دقّت

روک گھڑی (ا۔مث) ایک قسم کی گھڑی جو عام گھڑیوں کے خلاف حسب ضرورت چلائی اور بند کی جا سکتی ہے یہ گھڑی متحرک چیزوں کی رفتار معلوم کرنے کے کام آتی ہے

روکڑ (ہ۔مث) روپیہ پیسہ۔ نقدی

روکڑ بہی (ہ۔مث) نقدی کے حساب کتاب کی بہی

روکنا (۱) باز رکھنا (۲) اٹکانا (۳) منع کرنا (۴) دیر میں دینا (۵) سہارنا

روکھا (ہ۔ص) خشک۔ بے مزہ۔ سادہ بدخلق۔ سخت مزاج

روکھا سوکھا (ہ۔ص) کھانا جیسا بھی ہو۔ برا بھلا

روگ (ہ۔مذ) بیماری۔ غم۔ فکر

روگ لگنا (ف) کوئی بیماری لگنا۔ عادت پڑنا

رُول (Rule) (انگ۔ مذ) قاعدہ۔ دستور۔ قانون

رُولَر (Ruler) (انگ۔ مذ) مسطر۔ لکیریں کھینچنے کا گول ڈنڈا

رول (Roll) (انگ۔ مذ) فہرست

رول کال (Roll Call) (انگ۔ مث) حاضری بلانا حاضری لینا

رول نمبر (Roll No.) (انگ۔ مذ) فہرست کا نمبر۔ ترتیب کا نمبر۔ (کسی امتحان میں)

رُوم (ع۔ مذ) ملک اطالیہ کا پایہ تخت قدیم زمانے میں اس نام کی ایک وسیع سلطنت تھی تھی۔ ترکوں کی سلطنت بھی ایک زمانے تک اسی نام سے مشہور رہی

رُوم (Room) (انگ۔ مذ) کمرہ۔ جگہ

رُومی (ع۔ مذ) اطالیہ کے شہر رُوم کا باشندہ۔ روم کے متعلق

رُومال (ف۔ مذ) منہ پوچھنے کا کپڑا دستمال

رُومالی (ف۔ مث) اوڑھنی۔ پہلوان کا تکونہ۔ لنگوٹہ

رُومالی ہاتھ (ف۔ مذ) صفائی کے ہاتھ ہلکے ہاتھ

رومن کیرکٹر (Roman Character) (انگ۔ مذ) رومن حروف۔ لاطینی حروف انگریزی حروف میں اردو الفاظ لکھنا

رومن کیتھولک (Roman Catholic) (انگ۔ مذ) عیسائیوں کے ایک فرقے کا نام ہے

رونا (ف) آنسو بہانا۔ غم کرنا۔ گلہ شکوہ کرنا۔ کڑھنا۔ دکھڑا

رَوندنا (ف) پاؤں تلے خراب کرنا برباد کرنا

رونق (ع ۔ مث) چہل پہل۔ چمک دمک
جوبن۔ آرائش (دھوم دھام)
رونق افروز (ف۔ ص) رونق بڑھانے
والا
رونق افروز ہونا (ا) شامل ہونا
آنا
رونق افزا (ف۔ ص) تشریف آور
رونق بڑھانے والا
رونق دار (ف۔ ص) چہل پہل والا
چمک والا
رونکھی (ہ۔ ص) رونے کی سی۔ رونے
کے قریب
رونگٹا (ہ۔ مذ) جسم کے باریک باریک
بال۔ روآں
رونگٹے کھڑے ہونا (ا) خوف و دہشت
کے مارے جسم کے بال کھڑے
ہو جانا۔ ڈرنا
روئٹر ایجنسی
(Reuter Agency) (انگ
مث) دنیا کی سب کی بڑی
خبر رساں ایجنسی یا کمپنی جس
کا بانی بیرون پال جولیس روئٹر
(۱۸۱۶ء-۱۹۰۰ء) نامی ایک یہودی
تھا۔ اسنے یہ خبر رسانی کا کام
۱۸۵۲ء میں بلجیم میں شروع
کیا۔ وہ ۱۸۵۱ء میں لندن میں
اٹھ آیا اور ۱۸۶۵ء میں محدود
کمپنی جاری کی۔ اس کے بعد
اسکا بیٹا جولیس کلینٹ
ہربرٹ روئٹر ۱۸۵۲ء-۱۹۱۵ء
کمپنی کا مالک بنا۔ بعد میں یہ
کمپنی کسی اور کمپنی نے خرید لی
اس کا صدر دفتر لندن
میں دریائے ٹیمز کے کنارے
پر ہے اور نمائندے اور نامہ
نگار دنیا کے ہر بڑے شہر میں
موجود ہیں۔ روئٹر کا تلفظ ریوٹر
یا رائٹر غلط ہے
روئی کا گالا (ہ۔ مذ) صاف روئی کا
بڑا سا چھالا
روئے (ف۔ مذ) رخ۔ دھیان۔ توجہ
روئے سخن (ف۔ مذ) بات کا رخ

خطاب
رُوئے زمین (ف۔مذ) تمام زمین
تمام جہان
رُویدا (ف۔مذ) سپنا۔ خواب
رویائے صادقہ (ف۔مذ) سچا
سپنا۔ وحی کی ایک قسم۔ ڈاکٹر
نذیر احمد مرحوم کی ایک مشہور
کتاب کا نام ہے
رُویتِ ہلال (ع۔مث) پہلی رات
کا چاند نظر آنا
رُوئداد (ف۔مث) کارروائی۔ کیفیت
روئیدگی (ف۔مث) اُگنا
روئیں (ف۔ص) بہت سی دھاتوں کو
ملا کر بنائی دھات کا مبا

(ر۔ہ)

رَہ (ف۔مث) رستہ
رہ جا۔ ٹھہر (متروک)
رَہ جانا (ہ) ٹھہر جانا۔ دیر کرنا۔ پیچھے رہنا
ناتمام رہنا۔ ناکام ہونا۔ رہ پڑ پڑنا

رَہا سہا (ہ۔ص) باقی رہا ہوا۔ بچا۔
کھچا
رِہا (ف۔ص) خلاصی یافتہ۔ چھوٹا ہوا۔ ملزم
کا عدم ثبوت ہونے کی وجہ
سے بری ہونا
رِہائی (ف۔مث) خلاصی۔ نجات
چھٹکارا
رِہائش (ا۔مث) رہنا۔ ٹھکانا
رَہبر (ف۔مذ) رہنما۔ ہادی
رَہبری (ف۔مذ) ہدایت رہنمائی
رَہٹ (ہ۔مث) کنوئیں کا چرخ
رہ رہ کر (ف) ٹھیر ٹھیر کر۔ بار بار
رَہرو (ف۔مذ) مسافر۔ راہ گیر
رَہزن (ف۔مذ) ڈاکو راستے میں لوٹنے والے
رَہزنی (ف۔مث) لوٹ مار۔ ڈاکہ
رُہکلا (ہ۔مذ) چھوٹی توپ۔ چھوٹی
میدانی توپ
رہگذر (ف۔مذ) رستہ شارع عام
رَہگیر (ف۔مذ) مسافر
رَہن (ا۔مذ) گردی
رَہن نامہ (ف۔مذ) وہ تحریر جو کوئی

چیز رہن رکھنے کے متعلق اسٹام
پر لکھی جائے

رہنما (ف ۔مذ) رستہ دکھانے والا
ہدایت کرنے والا

رہنمائی (ف ۔مث) رستہ دکھانا
ہدایت کرنا

رہوار (ف مذ) گھوڑا

رہیں جھونپڑوں میں خواب دکھیں محلوں کے ۔(ا رمثل) مفلسی
میں امیری کے خواب

رہے نام اللہ کا (و) خدا ہی حی و
قیوم ہے باقی تمام چیزیں فانی
ہیں (یہ جملہ کسی کے مرنے
یا کسی کے زوال کے وقت
بولتے ہیں)

(ر ۔ ی)

ریا (ع ۔مث) دکھاوا ۔بناوٹ
بے اصل

ریا کار (ف ۔ص) جس کا ظاہر باطن
ایک نہ ہو دکھاوے کے لئے
کام کرنے والا منافق۔
زمانہ ساز

ریا کاری (ف ۔مث) منافقت
زمانہ سازی مکاری

ریاح (ع ۔مث ۔ج) (واحد ریح)
مگر اردو میں واحد ہی مستعمل ہے)
معدے کی ہوا ۔گرد ۔باد

ریاحین (ع ۔مث ۔ج) واحد
ریحان) نیازبو

ریاست (ع ۔مث) سرداری ۔امیری
کسی راجہ یا نواب کا ملک

ریاض (ع ۔مذ ۔ج) (واحد روضہ
مگر اردو میں واحد ہی مستعمل ہے)
باغ

ریاضت (ع ۔مث) محنت ۔مشقت
محنت ۔عبادت

ریاضت کش (ف ۔ص) بہت زہد
و عبادت کرنیوالا ۔محنتی

ریاضی (ع ۔مث) حساب الجبرا
جیومیٹری وغیرہ علوم

ریاضی دان (ف ۔مذ) علم ریاضی

جانے والا

ریت (ہ۔مذ۔مث) پتھروں کے ذرات ریگ۔ بالو

رتیلا (ہ۔ص) ریت والا علاقہ

ریت (ہ۔مث) رسم ورواج

ریتنا (ہ) ریتی سے صاف کرنا۔ ریتی سے گھسنا

ریتی (ہ۔مث) رتیلی زمین۔ دریا کے کنارے کی زمین۔ لوہا وغیرہ رگڑنے کا اوزار

ریٹ (Rate) (انگ۔مذ) نرخ۔ در

ریٹائر ہونا (Retire) ملازمت سے سبکدوش ہوجانا ایک خاص عمر پر پہنچکر ملازمت سے علیحدہ ہوجانا۔ پنشن پر جانا

ریٹارٹ (Retort) (انگ۔مذ) قرع شیشے وغیرہ کا ایک آلہ جس کے ذریعے سے پانی کشید کرتے ہیں

ریجھنا (ہ) خوش ہونا۔ فریفتہ ہونا

ریحان (ع۔مث) نیازبو (ریاحین جمع)

ریختہ (ف۔ص) گرا ہوا۔ پختہ کیا ہوا چونے سے چنا ہوا۔ اردو زبان خصوصاً مردانہ اردو زبان زنانہ زبان کو ریختی کہتے ہیں

ریختی (ا۔مث) وہ نظم جو اردو زبان میں عورتوں کی بولی میں ہو۔

ریڈ کراس سوسائٹی (Red Cross Society) (انگ۔مث) انجمن صلیب احمر ایک رفاہی انجمن جسکا انتظام عالمگیر ہے اب اسکی شاخیں ہندوستانی مدراس میں بھی قائم ہورہی ہیں

ریڈنگ روم (Reading) (Room) (انگ۔مذ) اخبارات وغیرہ پڑھنے کا کمرہ

ریڈیم (Radium) (انگ۔مث) ایک نہایت قیمتی دھات جس سے غیرمرئی شعاعیں

نکلتی ہیں یہ ۱۸۵۵ء میں
دریافت ہوئی تھی

ریڑھ (ہ۔مث) کمر کی درمیانی لمبی ہڈی
جسمیں بہت سے جوڑ
نکلتے ہیں

ریزش (ف۔مث) زکام۔نزلہ

ریزگاری (ف۔مث) پرچون۔
روپے کے حصے

ریزولیوشن (ReSolution)
(انگ۔مذ) تجویز

ریزہ (ف۔مذ) ٹکڑا۔پرزہ

ریزہ ریزہ کرنا (ا) ٹکڑے ٹکڑے
کرنا

ریزیڈنٹ (Resident)
(انگ۔مذ) ساکن سرکاری
عہدیدار۔جو ریاست میں
رہتا ہو

ریزیڈنسی (Residency)
(انگ۔مث) وہ جگہ جہاں
ریذیڈنٹ رہتا ہے

رئیس (ع۔مذ) امیر۔دولتمند۔سردار

(رؤسا جمع)

ری (ہ۔حرف) اری (حرف ندا)
کی مختصر شکل

ریس (ہ۔مث) مقابلہ۔رشک

ریسٹ ہوس (Rest House) (انگ۔مذ)
سرکاری جگہ

ریسماں (ف۔مث) رسی۔ڈوری

ریش (ف۔مث) داڑھی

ریش قاضی (ف۔مث) عجنگ یا شراب
چھاننے کی صافی

ریشتاغ (Reischtag)
(برلن۔مث) جمہوریت جرمنی
کی پارلیمنٹ کا نام ہے

ریشم (ف۔مذ) پٹ۔ٹسر

ریشمی (ف۔ص) ریشم سے بنا ہوا

ریشہ (ف۔مذ) باریک نس

ریشہ دار (ف۔ص) وہ چیز جسمیں
سے تار تار گر سے نکلیں

ریفارم (Reform)
(انگ۔مث) اصلاح۔درستی

ریفارمر (Reformer) (انگ۔مذ) اصلاح کرنیوالا
قوم کی خامیاں دور کرنیوالا
مصلح

ریفارمیٹری (Reformatory) (انگ۔مث)
وہ جگہ جہاں جرائم پیشہ اقوام
کو رکھکر انکی اصلاح کی جاتی
ہے۔ تادیب گاہ

ریفرشمنٹ Refreshment
(انگ۔مث) تفریح
تفریحاً کچھ کھانا

ریفرشمنٹ روم
(Refreshment Room)
(انگ۔مذ) وہ جگہ جہاں تفریح
کے لئے چائے وغیرہ پی جاتے

ریکیٹ (Racket)
(انگ۔مذ) ٹینس یا بیڈمنٹن
کھیلنے کا بلّا

ریکارڈ Record
(انگ۔مذ) یادداشت۔گراموفون سے بجانیکا توا

ریکارڈ کیپر
(انگ۔مذ Record-Keeper)
دفتر کا منشی جو پرانی یادداشتوں
کا محافظ ہوتا ہے

ریکھا (ہ۔مث) لکیر۔ ہاتھ کی لکیر۔قسمت
تقدیر۔

ریگ (ف۔مذ) ریت

ریگ رواں (ف۔مث) آندھی وغیرہ
سے ایک جگہ سے دوسری جگہ
جانیوالا ریت

ریگستان (ف۔مذ) ریتیلا ملک۔

ریگ مال (ف۔مذ) وہ کاغذ جس پہ
ریت لگی ہوتی ہے۔ دھا
اور لکڑی وغیرہ صاف کرنیکا
کام آتا ہے

ریل (Reel) (انگ۔مث)
پھیرکی جس پر تاگا لپیٹا ہوا
ہوتا ہے

ریل (Rail) (انگ۔مث)
گاڑی کی پٹڑی

ریل پیل (ہ۔مث) دھکم دھکا بھرمار

عزت۔ زیادتی

ریلوے (Railway)
(انگ۔ مث) ریل کی سڑک
ریل کا محکمہ

ریمارک (Remark)
(انگ۔ مذ) رائے۔ خیال

ریمانڈ (Remand)
(انگ۔ مذ) مزید تفتیش کیلئے
پولیس کا عدالت سے مہلت
طلب کرنا

ریمائنڈ (Remind)
(انگ۔ مذ) یاد دہانی کرانا

ریمائنڈر (Reminder)
(انگ۔ مذ) یاد دہانی کرانے کا خط وغیرہ

ریومر تھرمامیٹر (Reaumur Thermometer
(انگ۔ مذ) ایک قسم کا تھرمامیٹر
جسمیں پانی کے درجہ انجماد
سے درجہ

(Reaumur)

نامی فرانسیسی کی ایجاد ہے

رَین (ہ۔ مث) رات۔ شب

رینڈیر (Raindeer)
(انگ۔ مذ) بارہ سنگھا

رینگنا (ا) کیڑوں کا آہستہ آہستہ
چلنا

ریوٹر ایجنسی (دیکھو روئٹرز ایجنسی)

ریوڑ (ہ۔ مذ) گلّہ

ریوڑی کے پھیر میں آنا (ا)
کسی لالچ کے سبب
مصیبت میں پڑنا

ریویو (عفظ ریو) (Review)
(انگ۔ مذ) کتاب وغیرہ کے
متعلق رائے۔ نظر ثانی

ریونیو (Revenue)
(انگ۔ مذ) لگان۔ معاملہ
تحصیل

ریونیو آفیسر
Revenue officer
انگ۔ مذ
افسر مال

ڑ

ڑ ہندی اور اردو زبان کا پندرھواں حرف ہے۔ یہ حرف کسی لفظ کے شروع میں نہیں آتا۔

ز

(ز-ا)

زاد (ف۔مذ) توشہ۔ رستے کا خرچ

زاد بُوم (ف۔مث) جائے پیدائش وطن

زار (روسی۔مذ) قدیم شہنشاہان روس کا لقب

زار (ف۔مذ) فریاد۔ نالہ۔ لاغر۔ کمزور جگہ۔ مقام

زار زار رونا (ا) بہت رونا

زار و نزار (ف۔ص) دُبلا پتلا۔ لاغر

زاری (ف۔مث) رونا۔ فریاد

زاغ (ف۔مذ) کوّا

زاغِ آبی (ف۔مذ) جل کوا

زال (ف۔ص) بوڑھا۔ سفید بال والا رستم کے باپ کا نام تھا

زانو (ف۔مذ) گھٹنا

زانی (ع۔مذ) زنا کرنے والا

زاویہ (ع۔مذ) کونہ۔ گوشہ۔ جیومیٹری

کی اصطلاح میں مخالف سمتوں
سے دو مستقیم خطوط کے ملنے سے جو
کونہ پیدا ہوتا ہے اسے زاویہ
کہتے ہیں) (زوایا جمع)

زاویہ مستقیمہ (ا۔مذ) ایک سو اسی
درجے کا زاویہ

زاویہ قائمہ (ا۔مذ) جب ایک خط مستقیم
سے استوار ملے کر اسکے دونوں
جانب کے زوایے یکساں ہوں
تو ان میں سے ہر ایک زاویہ زاویہ
قائمہ ہوتا ہے

زاویہ حادّہ (ا۔مذ) وہ زاویہ جو زاویہ
قائمہ سے چھوٹا ہو

زاویہ منفرجہ (ا۔مذ) وہ زاویہ جو
زاویہ قائمہ سے بڑا ہو

زائچہ (ف۔مذ) جنم پتری۔ کھینچنا
بنانا

زاہد (ع۔مذ) زہد کرنیوالا۔ عابد

زائد (ع۔ص) زیادہ۔ فضول (زوائد
جمع)

زائر (ع۔مذ) زیارت کرنیوالا
(زوّار جمع)

زائل (ع۔مذ) کم ہونیوالا۔ مٹنے والا

(ز۔ب)

زبان (ف۔مؤ) زبان۔ بول چال
گفتگو۔ دورہ۔ قول و اقرار

زباں آور (ف۔ص) بہت بولنے
والا۔ خوش بیان

زباں بندی (ف۔مؤ) تقریر کی
اجازت نہ ہونا

زبان پھرنا (ا) اقرار سے پھرنا

زبان چلنا (ا) گالیاں دینا۔ لوگوں
پر زبان کا اثر ہونے پہلے جانا جیسا

زبانِ حال (ف۔مؤ) موجودہ حالت
کیفیت

زبان دان (ف۔مذ) کسی زبان کو
اچھی طرح سے جاننے والا

زبان دراز (ف۔ص) گستاخ۔ منہ پھٹ
گالی دینے والا

زبان درازی (ف۔مؤ) زیادتی

گالی گلوچ

زُبان زَد ہونا (ا) مشہور ہونا۔ چھینا

زُبان سنبھالنا (ا) سوچ کر بات کرنا۔ خاموش رہنا

زُبان کھولنا (ا) برا بھلا کہنا جو منہ میں آئے کہہ دینا زبان درازی کرنا

زُبان نکالنا (ا) زبان کاٹنا زبان درازی کرنا جیب باہر نکالنا

زُبان ہلانا (ا) بات کہنا سوال کرنا

زُبانی (ف۔ص) منہ میں کہتی ہوئی بات سنی۔ سنائی

زُبانی اِمتحان (ا۔مذ) گفتگو کے ذریعہ امتحان ہونا

زُبانی جمع خرچ (ف۔مذ) محض باتیں ہی باتیں

زُبانی حِساب (ف۔مذ) تقریری حساب، مذہبی کتاب

زُبدَہ (مذ۔ص) چنا ہوا منتخب

زَبَر (ف۔مث) اونچا۔ غالب۔ وہ ترچھی لکیر جو حرف کے اوپر ہوتی ہے اور الف کی سی آواز دیتی

زَبَردست (ف۔ص) غالب۔ زور والا۔ بڑا لائق۔ ظالم

زَبَردستی (ف۔مث) زیادتی۔ جبر ظلم ناحق

زَبَرجَد (مذ۔مذ) ایک قسم کا قیمتی پتھر

زَبور (مذ۔مث) وہ کتاب جو حضرت داؤد علیہ پر نازل ہوئی تھی

زَبوُن (ف۔ص) عاجز۔ ذلیل۔ خوار۔ برا

(ز۔ٹ۔ج۔چ)

زَٹل (ہ۔مث) گپ۔ بیہودہ بات

زَٹلی (ہ۔ص) گپ مارنے والا۔ بکواسی

زَجر (مذ۔مث) روکنا تنبیہ

زَجرو توبیخ (ہ۔مث) لعنت۔ ملامت تنبیہ

زچ (ہ۔ص) تنگ۔ مجبور، عاجز (ہ۔مث) شطرنج میں جب شہ کو بغیر کشت آئے اس کے دوسرے مہرے کو چلنے کے واسطے

کوئی گھر ٹلے۔ تو سے زرچ کہتے ہیں
زرچ کرنا (ف) تنگ کرنا۔ عاجز کرنا
زچہ (ف۔مث) وہ عورت جس نے بچہ جنا ہو
زچہ خانہ (ف۔مذ) زچہ کا گھر

(ز۔ح۔خ۔د)

زحل (ع۔مذ) سنیچر۔ ایک سیارے کا نام ہے جس کا مدار مشتری کے مدار سے باہر واقع ہے
زحمت (ع۔مث) تکلیف۔ دکھ
زخار (ع۔ص) پانی سے بھرا ہوا
زخم (ف۔مذ) چوٹ۔ گھاؤ۔ نقصان
زخم بھرنا (ا) گھاؤ اچھا ہونا
زخم پر نمک چھڑکنا (ا) دکھی کو اور دکھ دینا۔ مرتے کو مارنا
زخم کاری (ف۔مذ) گہرا زخم۔ مہلک زخم
زخم ہرا ہونا (ا) زخم تازہ ہونا گزشتہ صدمہ کا یاد آنا

زخمی (ف۔ص) چوٹ کھایا ہوا گھائل۔ مجروح
زد (ف۔مث) نشانہ۔ چوٹ۔ ضرب نقصان
زد پر ہونا (ا) نشانے پر ہونا۔ مار پر ہونا
زد پڑنا (ا) نقصان ہونا
زد و کوب (ف۔مث) مار پیٹ
زدہ (ف) مارا ہوا۔ جیسے مصیبت زدہ

(ز۔ر)

زر (ف۔مذ) مال و دولت۔ سونا۔ طلا
زر اندود (ف۔ص) زرنگار۔ منقش
زر بل نہ زور بل (ف۔مثل) نہ روپیہ نہ طاقت۔ ہر لحاظ سے کمزور
زر باقی (ف۔مذ) جو رقم کسی کے ذمے نکلے
زربفت } (ف۔مذ) زری۔ کمخواب
زرباف } " " "
زربیعانہ (ف۔مذ) پیشگی۔ سائی
زر پیشگی (ف۔مذ) وہ روپیہ جو کسی کام کیلئے پہلے ہی دے دیا

جائے۔

زرخرید (ف۔ص) اپنے روپے سے خرید کی ہوئی چیز

زرخیز (ف۔ص) عمدہ پیداوار کی زمین

زردار (ف۔ص) امیر دولت مند

زردوزی (ف۔مث) زری کا کام

زردوست (ف۔ص) روپیہ کو عزیز رکھنے والا۔ بخیل

زرقلب (ف۔مذ) کھوٹا روپیہ

زرگر (ف۔مذ) سنار

زرلگان (ف۔مذ) سرکاری محصول کا روپیہ۔ زرمعاملہ

زرمنافع (ف۔مذ) منافع کا روپیہ

زرنقد (ف۔مذ) نقد روپیہ۔ رو کی روپیہ

زرنگار (ف۔ص) سنہری۔ منقش فسانہ عجائب میں ایک باغ کا نام

(ز۔غ۔ق۔ک)

زقند (ف۔مذ) (۱) زقند۔ چھلانگ (۲) چھل جو مشہور زنپ مادہ ہے (ملد)

زقوم (ع۔مذ) شوہر

زکام (ع۔مذ) دماغی تفصلات کا ناک کے راستے خارج ہونا۔ ریزش

زکوٰۃ (ع۔مث) مال کا چالیسواں حصہ جو صاحب نصاب مسلمان ہر سال غربا کو دیتے ہیں

زکی (ع۔ص) ذہین سمجھ دار (اذکیا جمع)

(ز۔ل۔م)

زلال (ع۔مذ) صاف اور میٹھا پانی

زلزلہ (ع۔مذ) بھونچال۔ (زلازل جمع)

زلزلہ پڑنا (۱) بھونچال آنا۔ ہل چل مچنا۔ بھاگڑ پڑنا

زلف (ف۔مث) پارہ شب۔ رات کا اول حصہ (۲) مث لمبے لمبے بال خصوصاً عورت کے سر کے بال۔ گیسو۔ کاکل

زلف رسا (ف۔مث) کمر تک پہنچنے والی زلف طویل زلف۔ رات کے دھت میں آیا کرتا ہے ار

مطلب یہ ہوتا ہے کہ اندھیری رات کا زیادہ آنا

زُلَّہ (ع۔ مذ) پس خوردہ۔ آتش

زَلَّہ رُبا (ف۔ مذ) بچے کھچے سے گزارہ کرنے والا

زلیخا (ع۔ مث) بادشاہِ مصر کی بیوی کا نام جو حضرت یوسف علیہ السلام پر عاشق ہو گئی تھی

(ز ـ م)

زِمام (ع۔ مث) باگ۔ ڈور۔ نکیل

زمانہ (ف۔ مذ) وقت۔ مدّت۔ معیار جہان۔ عہد۔ حکومت۔ الیٰ عام و خاص لوگ

زمانہ دیکھنا (ا) تجربہ حاصل کرنا

زمانہ ساز (ف۔ ص) چالاک۔ خود غرض

زمانہ سازی (ف۔ مذ) دنیا داری چالاکی۔ خوشامد

زمانے کا ہوسفید ہونا (ا) آپس میں پیار محبت نہ رہنا

زمانہ موافق ہونا (ا) قسمت اچھی ہونا۔

زُمُرَّد (ع۔ مذ) سبز رنگ کا ایک قیمتی پتھر

زُمُرَّدیں (ف۔ ص) زمرد کے رنگ کا سبز

زُمرہ (ع۔ مذ) گروہ۔ جماعت

زمزم (ع۔ مذ) کعبہ شریف کے قریب ایک کنواں جسکا پانی حاجی لوگ تبرک کے طور پر لاتے ہیں

زِمزمہ (ف۔ مذ) گیت۔ نغمہ

زمزمی (ع۔ مث) چاہِ زمزم کا پانی رکھنے کے لئے ٹین کی چھوٹی کپی

زَمستان (ف۔ مذ) (زم ا۔ سن ہم بمعنی سرد۔ ستان کلمہ ظرفیت) مذ ہے سردی کا موسم۔ جاڑا

زمہریر (ع۔ مذ) سخت سرد ہوا کا طبقہ

زمین (ف۔ مث) (زم ا۔ سن ہم بمعنی سردی + ین کلمہ نسبت۔ زمستان بھی اسی مادے سے ہے) مث (دہ۔ تی)

ہجوم۔ خفہ۔ غزل کی ردیف
قافیہ اور وزن یا بحر

زمین آسمان کا فرق (ا) بہت بڑا فرق۔

زمین آسمان کے قلابے ملانا (ا) بہت باتیں بنانا۔ شیخی بگھارنا بیحد تعریف کرنا۔ تعریف میں مبالغہ کرنا

زمین بوس ہونا (ا) زمین چھنا حاضر خدمت ہونا۔ اظہار عجز و نیاز کرنا

زمین دوز (ف۔ ص) زمین کے نیچے راستہ۔ سرنگ وغیرہ

زمین دیکھنا (ا) قے کرنا۔ نیچا دیکھنا

زمین میں گڑ جانا (ا) نہایت شرمندہ ہونا۔ دھنس جانا

زمیندار (ف۔ ۔) زمین کا مالک کسان

زمینانا (زمین سے مصدر) علم برق کی اصطلاح میں کسی اونچی عمارت پر جس پر بجلی گرنے کا اندیشہ ہو۔ تانبے کا تار لگا کر اسکا ایک سرا عمارت سے اوپر رکھنا اور دوسرا نیچے زمین میں دبا دینا تاکہ بادلوں میں سے بجلی خود بخود اس تار کے ذریعہ سے زمین میں پہنچے اور وہ یکایک گر کر عمارت کو تباہ نہ کر دے

(ز ۔ ن)

زَن (ف۔ مث) عورت۔ بیوی۔ زوجہ

زنِ مدخولہ (ف۔ مث) گھر میں ڈالی ہوئی عورت۔ جو ماں باپ کی اجازت کے بغیر خود ہی نکاح میں آجائے۔

زن مرید (ف۔ مذ) بیوی کا تابع

زنِ منکوحہ (ف۔ مث) نکاح والی عورت۔ بیوی

زِنا (ف۔ مذ) نکاح کئے بغیر کسی عورت سے وہ فعل کرنا جو اپنی بیوی سے کرتے ہیں

زناٹا (ف۔ مذ) بہت تیزی سے گزر

کی گونج دار آواز"

زُنّار (ف۔مذ) وہ دھاگہ جسے ہندو گلے میں اور بغل میں پہنتے ہیں جنیو۔ یگیہ۔ پہوبیت

زناں (ف۔مث) عورتیں

زنان خانہ (ف۔مذ) عورتوں کے رہنے کا مکان

زنانہ (ف۔مذ) ہیجڑا۔ عورتوں کی طرح حرکتیں کرنیوالا۔ مکان کا وہ حصہ جسمیں عورتیں رہتی ہوں

زَنبُورَ (ف۔مذ) بھِڑ۔ چھوٹی توپ لیکن اور ذرا جس کا منہ آگے سے گول ہوتا ہے

زنبیل (ف۔مث) بھیک مانگنے کی جھولی

زنجبار (ف۔مذ) نگہبان

زنجیر (ف۔مث) کنڈی۔ سلسلہ۔ لڑی بیڑی

زنخدان (ف۔مث) ٹھوڑی۔ ذقن

زنداں (ف۔مث) قید خانہ۔ بندی خانہ جیل خانہ۔ محبس

زِندگی (ف۔مث) حیات۔ جینا۔ زیست

زندگی تلخ ہونا (۱) جینے کا کچھ مزہ نہ رہنا

زندگی سے ہاتھ اٹھانا یا دھونا (۱) جینے کی امید نہ رکھنا

زِندہ (ف۔ص) جیتا جاگتا۔ تازہ

زِندہ باش (ف) جیو۔ خوش رہو۔ مرحبا

زِندہ درگور (ف۔مذ) جیتے جی قبر میں بڑھاپے یا مصیبت کے سبب مُردوں کی طرح

زِندہ دِل (ف۔ص) خوش باش ظریف

زِندہ دِلی (ف۔مث) دل لگی۔ مذاق ظرافت

زنگ (ف۔مذ) لوہے یا کسی اور دھات کا میل۔ کسی دھات کے ذرّوں میں آکسیجن کے ذرات کا مل کر ایک نیا مرکب پیدا کیا ہوا

زَنگ آلود (ف۔ص) زنگ لگا ہوا گندہ

زَنگار (ف۔مذ) نیلا تھوتھا۔ تانبے کا

کساد

زنگاریوں (دیکھو "زنگاری")

زنگاری (ف۔ص) زنگار کے رنگ کا نیلے تھوتھے کے رنگ کا طوطیائی۔ سبز سبزگوں

زنگبار (ف۔مذ) مشرقی افریقہ کا ایک ملک جس کا پایہ تخت دارالسلام ہے اسے عربی میں زنجبار کہتے ہیں اور باشندے زنگی کہلاتے ہیں اور سیاہ رنگ حبشی ہوتے ہیں

زنگولہ (ف۔مذ) گھنٹی۔ جرس

زنگی (ف۔مذ) ملک زنجبار کا باشندہ کالے رنگ کا حبشی۔ شیدی

زنہار (ف) پناہ۔ بچاؤ۔ بالکل۔ خبردار

(ز۔و)

زوال (ع۔مذ) گھٹنا۔ کم ہونا

زوال پذیر (ف۔ص) گھٹنے والی شے نہ رہنے والی شے

زوال کا وقت (ا) آفتاب کا نصف النہار سے گزر جانا تیسرا پہر ظہر کا وقت گھٹنی کا پہر

زوائد (ع۔مذ ج) (واحد زائد)

زوج (ع۔مذ) جوڑا۔ خاوند۔ جورو

زوجہ (ع۔مث) بیوی۔ منکوحہ عورت جورو

زود (ف) جلد سے۔ تیز۔ عجلت سے

زودرنج (ف۔ص) جلد رنجیدہ ہو جانے والا۔ تیز مزاج

زودرس یا زودفہم (ف۔ص) جلد ہی سمجھنے والا عقلمند

زودہضم (ف۔ص) وہ خوراک جو جلد ہضم ہو جائے۔

زودنویس (ف۔مذ) نہایت جلد لکھنے والا۔ شینوگرافر Stenographer مختصر نویس

زور (ع۔مذ) دھوکا۔ فریب۔ جھوٹ

زور (ف۔مذ) طاقت بس۔ غلبہ۔ کثرت (ا۔ص) بہت زیادہ۔ گنوارو

زور آزمائی (ف۔مث) طاقت آزما کشتی

زور آور (ف ص) طاقتور۔ غالب
زورِ بازو (ف مذ) اپنی طاقت
زور چلنا (ا) بس چلنا۔ قابو چلنا
زوردار (ف ص) طاقتور۔ زبردست
زور دینا (ا) دباؤ ڈالنا۔ مجبور کرنا
زور شور (ف مذ) تیزی۔ چڑھاؤ
زورِ قلم (ف مذ) تحریر کا زور۔ زوردار عبارت
زور لگانا (ا) طاقت لگانا۔ کوشش کرنا۔ ہمت کرنا
زوروں پر ہونا (ا) جوش میں آنا طغیانی ہونا

(ز - ہ)

زہ (ف مث) شاباش۔ آفریں۔ کمان کا چلّہ۔ کنارہ۔ بچہ جننا۔ رحم
زُہد (ا مذ) دنیاوی چیزوں سے رغبت ہٹا لینا۔ پرہیزگاری دنیا سے علیحدگی
زَہر (ف مذ) بس۔ وہ چیز جس کے کھانے سے آدمی مر جائے
کڑوی چیز۔ بُرا۔ قابل نفرت
زہر اُگلنا (ا) کسی کے متعلق بُرا کہنا غصہ نکالنا۔ نفرت پھیلانا
زہر آلود (ف ص) زہر سے بھرا ہوا زہریلا
زہردار (ف ص) بس بھرا۔ زہریلا
زہرِ قاتل } (ف مذ) مار ڈالنے والا
زہرِ ہلاہل } زہر۔ مہلک
زہر کے گھونٹ پینا (ا) غصے کو مجبوراً ضبط کرنا اندر ہی اندر کڑھنا
زہر کی گانٹھ (ا) شریر
زہر مارنا (ا) ٹھونسنا۔ بیدلی سے کھانا
زہر مُہرہ (ف مذ) تریاق
زہر میں بجھی ہوئی۔ گرم کر کے زہریلے پانی میں بجھائی ہوئی تلوار۔ چھری وغیرہ۔ زہرناک۔ زہرآمیز آمیز۔ عداوت آمیز
زہریلا (ا ص) زہردار۔ بس بھرا شریر۔ دشمنی آمیز

زہرا (ع-ص) روشن۔ چمکدار۔ خوبصورت
حضرت فاطمہ بنت محمد الرسول
اللہ کے وصف میں آتا ہے
زُہرَہ (ف-مذ) ایک سیارے کا نام جس
کا مدار زمین اور مریخ کے مداروں
کے درمیان ہے۔ ناہید
دبی ملک۔ شکر
زُہرہ جبیں (ف-ص) خوبصورت
پیشانی والی حسین عورت
زَہرَہ (ف-مذ) پِتّا (مجازاً) دلیری
حوصلہ
زَہرَہ آب ہونا (ا) خوف طاری ہونا
رعب بیٹھنا

(ز - ی)

زِیادَتی (ف-مث) بکثرت۔ افراط
ظلم۔ غلبہ۔ (تلفظ زیادتی)
زِیادتی کرنا (ا) سختی کرنا۔ زبردستی
کرنا
زیادہ (ف-ص) بہت۔ فالتو
زیارت (ف-مث) کسی بزرگ کا دیکھنا
کسی بزرگ کے مزار پر جانا
زیارت گاہ (ف-مث) متبرک مقام
زِیاں (ف-مذ) نقصان۔ گھاٹا
زیب (ف-مث) آرائش۔ سنگار
زیب دینا (ا) اچھا لگنا۔ خوشنما ہونا
سجنا
زیب و زینت (ف-مث) سجاوٹ
بناؤ۔ سنگار
زیبا (ف-ص) خوشنما۔ موزوں۔ مناسب
زیبائش (ف-مث) سجاوٹ
زینت
زَیتُون (ع-مذ) ایک درخت کا نام
جس کا تیل مشہور ہے بلیائی
کا درخت
زید (ع-مذ) ایک فرضی نام
زیر (ف-مث) نیچا۔ دھیمی آواز
نیچا سُر
زیر و بم (ف-مذ) نیچا اونچا سُر۔
زیر (ف-مذ) نیچے
زیر انداز (ف-مذ) حقہ وغیرہ کے نیچے
رکھنے کا کپڑا یا چمڑا۔ فرش

دری۔ غالیچہ
زیر بار (ف۔ص) بوجھ تلے۔ قرض دار
مقروض
زیر بند (ف۔مذ) گھوڑے کا تنگ
پیش بند
زیر تجویز } (ف) غور میں۔ سوچا جا
زیر غور } رہا ہے
زیر حکومت (ف) ماتحت
زیر حراست (ف) نظر بند۔ زیر
نگرانی
زیر دست (ف) کمزور۔ غریب
ماتحت
زیر سایہ (ف) پناہ میں۔ قریب
نزدیک
زیر مشق (ف۔مث) وہ چمڑا یا وصلی
جسے بوقت کتابت کاغذ کے نیچے رکھتے
ہیں وہ چیز جسکی مشق کی جارہی ہو
زیر نگیں (ف) زیر حکومت۔ ماتحت
زیر و زبر کرنا (ا) تباہ کرنا۔ تہ و بالا
کرنا
زیرہ (ف۔مذ) ایک خوشبودار بیج کا نام
جو گرم مسالہ میں پڑتا ہے
زیرک (ف۔ص) دانا۔ عقلمند۔ دانشمند
زیرکی (ف۔مث) دانائی۔ عقلمندی
زیریں (ف۔ص) نچلا
زیست (ف۔مث) زندگی۔ جینا
زین (ف۔مث) گھوڑے کی کاٹھی
زین پوش (ف۔مذ) زین کے اوپر ڈالنے
کا کپڑا
زین کسنا (ا) کاٹھی رکھنا
زینت (ف۔مث) سجاوٹ
آراستگی
زینہ (ف۔مذ) سیڑھی۔ پوڑی
نردبان
زینہار (ف) ہرگز۔ کبھی
حرف تنبیہ
زیور (ف۔مذ) گہنا۔ زینت
بناؤ سنگار۔

ژ

ژاژ (ف ۔ مذ) (۱) بیہودہ بات
(۲) اونٹ کی را
ژاژخا (ف ۔ ص) بیہودہ گو ۔ بکواسی
ژالہ (ف ۔ مذ) اولا ۔ تگرگ ۔ بارش کے
برف بنے ہوئے قطرے
ژالہ باری (ف ۔ مث) اولے پڑنا
ژہ لیدہ (ف ۔ ص) پریشان
درہم ۔ برہم

ژولیدہ حال (ف ۔ ص) خستہ
حال ، پریشان حال
ژیان (ف ۔ ص) غضب ناک
خشمناک ۔ درندوں کی صفت
کے طور پر آتا ہے
ژند (ف ۔ مث) آتش پرستوں کی
آسمانی کتاب کا نام (۲)
زرداشت کے زمانے کی فارسی

س

(س ۔ ۱)

سا (۱) (ف ۔ ساں کا تخفیف) حرف ہے
(۱) جیسا ، مثل ۔ مانند ۔ مشابہ
(۲) کثرت کیواسطے بھی آتا ہے
جیسے بہت سا ڈھیر
سابق (ع ۔ ص) پہلا ۔ اگلا ۔ گزشتہ
سابقہ (ع ۔ ص) (۱) پہلا ۔ گذشتہ

(۲) واسطہ تعلق (۳) کسی مرکب لفظ کا پہلا حصہ جیسے اس میں الف

سابقہ پڑنا (۱) واسطہ پڑنا۔ کام پڑنا

سابقین (ع۔مذ۔ج) (واحد سابق) اگلے لوگ

سات پانچ (ہ۔ص) چند (ہ۔مث) (واحد (۱) چالاکی۔ دغا فریب (۲) چند آدمی

سات پانچ کرنا (۱) تین پانچ کرنا فیل لانا۔ جھگڑا لگانا تکرار بڑھانا

سات سنگار (ا۔مذ) عورتوں کی سات آرائشیں۔ (۱) سر منہ نہانا (۲) مہندی لگانا (۳) پان کھانا (۴) مسی لگانا (۵) سر گوندھنا (۶) زیور پہننا (۷) افشاں چننا یا چوڑیاں پہننا

ساتھ (ہ۔مذ) ہمراہ

ساتھ دینا (ہ) رفاقت کرنا۔ مدد دینا

ساتھ کا کھیلا (ہ۔مذ) بچپن کا دوست لنگوٹیا یار

ساتھی (ہ۔مذ) ہمراہی۔ شریک

ساٹھا پاٹھا (ہ۔مذ) بڑھاپے میں اچھے قویٰ والا۔ تندرست معمر

ساجن یا سجن (ہ۔مذ) پیارا۔ محبوب خاوند۔ شوہر

ساجھا (ہ۔مذ) شراکت۔ حصہ

ساچق (ف۔مث) مہندی کی رسم (اصل میں چ کے نیچے زیر ہے)

ساحر (ع۔مذ) جادوگر

ساحرہ (ع۔مث) جادوگرنی۔ معشوقہ

ساحت (ع۔مذ) میدان

ساحل (ع۔مذ) سمندر کا کنارہ۔ لب دریا (سواحل جمع)

ساخت (ف۔مث) بناوٹ۔ گھڑت

ساختہ (ف۔ص) بنائی ہوئی چیز

ساختہ پرداختہ (ف) کیا دھرا۔ کیا کرایا۔ کرتوت

سادات (ع۔مذ۔ج) (واحد سید)

سادگی (ف۔مث) بے تکلفی۔ قریب

صفائی ۔ سیدھا پن

سادہ (ف۔ص) صاف ۔ بھولا ۔ بھالا
بے وقوف

سادہ دلی (ف۔مث) صاف دلی
بے ریائی

سادہ کار (ف۔مذ) نقشیں کام بنانے والا
سُنار

سادہ لوح (ف۔ص) بیوقوف
بے سمجھ

سادھنا (ہ، ۱) ٹھیک ٹھاک کرنا (۲)
مشق کرنا (۳) سکھانا (۴) عادت
ڈالنا (۵) اختیار کرنا

سادھو (ہ۔مذ) فقیر ۔ نیک ۔ بھلا مانس

سادی (ہ۔ص) (۱) کوری غیر منقش
(۲) خالص (۳) بے ریا (۴)
بے وقوف

سارْبان (ف۔مذ) اونٹ چلانے والا ۔
شتربان

سارجنٹ (Sergeant)
(انگ۔مذ) حوالدار ۔ پولیس
کا عہدہ دار

سارٹیفیکیٹ (Certificate)
(انگ۔مذ) سند تحریری بتصدیق

سارس (ہ۔مذ) کلنگ ۔ بغلا ۔ پانی کا
جانور جسکی گردن لمبی ہوتی ہے

سارق (ع۔مذ) دزد ۔ چور

سارنگی (ہ (سا، مانند انگ، بدن)
مث) مشہور ساز جسے طوائفوں کے پیچھے
بجاتے ہیں

ساری (ع۔ص) جاری ۔ اثر کرنیوالا
(ہ۔مث) لمبی دھوتی جس میں
سے آدھی باندھی جاتی اور
آدھی اوڑھی جاتی ہے ساڑھی

ساز (ف۔مذ) سامان ۔ باجہ ۔ اسباب

ساز باز کرنا (۱) کسی سے ملکر دوسرے
کے خلاف مشورہ کرنا

سازش (ف۔مث) کسی کے خلاف
مشورہ کرنا

سازوسامان (ف۔مذ) مال اسباب
تیاری

سازِندَہ (ف۔مذ) باجہ بجانیوالا
ساس (ہ۔مث) خوشدامن خاوندیا بیوی کی ماں
ساعت (ع۔مث) گھڑی۔پل۔وقت دیکھنے کی گھڑی
ساعد (ع۔مذ۔مث) بازو فارسی میں بمعنی کلائی)
ساعی (ع۔مذ) سعی کرنیوالا۔کوشش کرنے والا
ساغر (ف۔مذ) پیالہ۔جام۔شراب کا پیالہ
ساغرِ چلنا (۱) شراب کا دور چلنا
ساغری (ف۔مث) مقعد اسپ (مجازاً) مقعدِ انسان
ساق (ع۔مث) پنڈلی۔ساگ وغیرہ کا ڈنٹھل
ساقط (ع۔ص) گرنے والا۔متروک
ساقی (ع۔مذ) شراب یا حقہ پلانے والا۔پلانیوالا معشوق محبوب
ساکت (ع۔ص) خاموش۔چپ چاپ
ساکِن (ع۔ص) ٹھیرا ہوا۔رہنے والا امکان (ساکنین جمع)
ساکنین (ع۔مذ۔ج) (واحد ساکن)
ساکھ (ہ۔مث) اعتبار۔بھرم
ساکھا (ہ۔مذ) (۱) لڑائی جھگڑا (۲) جنگی کارناموں کی نظم۔رزمیہ نظم (۳) راجہ سالباہن کا جاری کردہ سن جو شکہ سے شروع ہوتا ہے (۴) ہندوؤں کی شادی میں دولہا اور دلہن کا شجرۂ نسب جو سنایا جاتا ہے
ساکھا ڈالنا یا کرنا لڑنا جھگڑنا
ساکھی (ہ۔مث) ساتھ کھیلنے والی لڑکی (سکھی مخفف ہے)
ساگ (ہ۔مذ) سبزی ترکاری
ساگ پات (ہ۔مذ) ترکاری
ساگر (ہ۔مذ) سمندر۔بحر
ساگودانہ (ف۔مذ) سابودانہ۔جو بیماروں کو دودھ یا پانی میں پکا کر کھلاتے ہیں
ساگوان یا سال (ہ۔مث) ایک قسم

کی پہاڑی لکڑی

سال (ف۔مذ) برس۔ عمر۔ سن

سالِ جلوس (ف۔مذ) ہندوستان کے مغل بادشاہوں کے ہاں دستور تھا کہ روزمرہ سن کے علاوہ بادشاہ کے تخت نشین ہونے کی تاریخ سے ایک نیا سن جاری کیا جاتا تھا اور اسی بادشاہ کے عہد کے واقعات سرکاری تاریخ میں اس تخت نشینی کے سن کی رعایت سے درج کئے جاتے تھے اس سن کو سنِ جلوس یا سالِ جلوس یعنی بادشاہوں کی تخت نشینی کی یادگار کا سن کہتے تھے

سال بسال (ف) ہر سال

سالِ خوردہ (ف۔ص) پرانا بوڑھا تجربہ کار

سالِ شمسی (ف۔مذ) وہ برس جو سورج کی چال پر محسوب ہو

سالِ فصلی (ف۔مذ) سال شمسی جس کا تعلق فصلوں سے ہے اس کے مہینے وہی ہیں جو بکرمی سال کے ہیں

سالِ قمری (ف۔مذ) وہ برس جو چاند کی چال پر شمار کیا جائے

سالِ کبیسہ (ف۔مذ) وہ سال جس کا سنہ چار پہ پورا تقسیم ہو اور ماہ فروری ۲۹ دن کا شمار کیا جائے۔ لوند کا سال

سالِ نور (ا۔مذ) ستاروں وغیرہ کے فاصلے کی اکائی یعنی روشنی ایک لاکھ ۸۶ ہزار ۲۷۰ میل فی ثانیہ کے حساب سے جو فاصلہ ایک سال میں طے کرتی ہے اسے اکائی قرار دیکر کہتے ہیں کہ فلاں ستارہ زمین سے اتنے سال نور کے فاصلے پر واقع ہے

سال گرہ (ف۔مث) جنم دن

سالار (ف۔مذ) سردار۔ افسر

سالارِ جنگ (ف۔مذ) سپہ سالار فوجی افسروں کا خطاب

سالانہ (ف۔ص) ہر سال نذرانہ

سالک (ف۔مذ) چلنے والا۔ خدا دوست۔ فقیر

سالمہ (ع۔مذ) ادے کا چھوٹے سے چھوٹا ذرہ جو خوردبین سے بھی نظر نہیں آتا اسے انگریزی میں ایٹم (Atom) کہتے ہیں ہر ایک مادی جو ہر دل کا مجموعہ ہوتا ہے ان جوہر دل کو برقیے کہتے ہیں

سالن (ہ۔مذ) ترکاری یا گوشت وغیرہ پکا ہوا۔ لاون نان خورش

سالنامہ (ہ۔مذ) اخبار یا رسالے کا وہ شمارہ جو سال کے خاتمے پر خاص اہتمام سے شائع ہو۔

سالی (ہ۔مث) بیوی کی بہن نسبتی بہن۔ خواہر زنہ

ساماں (ف۔مذ) اسباب۔ تیاری

سامری (ع۔مذ) شہر سامرہ کا جادوگر جس نے بنی اسرائیل کیلئے سونے کا چاندی کا گوسالہ بنا کر ان کو گمراہ کیا اور بت پرستی کرائی

سامری فن (ہ۔مذ) جادوگر۔ ساحر

سامع (ع۔مذ) سننے والا وہ حافظ جو دوسرے حافظ کا قرآن سنے۔ (سامعین جمع)

سامعہ (ع۔مث) سننے کی قوت

سامعین (ع۔مذ۔ج) واحد سامع حاضرین مجلس

سامنا (ہ۔مذ) مقابلہ۔ برابری

سامنا کرنا (ہ) مقابلہ کرنا جنگ کرنا

سامنے آنا (ہ) مقابل ہونا۔ آگے آنا

سامنے کی بات (ہ) جو بات اپنے روبرو یا اپنی موجودگی میں ہو

سامنے ہونا (ہ) روبرو ہونا۔ مقابلہ ہونا گستاخی کرنا

سان (ہ۔مث) دھار تیز کرنے کی پتھری وغیرہ

سان پر چڑھانا یا رکھنا یا دکھانا (ہ) سان کے ذریعہ سے چاقو وغیرہ

تیز کرنا

سانپ ساچھاتی پر پھرنا یا لوٹنا (۱) بڑا صدمہ گزرنا، نہایت افسوس کرنا تلملاہٹ یا اضطراب ہونا (۲) رشک گزرنا حسرت آنا

سانپ سونگھ جانا (۱) سانپ کا ڈسنا زہر کے مارے بے ہوش ہونا

سانپ کا کاٹا رسی سے ڈرتا ہے (ش) زخم خوردہ کی غیر معمولی احتیاط سے مراد ہے

سانپ کا من (ا ۔ مذ) وہ روشن جوہر جو سانپ کے منہ میں ہوتا ہے جب وہ خوشی میں آتا ہے تو اسے نکال کر رکھ لیتا ہے اور اس کی روشنی میں کوسوں سیر کرتا پھرتا ہے کہتے ہیں کہ جس کے پاس یہ من ہو وہ تمام آفتوں سے محفوظ رہتا ہے نہ اسے آگ جلا سکتی ہے نہ پانی اسے ڈبو سکتا ہے

سانپ کے منہ میں چھچھوندر نگلے تو اندھا اگلے تو کوڑھی (کہاوت) نہ کیئے ہی بنتی ہے نہ چھوڑے

سانپ مرے نہ لاٹھی ٹوٹے (کہاوت) کام نکل آئے مگر ضرر نہ ہو

سانچ (ا ۔ مذ) سچ۔

سانچ کو آنچ نہیں۔ یا سانچ کو کیا آنچ (ف) سچ ہمیشہ سر بلند ہوتا ہے سچے کو جوکھوں نہیں

سانچا (ا ۔ مذ) کھلونے ڈھالنے کا اوزار

سانحہ (ا ۔ مذ) واقعہ، حادثہ

سانحہ ہوش ربا (ف) دردناک واقعہ

سانڈ (ا ۔ مذ) نر بیل یا نر گھوڑا جو نسل کشی کے لئے مخصوص ہو شہوت پرست عیاش

سانڈنی (ا ۔ مؤ) اونٹنی، ناقہ، سواری کی تیز اونٹنی یا اونٹ

سانس (ہ۔ مذ۔ مث) دم۔ پھونک
دیگ وغیرہ کی بھاپ چھونک
گھٹنے کا دفعہ اگرچہ اکثر شعرا
نے اسے مونث باندھا ہے
مگر بول چال میں مذکر ہی
سنا جاتا ہے"۔ (آصفیہ)
سانس پھولنا (ہ) دم چڑھنا
تھک جانا
سانس ٹوٹنا (ہ) دم ٹوٹنا
سانس لینا (ہ) دم بھرنا۔ سانس
کھینچنا
سانگ یا سوانگ (ہ۔ مذ) نقل
بھیس بدلنا
سان گمان (ہ۔ مذ) خیال۔ وہم
سانولا یا سانورا (ہ۔ ص) سیاہی
مائل
سانننا (ہ) گوندھنا۔ ملنا گارا کرنا
آلودہ کرنا
ساون (ہ۔ مذ) ہندی سال کا چوتھا
برسات کا پہلا مہینہ
ساون بھادوں (ہ۔ مذ) (۱) برسات
کا پہلا اور دوسرا مہینہ (۲)
دھوپ بھی بارش بھی (۳)
جالی دار مکان جس میں بارش
کی سی کیفیت ہو۔
ساونی (ہ۔ مث) مکئی۔ جوار۔ باجرہ
کی فصل
ساہو (ہ۔ مذ) درست۔ خیر خواہ۔ چور
ساہوکار (ہ۔ مذ) روپیہ قرض دینے
والا
سائبان (ف۔ مذ) شامیانہ۔ تنبو
سائڈ (Side)
(انگ۔ مث) طرف۔ پہلو
سائڈ کار (Side-car)
(انگ۔ مث) موٹر سائیکل
کے ساتھ دوسرے آدمی
کے بیٹھنے کی جگہ
سائڈ ایلیویشن (Side-elevation) (انگ)
کسی عمارت کے پہلو
کا نقشہ۔
سائر (ہ۔ مذ) پھرنے والا۔ تمام

سائرہ خرچ (د ـ مذ) دفتر کا متفرق خرچ

سائز (Size) (انگ مذ) حجم ـ قد

سائفن (Siphon) (انگ ـ مث) دو شاخی خمیدہ نلی جسکے ذریعہ اونچے اونچے برتن کا پانی خود بخود نچلے برتن میں آجاتا ہے ـ سارقہ

سائل (د ـ مذ) سوال کرنیوالا ـ درخواست کرنے والا

سائمن رپورٹ (Simon) (Report) (انگ ـ مث) وہ رپورٹ جو ہندوستان والوں کو اصلاحات کی قسط دیئے جانے کے متعلق سر جان سائمن رکن پارلیمنٹ انگلستان کی سرکردگی میں مرتب ہوئی

سائن (Sign) (انگ ـ مذ) نشان ـ دستخط

سائن بورڈ (Sign-board) (انگ ـ مذ) نشان کی تختی وہ تختہ جس پر مکان وغیرہ کا پتہ لکھا ہوا ہو ـ

سائنٹیفک (Scientific) (انگ ـ ص) علمی ـ سائنس کے متعلق ـ حکمیاتی

سائنس (Science) (انگ ـ مث) علم طبعی ـ حکمیات

سائنس روم Science (Room) (انگ ـ مذ) علم طبعی پڑھانے کا کمرہ

سائیس (ا ـ مذ) گھوڑے کا نگہبان

سائیں سائیں کرنا (ہ) ہوا کا زور سے چلنا ـ رات کی خاموش تاریکی اور سناہٹ ـ خوفناک ہونا

سایہ (ف ـ مذ) چھاؤں ـ پناہ ـ حفاظت جن ـ صحبت

سایہ پروردہ (ف ـ مذ) کسی کی حمایت میں پرورش پایا ہوا ـ غلام فیض یافتہ ـ گھر کا پلا ہوا

سایہ پڑنا (ہ) عکس پڑنا ـ پرچھائیں

سایہ دار (ف ۔ ص) چھاؤں والا درخت

سایہ ہونا (ل) مہربانی ہونا ۔ آسیب زدہ ہونا

سائے سے بھاگنا (ل) نفرت کرنا ڈرنا

سائے میں آنا (ل) پناہ میں آنا

(س ۔ ب)

سب (ہ) سارا ۔ تمام ۔ پورا ۔ کل

سب کو ایک لاٹھی ہانکنا (ہ) درجے اور مرتبے کا لحاظ کیے بغیر یکساں برتاؤ کرنا

سب (Sub) (انگ ۔ لاحقہ) نائب ۔ ماتحت

سب آرڈی نیٹ (Subordinate) (انگ ۔ ند) ماتحت ۔ ملازم

سب انسپکٹر Sub-Inspector (انگ ۔ ند) چھوٹا انسپکٹر تھانیدار

سب ڈویژن Sub division (انگ ۔ ند) ضلع کا ایک حصہ

سب آفس Sub-office (انگ ۔ ند) چھوٹا دفتر

سب رجسٹرار (انگ ۔ ند) (Sub-Registrar) رجسٹرار کا نائب

سب پوسٹ ماسٹر (Sub-Postmaster) (انگ ۔ ند) سب آفس کا بڑا ڈاک منشی

سبابہ (ع ۔ مث) انگشت شہادت

سبب (ع ۔ مذ) لغوی معنی رسی ؛ وجہ ۔ ذریعہ ۔ علت ۔ باعث (اسباب جمع)

سبحان (ع ۔ مذ) اصل میں مصدر ہے جس کے معنی ہیں خدا کی حمد و ستائش کرنا ۔ پاک مقدس

سبحہ (ع ۔ مث) تسبیح ۔ مالا

سبد (ف ۔ مث) ٹوکری عام طور پر سبد گل (پھولوں کی ٹوکری) کی ترکیب میں آتا ہے یا گل سر سبد (چوٹی کا پھول) کی ترکیب میں

سبز (ف ۔ ص) ہرا ۔ تازہ

سبز باغ دکھانا (ا) بڑی بڑی امیدیں دلانا۔ فریب میں لانا جھوٹے وعدے کرنا
سبز قدم (ف۔ص) منحوس۔ نامبارک
سبزہ (ف۔مذ) ہریاولی۔ سبزی
سبزہ زار (ف۔مذ) ہریاولی کا تختہ چراگاہ۔
سبزی (ف۔مث) ساگ پات۔ ترکاری ہریاول۔ بھنگ
سبسکرائبر (Subscriber) (انگ۔مذ) چندہ دینے والا
سبط (ع۔مذ) پوتا۔ بیٹی کی اولاد (اسباط جمع)
سبع (ع۔ص) سات
سبق (ع۔مذ) درس تعلیم (اسباق جمع)
سبق پڑھانا (ا) تعلیم دینا۔ تنبیہ کرنا پٹی پڑھانا
سبقت (ع۔مث) فوقیت۔ آگے بڑھنا بڑائی۔ برتری
سبقت لیجانا (ا) دوسرے سے بڑھ جانا جیت لینا
سُبک یا سَبُک (ف۔ص) (۱) ہلکا کم۔ عامیانہ۔ بیہودہ (۲) نازک۔ لطیف
سُبکدست (ف۔ص) نازک کام بنانے والا
سبکدوش (ف۔ص) فارغ۔ ملازمت سے الگ۔ بری الذمہ
سُبک سر (ف۔ص) کم حوصلہ ادچھا۔ کمینہ
سُبکی (ف۔مث) خفت۔ ہلکاپن بےعزتی
سبکی (ہ۔مث) سسکی
سَبُو (ف۔مذ) گھڑا
سبوچہ (ف۔مذ) چھوٹا گھڑا۔ کوزہ
سبوس (ف۔مث) بھوسی۔ چوکر
سبھ (س۔ص) مبارک۔ نیک۔
سبھا (ہ۔مث) مجلس۔ کمیٹی۔ انجمن
سبھاپتی (ہ۔مذ) صدر انجمن۔ پریزیڈنٹ۔ پردھان
سبکیاں لینا (ہ) سسکیاں بھرنا خاموشی سے روتے ہوئے آہستہ آہستہ ہچکیاں لینا

سُبھاؤ (ہ ۔ مذ) سلوک ۔ برتاؤ ۔ خاصہ
چہرے کی ہیئت ۔ عادت
سُبیل (ع ۔ مث) راہ ۔ طریق (ف)
پیاؤ ۔ پو ۔ تدبیر ۔ حیلہ
سَبیل لگانا (و ۔ مث) پانی پلانا
پیاؤ لگانا محرم میں پیاسوں
کو پانی وغیرہ پلانا
سَپاٹ (ہ ۔ ص) چٹیل ۔ ہموار
سَناٹا (ہ ۔ مذ) جھپٹ ۔ دوڑ ۔ سیر ۔
سِپارہ (ف ۔ مذ) تیس پارہ ٹکڑا
حصہ ۔ قرآن شریف کا پارہ
سُپاری (ہ ۔ مث) چھالیہ
سِپاس (ف ۔ مذ) شکریہ
سپاس گزاری (ف ۔ مث) شکریہ
ادا کرنا
سپاس نامہ (ف ۔ مذ) تحریری
شکریہ ۔ ایڈریس
سپاہ (ف ۔ مث) فوج ۔ لشکر
سپہ گری (ف ۔ مث) سپاہی کا
کام ۔ بہادری
سپاہی (ف ۔ مذ) لشکری ۔ فوجی ملازم
پولیس کا ملازم
سپاہیانہ (ف ۔ ص) سپاہیوں کی
طرح بہادرانہ ۔ سادہ
سِپَر (ف ۔ مث) ڈھال
سپر ڈالنا یا پھینکنا (و) عاجز ہونا
شکست ماننا
سپر ہونا (و) سامنے آنا ۔ آڑے آنا
سپرٹ (Spirit)
(انگ ۔ مث) اسپرٹ یا جوہر تیزاب
جو جلانے کے کام آتا ہے روح
سپرٹ لیمپ
(Spirit Lamp) (انگ ۔ مذ)
وہ لیمپ جسمیں سپرٹ ڈال
کر جلاتے ہیں اسکا دھواں کم
ہوتا ہے اور آنچ بہت تیز
سپرٹ لیول
(Spirit Level) (انگ ۔ مذ)
ایک آلہ جس کی نلی میں سپرٹ
بھر کر ایک بلبلہ چھوڑ کر سطح کی
ہمواری یا ناہمواری دیکھتے ہیں
سِپُرد کرنا (و) سونپنا ۔ حوالے کرنا

تحویل یا تفویض میں رہنا
سپردگی (ف۔مث) حوالگی۔حراست
سپرنٹنڈنٹ
(Superintendent) (انگ۔مذ)
منتظم۔داروغہ۔نگراں
سپنا (ہ۔مذ) خواب۔رویا
سپند (ف۔مذ) ہرمل۔اسپند
سپوت (ہ۔مذ) لائق بیٹا
سپریم کورٹ (Supreme Court) (انگ۔مث)
عدالت شاہی
سپیشل (Special) (انگ۔ص) خاص سپیشل ٹرین
سپیشل کلاس
(Special Class) (انگ۔مث)
درجۂ خاص
سپیشل کیس (Special Case) (انگ۔مذ) خاص
حالت۔خاص معاملہ
سپیشل ٹرین
(Special Train) (انگ۔مث)
وہ ریل گاڑی جو کسی خاص
شخص مثلاً کسی نواب یا وائسرائے
کے لئے یا کسی خاص ضرورت
کیلئے چلائی جائے۔
سپروائزر (Supervisor)
(انگ۔مذ) نگرانی کرنیوالا
سپلیمنٹ (Supplement)
(انگ۔مذ) زائد۔ضمیمہ
سپلیمنٹری ریڈر
(Supplementary Reader)
(انگ۔مذ) وہ کتاب جو مقررہ کتاب
کے علاوہ زاید پڑھائی جائے
سپورٹس (Sports)
(انگ۔مذ ج) کھیل
سپولیا (ہ۔مذ) سانپ کا چھوٹا بچہ
(نوزائیدہ)
سپہ (ف۔مث) سپاہ۔لشکر۔فوج
سپہ سالار (ف۔مذ) فوج کا سردار
سپیچ (انگ۔مث) تقریر
سپید (ف۔ص) سفید۔چٹا اجلا
صاف۔گورا

سپیریر (Superior) (انگ۔ص) عمدہ۔ اعلیٰ

(س۔ ت)

سَت (ہ۔مذ) سچ۔ درست۔ درست رس

ست بچن (ہ۔مذ) صحیح۔ ٹھیک بات

ست جگ (ہ۔مذ) ہندوؤں کے خیال کے مطابق پہلا زمانہ۔ سچا زمانہ خیال کیا جاتا ہے ان کے نزدیک یہ ۱۷ لاکھ ۲۸ ہزار سال کا تھا اس کی ضد کلجگ ہے یعنی برا زمانہ جو آجکل جا رہا ہے

ستار (ف۔مث) سہ یعنی تین تار، تاروں کا ہاتھ سے بجانے والا باجہ

ستارہ (ف۔مذ) تارہ نجم۔ قسمت بخت

ستارہ بلند ہونا (ا) قسمت اچھی ہونا

ستارہ چمکنا (ا) نصیبہ جاگنا قسمت کھلنا

ستارہ شناس (ف۔مذ) نجومی

ستارہ ہند (ا۔مذ) ایک سرکاری خطاب ہے

ستانا (ہ) تنگ کرنا۔ دق کرنا

ستاون (ہ۔ص) پچاس اور سات ۵۷

ستائش (ف۔مث) تعریف۔ حمد ثنا

ستھان (ہ۔مذ) استھان۔ جگہ۔ مقام

ستر (۔مذ) پردے کی جگہ۔ پردہ شرمگاہ

ستر بہترا (ہ۔ص) بہت بوڑھا جو شخص بڑھاپے کے سبب سے بہکی بہکی باتیں کرے

ستم (ف۔مذ) ظلم۔ دکھ۔ تکلیف

ستم ایجاد (ف۔مذ) ظلم کی بنیاد رکھنے والا (مجازاً) معشوق

ستم توڑنا (ا) ظلم کرنا۔ ستانا

ستم ڈھانا (ا) ستم توڑنا۔ ظلم کرنا

ستم دیدہ و یا رسیدہ۔ (ف۔مذ) مظلوم۔ ستایا ہوا

ستم زدہ (ف۔ص) ظلم کا مارا مظلوم
ستم شعار (ف۔مذ) ظالم۔ جابر
ستم ظریف (ف۔مذ) ہنسی ہنسی میں ظلم کرنیوالا
ستم گار یا ستمگر (ف۔مذ) ظالم
ستمبر (انگ Septembre) (مذ) انگریزی نواں مہینہ جو تیس دن کا ہوتا ہے
ستو (ہ۔مذ) بھنا ہوا آٹا
ستو گھولنا (ہ) بھوک مٹانا یعنی بے فائدہ پانی ملانا
ستوان (ہ۔ص) سنی موئی۔ پتلی نازک
ستودہ (ف۔ص) عمدہ۔ پسندیدہ
ستودہ صفات (ف۔ص) نیک اطوار
ستھرا (ہ۔ص) صاف۔ عمدہ۔ پاک (ہ۔مذ) بابا گورو نانک کے ایک چیلے کا نام جس سے ستھرا شاہی پنتھ چلا۔ یہ لوگ اکثر ڈنڈے بجا کر تک بندی کے ساتھ مانگتے پھرتے ہیں
ستہ (ہ۔ص) چھ۔ شش
ستہ متناسبہ (ف۔مذ) حساب کا قاعدہ جسمیں پانچ مقدار ہائے معلومہ کی مدد سے چھٹی نامعلوم مقدار معلوم کی جاتی ہے
ستی (ہ۔ث) ست والی۔ پاک دامن وہ عورت جو اپنے مردہ خاوند کی چتا میں بیٹھ کر زندہ جل مرے
ستیاناس (ہ۔مذ) تباہی۔ بربادی
ستیاناس کرنا (ہ) تباہ کرنا برباد کرنا
ستیزہ (ف۔ث) لڑائی جنگ
ستیہ آگرہ (ہ۔مذ) خاموش مقابلہ مقاومت مجہول
ستیہ بادی (ہ۔ص) سچ کہنے یا بولنے والا۔ سچا۔ صادق القول

(س۔ ط)

سَٹ (ہ۔مث) سازش۔تدبیر

سَٹ پٹانا (ہ) گھبرا جانا۔فکرمند ہونا بوکھلانا۔تکلیف پریشان ہوجانا

سیٹ (Set) (انگ۔مذ) کچھ چیزوں کا مجموعہ۔جوڑا

سٹ (Sit) (انگ) بیٹھ بیٹھو

سٹاف (Staff) (انگ مذ) عملہ

سٹاف روم (Staff Room) (انگ۔مذ) عملے کے بیٹھنے کا کمرہ

سٹاک (Stock) (انگ مذ) ذخیرہ

سٹاک رجسٹر (Stock Register) (انگ۔مذ) وہ کتاب جسمیں اشیائے موجود درج ہوں

سٹامپ (Stamp) (انگ۔مذ) ٹکٹ۔اسٹام

سٹرائک (Strike) (انگ۔مث) ہڑتال کام بند کرنا

سٹریچر (Stretcher) (انگ۔مذ) بیماری یا زخمی کو اٹھانے کیلئے تختہ وغیرہ

سٹک (Stick) (انگ مذ) چھڑی۔ہاکی کھیلنے کا ڈنڈا

سٹوڈنٹ (Student) (انگ۔مذ) طالب علم

سٹول (Stool) (انگ۔مذ) چار پایوں کی لکڑی کی بنی ہوئی چوکی

سٹور (Store) (انگ مذ) ذخیرہ

سٹہ (ہ۔مذ) قیاسی۔منافع جوئی ایک قسم کا تجارتی جوا

سٹہ بازی۔قیاسی منافع جوئی کرنا جوا کھیلنا۔قمار بازی

سٹیپ (Step) (انگ مث) قدم

سٹی (City) (انگ۔مذ)

سٹی (ہ۔مث) عقل۔ ہوش۔ سنسکرت میں شاٹھ = عقل

سٹی بھول جانا یا گم ہونا (ہ) ہوش گم ہونا

سٹیٹ (State) (انگ۔مث) ریاست

سٹیج (Stage) (انگ۔مث) تقریر کرنے یا تماشا دکھانے کا چبوترہ

سٹیشن (Station) (انگ۔مذ) مقام ریل گاڑی کے ٹھہرنے کی جگہ

سٹیشنری (Stationery) انگ مث) کاغذ، قلم، دوات وغیرہ اشیار

سٹینڈرڈ (Standard) (انگ۔مذ) معیار، درجہ

سٹیل (Steel) (انگ۔مث) فولاد

سٹیم (Steam) (انگ۔مث) بھاپ

سٹیم انجن (Steam Engine) (انگ۔مذ) وہ کل جو بھاپ کے زور سے چلتی ہو۔

سٹیمر (Steamer) (انگ۔مذ) بھاپ سے چلنے والا جہاز

(س۔ج)

سَج (ہ۔مث) سجاوٹ، سنگار

سج دھج (ہ۔مث) بناؤ سنگار، صورت شکل

سَجّادَہ (ع۔مذ) مصلےٰ۔ گدی

سجّادہ نشین (ف۔مذ) کسی پیر یا درویش کی گدی پر بیٹھنے والا

سَجدَہ (ع۔مذ) ماتھا ٹیکنا، بندگی میں سر جھکانا (سجدات جمع)

سَجدَہ گاہ (ف۔مث) سجدہ کرنے کی جگہ

سَجَع (ف۔ج) مقفیٰ۔ موزوں کلام

سَجَع گو (ف۔مذ) مقفیٰ کلام کہنے والا ایسا موزوں فقرہ یا مصرع کہنے والا ظاہری معنیٰ بھی ٹھیک رہیں اور کہنے والے کا پورا نام بھی آ جائے

جیسے غلام احمد نامی ایک لڑکے
کا سجع ہے ع
غلام احمدم صلو علیہ
سَجاوٹ (ہ۔مث) آرائش۔ زینت
سَجنا (ہ) موزوں ہونا۔ اچھا لگنا
سَجن (ہ۔مذ) دوست۔ معشوق
سُجھانا (ہ) جتانا۔ یاد دلانا
سَجّی (ہ۔مث) کھار
سَجیلا (ہ۔ص) خوبصورت۔ بانکا

اس ۔ ج ۔ ح ا

سَچ (ہ۔مذ) درست۔ ٹھیک۔ بیشک
سَچ مُچ (ہ۔مذ) واقعی۔ ہو بہو۔ یقیناً
سَچا (ہ۔مذ) سچ بولنے والا۔ کھرا۔ درست
سحاب (ع۔مذ) بادل۔ ابر۔ گھٹا
سحر (ع۔مذ) جادو
سحر بیان (ع۔ص) موثر تقریر کرنے
والا
سَحَر (ع۔مث) فجر۔ تڑکا۔ تاروں کی
چھاؤں
سُحُور (ع۔مذ) صبح سے پہلے کھانے کا
وقت۔ آغاز۔ روزہ کا وقت
سَحَری (ع۔مث) مشہور سحری، ماہ
رمضان المبارک میں پو پھٹنے
سے پہلے کھانا کھانا

اس ۔ خ ا

سَخا (ع۔مث) سخاوت بخشش۔ دان
سخاوت (ع۔مث) بخشش
سَخت (ف۔ص) مضبوط۔ کڑا۔ بےرحم
بدمزاج۔ کرخت
سخت جان (ف۔ص) سنگدل
جس کی جان مشکل سے نکلے
سخت سُست کہنا (و) بُرا بھلا کہنا
ڈانٹنا
سَختی (ف۔مث) زیادتی۔ بدسلوکی
مصیبت
سُخُن یا سُخَن (ف۔مذ) بات۔ گفتار
شعر۔ افصح سخن
سُخَن پرور (ف۔ص) اپنی بات پر اڑ جانے
والا۔ ضدی
سُخَن چیں (ف۔ص) چغل خور

سخندان (ف۔ مذ) شاعر
سخن ساز (ف۔ مذ) شاعر۔ مکار
سخن سنج (ف۔ ص) شعر کی قدر کرنے والا
سخن شناس (ف۔ ص) سخن پہچاننے والا۔ قدردان کلام
سخن فہم (ف۔ ص) بات کو سمجھ جانے والا
سخن گو (ف۔ مذ) شاعر
سخن ور (ف۔ مذ) شاعر
سخی (ع۔ مذ) بخشش کرنے والا۔ فیاض
سدّ (ع۔ مث) روک۔ دیوار۔ پردہ
سدّ راہ ہونا (ہ) روک ہو جانا۔ مانع آنا مخل ہونا
سدّ سکندری یا سدّ یاجوج (ف۔ مث) سکندر کی بنائی ہوئی مختلف دھاتوں کی مشہور دیوار
سدا (ف) ہمیشہ۔ مدام
سدا برت (ہ۔ مذ) لنگر
سدا بہار (ف۔ ص) ہمیشہ تر تازہ رہنے والا۔ بارہ ماسہ
سدا سہاگن (ہ۔ مث) ہمیشہ سرسبز ایک بوٹی ہوتی ہے
سدرہ (ع۔ مث) بیری کا درخت جو ساتویں آسمان پر ہے
سدرۃ المنتہٰی (ع۔ مذ) ساتویں آسمان پر بیری کا درخت اس سے آگے کسی فرشتے کا گزر نہیں
سدّہ (ع۔ مذ) گرہ۔ انتڑیوں میں جو غلیظ مواد سخت ہوکر قبض پیدا کر دیتا ہے
سُدھ (ہ۔ مث) سمجھ۔ عقل۔ فہم
سِدھ (س۔ ص) پاک۔ صحیح
سدھارنا (ہ) روانہ ہونا۔ دنیا سے رخصت ہونا
سدھانا (ہ) سکھانا۔ جانور کو تعلیم دینا
سُدھرنا (ہ) درست ہونا۔ ٹھیک ہونا
سدیم (ع۔ مذ) مادے کا وہ بادل جس سے آفتاب اور اسکے سیارے بنتے ہیں نیبولا (Nebula)

س۔ ڈ۔ ر

سُڈول (ہ۔ص) خوبصورت جس کے اعضا یا اجزا متناسب ہوں۔ اچھے ڈول ہوں

سڈیشن (Sedition) (انگ۔مث) بغاوت

سَر (Sir) (انگ مذ) جناب سرکاری خطاب

سَر (ہ۔مذ) تالاب

سِر (ع۔مذ) بھید پردہ۔ راز (اسرار جمع)

سُر (ہ۔مذ) تال۔ آواز۔ راگ

سُر ملانا (ہ) آواز ملانا یو نفت کرنا

سُر مِلنا (ہ) آواز ملنا۔ اتفاق ہونا

سِر (ہ۔مذ) سر۔کلہ۔ کھوپڑی۔ نوک پھننگ۔

سِر اٹھانا (ہ) سر ابھارنا۔ فساد مچانا

سِر آنکھوں پر (ہ) شوق سے خوشی سے

سر پر سوار ہونا (ہ) پیچھا نہ چھوڑنا تنگ کرنا

سر پر رکھنا (ہ) اپنے سر پہ بوجھ لینا عزت کرنا

سِر پھرا (ہ۔ص) بد دماغ۔ بے پرواہ

سر پھرنا (ہ) سر چکرانا۔ دماغ میں فتور آنا

سر پھوڑنا (ہ) سر توڑنا۔ لڑنا جھگڑنا

سِر جھکانا (ہ) انکساری کرنا۔ مان لینا شرم سے سر نیچے کرنا

سِر دُھننا (ہ) سر ہلانا۔ وجد میں آنا

سِر دینا (ہ) سر قربان کرنا۔ جان دینا۔

سر سہرا بندھنا یا رہنا (ہ) شادی ہونا نیک نامی یا عزت ہونا کام انجام پانا

سَر کرنا (ہ) فتح کرنا

سِر کھانا (ہ) بکواس کرنا

سِر کھپانا (ہ) مغز زنی۔ بار بار سمجھانا سوچنا

سِر کھجانا (ہ) شامت آنا۔ مار کھانے کو جی چاہنا

سِر کھونا (ہ) سر ننگا کرنا۔ چوٹی کھونا

سر چڑھانا
سر کے بَل (م) عاجزی کیساتھ۔ سر کے
رخ۔ نیازمندانہ۔ عقیدت
کے ساتھ
سَر کے ساتھ ہے (ما) جان کے
ساتھ ہے
سر گوندھنا (ہ) چوٹی کرنا۔ سر باندھنا
سَر (ف۔ مذ) سر۔ چوٹی۔ چھنگ۔ سردار
ابتدا۔ بالا۔ اوپر۔ اندر۔ بیچ
(جیسے سَر دربار)
سَراپا (ف۔ مذ) (۱) سر سے پا تک لباس
(۲) محبوب کے سر سے پاؤں تک
جملہ اعضا کی تعریف
سر انجام (ف۔ مذ) تیاری۔ سامان
تیاری۔ اہتمام۔ نظام (۲)
اختتام۔ خاتمہ۔ (پانا۔ دینا
کرنا۔ ہونا)
سَر آمد (ف۔ ص) برگزیدہ۔ سربرآوردہ
ممتاز
سر بازار (ف) عام شاہراہ پر عام لوگوں
کے سامنے

سَر بام (ف) چھت پر۔ کوٹھے پر
سَر براہ (ف۔ مذ) انتظام کرنے والا
رئیس
سَر بستہ (ف۔ ص) پوشیدہ
سر بسر (ف) تمام۔ بالکل۔ برابر
سر بفلک (ف۔ ص) بہت بلند
سَر بگریباں (ف۔ ص) گریبان میں
منہ چھپائے۔ متفکر
سر بلند (ف۔ ص) ممتاز۔ معزز
سَر بمہر (ف۔ ص) بند۔ مہر لگا ہوا
سر پرست (ف۔ مذ) ولی۔ نگہبان
سر پنچ (ہ۔ مذ) میر مجلس۔ چودھری
سر پیچ (ف۔ مذ) پگڑی کے اوپر پہننے
کا زیور۔ یہ سونے کی لمبی چوڑی
چوڑی ٹکیاں ہوتی ہیں جنمیں
ہیرے جڑے ہوتے ہیں
سَر پوش (ف۔ مذ) ڈھکنا۔ ڈھکنے والا
برتن
سَرتاب (ف۔ ص) سرکش۔ باغی
سرتابی (ف۔ مث) سرکشی۔ بغاوت
نافرمانی۔ عدول حکمی

سَرتاج (ف۔ مذ) عورتوں کے سر کی پوشش (مجازاً) آقا۔ خاوند مالک

سَرچشمہ (ف۔ مذ) وہ جہاں سے دریا نکلتا ہے منبع۔ مصدر

سَرحد (ف۔ مث) کنارہ۔ ملک کی حد کے ساتھ والا علاقہ

سَرخَط (ف۔ مذ) بیع نامہ۔ قبالہ لکھت۔ تمسک

سَرخیل (ف۔ مذ) سرکردہ۔ امیر سردار

سَردَست (ف) اس وقت فی الحال

سَرِراہ (ف) راستے پر

سَرِشتہ (ف۔ مذ) محکمہ

سرزَمین (ف۔ مث) ولایت۔ خِطّہ زمین

سرسبز (ف۔ ص) تروتازہ۔ آباد

سَرِشام (ف) شام کے قریب

سرافراز (ف۔ ص) سربلند۔ معزز

سرافراز کرنا (۱) عزت بخشنا

سرفراز ہونا (۱) سربلند یا معزز ہونا (۲) دینا۔ عطا کرنا۔ بخشنا

سرکاری (و۔ ص) سرکار کے متعلق حکومت کے متعلق حکومت کا

سرشور (ف۔ ص) شوریدہ سر۔ سرکش باغی

سرشوری (ف۔ مث) شوریدہ سری سرکشی۔ بغاوت

سرکش (ف۔ ص) بے وفا۔ باغی نافرمان

سرکشی (ف۔ مث) بغاوت۔ نافرمانی

سرکوب (ف۔ ص) سر کچلنے والا سزا دینے والا۔ شکست دینے والا

سرکوبی (ف۔ مث) سر کچلنا۔ سزا

سرگزشت (ف۔ مث) واقعہ۔ بپتا بیتی

سرگراں (ف۔ ص) مخمور۔ ناراض

سرگرداں (ف۔ ص) پریشان گندہ

سرگرم (ف۔ ص) پُرجوش۔ مستعد

سرگرمی (ف۔مث) جوش

سرگروہ (ف۔مذ) گروہ کا سردار

سرغنہ

سرگوشی (ف۔مث) کانا پھوسی

بُرائی

سرمو (ف) بال برابر۔ ذرہ بھر

سرنگوں (ف۔ص) شرمندہ

سرنوشت (ف۔مث) تقدیر کا لکھا۔ قسمت

سروسامان (ف۔مذ) ضروری اسباب

سروکار (ف۔مذ) سر۔ خواہش۔ کار= کام) تعلق۔ واسطہ

سراب (ف۔مذ) بے اصل ریگستان میں دھوپ کی ایسی لہریں جن پر پانی کا گمان ہوتا ہے دھوکا

سراپ (ہ۔مذ) بددعا۔ کوسنا

سراپردہ (ف۔مذ) اضافت مقلوبی خیمے کے گرد لگی ہوئی اونچی قنات۔ درگاہ۔ شاہی

سراج (ع۔مذ) دیا۔ لیمپ

سرادھ (ہ۔مذ) بزرگوں کے نام پر کھانا پانی دینا۔ ہندوؤں کی رسم

سرپٹ (ہ۔تابع فعل) گھوڑے کی تیز رفتاری کے لئے آتا ہے (پھینکنا دوڑانا۔ ڈالنا)

سراسیمہ (ف۔ص) بے قرار۔ گھبرایا ہوا

سراسیمگی (ف۔مث) گھبراہٹ۔ پریشانی

سُراغ (ت۔مذ) نشان۔ پتہ۔ کھوج

سُراغرساں (ف۔مذ) کھوج نکالنے والا راز یا بھید معلوم کرنیوالا

سراندیپ (ہ۔مذ) جزیرہ لنکا

سرایت (ع۔مث) کسی چیز کے اندر پھیلنا۔ دخل پانا۔ نفوذ کرنا

سرایتِ حرارت (ع۔مث) مادے میں حرارت کا سرایت کرنا یعنی حرارت کی لہریں مادے کے ذروں میں ایک سرے سے دوسرے تک خودبخود پہنچ جائیں

سرایت کرنا (ع) اندر کرنا۔ گھسنا

سُرت (ہ۔مث) ہوش۔ عقل۔ سمجھ

سَرجن (Surgeon)
(انگ ۔ مذ) جرّاح ۔ ڈاکٹر

شُرجن (س ۔ مذ) معزز آدمی ۔ شریف

سُرخ (ف ۔ ص) لال (رنگ)

سُرخا سُرخ (ف ۔ ص) بہت ہی لال
عنابی

سُرخاب (ف ۔ مذ) پانی میں رہنے
والا ایک پرندہ ۔ چکوا

سُرخاب کا پَر (ہ ۔ مذ) کوئی عجیب و
غریب چیز لگنا ۔ طنز کے طور
پر بولتے ہیں

سُرخاب کا پَر ہونا ۔ کام کو دقت لگانا
عار سمجھنا

سُرخ پوش (ف ۔ مذ) صوبہ سرحد کی
ایک رضاکار جماعت جس کا لباس
سرخ ہوتا ہے حکومت روس
کی سرکاری فوج جو سُرخ
لباس پہنتی

سُرخ رُو (ف ۔ ص) کامیاب ۔ خوش
وخرم

سُرخ رُو ہونا (ا) کامیاب ہونا
خوش اسلوبی سے بری الذمہ ہونا

سُرخ روئی (ف ۔ مث) کامیابی
عزت

سَرد (ف ۔ ص) ٹھنڈا ۔ بے رونق

سَرد بازاری (ف ۔ مث) خرید و
فروخت کم ہونا بازار مندا ہونا

سَرد و گرم زمانہ (ف ۔ مذ) زمانہ کی اونچ
نیچ ۔ برا بھلا زمانہ

سَرد مہر (ف ۔ ص) سخت دل ۔ بے وفا

سَرد مہری (ف ۔ مث) بے پروائی
بے وفائی

سَرد ہونا (ا) ٹھنڈا ہونا ۔ ماند پڑنا
مر جانا

سَرد آبہ (ف ۔ مذ) تہ خانہ ۔ ٹھنڈے
پانی کی جگہ

سَرداری (ف ۔ مث) بزرگی ۔ عزت
حکومت

سَرزد ہونا (ا) صادر ہونا ۔ واقع
ہونا

سَرزنش (ف ۔ مث) ڈانٹ ۔ تنبیہ

سَرزور (ف ۔ ص) سرکش ۔ نافرمان

سرزنی (ف۔ مث) کوشش کرنا، سر مارنا ؛

سرسام (ف، مذ) ایک بیماری جس میں دماغ متورم ہو جاتا ہے ؛

سرسراہٹ (مث) سرسر کی آواز ؛

سرسری (ف، ص) مختصر طور پر، غور کے بغیر ؛

سرشار (ف، ص) بھرا ہوا، مست ؛

سرشت (مث) فطرت، نیچر، طبیعت، عادت، خمیر ؛

سرشک (ف) آنسو، قطرہ ؛

سرطان (ف، مذ) کیکڑا۔ ایک برج کا نام، ایک بیماری کا نام ؛

سرعت (ع، مث) تیزی، جلدی

سرغنہ (ف، مذ) سردار، لیڈر ؛

سرف (ع، مذ) فضول خرچ، زاید خرچ ؛

سرفہ (ع، مث) کھانسی ؛

سرقہ (ع، مذ) چوری ؛

سرکار (ف، مث) حکومت، آقا۔ امیر کا گھر یا گھرانا، دربار شاہی ؛

سرکل (Circle) (انگ۔ مذ) حلقہ، علاقہ، دائرہ ؛

سرکلر (Circular) (انگ۔ مذ) گشتی چیٹھی، ایک ہی مضمون کا خط جو مختلف جگہوں کو بھیجا جائے ؛

سرکنا (ہ) کھسکنا، بہت آہستہ حرکت کرنا، ٹلنا ؛

سرکنڈہ (ہ، مذ) ایک قسم کی گھاس ؛

سرکہ (ف۔ مذ) انگور یا گنے کا تیز عرق

سرگ (ہ۔ مذ) بہشت ؛

سرگباش۔ (ہ۔ مذ)۔ آنجہانی ؛

سرگیں (ف، مذ) گائے وغیرہ کا گوبر ؛

سرما (ف، مذ) سردی کا موسم، جاڑا۔

سرمائی (ف، ص) جاڑے کا ؛

سرمایہ (ف، مذکر) مال و دولت، پونجی ؛

سرمایہ دار (ف، مذ) دولتمند ؛

سرمد (ع۔ مذ) جس کی ابتدا۔ انتہا نہ ہو۔ خدا تعالےٰ کی صفت، ایک مشہور فقیر کا نام جسے اورنگ زیب نے قتل کرایا تھا۔ ان کی رباعیات

مشہور ہیں ؛

سُرمہ (ف، مذ) انجن ۔ کاجل ۔ ایک قسم کا سیاہ پتھر جسے پیس کر آنکھوں میں لگاتے ہیں ۔ اس کے کھانے سے آواز بیٹھ جاتی ہے ؛

سُرنگ (ہ، مث) زمین دوز رستہ یا زمین دوز نالی جس میں بارود بھر کر دشمن کا قلعہ وغیرہ اڑا دیا جاتا ہے ؛

سَرو (ف، مذ) سیدھے تنے کا لمبا درخت ۔ صنوبر ؛

سَرور (ف، مذ) سردار، بزرگ ۔ معزز

سَروِ قد (ف، ص) لمبا ۔ اونچا جوان خوب صورت ؛

سَرود (ف، مذ) راگ، گیت، سماع سارنگی کے ساتھ گانا ؛

سُرور (ع، مذ) مزا، مستی، لطف ؛

سَروش (ف، مذ) جبرائیل علیہ السلام فرشتہ خوش خبر ؛

سروشِ غیب (ف، مذ) ہاتِف غیب کی آواز ؛

سَروِس (Service) (انگ، مث) ملازمت، خدمت ؛

سَروِس بُک (Service Book) (انگ، مث) وہ کتاب جس میں ملازمت کے متعلق ضروری باتیں درج کی جاتی ہیں ؛

سَروہی (ہ، مث) لچکدار ۔ دودھاری تلوار ؛

سرویر (Surveyor) (انگ، مذ) پیمائش کرنے والا ؛

سرہنگ (ف، مذ) فوج کا سردار ۔ بہادر، سپاہی ؛

سَریر (ف، مذ) تخت ؛

سریر آرا (ف، مذ) تخت نشین ؛

سریر (ع، مذ) جسم، پنڈا ؛

سریش (ف، مذ) ایک لیسدار چیز جس سے لکڑی وغیرہ جوڑتے ہیں ۔ سریشم ؛

سَرِشُم (ف، مذ) سَرِیش ؛

سَرِیع (ع، ص) تیز، جلدی، شتاب ؛

سَرِیعُ الاَثر (ع، ص) جلدی اثر کرنے والا ؛

سَرِیعُ الفَہم (ع، ص) تیز فہم، جلدی سمجھنے والا ؛

سُرِیلا (ہ، ص) اچھے سُر والا، اچھی آواز والا ؛

سُرِیلی (ہ، ص) رسیلی۔ لے والی ؛

سُرِین (ف، مذ) چوتڑ ؛

سَڑا (ہ، ص) پڑے پڑے گل جانے والا، بگڑا ہوا ؛

سَڑاندھ (ہ، مث) بدبو، تعفن ؛

سَڑک (ع، شارع، مث) راستہ شارع عام ؛

سَڑنا (ہ) گلنا، خراب ہونا ؛

سِڑی (ہ، ص) پاگل۔ سودائی ؛

سَڑِیل (ہ، ص) بدمزاج ؛

سَزا (ف، مث) گناہ کا عذاب، جرم کا بدلہ، تنبیہ، تعزیر، گوشمالی، جرمانہ، مار ؛

سَزاوار (ف (سزا، لائق، وار، کلمۂ نسبت) ص) لائق، واجب ؛

سَزایاب (ف، ص) سزا پایا ہوا ؛

(س ش ۔ ط ۔ ع)

سُست (ف، ص) ڈھیلا، کمزور ؛

سَستا (ہ، مذ) کم قیمت ؛

سُستانا (ہ) دم لینا، آرام کرنا ؛

سِسٹم (System.) (انگ، مذ) نظام، ترتیب۔ تدوین، طرز، طور ؛

سُسَر (ہ، مذ) بیوی کا باپ یا خاوند کا باپ ؛

سُسرال (ہ، مث) ساس سسر کا گھر ؛

سِسکنا (ہ) ہچکیاں لینا۔ مشکل سے دم لینا۔ مرنے کے قریب ہونا ؛

سِسکی (ہ، مث) بدن میں کانٹا وغیرہ چبھنے سے منہ کے ذریعہ اندر کو سانس لینے کی آواز (بھرنا) ؛

سِسشَن (Session.)

(انگ، مذ) اجلاس، عدالت، فوجداری ؛
سیشن جج (Session-Judge) (انگ۔ مذ) سنگین فوجداری مقدمات فیصل کرنے والا حاکم ؛
سَطح (ع، مث) ہر چیز کا اوپر کا حصہ ؛
سطح مرتفع (ع۔ مث) بلند سطح ؛
سَطر (ع۔ مث) لکیر۔ قطار۔ لکھنا ؛
سَطوَت (ع۔ مث) شان۔ دبدبہ۔ رعب۔ داب ؛
سُطوُر (ع۔ مث) سطر کی جمع ؛
سَعادت (ع۔ مث) خوش بختی نیکی۔
سَعادت دارین (ع۔ مث) دونوں جہان کی نیک بختی ؛
سَعادت مندی (ف۔ مث) نیک بختی۔ اطاعت ؛
سَعد (ع۔ ص) نیک۔ مبارک
سَعدین (ع۔ مذ) دو مبارک ستارے
سعی (ع، سَعیٰ) مث کی دوڑ دھوپ جدوجہد۔ کوشش ؛

سَعید (ع۔ ص) نیک، مبارک ؛

(س۔ ف)

سِفارت (ع، مث) ایلچی گری، وکالت ؛
سِفارش (ف، مث) کسی واسطے اس کی بہتری کے لئے کسی سے کچھ کہنا۔ مدد۔ سہارا ؛
سَفّاک (ع، ص) ظالم، قاتل ؛
سَفّاکی (ف) ظلم، خونریزی ؛
سِفال (ع۔ مث) مٹی کا برتن، ٹھیکری۔
سَفَر (ع۔ مذ) کوچ، روانگی، مسافری۔
سَفَرچی (ص) سفر کرنے والا، مسافر ؛
سَفر کرنا (ل) باہر جانا، کوچ کرنا۔ مر جانا ؛
سَفرمینا (انگ۔ Sappers & Minners) سپرز اینڈ مائنرز (مث) سرنگ لگانے اور کھودنے کا کام کرنے والی پلٹن ؛
سَفرنامہ (ف، مذ) سفر کے حالات کی کتاب ؛
سُفرہ (ع۔ مذ)

(۲) دستر خوان (اصل لفظ س کی پیش سے ہے۔ مگر کراہت کے باعث ان معنوں میں زبر سے استعمال کرتے ہیں) ؛

سُفل دان (۔مذ) دستر خوان پر ایسا برتن جس میں چوسی ہوئی ہڈیاں وغیرہ رکھی جائیں ؛

سِفلہ (ع، مذ) کمینہ - اوچھا ؛

سُفُوف (ف، مذ) باریک، پسی ہوئی چیز ؛

سُفید (ف، ص) چٹا، کورہ، صاف

سُفیدو سِیاہ (ف، مذ) نیکی، بدی، ہر بات ؛

سُفیدی (ف، مث) قلعی، چٹاپن ؛

سَفیر (ع، مذ) ایلچی ؛

سَفینہ (ع۔) (۱) کشتی، ناؤ (۲) کتابِ اشعار۔ بیاضِ اشعار ؛

سَفیہ (ع، ص) نادان، کم عقل ؛

(س ۔ ق ۔ ک)

سَقّا (ع، مذ) پانی پلانے والا، ماشکی۔ بہشتی ؛

سقادہ (د، مذ) پانی کا چھوٹا حوض۔ (اصل لفظ سقایہ ہے) ؛

سَقَر (ع۔ مذ) دوزخ - جہنم ؛

سُقراط (ی، مذ) یونان کے ایک بہت بڑے حکیم کا نام ؛

سَقف (ف، مذ) چھت، چھت کا اندرونی حصہ ؛

سُقم (ع، مذ) بیماری، خامی، کمی ؛

سَقِیم (ع، ص) خراب، بیمار ؛

سَقِیمُ الحال (ع، مذ) غریب، مفلس، کنگال ؛

سکالر (Scholar) (انگ، مذ) فاضل، عالم، طالب علم ؛

سکالرشپ (Scholar Ship.) (انگ مذ) وظیفہ ؛

سُکّان (ع، مذ، ج) ساکن کی جمع، رہنے والے، باشندے (ع، مذ، واحد) دنبالہ، کشتی ؛

سکاؤٹ (Scout) (انگ، مذ) دیکھ بھال کرنے والا ؛

خادم۔ وہ لڑکا جو سکاؤٹوں کی جماعت میں شامل ہو، کاشف ؞

سَکَت (ہ۔مث) طاقت، زور، بل ؞

سَکتَہ (ع۔مذ) بے ہوشی۔ غشی ؞

سکتے کا عالم (ل) بے حس و حرکت ہونا۔ خاموشی ؞

سُکر (ع۔مذ) مستی۔ نشہ ؞

سکرات (ع۔مذ۔ج) (واحد سکرہ) جان کنی کی شدت۔ نزع کی تکلیف (اردو میں واحد کے معنوں میں آتا ہے) ؞

سکرٹری (Secretary.) (انگ۔مذ) سکتر، میر منشی ؞

سِکتّر (و۔مذ) سیکرٹری، میر منشی۔ اصل انگریزی لفظ (Secretary) ہے ؞

سکرٹیریٹ (Secretariate) (انگ۔مذ) حکومت کے سکرٹریوں کے محکموں کا مجموعہ، سرکاری دفاتر

سِکشا (ہ۔مث) تعلیم، درس ؞

سِکندر (ی۔مذ) یونان کا مشہور بادشاہ۔

سکندری (ف۔مث) ٹھوکر (کھانا) ؞

سُکوت (ع۔مذ) خاموشی ؞

سکول (School) (انگ۔مذ) مدرسہ، مکتب ؞

سُکون (ع۔مذ) قرار، آرام، اطمینان۔

سکونت (ع۔مث) ٹھیرنا۔ بود و باش، قیام ؞

سُکھ (ہ۔مذ) آرام۔ چین ؞

سِکھ (ہ۔مذ) پنجاب کی قوم جو گورو نانک جی کو اپنا مذہبی پیشوا مانتی ہے۔

سِکیا شاہی (و۔ث) اندھیر کا زمانہ، بے انصافی کا زمانہ ؞

سِکّہ (ع۔مذ) شاہی مہر، روپیہ، پیسہ جو ملک میں چلتا ہے ؞

سکّہ بیٹھنا (و) رعب بیٹھنا ؞

سِکھانا (و) تعلیم دینا، تربیت دینا ؞

سکھی (ہ۔مث) (ساکھی کا مخفف) سہیلی ؞

سکیل (Scale) (انگ۔مذ) پیمانہ ؞

سکیل ڈرائنگ (Scale Drawing) (انگ۔

پیمانے کے مطابق شکلیں بنانے
کا فن ؛

(س ۔ گ ۔ ل)

سَگ (ف، مذ) کتا ؛
سَگِ تازی (ف، مذ) شکاری کتا ؛
سِگنَل (Signal) (انگ
مذ) نشان، اشارہ ؛
سِگنیلَر (Signaller)
(انگ، مذ) تار بابو ؛
سُگھڑ (ہ، ص) خوش سلیقہ، تمیز والی ؛
سِل (ع، مث) پھیپھڑوں کی بیماری ؛
سِل (ہ، مث) پتھر کا ہموار ٹکڑا ؛
سِلاح (ع، مذ، ج)
خنجر، تلوار وغیرہ ہتھیار۔
لڑنے کے ہتھیار (اسلحہ جمع)
سِلاح بند (ف، ص) مسلح، ہتھیار بند
تیار ؛
سِلاح خانہ (ف، مذ) وہ جگہ جہاں ہتھیار
جمع رہیں، میگزین ؛
سَلاخ (و، مث، شلاکہ۔ سلائی)
مث) لوہے کی لمبی گول سلائی ؛
سَلاسَت (و، مث۔ عربی لفظ نہیں ہے
عربی میں اس کے قریب قریب
سِلس ہے۔ جس کے معنی ہیں
سہولت۔ اسی سے یہ بیا گیا ہے)
روانی۔ سادگی۔ آسانی ؛
سَلاسِل (ع، مذ، ج) (واحد سلسلہ)
سَلاطین (ع، مذ، ج) (واحد سلطان)
سَلام (ع، مذ) آداب، تسلیم۔ بند جو مرثیہ
رباعی، قطعہ، غزل، یا قصیدے
کی طرز میں ہو، اور اس کے مطلع
اول یا شعر اول میں لفظ سلام
آئے ؛
سَلام ہے (و) معاف کرو، چھوڑ دو ؛
سَلامت (ع، ص) محفوظ، تندرست ؛
سَلامت روی (ف، مذ) پارسائی سے
زندگی بسر کرنا نیک چلنی ؛
سَلامتی (ف۔ مث) آرام، تندرستی
حفاظت ؛
سَلامی (و، مث) تعظیم، توپوں یا...
بندوقوں سے پیشوائی کرنا تلنگ

پلانا ؛

سِلائی (ہ ۔ مث) سلوانے کی اجرت ۔ ٹانکا ۔

سَلب (ع ۔ ص) لے جانا ۔ نیست کرنا ۔

سُلجھنا (ہ) کھلنا ۔ آسان ہونا ۔ مشکل امر کا فیصلہ ہونا ؛

سُلجھانا (ہ) پیچیدہ اور مشکل معاملہ کو طے کرنا ۔ آسان کرنا ؛

سِلح (ع ۔ مذ) آلہ ضرب ۔ اوزار ۔ ہتھیار (سلاح جمع) ؛

سِلح پوش (ف ۔ ص) ہتھیار بند ؛

سِلسِلہ (ع ۔ مذ) زنجیر ۔ قطار ۔ (سَلاسِل جمع)

سِلسلہ وار (ف ۔ ص) ترتیب وار ۔

سُلطان (ع ۔ مذ) بادشاہ (سلاطین جمع) ؛

سُلطانہ (ع ۔ مث) عورت جو بادشاہ ہو ۔ ملکہ "

سُلطانی (ع ۔ ص) شاہی ؛

سَلطَنَت (ع ۔ مث) حکومت ۔ بادشاہی

سَلف (Self) (انگ) خود بذاتِ خود ؛

سَلف رِسپکٹ (Self-respect) (انگ ۔ مث) خودداری ؛

سَلف گورنمنٹ (Self-Government) (انگ ۔ مث) سوراج ۔ حکومت ۔ خود اختیاری ؛

سَلَف (ع ۔ مذ) گذرا ہوا ۔ گزشتہ ۔ گذشتہ زمانے کے لوگ (اسلاف جمع)

سُلَف (ف ۔ مذ) غالباً عربی لفظ سلف سے ہے جس کے معنی ہیں :۔ سوداگری میں لگا ہوا روپیہ یا سلفہ سے ہے ۔ جس کے معنی نہاری یا ناشتے کے ہیں ۔ جو سودا لین دین (یہ لفظ ہمیشہ "سودا" کے ساتھ آتا ہے ۔ یعنی سودا سلف بولتے ہیں) ؛

سُلفا ترا (فارسی میں سلفہ بمعنی کھانسی) مذ ۔ چرس ۔ تمباکو ؛

سُلفچی (ع ۔ مث) چلمچی ۔

سِلک (ع ۔ مذ ۔ مث) لڑی ۔ قطار ۔

سُلگانا (ہ) آگ جلانا۔ روشن کرنا۔
سُلگنا (ہ) روشن ہونا۔ آگ کا جلنا۔
سَلوتری (ہ۔مذ) گھوڑوں کا ڈاکٹر۔ بیطار۔
سَلونو (ہ۔مذ) ساون کے مہینے میں وہ دن جب چاند پورا ہوتا ہے اس روز ہندوؤں کا رکھشا بندھن کا میلہ ہوتا ہے۔ دیکھو ("راکھی")۔
سِلوٹ (ہ۔مث) شکن۔ بل۔
سُلوک (ع۔مذ) برتاؤ۔ دوستی۔ محبت۔
سِلیبس (Syllabus) (انگ۔مذ) خلاصہ۔ پڑھائی کی ترتیب وغیرہ۔
سِلیپر (Sleeper) (انگ۔مذ) شہتیر۔ بن ایڑیوں کی جوتی (انگ) (Slipper)
سلیٹ (Slate) (انگ۔مث) پتھر کی تختی۔
سلیٹی پنسل (ا۔مث) ایک قسم کی پتھر کی پنسل جس سے سلیٹ پر لکھتے ہیں۔
سَلیس (ع۔ص) آسان، عام فہم۔
سَلیقہ (ع۔مذ) تمیز۔ سمجھ۔ کام کا ڈھنگ۔
سَلیم (ع۔ص) درست، ٹھیک بردبار۔
سَلیمُ الطّبع (ع۔ص) اچھی طبیعت کا آدمی۔ نرم طبیعت کا آدمی۔
سُلیمان (ع۔مذ) ایک پیغمبر کا نام ہے جن کے ماتحت جن، پری۔ دیو، وغیرہ تھے۔ آپ حضرت داؤدؑ کے بیٹے تھے۔ بیت المقدس میں ہیکل کی تعمیر آپ ہی نے مکمل کی تھی۔
سُم (ہ۔مذ) کھر۔
سَم (ع۔مذ) زہر۔
سَمُّ الفار (ع۔مذ) سنکھیا۔
سَمِّ قاتل (ع۔مذ) مار ڈالنے والا زہر۔
سَما (ع۔مذ) آسمان، فلک۔
سماں (ہ۔مذ) وقت، نظارہ۔
سماں باندھنا (ہ) لطف پیدا کرنا۔

سماج (ہ. مث) انجمن. کمیٹی. سوسائٹی ؛
سماجت (ہ. مث) منت. عاجزی ؛
سمادھ (ہ. مث) ہندو فقیر کی مڑھی ؛
سماع (ع. مذ) راگ. سننا. سنانا ؛
سماعت (ع. مث) سننا. مقدمہ کی شنوائی ؛
سمال ٹاؤن کمیٹی (small Town Committee) (انگ. مث) وہ کمیٹی جو کسی چھوٹے قصبے کا اس طرح انتظام کرے جس طرح بلدیہ بڑے شہروں کا انتظام کرتا ہے ؛
سمانا (ہ) پورا آنا. کھپنا ؛
سماوی (ع. ص) آسمانی. فلکی ؛
سمائی (ہ. مث) گنجائش
سمبندھی (ہ. مذ) رشتہ دار. تعلق. قبیلہ. ناتہ دار ؛
سمت (ع. مث)
سمت الراس (ع. مث) سر کی طرف ؛
سمٹنا (ہ) اکٹھا ہونا. سکڑنا ؛
سمجھ (ہ. مث) عقل. شعور ؛
سمجھ پر پتھر پڑیں (ہ) ایسی عقل پر افسوس ؛
سمدھی (ہ. مذ) دولھا اور دولہن کے باپ باہم ایک دوسرے کے سمدھی، اور مائیں سمدھن کہلاتی ہیں ؛
سمع خراشی (ع. ف. مث) کان کھانا، فضول باتیں. بکواس ؛
سمن (ف. مث) چنبیلی ؛
سمن (summons) (انگ. مذکر) طلبی کا پروانہ. طلبی ؛
سمند (ف. مذ) گھوڑا. اچھی نسل کا گھوڑا ؛
سمندر (ہ. مذ) ساگر. بحر ؛
سمندر (ف. مذ. سام. آگ. اندر = کلمہ ظرف) ایک کیڑے کا نام ہے جو آگ کے اندر پیدا ہوتا ہے ؛
سموچا (ہ. ص) پورا. کامل ؛
سمور (ع. مذ) پشم والی کھال ؛
سموم (ع. مث) زہریلی ہوا. سخت گرم ہوا. لو ؛

سمیت (ہ) مع ۔ ساتھ ؛
سمیٹنا (ہ) اکٹھا کرنا ۔ اٹھانا ؛
سمیع (ع ، ص ۔ سمع ، سننا) سننے والا
خدا کا نام ؛

(س ۔ ن)

سِن (ع ۔ مذ) اردو میں بغیر تشدید کے
بھی آتا ہے) عمر ؛
سِنِ بلوغ (ع ، مذ) جوانی کی عمر ؛
سِنِ شعور (ع ، مذ) تمیز کی عمر ؛
سِن رسیدہ (ف ، ص) بوڑھا ؛
سَن (ہ ، مذ) ایک پودے کا نام ۔ ہے ۔
جس کی چھال سے بوریاں وغیرہ
بنتی ہیں ۔ (۲ ۔ مذ) سال ؛
سُن گُن (ہ ، مث) خبر (معلوم ہونا) ؛
سَناتن (ہ ۔ ص) قدیم پرانا ۔ کہنہ ؛
سَناتن دھرم (ہ ، مذ) ہندو دھرم کی قدیم ترین شکل ؛
سَناٹا (ہ ، مذ) حیرت ۔ سکتے کا عالم ۔ چپ
چاپ ، خوف ؛
سناٹے میں آجانا یا رہ جانا ۔
(ہ) ڈر جانا ۔ حیرت میں ہو جانا ۔
حیران ہو جانا ۔ غم و غصے کے مارے
چپ رہ جانا ؛
سنار (ہ ، مذ ۔ س ۔ خوبی پیدا کرنے کے
لئے آتا ہے ۔ اور نار ۔ عورت
یعنی عورت کو سندر یا خوبصورت
بنانے والا) سونے اور چاندی کے
زیور بنانے والا ۔ زرگر ؛
سِنان (ف ، مث) برچھی ۔ بھالا ۔ نیزہ ۔
سُنانا (ہ) کان میں ڈالنا ۔ گالی دینا ۔
آوازہ کسنا ۔ برا بھلا کہنا ؛
سُنبل (ع ، مذ) ایک خوشبو دار گھاس ہے
جس سے زلف کو تشبیہ دیا کرتے
ہیں ۔ بالچھڑ ۔ جٹا ماسی ؛
سَنبوسہ (ف ، مذ) سموسا ؛
سُنبہ (ف ، مذ ۔ سنبیدن ۔ سوراخ کرنا)
لوہے میں سوراخ کرنے کا
آلہ ؛
سنبھالا (ہ ، مذ) افاقہ ۔ قدرے آرام ۔
سنبھالا لینا (ہ) موت سے پہلے ذرا
افاقہ معلوم ہونا ؛
سنبھالنا (ہ) تھامنا ۔ روکنا ؛

سَنبھلنا (ہ) ہوش میں آنا۔ ٹھہرنا۔
درست ہونا ؛
سَنْت (ہ ۔ مذ) فقیر۔ سادھو ؛
سُنّت (ع ۔ مث) طریقہ، عادت پیغمبر
اسلام صلعم کا قول و فعل ؛
سَنتری (ا ۔ مذ) پہرہ دار۔ اصل انگریزی
لفظ (Sentinel)
ہے ؛
سنتوکھ یا سنتوش (ہ ۔ مذ)
توکّل۔ صبر ؛
سَنٹر (انگ ۔ مذ) (Central)
درمیانی جگہہ ؛
سَنٹرل (Central)
(انگ ص) درمیانی بڑی ؛
سَنٹی گریڈ تھرمامیٹر (Centigrade-Thermometer)
(انگ مذ) وہ تھرمامیٹر جس میں
پانی کے درجۂ انجماد اور درجہ
جوش کے درمیان سو درجے
مقرر کئے گئے ہیں۔ یہ تھرمامیٹر
سویڈن کے سائنسداں سل سی اَس
(Celsius) نے
تجویز کیا تھا ؛
سَنٹی میٹر (Centimetre)
(انگ، مذ) ایک پیمانہ ہے۔ میٹر
کا $\frac{1}{100}$ حصہ ؛
سنجاف (ف ۔ سجاف) مث جھالر
کنارہ ؛
سنجوگ (ہ ۔ مذ) میل۔ ملاپ، اتفاقی
ملاقات ؛
سنجیدگی (ف، مث) متانت۔ پختہ
کاری ؛
سنجیدہ (ف ص) متین، فہمیدہ ؛
سَنَد (ع ۔ مث) دلیل ثبوت۔
دستاویز۔ سرٹیفکیٹ ؛
وثوق ۔ اعتبار ۔ مانی ہوئی ۔
دلیل کارنامہ تسلیم شدہ ۔
گواہی نامہ ؛
سِندان (ف۔ مث) اہرن ؛
سُندر (ہ ص) خوبصورت حسین ؛
سِندُور (یا) سیندور (ہ ۔ مذ)
سیسے کا ایک سرخ رنگ مرکب ؛

سَندیسا (ہ۔ مذ) پیغام۔ پیام ؛
سَنڈے (Sunday)
(انگ۔ مذ) اتوار ؛
سِنڈیکیٹ (Syndicate)
(انگ) مجلس۔ کمیٹی ؛
سَنسار (ہ۔ مذ) جگ۔ جہان۔ دنیا ؛
سُنسان (ہ۔ مذ) ویران۔ غیر آباد ؛
سَنسکرت (س۔ مث) ہندوستان کی قدیم زبان جس میں وید لکھے ہوئے ہیں ؛
سَنسناہٹ (ہ۔ مث) سن سن کی آواز۔ غنّی ؛
سِنک (ہ۔ مث) ناک کی رینٹھ ؛
سَنکرانت (ہ۔ مث) ہندی مہینے کا پہلا دن ؛
سِنکونا (انگ۔ مذ) ایک درخت ہے۔ جس کی چھال کے سفوف سے کونین تیار ہوتی ہے ؛
سَنکھ (ہ۔ مذ) دس لاکھ کرب۔ گھونگا ؛
سَنکھیا (ہ۔ مذ) زہر۔ سم ؛
سَنگ (ف۔ مذ) پتھر۔ سخت۔ تیز ؛

سَنگِ اسود (ف۔ مذ) وہ سیاہ پتھر جو کعبہ شریف کی دیوار میں لگا ہوا ہے۔
سَنگِ پارس (ف۔ مذ) ایک قسم کا پتھر جس کی نسبت خیال کیا جاتا ہے کہ جب اُسے کسی دھات سے چھُو دیا جاتا ہے۔ تو وہ سونا بن جاتی ہے ؛
سَنگِ پشت (ف۔ مذ) کچھوا ؛
سَنگ تراش۔ (ف۔ مذ) پتھر کا کام کرنے والے ؛
سَنگھٹن (ہ۔ مذ) اتحاد۔ اتفاق۔ تنظیم ؛
سَنگِ دل (ف۔ ص) سخت دل۔ ظالم بے رحم ؛
سَنگ ریزہ (ف۔ مذ) پتھر کے ٹکڑے۔ کنکر ؛
سَنگسار کرنا (ا) پتھروں سے مار دینا۔ اسلام میں زنا کی سزا ؛
سَنگلاخ (ف۔ ص) سخت۔ پتھریلی ؛
سَنگِ لوح (ف۔ مذ) مزار کا پتھر جس پر مردے کا نام وغیرہ لکھا ہوتا ہے ؛

سِنگل بار (Single-bar) (انگ. مذ) زمین کے متوازی ایک لکڑی جس پر ورزش کرتے ہیں ۔

سَنگِ مزار (ف. مذ) قبر کا پتھر ۔

سَنگ (ہ. مذ) ہمراہ ۔ ساتھ ۔

سِنگار (ہ. مذ) سجاوٹ ۔ آراستگی ۔

سَنگت (ہ. مؤنث) ہمراہی، دوستی ۔

سَنگَوٹی (ہ. مث) وہ غلاف یا خول جو بیلوں کے سینگوں پر خوب صورتی کے لئے چڑھا دیتے ہیں ۔

سَنگھ (ہ. مذ) شیر ۔ بہادر ۔ راجپوتوں اور سکھوں کے نام کے ساتھ عام طور پر آتا ہے ۔

سنگھاسن (ہ سنگھ ۔ بہادر ۔ آسن ۔ استھان) مذکر ۔ شاہی تخت ۔

سنگھاسن بتیسی (ہ. مذ) ایک کتاب کا نام ہے جس میں راجہ بکرماجیت کے عہد کے مشہور شاعر کالیداس نے بتیس پریوں کی زبانی کہانیاں بیان کروائی ہیں ۔

سَنگی (ہ. مذ) ساتھی ۔

سَنگین (ف. مذ) بھاری سخت ۔ ایک قسم کا ہتھیار ہے ۔

سنگین پانی (و. مذ) بھاری پانی جس میں صابن جھاگ نہ چھوڑے ۔ یہ اکثر مختلف مادوں کے گھلے ہوئے ہونے کے سبب سے ہوتا ہے ۔

سنگین جُرم (ف. مذ) بڑا بھاری جرم، سخت جُرم ۔

سنگین سزا (ف. مث) بڑی سخت سزا ۔

سنوار (ہ.) درستی ۔ اصلاح ۔ لعنت ۔

سنوارنا (ہ) درست کرنا ۔ ٹھیک کرنا ۔ بجانا ۔

سَنوَرنا (ہ) درست ہونا ۔ ٹھیک ہونا ۔

سَنولانا ۔ دھوپ سے رنگ سیاہی مائل ہوجانا یا کرنا ۔

سنہ (ع سنۃ سال ، مذ) سال ۔ برس ۔

سنہ ۵۷ء (و. مذ) جب ہندوستان

میں حکومت انگریزی کے
خلاف تحریکِ آزادی شروع ہوئی ؛
سُنہری (ہ ص ، مذ مث) سونے کے رنگ
کا یا کی ، سونے کا بنا ہوا یا بنی ہوئی ؛
سنہری حرفوں میں روشن رہنا (یا)
لکھنا ۔ نام زندہ رہنا ۔ شہرت
باقی رہنا ؛
سُن ہو جانا (ہ) ٹھٹھر جانا ۔ بے حس و
حرکت ہونا ؛
سُنّی (ع ۔ مذ) مسلمانوں کا وہ بڑا گروہ
جو چار دں خلیفوں کو برحق جانتا
ہے ۔ اہلِ سنت والجماعت ؛
سنیپ شاٹ (Snap Shot)
(انگ ۔ مذ) کسی چیز کا فوٹو جو اُسے
باقاعدہ وضع میں لائے بغیر دستی
کیمرے سے لیا جائے ؛
سنیاسی (ہ ۔ مذ) جوگی ۔ فقیر
سنیچر (ہ ۔ مذ) ہفتہ ساتواں ستارہ ۔
سنیما (Cinema)
(انگ ۔ مذ) تماشا جس میں فلم کے
ذریعے کسی واقعہ کو ہُو بہو کر کے
دکھاتے ہیں یعنی واقعے کے متعلقین
کی متحرک تصاویر کے ذریعے سے اصلی
نظارہ دکھاتے ہیں ؛
سنیما شو (cinema Show)
سینما کا نظارہ ۔ سینما کا کھیل ؛

(س ۔ و)

سو (ہ ۔ حرف) اسم موصول "جو" کے بعد
آنے والا حرف ۔ مذکر اور
مؤنث دونوں کے لئے آتا ہے
جیسے جو ہو سو ہو ؛
سُو (ف ۔ مث) طرف ۔ جانب ؛
سُو بسُو (ف) ہر طرف ؛
سُوء (ع ۔ ص) بُرا ؛
سَوا (ہ ۔ ص) ایک چوتھائی زیادہ ۔
زیادہ ؛
سِوا (ہ) بغیر ۔ علاوہ ؛
سواد (ہ ۔ مذ) مزہ ۔ لطف ۔ فرحت ؛
سواد (ع ۔ مذ) (۱) سیاہی (۲) نقطۂ سیاہ
جو دل پر ہوتا ہے (۳) اردگرد
شہر کے نزدیک کا بیرونی علاقہ ؛

سوار (ف۔مذ) گھوڑے وغیرہ پر
چڑھا ہوا ﴿

سُوال (ع۔مذ) مانگنا۔ پوچھنا۔ درخواست ﴿

سُوامی (ہ۔مذ) بزرگ۔ آقا۔ مالک۔
خاوند ﴿

سوانح (ع۔مذ) (سانحہ) واقعات۔
حادثات ﴿

سوانحِ عمری (ا۔مث) عمر بھر کے حالات،
حالاتِ زندگی ﴿

سوانگ (ہ۔مذ) سانگ۔ بہروپ ﴿

سوائے (ہ) اس کے علاوہ۔ اس
کے سوا ﴿

سوایا (ہ۔ص) زیادہ۔ ۱¼ ﴿

سوت (ہ۔مذ) روئی کا تار۔ کاتی ہوئی
روئی ﴿

سُوتی (ہ۔ص) سوت سے بُنا ہوا ﴿

سَوت (ہ۔مث) سوکن۔ ایک خاوند
کی دو عورتیں باہم سوکن کہلاتی
ہیں۔ فارسی میں انباغ اور عربی
میں ضرّہ کہتے ہیں ﴿

سوتیلا (ہ۔ص) سوکن کا بیٹا ﴿

سوٹ (Suit) (انگ۔مذ)
کوٹ پتلون ایک ہی کپڑے اور رنگ
کا کرتہ اور پاجامہ ﴿

سوٹڈ بوٹڈ (Suited Booted)
(انگ۔ص)
سوٹ بوٹ پہنے ہوئے جنٹلمین
خوش پوش ﴿

سوجن (ہ۔مث) ورم

سوجنا (ہ) ورم ہونا جسم میں گندہ مادہ
ایک جگہ اکٹھا ہونا ﴿

سُوجھ (ہ۔مث) عقل، سمجھ ﴿

سوجھنا (ہ) معلوم دینا۔ دکھائی دینا،
سوچ میں آنا ﴿

سُوجی (ہ۔مث) رو۱۔

سُوچ (ہ۔مث) غور و فکر۔ دھیان ﴿

سُوچ بچار (ہ۔مذ) غور و فکر۔ سوچنا ﴿

سُوچنا (ہ) غور کرنا۔ فکر کرنا۔

سُوختہ (ف۔ص) جلا ہوا۔ افسردہ ﴿

سُود (ف۔مذ) فائدہ۔ نفع۔ بیاج ﴿

سُود مفرد (ا۔مذ) کسی رقم پر کسی خاص میعاد
کے لئے مقررہ شرح سے سُود شمار

کرنا

سُودِ مُرکّب (ا۔مذ) کسی رقم کا اس طرح شمار کرنا کہ مقررہ میعاد کے بعد سود اصل میں شامل ہوتا جائے اور آئندہ اس پر سود لگایا جائے جیسے بنکوں میں ہوتا ہے۔

سُود دَر سُود (ف) بیاج کو اصل زر کے ساتھ ملا کر بیاج لگانا۔

سُودمَنْد (ف۔ص) فائدہ مند۔

سَودا (ع۔مذ) سیاہ۔ جنون۔ دیوانگی عشق۔ خیال۔

سَودا (ف، مذ) خرید و فروخت۔

سَوداسُلَف (ا۔مذ) چیزیں جو بازار سے خریدی جائیں۔ چیز بست (نیز دیکھو لفظ سُلَف)

سَوداگَر (ف۔مذ) بیوپاری۔ تاجر۔

سَودائی (ع۔ص) پاگل، احمق، بیوقوف

سَوداوی (ع۔ص) جس کے مزاج میں سودا زیادہ ہو۔

سُودی (ف، ص) وہ روپیہ جو سود پر لیا دیا جائے۔

سوڈا (Soda) (انگ۔مذ) کھار۔ سجی۔

سوڈا بائیکارب (Soda-bicarb) (انگ۔مذ) ایک قسم کا سوڈا جو کھانے کے کام آتا ہے اور بدہضمی دور کرتا ہے

سوڈا کاسٹک (Soda Caustic) (انگ۔مذ) ایک قسم کا سوڈا جو صابن بنانے کے کام آتا ہے۔

سوڈا واٹر (Soda water) (انگ۔مذ) سوڈے والا پانی۔

سوڈیَم (Sodium) (انگ۔مث) ایک ہلکی نرم دھات جو پانی پر تیر سکتی ہے۔ یہ پانی میں پڑتے ہی جل اٹھتی ہے۔ سوڈے اور نمک کا جزو ہے۔

سُوربِیردہ (ص) بڑا بہادر

سُؤَر (ہ۔مذ) خنزیر۔ خوک۔ شریر آدمی۔

سُوُر (س۔ص) عالم۔ فاضل۔

سُوْراج (س - مذ) اپنا راج - ہوم رول -
سُوْراخ (ف - مذ) چھید - رخنہ موری -
سُوْرَج (ہ - مذ) آفتاب - خورشید دھوپ -
سورج کو چراغ دکھانا (۱) عقل مند کو عقل سکھانا - بیہودہ کام کرنا -
سُوْرَج گرہن (۱ - مذ) سورج کی روشنی کا چاند کے بیچ میں آ جانے سے کٹ جانا -
سُوْرَگ (ہ - مذ) بہشت (اندراک)
سُوْرَگباشی (ہ - مذ) سورگ میں بسنے والا -
سُوْرما (ہ - ص) دلیر - بہادر -
سوز (ف - ص) جلن - دُکھ - درد مرثیے کا بند -
سوزخواں (ف - مذ) مرثیہ پڑھنے والا - مرثیہ خواں - خصوصاً محفل یا مجلس میں پڑھنے والا -
سوزخوانی (ف - مث) تعزیوں کی محفلوں میں یا حضرت امام حسین رض کی یاد کی مجلسوں میں مرثیے پڑھنا
سوزِش (ف - مث) جلن - تکلیف -
سوزَن (ف - مث) سوئی -
سوزنی تی ف (سوزن - سوئی اث) کامدار چادر - جو فرش پر بچھانے کے کام آتی ہے -
سوسائٹی Society
(انگ - مث) انجمن - مجلس - کمیٹی
سُوسْمار (ف - مذ) گوہ - مشہور جانور ہے -
سَوسَن (ف - مذ) نیلے رنگ کا ایک مشہور پھول ہے -
سَوسَنی (ف - ص) آسمانی - نیلگوں -
سُوئِٹْزَرلینڈ (۱ - مذ) سوٹزرلینڈ - (Switzerland)
سُوئِیڈَن (۱ - مذ) سویڈن (Sweden)
سوشَل Social (انگ - ص) ملاپ رکھنے والا - سوسائٹی کے متعلق - تمدن - معاشرتی -
سوشلسٹ (Socialist)
(انگ - مذ)

(انگ، مذ) معاشرت میں مساوات
کا قائل۔
سَوغات (ف۔ مث) تحفہ۔ عمدہ چیز
سُوکھا (ہ) خشک ہونا۔ تری نہ ہونا۔
سوگ (ہ۔ مذ) ماتم غم
سوگوار (ف۔ ص) غمگین۔ ماتمی۔ مغموم۔
سوگند (ف۔ مث) قسم۔ قول۔
سوگی (ہ۔ ص) غمگین۔
سُول (ہ۔ مذ) کانٹا۔ درد۔ چبھن۔
سُول (Sole) (انگ۔ مذ)
واحد۔ اکیلا۔
سول ایجنٹ (Sole Agent) (انگ۔ مذ)
کسی چیز کا واحد ایجنٹ
سِول (Civil) (انگ۔ ص)
مہذب۔ انتظام کے متعلق
غیر سپاہی شہری۔
سول سرجن (Civil Surgeon) (انگ۔ مذ)
ضلع کے ہسپتالوں کا افسر۔

سِول سروس (Civil Service) (انگ۔ مث)
سول کی ملازمت۔
سِول لسٹ (Civil List) (انگ۔ مث) وہ فہرست جس
میں تمام سول ملازمین کے
نام درج ہوں۔
سِول سٹیشن (Civil Station) (انگ۔ مذ)
کچہریاں وغیرہ
سول نافرمانی (ا۔ مث) حکومت
کے انتظامی احکام کی نافرمانی اور
خلاف ورزی۔ وہ تحریک جو
گاندھی جی نے حکومت برطانیہ کے
خلاف پہلے جنوبی افریقہ کے
ہندستانیوں کی طرف سے پھر ۱۹۱۹ء
میں ہندستان سے شروع کی
سُولی (ہ۔ مث) دار۔ پھانسی
سوم (ف۔ ص) تیسرا (سویم غلط ہے)
سونا (ہ) آرام کرنا۔ نیند کرنا
سونا (ہ۔ مذ) مشہور قیمتی دھات۔ زر

سُونا (ہ۔ص) ویران۔ غیر آباد۔
سوندھا (ہ۔ص) خوشبودار بھینی بھینی خوشبو دینے والا۔ جیسے نیا مٹی کا برتن پہلی دفعہ بھیگ کر ہوتا ہے۔
سوندھی (ہ۔ص) "سوندھا" کی تانیث۔
سوندھی (ہ۔مث) ریہہ۔ وہ سفید سی کھار جس سے دھوبی کپڑے دھوتے ہیں
سونڈ (ہ۔مث) ہاتھی کی لمبی ناک جس سے ہاتھ کا کام لیتا ہے۔
سَونف (ا۔مث) مشہور دوا کا نام ہے۔ بادیان۔
سُونگھنا (ہ) بو لینا۔
سونے کی چڑیا (ہ۔مث) دولت مند نایاب چیز۔
سونے پر سہاگہ (ہ) زیادہ زینت کا سبب۔ زیادہ چمکنا۔
سُونی (ہ۔ص) ویران
سوہان (ف۔مذ) ریتی رگڑنے کا اوزار
سوہان رُوح (ف۔مذ) روح کو سخت اذیت پہنچانے والی بات یا چیز۔

سوہَن (ہ۔مث) سوہان کی بگڑی ہوئی شکل۔ ریتی۔
سُوِیٹ (Soviet)
(روسی۔مث) وہ کونسل جسے مزدور اور دہقان روس میں انتظامی اغراض کے لئے منتخب کریں۔ اشتراکی مجلس پنچایت ضلعی۔
سُوَیدا (ہ۔مذ) سودا کی تصغیر ہے جو سُوَد کی تانیث ہے، سیاہ نقطہ۔ داغ دل۔
سَویرا (ہ۔مذ) صبح۔ پہلا وقت۔
سَوَیمبر (ہ۔مذ، سویم، خود، آپ بَر = خاوند) ہندوؤں کے پہلے زمانہ کی رسم۔ جس میں لڑکی اپنا بر خود چنتی تھی،

(س - ہ)

سہ (ف۔ص) تین
سہ پائی (ا۔مث) تین پایوں کی لوہے وغیرہ کی چیز جس پر کوئی چیز رکھی جاتی ہے۔ تپائی

سہ چند (ف ۔ ص) تین گنا ۔
سہ شنبہ (ف ۔ مذ) منگل وار
سہ ماہی (ف ۔ ص) تین ماہ کے بعد ۔
سہانا (ہ ۔ ص) پسند، مرغوب ۔ عمدہ
سہارا (ہ ۔ مذ) تکیہ ۔ آسرا ۔ بھروسا
مدد ۔
سہارا دینا (ہ) مدد کرنا ۔ تھامنا ۔
سہاگ (ہ ۔ مذ ۔ سوہ ۔ خوش بھاگ
نصیب) خوشحالی ۔ خاوند کی
زندگی کا زمانہ عورت کے لئے
سہاگہ (ہ ۔ مذ) ایک قسم کی کھار جو سونا
چاندی پگھلانے کے کام آتی
ہے ۔
سہاگن (ہ ۔ مث) خوش نصیب ۔
سہاگ والی ۔ خاوند والی عورت
سہج (ہ ۔ مذ) آہستہ ۔ آسان ۔
سہج پکے سو میٹھا ہو (ہ) جو کام
آہستہ آہستہ ہو وہ ٹھیک ہوتا
ہے ۔
سہل (ع ۔ ص) آسان ۔
سہل انگاری (ف ۔ مث) آرام

طلبی ۔ سستی ۔
سہم (ف) ڈر ۔ خوف ۔
سہم جانا (ہ) ڈر جانا ۔
سہمنا (ہ) ڈرنا ۔ خوف کھانا ۔
سہو (ع ۔ مذ) غلطی ۔ بھول چوک ۔
سہواً (ع) غلطی سے
سہولت (ف ۔ مث) آسانی ۔ آرام ۔
سہیل (ع ۔ مذ) ایک مشہور چمک دار
ستارے کا نام ہے ۔ کہتے ہیں کہ
اس ستارے کے طلوع ہونے پر
چمڑے میں خوشبو پیدا ہو جاتی ہے
اور حشرات الارض مرجاتے ہیں ۔
سہیلی (ہ ۔ مث ۔ سہ ۔ ساتھ، آلی
سکھی

(س ۔ ی)

سی (ف ۔ ص) تیس ۔ ۳۰ ۔
سی پارہ (ف ۔ مذ) قرآن کا تیسواں
حصہ ۔ قرآن کا پارہ
سیاح (ع ۔ مذ) سیاحت کرنے والا ۔ سیر

کرنے والا
سیاحت (ع۔مث) ملکوں میں پھرنا۔ سیر۔
سیادت (ع۔مث) سرداری۔ بزرگی
سیارہ (ع۔مذ) گردش کرنے والا متحرک ستارہ۔
سیاست (ع۔مث) حکومت۔ انتظام ملک۔ رعب داب۔ تنبیہ۔
سیاسی (ع۔ص) سیاست کے متعلق۔ ملکی۔
سیاق (ع۔مذ) چلانا۔ ربط مضمون
سیال (ع۔مذ) بہنے والی چیز۔ پتلی چیز۔ یہ لفظ مائعات اور گیسوں دونوں کو شامل ہے۔
سیاں (ہ۔مذ) خاوند۔ شوہر۔
سیاں بھئے کوتوال اب ڈر کاہے کا (ہ۔مثل) جان پہچان کے صاحب اختیار ہونے پر ڈر جاتا رہتا ہے۔
سیانا (ہ۔ص) عقلمند۔ سمجھ دار
سیاہ (ف۔ص) کالا۔ برا۔
سیاہ پوش ہونا (ا) ماتمی لباس پہننا۔ سوگ کرنا۔
سیاہ دل (ف۔ص) بددل۔ برا آدمی
سیاہ کار (ف۔ص) بدکار۔ گناہگار
سیاہہ (ف۔مذ) کچا بہی کھاتہ۔ روزنامچہ
سیاہی (ف۔مث) اندھیرا۔ کالا رنگ۔ روشنائی۔
سیاہی چٹ (یا) سیاہی چوس (ا۔مذ) سیاہی جاذب کرنیوالا کاغذ جاذب کاغذ۔ سیاہی چوس
سیب (ف۔مذ) ایک خوش نما میٹھے میوے کا نام ہے۔
سیتا (س۔مث) راجہ رام چندر کی بیوی کا نام ہے۔
سیتلا (ہ۔مث) چیچک۔ ماتا۔
سیٹ (Seat) (انگ۔مث) جگہ۔ نشست۔
سیٹھ (ہ۔مذ) بڑا دولتمند۔ بیوپاری
سیٹی (ہ۔مث) باریک آواز۔ باریک آواز اور خاص طرز کی آواز نکالنے کا آلہ۔

سیج (ہ۔ مث) بستر۔ بچھونا۔ پلنگ۔
سیخ (ہ۔ مث) لوہے کی سلاخ۔
سیخ پا ہونا (۲) گھوڑے کا الف ہونا گھوڑے کا دو پاؤں پر سیدھا کھڑا ہونا۔ بہت ناراض ہونا
سَیّد (ع۔ مذ) بزرگ۔ سردار۔ پیغمبر اسلامؐ کی دُختر کی اولاد (سادات جمع)
سیدھ (ہ۔ مث) نشانے پر سامنے کی طرف
سیدھا (ہ۔ ص) ٹھیک درست۔ آسان۔ سامنے۔ دائیں۔
سیدھا سادھا یا سادا (ہ۔ ص) بھولا بھالا۔
سیدھی یا سیدھیاں سنانا (ہ) صاف کہنا۔ گالیاں دینا۔
سَیر (ہ۔ مث) ہوا خوری۔ تفریح چہل قدمی۔
سیر چشم (ف۔ ص) قانع۔ آسودہ حال
سیر حاصل (ف۔ ص) زرخیز۔ اچھی پیداوار کی زمین۔
سیراب (ف۔ ص) شاداب۔ سرسبز۔

سِیَر (ع۔ مث۔ ج) (واحد۔ سیرت) عادت۔ تاریخ۔
سیرت (ع۔ مث) عادت۔ خو۔ خصلت سوانح عمری (سِیَر جمع)
سیری (ف۔ مث) اطمینان۔ آسودگی
سیڑھی (ہ۔ مث) زینہ۔ نردبان۔ درجہ
سِیس (ہ۔ مذ) ماتھا۔ سر۔
سیسہ (ہ۔ مذ) ایک دھات کا نام ہے
سَیف (ع۔ مث) تلوار۔ تیغ (سُیُوف جمع)
سَیفا (ا۔ مذ) بڑی دودھاری تلوار۔
سیفی (ع۔ سیف = تلوار) (۱) خدا کا کوئی جلالی نام (یعنی وہ نام جس سے غصہ کا اظہار ہوتا ہے جیسے قہار) ننگی تلوار کی پشت پر پڑھ کر پھونکنے کا عمل جس کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ دشمن ہلاک ہو جائے (۲) (ص) تلوار کی شکل کا تلوار نما
سیفی کا الٹ جانا۔ سیفی کے عمل میں بے احتیاطی ہو جانا جس سے عامل تباہ ہو جاتا ہے۔

سَیفی پھیرنا۔ تسبیح کرنا۔

سَیف زباں (ف۔ص) وہ ولی یا بزرگ جس کی زبان سے نکلی ہوئی بات نہ ٹلے اور ہو کے رہے۔

سیفی (ا۔مث) چھوٹی دودھاری تلوار۔

سَیف (Safe) (انگ۔ص محفوظ۔مث) لوہے کی پیٹی۔

سیفٹی (Safety) (انگ۔مث) حفاظت۔

سیکرٹری (Secretary) (انگ۔مذ۔ سکتر۔ منشی۔

سیکنڈ (Second) (انگ۔ص) دقیقہ۔ دوسرا۔

سیکنڈ نیچر (Second nature) (انگ۔مث) عادت جو اپنے زور اور اثر کی وجہ سے فطرتی افعال کے مشابہ ہوجاتی ہے

سیکنڈ ہینڈ (Second Hand) (ا۔ص) استعمال کی ہوئی پرانی۔

سیکشن (Section) (انگ۔مذ) (۱) فریق۔ جز (۲) عمارت کا ایک خاص طرز کا نقشہ مثلاً عمودی یا افقی یا ماتھے کا

سیکھ (ہ۔مث) پند۔ نصیحت۔

سیل (ہ۔مث) تری۔ نمی۔ ٹھنڈ۔

سیل (ع۔مذ) بہاؤ۔ طغیانی۔ لہر۔

سیلف گورنمنٹ (Self Government) (انگ۔مث) آزاد حکومت۔ حکومت خود اختیاری۔

سیل گرم (ا۔ص) نیم گرم۔ کچھ ٹھنڈا کچھ گرم۔ گنگنا۔

سیلاب (ف۔مذ) پانی کا چڑھاؤ طغیانی

سیلانی (ا۔ص) سیر کرنے والا آدمی۔

سیم (ف۔مث) چاندی روپیہ

سیماب (ف۔مذ) پارہ۔

سیمافور (Semaphore) (انگ۔مذ۔ یونانی (Sema) علامت (Phore) برداشت کرنا) بازوؤں کی حرکات سے پیغام یا خبر رسانی کرنا۔

سیم تن (ف-ص) چٹا۔ گورا معشوق
سیمرغ (ف-مذ) ایک قدآور پرند کا نام ہے۔
سیمنٹ (Cement) (انگ-مذ) پسا ہوا پتھر جس سے فرش وغیرہ کی ٹیپ یا پلستر کرتے ہیں
سیمیں (ف-ص) چاندی کا۔ چاندی سا
سین (Scene) (انگ-مذ) نظارہ۔ منظر۔
سینا (ہ) کسی چیز کو ٹانکے لگانا۔
سینا (س-مث) فوج۔ لشکر۔
سیناپتی (س-مذ) سپہ سالار
سینا (ہ) پرندوں کا انڈوں کا بیٹھنا۔
سینا (ع-مذ) کوہ طور۔
سینٹری (Sanitary) (انگ-مث) صفائی۔
سینٹری انسپکٹر (Sanitary Inspector) (انگ-مذ) داروغہ صفائی۔
سینری (Scenery) (انگ-مث) نظارے۔ مناظر منظر۔
سینکنا (ہ) تاپنا۔ گرم کرنا۔ خوب مارنا
سینگ سمانا (ہ) پناہ ملنا۔ آرام ملنا۔ گزر اوقات ہونا۔
سینگ (ہ-مذ) چوپائے کے سر کی شاخ۔
سینہ (ف-مذ) چھاتی۔
سینہ بند (ف-مذ) انگیا۔
سینہ بسینہ (ف) ایک سینے سے دوسرے سینے میں وہ راز یا بات جو خاندان میں ایک دوسرے کو بتاتے آئیں۔
سینہ زور (ف-ص) زبردست۔ سرکش
سینہ زوری (ف-مث) زبردستی
سینہ سپر (ف) مقابل ہو کر نیار۔ خم ٹھونک کر۔
سیوا (ہ-مث) خدمت۔ ٹہل۔
سیوا سمتی (ہ-مث) رفاہ عام کا کام کرنے والی جماعت۔ انجمن رفاہِ عام۔

ش

شاب (ع۔ مذ) جوان۔ گبرو۔
شاباش (ف) مخفف شاد باش، خوش رہو، آفرین۔
شاپ (shop) (انگ۔ مث) دُکان۔
شاپ کیپر (shop keeper) (انگ۔ مذ) دکان دار۔
شاخ (ف۔ مث) ٹہنی۔ سینگ۔ ٹکڑا۔ حصّہ۔
شاخِ زعفران (ف۔ مث) انوکھی بات۔ خود بین۔ مغرور۔
شاخِ نبات (ف۔ مث) مصری کے کوزے کی وہ لکڑی یا تاگا جو کوزہ بنانے کے واسطے آبخورے میں لگاتے ہیں۔
شاخ نکالنا (۱) سینگ یا ٹہنی نکالنا (۲) عیب نکالنا (۳) حجت کرنا نکتہ چینی کرنا۔ (۴) فرق نکالنا

شاخسانہ (یا) شاخشانہ (ا۔ مذ) شاخ: سینگ، شانہ۔ شانے کی ہڈی) ایران میں ایک گروہ سینگ اور مینڈھے کے شانے کی ہڈی بجا کر مانگا کرتا تھا اور خیرات نہ ملنے پر اپنے اعضا کاٹنے کی دھمکی دیا کرتا تھا اس وجہ سے فارسی میں شاخسانہ کے معنی ڈراوے اور دھمکی کے ہو گئے۔ اردو والوں نے رخنہ فتنہ۔ ڈھکوسلا۔ جھگڑا عیب کے معنی پیدا کر لیے۔
شاخیں کھینچانا (یا) لگوانا (۲) سینگیاں لگوانا یا ترڑوانا۔
شاد (ف۔ ص) خوش
شاداب (ف۔ ص۔ شاد خوش۔ آب: پانی) سرسبز ہرا بھرا۔

شادی (ف ۔ ص) خوشی ۔ بیاہ ۔
شادی مرگ (ف ۔ مث) اضافت مقلوب زیادہ خوشی کے سبب موت ۔
شادیانہ (ف ۔ مذ) خوشی کا باجا ۔ خوشی کے گیت ۔
شاذو نادر (ع) کبھی کبھی ۔ کوئی کوئی
شارٹ پارلیمنٹ Short Parliament (انگ ۔ مث) پارلیمنٹ انگلستان کا سب سے چھوٹا اجلاس جو ۱۶۴۰ء میں منعقد ہوا ۔
شارح (ع ۔ مذ) شرح کرنے والا ۔
شارع (ع ۔ مذ) بڑا راستہ ۔ سڑک ۔ شریعت کا بانی
شارع عام (ع ۔ مذ) گزرگاہ ۔ شاہراہ
شاستر (س ۔ مذ) ہندوؤں کی مذہبی قواعد کی کتاب
شاستری (ہ ۔ مذ) پنڈت ۔ فاضل
شاطر (ع ۔ مذ ۔ شطر : دور کرنا) چونکہ ایسے چلے کرتا ہے ۔ جو لوگوں کی عقل سے دور ہوتے ہیں اس لئے مجازی معنی پیدا ہوئے شطرنج کھیلنے والا ۔ چالاک عیار ۔
شاعر (ع ۔ مذ) شعر کہنے والا ۔ ناظم ۔
شاعری (ع ۔ مث) شعر کہنے کا فن ۔
شاغل (ع ۔ ص) مصروف ۔
شافع (ع ۔ مذ) شفاعت کرنے والا ۔ سفارشی ۔
شافعی (ع ۔ مذ) اہل سنت میں امام شافعی کی پیروی کرنے والا ۔ دیکھو "ائمۂ اربعہ"
شافی (ع ۔ ص) شفا بخشنے والا ۔
شافیٔ مطلق (ع ۔ مذ) خدا تعالیٰ ۔
شاق (ع ۔ ص ۔ اردو میں بغیر تشدید کے بولتے ہیں) ناگوار ۔ برا ۔ دشوار ۔
شاق گزرنا (ا) برا لگنا ۔ بار ہونا ۔
شاقہ (ع ۔ ص) سخت ۔ مشکل ۔ دشوار ۔
شاکر (ع ۔ ص) شکر کرنے والا ۔ اس کی جگہ مشکور بولنا غلطی ہے

شاکی (ع۔ ص) شکایت کرنے والا۔ فریادی۔

شاگرد {ف۔ اشاد: رامتی) گرد۔ (ہ کردہ) مذ} طالب علم۔ استاد سے سیکھنے والا۔

شاگرد پیشہ (ا۔ مذ) نچ کا کام کرنے والے نوکر چاکر۔ ادنی ملازموں کے مکانات۔

شال (ف۔ مث) اون کی چادر۔ پشمینے کی چادر۔

شام (ف۔ مث) سورج ڈوبنے کا وقت۔ مغرب کا وقت۔

شام پھولنا (ا) شفق پھولنا۔ مغرب کی سرخی کا نمودار ہونا۔

شامِ غریباں (ف۔ مث) مصیبت کی شام۔ مفلسی کی رات۔

شام کا بھولا صبح گھر آئے۔ تو بھولا نہیں کہتے (ا۔ مثل) جو آدمی تھوڑی سی ٹھوکر کھا کر سنبھل جائے اسے گمراہ نہیں کہتے۔ (مقابلے کے لئے دیکھو صبح کا بھولا الخ)

شام و سحر (ف۔ مث) صبح و مسا۔ ہر وقت۔ سانج سویرے۔

شام (ع۔ مذ) ایک ملک کا نام ہے جس میں دمشق اور حلب وغیرہ شہر واقع ہیں۔

شامت (ع۔ مث) بد نصیبی۔ نحوست آفت۔

شامتِ اعمال (ع۔ مث) گناہوں کی سزا۔ کرتوتوں کا بدلہ۔

شامت کا مارا (ا) آفت کا مارا۔ بدنصیب۔

شامل (ع۔ ص) ملا ہوا۔ اکٹھا۔ شریک

شاملات (ا۔ مث) مشترکہ حصہ۔

شامہ (ع۔ ص) سونگھنے کی قوت۔

شامیانہ (ف۔ مذ) تنبو۔ سائبان۔

شان (ع۔ مث) دبدبہ۔ مرتبہ۔ عزت۔

شانتی (ہ۔ مث) امن۔ سلامتی۔

شاندار (ف۔ ص) خوش نما۔ عمدہ۔ ذی عزت۔

شان وِشوکت (ع۔مث) رعب داب۔ دبدبہ۔

شِن فَین (Shinn Fein) آئرستانی (لفظی معنی، ہم خود۔ مث) آئرستان (آئرلینڈ) کی سیاسی آزادی کے لئے کوشش کرنے والی نئی جماعت۔ جو بیسویں صدی میں قائم ہوئی۔

شانہ (ع۔مذ) مونڈھا۔ کندھا۔ کنگھی۔

شاہ (ف۔مذ) بزرگ۔ بڑا بادشاہ

شاہ پَر (یا) شہپر (ف۔مذ) پرندے کا بڑا پَر۔ بڑی۔ بڑی مونچھیں۔

شاہ راہ (ف۔مذ) شارع عام۔ سڑک۔

شاہنائی (ف۔مذ) بگل۔ نفیری۔

شاہانہ (ف۔ص) بادشاہوں کی مانند۔ بڑی شان وشوکت۔

شاہد (ع۔مذ) گواہ۔ معشوق۔ حسین

شاہنشاہ (ف۔مذ) بڑا بادشاہ۔ سلطان۔ قیصر۔

شاہی (ف۔ص) بادشاہی حکومت

شاہین (ف۔مذ) ایک شکاری پرندہ۔

ترازو کی ڈنڈی۔

شایاں (ف۔ص) لائق۔ زیبا۔ مناسب۔

شائبہ (ع۔مذ) شک وشبہ۔ احتمال۔

شاید (ف۔تابع) (فعل) ممکن۔ مناسب۔ زیبا۔ غالباً۔

شائستگی (ف۔مث) تہذیب۔ لیاقت

شائستہ (ف۔ص) مہذب۔ باتمیز۔ خوش اخلاق۔

شائع (ع۔ص) پھیلا ہوا۔ ظاہر۔ شہرت پایا ہوا۔

شائق (ع۔ص) شوق رکھنے والا۔ طلب گار (عربی میں اس کے محبت ہیں۔ محبت کو حرکت میں لانے والا)۔

شب (ف۔مث) رات۔

شب باش (ف۔مذ) رات کی رات رہنے والا۔

شبِ برات (ف) (شب = رات برات۔ حصہ) (مث) ماہ شعبان کی پندرھویں رات جب مخلوق

الہٰی کو سال آئندہ کا رزق تقسیم ہوتا ہے۔ اس تاریخ کو مسلمان عموماً حلوہ وغیرہ پکاکر مردوں کی فاتحہ دلواتے ہیں۔ اب یہ خوشی کا تہوار بن گیا ہے اور رات کو آتش بازی چھوڑی جاتی ہے۔ اس لئے رات کی خوشی کو شب برات سے اور دن کی خوشی کو عید سے تعبیر کرتے ہیں۔

شب بیدار (ف۔ص) رات کو جاگنے والا۔ عابد۔ نیک۔

شب تار (ف۔مث) اندھیری رات۔

شب خون (ف۔مذ) بوقت شب بےخبری میں دشمن پر حملہ کرنا۔

شب دیجور (ف۔مث) اندھیری رات

شب دیز (ف۔مذ) مشکی گھوڑا۔

شبستان (ف۔مذ) رات کو سونے کا کمرہ یا مکان۔

شب قدر (ف۔مث) ماہ رمضان کی ستائیسویں رات۔ عزت اور قدر کی والی رات۔

شبنم (ف۔مث) اوس۔

شبہ (ع۔مذ) شک۔ گمان۔

شبیہ (ع۔مث) شکل وصورت۔ تصویر۔

شبیہ معیّن (ع۔مث) وہ شکل جس کے مقابل کے دو دو اضلاع تو برابر ہوں مگر چاروں زاویے قائمے نہ ہوں

شپا شپ (ف) متواتر۔ پے درپے۔

شپّر (ف۔مث) چمگادڑ۔

شتاب (ف) فوراً۔ جلد۔

شتر (ف۔مذ) اونٹ۔ ت کی زبر سے غلط ہے۔

شتربان (ف۔مذ) ساربان۔ اونٹ چلانے والا۔

شتر بے مہار (ف۔ص) آزاد۔ آوارہ۔

شتر غمزہ (ف۔مذ) فضول چوچلے بے جا ناز۔

شتر کینہ (ف۔ص) سخت دشمنی رکھنے والا۔ سخت کینہ ور۔

شُتر مُرغ (ف۔ مذ) ایک بڑے قد کا پرندہ۔ جو افریقہ میں پایا جاتا ہے۔

شُتری (ف۔ ص) اونٹ کے رنگ کا دھبہ۔

شُجاع (ع۔ ص) بہادر۔ دلیر۔

شجاعت (ع۔ مث) بہادری۔ دلیری

شَجَر (ع۔ مذ) درخت (اشجار جمع)

شجرہ نسب (ع۔ مذ) خاندانی سلسلہ نسب نامہ۔

شحنہ (ع۔ مذ) کوتوال۔

شخص (ع۔ مذ) انسان۔ آدمی۔ بدن۔

شخصی (ع۔ ص) ذاتی۔ ایک شخص کی۔

شخصی حکومت (ع۔ مث) وہ حکومت جس میں رعایا کو کچھ دخل نہ ہو

شخصیت (ع۔ مث) بزرگی۔ وقار آدمیت۔

شُد (ف) آغاز۔ شروع۔ مدت گزشت۔

شُد بُد (ف۔ مث) حرف شناسی۔

شدّ و مدّ (ف۔ مث) عربی میں شدت سختی کرنا۔ مدّ کھینچنا۔ بڑا

زور شور۔ دھوم دھام۔

شدّاد (ع۔ مذ) ایک ظالم بادشاہ کا نام ہے۔ جس نے باغ ارم بہشت کے طور پہ بنایا تھا۔

شدائد (ع۔ مث۔ ج) (واحد شدت) سختیاں۔

شدّت (ع۔ مث) سختی۔ زیادتی۔ تیزی (شدائد جمع)

شُدنی (ف۔ ص) ہونے والی بات۔

شُدھ (ہ۔ ص) صاف۔ خالص۔ پاک

شُدہ شُدہ (ف) ہوتے ہوتے۔ آہستہ آہستہ

شدید (ع۔ ص) سخت۔ مشکل۔

شذرات (ع۔ مذ۔ جمع) (واحد شذرہ) ٹکڑے ٹکڑے مختلف باتیں۔ اخبار میں متفرق نوٹ

شَر (ع۔ مذ) فساد۔ شرارت۔ بدی۔

شراب (ف۔ مث) نشہ لانے والی پینے کی چیز۔

شراب خانہ (ف۔ مذ) شراب کی دکان۔ میکدہ

شرابی (ف۔ مذ) شراب پینے والا مست۔
شرابور (ا۔ص) بہت ہی گیلا۔ بھیگا ہوا۔ تربتر۔
شرارت (ع۔مث) فساد۔ بدی۔
شرار (ع۔مذ) آگ کا انگارہ
شرافت (ع۔مث) انسانیت۔ تہذیب۔
شراکت (ا۔مث) حصہ۔ ساجھا۔
شرائط (ع۔مث۔ج) واحد شرط
شرائین (ع۔مث۔ج) (واحد شریان) خون کی رگیں۔
شربت (ع۔مذ) پینے کی میٹھی چیز۔
شربتی (ا۔ص) شربت کے رنگ کا۔
شرح (ع۔مث) کسی بات کو کھول کر بیان کرنا۔ تفسیر۔ در۔ نرخ۔
شرح مبادلہ (ا۔مث) مختلف ممالک کے سکوں کے آپس کے مبادلہ کی شرح یا نرخ۔ وہ نرخ جس پر ایک ملک کا سکہ دوسرے ملک میں چلتا ہے۔

شردھا (ہ۔مث) عقیدت۔ عقیدت مندگی۔
شرر (ع۔مذ) آگ کی چنگاری۔
شرط (ع۔مذ) قول۔ بازی (شرائط جمع)
شرط باندھنا (ہ) بازی بدنا۔
شرطیہ (ع۔ص) شرطی
شُرطہ (ع۔ص) موافق ہوا۔ مث۔ پولیس
شرع (ع۔مث) مذہب اسلام کے قوانین۔ سیدھا راستہ۔
شرعاً (ع۔ص) شرع کی رُو سے مذہباً۔
شرعی (ع۔ص) مذہبی۔
شرف (ع۔مذ) بزرگی۔ عزت۔ بزرگی۔
شرف یاب (ف۔ص) اعزاز یافتہ۔
شرق (ع۔مذ) آفتاب نکلنے کی جگہ۔ مشرق۔
شرق ادنیٰ (ف۔مذ) دیکھو شرقِ ادنیٰ

شرقی (ع۔ ص) مشرقی۔ مشرق کی طرف کا۔
شِرک (ع۔ مذ) خدا کی ذات میں کسی کو شریک کرنا۔ بُت پرستی۔
شُرکاء (ع۔ مذ۔ جمع) (واحد شریک)
شِرکت (ع۔ مث) شمولیت۔ شامل ہونا۔
شَرم (ف۔ مث) حیا۔ عزّت۔ غیرت
شرم رکھنا (۲) عزت رکھنا۔
شرمگاہ (ف۔ مث) پردے کی جگہ۔ ستر۔
شَرمانا (۲) حیا کرنا۔ شرمندہ ہونا۔ شرمندہ کرنا۔ ذلیل کرنا۔
شَرمسار (ف۔ ص) شرمندہ
شرمندگی (ف۔ مث) شرمساری۔ ندامت۔
شَرمیلا (۲۔ ص) شرم والا۔ حیادار۔
شُروع (ع۔ مذ) ابتداء۔ آغاز۔ (شروعات جمع)
شِریان (ع۔ مث) خون کی رگ۔
شَریعت (ع۔ مث) دین کے قانون مذہب (شرائع۔ ج)
شَریف (ع۔ ص) بزرگ۔ بھلامانس مہذب۔ پاک کلمہ تعظیم۔ جیسے مکّہ شریف (شرفاء جمع)
شریفِ قوم (ف۔ مذ) قوم کا سردار قوم کا رئیس۔
شریف خاندان کا۔ خاندانی اونچے گھرانے کا۔
شریفہ (ف۔ مذ) ایک میٹھے پھل کا نام ہے۔ سیتا پھل۔
شَریک (ع۔ ص) ساتھی۔ مددگار۔ حصّہ دار (شرکاء جمع)
شریمتی (ہ۔ ص) محترمہ عورتوں کے ناموں کے ساتھ تعظیمی طور پر استعمال ہوتا ہے۔
شریمان (ہ۔ مذ) جناب۔ حضرت کلمۂ تعظیم
شری یُتہ (ہ) جناب۔ حضرت۔ کلمۂ تعظیم۔ جو مدراسی اور بنگالی لوگوں کے ناموں کے ساتھ آتا ہے۔

شِشت (ف۔مث) نشانہ۔ انگوٹھا۔
شِشت باندھنا یا لگانا (۱)
نشانہ باندھنا۔ تاک لگانا۔
شُستہ (ف۔ص) شستن دھونا
پاک کرنا۔
شُشُ (ف۔مذ) پھیپھڑا
شَش (ف۔ص) چھ
شَش پہلو (ف۔ص) چھ
طرفوں والی چیز۔
شَش جہت (ف۔مث) چھ
طرفین۔ تمام دُنیا۔
شَش دانگ (ف۔ص) تمام
اور کل چیز۔ کیونکہ شش انگ
کا پورا ایک دینار ہوتا ہے۔
شَش دانگِ عالم (ف۔مذ)
سارا جہان۔ تمام دُنیا۔
شَش و پنج (ف۔مذ) سوچ
بچار۔ فکر۔ اندیشہ۔
شَشدر (ف۔ص) حیران۔
پریشان۔
شَصت (ف۔ص) ساٹھ ۶۰۔

شَطرنج (ف۔مث) ایک ایرانی
کھیل کا نام ہے۔ جو ۳۲ مُہروں
کے ساتھ کھیلا جاتا ہے۔
شَطرنجی (ف۔مث) دری۔ فرش۔
شِعار (ع۔مذ) طریقہ۔ طرز۔ عادت
شُعاع (ع۔مث) کرن۔ نور کی لہر۔
(اشعہ جمع)
شَعبان (ع۔مذ) قمری سال کا
آٹھواں مہینہ۔
شُعبدہ (ع۔مذ) جادوگری۔ فریب
شُعبدہ باز (ف۔مذ) بازیگر۔ مداری
مکار۔ جادو کے کرشمے دکھانیوالا
شُعبدہ بازی (ف۔مث) مکاری
بازیگری۔ جادو کے کرشمے۔ فریب
شُعبہ (ع۔مذ) حصّہ۔ شاخ۔
شَعر (ع۔مذ) بال (اشعار جمع)
شِعر (ع۔مذ) بیت۔ فرد۔ نظم۔
(اشعار جمع)
شِعر گوئی (ف۔مث) شعر کہنا نظم
لکھنا۔
شُعَرا (ع۔مذ۔جمع) (واحد شاعر)

شُعلہ (ع۔ مذ) چمک۔ روشنی۔ آگ کی لپیٹ

شُعلۂ جوّالا (ع۔ مذ) گرداگرد پھرنے والا شعلہ۔ پیٹی کا چکر۔

شُعلہ رُو (ف۔ مذ) نہایت خوبصورت

شعُور (ع۔ مذ) اُردو والے ش کی زبر بولتے ہیں، سمجھ۔ عقل۔ تمیز۔

شَغال (ع۔ مذ۔ ف۔ شگال کا معرب) گیدڑ۔

شَغَب (ع۔ مذ) شور و غل۔

شُغل (ع۔ مذ) کام۔ کاج۔ دل لگی۔ دھیان۔

شِفا (ع۔ مث) صحت، تندرستی۔

شِفاخانہ (ف۔ مذ) ہسپتال۔ علاج کی جگہ۔

شِفاعَت (ع۔ مث) سفارش گنہگاروں کے گناہ معاف کرانے کی سفارش۔

شَفّاف (ع۔ ص) نہایت صاف جس کے آر پار نظر آ سکے۔

شَفتالو (ف۔ مذ) آڑو۔

شُفعہ (ع۔ مذ) ہمسائگی کا حق۔

شَفَق (ع۔ مث) شام کی سُرخی۔

شَفَق پھولنا (ا) شام کی سُرخی کا نمودار ہونا۔ شام پھولنا۔

شَفَقَت (ع۔ مث) مہربانی۔ رحم محبت۔ (شُفا

شَفیع (ع۔ مذ) شفاعت کرنے والا۔ (شُفَعا۔ جمع)

شَفیق (ع۔ ص) مہربان۔ محب (اشفقاء)

شَق (ع۔ ص) پھٹا ہوا

شِق (ع۔ ص) پھٹا ہوا

شَق ہونا (ا) پھٹنا۔ شگاف ہونا۔

شِق (ع۔ ص) نصف۔ حصہ۔ قسم

شُقّہ (ع۔ مذ) شاہی مہری یا دستخطی خط۔ رقعہ جو برابر والے ایک دوسرے کو لکھتے ہیں۔ دوستانہ خط

شَقاوَت (ع۔ مث) بدبختی۔

شَقی (ع۔ ص) بدبخت۔ سیاہ دل (اشقیاء)

شَقیقہ (ع۔ مذ) آدھے سر کا درد

شَک (ع۔ مذ) شبہ۔ گمان (شکوک جمع)

شِکار (ف۔ مذ) حیوان کا مارنا یا پکڑنا۔

شکار کیا ہوا جانور۔ مفت۔
شِکار بَند (ف۔ مذ) شکار باندھنے کا تسمہ۔ فتراک۔
شِکار کرنا (ا) کسی جانور کو مارنا۔ پھنسانا۔ قابو میں لانا۔
شِکار گاہ (ف۔ مث) جنگل۔ شکار کی جگہ۔
شکار ہونا (ا) پکڑا جانا۔ قابو میں آنا۔ عاشق ہونا۔
شِکاری (ف۔ مذ) شکار کھیلنے والا صیاد۔
شِکایت (ع۔ مث) گلہ۔ شکوہ۔ تکلیف۔ بیماری۔ فریاد
شکتی (س۔ مث) بل۔ زور۔ طاقت۔
شُکر (ع۔ مذ) احسان ماننا۔
شُکر گزار (ف۔ ص) احسان مند۔ شاکر
شَکَر یا شکرِ {ف (سنسکرت۔ شرکرا) مث} کھانڈ۔ چینی۔
شَکَر تری (ف۔ مث) کھانڈ۔ بورا۔
شکر خورہ (ف۔ مذ) میٹھی مہنی۔
شکر رنجی (ف۔ مث) معمولی رنجش۔
شکر (ا۔ مث) گھٹیا درجہ کی کھانڈ
شکرانہ (ا۔ مذ) شکریہ۔ احسان۔
شِکرم (ا۔ مث) ایک قسم کی گاڑی۔
شِکرہ (ف۔ مذ) باز کی قسم کا ایک شکاری پرندہ
شِکَست (ف۔ مث) ہار۔ زک۔ نقصان۔
شِکَستِ فاش (ف۔ مث) کھلی اور صاف شکست۔
شِکَست و ریخت (ف۔ مث) ٹوٹ پھوٹ۔ گرنا۔ پڑنا۔
شِکَستگی (ف۔ مث) ٹوٹ پھوٹ پھوٹنا۔
شِکَستہ حال (ف۔ ص) مصیبت زدہ غریب۔
شِکَستہ خاطر (ف۔ ص) رنجیدہ۔ دل غمگیں۔
شِکَستہ (ف۔ ص) ٹوٹا ہوا گھسیٹ کر لکھا ہوا
شکشا (س۔ مث) تعلیم سکھانا۔
شکل (ع۔ مث) صورت۔ ڈھنگ۔ طرز۔ اشکال جمع

شکل بنانا (ا) ڈول ڈالنا۔ خاکہ کھینچنا۔ چہرہ بگاڑنا۔
شکل و شباہت (ع۔مث) شکل وصورت۔
شکل و شمائل (ع۔مث۔شکل= صورت، شمائل۔جمع شمیلہ کی بمعنی خصلت) روپ شکل وصورت۔
شکم (ف۔مذ) پیٹ۔
شکم پرور (ف۔ص) پیٹو۔ کھاؤ خودغرض۔
شکمی (ف۔ص) پیٹ کا۔ مادرزاد بچ کا اندرونی جیسے شکمی شریک
شکن (ف۔مث) سلوٹ۔ جھری
شکنجہ (ف۔مذ) جلد سازوں کا آلہ جسمیں کتابیں دبا کر کاٹتے ہیں
شکنجۂ آبی (ا) ایک آلہ جس سے دکھایا جاتا ہے کہ پانی کا دباؤ سطح کے متناسب ہوتا ہے۔
شکوک (ع۔مذ۔جمع) (واحد شک)
شکوہ (ف۔مث) شان وشوکت۔

شکوہ (ف۔مذ۔صحیح املا شکوی ہے) شکایت۔ گلہ۔
شکیب (ف۔مذ) صبر
شکیل (ا۔ص) شکل وصورت والا خوبصورت (ان معنوں میں عربی نہیں۔
شکیلہ (ا۔مث) خوبصورت عورت، (دیکھو شکیل)۔
شگاف (ف۔مذ) دراڑ، جھری
شگاف کرنا (ا) چیرنا۔
شگفتگی (ف۔مث) خوشی۔ فرحت شادابی۔
شگفتہ (ف۔ص) کھلا ہوا۔ خوش وخرم تازہ۔
شگفتہ خاطر (ف۔مذ) خوش دل خوش مزاج۔
شگفتہ رو (ف۔مذ) ہنس مکھ۔
شگن (ف۔مذ۔ سنسکرت میں شگن بمعنی اچھی خبر دینے والا بقولِ صاحب فرہنگ آصفیہ شو: اچھا اور گن بمعنی نتیجہ

سے

سے مرکب ہے } فال۔ نیک۔
شگون۔
شگوفہ (ف۔ مذ) غنچہ۔ کلی۔
شگوفہ پھوٹنا (۱) پھول کھلنا۔ کوئی
انوکھی بات نکلنا۔ فتنہ اٹھنا۔
شگوفہ چھوڑنا (۲) نئی اور عجیب بات
بیان کرنا۔
شگون (ف۔ مذ) شگن۔ فال لینا
تفاؤل دیکھو شگن)
شَل (ع۔ ص) شست۔ بے حس
شلغم (ف۔ مذ) مشہور ترکاری ہے
شلک (ت۔ مث) بندوقوں کی باڑ
سلامی۔
شلنگ SHILLING
(انگ۔ مث) انگریزی سکہ جو
قریباً بارہ آنہ کے برابر ہوتا ہے
انگریزی پونڈ کا بیسواں حصہ
اور گنی کا اکیسواں حصہ
شلنگ (ف۔ مذ) ورزش کی بیٹھک
دو قدم کے درمیان کا فاصلہ کسی جگہ
سے اچھل کر پھر وہیں آجانا۔

شلنگا (۱۔ مذ) ف۔ شلنگ = دو
قدم کے درمیان کا فاصلہ)
دُور دُور کا ٹانکا۔ ٹپا۔
شلوار (ف۔ مث)۔ شل: ران۔
وار = کلمہ نسبت) پاجامہ۔
شلوک (ہ۔ مذ) بیت۔ شعر۔
شمار (ف۔ مذ) گنتی۔
شمار کنندہ (ف۔ مذ) گنتی کرنے والا
کسر عام میں وہ ہندسہ جو علامت
کسر کے اوپر ہوتا ہے۔ جیسے ۲/۳
میں ۲۔
شمال (ع۔ مذ) دایاں ہاتھ۔ اتر۔
شمالی (ع۔ ص) شمال کی جانب
کا۔ اُترکا۔
شمائل (ع۔ مذ) شمیلہ کی جمع) عادتیں
خصلتیں۔
شمر (ع۔ مذ) یزید کے ایک افسر کا نام ہے
جس نے حضرت امام حسین علیہ السلام
کو شہید کیا تھا (مجازاً) ملعون
نابکار۔ ظالم۔
شمس (ع۔ مذ) سورج۔

شمسی (ع۔ص) آفتابی۔
شمشاد (ف۔ص) سرو کی قسم کا سیدھے قد کا درخت ہے۔
شمشیر (ف۔مث) شم = ناخن، شیر = مشہور جانور) تلوار۔
شمشیر بکف (ف۔ص) ہاتھ میں تلوار لئے۔
شمع (ع۔مث) موم بتی۔موم۔
شمعدان (ف۔مذ) بتی رکھنے کی طشتری وغیرہ۔
شمع رو (ف۔ص۔ نورانی چہرے والا معشوق۔
شملہ (ع۔مذ) سر سے باندھنے کی شال۔عمامہ۔پگڑی کا دنبالہ۔ عمامہ۔پگڑی کا طرہ۔پنجاب کا مشہور پہاڑی شہر (بکسر شین)،
شمول (ع۔مذ) شامل۔سمیت۔
شمولیت (ع۔مث) ساتھ۔شراکت
شمہ (ع۔مذ) ذراسی خوشبو۔ذرہ برابر۔کم۔
شمیم (ع۔مث) شم = سونگھنا، خوشبو

مہک۔
شناخت (ف۔مث) پہچان۔تمیز واقفیت۔
شناس (ف) پہچاننے والا، پرکھنے والا۔
شناسا (ف،مذ) واقف۔قدردان۔
شناسائی (ف۔مث) واقفیت جان پہچان۔
شناور (ف،مذ) پیراک۔
شنبہ (ف (عبرانی سبت کی خرابی) مذ) ہفتہ۔سنیچر۔
شنگرف / شنجرف (مذ) پارے اور گندھک سے تیار کی ہوئی سرخ رنگ کی چیز۔جو نقاشی میں کام آتی ہے۔
شنوائی (ف۔مث) سماعت۔ دادرسی۔
شنیع (ع۔ص) بُرا۔معیوب۔
شنیعہ (ع۔ص) برے فعل۔ خراب باتیں۔
شو SHOW (انگ۔مذ)

نظارہ منظر کھیل۔ تماشا۔
شَوّال (ع۔ مذ) قمری سال کا دسواں مہینہ۔ عید کا مہینہ۔
شِو (ہ) ہندوؤں کے نزدیک وہ دیوتا جو کائنات کو فنا کرنے والا ہے۔
شِوالا (ہ۔ مذ) شوجی کا مندر۔
شوب (ف) از شوبیدن دھونا۔ مذ، دھوپ۔ دھلائی، دھلنے کا عمل۔ جیسے کپڑا دو ہی شوپ میں پھٹ گیا۔
شوخ (ف۔ ص) گستاخ۔ تیز
شوخ چشم (ف۔ ص) گستاخ۔ بے حیا۔
شوخ چشمی (ف۔ مث) بے ادبی شرارت۔
شوخی (ف۔ مث) شرارت۔ دلیری بے ادبی، تیزی۔
شُودر (ہ) (سنسکرت۔ شچرک۔ نہلانے دھلانے والا) مذ، نیچی ذات کا خدمت گار۔
شور (ف۔ مذ) غوغا۔ شہرت۔

شوروشر (ف۔ مذ) لڑائی، دنگا فساد۔
شور (ف۔ مذ) نمک۔ کھاری۔ وہ زمین جو شورہ کے سبب کاشت کے قابل نہ ہو۔
شور بخت (ف۔ ص) بد بخت۔ بد نصیب۔
شورش (ف۔ مث) فساد، ہنگامہ بلوہ۔
شوربا (ف۔ مذ) پکے ہوئے گوشت کا پانی۔
شوربور (ف۔ ص) بھیگے ہوئے تر بتر۔ لتھ پتھ۔
شورہ (ف۔ مذ) ایک قسم کا کھار جو بارود بنانے یا پانی ٹھنڈا کرنے کے کام آتا ہے۔
شورہ پشت (ف۔ ص) نافرمان فسادی۔
شورے کا تیزاب (۱) گندھک کے تیزاب کو شورے کی بھٹی دیگر بنایا ہوا تیزاب۔ تیزاب شورہ

نائٹرک ایسڈ
شوریت (ا۔مث) نمکینی۔ کھار۔
شوریدہ (ف۔ص) دیوانہ۔ آوارہ پریشان۔
شوریدہ حال (ف۔ص) پریشان حال۔ آوارہ حال۔
شوریٰ (ع۔مذ) مشورہ۔ مشاورت صلاح۔
شوشہ (ف۔مذ) ریزہ۔ جھگڑے کی بات۔ شگوفہ۔ دندانہ۔
شوشہ چھوڑنا (۲) فساد کرنے کی بات چھیڑنا۔ نئی بات نکالنا۔
شوفر SHAUFFEUR (فرانسیسی۔مذ) موٹر کار چلانے والا۔ موٹر ڈرائیور۔
شوق (ع۔مذ) خواہش۔ آرزو محبت سرگرمی۔
شوقین (ا۔مذ) شوق رکھنے والا۔ رنگین مزاج۔ عیاش۔
شوقیہ (ع۔ص) شوق سے۔
شوکت (ع۔مث) شان، دبدبہ، رعب،
شوم (ع۔ص) منحوس۔ کنجوس۔
شومیٔ طالع (ع۔مث) ستارے کی نحوست، بدنصیبی۔
شوہر (ف۔مذ) خاوند۔ مالک۔
شہ (ف۔مذ) بادشاہ۔ سلطان۔
شہپر (ف۔مذ) بڑے پروں والا پرندہ پرندے کا بڑا پر۔
شہ توت (ف۔مذ) مشہور درخت ہے۔
شہ دینا (۲) شطرنج میں بادشاہ کو کشت دینا۔
شہ رگ (ف۔مث) بڑی رگ۔
شہزادہ (ف۔مذ) بادشاہ کا بیٹا۔
شہ زور (ف۔ص) بڑے زور والا۔
شہ سوار (ف۔مذ) بڑا اشتاق سوار
شہ نشین (ف۔مذ) بادشاہ کے بیٹھنے کی جگہ
شہاب (ف۔مذ) ایک چمکدار ستارہ جو آتشبازی کے انار کی طرح تیزی سے چلتا ہوا معلوم ہوتا ہے۔ ٹوٹنے والا تارہ۔
شہاب ثاقب (ف۔مذ) چمکدار ستارہ جو ٹوٹتا ہوا دکھائی دیتا ہے۔

شہادت (ع۔ مث) گواہی۔ ثبوت۔ خدا کی راہ میں شہید ہونا۔
شہامت (ع۔ مث) دلیری، بہادری
شہانہ (ف۔ ص) شاہانہ۔ دولہا کا جوڑا
شہد (ع۔ مذ) وہ میٹھا شیرہ جو شہد کی مکھیاں جمع کرتی ہیں۔ انگبین۔ عسل۔
شہداء (ع۔ مذ، ج) (شہید واحد)
شہدا (ا۔ مذ) بدمعاش۔ لچا۔
شہر (ف۔ مذ) نگر۔ بڑی آبادی۔
شہر آشوب (ف۔ مذ) وہ نظم جس میں کسی شہر کے اجڑنے کا ذکر ہو۔
شہر بدر کرنا (ا) جلاوطن کرنا۔ شہر سے نکالنا۔
شہر پناہ (ف۔ مث) فصیل۔ چار دیواری۔
شہر خموشاں (ف۔ مذ) قبرستان۔
شہر یار (ف۔ مذ) حاکم۔ بادشاہ
شہرت (ع۔ مث) مشہور۔ عزت دھوم۔
شہرہ (ع۔ مذ) دھوم۔ آوازہ۔
شہرۂ آفاق (ع۔ ص) زمانے بھر میں مشہور۔
شہری (ف۔ مذ) شہر کا رہنے والا۔
شہنائی (ف۔ مث) بڑی بنسری نفیری۔
شہنشاہی (ف۔ مث) بادشاہی۔
شہوت (ع۔ مث) خواہش مردانہ خواہش۔ نفسانی خواہش۔
شہوت انگیز (ف۔ مث) شہوت بڑھانے والی شے۔
شہوت پرست (ف۔ ص) عیاش تماش بین۔
شہید (ع (شہود یا شہادت سے) مذ) مذہب کی خاطر جان دینے والا۔
شے (ع۔ مث) چیز۔ بات (اشیا، جمع)
شیاطین (ع۔ مذ۔ ج) شیطان واحد
شیٹ SHEET (انگ۔ مذ) تختہ کاغذ۔ چادر
شیخ (ع۔ مذ) بزرگ۔ عالم۔ بوڑھا۔ بوعلی سینا سے بھی مراد ہے۔

شیخ چلّی (ا۔ مذ) ایک فرضی احمق۔ جس کے قصّے مشہور ہیں۔ بے وقوف پاگل۔ ایک بے وقوف کا فرضی نام۔

شیخی (ا۔ مث) گھمنڈ۔ لاف مارنی۔

شیخی بگھارنا (ا) غرور کرنا۔ ڈینگ مارنا۔

شیخی خورا (ا۔ مذ) گھمنڈی

شیخی کرکری ہونا۔ غرور نکلنا۔ بات بگڑنا۔

شیدا {ف (پہلوی میں معنی دیو۔ یا بھوت) مذ} فریفتہ۔ قربان عاشق۔

شیڈ SHADE (انگ۔ مذ) سایہ۔ ڈرائنگ کی اصطلاح میں جب کسی چیز پر ایک طرف سے تیز روشنی پڑتی ہے۔ تو دوسری طرف جو مدھم روشنی یا اندھیرا سا ہوتا ہے۔ اسے شیڈ کہتے ہیں۔ رنگ کا ہلکا یا گاڑھا پن۔

شیڈو SHADOW (انگ مذ) عکسی چیز کا سایہ جو فرش پر پڑتا ہے۔

شیر (ف (س کشیر، چیر، کھیر) مذ} دودھ۔

شیرابہ (ف، مذ) خشخاش، خشخاش کا شیرہ

شیرازہ (ف، مذ) کتاب کی سلائی، انتظام

شیرازہ بکھرنا (ا) انتظام نہ رہنا۔ بے اتفاقی ہونا۔

شیر خوار (ف۔ ص) دودھ پیتا ہوا بچّہ۔

شیر خشت (ف۔ مث) ایک سفید سی دوا جو بچّوں کو مسہل کے طور پر دیتے ہیں۔

شیر گرم (ف۔ ص) تھوڑا سا گرم۔ تازہ۔

شیر مال (ف، مذ) میدے کی روغنی روٹی۔ جس کا آٹا دودھ سے گوندھتے ہیں۔

شیر و شکر (ف، ص) دو چیزوں کا اچھی طرح سے مل جانا۔ ایک جان

شیر و شکر ہونا (۲) بہت ملاپ ہونا۔ گہری دوستی ہونا۔ ایک ہو جانا۔
شیر (ف، مذ) جنگل کا مشہور طاقتور درندہ۔ اسد۔ ببر۔
شیرِ خدا (ف، مذ) حضرت علی رضؓ کا لقب ہے۔
شیر دل (ف، مذ) دلیر۔ بہادر۔ حوصلے والا۔
شیرِ قالین (ف، مذ) بزدل۔ گھر میں بیٹھ کر بہادری کی ڈینگ مارنے والا۔
شیر مرد (ف، مذ) بہادر۔ دلیر۔
شیر ہونا (۲) زبردست بننا۔ تیز ہونا۔
شیر (SHARE) (انگ مذ) حصہ۔ پتی
شیر ہولڈر (SHARE HOLDER) (انگ۔ مذ) حصہ دار۔ پتی دار۔ شریک۔
شیرہ (ف۔ مذ) چاشنی۔ قوام۔
شربت۔ مٹکے کا پتلا گڑ۔
شیریں (ف۔ص) میٹھا۔ لذیذ۔
شیریں زبان (ف۔ص) میٹھی بات والا۔ خوش بیان۔ خلیق۔
شیرینی (ف، مث) مٹھاس۔ لذت۔ مٹھائی۔
شیش محل (ف، مذ) وہ مکان جس کی دیواروں پر چاروں طرف شیشے لگے ہوئے ہوں۔
شیشہ (ف، مذ) آئینہ۔ کانچ۔
شیشے کا ڈھکن (۲۔ مذ) شیشے کی وہ گول گھسی ہوئی ٹکیہ جو گیس جمع کرنے والے مرتبان کے منہ پر رکھتے ہیں۔
شیشۂ ساعت (ف۔ مذ) ریت گھڑی جس سے وقت معلوم کرتے ہیں
شیشہ گر (ف، مذ) شیشہ بنانے والا۔
شیشے میں اُتارنا (۲) قابو میں لانا۔ جن بھوت کو قابو میں کرنا۔
شیطان (ع۔ مذ) باغی۔ سرکش۔

خبیث۔ شریر (شیاطین جمع)

شیطان کی آنت (۱۔ مث) بہت لمبی چیز۔ نہ ختم ہونے والی۔

شیطانی (ع۔ ص) شیطان کا۔ شرارت۔

شیطنت (ع۔ مث) شرارت۔ فتنہ۔ فساد۔

شیعہ (ع۔ مذ) مسلمانوں کا ایک فرقہ جو حضرت علیؓ کا طرفدار ہے اور باقی صحابہ کا مخالف۔

شیفتہ (ف۔ مذ) فدا۔ شیدائی۔ عاشق۔

شیفتگی (ف۔ مث) بے ہوشی۔ حیرانی۔ فریفتگی۔

شین (ف، مذ) حروف تہجی میں سے ایک حرف

شین و قاف / درشت نہ ہونا (۱) تلفظ صحیح نہ ہونا۔ شین کی جگہ سین اور قاف کی بجائے کاف کہنا۔

شین (ع) (عیب) مذ) اردو میں شور و شین کی ترکیب میں مستعمل ہے۔ جس کے معنی ہیں شور و غل۔

شیون (ف، مذ) نوحہ۔ نالہ۔ آہ و زاری۔

شیوہ (ف۔ مذ) طرز۔ طریقہ۔ دستور۔ ناز کرشمہ۔

شیوہ بیان (ف۔ ص) خوش بیان۔

ص

صابر (ع۔ ص) صبر کرنے والا۔ بردبار

صابن / صابون (ع۔ مذ) کپڑا دھونے اور نہانے کی چیز۔

صابن کے مول پڑنا (۱) کثرت سے جوتیاں پڑنا۔

صاحب (ع۔ مذ) دوست۔ یار۔

مالک۔ آقا۔ جناب (اصحاب اور صاحبان۔ جمع)
صاحبِ اختیار (ع۔ص) حاکم۔ خودمختار۔
صاحبِ اقبال (ع۔ص) خوش نصیب۔ قسمت والا۔
صاحب بہادر (ف، مذ) انگریز حکام کا لقب۔ انگریز۔
صاحبِ تدبیر (ع، مذ) مُدبّر۔ ہوشیار۔ تجربہ کار۔
صاحبِ تمیز (ف، مذ) مہذّب، تمیز والا۔ عقلمند۔ ہُنرمند۔
صاحب جاگیر (ف، مذ) جاگیردار جس کو سرکار کی طرف سے جاگیر ملی ہو۔
صاحب جائداد (ف۔ مذ) جائداد والا۔ زمیندار۔ مالک۔ مکان
صاحبِ جمال (ع۔ مذ) خوبصورت۔
صاحبِ حیثیت (ع۔ مذ) دولتمند۔ صاحب جائداد۔
صاحبِ خانہ (ف، مذ) میزبان۔
صاحبِ دِل (ف، مذ) نیک۔ متقی خداشناس۔ پرہیزگار۔
صاحبزادہ (ف، مذ) شریف زادہ۔ لڑکا۔ بیٹا۔
صاحب سلامت (ا۔ مث) سلام بندگی۔ جان پہچان۔ روشناسی۔
صاحبِ عالم (ا، مذ) شہزادگان دہلی کا لقب۔
صاحبِ فراش (ف، مذ) وہ بیمار جو بستر سے نہ اٹھ سکے۔
صاحبِ قِران (ع۔ مذ) وہ شخص جس کی پیدائش کے وقت زہرہ اور مشتری ایک برج میں ہوں۔ بہت خوش نصیب۔
صاحبِ کمال (ع۔ مذ) ماہر۔ استاد۔ ولی کامل۔
صاحبِ مَن (ف۔ مذ) اجی حضرت اجی جناب۔
صاحبان (ف۔ مذ، جمع) (واحد صاحب)

صَاحِبَہ (ع۔مث) صاحب کی تانیث (صاحبات جمع)

صاد کرنا (۱) تصدیق کرنا۔ منظور کرنا۔

صادِر (ع) نکلنے والا۔ جاری ہونے والا۔

صادِر ہونا (۲) حکم جاری ہونا۔ کسی جگہ سے (باہر) نکلنا۔ ریاح۔ فرمان۔ آواز وغیرہ کا نکلنا۔

صادِق (ع۔ص) سچا۔ مخلص۔ دلی

صادِقُ القول (ع۔ص) بات کا سچا۔ عہد کا پکا۔

صاع (ع۔مذ) دو سو چونتیس تولہ وزن۔

صاعِقہ (ع۔مث) زمین پر گرنے والی بجلی۔ برق۔ برق اور صاعقہ کے فرق کے لئے دیکھو برق)

صاف (ف۔ص) ستھرا۔ پاک۔ خالص۔ واضح۔ ٹھیک۔ کورا بے روک۔

صاف باطن (ع۔ص) صاف دل۔ بے کینہ۔

صاف جَواب (ف،مذ) بالکل انکار۔

صاف دِل (ف۔ص) بے کینہ۔ بے ریا۔

صَاف صَاف (ف۔ص) بے لاگ۔ کھری کھری۔

صاف نِکل جانا (۱) بالکل بچکر نکل جانا۔

صَافہ (ف، مذ) سر پر باندھنے کا دوپٹہ۔

صافی (ف۔مث) دست مال۔ چھاننے کا کپڑا۔

صالِح (ع۔مذ) نیک۔ پارسا۔

صالِحَہ (ع۔مث) نیک عورت۔

صانِع (ع۔مذ) بنانیوالا۔ کاریگر

صانِعِ حقیقی (ع۔مذ) اصلی بنانے والا خدا۔

صانِعِ مُطلَق (ع۔مذ) خدا تعالےٰ۔

صائِب (ع۔مذ) پہنچنے والا درست

ٹھیک (ف) ایک شاعر کا تخلص

صائم (ع۔مذ) روزہ رکھنے والا۔ روزہ دار۔

صَبا (ع۔مث) مشرق کی طرف سے چلنے والی ہوا۔ صبح کی ٹھنڈی ٹھنڈی ہوا۔

صَباح (ع۔مث) صبح۔ تڑکا نور کا تڑکا

صُبح (ع۔مث) نور کا تڑکا۔ فجر۔

صُبحدم (ف۔مذ) صبح سویرے۔

صُبح صادق (ع۔مث) پَو پھٹی۔ نور کا تڑکا۔

صُبح کاذب (ف۔مث) پَو پھٹنے سے پہلے کچھ روشنی معلوم ہوتی ہے اور پھر اندھیرا ہو جاتا ہے۔

صُبح کا بھولا شام کو آ جائے۔ تو اُسے بھولا نہیں کہتے (۱۔مثل) کوئی شخص خرابی اٹھا کر سنور جائے تو وہ قابل مواخذہ نہیں (مقابلے کے لئے دیکھو شام کا بھولا الخ)

صَبر (ع۔مذ) تحمل۔ برداشت۔ خاموشی

صَبرِ جمیل (ع۔مذ) اچھا صبر۔

صَبر کرنا (۱) سہارنا۔ خاموش رہنا ٹھیرنا۔

صُبُوحی (ع۔مث) وہ شراب جو صبح کے وقت پی جائے۔

صُبُوحی کش (ف۔مذ) صبح سویرے شراب پینے والے۔

صَبیح (ع۔ص) گورا چٹا۔ خوبصورت

صَحابہ (ع۔مذ۔جمع) واحد صحابی یا صاحب)

صَحابی (ع۔مذ) وہ شخص جس نے رسولِ خدا کو ایمان کی حالت میں دیکھا۔

صَحائف (ع۔مذ۔جمع) (واحد صحیفہ)

صُحبت (ع۔مث) ہم نشینی۔ دوستی مجلس۔ ہمبستری۔

صُحبت یافتہ (ف۔ص) شائستہ۔

صِحت (ع۔مث) تندرستی۔

صِحت بخش (ف۔ص) شفا دینے والی شے۔

صِحت نامہ (ف۔مذ) غلطیوں کی فہرست۔ مع درستی۔

صَحرا (ع۔ مذ) جنگل، ریگستان (صحاری جمع)

صَحرائی (ع۔ ص) ریگستانی ۔ جنگلی ۔

صَحرائے اعظم (ع۔ مذ) افریقہ کا بڑا ریگستان ۔

صَحن (ع۔ مذ) آنگن ۔

صَحنک (ع۔ صحن "بڑا تھال" کی تصغیر) مث ۱) چھوٹا طاق ۔ رکابی (۲) حضرت فاطمہؓ کی نیاز کا کھانا ۔

صَحیح (ع۔ ص) درست ۔ ٹھیک ۔

صَحیحُ الدِّماغ (ع۔ ص) جس کا دماغ اور عقل درست ہو ۔

صَحیحُ النَّسَب (ع۔ ص) درست نسل کا ۔ خاندانی ۔ شریف ۔

صَحیح سَالِم (ع۔ ص) پورا ۔ ٹھیک ۔ درست ۔

صَحیح سَلامَت (ع۔ ص) پورا ۔ صحیح سالم ۔ تندرست ۔

صَحیفَہ (ع۔ مذ) چھوٹی سی کتاب ۔ رسالہ ۔

صَحیفَہ نگاری (ف۔ مث) اخبار نویسی کا فن ۔

صَد (ف۔ ص) سو ۱۰۰ ۔

صَد آفریں (ف) بہت شاباش ۔

صَد بَرگ (ف۔ مذ) گیندا ۔ مشہور پھول ہے ۔

صَدا (ع۔ مث) آواز ۔ گونج ۔ فقیر کی آواز ۔

صَدارَت (ع۔ مث) پریزیڈنسی ۔ صدر نشینی ۔

صَداقَت (ع۔ مث) سچائی ۔ حقیقت ۔ خلوص ۔

صَدر (ع۔ مذ) سینہ ، محکمے کا ہیڈ کوارٹر ۔ پریزیڈنٹ ۔ سبھاپتی ۔

صَدر بازار (ف۔ مذ) چھاؤنی کا بڑا بازار ۔

صَدرُ الصُّدُور (ع۔ مذ) اعلیٰ درجہ کا منصف ۔ شاہی گھر کا محافظ دیوان خالصہ ۔

صَدر مجلس (ع۔ مذ) پریزیڈنٹ سبھاپتی ۔

صَدر مَقام (ع۔ مذ) بڑے حاکم کے رہنے کی جگہ ۔

صَدرِ مُنتَخَب (ا۔مذ) وہ شخص جو کسی اجلاس کا صدر بن کر آیا ہو۔
صَدرنشین (ف۔مذ) کرسی نشین۔ میرِ مجلس۔
صَدری (ع۔مث) مرزئی۔ واسکٹ
صَدَف (ع۔مث) سیپ۔
صِدق (ع۔مذ) سچائی۔ خلوص۔
صِدقِ دِل سے (ف) تہ دل سے صاف دل سے۔
صَدَقہ (ع۔مذ) خیرات۔ طفیل۔ بدولت (صدقات جمع)
صَدقہ دینا (۲) خیرات کرنا۔ قربان کرنا
صدقے میں (۲) طفیل سے۔ اس کی بدولت۔
صدقے ہونا (۲) قربان ہونا۔ جان دینا۔
صَدمہ (ع۔مذ) دھکا۔ ٹکر۔ رنج و غم حادثہ۔ نقصان (صدمات جمع)
صَدمہ اُٹھانا (۲) نقصان اٹھانا۔ کسی کی موت کا رنج سہنا۔
صَدمۂ جانکاہ (ف۔مذ) سخت صدمہ

صُدُور (ع۔مذ) جاری۔ وقوع۔
صُدُورِ حکم (ع۔مذ) حکم کا جاری ہونا
صَدہا (ف۔ص) سینکڑوں۔
صَدی (ف۔مث) سو سال کا عرصہ۔ سینکڑہ۔
صِدّیق (ع۔ص) نہایت سچا وفادار رسولِ کریمؐ کے خلیفہ حضرت ابوبکرؓ کا لقب ہے۔
صَراحت (ع۔مث) وضاحت تشریح۔ ظاہر۔
صَراحتاً (ع) صاف صاف۔ کھلم کھلا
صُراحی (ع۔مث) پانی یا شراب رکھنے کا لمبی گردن والا برتن۔
صُراحی دار گردن (ف۔صفت) لمبی گردن۔
صِراط (ع۔مث) رستہ۔
صِراطِ مستقیم (ع۔ص) سیدھا رستہ
صَرّاف (ع۔مذ) سونا۔ چاندی۔ پرکھنے والا۔ زیورات کا لین دین والا۔
صَرصَر (ع۔مث) تیز ہوا۔ آندھی

صَرع (ع۔ مث) مرگی۔
صِرف (ع۔ ص) تنہا۔ اکیلا۔
صَرف (ع۔ مذ) خرچ۔
صَرف کرنا (ع) خرچ کرنا۔
صَرف و نحو (یا) صَرف نحو (ع۔ مث) گرامر۔ قواعد۔ زبان۔
صَرفہ (ع۔ مذ) کفایت شعاری۔ کنجوسی
صَریح (ع۔ ص) صاف۔ ظاہر آشکار۔
صریحاً (ع۔ مث) صاف طور پہ ظاہرا
صَریر (ع۔ مث) قلم کی آواز۔
صَعب (ع۔ ص) مشکل۔ کٹھن دُشوار۔
صُعوبَت (ع۔ مث) مشکل۔ سختی۔ (صُعوبات جمع)
صُعود (ع۔ مذ) اُوپر چڑھنا۔ بلندی
صِغَر (ع۔ مذ) چھوٹائی۔ خوردی
صِغر سِن (ع۔ ص) کم عمر۔
صَغیر (ع۔ ص) چھوٹا۔ کم عمر۔
صَغیر و کبیر (ع۔ مذ) چھوٹے بڑے۔ تمام۔

صَف (ع۔ مث) لائن (صُفوف جمع)
صَف آرائی (ف۔ مث) صفیں بنانا جنگ آزمائی۔
صَف بَستہ (ف۔ ص) قطار باندھ کر آراستہ۔
صَف شِکَن (ف۔ ص) قطاریں توڑ دینے والا۔ جنگ جو۔
صَفا (ع۔ ص) پاک۔ صاف۔ ہموار نکھرا۔
صَفاچَٹ (ع۔ ص) بالکل صاف مونڈا ہوا۔
صَفا صَفا (ا) بے نشان۔ برباد۔
صِفات (ع۔ مث ج) (واحد صفت) تعریف۔ خوبی۔
صِفاتی (ع۔ ص) صفات کے متعلق عارضی۔
صَفائی (ع۔ مث) صاف ہونا۔ ستھرا پن۔ سچائی۔ جھاڑ پونچھ تباہی۔ بربادی۔
صِفَت (ع۔ مث) تعریف۔ خوبی چیز کا بیان۔

صفحۂ ہستی (ف) دُنیا جہان۔
صَفحات (ع۔مذ۔ج) (واحد صفحہ)
صَفَر (ع۔مذ) قمری سال کا دوسرا مہینہ۔
صِفر (ع۔مذ) خالی۔ تہی۔ کچھ نہیں، علم حساب میں نقطے کی علامت
صَفرا (ع۔مذ) پت۔ ایک خلط کا نام ہے۔
صَفراوی (ع۔ص) صفرا کے متعلق۔
صَفراوی مزاج (ا۔ص) گرم مزاج والا آدمی۔
صَفی (ع۔ص) مخلص دوست (اصفیا جمع)
صَفیر (ع۔مث) پرندوں کی آواز
صَلا (ع۔مث) آواز۔ پکار۔
صَلائے عام (ع۔مث) عام دعوت عام اجازت۔
صَلابت (ع۔مث) سختی۔ زور۔ مضبوطی۔
صَلاح (ع۔مث) مشورہ۔ نیکی۔ اچھائی۔
صَلاح کار (ف۔مذ) مشیر۔ مشورہ دینے والا۔
صَلاح سمرقندی (ف۔مث) (صحیح صلائے سمرقندی) تھوڑے سے کھانے پر بھی تواضع کرنا چکنی چُپڑی باتیں کرنا۔
صَلاحیت (ع۔مث) بھلائی۔ بہتری لیاقت۔ درستی۔ نرمی۔
صُلب (ع۔ص) پیٹھ۔ پشت۔ نسل اولاد۔
صُلبی (ع۔ص) حقیقی اپنے نطفہ کا بیٹا۔
صُلح (ع۔مث) دوستی، اتحاد۔ رنج دور کرکے راضی ہوجانا۔
صُلح کُل (ع۔ص) وہ آدمی جو سب سے صُلح رکھے۔
صُلح نامہ (ف۔مذ) راضی نامہ۔ صُلح کی تحریر۔
صَلِّ علیٰ (ع۔مذ) پیغمبر اسلام کے نام بولنے یا سننے پر بولتے ہیں۔ واہ۔ واہ۔ سبحان اللہ۔
صَلَوات (ع۔ج) (ع صلوات) مث

جمع) واحد صلوٰۃ۔
صَلواتیں سُنانا (۱) گالیاں دینا۔
صَلوٰۃ (ع۔مث) نماز۔ دُعا۔ درُود
برکت۔ سلام۔ رحمت (تلفظ
صَلات) (صلوات جمع)
صِلَہ (ع۔مذ) بدلہ۔ انعام۔ ہدیہ
صَلیب (ع (ف: چلیپ) مث)
سُولی۔ دار۔
صُمّ (ع۔ص) بہرا۔ اونچا سُننے والا
صُمٌّ بُکمٌ (ع۔ص) گونگا۔ بہرا۔
خاموش بولتا ہی نہیں۔
صَمَد (ع۔ص) بے نیاز۔ جو کسی
کا محتاج نہیں۔
صَمصام (ع۔مث) تیز۔ تلوار
صَمیم (ع۔ص) پُختہ۔ پکّا۔
صَمیمِ قلب (ع۔مذ) پختہ دل۔
پکّا ارادہ
صَمغ (ع۔مذ) گوند۔
صَمغِ عربی (ع۔مذ) کیکر کا گوند۔
صَنادِید (ع۔مذ۔ج) (واحد صندید)
بزرگ لوگ۔ بہادر لوگ۔

صَنّاع (ع۔مذ) بہت بڑا کاریگر
صَناعَت (ع۔مث) ہنر۔
کاریگری۔
صَنائع (ع۔مذ۔ج) (واحد صنعت)۔
صَنائع وبَدائع (ع۔مذ) نظم میں ظاہر
کئے ہوئے عجیب نکات۔
صَندَل (ع (ف۔ چندل و چندن کا
معرّب) مذ) چندن خوشبودار
لکڑی۔
صَندُوق (ع۔مذ) لکڑی کا بکس
تابوت (صنادیق جمع)
صَندُوقچہ (ع۔مذ) چھوٹا بکس۔
صَنعت (ع۔مث) کاریگری۔ ہُنر۔
پیشہ۔ (صنائع جمع)
صَنعَتی (ع۔مذ) صنعت سے متعلق۔
صَنعَتی تعلیم (ع۔مث) کسی پیشہ یا
ہُنر کی تعلیم۔
صَنف (ع۔مث) قسم۔ جنس۔ نوع
(اَصناف جمع)
صِنفِ نازک (ع۔مث) عورتیں۔
صَنَم (ع۔مذ) (ف شمن کا مُعرّب)

بُت۔ معشوق (اَصنام جمع)

صَنَم آمد (ف۔ مذ) ایک کھیل جو کمسن طالب علم کھیلتے ہیں

ایک کہتا ہے "صنم آمد"۔ دوسرا کہتا ہے از کجا آمد۔ پہلا جواب دیتا ہے از احمد نگر۔ یعنی جواب ایسے لفظ میں دیا جاتا ہے جو الف سے شروع ہوتا ہے۔ پھر ب کی تختی شروع کی جاتی ہے۔ وقس علیٰ ہٰذا۔ جب کسی کو سوال کا جواب نہیں آتا۔ تو وہ ہار جاتا ہے۔

صَنَم خانہ (ف۔ مذ) بُت کدہ۔ دیر

صَنَوبَر (ع۔ مذ) ایک سیدھے درخت کا نام ہے۔

صَوَاب (ع۔ مذ) درست، راست، بہتر

صُوبَہ (ع۔ مذ) ملک کا وہ حصہ جس میں کئی ضلعے شامل ہیں۔

صُوبَہ دار (ف۔ مذ) صوبے کا حاکم اعلیٰ گورنر۔

صَوت (ع۔ مث) آواز۔ صدا۔ ندا۔ (اصوات جمع)

صُوَر (ع۔ مث۔ ج) واحد صورت)

صُور (ع۔ مذ) بگل۔ نفیری۔

صُورِ اسرافیل (ع۔ مذ) وہ آواز یا بگل جو قیامت کو اسرافیل فرشتہ بجائے گا۔

صُورَت (ع۔ مث) شکل مکھڑا۔ تصویر حالت۔ تدبیر۔ ڈھنگ (صُوَر جمع)

صُورَت پَرَست (ف۔ ص) بُت پرست۔ حُسن پرست۔

صُوری (ع۔ ص) ظاہری۔

صُوف (ع۔ مذ) اون۔ ریشے دوات میں ڈالنے کا چیتھڑا۔

صُوفی (ع۔ مذ) نیک آدمی۔ صاف دل (صوفیا جمع)

صُوفی صافی (ع۔ مذ) صاف دل فقیر۔

صُوفیانہ (ف۔ ص) سادہ۔ بے تکلف

صَولَت (ع۔ مذ) رعب داب۔ حملہ۔

صَوم (ع۔ مذ) روزہ۔ برت (صیام جمع)
صَوم وصَلوٰۃ (ع۔ مث) نماز روزہ۔
صَومَعہ (ع۔ مذ) عبادت خانہ۔ حجرہ (صوامع جمع)
صَہبا (ع۔ مث) لال شراب۔ انگوری شراب۔
صَیّاد (ع۔ مذ) شکاری۔
صِیام (ع۔ مذ ج) (واحد صَوم)
صِیانت (ع۔ مث) حفاظت۔ نگرانی۔

صَید (ع۔ مذ) شکار۔ شکار کردہ جانور
صَیدگاہ (ف۔ مث) شکارگاہ۔ جنگل۔
صِیغہ (ع۔ مذ) سانچے میں ڈالنا۔ علم الصرف میں کلمے کی ہیئت محکمہ۔ نکاح کے کلمات۔
صیغۂ تعلیم (ع۔ مذ) محکمۂ تعلیم۔
صَیقَل (ع۔ مث) جلا۔ صفائی۔ چمک۔
صَیقَل کرنا (۲) صاف کرنا۔ چمکانا۔

ض

ضابِط (ع۔ ص) منتظم۔ مدبّر۔ صابر۔
ضابِطہ (ع۔ مذ) قاعدہ۔ قانون۔ انتظام (جمع ضوابط)
ضابِطۂ دیوانی (۲۔ مذ) لین دین کے قوانین کا مجموعہ۔
ضابِطۂ فوجداری (۲۔ مذ) مجرموں کی سزا کے قوانین کا مجموعہ۔

ضامِن (ع۔ مذ) ذمہ دار
ضائِع (ع۔ ص) بے فائدہ۔ اکارت۔ خراب۔
ضَبط (ع۔ مذ) انتظام۔ حفاظت۔ قبضے میں کرنا۔
ضَبطِ اَوقات (ع۔ مذ) وقت کی حفاظت۔ پابندیٔ اوقات۔

ضَبطِ تولید (ا۔مذ) خاندان کی آمدنی کے مطابق بچے پیدا ہونے دینا برتھ کنٹرول۔ فیملی پلاننگ

ضَبطی (ا۔مث) قُرقی۔ ضبط کرنا۔

ضَبطی جائداد (ا۔مث) جائداد کا قرق ہونا۔

ضَحّاک (ع۔مذ) ایران کے ایک ظالم بادشاہ کا نام ہے۔ جسکی نسبت مشہور ہے کہ اسکے دونوں کندھوں پر دو سانپ پیدا ہوگئے تھے اور آدمیوں کے دماغ انکی غذا تھی

ضَخامت (ع۔مث) موٹائی۔ حجم۔ جسامت۔

ضَخیم (ع۔ص) بڑے حجم والی۔ لمبی چوڑی۔

ضِدّ (ع۔مث) خلاف۔ مخالف۔ دشمن۔ عداوت (اُردُو) ہٹ اَڑ۔ (جمع اضداد)

ضِدّی (ا۔ص) ضد کرنے والا۔ ہٹ کرنے والا۔

ضِدّین (ع۔ص) مثنیٰ کا صیغہ دو مختلف چیزیں جیسے روشنی اور اندھیرا۔

ضَرب (ع۔مث) مار۔ چوٹ۔ دھکا مہر۔ ٹھپّہ۔ حساب کا ایک ابتدائی قاعدہ۔ جس میں کسی عدد کی وہ حاصل جمع معلوم کی جاتی ہے۔ جو اس عدد کو بار بار لینے سے حاصل ہوتی ہے۔ اسکی علامت یہ ہے۔ "×"

ضَربِ چلیپا (ا۔مث) آڑی ضرب۔

ضَربُ المَثَل (ع۔مث) کہاوت (جمع ضرب الامثال)

ضَربُ المَثَل ہونا (ا) مشہور ہونا۔

ضَربِ خفیف (ع۔مث) معمولی چوٹ۔

ضَربِ شدید (ع۔مث) سخت چوٹ۔

ضَربِ مُرکّب (ع۔مث) حساب کا ایک قاعدہ ہے جس سے مقادیر

مرکبہ کی حاصل ضرب معلوم کیجاتی ہے۔
ضَرَر (ع۔مذ) نقصان۔ تکلیف۔
ضَرَر رسانی (ف۔مث) نقصان پہنچانا۔
ضَرَرِ خفیف (ع۔مذ) ہلکا سا نقصان
ضَرَرِ شدید (ع۔مذ) سخت نقصان۔
ضِرس (ع۔مث) ڈاڑھ (جمع اضراس)۔
ضُرور (ع۔ص) لازم۔ فرض۔ درکار۔
ضُرورت (ع۔مث) حاجت۔ درکار غرض۔
ضُرورتمند (ف۔ص) حاجتمند۔ مفلس
ضُرورتاً (ع) مجبوراً۔ ضرورت کیلئے۔
ضُروری (ع۔ص) لازمی۔ واجبی۔
ضُروریات (ع۔مث) ضرورت کی چیزیں۔ ضروری کام۔
ضُعف (ع۔مذ) کمزوری۔ بڑھاپا۔
ضُعفِ بصارت (ع۔مذ) نظر کی کمزوری۔
ضُعفِ بصر (ع۔مذ) نظر کی کمزوری۔
ضُعفِ جگر (ف۔مذ) جگر کی ناطاقتی۔
ضِعف (ع۔مذ) دوچند۔ دوگنا کسی مقدار کا چند گنا (جمع اضعاف)۔
ضَعیف (ع۔ص) کمزور۔ بوڑھا۔ (جمع ضُعفا)
ضَعیفُ الاعتقاد (ع۔ص) کمزور ایمان والا۔
ضَعیفُ العُمر (ع۔ص) بوڑھا کمزور۔
ضَعیفی (ع۔مث) بڑھاپا۔ کمزوری۔
ضَلالت (ع۔مث) گمراہی۔
ضِلع (ع۔مذ) حاکم کا سدّ مقام (جمع اضلاع) اقلیدس کی شکل کا ایک پہلو۔
ضِلع دار (ف۔مذ) ڈپٹی کمشنر۔ محکمہ نہر کا افسر جو پانی وغیرہ کا حساب لگاتا ہے۔
ضَمّ (ع۔مذ) ملانا۔ شامل کرنا۔ پیش۔
ضِماد (ع۔مذ) لیپ۔ جس کا قوام گاڑھا ہو۔ (نیز دیکھو طلا)
ضَمانت (ع۔مث) ذمہ داری۔

ضمانت نامہ (ف۔مذ) ضمانت کی تحریر۔
ضمانتی (ا۔مذ) ضامن۔ذمہ دار
ضمائر (ع۔لکھنؤ میں مذکر اور دہلی میں مؤنث) واحد ضمیر)
ضِمن (ع۔مذ) ذیل۔سلسلہ۔متعلق۔
ضمناً (ع) کسی کی ذیل میں۔
ضمیر (ع۔مذ) دل۔جی۔پوشیدہ۔ وہ لفظ جو کسی نام کی بجائے بولا جائے (جمع ضمائر)
ضمیمہ (ع۔مذ) زائد پرچہ۔تتمہ۔
ضَو (ع۔مث) روشنی۔لہر۔کرن۔
ضَوافگن (ف۔ص) روشنی ڈالنے والا جلوہ گر۔
ضَوفشاں (ف۔ص) نور پھیلانے والا۔چمکنے والا۔
ضَوابط (ع۔مذ۔ج) (واحد ضابطہ)
ضِیا (ع۔مث) روشنی۔چمک۔
ضِیافت (ع۔مث) مہمانی۔ دعوت۔
ضَیغم (ع۔مذ) پھاڑنے والا۔ شیر ببر
ضَیف (ع۔مذ) مہمان (جمع اضیاف وضیوف)
ضِیق (ع۔مث) تنگی۔
ضِیق النفس (ع۔مث) سانس کا تنگی سے آنا۔دمہ کی بیماری۔
ضُیُوف (ع۔مذ۔ج) واحد ضیف۔

ط

طارم (تارم کا معرّب۔مذ) لکڑی کا گھر۔بالاخانہ۔
طاری (ع۔ص) چھا جانے والا۔غالب آنے والا۔
طاس (ف۔تاس) عرب کے فارسی والوں نے طائے حطی سے املا کیا
طشت۔دریا کی زمین۔
طاعت (ع۔مث) عبادت۔فرمانبرداری

(جمع طاعات)
طاعُون (ع۔مذ) پلیگ۔ گلٹی والی متعدی بیماری۔
طاق (ع۔مذ) واحد۔ یکتا۔ وہ عدد جو دو سے تقسیم نہ ہو سکے۔
طاقِ نسیاں پر رکھنا (ف) بھلا دینا یاد نہ رکھنا۔
طاقت (ع۔مث) زور۔ جرأت حکومت۔
طاقتور (ف۔ص) مضبوط۔ زورآور زبردست۔
طاقچہ (ف۔مذ) چھوٹا سا آلہ۔
طالب (ع۔مذ) طلب کرنیوالا تلاش کرنے والا۔ (جمع طُلّاب و طَلَبہ)
طالبِ علم (ع۔مذ) مال و دولت تلاش کرنے والا۔
طالبِ دُنیا (ع۔مذ) مال و دولت تلاش کرنے والا۔
طالع (ع۔مذ) تارے نکلنے کی جگہ قسمت
طالع شناس (ف۔مذ) جوتشی نجومی
طامع (ع۔ص) طمع رکھنے والا۔ لالچی حریص۔
طاؤس (ع۔مذ) مور۔ ایک باجہ جو مور کی شکل کا ہوتا ہے۔
طاہر (ع۔ص) پاک۔
طائر (ع۔مذ) اُڑنے والا۔ پرندہ
طائفہ (ع۔مذ) گروہ۔ فرقہ۔ قافلہ۔ رنڈی اور اس کے ساتھ کے گانے بجانے والے۔
طِبّ (ع۔مث) حکمت۔ ڈاکٹری۔ جسم کے علاج کا علم۔
طِبابت (ع۔مث) حکمت۔ ڈاکٹری۔
طَبّاخ (ع۔مذ) باورچی۔ کھانا پکانے والا۔
طباشیر (ف = تباشیر۔ مث) ایک سفید دوا بنسلوچن۔
طِباق (ع۔مذ) بڑی رکابی۔
طَبائع (ع۔مث۔ج) (واحد طبع۔ طبیعت۔
طَبع (ع۔مث) مزاج۔ عادت۔ خو۔ چھاپ

طَبع آزمائی (ف۔مث) طبیعت کا آزمانا۔کوشش کرنا۔
طَبع زاد (ف۔ص) اپنی پیدا کی ہوئی بات۔
طَبع ہونا (۲) کتاب کا چھپنا۔
طَبعی (ع۔ص) طبیعت کا فطرتی۔ قدرتی۔
طَبق (ع۔مذ) تہائی۔خطہ۔پرت۔درجہ (اطباق جمع)
طَبقات (ع۔مذ۔ج) (واحد طبقہ)
طَبقہ (ع۔مذ) درجہ۔تہ۔پرت۔گروہ۔
طَبل (ف۔مذ) ڈھول جو عموماً جنگ میں بجایا جاتا ہے۔
طَبلہ (ف۔مذ) ایک قسم کا بجانے کا آلہ جو ایک رُخ پر ڈھول کی طرح منڈھا ہوتا ہے اور بجانے والا اس رُخ انگلیوں سے بجاتا ہے
طِبّی (ع۔ص) طب کا۔یونانی علاج کے متعلق۔
طَبیب (ع۔مذ) طب جاننے والا۔حکیم ڈاکٹر (جمع اطبا)
طَبیعت (ع۔مث) مزاج۔فطرت۔عادت سبھاؤ۔ (جمع طبائع)
طَبیعت آنا (۲) دل آنا۔عاشق ہونا۔
طَبیعتِ ثانیہ (ع۔مث) عادت جو پختہ ہو کر طبیعت بن جاتی ہے۔
طَبیعت لڑانا (۲) ذہن لڑانا۔توجہ دینا
طَبیعت لگنا (۲) دل لگنا۔جی لگنا۔
طَبیعی تبدیلی (یا) تغیّر (۲) مادّے کی وہ تبدیلی جس میں اس کی خاصیتیں نہ بدلیں۔
طَبیعیات (ع۔مذ) وہ علم جس میں مادّے کی ظاہری حالت اور قوت کے عمل پر بحث ہوتی ہے۔
طَبنچہ (ف۔مذ) پستول۔
طِحال (ع۔مث) تلی۔
طَرّار (ع۔ص) چالاک۔جیب کترا۔ زبان دراز۔
طَرّاری (ع۔مث) تیزی۔چالاکی نشانی۔
طَراوت (ع۔مث) تازگی۔

طَرَب (ع۔مث) خوشی۔ فرحت۔
طَرَب انگیز (ف۔ص) فرحت بخش خوش کن۔
طَرح (ع۔مث) بنیاد۔ ڈھنگ۔ طرز غزل لکھنے کے لئے جو مصرع دیا جائے۔
طَرحدار (ف۔ص) رنگیلا۔ بانکا۔
طَرح ڈالنا (۲) بنیاد رکھنا۔ تدبیر کرنا
طَرز (ع۔مذ) طور۔ طریقہ۔ اندازہ طریق بیان
طَرزِ تحریر (ع۔مذ) لکھنے کا ڈھنگ لکھنے کا اندازہ۔
طَرزِ کلام (۲) انداز۔ گفتگو۔
طَرزِ معاشرت (ع۔مذ) رہنے سہنے کا طریق۔
طَرَف (ع۔مث) جانب۔ سمت۔ مؤخر ہو تو کہیں گے قبلے کی طرف اور مقدم کریں۔ تو کہیں طرف قبلہ کے (اطراف جمع)
طَرَفِ ثانی (ع۔مث) دوسرا گروہ۔ مقابل کی جماعت۔
طَرَف دار (ف۔ص) حمایتی۔ مددگار ساتھی۔
طَرَفداری (ف۔مث) لحاظ پاسداری۔
طُرفہ (ع۔ص) عجیب۔ انوکھا۔
طَرفَۃُ العَین (ع) آنکھ جھپکنے کی دیر۔ ذرا سی دیر۔
طَرَفین (ع۔مث) دونوں طرفیں دونوں گروہ۔
طُرّہ (ع۔مذ) زلف۔ پگڑی کا طرہ زیادتی۔ علاوہ۔ انوکھی بات۔
طُرّہ یہ ہے (۲) زیادتی یہ ہے۔ انوکھی بات یہ ہے۔
طَرِیق (ع۔مذ) راستہ۔ طرز۔ ڈھنگ مذہب۔ قاعدہ۔ دستور (جمع طُرق)
طَرِیقَت (ع۔مث) راستہ۔ مذہب۔ دل کا صاف کرنا۔
طَرِیقہ (ع۔مذ) قاعدہ۔ دستور۔ طرز۔ ڈھنگ۔
طَشت (ع۔ف = تشت) (مذ) بڑا تھال

طَشتِ از بام (ف) ظاہر۔ عیاں۔ مشہور۔
طَشتری (ا۔مث) رکابی۔ تھالی۔
طَعَام (ع۔مذ) کھانا۔ غذا۔ اَطعمہ
طُعمَہ (ع۔مذ) طعام۔ خوراک۔
طَعن (ع۔مذ) طعنہ۔ طنز۔
طَعن و تشنیع (ع۔مث) طعنہ۔ برا بھلا کہنا۔
طَعنَہ (ع۔مذ) طنز۔ بولی۔
طَعنہ زنی (ف۔مث) طنزاً۔ چبھتی بات کہنا۔ چھیڑنا۔
طُغرا (ف۔مذ) پیچیدہ خط۔ شاہی مہر۔
طُغیانی (ف۔مث) حد سے بڑھنا۔ دریا کا چڑھاؤ۔ زیادتی۔
طِفل (ع۔مذ) لڑکا۔ بچہ۔ (جمع اطفال)
طِفلِ مکتب (ع۔مذ) ناتجربہ کار۔ نوآموز۔ بچہ۔
طِفلانہ (ع۔ص) بچوں کا سا۔
طِفلی (ع۔مث) بچپن۔ لڑکپن۔
طُفولیت (ع۔مث) بچپن۔ لڑکپن
طُفَیل (ع۔مذ) ذریعہ۔ وسیلہ بدولت۔
طُفَیلی (ف۔ص) وہ آدمی جو دوسرے کے صدقے گزارا کرے۔
طِلا (ع۔مذ) سونا۔ زر۔ ملنے کا تیل لیپ۔ جس کا قوام گاڑھا نہ ہو (نیز دیکھو ضماد)
طُلّاب (ع۔مذ) طالب کی جمع۔ طالب علم۔
طَلاق (ع۔مث) عورت کا نکاح کی قید سے آزاد ہونا۔
طلاق دینا (ا) عورت کو آزاد کرنا چھوڑنا۔
طَلاق نامہ (ف۔مذ) طلاق حاصل کرنے کی تحریر۔
طَلاقَت (ع۔مث) تیز بیانی۔ فصاحت۔
طِلائی (فا۔ص) سونے کی چیز سنہری۔
طَلاقَن (ا۔مث) وہ عورت جس کو طلاق دی گئی ہو۔

طلائیہ (ف) طلائع (طلیعہ کی جمع) (مذ) رات کو پہرہ دینے والا فوج کا دستہ۔
طلب (ع۔مث) تلاش، چاہ۔ تنخواہ
طلب گار (ف۔ص) چاہنے والا خواہشمند۔
طلبانہ (ع۔مذ) گواہ وغیرہ کے طلب کرنے کی فیس۔
طلبہ (ع۔مذ۔ج) واحد طالب۔
طلبی (ع۔مث) بلاوا۔ طلب حاضری کا حکم۔
طلسم (ی۔مذ) جادو کا تماشا۔ حیران کرنے والی بات۔
طلسمات (ع۔مذ۔ج) طلسم واحد۔
طلعت (ع۔مث) دیدار۔ چہرہ۔ صورت۔
طلوع (ع۔مذ) نکلنا۔ بلند ہونا۔
طمانچہ (ف۔مذ) تھپڑ۔
طمانیت (ع۔مث) تسکین۔ تسلی دل جمعی۔
طمطراق (ف۔مذ) کرّوفر۔ شان و شوکت۔
طمع (ع۔مث) لالچ۔ حرص۔ چاہ۔
طناب (ع۔مث) تنبو کی رسی۔ ڈوری۔
طنابیں کھینچنا (ا) (کنایۃً) فاصلہ کم ہونا۔
طنبورہ (ع۔مذ) تاروں والا ساز ایک باجہ۔
طنز (ع۔مث) طعن، تشنیع۔
طنزاً (ع) طنز سے حقارت سے۔
طنطنہ (ع۔مذ) طنبور کی آواز۔ رعب داب۔ تمکنت۔ آن بان۔
طواف (ع۔مذ) گرد پھرنا۔ کسی پاک جگہ کے گرد پھرنا۔
طوالت (ع۔مث) لمبائی۔ زیادتی
طوائف (ع۔مث) طائفہ کی جمع۔ ناچنے والی عورت۔ اردو میں مفرد مستعمل ہے۔
طوائف الملوکی (ع۔مث) آپس میں نااتفاقی۔ گڑبڑ۔ بدانتظامی۔
طوبیٰ (ع۔مذ) بہشت کے درخت کا

نام ہے۔ خوشی۔

طُور (ع۔ مذ) ایک پہاڑی کا نام ہے جس پر حضرت مُوسیٰؑ نے خدا سے باتیں کیں۔

طَور (ع۔ مذ) طریقہ۔ طرز۔ چال۔ روش

طُوس (ع۔ مذ) خراسان کے ایک مشہور شہر کا نام۔ فردوسی اور حکیم نصیرالدین یہیں کے رہنے والے تھے۔

طوطا چشم (ف۔ ص) بے وفا۔ بے مُروّت۔

طوطا چشمی (ف۔ ص) بے وفائی۔

طوطے اُڑنا (۲۔ ص) اوسان خطا ہونا۔ گھبرا جانا۔

طُوطی بولنا (۲) دُھوم ہونا۔ زمانے کا موافق ہونا۔ اقبال ہونا۔

طَوعاً و کرہاً (ع) چار و ناچار۔ جبراً۔ زبردستی۔

طُوفان (ع۔ مذ) چڑھاؤ۔ طغیانی۔ آندھی۔ غضب۔ ہنگامہ۔ واویلا۔ تہمت

طُوفان اُٹھانا (۲) بہتان لگانا۔ فساد کھڑا کرنا۔ شور مچانا۔

طُوفان باندھنا (۲) الزام لگانا

طُوفانِ نوح (ع۔ مذ) وہ بڑا طوفان جو حضرت نوح پیغمبرؑ کے زمانے میں آیا تھا۔

طَوق (ع۔ مذ) حلقہ۔ گردن بند پٹہ (جمع اطواق)

طُول (ع۔ مذ) لمبائی۔ درازی۔

طُولِ اَمَل (ع۔ مذ) اُمید کی درازی لالچ۔

طُولِ بَلَد (ع۔ مذ) خطِ گرینج سے کسی شہر کا فاصلہ۔

طُول پکڑنا (۲) لمبا ہونا۔ بڑھنا۔

طُول دینا (۲) لمبا کرنا۔ معاملہ بڑھانا

طُولِ کلام (ع۔ مذ) بات کو بڑھانا۔

طُولاً (ع) لمبائی میں۔

طُومار (ع۔ مذ) ڈھیر۔ بڑا خط۔ کاغذات کا گٹھا۔ بہتان باندھنا کے ساتھ

طَوِیلُ الذَّیل (ع۔ ص) لمبے دامن والا۔ لمبا۔ دراز۔

طَوِیلہ (ع۔ مذ) اصطبل۔ گھوڑوں کا تھان

طہارت (ع۔مث) پاکی۔ صفائی۔
طہور (ع۔ص) پاک صاف۔
طے کرنا (۱) فیصلہ کرنا۔ ختم کرنا۔ سفر کی منزل ختم کرنا۔
طیار (ع۔ص) بہت اُڑنیوالا۔ مستعد۔
طیارہ (ا۔مذ) ہوائی جہاز
طیارچی (ا۔مذ) ہوائی جہاز چلانے والا ہوا باز۔
طیر (ع۔مذ) اُڑنیوالا۔ پرندہ۔ یہ لفظ جمع اور مفرد دونوں طرح مستعمل ہے۔
طیش (ع۔مذ) غصہ۔ جوش۔ قہر۔
طیش میں آنا (۱) غصے میں بھرنا۔ جوش میں آنا۔
طین (ع۔مث) مٹی۔
طینت (ع۔مث) پیدائش فطرت عبادت۔
طیش دلانا (۱) بھڑکانا۔ غصہ دلانا
طیور (ع۔مذ۔ج) (واحد طیر)

ظ

ظالم (ع۔ص) ظلم کرنیوالا۔ ستانیوالا
ظالمانہ (ف۔ص) ظالم کی طرح
ظاہر (ع۔ص) روشن۔ عیاں۔ کھلا ہوا
ظاہربیں } (ف۔مذ) ظاہری
ظاہرپرست } حالت پر نظر رکھنے والا۔
ظاہرداری (ف۔مث) دکھاوا۔ نمائش۔
ظاہر و باطن (ع۔مذ) اندر باہر۔
ظاہری (ع۔ص) باہر والا۔ دکھاوے کا۔
ظرافت (ع۔مث) خوش دلی۔ مذاق۔
ظرف (ع۔مذ) برتن۔ حوصلہ۔ وہ برتن جس پر شیشے کے سلنڈر رکھ کر گیسیں جمع کی جاتی ہیں (جمع ظروف)
ظروف (ع۔مذ۔ج) (واحد ظرف)۔

ظریف (ع۔مذ) لطیفہ گو۔ خوش طبع
ظفر (ع۔مث) فتحمندی۔ جیت۔ کامیابی
ظفر موج (ف۔ص) فتحمند۔ کامیاب۔
ظل (ع۔مذ) سایہ (جمع اظلال)
ظل اللہ (ع۔مذ) خدا کا سایہ۔ بادشاہ۔
ظل الٰہی (ع۔مذ) خدا کا سایہ۔ بادشاہ۔
ظلم (ع۔مذ) زیادتی۔ سختی۔ بے انصافی (جمع مظالم)
ظلم توڑنا (۲) ستم ڈھانا بے انصافی کرنا۔
ظلم ڈھانا (۲) زیادتی کرنا بڑی سختی کرنا۔
ظلم رسیدہ (ف۔ص) جس پر ظلم ہوا ہو۔ مظلوم۔
ظلمات (ع۔مث۔ج) (واحد ظلمت)
ظلمت (ع۔مث) سیاہی۔ اندھیرا۔
(جمع ظلمات)
ظن (ع۔مذ) گمان۔ وہم۔ خیال (جمع ظنون)
ظن غالب (ع۔مذ) یقین۔ زیادہ خیال۔
ظنی (ع۔ص) خیالی۔ وہمی۔ غیر حقیقی۔
ظہار (ع۔مذ) فقہ کی اصطلاح میں مرد کا اپنی بیوی کو ماں بہن وغیرہ ان عورتوں سے تشبیہ دینا جو اس پر شرعاً حرام ہیں۔
ظہر (ع۔مذ) دوپہر کے بعد کا وقت۔
ظہر (ع۔مث) پیٹھ۔ پشت۔
ظہری (ع) پیٹھ پر لکھا ہوا۔
ظہور (ع۔مذ) ظاہر ہونا۔ انکشاف
ظہورات (ع۔مذ۔ج) قدرت کے ظہور۔ قدرت کے نظارے۔
ظہور پذیر (ف۔ص) ظاہر آنا۔ پیش آنا۔
ظہیر (ع۔ص) مددگار، دوست۔

ع

عابد (ع۔مذ) عبادت کرنیوالا۔ تجاوی
عاج (ع۔مذ) ہاتھی دانت۔

عاجز (ع۔ص) کمزور۔ مایوس۔
عاجز آنا (ا) تنگ ہونا۔ مایوس ہونا۔
عاجزی (ع۔مث) انکساری۔ منت سماجت۔
عاجل (ع۔ص) جلدی جلدی آنیوالا۔
عاد (ع۔مذ) بہت پرانے زمانے کی ایک قوم کا نام ہے۔ جو عرب میں بستی تھی۔ تقسیم کنندہ۔
عادِ اعظم (ع۔مذ) وہ بڑے سے بڑا عدد جو کئی عددوں کو پورا پورا تقسیم کر سکے۔
عادات (ع۔مث) (جمع عادت کی)
عادت (ع۔مث) خصلت۔ خو۔ طریقہ۔ لت۔
عادِل (ع۔ص) انصاف کرنے والا۔
عادی (ع۔ص) خوگر۔ جس کو کسی بات کی عادت ہو۔
عار (ع۔مث) شرم۔ بےغیرت۔
عارِض (ع۔مذ) رخسار۔ گال۔ پیش آنے والا۔ لاحق ہونے والا۔
عارِضِ سیمیں (ع۔مذ) چاندی کا سے رخسار۔ خوبصورت چہرہ۔
عارِضہ (ع۔مذ) مرض۔ روگ۔ دکھ (عوارض جمع)
عارِضی (ع۔ص) غیر مستقل۔ چند روزہ
عارضی سنگینی (ع۔مث) پانی کی وہ سنگینی جو جوش دینے سے دور ہو جاتی ہے۔
عارِی (ع۔ص) ننگا۔ خالی۔
عاریتہً (ع) عاریتی طور پر کچھ دنوں کے لئے۔
عازِم (ع۔مذ۔ عزم = ارادہ) ارادہ رکھنے والا۔ تیار
عاشِق (ع۔مذ) عشق رکھنے والا۔ فریفتہ۔ چاہنے والا (عشاق جمع)
عاشِق مزاج (ع۔ص) حسن پرست۔
عاشِقانہ (ف۔ص) عاشقوں کی سی بات۔
عاشِقی (ع۔مث) محبت۔ یارانہ
عاشورا (ع۔مذ) محرم کی دسویں تاریخ۔

عاصی (ع۔ مذ) گنہگار (عُصاۃ جمع)
عاطفت (ع۔ مث) آرام۔ سکھ مہربانی۔ توجہ
عافیت (ع۔ مث) آرام۔ سکھ سلامتی۔
عاق (ع۔ ص) نافرمان۔ سرکش۔
عاق کرنا (۔) بیٹے کو حقوق سے الگ کرنا۔
عاقبت (ع۔ مث) انجام۔ خاتمہ آخرت۔
عاقبت اندیش (ف۔ ص) عاقل دُور اندیش۔ انجام سوچنے والا۔
عاقبت کے بورے سمیٹنا (۔) مدت تک جلنا۔ لالچ کے لئے قیامت تک جلنا۔
عاقل (ع۔ مذ) عقلمند۔ سیانا (عُقلاء جمع)
عالِم (ع۔ مذ) علم جاننے والا۔ لائق (عُلما جمع)
عالمِ الغیب (ع۔ مذ) غیب کا علم رکھنے والا خدا۔
عالِم باعمل (ع۔ مذ) وہ عالم جو اپنے علم پر عمل بھی کرتا ہو۔
عالَم (ع۔ مذ) حالت۔ کیفیت۔ جہان (عوالِم جمع)
عالَمِ ارواح (ع۔ مذ) روحوں کا جہان۔ وہ جہان جہاں روحیں رہتی ہیں۔
عالَمِ اسباب (ع۔ مذ) دنیا جہان۔ جہان کے سب کام ذرائع سے ہوتے ہیں۔
عالَمِ بالا (ع۔ مذ) آسمان۔ عرش۔
عالمگیر (ف۔ مذ) تمام عالم پر چھایا ہوا۔ اورنگ زیب کا لقب۔
عالَمِ محسوسات (ع۔ مذ) محسوسات کی دنیا۔ محسوس ہونے والی اشیاء کی دنیا۔
عالی (ع۔ ص) بلند۔ اونچا۔ بڑا۔
عالی جاہ (ف۔ ص) بڑے مرتبے والا
عالی خاندان (ف۔ مذ) بڑے گھر کا۔ امیرزادہ۔

عالی دماغ (ع۔ص) بڑا دانا۔ عقلمند۔

عالی شان (ع۔ص) بڑی شان والا۔ عمدہ

عالی ظرف (ع۔ص) بلند حوصلہ۔

عالی ہمت (ع۔ص) بڑی ہمت والا۔ بلند حوصلہ۔ سخی۔

عالی ہمتی (ع۔مث) بلند حوصلگی جرأت۔ دلیری۔

عالیہ (ع۔مث) بلند۔ بڑی۔ بزرگ

عام (ع۔ص) پھیلا ہوا معمولی۔ رواجی۔ جرات۔ دلیری۔

عام فہم (ع۔ص) سب کی سمجھ میں آجانیوالا۔ بہت آسان۔

عامل (ع۔ص) (۱) عمل کرنیوالا۔ (عوامل جمع) (۲) حاکم تحصیلدار (عمال جمع) (۳) منتر پڑھنے والا۔ سیانا

عامہ (ع۔ص) مشہور۔ عام۔

عامی (ف۔مذ) عام آدمی۔ ادنےٰ۔ جاہل غیر ماہر۔

عاید (ع۔مذ) پھرنیوالا۔ واپس آنیوالا عود کرنے والا۔

عاید ہونا (۱) ذمے پڑنا۔ وارد ہونا۔

عبا (ع۔مث) جُبّہ۔ ایک قسم کی پوشاک۔ پشمینہ۔

عباد (ع۔مث۔ج) (واحد عبد)

عبادت (ع۔مث) بندگی۔ پرستش نماز۔ دعا۔

عبادت خانہ } (ف۔مذ) مسجد۔ مندر وغیرہ۔ عبادت کرنے کی جگہ۔
عبادت گاہ

عبارت (ع۔مث) تحریر۔ مضمون مراد (عبارات جمع)

عبارت آرائی (ف۔مث) مضمون کو سنوار کر لکھنا۔

عبّاسؓ (ع۔مذ) رسول کریمؐ کے چچا کا نام ہے۔ خلفائے عباسیہ آپ ہی کی نسل سے ہوئے ہیں۔ جنہوں نے ۷۴۹ء سے ۱۲۵۸ء تک حکومت کی (۲) ایک پودے کا نام جس کے پھول کو "گل عباسی" کہتے ہیں۔

عَبّاسی (ع۔ص) حضرت عباسؓ کے خاندان کا (۲) نیلاہٹ لیے ہوئے سُرخ رنگ (۳) سیاہ رنگ۔ (یہ عباسیہ خاندان کا مخصوص رنگ تھا۔

عَبَث (ع۔ص) فضول۔ بیفائدہ۔ رائیگاں۔

عَبْد (ع۔مذ) بندہ۔ غلام (عباد جمع)

عِبْرانی (ع۔مث) اہل کنعان کی زبان اسی زبان میں حضرت موسیٰؑ پر توریت نازل ہوئی تھی۔

عِبْرَت (ع۔مث) (۱) نصیحت پکڑنا (۲) خوف۔ تنبیہہ۔

عِبْرت انگیز (ف۔ص) ایسی بات جس سے انسان کو خوف آئے اور نصیحت پکڑے۔

عُبُودِیَّت (ع۔مث) بندگی۔ غلامی۔ اطاعت۔ عبادت

عُبُور (ع۔مذ) دریا سے پار اترنا۔ گزرنا مُطالعہ۔

عَبْہَر (ع۔مث) ایک قسم کی نرگس۔ جو اندر سے زرد ہوتی ہے۔

عَبِیر (ع۔مذ) کپڑوں پر چھڑکنے کی خوشبو۔

عِتاب (ع۔مذ) تنبیہہ۔ غصہ۔ ملامت

عُتْبات (ع۔مث۔ج) (واحد عُتبہ) درگاہیں۔ آستانے۔

عَجائِب (ع۔مذ) واحد عجیب۔

عَجائِب خانہ (ف۔مذ) عجائب گھر۔ میوزیم

عَجائِبات (ع۔مذ۔ج) عجائب کی جمع (عجیب کی جمع الجمع) انوکھی چیزیں۔

عَجَب (ع۔ص) انوکھا۔ نرالا۔ عمدہ۔ طرفہ

عُجْب (ع۔مذ) غرور۔ گھمنڈ۔

عِجْز (ع۔مذ) کمزوری۔ ناتوانی۔ انکسار عاجزی۔ منت۔ سماجت۔

عُجَلَت (ع۔مث) جلدی۔ شتابی۔ پھرتی۔ سرعت۔

عَجَم (ع۔مذ) گونگا۔ عرب کے سوا ملک۔

عَجَمی (ع۔مذ) غیر عرب۔ ایرانی۔ تورانی وغیرہ۔

عُجُوبہ (ع۔مذ) انوکھی چیز (اعجوبہ کا مخفف)
عَجِیب (ع۔ص) انوکھا۔ عمدہ۔ قابلِ تعریف (عجائب جمع)
عَدالَت (ع۔مث) انصاف (مجازاً) کچہری۔
عدالتِ خفیفہ (ع۔مث) چھوٹی کچہری
عدالتِ دیوانی (ع۔مث) وہ کچہری جہاں لین دین کے مقدمات کئے جائیں۔
عدالتِ فوجداری (ف۔مث) وہ کچہری جہاں مارپیٹ، چوری، چکاری کے مقدمات فیصل کئے جائیں
عدالتِ عالیہ (ع۔مث) ہائیکورٹ۔ بڑی عدالت۔
عدالتِ ماتحت (ع۔مث) چھوٹی عدالت۔
عداوت (ع۔مث) دشمنی۔ کینہ۔ مخالفت۔
عداوت نکالنا (ا) دشمنی کا بدلہ لینا۔

عِدَّت (ع۔مث) وہ مدت جس میں بیوہ یا مطلقہ عورت نکاح نہیں کر سکتی۔
عَدَد (ع۔مذ) گنتی۔ شمار۔ نمبر۔ ہندسہ (اعداد جمع)
عَدل (ع۔مذ) انصاف۔ داد۔
عَدل گستر (ف۔ص) انصاف پھیلانے والا۔ عادل۔
عَدَم (ع۔مذ) نیستی۔ نہیں۔ نفی۔
عَدَمِ تعمیل (ع۔مث) تعمیل نہ کرنا۔ تسلیم نہ لینا۔
عَدَمِ توجہی (ع۔مث) بے پروائی۔ بے احتیاطی۔
عَدَمِ موجودگی (ف۔مث) غیرحاضری۔ موجود نہ ہونا۔
عَدَن (ع۔مذ) مشہور بندرگاہ ہے جو عرب کے جنوب مغربی کنارے پر واقع ہے۔ موتیوں کے لئے مشہور ہے۔
عُدُو (ع۔مذ) دشمن (اعدا جمع)
عُدُول (ع۔مذ) روگردانی۔ نہ ماننا۔

عُدُولِ حکمی (ع۔ مث) حکم نہ ماننا سرکشی۔
عَدِیل (ع۔ ص) مانند۔ یکساں۔ برابر
عَدِیم (ع۔ ص) نایاب۔ نیست۔ نفی۔
عَدِیمُ الفُرصتی (ع۔ مث) فرصت کا نہ ہونا۔ مشغولیت۔
عَذاب (ع۔ مذ) تکلیف۔ اذیت۔ دکھ۔ گناہوں کی سزا۔ روگ۔
عَذاب مول لینا (۲) روگ خریدنا درد سر مول لینا۔
عَذابُ النّار (ع۔ مذ) آگ کا عذاب دوزخ کا عذاب۔
عِذار (ع۔ مذ) گال۔ رخسار
عُذر (ع۔ مذ) بہانہ۔ معافی۔
عُذرِ بیجا (ف۔ مذ) فضول بہانہ۔
عُذر خواہی (ف۔ مث) معافی چاہنا۔
عُذر داری (ف۔ مث) اعتراض۔ حجت۔
عُذرِ لنگ (ف۔ مذ) فضول بہانہ بے جا حجت۔
عِراق (ع۔ مذ) دریائے دجلہ کے کنارے کا ملک۔ میسوپوٹیمیا۔
عَرَب (ع۔ مذ) (۱) مشہور ملک ہے۔ اور عرب کے کسی شہر کا رہنے والا (گاؤں کے رہنے والے کو اعرابی کہتے ہیں۔
عَرْبَدَہ (ع۔ مذ) لڑائی۔ جھگڑا۔ فتنہ
عَرَبی (ع۔ ص) عرب کا۔ عرب کی زبان
عُرس (ع۔ مذ) بزرگوں کی سالانہ فاتحہ۔ میلہ۔
عَرش (ع۔ مذ) تخت۔ آٹھواں آسمان۔ آسمان۔
عَرش آشیانی (ف۔ مذ) مرحوم۔ مرنے کے بعد اکبر کا خطاب۔
عَرشِ بریں } عَرشِ مُعلّٰی } (ع۔ مذ) سب سے اونچا آسمان۔
عَرش پر چڑھانا (۲) بہت تعریف کرنا۔
عَرش کا تارا (ع۔ مذ) بڑے درجے والا
عَرش کے تارے توڑنا (۱) بڑا کام کرنا۔ اپنی بساط سے بڑھ کر ہاتھ مارنا۔ کوئی عجیب کام کرنا۔

عَرصَہ (ع۔ مذ) میدان ۔ مدت وقت زمانہ ۔

عَرصَہ تنگ ہونا (ع۔ مذ) میدان تنگ ہونا، وقت کم ہونا۔

عَرَض (ع۔ مذ) جو اپنی ذات سے قائم نہ ہو بلکہ دوسری چیز میں قائم ہو۔ جیسے کپڑے پر رنگ (اعراض جمع)

عَرض (ع۔ مذ۔ مث) بیان۔ التماس درخواست (۲) (ع، مذ) چوڑائی کسی مقام کا خطِ استوا سے فاصلہ۔

عَرضِ حال (ع) حالت کا اظہار بیان۔

عَرضداشت (ف۔ مث) درخواست گذارش۔

عَرضی (مث) تحریری درخواست۔

عَرضی نویس (ف، مذ) کچہری کے متعلق عرضیاں لکھنے والا۔ منشی۔

عُرف (ع۔ مذ) (۱) پہچان (۲) مشہور نام

عَرَفات (ع۔ مذ) مکے شریف سے ۱۲ میل کے فاصلہ پر ایک میدان ہے جہاں تمام حاجی حج کے دن کھڑے ہو کر لبیک پکارتے ہیں۔ اور ظہر و عصر کی نماز پڑھ کر مکے شریف کو واپس چلے آتے ہیں۔

عِرفان (ع۔ مذ) پہچان۔ خدا کی معرفت۔

عَرَفہ {۱ (ع۔ عَرَفَہ) مذ} (۱) ماہ ذی الحجہ کا نواں دن جس روز مسلمان حج کرتے ہیں۔ (۲) نام ماہ محرم

عُرفی (ع۔ ص) (۱) معمولی۔ رسمی ظاہری (۲) اکبر کے زمانے کے ایک مشہور فارسی شاعر کا تخلص ہے۔ جس کا نام جمال الدین شیرازی تھا۔

عَرَق (ع۔ مذ) پسینہ۔ نچوڑ۔ کشید کیا ہوا پانی۔

عَرَق ریزی (ف۔ مث) پسینہ بہانا سخت محنت۔

عرق کھینچنا (ا) کسی چیز کا پانی بخارات کے ذریعے کھینچنا۔ طاقت کھینچ لینا۔
عِرق (ع۔ مث) رگ۔ ریشہ باریک (عُروق جمع)
عُروج (ع۔ مذ) بلندی۔ اونچائی۔ ترقی
عَروس (ع۔ مث) دُلہن۔
عُریاں (ع۔ ص) ننگا۔ برہنہ۔
عَریضہ (ع۔ مذ) رقعہ۔ چِٹھی۔
عریضہ نویس (ف۔ مذ) خط لکھنے والا۔
عَریض (ع۔ ص) چوڑی۔ وسیع۔ چوڑا۔
عِزّ (ع۔ مث) شرف۔ بزرگ۔ عزت۔
عَزّ وجل (ع۔ ص) بزرگ و برتر غالب۔
عزوشان (ع۔ مث) شان اور بزرگی
عِزّ و وقار (ع۔ مذ) عزت اور بزرگی شرف۔
عَزا (ع۔ مذ) ماتم۔
عَزادار (ف۔ ص) سوگوار۔ ماتم کرنے والا۔

عَزازیل (ع۔ مذ) شیطان کا نام ابلیس
عِزّت (ع۔ مث) آبرو۔ بزرگی۔ شان۔
عِزّت دار (ف۔ مذ) عزت والا۔ ذی مرتبہ۔ آبرو والا۔
عِزرائیل (ع۔ مذ) موت کا فرشتہ ملک الموت۔
عَزل (ع۔ مذ) کنارہ الگ کرنا۔ موقوفی۔
عُزلت (ع۔ مث) تنہائی۔ خلوت۔
عَزم (ع۔ مذ) ارادہ۔ قصد۔ آمادگی۔
عَزم بالجزم (ع۔ مذ) پکا ارادہ۔
عَزیز (ع۔ ص) پیارا۔ رشتہ دار (اعزا جمع) غالب
عَزیز رکھنا (ا) عزت کرنا۔ دوست جاننا۔
عَزیمت (ع۔ مث) ارادہ۔ نیت۔ افسوں۔ عمل۔ (عزائم جمع)
عَساکر (ع۔ مذ ج) (واحد عسکر)
عُسرت (ع۔ مث) تنگی۔ مفلسی۔
عَسکر (ع۔ مذ) لشکر۔ فوج۔ (عساکر جمع)
عَسل (ع۔ مذ) شہد۔

عَسِیر (ع۔ص) دشوار۔کٹھن۔مشکل
عِشا (ع۔مث) عشاء کی نماز (جو مغرب کی نماز کے ڈیڑھ گھنٹہ بعد شروع ہوتی ہے)
عُشّاق (ع۔مذ۔ج) (واحد عاشق)
عُشبہ (ع۔مذ) ایک مصفی خون دوا کا نام ہے۔ جو کڑوی ہوتی ہے۔
عَشَر (ع۔ص) دس۔
عُشر (ع۔ص) عشر دسواں حصہ ۱/۱۰ (اعشار جمع)
عُشرِ عَشِیر (ع۔ص) عشر ۱/۱۰ عشیر حصہ یعنی دسویں کا دسواں حصہ ۱/۱۰۰
عِشرَت (ع۔مث) خوشی۔عیش۔مزہ۔
عِشرت خانہ (ف۔مذ) عیش و آرام کا گھر۔مقام۔
عَشَرہ (ع۔مذ) محرم کی دسویں تاریخ دس دن کا مجموعہ۔
عَش عَش کرنا (ع) واہ واہ کرنا آفریں کرنا۔
عِشق (ع۔مذ) بہت محبت۔پیار۔سودا۔
عِشق پیچہ (ف۔مذ) ایک سبز بیل کا نام ہے۔ جس پر پھول بھی لگتے ہیں۔
عِشقِ حقیقی (ع۔مذ) اصلی محبت۔ خدا کی محبت۔
عِشقِ مجازی (ع۔مذ) جھوٹا عشق (مجازی عشق)۔
عِشوَہ (ع۔مذ) ناز۔نخرہ۔کرشمہ۔
عِشوہ گر (ف۔مذ) معشوق۔
عِشقیہ (ع۔ص) وہ نظم یا کلام جس میں عشق کا بیان ہو۔
عَصا (ع۔مذ) سوٹا۔لاٹھی۔ڈنڈا۔
عصائے پیری (ف۔مذ) بڑھاپے کا سہارا۔ بیٹے سے بھی مراد ہوتی ہے۔
عصائے موسیٰ (ع۔مذ) وہ عصا جو حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس تھا۔ اس میں یہ معجزہ تھا کہ ساحروں کے مقابلہ میں اژدہا بن جاتا تھا۔
عَصَبِیَّت (ع۔مث) طرف داری۔
عَصر (ع۔مذ) زمانہ۔دن کا آخری حصہ نماز عصر۔
عِصمَت (ع۔مث) پاکدامنی۔پاکبازی

اپنے آپ کو گناہ سے بالکل محفوظ رکھنا۔ بچائے رکھنا۔

عِصیاں (ع۔مذ) گناہ۔ پاپ۔ قصور

عَضلہ (ع۔مذ) اولہ۔ پٹھا۔ گوشت کی مچھلی (عضلات جمع)

عَطا (ع۔مذ) انعام بخشش (عطایا جمع)

عَطّار (ع۔مذ) عطر فروش۔ دوا فروش۔

عُطارِد (ع۔مذ) بدھ۔ ستارہ۔ دبیر فلک۔ کیمیاگروں کی اصطلاح میں جست دھات کا نام ہے

عَطائی (ع۔ص) عطا شدہ۔ بغیر زمانے کے حاصل کیا ہوا۔ بے استاد۔ وہ شخص جس نے کسی استاد کے بغیر محض اپنے شوق سے کوئی کام حاصل کیا ہوا۔

عِطر (ع۔مذ) خوشبو۔ مہک۔ خلاصہ۔ نچوڑ۔

عِطردان (ف۔مذ) عطر رکھنے کی شیشی یا برتن۔

عُضو (ع۔مذ) جسم کا حصہ (اعضا جمع)

عِطرِیات (ع۔مذ۔ج) واحد عطر۔ (جمع خلاف قیاس)

عَطسہ (ع۔مذ) چھینک۔

عَطَش (ع۔مث) پیاس۔

عَطف (ع۔مذ) پھیرنا۔ موڑنا۔ توجہ کرنا (۲) کسی کلمے یا کلام کو دوسرے کلام کی طرف پھیرنا اول الذکر کو معطوف کہتے ہیں اور آخر الذکر کو معطوف علیہ کہتے ہیں۔

عَطیّہ (ع۔مذ) بخشش۔ انعام۔

عَظم (ع۔مذ) ہڈی۔

عَظَمت (ع۔مث) بزرگی۔ بڑائی قدر۔

عُظمیٰ (ع۔مث) بڑی۔

عَظیم (ع۔ص) بڑا بزرگ۔ نہایت بڑا۔

عَظیمُ الشّان (ع۔ص) بڑی شان والا۔ بہت بڑا۔

عِفّت (ع۔مث) پارسائی۔ پرہیزگاری

عِفریتا (ع۔مذ) جن۔ بھوت۔ (عفاریت جمع)

عَفو (ع۔ مذ) معافی۔ درگذر۔ بخشش
عُفونت (ع۔ مث) بدبو۔ سڑاند۔ گندگی۔
عَفیف (ع۔ ص) پاکباز۔ پرہیزگار
عَفیفہ (ع۔ مث) نیک عورت۔ پرہیزگار عورت۔
عُقاب (ع۔ مذ) ایک بلند پرواز پرند کا نام ہے اس کا رنگ سیاہ ہوتا ہے اور اس قدر طاقتور ہوتا ہے کہ آدمی کے برس دن کے بچے تک کو اٹھا کر لیجاتا ہے۔
عَقائد (ع۔ مذ) (واحد عقیدہ)
عَقب (ع۔ مذ) پیچھے۔ پیچھا۔ پیچھے۔
عُقبیٰ (ع۔ مث) آخرت۔ دوسرا جہان
عَقد (ع۔ مذ) نکاح۔ گانٹھ۔ قول و اقرار (بندھنا کرنا)
عُقدہ (ع۔ مذ) مشکل۔ گرہ۔
عُقدہ کُشائی (ف۔ مث) مشکل حل کرنا مشکل آسان کرنا۔
عَقرب (ع۔ مذ) (۱) بچھو (۲) ایک برج سماوی کا نام بھی ہے (عقارب جمع)
عَقل (ع۔ مث) سمجھ۔ فہم (عقول جمع)
عقلِ انسانی (ع۔ مث) انسان کی وہ قوت فہم جس سے وہ باقی حیوانات سے ممتاز ہے۔
عقلِ حیوانی (ع۔ مث) حیوانات کی فطرت میں جو سمجھ ہے۔ وہ عقل حیوانی ہے۔
عقلِ سلیم (ع۔ مث) پوری عقل۔ فہم رسا۔
عقل کا پورا (ع۔ مذ) طنزاً بیوقوف۔ احمق۔
عقلِ کُل (ع۔ مث) (۱) پوری عقل۔ (۲) حضرت جبرائیل سے مراد ہے
عقل کے ناخن لو (۱) سمجھ کی بات کرو ہوش میں آؤ۔
عُقلا (ع۔ مذ ج) (واحد عاقل) دانا۔
عقلمند (ف۔ ص) دانا۔ سیانا۔
عقلمندی (ف۔ مث) سمجھ۔ دانائی۔
عقلی (ع۔ ص) عقل کی۔ سمجھ کی۔

عُقُول (ع۔مث۔ج) (واحد عقل)
عُقُوبت (ع) سزا۔ دُکھ۔
عَقِیدَت (ع۔مث) اعتقاد۔ دل کا بھروسہ۔ ایمان۔
عَقِیدَتمَند (ع۔مذ) عقیدت رکھنے والا۔
عَقِیدَہ (ع۔مذ) یقین۔ ایمان (عقائد جمع)
عَقِیق (ع۔مذ) ایک سُرخ رنگ کا پتھر
عَقِیقَہ (ع۔مذ) بچے کی پیدائش سے ساتویں دن اس کا سر منڈوانے اور قربانی کرنے کی رسم۔
عَقِیل (ع۔ص) دانا۔ عقلمند۔ ذکی (عقلاء جمع)
عَقِیم } (ع۔مث) بانجھ عورت۔ وہ عورت۔ جس کے بچہ نہ پیدا ہوتا ہو۔
عَقِیمَہ }
عَکس (ع۔مذ) پرتو۔ سایہ۔ ضد۔ خلاف
عَکسِی (ا۔ص) عکس کی۔ عکس سے لی ہوئی۔
عَلّاتِی (ع۔ص) سوتیلا۔ سوتیلی۔ وہ بھائی بہن جن کا والد ایک ہو مگر ماں سے الگ الگ ہوں (اخیافی کی ضد)
عِلَاج (ع۔مذ) دوا دارو۔ تدبیر۔ منتر۔
عِلَاج مُعَالَجَہ (ع۔مذ) دوا دارو۔
عَلَاقَہ (ع۔مذ) تعلق۔ واسطہ۔ ضلع۔ جاگیر
عَلَالَت (ع۔مث) بیماری۔
عَلّام (ع۔مذ) بہت جاننے والا۔ بہت بڑا فاضل۔
عَلّامُ الغُیُوب (ع۔مذ) غیب کی باتیں جاننے والا۔ خداتعالیٰ۔
عَلَامات (ع۔مث۔ج) (واحد علامت)
عَلَامَت (ع۔مث) نشانی۔ پتہ۔ اشارہ (علامات جمع)
عَلّامَہ (ع۔مذ) بہت جاننے والا۔ فاضل نہایت چالاک مرد (بحالت مونث) فاضل عورت۔ مکار عورت۔
عَلّامِی (ع۔مذ) علامہ۔ بہت بڑا فاضل
عَلَانِیَہ (ع) ظاہراً۔ کھلم کھلا۔
عِلَاوَہ (ع) (علاوہ۔ وہ شے جو کسی اور شے پر بڑھائی جائے) تابع فعل (۱) حرفِ استثناء۔ ماسوا۔ بجز (۲) اور۔ اوپر۔ فالتو۔

زیادہ۔

عَلائِق (ع۔مذ۔ج) (واحد علاقہ) تعلقات

عِلّت (ع۔مث) (۱) عیب۔ وجہ (۲) بیماری (۳) بُری عادت۔ (علل جمع)

عِلّتُ العِلَل (ع۔مث) تمام علتوں کی علت۔

عِلّت صُوری (ع۔مث) ظاہری سبب۔

عِلّتِ غائی (ع۔مث) اصلی وجہ۔

عِلّتِ فاعلی (ع۔مث) بنانے والا سبب ایجاد۔

عِلّتِ مادّی (ع۔مث) وہ مادہ جس سے کوئی چیز بنی ہو۔

عِلّت و معلول (ع۔مذ) سبب اور اس کا نتیجہ۔

عَلَف (ع۔مث) گھاس

عِلَل (ع۔مث۔ج) (واحد علت) اسباب۔

عَلَم (ع۔مذ) (۱) جھنڈا (اَعلام جمع) (۲) امام حسین یا شہدائے کربلا کے نام کا جھنڈا (۳) جس نام سے کوئی مشہور ہو۔ خاص نام۔

عَلَم بردار (ف۔مذ) جھنڈا اٹھانے والا۔

عَلَم ہونا (۱) مشہور ہونا۔ رسوا ہونا بدنام ہونا۔

عِلمِ ادب (ع۔مذ) انشاء پردازی کا علم۔ علم معانی۔

عِلمِ الٰہی (ع۔مذ) خدا تعالیٰ کی معرفت اور ایسے اُمور کا علم جو خارجی وجود کے لئے مادے کے محتاج نہیں ہیں۔

عِلم (ع۔مذ) دانش۔ دانائی۔ واقفیت (عُلوم جمع)

عِلمُ اللِّسان (ع۔مذ) زبان کا علم۔ بلاوبی۔

عِلمِ ہَیئت (ع۔مذ) آسمان کی شکلوں ستاروں اور اُن کی حرکات و جسامت کا علم۔ علم نجوم

عُلَما (ع۔مذ۔ج) (واحد عالم) فاضل لوگ۔

عِلمی (ع۔صفت) علم کے متعلق۔

عِلمیّت (ع - مث) علم ہونا - لیاقت
عُلُوّ (ع - مذ) بلندی - برتری -
عُلُوِ ہمّت (ع - مذ) بلند ہمتی -
عُلُوم (ع - مذ - ج) (واحد علم) -
عُلُومِ مَشرِقی (ع - مذ) سنسکرت -
فارسی عربی وغیرہ -
عُلُومِ مغربی (ع - مذ) یورپ کے علوم
سائنس وغیرہ -
عُلُومِ مُروّجہ (ع - مذ) وہ علوم جو رواج
[illegible] پڑھائے جاتے ہوں -
عَلَوی (ع - مذ) حضرت علیؑ کی اولاد سے
عُلوِی (ع - ص) آسمانی - فلکی -
سفلی کا نقیض -
عَلیؓ (ع - مذ) پیغمبر اسلامؐ کے چوتھے
خلیفہ کا نام ہے - جو آپ کے
چچا زاد بھائی بھی تھے -
عَلیٰ (ع) اوپر - پر - بالا -
عَلیَ الاتصال (ع) متواتر - بے در پے
عَلیَ الحساب (ع - ص) اس حساب
سے جس کا ابھی فیصلہ نہ ہوا -
بلا حساب - یونہی -

عَلیَ الخصوص (ع) خاصکر - خصوصاً
عَلیَ الدّوام (ع) ہمیشہ ہمیشہ کے لئے -
عَلیَ الصّباح (ع) صبح سویرے -
عَلیَ العُموم (ع) عام طور پر -
عَلیٰ ہٰذا القیاس (ع) اسی طرح اسی
پر قیاس -
عَلیحدگی (ف - مث) جدائی - خلوت
تنہائی -
عَلیحدہ (ع - ص) الگ - جُدا
تنہائی میں -
عَلیل (ع - ص) بیمار -
عَلیم (ع - ص) جاننے والا - دانا
عالم - واقف -
عِلّیین (ع - مث) آٹھواں آسمان
بہشت -
عَمّ (ع - مذ) چچا والد کا بھائی -
عِماد (ع - مذ) ستون (واحد و جمع
دونوں کے لئے آتا ہے -
عِمادُ الدَّولہ (ع - مذ) حکومت کا
ستون مغلیہ خاندان کے زمانے
میں اُمراء کا خطاب -

عم زادہ (ف ۔ مذ) چچیرا بھائی، چچا کا لڑکا
عمارت (ع ۔ مث) تعمیر، مکان، آبادی ۔
عماری (ع ۔ مث) ہاتھی کا ہودج ؛
عمال (ع ۔ مذ) جمع عامل کی) حاکم ۔
کرایہ وصول کرنے والے ۔
عہدے دار ۔ پرگنوں کے حاکم ۔
عمامہ (ع ۔ مذ) پگڑی ۔ صافہ ۔ (عمامہ
(یہ تشدید میم بھی درست ہے ۔
عمداً (ع) جان بوجھ کر ؛
عمدگی (ا ۔ مث) اچھائی ۔ خوبی ؛
عمدہ (ع ۔ ص) وہ شخص جس پر بھروسہ
کیا جائے (عمائد جمع)
مجازاً) اچھا ؛
(ا ۔ ص) (۱) شریف ۔ امیر ۔
دولت مند (ان معنوں میں
اب متروک ہے) (۲) برگزیدہ
(۳) نفیس (۴) لذیذ ؛
عمدۃ الملک (ع ۔ مذ) عہد مغلیہ میں
امراء کا ایک خطاب ؛
عمر (ع ۔ مث) سن ۔ سال ۔ عرصہ ۔ مدت
عمر رسیدہ (ف ۔ ص) بوڑھا ؛

عمر طبعی (ع ۔ مث) پوری عمر، اصلی عمر ۔
عمر نوح (ع ۔ مث) بہت بڑی عمر ۔
(حضرت نوح علیہ السلام کی عمر
ساڑھے نو سو برس کی تھی)
عمرو (ع ۔ مذ ۔ تلفظ عمر) ایک تمثیلی نام
واؤ کے اضافہ کرنے کے و نہ
پڑھنے کی وجہ یہ ہے کہ
حضرت عمرؓ کے نام سے
متمیز رہے ؛
عمرو عیار (ا ۔ مذ) داستان امیر حمزہ
میں ایک نہایت چالاک شخص
جس نے بڑے بڑے کارنامے
کئے ہیں ؛
عمرو عیار کی زنبیل (ا) داستان
امیر حمزہ کے عمرو عیار کی جھولی ۔
کہتے ہیں کہ اس طلسمی جھولی میں سب
کچھ سما جاتا تھا (مجازاً) وہ ظرف جو
تمام ضروریات کا مخزن ہو ؛
عمق (ع ۔ مذ) گہرائی (اعماق جمع) ؛
عمل (ع ۔ مذ) (۱) کام، فعل (۲) برتاؤ
(۳) مشق، معمول (۴) قاعدہ سے

کا برتاؤ یا استعمال جیسے حساب، کا عمل (۱ ۔ مذ) اثر ۔ تاثیر (۲) نشے کا اثر (۳) راج ۔ حکومت عملداری (۴) دخل (۵) وقت چار بجے کا عمل (۶) جادو ۔ منتر ۔ ٹونا (اعمال جمع) ؛

عَمَلداری (ف ۔ مث) حکومت ؛

عَمَل دَخل (ع ۔ مذ) حکومت ۔ اختیار ۔

عَمَلدرآمد (ف ۔ مذ) کارروائی کرنا ۔ عمل میں لانا ؛

عَمَلِ کَشید (ف) تبخیر کے ذریعہ مائع کو صاف کرنا ۔ پانی کی بھاپ بنا کر جمع کر کے صاف کرنا ؛

عَمَلَہ (ع ۔ مذ ۔ عامل (کارکن) کی جمع) کارکن لوگ ۔ اہلکار ۔ اسٹاف ؛

عَمَلی (ع ۔ ص) منسوب بہ عمل (ف ۔ ص) نشے باز ۔ نشے کا عادی ؛

عَمَلی جامہ پہنانا (ف) عمل میں لانا ۔ کام کرنا ؛

عُمُود (ع ۔ مذ) ستون ۔ زاویہ قائمہ بناتا ہوا کھڑا خط ۔ وہ خط جو دوسرے خط کے ساتھ ملکر اپنے دونوں طرف زاویے قائمے پیدا کرے ؛

عُمُوم (ع ۔ مذ) عام ہونا ۔ بہت ۔ بیشتر ؛

عَمِیم (ع ۔ ص) عام ۔ پورا ۔ سب میں شامل ؛

عَمِیق (ع ۔ ص) گہرا ؛

عَن (ع ۔ ف) سے ۔ از ؛

عَنقَرِیب (ع ۔ تابع فعل) جلدی ہی ۔ تھوڑے دنوں میں ۔ کوئی دم میں

عُنّاب (ع ۔ مذ) ایک سُرخ رنگ کا ولایتی بیر ۔ مصفی خون ہوتا ہے ؛

عُنّابی (ف ۔ ص) عُناب کے رنگ کا ؛

عِنَاد (ع ۔ مذ) رنج ۔ دشمنی ۔ کینہ ۔ بیر ؛

عَنَادِل (ع ۔ مث ۔ ج) (واحد عندلیب)

عَنَاصِر (ع ۔ مذ) (واحد عُنصُر) اصلی جز ۔ چاروں عنصر یعنی مٹی پانی ۔ آگ ۔ ہوا ؛

عِنَان (ع ۔ مث) باگ ۔ لگام ۔ ڈور

عِنَایات (ع ۔ مث ۔ ج) (واحد عنایت)

عِنَایَت (ع ۔ مث) مہربانی ۔ احسان

عِنَب (ع۔ مذ) انگور ؛
عَنبَر (ع۔ مذ) خوشبو۔ ایک قسم کی نہایت خوشبودار چیز
عَنبَرِیں (ف۔ ص) خوشبودار ؛
عِندَ (ع) نزدیک۔ پاس ؛
عِندَالطَلَب (ع) جس وقت مطالبہ کیا جائے ؛
عِندَالمُلاقات (ع) ملاقات کے وقت ؛
عِندَالوقوع (ع) وقوع ہونے کے وقت ؛
عَندَلیب (ع۔ مث) بلبل (عنادل جمع)
عِندِیَہ (ع۔ مذ) رائے۔ منشا۔ ارادہ ؛
عُنصَر (ع۔ مذ) جزو۔ اصل (مفرد شے) (عناصر جمع)
عُنفُوان (ع۔ مذ) آغاز جوانی۔ ابتدا
عَنقَا (ع (عنق۔ گردن) مذ) ایک خیالی پرندہ۔ نایاب شے ؛
عَنقَا ہونا (ا) غائب ہونا۔ کمیاب ہونا۔
عَنکَبُوت (ع۔ مث) مکڑی ؛
عَوارِض (ع۔ مذ۔ ج) (واحد عارضہ) بیماریاں ؛
عَواطِف (ع۔ مث۔ ج) (واحد توجہات۔ مہربانیاں ؛
عَوام (ع۔ مذ۔ ج) (واحد عام) عام لوگ ؛
عَوامُ النّاس (ع۔ مذ) عام لوگ۔ پبلک ؛
عَوامِل (ع۔ مذ) (واحد عامل) ؛
عَوائِب (ع۔ مذ) (واحد عائبہ بمعنی عیب)
عَود (ع۔ مذ) واپسی۔ رجوع۔ لوٹنا۔ پھرنا۔
عَود کرنا (ا) پھر آنا ؛
عُود (ع۔ مذ) ایک خوشبودار سیاہ لکڑی ؛
عُود سوز (ف۔ مذ) عود جلانے کی انگیٹھی۔
عَورَت (ع۔ مث) نار۔ استری۔ بیوی (عورات جمع)
عِوَض (ع۔ مذ) بدلہ۔ اجر۔ تاوان ؛
عِوَضانہ (ا۔ مذ) بدلہ۔ معاوضہ ؛
عُوضی (ع۔ مث) قائم مقام ؛
عَون (ع۔ مذ) مدد ؛
عَہد (ع۔ مذ) زمانہ۔ وقت۔ قول۔ اقرار ؛
عَہدِ حکومت (ع۔ مذ) حکومت کا زمانہ ؛

عَہد شِکَنی (ف۔مث) وعدہ خلافی ؛
عَہد نامَہ (ف۔مذ) تحریری اقرار نامہ ؛
عَہد و پَیماں (ف۔مذ) قول۔ قرار۔ وعدہ ؛
عُہدَہ (ع۔مذ) ذمہ۔ ضمانت۔ افسری ؛
عُہدَہ بَرآ ہونا (ا) قرض ادا کردینا۔ سبکدوش ہونا ؛
عُہدَہ دار (ف۔ص) افسر۔ منصب دار ؛
عِیادَت (ع۔مث) بیمار پُرسی ؛
عَیّار (ع۔مذ) مکار۔ فریبی۔ بڑا چالاک
عَیّاری (ف۔مث) فریب۔ دغا۔ چالاکی ؛
عَیّاش (ع۔ص) عیش کرنے والا ؛ بدچلن۔ اوباش ؛
عَیّاشی (ا۔مث) بدچلنی۔ اوباشی ؛
عِیال (ع۔مذ۔ج) (واحد عَیِّل۔ غیر مستعمل) اولاد۔ فرزند۔ جن کا نان و نفقہ مرد پر فرض ہو۔
عِیال دار (ف۔مذ) بال بچوں والا۔
عَیاں (ع۔ص) ظاہر۔ کھلا ہوا ؛
عَیب (ع۔مذ) بُرائی۔ گناہ۔ نقص۔ برعیب۔ ...
عَیب پوش (ف۔ص) لوگوں کے عیب چھپانے والا ؛
عَیب جُو (ف۔ص) لوگوں کے عیب تلاش کرنے والا ؛
عَیب دار (ف۔ص) ناقص۔ عیب والا ؛
عِید (ع۔مث) خوشی تہوار۔ دل کی خوشی کو عید اور رات کی خوشی کو شب برات سے تعبیر کرتے ہیں ؛
عِیدُالاَضحیٰ (ع۔مث) عید قرباں ؛ بقر عید۔ وہ عید جس میں قربانی اور حج کرتے ہیں
عِیدُالفِطر (ع۔مث) رمضان کے ختم کی عید میٹھی عید۔ اس میں فطرہ دیا جاتا ہے
عید کا چاند ہوجانا (ا) کم نظر آنا۔ بڑی مدت اور آرزو کے بعد ملنا ؛
عید گاہ (ا۔مث۔ف) عید کی نماز پڑھنے کی جگہ ؛
عِیدی (ا۔مث) عید کا خرچ یا انعام وہ نظم جو عید سے پہلے اُستاد بچوں کو لکھ کر دیتے ہیں۔ اور حق استادی لیتے ہیں ؛
عیسائی (ف۔مذ) حضرت عیسیٰ کے ماننے والے۔ ان کے پیرو۔ مسیحی

نصرانی ؛

عیسوی (ع۔ص) (۱) مسیحی۔ حضرت عیسیٰؑ سے متعلق (۲) انگریزی سال۔ وہ سن جو حضرت عیسیٰؑ کی پیدائش سے شروع ہوتا ہے۔ میلادی ؛

عیسیٰؑ (عبرانی۔ مذ) ایک مشہور پیغمبر کا نام ہے۔ جو حضرت مریمؑ کے پیٹ سے بن باپ کے پیدا ہوئے تھے۔ آپ مُردے زندہ کر دیتے تھے اور اندھوں۔ لولوں۔ کوڑھیوں اور لنگڑوں کو اچھا کر دیتے تھے۔ آپ کو یسوع اور مسیحؑ بھی کہتے ہیں۔

عیش (ع۔ مذ) آرام۔ چین۔ نفس پرستی

عیش و عشرت (ع۔ مذ) خوشی و خرمی نفسانی خوشی۔ عیش و نشاط ؛

عَین (ع۔ مث) (۱) آنکھ (مذ) (۲) پانی کا چشمہ (۳) ہر چیز کی ذات۔ اصل ہر شے۔ حقیقت۔ جوہر (۴) سگا حقیقی (۵) (ص) ٹھیک ٹھیک۔ ہوبہو۔ خاص ؛

عینُ الیقین (ع۔ مذ) کسی چیز کی بہت اور کیفیت کو آنکھ سے دیکھنے کے بعد جو یقین خاص ہوتا ہے ؛

عین بعین (ع۔ تابع فعلی) ہو بہو۔ وہی۔ ویسا ہی ؛

عینک (ف۔ مث) آنکھ کا چشمہ ؛

غ

غار (ع۔ مذ) گڑھا۔ پہاڑ کی کھوہ ؛

غارت (ع۔ مث) لوٹ۔ کھسوٹ۔ مال غنیمت ؛

غازہ (ف۔ مذ) ایک قسم کا خوشبودار سرخ سفوف جو عورتیں سرخی کے واسطے رخساروں پر ملتی ہیں ؛

غازی (ع۔ مذ) کافروں سے لڑ کر زندہ بچنے والا۔ بہادر آدمی ؛

غافل (ع۔ص) بے خبر۔ بے پرواہ ⁂
غالب (ع۔ص) زبردست۔ جیتنے والا ⁂
غالباً (ع) ضرور۔ پکا خیال۔ گمان ہے ⁂
غالیچہ (ف۔مذ) قالین ⁂
غائب (ع۔ص) غیر حاضر۔ پوشیدہ ⁂
غائبانہ (ف) بن دیکھے۔ پیٹھ پیچھے ⁂
غایت (ع۔مث) غرض۔ انتہا۔ انجام۔ بے حد (غایات جمع)
غایت درجہ (ع) بے حد۔ انتہا۔ اخیر درجہ ⁂
غُبار (ع۔مذ) گرد۔ باریک مٹی۔ رنج۔ کدورت
غبار آلودہ (ف۔ص) گرد سے بھرا ہوا۔
غبار خاطر (ع۔مذ) رنج۔ دل ⁂
غبار نکالنا (ا) دشمنی نکالنا۔ بدلہ لینا
غُبارا (ا۔مذ) باریک کاغذ کا تھیلہ بنا کر اس کے اندر تیل کی بھیگی ہوئی گیند روشن کر کے اُڑاتے ہیں۔ اُڑن کھٹولہ۔
غَبغَب (ع۔مث) ٹھوڑی کے نیچے لٹکا ہوا گوشت ⁂
غَبَن (ع۔مذ) کسی کی چیز دبا لینا۔ خیانت
غبن کرنا (ا) خُرد بُرد کرنا۔ خیانت کرنا۔

غَبی (ع۔ص) کم عقل۔ کند ذہن ⁂
غَپّا (ہ۔مث) گپ ⁂
غَپّا شَپّا (ہ۔مث) گپ شپ بیہودہ بات ⁂
غتر بود کرنا (ا۔ص) ملا جلا دینا۔ گڈمڈ کر دینا۔ خراب کر دینا۔ کسی بے وقوف جاہل نے "بوستان" میں شیخ سعدیؒ کا مندرجہ ذیل شعر پڑھا۔
ع:۔ کہ سعدی کہ گوئے بلاغت ربود۔
در ایام بوبکر بن سعد بود
اور استاد نے اس سے پوچھا تو کہنے لگا۔ کہ اور تو میں سمجھ گیا ہوں۔ مگر غت ربود کے معنی سمجھ میں نہیں آئے گویا اس نے بلاغت کا "غت" ربود کے ساتھ ملا دیا۔ اس وجہ سے غت ربود یعنی خلط ملط ہو گیا۔
غَٹّا (ا۔مذ) گردہ۔ جتھا ⁂
غٹرغوں (ع۔مث) کبوتر کے بولنے کی آواز ⁂
غَدّار (ع۔ص) باغی۔ سرکش۔ بیوفا ⁂
غَدّاری (ا۔مث) بیوفائی۔ سرکشی۔ بغاوت

غَدر (ع-مذ) بیوفائی عہد شکنی ۱۸۵۷ء کی بغاوت ؛

غَدِیر (ع-مذ) گڑھا۔ تالاب ؛

غِذا (ع-مث) خوراک۔ کھانا (اغذیہ جمع)

غِذائیت (ع-مث) غذا کا مادہ ہونا ؛

غَرارہ {ف (ع-غرارہ) مذ} حلق میں پانی ڈال کر غر غر کرنا۔ کلی (ا-مذ) (۱) غرارہ کرنے کی دوائیں (۲) ڈھیلے پائچوں کا لمبا جامہ ؛

غُرّانا (ا) غصے کی آواز نکالنا۔ گھُرکنا ؛

غَرائب (ع-مذ-ج) (واحد غریب) عجیب باتیں ؛

غُرب (ع-مذ) سُورج کا چھپنا۔ مغرب

غُرَبا (ع-مذ-ج) (واحد غریب)

غِربال (ع-مث) چھلنی ؛

غُربت (ع-مث) مُسافری۔ مُفلسی ؛

غَربی (ع-ص) مغرب کا۔ پچھم کا۔

غَرض (ع-مث) مطلب۔ خواہش۔ مدّعا (اغراض جمع)

غَرض مند (ف-ص) مطلبی۔ غرض مند۔ حاجت مند ؛

غَرض و غایت (ع-مث) وجہ۔ سبب۔ مدّعا۔ ضرورت ؛

غَرضیکہ (ف) مطلب یہ۔ قصہ کوتاہ ؛

غُرفہ (ع-مذ) دریچہ۔ کھڑکی ؛

غَرق (ع-مذ) ڈوبا ہوا ؛

غَرقاب (ف-مذ) پانی میں ڈوبا ہوا۔

غُروب (ع-مذ) ڈوبنا۔ سورج کا چھپنا

غُرور (ع-مذ) گھمنڈ۔ فخر۔ بڑائی ؛

غِرّہ (ع-مذ) غرور۔ گھمنڈ ؛

غَریب (ع-مذ) مسافر۔ اجنبی۔ مفلس۔ (غُرَباء جمع)

غَریب الوطن (ع) مسافر۔ بدیسی ؛

غَریب پَرور (ف-ص) بندہ نواز۔ جناب عالی ؛

غَریب خانہ (ف-مذ) انکساری کیلئے اپنے گھر کے واسطے بولتے ہیں۔

غَریب نواز (ف-ص) غریبوں پر مہربانی کرنے والا۔

غَریبی (ا-مث) مُسافری۔ افلاس۔ تنگدستی۔ ناداری ؛

غَریزی (ع-مث) اصلی۔ طبعی ؛

غریق (ع۔ص) ڈوبا ہوا ؛

غریقِ رحمت (ع۔ص) خدا کی مہربانی میں ڈوبا ہوا۔ مرحوم ؛

غزال (ع۔مذ) ہرن ؛

غزل (ع۔مؤ) وہ نظم جس میں عشقیہ شعر ہوں ؛

غزل خواں (ف۔ص) غزل پڑھنے والا ؛

غسّال (ع۔مذ) نہلانے والا۔ مُردوں کو نہلانے والا (غسّالہ مؤنث)

غُسل (ع۔مذ) نہانا۔ اشنان۔ بدن کو دھونا ؛

غُسلِ صحت (ع۔مذ) بیماری سے اُٹھ کر جو پہلا غُسل کیا جائے ؛

غُسلِ میّت (ع۔مذ) مُردے کو نہلانا ؛

غش (ف۔مذ) عربی میں غشی تھا۔ فارسیوں نے ی حذف کر دی۔ بے ہوش ؛

غش کھانا (ل) بے ہوش ہو جانا ؛

غشی (ع۔مؤ) بے ہوشی۔ بے خبری ؛

غصب (ع۔مذ) چھیننا۔ زبردستی سے لے جانا ؛

غصب کرنا (ل) زبردستی لینا۔ دبا رکھنا ؛

غُصّہ (ع۔مذ) رنج۔ خفگی ؛

غصّہ پینا (ل) ضبط کرنا۔ جوش روکنا ؛

غصّہ نکالنا (ل) دشمنی نکالنا۔ دل کا بخار نکالنا

غُصیل (ع۔ص) غصے والا۔ بد مزاج ؛

غضب (ع۔مذ) غصہ۔ قہر۔ ظلم۔ آفت ؛

غضب آلود (ف۔ص) غصہ میں خشمگیں ؛

غضبِ الٰہی (ف۔مذ) خدا کا قہر۔ آسمانی بلا ؛

غضب توڑنا (ل) ظلم ڈھانا ؛

غضب ڈھانا (ل) ستم کرنا۔ کوئی انوکھا کام کرنا ؛

غضب کا (ل) حد درجے کا۔ بہت سا۔

غضبناک (ف۔ص) خشمگیں۔ غصے میں خفا ؛

غفّار (ع۔ص) بہت بخشنے والا۔ خدا

غفلت (ع۔مؤ) بے پروائی۔ بے خبری ؛

غفلت کیش (ف۔ص) غافل۔ بے پروا ؛

غفور (ع۔ص) بخشنے والا۔ خدا ؛

غفورالرحیم (ع۔ص) بخشنے والا اور رحم کرنے والا۔ خدا تعالےٰ ؛

غفیر (ع۔ص) بہت بڑا۔ کثیر ؛

غُل (ف۔مذ) شور غوغا۔ فریاد ؛

غل غپاڑہ (ہ۔مذ) واویلا۔ شور غوغا ؛

غلاظت (ع۔مث) گندگی ؛

غلاف (ع۔مذ) پردہ۔ میان خول۔ تکیے وغیرہ کے اوپر کا کپڑا ؛

غلام (ع۔مذ) خادم۔ نوکر ؛

غلامِ بے دام (ف۔مذ) مفت کا نوکر ؛

غلامی (ف۔مث) فرماں برداری۔ قید۔ نوکری ؛

غلبہ (ع۔مذ) زور۔ زبردستی۔ زیادتی۔ حملہ ؛

غلبہ کرنا (ل) حملہ کرنا۔ قبضہ کرنا ؛

غلط (ع۔ص) نادرست۔ خطا۔ جھوٹ (اغلاط جمع)

غلط العام (ع۔مذ) وہ غلط بات یا لفظ جو عام طور پر مشہور ہو جائے ؛

غلط فہمی (ف۔مث) بھول۔ خطا۔ بات مطلب۔ غلط سمجھنا ؛

غلط نامہ (ف۔مذ) غلطیوں کی فہرست

غلطاں (ف۔ص) لوٹتا ہوا چکّا تا ہوا۔

غلطاں وپیچاں (ف) پیچ وتاب میں۔ فکر مند ؛

غلغلہ (ف۔مذ) غل۔ شور۔ شہرہ۔ دبدبہ

غلک یا غولک سا۔ وہ ظرف جس میں بکری وغیرہ کی آمد ڈالتے ہیں ؛

غلمان (ف۔مذ) وہ نوعمر اور خوبصورت لڑکے جو اہلِ جنّت کی خدمت کے لئے ہوں گے ؛

غلو (ع۔مذ) حد سے گذرنا۔ ایسا مبالغہ جو محال ہو ؛

غلول (ف۔مذ) گلے میں اٹکا ہوا لقمہ ؛

غلولہ (ف۔مذ) گولی۔ غلّہ ؛

غلّہ (ع۔مذ) اناج ؛

غلیظ (ع۔ص) بہت میلا گندا۔ گاڑھا۔

غلیل (ل۔مث) غلولہ مارنے کی کمان ؛

غم (ع۔ا۔غُمّ) مذ) رنج۔ ملال۔ دُکھ۔ سوگ۔ افسوس (غموم جمع)

غَم اَندوز (ف ص) غمناک ۔

غَم خوار (ف۔ص) ہمدرد۔ دُکھ کا ساتھی

غَم خواری (ف۔ مث) ہمدردی۔ خیرخواہی ۔

غَم دِیدَہ (ف۔ص) دُکھی۔ ستایا ہوا۔ رنجیدہ ۔

غَم غَلَط کرنا (ہ) دل بہلانا۔ غم دُور کرنا ۔

غَم کھانا (ہ) دُکھ اُٹھانا۔ افسوس کرنا۔

غَمگُسار (ف۔ص) غم خوار۔ ہمدرد ۔

غَمگین (ف۔ص) (۱) رنجیدہ۔ دلگیر۔ دُکھی۔ غم زدہ (۲) اُداس۔ پژمردہ خاطر ۔

غَمّاز (ع۔ص) چغل خور ۔

غَمّازی (ع۔ مث) چغل خوری۔ بدگوئی۔

غَمزَہ (ع۔مذ) کرشمہ۔ ناز۔ انداز۔ نخرہ۔

غَمی (ہ۔ مث) رنج و فکر۔ ماتم۔ سوگ۔

غَنا (ع۔مث) دولت مندی۔ بے نیازی۔

غِنا (ہ۔ مذ) راگ۔ گانا بجانا۔ موسیقی۔

غُنچَہ {ف (گنجہ از گنجیدن بمعنی گنجان ہونا) مذ} بند کلی۔ بن کھلا پھول۔ (مجازاً) دہن معشوق۔ دہن تنگ (ہ۔ مذ) منڈلی۔ جھبّا۔ جھمگھٹ۔

غُنچہ دہن (ف۔ص) پستہ دہن۔ چھوٹے سے مُنہ کا معشوق ۔

غُنچۂ ناشگفتہ (فا۔ مذ) (۱) بن کھلا پھول (۲۔ مذ) باکرہ۔ کنواری۔ کنیا ۔

غُنڈا (ہ۔ مذ) لُچّا۔ بدمعاش ۔

غنودگی (ف۔ مث) اُونگھ۔ ہلکی سی نیند۔ خمار ۔

غُنَّہ (ف۔ مذ۔ غُنّت = ناک کی آواز) وہ نُون جس کی آواز ناک سے نکالی جائے۔ جیسے سانس بانس میں ۔

غَنی (ع۔ص) دولت مند۔ بے نیاز۔ (اغنیاء جمع) ۔

غَنیم (ع۔ مذ) دشمن۔ لٹیرا ۔

غَنیمَت (ع۔ مث) وہ مال جو جہاد میں کفار سے ہاتھ آئے (۲۔ مث) کسی خاص حالت یا خاص وجہ سے قابل قدر ۔

غَنیمَت جاننا (ہ) بہتر سمجھنا۔ قدر کرنا ۔

غَوّاص (ع۔ مذ) غوطہ خور ؛
غَوامِض (ع۔ مذ۔ ج) باریکیاں نکتے (واحد غامضہ) ؛
غَوث (ع۔ مذ) فریاد کو پہنچنے والا۔ بڑا دلی ؛
غَور (ع۔ مذ) غور۔ فکر۔ دھیان ؛
غَور پَرداخت (ف۔ مث) دیکھ بھال خبر گیری ؛
غَور طَلَب (ع۔ ص) سوچنے کے قابل ؛
غوطہ (ا۔ مذ) ڈبکی۔ سوچ۔ استغراق ؛
غوطہ لگانا یا مارنا (ل) (۱) ڈبکی لگانا جبکی مارنا (۲) غائب رہنا۔ ناغہ کرنا (۳) خوض کرنا۔ کسی خیال میں مستغرق ہونا ؛
غوطہ خَور (ف۔ مذ) ڈبکی لگانے والا ؛
غوطہ دینا (ل) پانی میں ڈبکی دینا ؛
غوغا (ف۔ مذ) شور و غل ہجوم۔ شہرہ ؛
غوک (ف۔ مذ) مینڈک ؛
غول {ف ع۔ غُول بھی دیو۔ شیطان) مذ} چھلاوہ۔ آگیا۔ بتیال۔ بھوت پریت ؛
غول {ا۔ رتی فوج کا وہ حصہ جس میں سپہ سالار یا بادشاہ ہو) مذ} انبوہ۔ بھیڑ۔ گروہ ؛
غوں غاں (ل۔ مث) شیر خوار بچے کی آواز
غوں غاں کرنا۔ ننھے بچے کا بولنا۔ ہوں ہاں کرنا ؛
غَیب (ع۔ مذ) وہ چیز جو حواس خمسہ سے معلوم نہ ہو۔ پوشیدہ۔ مخفی ؛
غَیب داں (ف۔ ص) غیب کی باتیں جاننے والا ؛
غَیبَت (ع۔ مث) غیر حاضری۔ عدم موجودگی ؛
غیبَت (ع۔ مث) پیٹھ پیچھے بُرا کہنا۔
غیاث (ع۔ مث) فریاد ؛
غیر (ع) بیگانہ۔ دوسرا۔ سوا (اغیار جمع)
غیر آباد (ف۔ ص) جو آباد نہ ہو۔ ویران۔
غیر حاضر (ع۔ ص) جو حاضر نہ ہو۔ موجود نہ ہو ؛
غیر سرکاری (ا۔ ص) جو چیز سرکار کے ساتھ تعلق نہ رکھے۔ وہ کام جو حکومت کے متعلق نہ ہوں۔ اسمبلی

باکونسل کے اجلاس میں وہ کارروائی جو حکومت کی طرف سے پیش نہ کی جائے۔ وہ معاملہ جس پر حکومت بحث کا آغاز نہ کرے ۔

غَیر فَانی (ع ۔ ص) نہ مٹنے والا ۔ ہمیشہ رہنے والا ۔

غیر مَانُوس (ع ۔ ص) ناواقف ۔ جو لفظ پہلے کبھی نہ سنا ہو ۔

غیر مُتحِد (ع ۔ ص) جن میں اتحاد نہ ہو ۔ الگ الگ ۔

غیر مُشروبہ (ع) جس کے ہو جانے یا نہ جانے یا حیوان تک نہ آسکے ۔

غیر مُستقِل (ع ۔ ص) عارضی ۔ جو مستقل نہ ہو ۔

غَیر مُعتبر (ع ۔ ص) جو اعتبار کے لائق نہ ہو ۔

غیر معرُوف (ع ۔ ص) نامشہور ۔

غیر معمولی (ع ۔ ص) خاص بات جو عام نہ ہو ۔

غیر مفید (ع ۔ ص) جو فائدہ مند نہ ہو ۔

غیر ممکن (ع ۔ ص) دشوار ۔ محال ۔

نہیں ہو سکتا ۔

غَیر منقولہ (ع ۔ ص) وہ جائداد جو دوسری جگہ نہ لے جائی جا سکے ۔ جیسے زمین ۔

غَیر مَنکُوحہ (ع ۔ ص) بے نکاحی بیوی ۔

غَیر مَورُوثی (ع ۔ ص) جو چیز ورثہ میں نہ آئے ۔

غَیر وَاجب (ع ۔ ص) ناجائز ۔ خلاف دستور ۔

غَیر مُہذّب (ع ۔ ص) ناشائستہ ۔ اکھڑ ۔

غَیرت (ع ۔ مث) شرم و حیا ۔ رشک ۔

غَیرت چمن (ف ۔ مذ) رشک گلزار ۔ معشوق ۔

غَیرت حُور (ع ۔ مث) جس کو دیکھ کر حور کو بھی رشک آئے ۔ نہایت حسین ۔

غَیرت مَاہ (ف ۔ ص) چاند سے زیادہ خوبصورت ۔

غَیرت مَند (ف ۔ ص) باحیا ۔ شرم والا ۔

غَیریت (ع ۔ مث) بیگانگی ۔

غَیظ (ع ۔ مذ) غصہ ۔ غضب ۔

غَیظ و غَضَب (ع ۔ مذ) غصہ و قہر ۔

عتاب ؛

غَیُوْر (ع۔ص) بہت غیرت مند ؛

ف

(ف ۔ ا)

فاتح (ع۔مذ) فتح کرنے والا ؛

فَاتحہ (ع۔مث) قرآن شریف کی پہلی سورۃ کا نام ہے (۱۔ دہلی میں مث) لکھنؤ میں مذکر) مُردے کی رُوح کے واسطے آیاتِ سورۃ فاتحہ اور درود پڑھ کر ثواب پہنچانا ۔ نیاز ۔ نذر ؛

فَاتحہ پڑھنا (ف) (۱) سورۃ فاتحہ وغیرہ پڑھ کر مُردے کی رُوح کو ثواب پہنچانا (۲) مایوس ہونا ۔ ہاتھ اُٹھانا ؛

فَاتِرالعقل (ع۔ص) بے عقل ۔ دیوانہ

فَاجِر (ع۔مذ) بدکار ۔ بدخلق (فجار جمع)

فَاحِشہ (ع۔مث) بدکار عورت ؛

فَاختہ (ف) (۱۔ع فاختت) مث) کبوتر کی قسم کا سلیٹی رنگ کا پرندہ ہے ؛

فَاختہ اُڑانا (ف) مزے اُڑانا نکمے کام کرنا ؛

فَاخِر (ع۔ص) فخر کرنے والا ؛

فَاخِرہ (ع۔ص) قیمتی ۔ عمدہ ؛

فَار (F52) رانگ ۔ حرف) برائے ۔ واسطے ۔ بجائے ؛

فَارِس (۱۔ع ف ۔ پارس) مذ) ایران ؛

فَارسی (ف۔مث) ملک ایران کی زبان ؛

فَارِغ (ع۔ص) آزاد ۔ آسودہ ؛

فَارِغ خطی (ف۔مث) کسی چیز پر سے قبضہ اٹھالینے کی تحریر ؛

فَارِغ البَال (ع۔ص) جس کا دل غم سے خالی ہو ۔ بے غم ۔ بے فکر ۔ آسودہ حال ؛

فَارِغُ التَحصِیل (ع۔ص) جو علم حاصل کرکے فارغ ہو چکا ہو۔ عالم فاضل جس کی مدرسے وغیرہ کی تعلیم کی تکمیل ہو چکی ہو ؛

فَارْم (Form) (انگ۔مذ) نقشہ۔ چھپا ہوا نمونہ۔ کھیت ؛

فَارْمُولا (Formula) (انگ۔مذ) گُر ؛

فَارِن (Foreign) (انگ۔ ص) غیر ملک کا۔ بدیسی ؛

فَارِن کَنٹری (Foreign Country) (انگ۔ مؤث) غیر ملک ؛

فَارِن گُڈز (Foreign Goods) (انگ۔ مؤث) بدیسی مال ؛

فَارِن ہائٹ (Fahren Heit) (ولندیزی۔مذ) گیبریل ڈینئیل فارن ہائٹ (Gabriel Daniel Fahrenheit) ایک نامور ولندیزی سائنسدان جس نے پہلے پہل تھرمامیٹر میں پانی وغیرہ کی جگہ پارے کا استعمال شروع کیا۔ یہ تھرمامیٹر اسی کے نام پر مشہور ہے ؛

فَارِن ہائیٹ تھرمامیٹر (Fahrenheit Thermometer) (انگ۔مذ) ایک قسم کا تپش پیمانہ جس میں پانی کا درجہ انجماد ۳۲۔ اور درجہ جوش ۲۱۲ ہوتا ہے ؛

فَارْوَرْڈ (Forward) (انگ) آگے کو ؛

فَارُوق (ع۔مذ) فرق کرنے والا۔ خلیفہ دوم حضرت عمرؓ کا لقب ؛

فَاسْٹ (Fast) (انگ۔ص) تیز۔ پکا ؛

فَاسِد (ع۔ص) نکما۔ خراب۔ بے ہودہ

فَاسْفورس (Phosphorus) (انگ۔مذ) ایک قسم کا جوہر جسے کھلی ہوا میں رکھیں۔ تو

خود بخود جل اُٹھتا ہے۔ یہ دیا سلائیاں بنانے کے کام آتا ہے ؛
فَاسِق (ع۔ص) جھوٹا گنہگار (فُسّاق جمع)
فَاش (ف۔ص) ظاہر۔ کھلا۔ صریح ؛
فَاصِل (ع۔ص) پیدا کرنے والا (فواصل جمع)
فَاصِلَہ (ع۔مذ) دُوری۔ مسافت ؛
فَاضِل (ع۔ص) بڑا عالم۔ لائق۔ زائد۔ (فُضلا۔ جمع)
فَاضِلِ اَجَلّ (ع۔ص) بڑا فاضل۔ بہت بڑا عالم
فَاطِمہؓ (ع۔مث) حضرت رسول کریمؐ کی بیٹی کا نام ہے۔ جو حضرت علیؓ کے نکاح میں آئی تھیں ؛
فَاعِل (ع۔مذ) کام کرنے والا ؛
فَاقَہ (ع۔مذ) کھانا نہ کھانا۔ کھانا نہ ملنا افلاس۔ تہیدستی (کرنا ...... سے ہونا) ؛
فَاقَہ کرنا (د) بھوکا رہنا۔ کھانا نہ کھانا
فَاقَہ کش (ف۔مذ) بھوکا رہنے والا۔ کنگال ؛
فَاقَہ کَشی (ف۔مث) بھوکا رہنا۔ مفلسی۔
فَاقَہ مَسْت (ف۔مث) تنگی میں بھی خوش اور مگن رہنے والا ؛
فَاقَہ مستی (مث) تنگ دستی میں رنگ رلیاں ؛
فَال (ع۔مث) شگون۔ غیب کی بات ؛
فال گو (ف۔مذ) فال بتلانے والا ؛
فَال نامَہ (ف۔مذ) وہ کتاب جس میں شگون دیکھتے ہیں ؛
فَالتُو (د۔ص) ضرورت سے زیادہ۔ زائد۔
فَالِج (ع۔مذ) ایک مرض جس میں آدمی کا آدھا جسم یکایک سُست اور بیکار ہوجاتا ہے۔ یہ بلغم کی زیادتی کی وجہ سے ہوتا ہے۔ ادھرنگ ؛
فَالسہ (ت (= پالسہ) مذ) اُودے سے رنگ کا چھوٹے بیر کے برابر ایک پھل ہوتا ہے۔ جو گرمیوں میں آتا ہے ؛
فالیز (ت = پالیز) مث) خربوزے تربوز وغیرہ کا کھیت ؛
فام (ف۔مذ) رنگ ؛

فَانُوس (ف۔ مذ) بڑی قندیل ؛
فَانَہ (ف۔ مذ) لکڑی کی درز پھاڑنے کے لئے پتلے منہ والی چھیٹی لکڑی ؛
فَانِی (ع۔ ص) فنا ہونے والا۔ مٹنے والی شے ؛
فَائِدَہ (ع۔ مذ) نفع۔ سود۔ حاصل۔ آمدنی (فوائد جمع)
فَائِرمَین (FIREMAN) (انگ۔ مذ) انجن میں کوئلے جھونکنے والا ؛
فائر بریگیڈ Fire Brigade (انگ۔ مذ) آگ بجھانے والا گروہ ؛
فَائِز (ع۔ ص) پہنچنے والا یا لینے والا ؛
فَائِزالمَرام (ع۔ ص۔ فائز = پہنچنے والا، مرام = مراد) مراد کو پہنچنے والا۔ بامراد ؛
فَائِق (ع۔ ص) فوقیت رکھنے والا
فَائِل (File) (انگ۔ مذ) نتھی کئے ہوئے کاغذ ؛
فَائِل بُک File Book (انگ۔ مؤ) وہ چھوٹے چھوٹے پرزوں والی کتاب جس میں کاغذات نتھی کئے جاتے ہیں
فَائِل کرنا (ف) کاغذ شامل کرنا۔ نتھی کرنا شامل مسل کرنا ؛
فَائِن (Fine) (انگ۔ مذ) جرمانہ۔ عمدہ۔ نفیس ؛
فَائِن ڈے (Fine Day) (انگ۔ مذ) اچھا دن۔ بکھرا دن ؛
فَائِنَل (Final) (انگ۔ ص) آخری ؛

(ف۔ ب۔ ت)

فَبِہَا (ع) اصل میں فَبِہَا یعنی جب کے معنی ہیں "ہم اس بات پر راضی ہو گئے" یا خوب۔ بہتر۔ اچھا ؛
فَتَّاح (ع۔ ص) کھولنے والا۔ خدا کا نام
فَتَّان (ع۔ ص) فتنہ پیدا کرنے والی۔ (آنکھ) فتنہ انگیز ؛
فَتح (ع۔ مؤ) کھولنا۔ جیت۔ (فتوحات جمع) ؛

فتح کرنا (ف) جیتنا۔ سر کرنا۔ لے لینا۔
فتح مند (ف۔ ص) کامیاب ؛
فتحنامہ (ف۔ مذ) وہ تحریر جس میں کسی فتح کی خوشی اور حالات لکھے جائیں ؛
فتح وظفر (ع۔ مث) کامیابی ؛
فتحہ (ع۔ مذ) زبر ؛
فتحیاب (ف۔ ص) کامیاب ؛
فتحیابی (ف۔ مث) کامیابی۔ فتحمندی۔
فتراک (ف۔ مذ۔ مث) شکار بند ؛
فتنہ (ع۔ مذ) فساد۔ جھگڑا۔ شریر۔ (فتن جمع)
فتنہ انگیز (ف۔ ص) شریر۔ فسادی ؛
فتنہ پرداز (ف۔ ص) فسادی۔ شریر۔
فتنہ زا (ف۔ ص) فتنہ پیدا کرنے والا معشوق کی آنکھ ؛
فتوح (ع۔ ج۔ لکھنؤ میں مذکر۔ دہلی میں مونث) (واحد فتح)
فتوحات (ع۔ مث۔ ج) (واحد فتح) ؛ یہ فتوح کی جمع اور فتح کی جمع الجمع) کامیابیاں۔ جیت ؛
فتوحی (ا۔ مث) صدری۔ واسکٹ

فتور (ع۔ مذ) خرابی۔ فساد۔ نقص ؛
فتور ڈالنا (ا) خرابی مچانا۔ جھگڑا۔ پیدا کرنا ؛
فتویٰ (ع۔ مذ) حکم۔ حکم شرعی۔ (فتاویٰ جمع)
فتیلہ (ع۔ مذ) بتی۔ پلیتہ ؛

(ف۔ ٹ۔ ج)

فٹ (Fit) (انگ۔ ص) موزوں۔ مناسب۔ ٹھیک ؛
فُٹ (Foot) (انگ۔ مذ) ۱۲۔ انچ کا پیمانہ۔ پاؤں ؛
فُٹ بال (Foot ball) (انگ۔ مث) مشہور کھیل ہے ؛
فُٹ پاتھ (Foot Path) (انگ۔ مذ) پگ ڈنڈی ؛
فُٹ نوٹ (Foot note) (انگ۔ مذ) متن سے باہر کتاب کے نیچے لکھا ہوا حاشیہ ؛
فٹن (Phyton) (انگ

مث) چوپہیہ گاڑی ؛

فَجر (ع۔ مث) صبح۔ سویرا۔ صبح کی نماز ؛
فُجور (ع۔ مذ) گناہ۔ بدکاری۔ زنا ؛

(ف۔ ح۔ خ۔ د۔ ر)

فُحش (ع۔ مذ) بُری۔ بیہودہ گالی ؛
فَخر (ع۔ مذ) ناز۔ گھمنڈ۔ غرور۔ بزرگی ؛
فَخریہ (ع) فخر کے ساتھ۔ ناز کے ساتھ ؛
فِدا (ع۔ ص) قربان۔ صدقے۔ عاشق ؛
فِدا ہونا (ل) قربان ہونا۔ فریفتہ ہونا ؛
فِدائی (ع۔ مذ) عاشق۔ جان نثار ؛ حسن بن صباح بانی فرقہ حشاشین کا مُرید ؛
فِدوی (ع۔ مذ) جان نثار۔ نوکر۔ بندہ
فِدیہ (ع۔ مذ) نقد معاوضہ۔ خوں بہا ؛
فُرات (ع۔ مذ) عراق عرب میں ایک دریا کا نام ہے۔ جو دجلہ سے مل کر خلیج فارس میں گرتا ہے ؛
فَرّاٹا (ا۔ مذ) کسی چیز کے اُڑنے یا تیز چلنے کی آواز ؛
فَرّاٹے بھرنا (ل) جلدی جلدی پڑھنا۔ تیز چلنا۔ جھنڈے یا پھریرے کا ہوا میں لہرانا ؛
فَراخ (ف۔ ص) چوڑا۔ وسیع ؛
فراخ حَوصلہ (ف۔ ص) بڑے حوصلہ والا ؛
فَراخ دِل (ف۔ ص) بڑے دل والا سخی ؛
فَراخی (ف۔ مث) چوڑائی۔ وسعت فراخ دستی ؛
فَرار (ع۔ مذ) بھاگنا ؛
فَرار ہونا (ل) بھاگ جانا۔ پارہ سیماب
فَراری (ف۔ مث) روپوش۔ بھگوڑا۔
فَراز (ف از افرختن = بلند ہونا) مذ } بلندی۔ اونچائی ؛
فَراست (ع۔ مث) دانائی۔ سمجھ۔ تیز فہمی ؛
فَرّاش (ع۔ مذ) خادم جس کا کام فرش پر قالین وغیرہ بچھانا اور جھاڑ فانوس روشن کرتا ہوتا ہے۔
فَرّاش خانہ (ا۔ مذ) وہ کمرہ جس میں قالین اور خیمے وغیرہ دھرے

رہتے ہیں۔ توشے خانہ ۞

فَراشی پنکھا (ا۔ مذ) بڑا پنکھا۔ یہ دو قسم کا ہوتا ہے۔ ایک تو وہ جو مکان کی چھت میں لگایا جاتا ہے۔ دوسرا دستی جو کھڑے ہو کر دوسروں کو جھلتے ہیں ۞

فَراغَت (ع۔ مث) فرصت۔ رہائی۔ چھٹکارا۔ اطمینان ۞

فَراغت پانا (ا) فرصت ملنا۔ نجات پانا ۞

فِراق (ع۔ مذ) جُدائی ۞

فراک کوٹ (Frock Coat) (انگ۔ مذ) لمبا کوٹ ۞

فَراموش (ف۔ ص) بھولا ہوا۔ بھول ۞

فَراموشی (ف۔ مث) بھول جانا۔ سہو۔ خطا ۞

فَرامین (ع۔ مذ۔ ج) (واحد فرمان) احکام

فَرانس (France) (انگ۔ مذ) یورپ کا مشہور ملک ۞

فرانسیسی (ا۔ مذ) فرانس کا رہنے والا۔ فرانس کی زبان ۞

فِراواں (ف۔ ص) زیادہ۔ کثیر ۞

فِراوانی (ف۔ مث) کثرت۔ زیادتی بہتات ۞

فَراہَم (ف) اکٹھا۔ جمع ۞

فَراہم کرنا (ا) جمع کرنا۔ مہیا کرنا ۞

فَراہمی (ف۔ مث) جمع کرنا۔ مہیا کرنا۔ اکٹھا ۞

فَرائض (ع۔ مذ۔ ج) (واحد فرض)

فَربہ (ف۔ ص) موٹا ۞

فَربہ اَندام (ف۔ ص) بھاری جسم کا ۞

فَربہی (ف۔ ص) موٹاپا ۞

فَرتُوت (ف۔ ص) بہت بوڑھا۔ بے عقل ۞

فَرج (ع۔ مث) (۱) دو چیزوں کے بیچ کی کشادگی۔ رخنہ۔ شگاف۔ (۲) عورت کا اندام نہانی ۞

فَرجام (ف۔ مذ) انجام۔ خاتمہ۔ انتہا۔ عاقبت ۞

فَرحَت (ع۔ مث) خوشی۔ تازگی ۞

فَرحَت اَفزا (ف۔ ص) خوشی کو زیادہ کرنے والی یا والا ۞

فَرحَت بَخش (ف۔ص) خوشی بخشنے والی بات ٭

فَرُّخ (ف۔ص) مبارک ٭

فَرخار (ف۔مذ) (۱) ترکستان کے ایک شہر کا نام جو حُسن و خوبصورتی کے لئے مشہور ہے (۲) بُت خانہ ٭

فَرخُندَہ (ف۔ص) مبارک۔ مسعود ٭

فَرخُندَہ بَخت (ف۔ص) خوش نصیب نیک اختر ٭

فَرد (ع۔مذ) (۱) مذ۔ یکتا۔ ایک شعر ایک آدمی۔ کاغذ (افراد جمع)

فَردِ جُرم (ف۔مث) جرم کی تفصیل کا کاغذ ٭

فَردِ بَشَر (ع۔مذ) آدمی شخص۔ واحد ٭

فَردِ واحِد (ع۔مذ) ایک آدمی۔ بے مثال ٭

فَردا (ف۔مذ) کل (آئندہ) قیامت

فَرداً فَرداً (ع) ایک ایک۔ جُدا جُدا۔ الگ الگ ٭

فِردَوس (ع۔ف بہ ردوس) مذ باغ۔ بہشت ٭

فِردَوس آرامگاہ (ف۔ص) بہشت میں رہنے والا۔ وفات پانے کے بعد بادشاہ کو اس لقب سے یاد کیا جاتا ہے۔ آنجہانی ٭

فِردَوس مَکانی (ف۔ص) مرحوم بابر کا لقب بعد از وفات ٭

فِردَوس مَنزِلَت (ف۔مذ) مرحوم ٭

فِردَوسی (ف۔مذ) طوس کے مشہور شاعر کا نام جس نے شاہنامہ لکھا ہے ٭

فَرزانگی (ف۔مث) دانائی عقل ٭

فَرزانَہ (ف۔ص) عاقل حکیم۔ دانا ٭

فَرزَند (ف۔مذ) بیٹا۔ لڑکا ٭

فَرزَندِ اَرجمَند (ف۔مذ) لائق بیٹا ٭

فَرزِین (ف۔مذ) دانا۔ داخل شطرنج کا وزیر ٭

فَرَس (ع۔مذ) گھوڑا۔ سانپ ٭

فِرستادَہ (ف۔مذ) بھیجا ہوا۔ قاصد۔ ایلچی ٭

فَرسٹ (First) (انگ۔ص) اول۔ پہلا ٭

فَرسٹ ایڈ (First Aid انگ ۔ مث) بیمار کی وہ تیمار داری جو ڈاکٹر کے آنے سے پہلے کی جائے ؛
فَرسٹ کلاس (First class انگ ۔ ص) اول درجہ ۔ عمدہ ۔ ریل کا اول درجہ ؛
فَرسٹ گریڈ (First Grade انگ ۔ ص) عمدہ اول درجہ کا ؛
فَرسٹ ڈویژن (First Division انگ ۔ مث) درجہ اول ؛
فَرسَنگ (ف ۔ مذ) تین میل کی مسافت ۳ ½ کوس ؛
فَرسُودہ (ف ۔ ص) پرانا ۔ خراب ۔ بوسیدہ ؛
فَرش (ف ۔ مذ) غالیچہ ۔ بچھونا ۔ دری (مجازاً) زمین چونے سے پکی کی ہوئی زمین ؛
فَرش فَروش (ف ۔ مذ) بچھونا ۔ بستر
فَرشتگان (ف ۔ مذ ۔ ج) (واحد فرشتہ)
فَرشتوں کو خبر نہ ہونا (ل) بالکل بے خبر ہونا ؛
فَرِشتَہ (ف ۔ مذ) بھیجا ہوا ۔ نور سے پیدا شدہ مخلوق ۔ ملک ۔ ہاتف ؛
فَرشی (ف ۔ ص) فرش کے متعلق ؛
فَرشی سَلام (ف ۔ مذ) بہت جھک کر سلام کرنا ۔ نہایت تعظیمی سلام ؛
فُرصَت (ع ۔ مث) مہلت ۔ فراغت ؛
فُرصَت پانا (ل) وقت پانا ۔ مہلت پانا ؛
فَرض (ع ۔ مذ) ضروری امر ۔ ڈیوٹی ۔ حاکم کا حکم ۔ ذمہ داری ۔ (فرائض جمع)
فَرضِ عَین (ع ۔ مذ) ہر شخص کا ذاتی فرض ؛
فَرضِ کِفایَہ (ع ۔ مذ) وہ فرض جو جماعت یا کنبہ میں ایک شخص کے ادا کرنے سے سب کے سر سے اُتر جائے ؛
فَرضاً (ل) بالفرض ۔ فرض کیا ؛
فَرض ادا کرنا (ل) خدا کا حکم بجا لانا ۔ اپنی ڈیوٹی ادا کرنا ؛

فَرضِی (ف۔ص) بناوٹی۔ خیالی۔ ضروری ؛
فَرط (ع۔مث) زیادتی۔ کثرت ؛
فَرطِ محبت (ع۔مث) محبت کی زیادتی ؛
فَرع (ع۔مث) شاخ۔ ٹہنی۔ (فروع جمع)
فِرعَون (ع۔مذ) مصر کے قدیم بادشاہوں کا لقب خصوصاً وہ بادشاہ جو حضرت موسیٰؑ کے زمانے میں ہوا ہے۔ یہ بہت مغرور تھا۔ اور اپنے آپ کو خدا کہلواتا تھا۔ حضرت موسیٰؑ کے ساتھ مقابلہ ہوا آخرکار دریائے نیل میں غرق ہو کر مر گیا۔ (جمع فراعنہ)
فِرعَونِیّت (ع۔مث) غرور۔ گھمنڈ ؛
فَرغَانِی (ف۔ص) فرغانہ کی طرف منسوب جو وسط ایشیا میں ایک شہر تھا اور جہاں بابر پیدا ہوا تھا۔ اس علاقے میں ترکمان بستے ہیں ؛
فَرغُل (ع (ف۔ فرکل) مذ۔مث) روئی دار دلیا۔ روئی بھرا ہوا چوغہ ؛
فَرفَر (ا) جلدی جلدی ؛
فَرق (ع۔مذ) فاصلہ۔ اختلاف۔ تمیز جدائی (فروق جمع)
فُرقَان (ع۔مذ) قرآن شریف ؛
فُرقَت (ع۔مث) جدائی۔ بے خبر ؛
فُرقَت زَدَہ (ف۔ص) جدائی کا مارا۔ مہجور ؛
فِرقَہ (ع۔مذ) گروہ۔ جماعت۔ فریق (فرق جمع)
فَرلَانگ (Furlong) (انگ۔مذ) میل کا آٹھواں حصہ۔
فَرلو (Furlough) (انگ۔مث) لمبی رعایتی رخصت ؛
فَرم (Firm) (انگ۔مث) کوٹھی۔ تجارت۔ کارخانہ ؛
فَرمَان (ف۔مذ) حکم (فرامین جمع)
فَرمَانبَردَار (ف۔ص) تابع۔ نوکر۔ غلام ؛
فَرمَاں پَذِیر (ف۔ص) حکم قبول کرنے والے۔ رعایا ؛

فَرمَانرَوا (ف۔ مذ) حاکم۔ بادشاہ ؛
فَرمَانروائی (ف۔ مث) بادشاہی۔ حکومت ؛
فَرمَائِش (ف۔ مث) کسی کام کے لئے کہنا۔ طلب۔ آرڈر ؛
فَرمَائِشی (ف۔ ص) کہہ کر منگوائی یا بنوائی ہوئی چیز (مجاز) اچھی، عمدہ (ا۔ مث) جوتی۔ مضبوط جوتی جو سائی دے کر بنوائی گئی ہو ؛
فَرمَائِشی پڑنا۔ جوتیاں پڑنا ؛
فَرمَائِشی قہقہہ (ا۔ مذ) زور کا قہقہہ جسے سب سُن کر متاثر ہوں ؛
فَرمَائِشی لگانا۔ مضبوط جوتی سے مارنا۔ خوب جوتا کاری کرنا ؛
فَرنٹ (Front) (انگ۔ ص) مخالفت۔ سامنے ہونا ؛
فَرنٹ ہوجانا (ا) بگڑ جانا۔ ناراض ہوجانا۔ ناراض ہوکر بھاگ جانا۔
فَرنِش (French) (انگ۔ ص) فرانس کا باشندہ یا زبان
فَرنگ (ف۔ مذ) انگریز ؛

فَرنگِستان (ف۔ مذ) یورپ۔ ولایت ؛
فرنگی (ف۔ مذ) یوروپین۔ انگریز ؛
فِرنِی (ف۔ مث) دودھ اور چاولوں کے آٹے سے بنائی ہوئی کھیر ؛
فَرنیچر (Furniture) (انگ۔ مذ) سامانِ آرائش۔ میز کرسیاں ؛
فرنیچر ہَوس (Furniture House) (انگ۔ مذ) فرنیچر کی دکان ؛
فِرو (ف) نیچے۔ کم ؛
فِروتنی (ف۔ مث) عاجزی۔ انکساری۔
فِرو کرنا (ا) کم کرنا۔ دبانا۔ بجھانا ؛
فِرومَایہ (ف۔ ص) کمینہ۔ کم ظرف ؛
فِرو ہونا (ا) کم ہونا ؛
فُروٹ (Fruit) (انگ۔ مذ) میوہ۔ پھل ؛
فُروٹ سَالٹ (Fruit Salt) (انگ۔ مذ) ایک انگریزی مرکب جو جلاب کا کام دیتا ہے ؛

فروخت (ف ۔ مث) بکری ۔ خرید کا تصفیہ ؛

فروخت کرنا (ا) بیچنا ؛

فرود (ف) (۱) نیچے ۔ زیر ۔ پائیں (۲) (اسم ۔ مذ) اتراؤ ۔ ٹھیراؤ ۔ بسیرا ؛

فرودگاہ (ف ۔ مث) قیام گاہ ۔ ڈیرہ ؛

فروری (ا ۔ مذ) انگریزی سال کا دوسرا مہینہ ؛

فروش (ف ۔ لاحقہ) بیچنے والا ؛

فروشندہ (ف ۔ مذ) بیچنے والا ؛

فروع (ع ۔ مث) (واحد فرع) شاخیں

فروغ (ف ۔ مذ) روشنی ۔ چمک ۔ رونق ۔

فروکش ہونا (ا) اترنا ۔ مقام کرنا ؛

فروگذاشت (ف ۔ مث) سہو ۔ بھول ۔ کمی ؛

فروماندگی (ف ۔ مث) عاجزی ۔ مفلسی ۔

فروماندہ (ف ۔ ص) عاجز ۔ مفلس ۔ کمزور

فرہاد (ف ۔ مذ) ایک مشہور عاشق کا نام ہے ؛

فرہنگ (ف ۔ مث) دانائی ۔ لغات ؛

فری (انگ ۔ ص) آزاد ۔ مفت ؛

فریاد (ف ۔ مث) (۱) داد یلا ۔ دہائی ۔ آہ و نالہ (۲) نالش ۔ داد خواہی ۔ استغاثہ ؛

فریادرس (ف ۔ مذ) فریاد کو پہنچنے والا

فریادرسی (ف ۔ مث) انصاف کرنا ۔

فریادی (ف ۔ مذ) فریاد کرنے والا ۔

فریب (ف ۔ مذ) دھوکا ؛

فریب دہی (ف ۔ مث) دھوکا دینا

فریبی (ف ۔ مذ) دھوکا دینے والا ؛

فرید (ع ۔ ص) بے مثال ۔ لاثانی ؛

فریدوں (ف ۔ مذ) ایران کے ایک مشہور قدیم بادشاہ کا نام ہے جو ۷۵۰ء ق ۔ م میں ہوا ہے ۔ جو ضحاک کو ہلاک کر کے تخت نشین ہوا ؛

فریفتہ (ف ۔ ص) عاشق ۔ شیدا ؛

فریق (ع ۔ مذ) گروہ ۔ جماعت ۔ فرقہ ۔

فریقین (ع ۔ مذ ۔ تثنیہ) دونوں فریق دونوں گروہ یعنی مدعی اور مدعا علیہ (واحد فریق) ؛

فریم (Frame) (انگ - مذ) تصویر یا نقشے کا چوکھٹا ؛

فزیکل اِنسٹرکٹر (Physical Instructor) (انگ - مذ) جسمانی تربیت دینے والا ؛

فزیکل ٹریننگ (Physical Training) (انگ - مث) تربیت جسمانی ؛

فزکس (Physics) (انگ - مث) علم سائنس کی ایک شاخ جس میں ہوا برق کہربائی طاقت وغیرہ سے بحث ہوتی ہے۔ (دیکھو طبعیات)

فزوں (ف - ص) زیادہ بڑھا ہوا ؛

فزیالوجی (انگ - مث) علم تشریح الابدان - انسانی بدن کی ساخت کا علم (Physiology)

(ف - س - ش - ص)

فساد (ع - مذ) جھگڑا - لڑائی ؛

فسادی (ف - ص) شریر - فتنہ انگیز ؛

فسانہ (ف - مذ) بناوٹی قصہ۔

فسخ (ع - مذ) توڑنا - منسوخ کرنا ؛

فسق (ع - مذ) بدکاری - گناہ ؛

فسق و فجور (ع - مذ) گناہ - بدکاری ؛

فسوں (ف - مذ) جادو - منتر ؛

فسوں ساز (ف - مذ) جادوگر - معشوق

فسیح (ع - ص) فراخ - وسیع - لمبا چوڑا ؛

فشار (ف) قبر کی تنگی - ایک حالت جس میں گنہگار مردے کو قبر چاروں طرف سے دباتی ہے اور نیک کو آہستگی سے بھینچتی ہے ؛

فشاں (ف - مذ) چھڑکنے والا - چھڑکنے کا آلہ (مرکبات کے ساتھ آتا ہے، جیسے برق فشاں) ؛

فشردہ (ف - مذ) نچوڑا ہوا ؛

فصاحت (ع - مث) خوش بیانی ؛

فصاد (ع - مث) فصد کھولنے والا۔ جراح ؛

فصحا (ع - مذ - ج) (واحد فصیح)

فصد (ع - مث) رگ سے خون نکالنا۔

فَصد لینا (یا) کھلوانا (ف) رگ سے خون نکلوانا ؛

فَصل (ع - مث) موسم - رُت - کتاب کا حصہ - پیداوار - اناج ؛

فَصلِ بہار (ف - مث) بہار کا موسم پھولوں کا موسم ؛

فَصلِ خریف (ع - مث) ساونی - یہ فصل اساڑھ سے ماگھ تک جاری کی جاتی ہے ؛

فَصلِ ربیع (ع - مث) اساڑھی - یہ فصل پوس سے جیٹھ تک رہتی ہے ؛

فُصول (ع - مث) ج) (واحد فصل)

فَصیح (ع - ص) خوش بیان (فصحا جمع)

فَصیل (ع - مث) شہر پناہ - چار دیواری

(ف - ض - ط)

فَضا (ع - مث) وسعت - کشادگی - بہار - رونق ؛

فَضائل (ع - مذ - ج) (واحد فضیلت) خوبیاں - کمالات ؛

فَضل (ع - مذ) خوبی - ہنر - لیاقت - (افضال جمع) ؛

فُضَلا (ع - مذ - ج) (واحد فاضل)

فُضلہ (ع - مذ) بچا ہوا جھوٹا کھانا - بول و براز ؛

فُضُول (ع - ص) زیادہ - کثیر - بے فائدہ

فُضُول خرچ (ف - ص) زیادہ اور بے فائدہ خرچ کرنے والا ؛

فُضُول خرچی (ف - مث) زیادہ خرچ کرنا - اسراف - بے موقع خرچ -

فُضُول گو (ف - ص) بکواسی ؛

فَضیحت (ع - مث) ذلت - رسوائی - دھتکار ؛

فَضیحتی کرنا (ف) بدنامی کرنا - رسوائی کرنا

فَضیلت (ع - مث) بزرگی - کمال - ہنر ؛

فَطانت (ع - مث) دانائی - ہوشیاری

فِطرت (ع - مث) پیدائش - خمیر - اصل ؛

فِطرۃً (ع) قدرتاً - طبعاً ؛

فِطرتی (ع - ص) قدرتی - پیدائشی - اصلی شوخ - چالاک ؛

فِطرہ (ع - ص) رمضان کی عید کا صدقہ ؛

(ف - ع)

(ف - ع - غ - ف)

فِعل (ع - مذ) (۱) کام۔ عمل (۲) وہ کلمہ جس کے معنوں میں تینوں زمانوں میں سے کوئی پایا جائے (۱ - مذ) (۱) کوتک۔ لچھن۔ کرتوت۔ حرکتِ بد (۲) حیلہ۔ بہانہ۔ ہا کھنڈ (ان معنوں میں اس کا تلفظ فیل ہی) (۳) بدفعلی۔ زنا۔ لواطت۔ مباشرت (افعال جمع)

فِعلِ ناجائز (ع - ص) وہ فعل جو مذہباً درست نہ ہو ؛

فِعلِ ناشائستہ (ع - مذ) بُرا فعل۔ ناپسندیدہ کام ؛

فِعلاً (ع) فعل کے لحاظ سے ؛

فِعل لانا (یا مچانا) (تلفظ فیل) (۱) جھگڑا کرنا (۲) دھاندلی یا بے ایمانی کرنا (۳) مچلنا۔ بپھرنا۔ سرکشی کرنا (۴) ہٹ کرنا۔ اصرار کرنا (۵) مکر کرنا ؛

فُغاں (ف - مذ) فریاد۔ آہ و زاری شور ؛

فَغفُور (ف - مذ - فغ = بُت، فور = بیٹا) چین کے بادشاہوں کا لقب ؛

فَفِرُو ہونا (۱) ہوا ہونا۔ رفوچکر ہونا

(ف - ق)

فَق (۱ - ص) خوف کے مارے چہرے کا رنگ اُڑنا ؛

فَق ہونا (۱) چہرے کا رنگ اُڑنا ؛

فُقدان (ع - مذ) گم ہونا۔ کھویا جانا ؛

فَقر (ع - مذ) دوراندیشی۔ فقیری ؛

فَقر و فاقہ (ع - مذ) تنگی۔ ترشی۔ مفلسی ؛

فُقرا (ع - مذ - ج) واحد فقیر۔ درویش ؛

فِقرہ (ع - مذ) عبارت کا ٹکڑا ؛

فِقرہ بتانا (۱) دم دینا۔ دھوکا دینا

فِقرہ چلنا (۱) جھوٹی بات کا کارگر ہونا ؛

فَقَط (ع - ف = پس، قط - کاٹنا) محض۔ بس۔ صرف ؛

فِقہ (ع - مث) سمجھ۔ علم۔ علم دین ؛

فُقہا (ع - مذ - ج) (واحد فقیہہ) ؛

فَقِیر (ع۔ مذ) درویش۔ گدا۔ غریب۔ (فقراء جمع)

فَقِیرانَہ (ف) فقیروں کی طرح۔ غریبانہ ؛

فَقِیری (ع۔ مث) درویشی۔ گدائی ؛

فَقِیہ (ع۔مذ) علم فقہ جاننے والا۔ فاضل۔ (فقہاء جمع)

(ف۔ک۔گ۔ل)

فَک (ع۔ مث) علیحدہ کرنا۔ توڑنا۔ چھوڑنا۔

فَکّ الرَّہن (ع۔ مذ) رہن رکھی ہوئی چیز کو چھڑانا ؛

فِکر (ع۔ مذ مث) سوچ۔ غور۔ اندیشہ۔ ڈر۔ (اذکار جمع)

فِکرِ مَعاش (ع۔ مذ) روزی کا فکر۔ روٹی کا خیال ؛

فِکرمَند (ف۔ص) سوچ میں۔ غمگین۔ اداس ؛

فِکرمَندی (ف۔ مث) سوچ۔ خیال۔ اندیشہ ؛

فِکس (Fix) (انگ۔ص) گاڑنا۔ مقررہ۔ فیصلہ شدہ ؛

فِگار (ف۔ص) زخمی۔ گھائل ؛

فَلاح (ع۔مث) آسودگی۔ بھلائی۔ خوبی۔

فَلّاح (ع۔ مذ) کاشتکار۔ زمیندار ؛

فَلاحَت (ع۔ مث) زراعت۔ کھیتی باڑی ؛

فَلاخَن فَلاخَنگ (ع۔ ف۔ (فلاخان کا مخفف) مذ) پتھر یا ڈھیلا پھینکنے کا آلہ۔ جسے رسّی سے گھماتے ہیں۔ گوپیا ؛

فَلاسُفَر (Philosopher) (انگ۔ مذ) علم فلسفہ جاننے والا۔ عقلمند ؛

فَلاسِفَہ (ع۔ مذ۔ ج) (واحد فلسفی)

فَلاسک (Flask) (انگ۔ مث) شیشے کی صراحی۔ جس میں پانی وغیرہ ڈال کر گرم کرتے یا تجربہ کرتے ہیں ؛

فَلاطُون (ی۔ مذ) یونان کے ایک مشہور حکیم کا نام ہے ؛

فَلاکَت (ع۔ مث) افلاس۔ تنگدستی ؛

فَلاکَت زَدَہ (ف۔ص) مصیبت کا مارا

مار ایدبخت ‫:‬

فَلالَین (انگ۔ Flannel) (مث) ایک قسم کا نرم اور گرم کپڑا ‫:‬

فُلاں (ع۔ مذ) کوئی۔ کسی ‫:‬

فُلانا (ع۔ مذ) وہ آدمی ‫:‬

فلائِنگ کلَب (Flying Club) (انگ۔ مث) (جلسہ) وہ مجلس جس کے ارکان ہوائی جہاز والے ہوں۔ مجلس پرواز۔

فِلٹر (Filter) (انگ۔ مذ) چھان کر پانی صاف کرنے کا آلہ ‫:‬

فِلٹر پیپر (Filter Paper) (انگ۔ مذ) فلٹر کرنے کا کاغذ ‫:‬

فِلِزّات (ع۔ مث۔ ج) پگھلنے والی دھاتیں (واحد فلز)

فَلس (ع۔ مذ) پیسہ (۲) مچھلی کا چھِلکا ‫:‬

فَلسَفہ (ع۔ مذ) حکمت۔ دانائی۔ موجودات کا علم ‫:‬

فَلسَفی (ع۔ مذ) فلسفہ جاننے والا۔ (فلاسفہ جمع) ‫:‬

فُلسکیپ (Foolscap) (انگ۔ مذ) ایک قسم کا خاص ولایتی کاغذ جو عموماً ۱۳ انچ لمبا اور ۸½ انچ چوڑا ہوتا ہے

فِلفِل (ع۔ مث) کالی مرچ ‫:‬

فَلَک (ع۔ مذ) آسمان ‫:‬

فَلَک پر چڑھانا (ف) بہت تعریف کرنا ‫:‬

فَلَکی (ع۔ ص) آسمانی (ماہر علم ہیئت

فِلم (Film) (انگ۔ مث) کسی قصہ کے متعلق بے شمار تصاویر کا باریک فیتہ جو سنیما میں دکھائی جاتی ہیں ‫:‬

فُلُوس (ع۔ مذ۔ ج) (واحد فلس)

فِلیتہ (صحیح لفظ فتیلہ ہے) ‫:‬

(ف ۔ م ۔ ن ۔ و)

فَم (ع۔ مذ) منہ۔ مکھ (افواہ جمع)

فمی بِشُوق (ع) قرآن مجید کی مندرجہ ذیل سات منزلیں :۔

(۱) سورۂ فاتحہ سے شروع ہوتی ہے (ف)

(۲) سورۂ

(۲) سورۂ مائدہ سے شروع ہوتی ہے (م)
(۳) سورۂ یونس سے شروع ہوتی ہے (ی)
(۴) سورۂ بنی اسرائیل سے شروع ہوتی ہے (ب)
(۵) سورۂ شعراء سے شروع ہوتی ہے (ش)
(۶) سورۂ والصافات سے شروع ہوتی ہے (و)
(۷) سورۂ ق سے شروع ہوتی ہے (ق)

فَن (ع۔مذ) ہنر۔ گن۔ مکر (فنون جمع)

فَنِ تعمیر (ع۔مذ) عمارت بنانے کا ہنر ؛

فَنِ جرّاحی (ع۔مذ) چیرنے پھاڑنے کا علم ؛

فَنِ حرب (ع۔مذ) لڑائی کا علم ؛

فَنا (ع۔مث) نیستی۔ موت۔ نیست ؛

فَنا فی اللہ (ع۔مذ) خدا کی ذات میں فنا ہو جانا ؛

فِنانس (Finance) (انگ۔مذ) آمدنی۔ خزانہ ؛

فِنانس کمیٹی (Finance Committee) (انگ۔مث) وہ کمیٹی جو مالیات کا انتظام یا دیکھ بھال کرے یا مالیات کے متعلق تجاویز پیش کرے یا پیش کردہ تجاویز پر غور کرے ؛

فِنانشل (Financial) (انگ۔ص) صیغہ مال۔ آمدنی کے متعلق ؛

فُندُق (ع۔مذ) بیر کی طرح کا سرخ رنگ کا میوہ۔ معشوق کے پاؤں کی انگلی کا مہندی لگا ہوا سرا ؛

فَنڈ (Fund) (انگ۔مذ) سرمایہ۔ جمع۔ پونجی ؛

فُنون (ع۔مذ۔ج) (واحد فن) ؛

فوّارہ (ع۔مذ) پچکاری۔ پھوہارا ؛

فَواکِہ (ع۔مذ۔ج) (واحد فاکہ) میوہ جات ؛

فَوائد (ع۔مذ۔ج) (واحد فائدہ) ؛

فَوت (ع۔مث) موت۔ انتقال۔ نیست ہونا ؛

فَوت ہونا (ل) مرنا۔ گم ہونا۔ انتقال ہونا ؛

فَوٹو (Photo) (انگ۔مذ) تصویر۔ عکسی تصویر ؛

فَوٹوگرافر (Photographer) (انگ۔مذ)

(انگ۔مذ) تصویر لینے والا۔ بنانے والا۔ عکاس ؛

فوٹوگرافی (Photography) (انگ۔مذ) تصویر لینے کا فن۔ عکاسی ؛

فوج (ع۔ف۔مث) گروہ۔ لشکر۔ سپاہ (افواج جمع)

فوجداری (ف۔مث) وہ عدالت جس میں لڑائی جھگڑے، خون اور فساد وغیرہ کے مقدمات فیصل ہوں۔

فوج کشی (ف۔مث) سپاہ لے کر چڑھائی کرنا ؛

فوجی (ف۔ص) فوج کا۔ جنگی سپاہی

فوجی کیمپ (انگ۔مذ) وہ پڑاؤ جہاں فوج نے ڈیرے ڈالے ہوئے ہوں ؛

فوراً (ع) اسی وقت۔ جلدی ؛

فورٹ (Fort) (انگ۔مذ) قلعہ۔ گڑھ ؛

فورڈیپ (Four deep) (انگ۔ص) چار چار آدمیوں کی قطار ؛

فوق (ع۔ص) اوپر۔ پر۔ زیادہ ؛

فوق العادت (ع) عادت سے بڑھ کر۔ غیر معمولی ؛

فوقانی (ع۔ص) اوپر کا۔ بالائی ؛

فوقیت (ع۔مث) بڑائی۔ برتری۔ بزرگی ؛

فول (Fool) (انگ۔ص) بیوقوف۔ احمق ؛

فولاد (ف۔مذ) اعلیٰ قسم کا لوہا۔ مضبوط

فولادی (ف۔ص) فولاد کا بنا ہوا۔ مضبوط ؛

فونوگراف (Phonograph) (انگ۔مذ) آواز کو دہرانے والا باجہ۔ گراموفون ؛

(ف - ہ - ی)

فہرست (ف۔مث) چیزوں یا ناموں کی تفصیل۔ لسٹ ؛

فہم (ع۔مذ) سمجھ۔ عقل۔ دانائی ؛

فَہمائِش (ف۔مث) ہدایت سمجھانا ؛
فَہمیدَہ (ف۔ص) سمجھدار۔ ہوشیار ؛
فَہیم (ع۔ص) سمجھدار۔ ہوشیار ؛
فِی (ع۔حرف) میں۔ ہر ایک ؛
فِی البَدِیہَہ فی الفور۔ برمحل۔ کوئی شعر یا کہاوت وغیرہ کہنا ؛
فِی الجُملَہ (ع) القصہ۔ مختصر ؛
فِی الحَال (ع) اس وقت۔ ابھی ؛
فِی الحَقِیقَت (ع) اصل میں ؛
فِی الفَور (ع) اسی وقت۔ فوراً ؛
فِی المَثَل (ع) کہاوت کے طور پر۔ تمثیلاً ؛
فِی الوَاقِع (ع) درحقیقت۔ واقعی ؛
فِی اَمَانِ اللّٰہ (ع) اللہ کے حوالے ؛
فِی زَمَانَہ (ع) آج کل ؛
فِی سَبِیلِ اللّٰہ (ع) اللہ کے راستے میں ؛
فِی صَدِی (ف) فی سینکڑا ؛
فِی نَفسِہٖ (ع) اپنی ذات میں۔ خود۔ بذاتِ خود ؛
فَیَّاض (ع۔ص) بہت سخی ؛
فَیَّاضی (ع۔مث) سخاوت ؛

فیڈریشن (Federation) (انگ۔مث) وفاقی حکومت۔ ایسی حکومت جس میں تمام شرکاء مساویانہ حیثیت سے شامل ہوں
فیڈرال گورنمنٹ (Federal Government) وہ حکومت جس میں مختلف ریاستیں یا صوبے اندرونی معاملات میں خودمختار مگر بیرونی معاملات میں مرکزی حکومت کے ماتحت ہوں۔
فیر کرنا (ہ) بندوق چلانا۔ گولی چلانا۔
فیروزہ (ف۔مذ) ایک سبز اور نیلگوں رنگ کا پتھر ؛
فیس Fees (انگ۔مث ج) (اردو میں واحد مستعمل ہے)۔ محنتانہ۔ اجرت ؛
فیس کورٹ Court Fees (انگ۔مث) عدالت کا ٹکٹ جو درخواست پر لگاتے ہیں ؛
فیس منی آرڈر (انگ۔مث)

(Money Order Fee)
(انگ۔ مث) وہ فیس جو منی آرڈر
بھیجنے پر ڈاک خانہ میں ادا کی
جاتی ہے ؛
فَیشن (Fashion)
(انگ۔ مذ) طرز۔ ڈھنگ۔ رواج
فَیصَل کرنا (ف) مقدمہ طے کرنا۔
فیصلہ کرنا ؛
فَیصلَہ (ع۔ مذ) نتیجہ۔ مقدمے کا خاتمہ
فَیض (ع۔ مذ) بخشش۔ نفع۔ نیکی۔
(فیوض جمع) ؛
فَیض رَساں (ف۔ ص) فائدہ
پہنچانے والا ؛
فَیضِ عَام (ع۔ مذ) عام مہربانی۔
عام سخاوت ؛
فَیضِی (ع۔ مذ) اکبر کے زمانے کے
مشہور شاعر ابوالفیض کا تخلص
فَیکٹری (Factory)
(انگ۔ مث) کارخانہ۔ کارگاہ۔ وہ
جگہ جہاں مزدور کام کرتے ہوں ؛
فَیل (Fail) (انگ۔ مذ)
ناکامیاب ناکام
فِیل (ف۔ مذ) ہاتھی (افیال جمع) ؛
فِیلبَان (ف۔ مذ) مہاوت ؛
فِیل خَانہ (ف۔ مذ) ہاتھیوں کا طویلہ۔
فِیل (ع) (فعل = کام) (مذ) مکر،
فریب۔ بہانہ ؛
فَیل مچانا (ف) مکاری کرنا۔ دھوکہ
کرنا۔ حیلہ کرنا۔ ہٹ کرنا۔ مچلنا۔
فَیل کرنا (ف) مکر کرنا۔ فریب کرنا ؛
فَیل لانا (ف) (۱) جھگڑا کرنا۔ فساد کرنا
(۲) بے ایمانی یا شرارت کرنا (۳)
ہٹ کرنا۔ اصرار کرنا۔ مچلنا ؛
فَیلسُوف (ع۔ مذ) دانشمند۔ حکیم ؛
فَیلو (Fello) (انگ۔ مذ)
یونیورسٹی کا ممبر ؛
فَیملی (Family)
(انگ۔ مذ) خاندان
فَیملیئر (Familiar)
(انگ۔ مذ) آشنا۔ واقف کار ؛
فِینَائل (Phenyl)
(انگ۔ مث) ایک قسم کا سیاہ

رنگ کا جراثیم کُش سیال ؛

فَینسی (Fancy) (انگ - ص) نفیس - عمدہ ؛

فیوڈل سسٹم (Feudal System) (انگ - مذ) وہ نظامِ حکومت جس میں بادشاہ کے ماتحت اُمرا ہوتے ہیں اور امرا کے ماتحت کاشتکار اور زمیندار ؛

فیور (Fever) (انگ - مذ) بخار - تپ - حمّی ؛

ق

(ق - ا)

قَار (ا - مذ) کوّے کی آواز - کائیں کائیں ۔

قَاآن (ت - مذ) شہنشاہِ چین کا لقب چنگیز خاں کے بیٹے کا نام ؛

قَاب (ت - مث) چینی کی رکابی ؛

قَابَ قَوسَین (ع - مذ) دو کمان کا فاصلہ - نہایت قریب ؛

قَابِض (ع - مذ) قبضہ کرنے والا - قبضے میں رکھے ہوئے (صف) قبض کرنے والی شے ؛

قَابِل (ع - ص) لائق - ہوشیار - مناسب

قَابِلِ اَدا (ع - ص) واجب الادا ؛

قَابِلِ اعتبار (ع - ص) اعتماد کے لائق ؛

قَابِلِ تعلیم (ف - ص) وہ بچے جو قانوناً مدرسے میں داخل ہو کر تعلیم پانے کے لائق عمر کے ہو گئے ہوں ؛

قَابِلِ دِید (ف - ص) دیکھنے کے لائق - عمدہ ؛

قَابِلِ ذِکر (ع - ص) ذکر کرنے کے لائق - اچھی بات ؛

قَابِلِ سَمَاعَت (ع-ص) سننے کے لائق - توجہ کے قابل ؛
قَابِلِ غَور (ع-ص) سوچنے کے لائق -
قَابِلِ قَدر (ع-ص) قابل عزت - لائق
قَابِلِ نِکَاح (ع-ص) بالغ - شادی کے لائق ؛
قَابِلَہ (ع-مث) لائق عورت - بچہ جنانے والی عورت - دائی ؛
قَابِلِیَّت (ع-مث) لیاقت - استعداد - سمجھ ؛
قَابُو (ت-مذ) زور - طاقت - اختیار -
قَابُو پَانَا (د) اختیار پانا ؛
قَابُو چَڑھنَا (د) بس میں آنا - ہتے چڑھنا -
قَابُو میں آنَا - بس میں آنا ؛
قَابُو ہونَا (د) قبضہ ہونا - بس ہونا -
قَابِیل (عبرانی-مذ) حضرت آدمؑ کے بڑے بیٹے کا نام جس نے اپنے بھائی ہابیل کو قتل کیا تھا یہ دنیا میں پہلا قتل تھا ؛
قَاتِل (ع-مذ) قتل کرنے والا جلاد خونی -

قَاجَار (ت) قراجار نویان یعنی شہزادہ - قراجار جو ہلاکو خاں کے پوتے ارغون خاں کا اتالیق اور بڑا کثیرالاولاد شخص تھا (مذ) ایران کا شاہی خاندان جس کا آخری بادشاہ ناصرالدین قاجار تھا - چند سال ہوئے کہ وہ معزول کر دیئے گئے اور اُن کی جگہ رضا شاہ پہلوی تخت نشین ہوئے ؛
قَادِر (ع-ص) قدرت رکھنے والا - غالب - خدا کا نام ؛
قَادِرِ مُطلَق (ع-مذ) پوری پوری قدرت والا - خدا تعالےٰ ؛
قَادِری (ع-مذ) (۱) فقرا اور درویشوں کے ایک سلسلے کا نام ہے جو حضرت عبدالقادر گیلانیؒ کی طرف منسوب ہے (مث) ایک قسم کا سینہ بند جس کا قلعے کی بیگمات میں رواج تھا ؛
قَارُورَہ (ع-مذ) (۱) وہ شیشی جس میں پیشاب بھر کر حکیم کو دکھاتے ہیں (۲) (مجازاً) پیشاب - بول ؛

قَارُورَہ مِلْنا (ا) طبیعت ملنا۔ موافقت ہونا ؛

قَارُون (ع۔ مذ) حضرت موسیٰؑ کے چچازاد بھائی کا نام ہے جو بڑا دولتمند مگر بخیل تھا (مجازاً) بخیل۔

قَارِی (ع۔ مذ) قرآن سے پڑھنے والا (قُرّاء جمع)

قَاز (ت۔ مذ) کونج۔ راج ہنس ؛

قَاسِم (ع۔ مذ) تقسیم کرنے والا ؛

قَاشُ (ت۔ مث) پھانک ؛

قَاصِد (ع۔ مذ) پیغام لانیوالا۔ ایلچی۔

قَاصِر (ع۔ ص) کمی کرنے والا۔ کسر چھوڑ دینے والا۔ ناقابل۔ قصور کرنیوالا۔

قَاضِی (ع۔ مذ) حکم کرنے والا۔ جج۔ منصف (قضاۃ جمع) نکاح خواں

قَاضِیُ الحَاجَات (ع۔ مذ) حاجت روا خداتعالیٰ (مجازاً) روپیہ دولت ؛

قَاضِیُ القُضَاۃ (ع۔ مذ) بڑا قاضی چیف جج ؛

قَاطِع (ع۔ ص) کاٹنے والا۔ دو خط جو دوسرے خط کو کاٹے

قَاعِدَہ (ع۔ مذ) (ا) بنیاد۔ دستور رواج۔ مثلث وغیرہ اشکال کا نچلا ضلع (قواعد جمع) (۲۔ مذ) بچوں کو حروف تہجی اور ابتدائی مرکبات سکھانے کی کتاب ؛

قَاعِدَہ کُلِّیَہ (ع۔ مذ) عام قاعدہ جو تمام جزئیات پر حاوی ہو ؛

قَاف (ع۔ مذ) ایک پہاڑ کا نام ہے کہتے ہیں کہ یہاں پریاں رہتی ہیں اصل میں یہ پہاڑ قفقاز کے علاقے میں ہے۔ اور اس علاقے کے لوگ بہت خوبصورت ہوتے ہیں

قَافِلَہ (ع۔ مذ) گروہ۔ کارواں ؛

قَافِلَہ سَالار (ف۔ مذ) گروہ کا سردار

قَافِیَہ (ع۔ مذ) شعر میں ردیف سے پہلا ٹکڑا (قوافی جمع)

قَافِیَہ بَندی (ف۔ مث) تُک بندی۔

قَافِیَہ پیمَائی (ف۔ مث) صرف قافیہ جوڑنا اور مضمون کا خیال نہ کرنا۔

قَافِیَہ تنگ کرنا (ا) عاجز کرنا حیران

پریشان ہونا ؛
قافیہ تنگ ہونا (ل) عاجز ہونا ۔
خفا ہونا ؛
قافیہ بلانا (ل) تُک سے تُک جوڑنا ۔
یارانہ کرنا ؛
قاق (ت ۔ مذ) دُبلا ۔ کمزور ۔ کانٹا ؛
قاق شال (ت ۔ مذ) ترکوں کے ایک
قبیلے کا نام ہے ؛
قاقُم (ف ۔ مذ) ایک قسم کا نیولا ۔ جس کی
کھال گرم ہوتی ہے ۔ امیر لوگ
اس کی پوستین پہنتے ہیں ؛
قال (ع ۔ مذ) گفتگو ۔ بات چیت ؛
قالِب (ع ۔ مذ) ڈھانچہ ۔ پنجر ؛
قالِب بدلنا (ل) دوسرا جسم اختیار
کرنا ۔ چولا بدلنا ؛
قالین (ت ۔ مذ) غالیچہ ۔ فرش نشیں ۔
قامَت (ع ۔ مذ) قد ؛
قانِع (ع ۔ ص) قناعت کرنیوالا ۔ صابر ؛
قانون (ع ۔ مذ) قاعدہ ۔ دستور ۔ ضابطہ
(قوانین جمع)
قانون چھانٹنا (ل) خواہ مخواہ حجت
نکالنا ؛
قانون داں (ف ۔ مذ) قانون جاننے
والا ۔ وکیل ؛
قانون دانی (ف ۔ مث) قانونی واقفیت
قانون انتقالِ اراضی (ل ۔ مذ) قانون
جس کی رُو سے کاشت کی اراضی
زراعت پیشہ لوگوں کے سوا اور
کسی کے ہاتھ بیچنا منع ہے ۔
قانونگو (ف ۔ مذ) پٹواریوں کا افسر ؛
قانوناً (ع) قانون کی رُو سے ؛
قانونی (ل) قانون جاننے والا ۔ جھگڑالو
قانونی کارروائی ۔ عدالتی کارروائی ۔
قانون کے مطابق کارروائی ؛
قاہِر (ع ۔ ص) قہر کرنے والا ۔ زبردست
قاہِرہ (ع ۔ مذ) مصر کا صدر مقام غالبہ
قائد (ع) (قیادت ۔ رہنمائی کرنا) مذ }
رہنما ۔ آگے آگے چلنے والا ؛
قائل (ع ۔ ص) کہنے والا ۔ اپنا قصور
ماننے والا ۔ ہار ماننے والا ؛
قائل کرنا (ل) لاجواب کرنا ۔ منوانا ؛
قائل ہونا (ل) مان لینا ۔ تسلیم کرنا ؛

قائم (ع-ص) کھڑا رہنے والا۔ مضبوط
مقرر ؛
قائم بالذات (ع-ص) جو چیز خود
قائم ہو۔ خدا تعالےٰ ؛
قائم مقام (ع-مذ) عوضی۔ نائب ؛
قبا (ع-مث) ایک قسم کا اچکن یا کوٹ
جس کا دامن طویل اور گلا کھلا
ہوتا ہے۔ ؛
قباحت (ع-مث) خرابی۔ دِقّت۔ مشکل
قبالہ (ع-مذ) تمسک۔ ملکیت کی سند
قبائل (ع-مذ-ج از واحد قبیلہ) ؛
قبچاقی (ت-ص) قبچاق کی طرف منسوب
جو توران اور ترکستان کے درمیان
ایک صحرا ہے۔ یہاں کے
باشندے بہت بے رحم ہوتے
ہیں (مجازاً) بے باک ؛
قبیح (ع-مذ) برائی عیب (قبائح جمع)
قبر (ع-مث) گور۔ تربت۔ مزار (قبور جمع)
قبر میں پاؤں لٹکائے بیٹھنا
(۱) مرنے کے قریب۔ نہایت
بڈھا ہونا ؛

قبرستان (ف-مذ) گورستان ؛
قبض (ع-مث) (۱) پاخانہ نہ آنا۔
(۲) قابو۔ لیس ؛
قبض الوصول (ع-مذ) رسید کا رجسٹر۔
قبضہ (ع-مذ) قابو۔ تلوار کا دستہ۔ مٹھ
لوہے وغیرہ کی چیز جس سے کواڑ یا
تختہ کسی دوسری چیز سے جوڑتے
ہیں۔ جیسے صندوق کا قبضہ ؛
قبضہ کرنا (ا) اپنے تصرف میں لانا۔
چھین لینا۔ اپنے تحت میں کرنا۔
قبل (ع) پہلے ؛
قبل ازیں (ف) اس سے پہلے ؛
قبل (ع-مث) طرف۔ جانب ؛
قبلہ (ع-مذ) وہ سمت جدھر منہ کرکے
نماز پڑھتے ہیں۔ کعبہ۔ جناب۔ حضور ؛
قبلہ رو (ف-ص) قبلہ کی طرف منہ
کرکے۔ قبلے کی سمت ؛
قبلہ عالم (ع-مذ) جہاں پناہ۔
بزرگ۔ جہاں ؛
قبلہ کونین (ع-مذ) دونوں جہانوں
کا قبلہ۔ دین و دنیا کے بزرگ ؛

قبلہ گاہ (ف۔ مذ) باپ۔ والد۔ وہ سمت جس طرف قبلہ (کعبہ) ہے ؛
قبلہ نما (ف۔ مذ) وہ آلہ جس سے قبلہ کا رُخ معلوم ہو ؛
قبلہ وکعبہ (ع۔ مذ) کلمہ تعظیم وتکریم ؛
قبور (ع۔ مث) (واحد قبر) ؛
قبول (ع۔ مذ) منظور۔ تسلیم۔ پسند ؛
قبول دینا۔ جرم کا اقبال کرنا ؛
قبول صورت (ا۔ ص) خوبصورت دل پسند ؛
قبولنا (ا) (۱) منظور کرنا۔ پسند کرنا۔ (۲) اقرار کرنا۔ اقبال کرنا ؛
قبولیت (ا۔ مث) منظوری۔ اجابت دعا ؛
قبہ (ع۔ مذ) گنبد ؛
قبیح (ع۔ ص) برا۔ بدشکل۔ نامناسب
قبیل (ع۔ مذ) قسم۔ جنس۔ خاندان۔
قبیلہ (ع۔ مذ) فرقہ۔ خاندان۔ بیوی بچے (قبائل جمع)

(ق۔ت۔ا۔ح۔د۔ل)

قتال (ع۔ مذ) لڑائی۔ جنگ۔ خونریزی ؛
قتل (ع۔ مذ) خون کرنا۔ کسی ہتھیار سے مار ڈالنا ؛
قتلِ عام (ع۔ مذ) بلا تمیز سب کو قتل کرنا ؛
قتلِ عمد (مذ) جان بوجھ کر مار ڈالنا۔
قتلا (ا۔ مذ) قاش۔ پھانکا۔ گول تراشا ہوا ٹکڑا ؛
قتیل (ع۔ ص) کشتہ۔ مقتول ؛
قحبہ (ع۔ مث) فاحشہ عورت۔ کسبی۔ رنڈی
قحط (ع۔ مذ) کال۔ خشک سالی۔ کمی ؛
قحط زدہ (ف۔ ص) کال کا مارا ہوا۔
قد (ع۔ مذ) جسم کی لمبائی ؛
قدِ آدم (ع۔ مذ) آدمی کے قد کے برابر چار ہاتھ یا چھ فٹ کی لمبائی ؛
قد آور (ف۔ ص) لمبا۔ اونچا۔ لمبے قد کا
قد و قامت (ع۔ مذ) جسامت ؛
قدامت (ع۔ مث) (۱) کہنگی۔ دیرینگی (۲) زمانہ سابق۔ اگلا زمانہ ؛
قدامت پسند (ف۔ ص) وہ آدمی جو پرانے رسم ورواج کو پسند کرتا ہو ؛

قَدَح (ع۔مذ) بڑا پیالہ۔شراب کا پیالہ
قَدح (ع۔مث) جرح۔مدح کی ضد
عیب چینی۔اعتراض ؛
قَدَح کش (ف۔مذ) شرابی ؛
قدر (ع۔مث) قدرت۔طاقت۔
بزرگی۔عزت ؛
قدر داں (ف۔مذ) قدر جاننے والا۔
عزت کرنیوالا جوہر شناس۔مربی
قدردانی (ف۔مث) عزت۔آبرو۔
ہنر شناسی ؛
قدر کرنا۔عزت کرنا ؛
قدرومنزلت (ع۔مث) عزت۔
توقیر ؛
قُدرَت (ع۔مث) طاقت۔زور۔
حوصلہ۔خدائی طاقت ؛
قدرت حاصل کرنا (ف) طاقت
حاصل کرنا۔حوصلہ پانا ؛
قُدرت کا توازن (ا۔مذ) کارخانہ
قدرت میں بعض چیزیں فنا ہو کر
اُن کی جگہ نئی چیزیں پیدا ہوتی
رہتی ہیں یا ایک چیز جو ایک کے

لئے مُضر ہے۔دوسری کے لئے
مفید ہے۔اس انتظام کو قدرت
کا توازن کہتے ہیں ؛
قُدرت کا کارخانہ (ا۔مذ) کائنات
دنیا۔جہان۔جہاں ہر چیز میں
قدرت الٰہی آشکار ہے
قُدرت کاملہ (ع۔مث) پوری طاقت
قِدرتی (ف۔ص) طبعی۔اصلی۔بیساختہ
قدرے (ف۔ص) تھوڑا سا ؛
قُدس (ع۔ص) پاک۔پاکیزگی بیت المقدس
قُدسی (ع۔ص) پاک۔فرشتہ۔نیک آدمی۔
قدغن (ت۔مذ۔مث ترجیح تانیث کو
ہے) تاکید۔روک ٹوک ؛
قِدَم (ع۔مذ) (۱) پرانا پن۔دیرینگی
(۲) ہمیشگی۔قدامت ؛
قَدَم (ع۔مذ) پاؤں۔چلتے وقت
دونوں پاؤں کا فاصلہ۔
(اقدام جمع)
قدم اُکھڑنا (ف) پاؤں نہ جمنا۔
ٹھہر نہ سکنا ؛ دل چھوڑنا
قدم بڑھانا (ف) آگے ہونا ترقی کرنا ؛

قدم بوس ہونا (ا) ، عزت کے لئے
پاؤں چومنا ؛
قدم بوسی (ف - مث) پاؤں چومنا ۔
بندگی ۔ سلام ؛
قدم بھاری ہونا (ا) منحوس قدم ہونا ۔
قدم چومنا (یا) لینا (ا) عزت کرنا ۔
پاؤں چومنا ؛
قدم رکھنا (ا) چلنا ۔ پاؤں رکھنا ۔
دخل دینا ۔ کام شروع کرنا ۔
قدم رنجہ فرمانا (ا) تشریف لانا ۔ آنا ۔
قدم قدم پر (ا) چپہ چپہ پر ؛
قدم لینا ۔ کسی کے قدموں یا پاؤں
میں گر پڑنا ۔ اظہار عاجزی کرنا
کسی بات کے پورا کرنے کے لئے
انتہائی فروتنی دکھانا ؛
قدم مارنا ۔ تیز چلنا ۔ پاؤں اٹھا کر چلنا
قُدَما (ع - مذ - ج) (واحد قدیم) اگلے
لوگ ۔ بزرگ ؛
قدمچہ (ف - مذ) پاخانے یا کھڈی کا پایہ
جس پر پاؤں رکھ کر بیٹھتے ہیں ۔
قدموں سے لگے رہنا (ا) ہر وقت
ساتھ رہنا ۔ قدموں میں پڑا رہنا ؛
قُدُوم (ع - مذ) سفر سے واپس آنا ؛
قدومِ میمنت لزوم (ع - مذ) برکت
والا آنا ۔ بابرکت آنا ؛
قدیر (ع - ص) قدرت والا ۔ قادر ۔
خدا کا نام ؛
قدیم (ع - ص) پرانا ۔ گزشتہ زمانے کا ۔
(قدماء جمع) ؛
قدیم رعیت (ا - مذ) کاشتکار جو
موروثی طور پر زمین پر قابض ہو ۔
قدیم نمکخوار (ف - مذ) پرانا نوکر ۔ دیرینہ ملازم ۔
قدیم الایام سے قدیم زمانے سے ہمیشہ سے
قدیمہ (ع - ص - مث) پرانی ۔ کہنہ ۔ اگلی ؛
قدیمی (ع - ص) پرانا ۔ ہمیشہ کا ؛
قرابادین (ت - مذ) دواؤں اور نسخوں
کی مستند کتاب ؛
قرابت (ع - مث) نزدیکی ۔ رشتہ ؛
قرابت داری (ف - مث) رشتہ داری
برادری ؛
قرابتی (ا - مذ) رشتے کا ۔ اپنا ؛
قرابہ (ف - مذ) عرق رکھنے کا بڑا شیشہ ۔

قرابین (ف۔ مذ) چھوٹی بندوق:
قرأت (ع۔ مث) پڑھنا۔ تلفظ۔ حرفوں کا صحیح مخرج سے ادا کرنا۔ علم تجوید
قرار (ع۔ مذ) ٹھہراؤ۔ سکون۔ استقلال آرام۔ قول۔ چین:
قرار پانا (ف) مقرر ہونا۔ فیصلہ ہونا:
قرارداد (ف۔ مث) تجویز۔ عہد۔ فیصلہ۔ ریزولیوشن:
قرار دینا (ف) مقرر کرنا۔ تجویز کرنا:
قرار واقعی (ع) ٹھیک۔ پوری جیسا کہ چاہیئے:
قران (ع۔ مذ) نزدیکی۔ دو ستاروں کا ایک برج میں جمع ہونا:
قران السعدین (ع۔ مذ) دو اچھے ستاروں کا اکٹھا ہونا (مجازاً) دو اچھے آدمیوں کا جمع ہونا۔ دو بڑے خاندانوں کے لڑکے لڑکی کی شادی
قرآن (ع۔ مذ) کلام الٰہی مسلمانوں کی مذہبی کتاب جو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوئی:
قرآن اٹھانا (ف) قرآن کی قسم کھانا:

قرآن کی ہوا دینا (ف) قرآن مجید کو ہاتھ میں لے کے بیمار کو اس کی ہوا دینا:
قرآن گردانا (ف) قرآن شریف کو جزدان کے اندر رکھنا:
قرآن ہدیہ کرنا (ف) قرآن شریف کا فروخت کرنا:
قراول (ف۔ مذ) بندوقچی۔ بندوق کا شکاری۔ قرول:
قرب (ع۔ مذ) نزدیکی۔ رشتہ داری
قرب و جوار (ع۔ مذ) آس پاس۔ اردگرد
قربان (ع۔ مذ) صدقہ۔ صدقے ہونا:
قربان جانا (ف) صدقے ہونا۔ جان دینا۔ نثار ہو جانا یا ہونا:
قربان کرنا (ف) نثار کرنا۔ وار کرنا:
قربان گاہ (ف۔ مث) مقتل۔ قربان کرنے کی جگہ:
قربانی (ف۔ مث) ذبح۔ قتل۔ حلال۔
قربت (ع۔ مث) نزدیکی۔ رشتہ:
قرۃ العین (ع۔ مذ) آنکھوں کی ٹھنڈک۔ پیارا بیٹا۔ ایک مشہور ایرانی عورت جو بہائی مبلغ

قرحہ (ف۔ مذ) ناسور۔ زخم جس میں پیپ پڑ جائے :

قرص (ع۔ مذ) ٹکیا (اقراص جمع) گولی :

قرض (ع۔ مذ) ادھار دینا :

قرض اُٹھانا (ل) اُدھار لینا :

قرض حسنہ (ع۔ مذ) بلا سود اور بلا میعاد کے روپیہ قرض لینا۔ ہاتھ اُدھار

قرض خواہ (ف۔ مذ) لین دار۔ اُدھار دینے والا۔ قرض دہندہ :

قرض دار (ف۔ مذ) مدیون۔ اُدھار لینے والا :

قرضہ (ع۔ مذ) اُدھار۔ قرض۔ وام :

قرطاس (ع۔ مذ) کاغذ (قراطیس جمع)

قرطاسِ ابیض (دیکھو اسپ سپید)

قرعِ انبیق (ع) (قرع = کدو۔ انبیق = ظرف۔ تلفظ قوم بیق) مذکر عرق کھینچنے کا بھبکا :

قرق (ت۔ مذ) ضبطی۔ روک۔ حفاظت

قرق امین (ع۔ مذ) ناظر عدالت جو قرقی کرتا ہے

قرقی (ع۔ مث) مال کی ضبطی :

قرمزی (ع) (قرمز = ایک سُرخ کیڑے کی مادہ جس سے یہ رنگ حاصل کیا جاتا ہے) صفت گہرا سُرخ رنگ :

قرن (ع۔ مذ) (۱) ستاروں کا ملاپ (۲) جُگ۔ تیس۔ اسی یا ایک سو بیس سال کا زمانہ (مجازاً) بہت طویل مدت۔ عرصہ دراز (قرون جمع) (۳) سینگ :

قرنفل (ع) (ز) کرن پھول ہندوستان کی اکثر عورتیں لونگیں ناک میں پہنا کرتی تھیں۔ لہٰذا یہ نام (مذکر) لونگ :

قرولی (ت۔ مث) (۱) محافظ طلایہ قراول (۲) شکار (۳) شکاری چاقو :

قرونِ وسطیٰ (ع۔ مذ) درمیانی صدیاں تاریخ یورپ کا درمیانی زمانہ۔ زمانہ قدیم :

قریب (ع۔ ص) نزدیک۔ پاس ہی :

قریب الاختتام (ع۔ ص) ختم ہونے کے قریب۔ ختم ہونے والا :

قریب قریب تقریباً۔ لگ بھگ۔

قَرِیباً (ع۔ مذ) تقریباً۔ لگ بھگ
قُرَیش (ع۔ مذ) عرب کے ایک مشہور معزز قبیلے کا نام ہے جس میں سے پیغمبر اسلام صلعم ہوئے ہیں؛
قُرَیشی (ع۔ مذ) قبیلہ قریش کا آدمی؛
قَرِین (ع۔ ص) نزدیک۔ (مذ) دوست
قَرِینِ قِیاس (ع۔ ص) قیاس کے مطابق۔ ممکن؛
قَرِینِ مَصلحت (ع۔ ص) بہتر۔ اچھا؛
قَرِینہ (ع۔ مذ) جوڑ۔ قیاس فعل کی حالت اس لحاظ سے کہ اس کا فاعل فقرے میں مذکور ہے یا نہیں۔

(ق۔ ز۔ س)

قَزّاق (ت۔ مذ) لٹیرا۔ ڈاکو؛
قَزّاقِ اَجل (ع۔ مذ) موت؛
قَزّاقی (ت۔ مث) ڈاکہ۔ لوٹ مار؛
قَزاگند (ف) (قز۔ ریشم، اگند، آگندن۔ بُننا) مذ) ریشمی لباس جو سپاہی جنگ کے روز پہنتے ہیں کہتے ہیں کہ اس پر تلوار اثر نہیں کرتی
قِزِلباش (ف) (قزل۔ سرخ) باش۔ سر) مذ) شاہ اسمٰعیل صفوی نے اپنی فوج کیلئے سرخ ٹوپی بنوائی تھی اس لیے لشکریوں کا نام قزلباش ہوگیا (مجازاً) سپاہی مغلوں کی ایک قوم۔ سپاہی۔ ٹوپی والا۔
قَساوَت (ع۔ مث) سخت دلی۔ بیرحمی۔
قَسّائی (ع) (ع۔ قص، کاٹنا) مذ) (۱) قصاب۔ گوشت فروش (۲) ایک قوم کا نام جس کا پیشہ گوشت فروشی ہے؛
قِسط (ع۔ مث) حصہ۔ کسی مقررہ رقم کا قابل ادا حصہ (اقساط جمع)
قَسَم (ع۔ مث) عہد۔ سوگند (اقسام جمع)
قَسَم توڑنا (ا) وعدہ خلافی کرنا۔ قول توڑنا؛
قَسَم کھانا (ا) سوگند کھانا۔ عہد کرنا قول کرنا؛
قِسم (ع۔ مث) جنس۔ نوع۔ طریق؛ ڈھنگ (اقسام جمع)
قِسم وار (ف) جنس وار۔ الگ الگ؛
قِسمَت (ع۔ مث) حصہ۔ نصیب۔ بخت

کشتری ؛
قسمت آزمائی (ف ۔ مث) تقدیر آزمانا ۔ کوشش ؛
قسمت بگڑنا (ل) نصیب الٹ جانا؛
قسمت پھوٹنا (ل) برے دن آنا؛
قسمت جاگنا (ل) اچھے دن آنا ؛
قسمت کا پھیر (ا ۔ مذ) بدبختی ؛
قسمت کا دھنی (ا ۔ص) خوش نصیب
قسمت کا ہیٹا (ا ۔ص) بدنصیب
قسمت کھلنا (ل) نصیب جاگنا ؛
قسمیہ (ع) قسم کھا کر ؛
قسی (ع ۔ص) سخت ۔ بے رحم ؛
قسی القلب (ع ۔ مذ) سنگدل ۔ سخت دل ۔ ظالم ؛

(ق ۔ ش ۔ ص ۔ ض)

قشقہ (ف ۔ مذ) تلک ۔ ٹیکا ؛
قصاب (ع ۔ مذ) بوچڑ ۔ قسائی ؛
قصاص (ع ۔ مذ) خون کا بدلہ ۔ انتقام
قصاص لینا (ل) خون کا بدلہ لینا ۔
قصائی (ا ۔ مذ) قسائی ۔ بوچڑ ؛

قصائد (ع ۔ مذ ۔ ج) واحد قصیدہ) ؛
قصبات (ع ۔ مذ ۔ ج) (واحد قصبہ)
قصباتی (ا ۔ص) قصبہ کا ؛
قصبہ (ع ۔ مذ) چھوٹا شہر ۔ نگری ؛
قصد (ع ۔ مذ) ارادہ ۔ نیت ؛
قصد کرنا (ل) ارادہ کرنا ۔ نیت کرنا ۔
قصداً (ع) جان بوجھ کر ۔ ارادہ کر کے
قصر (ع ۔ مذ) محل ۔ مکان ۔ کم کرنا ؛
قصور (ع ۔ مذ) کمی ۔ خطا ۔ غلطی ؛
قصور (ع ۔ مذ ۔ ج) (واحد قصر) محلات
قصہ (ع ۔ مذ) کہانی ۔ فسانہ (قصص جمع)
قصہ پاک کرنا (ل) جھگڑا طے کرنا ۔ قتل کرنا ؛
قصہ تمام کرنا (ل) کام تمام کرنا ؛
قصہ خواں (فا ۔ مذ) کہانی بیان کرنیوالا ۔
قصہ کوتاہ (ف) الغرض ۔ حاصل ۔ مطلب ۔ پس ۔ فقط ؛
قصہ کہانی (ا ۔ مث) حکایت ۔ افسانہ ۔
قصہ مختصر (ع) قصہ کوتاہ ۔ الحاصل ۔
قصیدہ (ع ۔ مذ) کسی بادشاہ یا امیر وغیرہ کی تعریف کے اشعار ۔

(قصائد جمع)

قَضَا (ع۔مث) خدا کا حکم۔ موت۔ بے وقت کی نماز ؛

قضاراً (ف) اتفاقاً ؛

قضا کا مارا (ص) جس کی موت آئی ہوئی ہو ؛

قضا و قدر (ع۔مذ) خدا کا حکم۔ ازل کا حکم ؛

قضا کرنا (ل) مذہبی فرض یا واجب کا وقت مقررہ پر ادا نہ کرنا۔ مر جانا ؛

قضائے الٰہی (ع۔مث) خدا کی مرضی

قضائے حاجت (ع۔مث) حاجت کا رفع کرنا۔ پائخانہ پھرنا ؛

قضائے مُبرم (ع۔مذ) نہ ٹلنے والا فیصلہ۔ وہ بات جو ہو کے رہے۔

قُضاۃ (ع۔مذ۔ج) (واحد قاضی)

قضایا (ع۔مذ۔ج) (واحد قضیہ)

قضیب (ع۔مذ) آلہ تناسل ؛

قضیہ (ع۔مذ) بحث۔ جھگڑا ٹنٹا (قضایا جمع)

قضیہ کرنا بحثنا۔ جھگڑنا ؛

(ق ۔ ط)

قَط (ع۔مذ) قلم کی نوک۔ کاٹنا ؛

قطار (ع۔مث) صف۔ لائن۔ سلسلہ

قطاعِ دائرہ (ع۔مذ) دائرے کا وہ حصہ جو قوس محیط اور دو نصف قطروں سے محصور ہو۔

قُطب (ع۔مذ) قطب تارہ۔ اولیا یا فقرا کا ایک درجہ جسے غوث بھی کہتے ہیں۔ یہ ہر زمانے میں ایک ہی ہوتا ہے ؛

قطب نما (ف۔مذ) کمپاس ؛

قطبی (ف۔ص) قطب کا ؛

قطبین (ع۔مذ۔تثنیہ) دونوں قطب۔ شمالی اور جنوبی ؛

قُطر (ع۔مذ) وہ خط مستقیم جو دائرے کو دو برابر حصوں میں تقسیم کرے اور مرکز دائرے میں سے گزرے (اقطار جمع)

قطرہ (ع۔مذ) پانی کی بوند (قطرات جمع)

قطرہ قطرہ (ف) تھوڑا تھوڑا ؛

قطرہ آنا (ل) بے ارادہ یا از خود پیشاب

کی بوند

کی بوند کا ضعفِ مثانہ کے سبب نکلنا ؛
قُطع (ع۔مذ) تراش۔ بیونت ؛
قُطع و برید (ف۔مث) کانٹ چھانٹ ؛
قَطعِ تعلق (ع۔مذ) واسطہ نہ رکھنا۔ الگ ہونا ؛
قَطع کرنا (ل) کاٹنا۔ چھوڑنا ؛
قطعِ کلام (ع۔مذ) بات کاٹنا ؛
قطعِ نظر (ع) چھوڑ کر۔ اس کے سوا۔
قَطعاً (ع) بالکل ؛
قِطعَات (ع۔مذ) (واحد قطعہ)
قِطعَہ (ع۔مذ) (۱) حصہ۔ ٹکڑا۔ خطہ۔ (۲) نظم کی ایک قسم جس میں شعروں کا مضمون کے لحاظ سے ایک دوسرے سے تعلق ہوتا ہے (۳) کوئی شعر یا نظم جو خوشنویس نے کمالِ فن دکھانے کے لئے لکھی ہو ؛
قِطعَہ بند (ف۔مذ) وہ بیت جن کے ساتھ دوسرے بیت ملائے بغیر مطلب پورا نہ ہو ؛

قِطعَہ دائرہ (ل) دائرے کا وہ حصہ جو قوسِ محیط اور وتر سے محصور ہو ؛
قَطعی (ل) ضرور۔ بالکل۔ بیشک ؛

(ق۔ع۔ف۔ق)

قَعر (ع۔مذ) گہرائی۔ تہ ؛
قَفا (ع۔مث) پشت سر۔ گردن ؛
قَفس (ف۔مذ) پنجرا ؛
قفسِ عنصری (ف۔مذ) جسم۔ بدن
قُفل (ع۔مذ) تالا ؛
قُفل لگانا (ل) بند کرنا۔ قبضہ کرنا۔
قُفلی (ل۔مث) ڈھکنے دار ظرف۔ جیسے برف کی قفلی (جمانا) نل یا نلی جو ایک دوسرے میں آجائے جیسے پیچوان کی قفلی ؛
ققنس (ل) ققنوس (ی۔مذ) ایک نہایت خوش رنگ اور خوش آواز پرندے کا نام جس کی نسبت بیان کیا جاتا ہے۔ اس کی چونچ میں تین سو ساٹھ سوراخ ہوتے ہیں اور ان میں سے ایک ایک راگ

نکلتا ہے۔ جب اُسے بھوک لگتی ہے تو کسی پہاڑ پر ہوا کے رُخ ہو بیٹھتا ہے جس کے سبب عجیب غریب سُر نکلتے ہیں۔ اور اُن کی آواز پر بہت سے پرندے جمع ہو جاتے ہیں۔ ان میں سے دو چار پکڑ کر چٹ کر جاتا ہے۔ کہتے ہیں کہ اس کی عمر ہزار برس کی ہوتی ہے۔ اس کا جوڑا نہیں ہوتا۔ جب پورے ہزار سال گزر جاتے ہیں۔ تو یہ بہت سی سوکھی لکڑیاں جمع کر کے اُن پر بیٹھ جاتا ہے اور مستی کے عالم میں گاتا ہے۔ جس وقت اُس کی چونچ سے دیپک راگ نکلتا ہے تو لکڑیوں میں آگ لگ جاتی ہے اور یہ جل کر راکھ ہو جاتا ہے۔ خدا کی قدرت سے اس راکھ پر مینہ برستا ہے۔ اور اس میں سے ازخود انڈا پیدا ہو جاتا ہے۔ اس میں سے کچھ مدت کے بعد پھر ققنس پیدا ہوتا ہے۔ اور پرورش پاتا ہے۔

اس کا نام موسیقار بھی ہے؛

(ق - ل)

قُلْ (ع) کہہ۔ بول۔ قرآن شریف کی آخری صورتیں جن کے شروع میں لفظ "قل" آتا ہے۔ فاتحہ۔ ختم؛

قُل ہُوَ اللہ پڑھنا (ل) تباہ حال ہونا۔ کام تمام ہونا؛ صبر کرنا

قَلا بَازِی (ا۔ مث) صحیح کلابازی۔ کرتب۔ کھیل؛

قُلّابہ (ع۔ نذ) مچھلی پکڑنے کا کانٹا۔ حلقہ۔ کڑی؛

قَلّاش (ت۔ ص) بھوکا ننگا۔ لچا لفنگا

قُلاچ (ت) (ت قُلاچ) = دونوں ہاتھوں کی لمبائی کی مقدار) مث ۱۷ چھلانگ۔ چوکڑی؛

قُلانچیں بھرنا۔ لگانا (یا) مارنا۔ (ل) چھلانگیں مارنا۔ چوکڑی۔ جست۔ بھرنا؛

قُلُوب (ع۔ مذ) دل۔ مرد۔ اُلٹا کھوٹا

قَلبہ (ع۔ مذ) ہل؛

قلبہ رانی (ف۔مث) ہل چلانا۔ ہل جوتنا:

قلبی (ع۔ص) دلی۔ جانی:

قلت (ع۔مث) کمی۔ تنگی:

قلزم (ع۔مذ) سمندر۔ ایک شہر:

قلع (ع۔مذ) بیخ کنی۔ اِنہدام۔ گرانا۔ ڈھانا:

قلع و قمع (ع۔مذ) مسمار کرنا۔ توڑنا پھوڑنا۔ اکھاڑ:

قلعہ (ع۔مذ) کوٹ۔ گڑھ۔ محفوظ عمارت جس میں فوج یا بادشاہ رہتا ہو۔

قلعہ دار (ف۔مذ) قلعہ کا افسر:

قلعہ شکن (ف۔ص) قلعہ توڑنے والی بھاری توپ:

قلعی (ع۔مث) قلع سے منسوب۔ قلع ایک کان کا نام ہے۔ جس سے خالص رانگ نکلتا ہے۔ رانگ (ا۔مث) مکانوں پر پھیرنے کا چونا (۲) ملمع:

قلعی کھلنا (ا) اصل حال معلوم ہونا بھانڈا پھوٹنا:

قلعی گر (ف۔مذ) برتن قلعی کرنے والا:

قلفی (ا۔مث) دیکھو "قفلی":

قلق (ا۔مذ) رنج۔ غم۔ اندوہ۔ بے چینی۔

قلق ہونا (ا) رنج ہونا۔ افسوس ہونا۔

قلقل (ع۔مث) صراحی میں سے شراب کے نکلنے کی آواز:

قلم (ع۔ پہلے مونث بھی کہتے تھے۔ مگر اب بالاتفاق مذکر ہے) روشنائی سے لکھنے کا آلہ (اقلام جمع) (ا۔مث) شاخ جو ہری کاٹ کر زمین میں دباتے ہیں (۲) کرسٹل کسی دھات وغیرہ کے نمک کے باقاعدہ شکل کے ذرے۔ بلور:

قلم برداشتہ لکھنا (ف) بے سوچے جلدی جلدی لکھنا۔ فی البدیہہ۔

قلم انداز کرنا (ا) چھوڑ دینا۔ رکھنا۔

قلم بنانا (ا) لکھنے کے لئے کلک بنانا یا گھڑنا۔ بلور بنانا۔ بلوری شکل میں لانا۔ کرسٹل بنانا:

قلم بند کرنا (ا) لکھ لینا۔ درج کرنا۔

قلم پھیر دینا (ا) لکھے ہوئے کو کاٹ دینا مٹا دینا

ستادینا۔ منسوخ کر دینا ؛

قلم پھیرنا (ا) خوشنویسوں کی اصطلاح میں اُستاد کے لکھے ہوئے حرفوں پر خشک یا سیاہی سے قلم پھیرنا ؛

قلم تراش (ف۔ مذ) چاقو ؛

قلمدان (ف۔ مذ) قلم دوات رکھنے کا صندوقچہ ؛

قلمرو (ف۔ مث) حکومت۔ ملک ؛

قلم سازی (ف۔ مث) کسی نمک وغیرہ کی قلمیں بنانا۔ بلّوری شکل میں لانا۔ کرسٹل بنانا ؛

قلم کار (ف۔ مذ) نقاش۔ رنگت کار۔

قلمکاری (ا۔ مث) نقاشی۔ رنگ سازی

قلم کرنا (ا) کاٹنا ؛

قلم لگانا (ا) پھول دار پودے کی شاخ کو نیا پودا اُگانے کے خیال سے زمین میں دبانا۔ پیوند لگانا۔ طباعت کی اصطلاح میں اُن حرفوں میں جو کاپی جمتے وقت پھیکے آئے ہوں۔ سیاہی بھرنا تاکہ چھپنے میں پھیکے نہ رہ جائیں۔

قلماقنی (ا۔ مث) ترکنی حبشن تاتاری گرجی وہ عورت جو پانچوں ہتھیاروں سے مسلح ہو۔ شاہی محلوں اور حرم سراؤں میں سپاہیوں کی طرح پہرہ چوکی دیتی اور شاہی حکم احکام شہزادیوں میں پہنچاتی ہے ؛

قلمی (ع۔ ص) دستی لکھا ہوا۔ تحریری۔

قلمی آم (ا۔ مذ) پیوندی آم ؛

قلمی شورہ (ا۔ مذ) صاف کیا ہوا شورہ ؛

قلندر (ع۔ ف۔ کلندر۔ مذ) (۱) آزاد آدمی (۲) بے غیرت (۳) ریچھ۔ بندر والا ؛

قلندری (ا۔ مث) آزادی۔ فقیروں کا ایک فرقہ۔ فقیری۔ ایک قسم کی چھولداری ؛

قلوب (ع۔ مذ۔ ج) (واحد قلب)

قلہ (ع۔ مث) پہاڑ کی چوٹی ؛

قلاقند (ا۔ مث) ایک قسم کی مٹھائی

قلی (ت۔ غلام) ۵ (۱ = مزدور) مذ مزدور۔ محنتی۔ بار بردار ؛

قَلْیَان (ع. غلیان کی جوش کرنا }
فارسیوں نے قلیان کر لیا ۔
مذ) حُقّہ ۔ کلی ؛
قَلِیل (ع ۔ ص) تھوڑا ۔ کم ؛
قَلِیہ (ع ۔ مذ) وہ کٹا ہوا گوشت جو بغیر
سبزی وغیرہ کے پکایا جائے ؛

(ق ۔ م)

قُمْ (ع فعل امر) اٹھ کھڑا ہو ۔ حضرت
مسیحؑ یہ لفظ کہہ کر مُردے زندہ
کیا کرتے تھے ؛
قِمَار (ع ۔ مذ) جُوا
قِمَار بَازِی (ف ۔ مث) جُوا کھیلنا ۔ جُوا
قِمَار خَانہ (ف ۔ مذ) جُوا کھیلنے کا
مکان ؛
قُمَاش (ع (قماش) ۔ مذ } مال و متاع
طرح ۔ ڈھنگ ؛
قَمْچی (ت (۔ تازیانہ) مث } چھڑی
ہنٹر ۔ تازیانہ ؛
قَمَر (ع ۔ مذ) چاند (اقمار جمع) ؛
قَمَر اَفِیَہ (ا ۔ مذ) سطح قمر (چاند) کا حال
چاند کا جغرافیہ ؛
قَمَرِی (ع ۔ ص) چاند کا ۔ چاند کے
متعلق ۔ شمسی کا نقیض ؛
قُمْرِی (ع ۔ مث) فاختہ کی قسم کا ایک
مشہور جانور ہے ؛
قَمْع (ع ۔ مذ) جڑ سے اکھاڑنا ۔ توڑنا
پھوڑنا ؛
قُمْقُمَہ (ع ۔ مذ) ایک قسم کی چھوٹی قندیل
قَمِیص (ع ۔ مذ) کُرتہ ۔ کفدار کُرتہ ؛

(ق ۔ ن ۔ د)

قَنَات (ت (قنات ۔ خیمے کے چاروں
طرف کا پردہ) مث } کپڑے کا
پردہ جو خیمے کے گرد لگاتے ہیں ۔
قَنَادِیل (ع ۔ مث ۔ ج) (واحد قندیل) ؛
قَنَاعَت (ع ۔ مث) تھوڑی چیز پر
گزارہ کرنا ۔ صبر ؛
قَنْد (ع (ف کند) جو کنڈ یا کھانڈ کا
مفرس ہے کا معرب) مذ }
شکر ۔ کھانڈ ؛
قَنْدِ مُکَرَّر (ف ۔ مذ) دو دفعہ صاف

کی سوئی کھانڈ (مجازاً) عمدہ کلام

قِنْدِیل (ع۔ مث) کنڈیل کا معرب انگریزی میں کینڈل

مث) چھوٹا سا فانوس۔ قمقمہ موم بتی ؛

قُوَیٰ (ع۔ مذ۔ ج) (واحد قوت) طاقتیں ؛

قَوَاعِد (ع۔ مذ۔ ج) (واحد قاعدہ) دستور۔ طریقے۔ گرامر۔ سپاہیوں کی ورزش ؛

قَوَاعِد دَاں (فا۔ ص) قواعد جاننے والا۔ گرینڈ۔ گرامر جاننے والا ؛

قَوَّال (ع۔ مذ) خوش گو۔ گویا۔ ڈوم ؛

قَوَّالِی (ع۔ مث) حقانی چیزوں کا گانا۔

قِوَام (ع۔ مذ) چاشنی۔ شیرہ۔ نظام

قَوَانِین (ع۔ مذ۔ ج) (واحد قانون)

قُوت (ع۔ مث) کھانا خوراک ؛

قُوتِ لَایَمُوت (ع۔ مث) اتنی خوراک جس سے زندگی قائم رہ سکے۔

قُوَّت (ع۔ مث) طاقت۔ زور۔ دولت جس (قویٰ جمع)

قُوَّتِ اِرَادِی (ع۔ مث) ارادے کی طاقت۔ ارادہ قائم رہنے کی طاقت۔

قُوَّتِ بَاصِرَہ (ع۔ مث) بینائی ؛

قُوَّتِ جَاذِبَہ (ع۔ مث) جذب کرنے اور چوس لینے کی طاقت ؛

قُوَّتِ جِسْمَانِی (ع۔ مث) بدنی طاقت

قُوَّتِ حَافِظَہ (ع۔ مث) یاد رکھنے کی طاقت ؛

قُوَّتِ دَافِعَہ (ع۔ مث) دفع کرنے اور مقابلہ کرنے کی طاقت ؛

قُوَّتِ ذَائِقَہ (ع۔ مث) چکھنے کی قوت

قُوَّتِ سَامِعَہ (ع۔ مث) سننے کی طاقت ؛

قُوَّتِ شَامَّہ (ع۔ مث) سونگھنے کی قوت ؛

قُوَّتِ غَضَبِی (ع۔ مث) غصہ۔ غیظ و غضب میں آنے کی طاقت ؛

قُوَّتِ لَامِسَہ (ع۔ مث) چھونے اور ٹٹولنے کی قوت ؛

قُوَّتِ مُتَخَیِّلَہ (ع۔ مث) سوچنے اور غور کرنے کی طاقت ؛

قُوّتْ نُما (ف) ہندسہ جو یہ ظاہر کرتا ہے کہ کسی عدد کو کتنی دفعہ کتنی بار ضرب دی گئی ہے۔ جیسے ۲^۳ میں ۳ قوت نما ہے۔ اور ظاہر کرتا ہے۔ کہ ۲ کو تین دفعہ تین بار ضرب دی جائے ؛

قُورمَہ (ت۔ مذ) بھنا ہوا گوشت ؛

قَوس (ع۔ مث) کمان۔ محیط۔ دائرہ کے جزو کا حصہ ؛

قَوسِ قُزَح (ع) قوس ۔ کمان۔ قزح از قزحۃ ۔ زرد ۔ سرخ سبز رنگ ۔ (مث) بادلوں میں جو رنگ برنگ کی کمان نظر آتی ہے۔ کمان رستم ۔ دھنک ؛

قَوسَین (ع۔ مذ۔ تثنیہ) دو کمانیں۔ دو ابرو ؛

قَول (ع۔ مذ) بات ۔ کہاوت ۔ اقرار عہد (اقوال جمع)

قول سے پھرنا (ل) وعدہ خلافی کرنا۔

قول قرار (ع۔ مذ) اقرار ۔ عہد پیمان

قول کا پورا (ل۔ ص) بات کا پکا ؛

قَول وفعل (ع۔ مذ) گفتار و کردار ؛ چال چلن ۔ طور طریق ؛

قَول ہارنا (ل) زبان دینا ۔ عہد کرنا

قُولَنج (ع۔ مذ) پہلو کا درد ۔ مشہور بیماری ہے جو قولون نامی انتڑی میں ہوتا ہے

قَوم (ع۔ مث) گروہ ۔ فرقہ ۔ ذات ۔ (اقوام جمع)

قَوم پَرَست (ف۔ ص) قوم کا خیرخواہ

قَومہ (ع۔ مذ) نماز میں رکوع کے بعد سیدھا کھڑا ہونا ؛

قَومی (ع۔ ص) قوم کا ۔ ملکی ۔ وطنی ؛

قَومِیّت (ع۔ ص۔ مث) ایک ۔ ذات نسل ۔

قونصل {ع (انگریزی لفظ COUNSEL کا معرب) مذ} سفیر مختار ایک سلطنت کا جو دوسری سلطنت میں رہے ؛

قَوِی (ع۔ ص) زبردست ۔ قوت والا مضبوط ۔ زورآور (اقویہ جمع)

قوی جُثّہ (ع۔ ص) مضبوط جسم کا ؛

قوی ہیکل (ع۔ ص) قد آور ۔ زورآور ؛

(ق - ہ)

قَہّار (ع-ص) بہت قہر کرنے والا۔ غالب۔ خدا کا نام ؛

قَہر (ع-مذ) زبردستی۔ غضب۔ جوش مصیبت ؛

قَہرِ الٰہی (ع-مذ) خدا کا غضب۔ آسمانی بلا ؛

قَہر کا (ف) تابع فعل) بہت زیادہ غضب کا ؛

قَہر ہے (ف) غضب ہے۔ آفت ہے۔

قَہرمان {ع (ف کہربانی۔ کارفرما) یا قہرہ طلبہ + بان کلمہ نسبت) مذ} حاکم۔ غالب (مجازاً) حکومت۔ غلبہ ؛

قَہقَہری {ع۔ قہقرہ پیچھے کو لوٹنا) ص} پیچھے کی منزل کی طرف کو (رجعت۔ کے ساتھ آتا ہے)

قَہقَہہ (ع-مذ) آواز سے ہنسنا ؛

قَہقَہہ اُڑانا (ف) ہنسی اُڑانا۔ احمق بنانا ؛

قَہقَہہ دِیوار (یا) **دِیوارِ قَہقَہہ** (ف-مث) سکندر ذوالقرنین کی بنائی ہوئی دیوار جو یاجوج ماجوج نامی قوموں کو اپنے شہر سے باہر نکلنے اور دنیا میں پھیل کر اُسے برباد کرنے سے روکے ہوئے ہے۔ اور جو قیامت سے پہلے ٹوٹ جائے گی۔ کہتے ہیں کہ جو آدمی اس دیوار پر دریافت حال کے لئے چڑھتا ہے۔ ہنستا اور تالیاں بجاتا ہوا شہر میں جا گرتا ہے۔ صاحب فرہنگ آصفیہ نے یہ روایت نقل کی ہے — کہ دشتِ پامیر کے علاقے میں دریائے آموں کے آس پاس گرگہ نامی ایک بادشاہ کی حکومت تھی۔ جس کا مقابلہ خلفائے عباسیہ کے سپہ سالار عمرؓ بن عوف سے ہوا۔ گرگہ مارا گیا۔ اسی بادشاہ کا بنایا ہوا قلعہ قریہ سوچان کے قریب ہے جس کے آثار

شکستہ اب تک موجود ہیں۔ اس قلعے کی دیوار کو دلوار کہ یا گرگہ دلوار کہتے ہیں جس کو اہل عرب نے معرب کر کے قہقہہ بنا لیا۔ باقی افسانہ شعرائے بے فکر کا گھڑا ہوا ہے ؛

قَہقَہہ مارنا (ل) ٹھٹّا مارنا۔ کھل کھلا کر ہنسنا ؛

قَہوَہ (ع۔ مذ) کافی۔ چائے کی قسم کی اُگنے والی چیز جسے اُبال کر پیتے ہیں ؛

قَہوَہ خانَہ (ف۔ مذ) قہوہ پینے اور تفریح کی جگہ ؛

قَے (ع۔ مث) متلی۔ استفراغ۔ اُلٹی۔ ردّ طعام۔ (آنا کرنا۔ ہونا)

قِیَاس (ع۔ مذ) خیال۔ سوچ۔ رائے۔ اندازہ ؛

قِیَاساً (ع۔ مذ) اندازاً۔ تخمیناً ؛

قِیَاس کرنا (ل) اندازہ لگانا۔ خیال کرنا۔ تسلیم کرنا ؛

قِیَاسی (ع۔ ص) خیالی۔ ذہنی ؛

قِیَافَہ (ع۔ مذ) فال۔ قیاس۔ تمیز شناخت

قِیَافَہ شَناس (ف۔ ص) جوتشی ؛

قِیَام (ع۔ مذ) ٹھہراؤ۔ سکونت۔ پائداری

قِیَام پذیر (ف۔ ص) ٹھہرا ہوا۔ مقیم۔ دیرپا ؛

قِیَام کرنا (ل) ٹھہرنا۔ اُترنا ؛

قِیَامَت (ع۔ مث) کھڑا ہونا۔ وہ دن جب تمام مُردے اُٹھ کر کھڑے ہوں گے۔ روزِ حساب۔ غضب قہر۔ واویلا۔ ہل چل ؛

قِیَامَت توڑنا (ل) آفت برپا کرنا شور کرنا ؛

قِیَامَت خیز (ف۔ ص) آفت برپا کرنے والا۔ غضب ڈھانے والا۔

قِیَامَت ڈھانا (ل) ظلم کرنا۔ غضب کرنا ؛

قِیَامَت کا غضب کا۔ بے حد۔ (مبالغے کے لئے آتا ہے) ؛

قِیَامَت لانا (ل) مصیبت لانا۔ بلا میں پھنسانا ؛

قیامت مچانا (ہ) ظلم کرنا۔ دھوم ڈالنا۔ شور کرنا ؛

قیامت صغریٰ (ع۔مث) چھوٹی قیامت۔ قیامت کے برابر مصیبت سخت مصیبت ؛

قیامت کبریٰ (ع۔مث) بڑی قیامت روزِ حشر ؛

قید (ع۔مث) بند۔ اسیری۔ ممانعت (قیود جمع) ؛

قیدِ بلامشقت (ا۔مث) وہ قید جس میں محنت نہ کرنی پڑے۔ قیدِ محض ؛

قیدِ تنہائی (ا۔مث) اکیلے رہنے کی قید۔ سخت قید ؛

قید خانہ (ف۔مذ) جیلخانہ۔ زندان۔

قید کرنا (ہ) جیل میں ڈالنا۔ گرفتار کرنا ؛

قید لگانا (ہ) شرط لگانا۔ محدود کرنا پابند کرنا ؛

قیدِ محض (ع۔مث) صرف قید۔ قید بلامشقت ؛

قیس (ع۔مذ) لیلے کے عاشق مجنوں کا نام ؛

قیصر (ع۔مذ) شہنشاہ۔ سلطان۔ پہلے اطالیہ کے بادشاہوں کا لقب تھا۔ اس کے بعد جرمنی کے بادشاہوں کا لقب ہوا۔ (قیاصرہ جمع) ؛

قیف (ا۔مذ) بوتلوں میں عرق وغیرہ ڈالنے کا اس شکل  کا برتن۔

قیف دار نلی (ا) ایک قسم کی شیشے کی نلی جس کے ایک سرے پر قیف بنی ہوتی ہے۔ اس کے ذریعہ ڈلف صاحب کی بوتل وغیرہ میں تیزاب ڈال دیا جاتا ہے ؛

قیل و قال (ع۔مث) گفتگو۔ بات چیت۔ تکرار۔ کہا سنی ؛

قیلولہ (ع۔مذ) دوپہر کا سونا ؛

قیمت (ع۔مث) دام۔ رقم۔ لاگت ؛

قیمتی (ع۔مث) زیادہ قیمت کا عمدہ۔ نفیس ؛

قیمہ (ع۔ مذ) کٹا ہوا گوشت ؛
قیمہ کرنا (۱) ٹکڑے کرنا۔ پُرزے اُڑانا ؛
قَینچی (ا۔ مث) کترنے کا آلہ۔ مقراض
قینچی کی طرح زبان چلنا ۔ (۱) فرفر زبان چلنا ۔ بہت بولنا ؛
قُیُود (ع۔ مث۔ ج) (واحد قید)

ک

(ک ۔ ا)

کا (ہ) حرفِ اضافت ؛
کَابُل (ف۔ مذ) افغانستان کے صدر مقام کا نام ہے ؛
کَابُلا (ہ۔ مذ) ذرا سا پیچ۔ ڈھبری ؛
کَابُلی (ف۔ ص) کابل کا رہنے والا۔ کابل کا ؛
کَاپی (Copy) (انگ۔ مث) نقل۔ مسودہ۔ جلد۔ نسخہ ؛
کَاپی رَائٹ (Copy Right) (انگ۔ مذ) حق تصنیف و تالیف۔ حقِ ایجاد و اختراع ؛
کَاپی نَوِیس (ا۔ مذ) کاتب۔ خوشنویس
کَاتِب (ع۔ مذ) لکھنے والا۔ خوشنویس
کَاتِک (ہ۔ مذ) ہندی کا ساتواں مہینہ
کَاتِک کی کُتیا (ہ۔ مث) بدچلن عورت۔ چھنال عورت ؛
کَاتنا (ہ) چرخے کے ذریعہ روئی کے تاگے بنانا ؛
کَاٹ (ہ۔ مذ۔ مث) کٹاؤ۔ بُرِش ؛
کَاٹ چھَانٹ (ہ۔ مث) (۱) قطع و برید (۲) کتر بیونت (۳) حساب میں

میں کمی بیشی۔ غبن کرنا (۲) اگلے
پچھلے حساب میں وضع کرنا۔
مجرا لینا ٭

کاٹ کرنا (ہ) (۱) زخم کرنا۔ گھاؤ ڈالنا۔
خراش کرنا (۲) توڑ کرنا۔ تردید کرنا۔

کاٹ کھانا (ہ) ڈسنا۔ ڈنک مارنا۔
تردید کرنا۔ مخالفت کرنا ٭

کاٹنا (ہ) تراشنا۔ چیرنا۔ چھانٹنا۔
قطع کرنا ٭

کاٹنے کو دوڑنا (ہ) گھُرکیاں دینا۔
(اُجاڑ سعلو) دینا۔ تند مزاجی سے پیش آنا ٭

کاٹو تو خون (یا) لہو نہیں (ہ) خوف یا
صدمے کے مارے جسم کا زرد یا در سرد
ہو جانا۔ خوف طاری ہونے پر بولتے ہیں

کاٹھ (ہ۔ مذ) لکڑی۔ چوب ٭

کاٹھ کا الو (ہ۔ مذ) احمق۔ نادان۔
محض بے وقوف ٭

کاٹھ کی ہانڈی بار بار نہیں چڑھتی
(ہ) فریب بار بار نہیں چل سکتا۔

کاج (ہ۔ مذ) کام۔ دھندا ٭

کاجل (ہ۔ مذ) چراغ کا دھواں جو
آنکھوں میں لگاتے ہیں (پارنا)

کاخ (ف۔ مذ) محل۔ ایوان۔ اونچی عمارت

کاذِب (ع۔ ص) جھوٹا۔ دروغ گو ٭

کار (ف۔ ص) کام۔ عمل۔ کرتوت ٭

کار آزمودہ (ف۔ ص) تجربہ کار ٭

کار آمد (ف۔ ص) کام کا۔ فائدہ مند

کاروبار (ف۔ مذ) کام۔ کاج۔
بنج۔ بیوپار ٭

کاروبارِی آدمی (ف۔ مذ) کام۔ کاج
کرنے والا آدمی۔ بیوپاری ٭

کاربند (ف۔ ص) تعمیل کرنے والا۔
عمل کرنے والا ٭

کاربراری (ف۔ مث) مطلب نکالنا
کام نکالنا ٭

کارپرداز (ف۔ مذ) گماشتہ۔
کارندہ۔ مہتمم ٭

کارپوریشن (Corporation)
(انگ۔ مث) کمیٹی ٭

کارِ ثواب (ف۔ مذ) نیک کام۔
بھلائی کا کام ٭

کارچوبی (ف۔ مث) گلکاری۔

کشیدہ کاری۔ زردوزی ؛

کَارْخَانہ (ف۔مذ) کام کرنے کی جگہ ؛

کَارِخیر (ف۔مذ) ثواب کا کام۔ بھلائی کا کام ؛

کَارْدَار (ف۔ص) منصب دار۔ مختار ؛

کَارْوَاں (ف۔مذ) قافلہ ؛

کَارْرَوائی (ف۔مث) کام چلانا۔ کام نکالنا۔ کام دھندا۔ روئداد روبکاری ؛

کَارْزَار (ف۔مذ) لڑائی۔ جنگ ؛

کَارْسَاز (ف۔ص) کام بنانے والا۔ سنوارنے والا۔ خدا ؛

کَارْفَرما (ف۔مذ) حاکم۔ بادشاہ ؛

کَارْکُن (ف۔مذ) کام کرنے والا۔ ہوشیار۔ محنتی ؛

کَارْگَاہ (ف۔مث) کارخانہ۔ کھڈی۔ کرگا۔

کَارْگَر (ف۔ص) اثر کرنے والا۔ فائدہ مند۔

کَارْگَر ہونا (ل) مؤثر ہونا۔ فائدہ مند ہونا

کَارْگُزاری (ف۔مث) ادائے فرض

کَارْنامہ (ف۔مذ) تواریخ۔ واقعات بہادری کا کام ؛

کاربالک ایسڈ (Carbolic Acid انگ۔مذ) ایک قسم کا بدبودار جراثیم کش تیزاب جو صابن میں ڈالتے ہیں۔

کاربانک (Carbonic انگ۔ص) کوئلے کا ؛

کاربانک ایسڈ (Carbonic Acid انگ۔مذ) کوئلہ کا گیس ؛

کاربانک ایسڈ گیس۔ (Carbonic Acid Gas انگ۔مث) ایک گیس جو کاربن والی چیزوں کے جلنے سے پیدا ہوتی ہے۔ یہ ہوا کی نسبت بھاری ہوتی ہے۔ اور ذائقے میں تیزابی ہوتی ہے۔ یہ وہی گیس ہے۔ جو سوڈا واٹر کی بوتلوں میں بھری جاتی ہے ؛

کاربائڈ (Carbide انگ۔مذ) ایک قسم کا پتھر جس سے جلنے والی گیس پیدا ہوتی ہے۔

کاربَن (Carbon) (انگ۔ مذ) کوئلہ۔ ایک سیاہ رنگ کا غیر معدنی عنصر۔ کوئلے اور ہیرے میں یہی پایا جاتا ہے۔

کاربَن پیپَر (Carbon Paper) (انگ۔ مذ) سیاہ مسالے دار کاغذ جس سے چٹھیات وغیرہ کی کئی نقلیں تیار کی جاتی ہیں ؛

کاربَن ڈائے آکسائیڈ (Carbon Dioxide) (انگ۔ مث) کاربانک ایسڈ گیس ؛

کارتوس (ا۔ مذ) بارود کی بھری ہوئی نلی۔ جسے بندوق میں رکھ کر سر کرتے ہیں ؛

کارد (ف۔ مذ) چاقو۔ چھری ؛

کارڈ (Card) (انگ۔ مذ) پتا۔ خط لکھنے کا ٹکٹ لگا ہوا کاغذ ؛

کارڈ بورڈ (Card board) (انگ۔ مذ) گتا ؛

کارسپانڈینس (Correspondance) (انگ۔ مث) خط و کتابت ؛

کارسپانڈنٹ (Correspondent) (انگ۔ مذ) نامہ نگار ؛

کارستانی (ف۔ مث) چالاکی۔ اُستادی ؛

کارک (Cork) (انگ۔ مذ) بوتل وغیرہ بند کرنے کی چیز ؛

کارک بورر (Cork borer) (انگ۔ مذ) کارک میں سوراخ کرنے کا اوزار

کارک سکریو (Cork Screw) (انگ۔ مذ) بوتل میں سے کارک نکالنے کا اوزار ؛

کارَن (ف۔ مذ) سبب۔ وجہ ؛

کارِندَہ (ف۔ ص) کام کرنے والا۔ سربراہ

کارواں (ف۔ مذ) قافلہ ؛

کارواں سرائے (ف۔ مث) مسافروں کے اُترنے کی سرائے ؛

کاری (ف۔ ص) کارگر۔ مہلک۔ سخت۔ بھاری ؛

کاریگر (ف۔ مذ) ہنرمند۔ اُستاد۔ ہوشیار
کاریگری (ف۔ مث) ہُنرمندی۔ ہوشیاری ؛
کاڑھنا (ہ) جوش دینا۔ سوئی کا کام کرنا۔
کاسٹک پوٹاش Caustic Potash (انگ۔ مث) ایک قسم کی کھار جو صابن بنانے کے کام آتی ہے۔ اور پوٹاشیم کا مرکب ہوتی ہے ؛
کاسٹک سوڈا Caustic Soda (انگ۔ مذ) ایک قسم کی کھار جو صابن بنانے کے کام آتی ہے۔ اور سوڈیم کا مرکب ہے۔
کاسد (ع۔ ص) کھوٹا ؛
کاسنی (ف۔ مث) ایک دوا کا نام ہے ؛
کاسہ (ف۔ مذ) پیالہ ؛
کاسہ سر (ف۔ مذ) کھوپڑی ؛
کاسہ گدائی (ف۔ مذ) بھیک مانگنے کا پیالہ ؛
کاسہ لیس (ف۔ ص) خوشامدی ؛
کاش (ف) خدا کرے۔ خواہش ؛
کاشان (ف۔ مذ) عراق عجم کا مشہور شہر ؛
کاشانہ (ف۔ مذ) جھونپڑا۔ آشیانہ۔
کاشت (ف۔ مث) کھیتی۔ زراعت
کاشتکار (ف۔ مذ) کسان۔ مزارع
کاشتکاری (ف۔ مث) زراعت۔ کھیتی باڑی ؛
کاشف (ع۔ ص) ظاہر کرنے والا۔ کھولنے والا ؛
کاغذ (ع۔ مذ) پتّر۔ ورق ؛
کاغذ کے گھوڑے دوڑانا (۱) جا بجا خط بھیجنا۔ ہر طرف درخواستیں بھیجنا ؛
کاغذی ناؤ (ا۔ مث) ناپائیدار چیز۔ کمزور ؛
کاغذات (ع۔ مذ۔ ج) (واحد کاغذ)
کاغذی (ع۔ ص) (۱) کاغذ کا بنا ہوا (۲) کاغذ بنانے والا۔ اور بیچنے والا۔

کاغذ گر - کاغذ فروش (۳) دفتری

کَاغَذِی بَادام - (ف - مذ) باریک چھلکے والے بادام ؛

کَاغَذِی ثبُوت (ا - مذ) تحریری ثبوت

کَافِر (ع - مذ) خدا کا منکر - بے دین - (کفار جمع) مجازاً معشوق ؛

کَافِرِ نعمت (ع - مذ) ناشکرا احسان فراموش ؛

کَافُور (ع - مذ) ایک خوشبودار سفید چیز - کپور ؛

کافُور ہونا (ف) دُور ہونا - ہوا ہونا - چل دینا ؛

کافُورِی - (ص) کافور کا بنا ہوا ؛

کافُورِی شمع (ف - مث) کافور کی بنی ہوئی شمع ؛

کافی (Coffee) (انگ - مث) قہوہ - بن ؛

کافی (ع - ص) کفایت کرنے والا - بہت - حسب ضرورت ؛

کَاک (Cork) (انگ - مث) کارک - ڈاٹ ؛

کَاکُل (ف - مث) زلف گیسو لمبے بال ،

کَاکُل پیچاں (ف - ص) خمدار زلفیں ؛

کَاگ (ہ - مذ) کوّا ؛

کَاگَا (ہ - مذ) کوّا ؛

کَال (ہ - مذ) قحط خشک سالی کمی ، قلّت - سیاہ ؛

کَال کوٹھڑی (ہ - مث) اندھیری ، کوٹھڑی ؛

کالا (ہ - ص) سیاہ - کالے رنگ کا آدمی

کالا آدمی (ا - مذ) انگریزوں کی اصطلاح میں حقارتاً ہندوستانی بعض انگریز ہندوستانیوں کو اس نام سے پکارا کرتے تھے. اب یہ متروک ہے ؛

کالا پَانی (ہ - مذ) جزائر انڈمان جہاں عمر قیدی بھیجے جاتے ہیں - جلاوطن - ہر ملک کا کالا پانی علیحدہ ہے (روس کا سائبیریا ہے)

کالا مُنہ (ہ) رو سیاہ - پرے ہٹے

کَالاَنعَام (ع - ص) چوپائیوں کی طرح

کَالبُد (ف - مذ) جسم - تن - قالب (۲) سانچہ (۳) جوتے کے اندر رکھنا

کراسے اُبھارنے والی لکڑی

کَالِج (College) (انگ - مذ) بڑا مدرسہ ؛

کَالِجیِیٹ (Collegiate) (انگ - مذ) کالج کا طالب علم ؛

کَالَر (Collar) (انگ - مذ) پٹا۔ طوق - گلوبند - کرتے یا کوٹ وغیرہ کا زاید کپڑا جو گریبان کے اوپر ہوتا ہے ؛

کالَرا (Cholera) (انگ - مذ) ہیضہ ؛

کَالَک (ہ - مث) (۱) سیاہی (۲) عجیب -

کَالَم (Column) (انگ - مذ) جدول رقطار - صفحے کا حصہ

کَالِی (ہ - ص) سیاہ - سیاہ رنگ کی ؛

کَالِی زَبَان (۱ - مث) کالی جیب ؛ بد دعا ؛

کَالِی کَلُوٹی (ص) نہایت سیاہ ؛

کَالِی گھٹا (ہ - مث) سیاہ بادل ؛

کَالِی مِرچ (ہ - مث) گول مرچ - فلفل سیاہ ؛

کَالے پَانی بھیجنا (ہ) جلاوطن کرنا - عبور دریائے شور ؛

کَالے کوسوں (ہ - مذ) بہت دور ؛

کَالے کے آگے چراغ نہیں جلتا (ہ) زبردست کے آگے کچھ پیش نہیں جاتی

کَام (س - مذ) شہوت - عشق ؛

کَام (ف - مذ) حلق - منہ - مراد - مطلب

کَام (ہ - مذ) فعل - عمل - کرتوت ؛

کَام بِگڑنا (ہ) کام خراب ہو جانا ؛

کَام بَنانا (ہ) مطلب نکالنا ؛

کَام بَن جَانا (ہ) کامیابی ہونا جیسے مطلب کا کام ہو جانا ؛

کَام تَمام کرنا (ہ) خاتمہ کرنا - مار ڈالنا ؛

کَام تَمام ہونا (ہ) کام ختم کرنا - مر جانا ؛

کَام چَلانا (ہ) مطلب براری کرنا - کارروائی کرنا ؛

کَام چور (ہ - ص) سست - کاہل ؛

کَام دَار (ا - ص) زردوزی کا کام کیا ہوا ؛

کَام دَیو (ہ - مذ) نفسانی خواہش کا دیوتا -

کَام سے کَام ہونا (ہ) اپنے ہی

مطلب سے ہی مطلب ہونا ؛

کام کاج (ا ۔ مذ) کام دھندا۔ کاروبار

کامران (ف ۔ ص) خوش نصیب۔ اقبال مند

کامرانی (ف ۔ مث) خوش نصیبی ؛

کامگار (ف ۔ ص) فتحمند۔ خوش نصیب

کامل (ع ۔ ص) پورا۔ تمام۔ ماہر۔ اُستاد خدارسیدہ ؛

کامنی (ہ ۔ مث) خوبصورت عورت نازک اور دُبلی عورت ؛

کامیاب (ف ۔ ص) فتحمند۔ کامگار۔ مراد مند ؛

کامیابی (ف ۔ مث) فتح۔ مُراد مندی

کان (ف ۔ مث) کھان۔ معدن ؛

کانِ ملاحت (ف ۔ ص) سالونا۔ سلونا۔ معشوق ؛

کان (ہ ۔ مذ) گوش۔ سُننے کا عضو ؛

کان بھرنا (ہ) چغلی کھانا۔ بدظن کرنا۔

کان پر جوں نہ چلنا (یا) **نہ رینگنا۔** (ہ) کسی بات کا اثر نہ ہونا۔ کہنا نہ ماننا۔ توجہ نہ کرنا ؛

کان، پڑی آواز (یا) **بات سُنائی نہ دینا** (ہ) بہت شور ہونا ؛

کان پکڑنا (۱) کان مروڑنا (۲) کسی کے آگے کان پکڑنا۔ اُستاد ماننا۔ کسی کے کمال یا خوبی کا قائل ہونا۔ (۳) کسی سے کان پکڑنا۔ عہد کرنا۔ توبہ کرنا ؛

کان دھرنا (ہ) کان مروڑنا۔ غور سے سننا ؛

کان رکھنا (ہ) دھیان دیکر سُننا۔

کان کاٹنا (ہ) فریب دینا۔ سبقت لے جانا ؛

کان کا کچّا (ہ ۔ ص) بلا سوچے سمجھے اعتبار کرلینے والا۔ بہکانے میں چلا آنے والا ؛

کان کھانا (ہ) شور کرنا۔ بکواس کرنا دِق کرنا ؛

کان کھلنا (ہ) ہوشیار ہونا۔ چوکنا ہونا

کان کھولنا (ہ) تنبیہ کرنا۔ متوجہ کرنا۔

کان لگانا (ہ) دھیان دیکر سننا ؛

کان مروڑنا (ہ) کان کھینچنا۔ سزا دینا۔

کان میں پھونکنا (ہ) کان میں کچھ

کہنا ؛

کان میں رکھنا (ہ) یاد رکھنا ؛

کان ہونا (ہ) خبردار ہونا۔ معلوم ہونا۔ چارپائی وغیرہ میں ٹیڑھ ہونا۔

کاناپھوسی (ہ۔مث) سرگوشی۔ کان میں باتیں کرنا ؛

کانپ اُٹھنا (ہ) خوف سے لرز جانا۔ ڈر جانا ؛

کانپنا (ہ) لرزنا۔ ڈرنا۔ خوف کھانا ؛

کانٹا (ہ۔مذ) دیکھو ۹۵۸

کانٹا سا کھٹکنا (ہ) ناگوار گزرنا

کانٹا نکلنا (ہ) تکلیف دور کرنا

کانٹوں پر لوٹنا (ہ) تڑپنا۔ بے قرار ہونا ؛

کانٹے بونا (ہ) اپنے یا کسی کے حق میں بُرا کرنا ؛

کانجی ہاؤس (انگ) کیٹل ہاؤس
(مذ) لاوارث جانوروں کے بند کرنے کا سرکاری باڑا حوالات

کانچ (ہ۔مذ) شیشہ۔ کچ ؛

کانچ نکال دینا (ہ) مارتے مارتے گو نکال دینا ؛

کاندھا (ہ۔مذ) مونڈھا۔ کندھا

کاندھا دینا (ہ) جنازے کے نیچے کندھا دینا ؛

کانسٹیبل
(انگ۔مذ) پولیس کا سپاہی۔ سنتری

کانسہ (ز۔مذ) پیالہ۔ کاسہ ؛

کانسی (ہ۔مث) کانسہ۔ تانبے اور قلعی وغیرہ سے بنی ہوئی دھات ؛

کانشنس
(انگ۔مذ) ضمیر نفس۔ پاک ؛

کانفرنس
(انگ۔مث) مشورے کی مجلس ؛

کانفیڈنشل
(انگ۔مذ) پوشیدہ ؛

کانگرس
(انگ۔مث) مجلس۔ ہندوستان کی ایک سیاسی پارٹی کا نام

کانگڑی (ہ۔مث) مٹی کی چھوٹی سی انگیٹھی ؛

کانوو کیشن
(انگ۔مذ) جلسہ تقسیم اسناد

کانوں پر ہاتھ دھرنا (ہ) صاف انکار کرنا۔ ناآشنائی کا اظہار کرنا۔

کاوِش (ف۔مث) کھودنا۔ تلاش۔ دشمنی۔

کاوَہ (ف۔مذ) ایک لوہار کا نام ہے جس نے ضحاک کے خلاف اور فریدوں کی طرفداری میں شورش کی تھی ؛

کاوِیانی (ف۔ص) کاوَہ سے منسوب ؛

کاہ (ف۔مث) گھاس۔ تنکا ؛

کاہِش (ف۔مث) گھٹاؤ۔ کمی۔ لاغری ؛

کاہِل (ع۔ص) سُست۔ آلسی۔ دھیما ؛

کاہِل وُجُود (ف۔ص) سُست آدمی۔ آرام طلب آدمی ؛

کاہِلی (ہ۔مث) سستی ؛

کاہُو (ف۔مذ) ایک قسم کی دوا ہے ؛

کاہی (ہ۔مث) سیاہی کیسں۔ زنگ سا ؛

کاہے کو (ہ) کیوں۔ کس لئے ؛

کاہِیدَہ (ف۔ص) گھٹا ہوا۔ لاغر ؛

کائی (ہ۔مث) پانی پر جو سبزی آجاتی ہے ؛

کایا (ہ۔مث) جسم۔ تن۔ قالب ؛

کایا پَلَٹ (ہ۔ص) (۱) رُوپ دھارنے والا (۲) تناسخ قبول کرنے والا۔ ایک قالب سے دوسرے قالب میں جانے والا (ہ۔مث) وہ دوا جس کے ذریعے سے آدمی بوڑھے سے جوان ہوجائے ؛

کایا پلٹنا (ہ) صورت بدلنا ہیئت بدلنا (۲) پہلے کی نسبت جسم کا رونق پکڑنا ؛

کائِستھ (ہ۔مذ) ایک ہندو ذات کا نام ہے۔ کائتھ ؛

کائِنات (ع۔مث) دنیا۔ مخلوقات ؛

کائیاں (ہ۔مذ) (۱) مارواڑیوں کا ایک گوت یا فرقہ (۲) بجد چالاک آدمی۔ جیسے وہ بھی ایک ہی کائیاں ہے (۳) کنجوس بخیل ؛

کائیاں (یا) کائیناں (ہ - ص) لین دین میں سخت کنجوس بخیل چالاک

(ک - ب)

کُب (ہ) خمیدگی ٹیڑھ کبی۔ کوز ؛

کَب (ہ) کس وقت۔ کس گھڑی ؛

کَب کا (ہ) بڑی دیر کا۔ مدت کا ؛

کَباب (ہ - مذ) سیخ پر بھنا ہوا قیمہ، کڑھائی میں تلے ہوئے قیمے کی ٹکیہ۔

کَباب لگانا ( ) قیمے کے کباب بنانا۔ رشک دلانا ؛

کَبار (ع - مذ - ج) (واحد کبیر) بزرگ آدمی ؛

کَباڑی (ہ - مذ) ٹوٹا پھوٹا اسباب بیچنے والا ؛

کَبِت (ہ - مذ) شعر۔ بیت۔ ہندی نظم

کَبِد (ع - مذ) جگر۔ کلیجہ ؛

کَبَڈی (ہ - مث) لڑکوں کا مشہور کھیل ؛

کِبر (ع - مذ) غرور۔ گھمنڈ۔ بزرگی ؛

کِبَر (ع - مذ) بڑھاپا۔ پیری ؛

کبیر سن (ع - ص) بوڑھا۔ عمر رسیدہ۔

کُبرٰی (ع - ص) بہت بڑی۔

کِبریا (ع - مذ) بزرگی عظمت (۲) یہ خدا تعالےٰ کا نام نہیں ہے) ؛

کِبریت (ع - مث) گندھک ؛

کِبریت احمر (ع - مث) لال گندھک جو نہایت کمیاب بلکہ نایاب ہے۔ (مجازاً) بے نظیر چیز ؛

کُبڑا (ہ - ص) خمیدہ پشت جس کی کمر جھکی ہوئی ہو ؛

کُبڑاپن (ہ - ص) ٹیڑھ۔ خمیدگی ؛

کَبک (ف - مذ) چکور ؛

کَبک دری (یا) کوہی (ف - مذ) پہاڑی چکور ؛

کَبوتر بازی (ف - مث) کبوتر اڑانا

کَبوتر خانہ (ف - مذ) ڈربا۔ مسافر خانہ۔

کَبود (ف - مذ) نیلا رنگ ؛

کَبودی (ف - ص) نیلگوں۔ آسمانی۔

کبھی (ہ) کسی نہ کسی وقت۔ کسی وقت۔

کبھی تولہ کبھی ماشہ (ا) دم میں کچھ دم میں کچھ۔ متلون مزاج ؛

کبھی کبھار (ہ) بھولے بسرے۔ بھولے چوکے۔ وقت بے وقت۔ بعض اوقات ؛

کبیدہ (ف ۔ص) رنجیدہ۔ غمگین ؛

کبیدہ خاطر (ف۔ص) رنجیدہ دل ؛

کبیر (ع۔ مذ) (۱) بڑا۔ بزرگ (کبار جمع) (۲) ایک ہندو موحد کا نام ہے جو کبیر بھگت کے نام سے مشہور ہے ؛

کبیر پنتھی (ہ۔ مذ) بھگت کبیر کے پیرو۔

(ک۔ پ۔ تا)

کپ (انگ۔ مذ) پیالی۔ سونے یا چاندی کا پیالہ نما ظرف جو کسی کھیل پر بطور انعام دیا جاتا ہے ؛

کپّا (ہ۔ مذ) چمڑے کا پھولا ہوا تنگ منہ کا ظرف جس میں گھی یا تیل رکھتے ہیں۔ عموماً اونٹ کے چمڑے کا بنتا ہے (ہ۔ص) موٹا۔ پھُلپھُس۔ فربہ۔ سوجا ہوا۔ پھولا ہوا۔

کپاس (ہ۔ مث) بنولوں سمیت روئی۔

کپتان (انگ۔ مذ) لشکر کا سردار۔ جہاز کا حکمران ؛

کپٹی (س۔ص) دغاباز۔ فریبی ؛

کپڑا (ہ۔ مذ) پارچہ۔ لتہ۔ لباس ؛

کپڑوں میں نہ سمانا (ہ) خوشی سے پھول جانا ؛

کپڑے اتارنا (ہ) کپڑے بدلنا۔ چھیننا۔ بے عزت کرنا۔ لوٹ لینا ؛

کپکپی (ہ۔ مث) تھرتھراہٹ۔ رعشہ۔ لرزہ ؛

کپوت (ہ۔ مذ) نالائق بیٹا۔ نافرمان بیٹا۔ باپ دادا کی جائداد اور عزت کو ضائع کرنیوالا۔

کتا (ہ) کتنا (متروک)

کُتّا (ہ۔ مذ) مشہور۔ سگ ؛

کتاب (ع۔ مث) پُستک۔ پوتھی۔ رسالہ۔ کتب جمع ؛

کتابِ آسمانی (ف۔ مث) خدا کا کلام جیسے قرآن شریف ؛

کتاب فروش (ف۔ مذ) کتابیں بیچنے والا ؛

کِتاب کا کِیڑا (ا. مذ) وہ آدمی جو ہر وقت مطالعے میں رہے ؛

کِتابِ ہُدٰی (ع. مث) ہدایت کرنے والی کتاب۔ قرآن شریف ؛

کِتابَت (ع. مث) تحریر۔ لکھائی۔

کِتابَہ (ع. مذ) کتبہ۔ مسجد یا مقبرے وغیرہ پر جو عبارت لکھی جاتی ہے ؛

کِتابی (ع. ص) کتاب کا۔ تحریری ؛

کِتابی چِہرَہ (ا. ص) لمبا ؛

کِتان (ف. مذ) ایک قسم کا السی کا باریک کپڑا جس کے متعلق خیال ہے کہ چاندنی میں ٹکڑے ٹکڑے ہو جاتا ہے ؛

کُتُب (ع. مث) (ج) (واحد کتاب)

کُتُب خانَہ (ف. مذ) لائبریری ؛

کُتُب فَروش (ف. مذ) تاجر کتب ؛

کَتْبَہ (ع. مذ) کتابہ قبر یا عمارت پر لکھی ہوئی عبارت

کَتَّر (ہ. مث) کاغذ یا کپڑے کا کٹا ہوا ٹکڑا۔

کَتَر بیونت (ہ. مث) کانٹ چھانٹ قطع و برید۔ توڑ جوڑ۔ جزرسی ؛

کَتَرَن (ہ. مث) دھجی۔ چھانٹن ؛

کَتَرنا (ہ) قینچی سے چھانٹنا ؛

کَتِف (ع. مذ) کندھا۔ شانہ ؛

کِتنا (ہ) کس قدر۔ زیادہ ؛

کَتھا (ہ. مث) وعظ۔ اپدیش نصیحت

کَتّھا (ہ. مذ) پان کا ایک لازمہ ہے۔

کُتّے خَسی کرنا (ہ) ادنیٰ ملازمت کرنا بے فائدہ کام کرنا ؛

کُتّے کو گھی نہیں پَچتا (ہ. کہاوت) کم ظرف یا کمینے کو سمائی نہیں ہوتی۔ کم ظرف کو حوصلہ نہیں ہوتا ؛

کُتّے کی مَوت مَرنا (ا) نہایت ذلت سے مرنا ؛

کَتِیرا (ہ. مذ) ایک قسم کا گوند ؛

(ک۔ٹ۔ٹا)

کَٹ — داتھگ برت قطع

کَٹ جانا (ہ) ٹکڑے ہو جانا۔ جدا ہو جانا۔ شرمندہ ہو جانا ؛

کَٹ مَرنا (ہ) لڑ مرنا۔ آپس میں کشت و خون کرنا ؛

کَٹّا (ا. ص) (۱) سخت مضبوط۔ پکا۔

راسخ الاعتقاد (۲) طاقت ور۔
زورآور۔ موٹا تازہ ؛
کٹار (ہ۔ مث) خنجر۔ نیمچہ۔ پیش قبض۔
کٹاری (ہ۔ مث) چھوٹا خنجر۔ چھری۔
کٹائی (ہ۔ مث) فصل کا کٹنا ؛
کٹک (ہ۔ مذ) لشکر۔ فوج۔ سپاہ ؛
کٹنا (ہ) ٹکڑے ہونا۔ شرمندہ ہونا۔
کٹواں (ہ۔ ص) تراشا ہوا ؛
کٹوتی (ہ۔ مث) منہائی۔ کمیشن ؛
کٹورا (ہ۔ مذ) پیالہ ؛
کٹھ پتلی (ہ۔ مث) کاٹھ کی مورتی۔
بے بس۔ بے اختیار ؛
کٹھالی (ہ۔ مث) چاندی سونا پگھلانے
کی پیالی ؛
کٹھرا (ہ۔ مذ) جنگلا۔ چھجا ؛
کٹھل (ہ۔ مذ) ایک پھل کا نام ہے ؛
کٹھن (ہ۔ ص) مشکل۔ دشوار۔ کڑی۔
کٹیا (ہ۔ مث) جھونپڑی ؛
کثافت (ع۔ مث) گاڑھا پن۔ گندگی۔
موٹاپن ؛
کثافتِ انسانی (ا۔ مث) وزنِ مخصوص

کثرت (ع۔ مث) زیادتی۔ بہتات ؛
کثرتِ رائے (ع۔ مث) رایوں کی زیادتی
نصف سے زیادہ رائیں ؛
کثیر (ع۔ ص) بہت زیادہ ؛
کثیر العیال (ع۔ ص) بہت بال بچوں
والا۔ کثیر الاولاد ؛
کثیر الاولاد (ع۔ ص) بہت بال بچوں والا۔
کثیر الاحباب (ع۔ ص) بہت دوست والا۔
کثیر التعداد (ع۔ ص) بہت تعداد
میں۔ بے حد ؛
کثیر المشاغل (ع۔ ص) بہت کام
والا آدمی۔ مصروف ؛
کثیر المصارف (ع۔ ص) بہت خرچ
والا۔ وہ چیز جس پر زیادہ خرچ
اُٹھے۔ ؛
کثیر المنفعت (ع۔ ص) بہت
فائدہ بخش ؛
کثیف (ع۔ ص) گاڑھا۔ غلیظ۔ ناپاک

(ک ۔ ج ۔ چ)

کج (ف۔ ص) ٹیڑھا۔ ترچھا۔ بانکا ؛

کج اَخلاق (ف ص) بدخلق ۔ اکھڑ ؛
کج اَدا (ف ص) بے وفا بے مروّت ؛
کج اَدائی (ف مث) بیوفائی ۔ برائی ؛
کج بحث (ف ص) اُلٹی اُلٹی دلیلیں دینے والا ۔ جھگڑالو ؛
کج رفتار (ف ص) ٹیڑھی چال چلنے والا ؛
کج فہم (ف ص) اُلٹی سمجھ کا ۔ کوڑ مغز ۔
کج کلاہ (ف ص) بانکا ۔ ترچھا ۔ آجکل کے پہلوی خاندان سے پہلے ایران کے بادشاہوں کا لقب تھا ؛
کج کلاہی (ف مث) بانکپن ؛
کجا (ف) کہاں ؛
کجاوہ (ف ۔ مذ) محمل ؛
کجک (ف ۔ مذ) آنکس ؛
کجکول (ف ۔ مذ) کاسۂ گدائی کشکول ؛
کج مج زبان (ف ۔ مذ) وہ شخص جو صاف نہ بول سکے ؛
کجی (ف ۔ مث) ٹیڑھاپن ۔ خمیدگی ۔
کچّا (ہ ۔ ص) خام ۔ جو پکا ہوا نہ ہو ۔ کچی اینٹوں کا ناتجربہ کار ؛

کچّا پکّا (ہ ۔ ص) آدھا پکّا ۔ کچھ کچا کچھ پکّا ؛
کچّا چٹّھا (ہ ۔ مذ) ابتدائی یادداشت غیر مستقل روئداد ۔ کسی بیان کا طویل مسوّدہ ؛
کچالو (ہ ۔ مذ) ایک قسم کی ترکاری ہے اروی کی طرح ۔
کچکول (ا ۔ مذ) کشکول ؛
کچلا (ہ ۔ مذ) ایک زہریلے پھل کا نام ہے
کچل ڈالنا (ہ) پیس ڈالنا ۔ روند ڈالنا
کچلنا (ہ) مسلنا ۔ پائمال کرنا ؛
کچور (ہ مذ) ہلدی کی قسم کی ایک دوا ہے ؛
کچوری (ہ ۔ مث) ماش کی دال بھری ہوئی پوری ۔
کچومر (ہ ۔ مذ) ایک قسم کا اچار ؛
کچومر نکالنا (ہ) کچلنا ۔ قیمہ قیمہ کرنا ۔ خوب مارنا ؛
کچھ (ہ ۔ ص) ذرا ۔ کسی قدر ۔ تھوڑا بہت
کچھ سے کچھ (ہ) حالت بالکل بدل جانا دگرگوں ہونا ؛
کچھ کھا جانا (ہ) زہر کھانا ؛

کچھ گوشہ جھکے کچھ کمان (ا) صلح کے لئے دونوں طرفوں کو جھکنا چاہیئے ؛

کچھ نہ پوچھو (ہ) کہنے کے قابل نہیں ؛

کچھ نہ نکلا (ہ) نالائق ہوا۔ خراب نکلا۔

کچھ نہیں (ہ) کوئی بات نہیں۔ ذرا نہیں ؛

کچھ نہیں گیا (ہ) کوئی نقصان نہیں ہوا۔ ابھی وقت ہے ؛

کچھ ہو (ہ) کچھ پروا نہیں۔ جو ہو سو ہو۔

کچھ ہے (ہ) کوئی بات ہے۔ کوئی سبب ہے ؛

کچھار (ہ۔ مذ) دریا برار۔ سمندر برار دریا کے قریب کی زمین۔ ترائی جس میں اکثر شیر رہتا ہے۔ نرسل کا جنگل۔ بیلیا۔

کچہری (ہ۔ مث) عدالت۔ بارگاہ۔ دربار۔

کچھوا (ہ۔ مذ) کچھ۔ سنگ پشت آبی جانور۔

کچی اسامی (ا۔ مث) عارضی جگہ۔ کچا آدمی ؛

کچی پیشی (ا۔ مث) مقدمے کی پہلی پیشی ؛

(ک۔ ح۔ د۔ ڈ۔ ذ)

کحال (ع۔ مذ) آنکھوں کا حکیم ؛

کحل (ع۔ مذ) سرمہ۔ انجن ؛

کحل الجواہر (ع۔ مذ) وہ سرمہ جس میں جواہرات پڑے ہوئے ہوں ؛

کد (ع۔ مث) جدّوجہد۔ ضد۔ ہٹ۔

کدوکاوش (ف۔ مث) جستجو۔ تلاش

کدخدا (یا) کتخدا (ف۔ مذ) گھروالا۔ خاوند ؛

کدخدائی (ف۔ مث) شادی۔ بیاہ۔

کدال (ہ۔ لکھنؤ میں مذکر دہلی میں مؤنث) زمین کھودنے کا نوکدار اوزار ؛

کدو (ف۔ مذ) ایک قسم کی ترکاری ہے۔

کدوکش (ف۔ مذ) کدو رگڑنے کا آلہ ؛

کدورت (ع۔ مث) میل۔ غبار۔ رنج۔ بغض

کدہ (ف۔ مذ) جگہ۔ مقام۔ خانہ۔

کدھر (ہ) کہاں۔ کس طرف ؛

کڈھب (ہ۔ ص) بے ڈھب۔ بےطور بُری طرح ؛

کذّاب (ع۔ مذ) بہت جھوٹ بولنے والا۔
کِذب (ع۔ مذ) جھوٹ۔ بہتان ؛

(ک ۔ ر)

کر (ف۔ ص) بہرا۔ قوت ؛
کرّوفر (ف۔ مذ) شان و شوکت۔ ٹھاٹ
کرّار (ع۔ ص) بوٹ کر حملہ کرنے والا۔ حضرت علیؓ کا لقب ؛
کِرام (ع۔ مذ۔ ج) (واحد کریم) اچھی لوگ
کرامات {ع (جمع کرامت۔ اردو میں بطور واحد مستعمل) مث} بزرگیاں معجزہ۔ کرشمہ ؛
کراماً کاتبین (ع۔ مذ) دو فرشتے جو انسان کے اعمال لکھتے ہیں ؛
کراماتی (ہ ص) کرامت دکھانے والا
کرامت (ع۔ مث) اعجاز۔ کرشمہ۔ بزرگی الوکھاپن ؛
کرانی (ار۔ مذ) عیسائی۔ کرسٹان ؛
کراہت (ع۔ مث) نفرت۔ بیزاری ؛
کراہنا (ہ) درد سے آہ آہ کرنا۔ چلانا۔
کراہیت (ع۔ مث) نفرت ؛

کرایہ (ف۔ مذ) بھاڑا۔ مزدوری۔ مکان میں رہنے کی اجرت۔ (اگاہنہ لینا) ؛
کرایہ دار (ف۔ مذ) کرایہ کے مکان میں رہنے والا ؛
کرایہ نامہ (ف۔ مذ) کرائے کا اقرارنامہ
کرب (ع۔ مذ) غم واندوہ۔ دکھ۔ درد۔
کربلا {ع (کرب۔ رنج۔ بلا۔ آفت) مث} رنج و آفت کا مقام۔ عراق میں وہ مقام جہاں حضرت امام حسینؓ شہید کئے گئے ؛
کرپ (جرمن مذ) ایک جرمن خاندان جس نے ایسن کے شہر میں لوہے کا عظیم الشان کارخانہ قائم کر رکھا ہے اس کارخانے میں توپیں وغیرہ بنتی ہیں
کِرپا (ہ۔ مث) مہربانی۔ عنایت۔ کرم ؛
کرتا دھرتا (ہ۔ مذ) مختار۔ تمام کام کرنے والا ؛
کرتار (ہ۔ مذ) خالق۔ خدا ؛
کرتب (ہ۔ مذ) کام۔ فعل ؛
کرتب بدیا (ہ) عملی ہنر
کرتوت (ہ۔ مث) کام فعل چالاکی۔

فریب۔ بُرا کام ؛

کُرتہ (ف۔ مذ) قمیص ؛

کُرتی (ؤ)۔ مث) بغیر آستین کے چھوٹا کرتہ وردی کا کوٹ۔ عورتوں کے پہننے کا

کَرتے کی پَد (یا دہ) عمل کی بات۔ کام کے متعلق عملی ہنر ؛

کِرِچ (مالاباری (کرس) یا انگ مث) ایک قسم کی لمبی تلوار جو اکثر فوجی افسروں کے پاس ہوتی ہے ؛

کَرخت (ف۔ ص) سخت۔ کڑا ؛

کِرْدار (ف۔ مذ) (کرد = کام، ار = کلمہ نسبت) طرز طریق۔ کام۔ عمل۔ رویّہ۔ سیرت ؛

کِردگار (ف۔ مذ) (کرد = کام۔ گار = خداوند) خالق۔ خدا تعالیٰ ؛

کَردَنی (ف۔ ص) کرنے کے لائق اعمال ؛

کَردہ (ف) کیا ہوا۔ عمل میں لایا ہوا۔ آزمودہ ؛

کِرِسٹل (انگ۔ مذ) قلم۔ ڈلی۔ جیسے قلمی شورہ ؛

کرسچین (انگ۔ مذ) عیسائی ؛

کرسمس ڈے (انگ۔ مذ) بڑا دن۔ حضرت مسیحؑ کی پیدائش کا دن۔ ۲۵ دسمبر

کُرسی (ع۔ مث) چوکی۔ چھوٹا تخت۔ عمارت کی سطح جو عام زمین سے اونچی رکھی جاتی ہے ؛ پُشت۔ خاندان۔ درجہ ؛

کُرسی نامہ (ف۔ مذ) شجرہ نسب ؛

کرسی نشین (ف۔ مذ) کرسی پر بیٹھنے والا۔ درباری ؛

کِرِشمہ (یا) **کَرَشمہ** (ف۔ مذ) آنکھ کا اشارہ۔ غمزہ۔ ناز۔ انوکھی بات ؛

کرشن (ہ۔ مذ) کنہیا جی۔ ہندوؤں کا اوتار ؛

کرفیو آرڈر (انگ۔ مذ) ملکی قانون کے ماتحت پر اعلان یا حکم کہ فلاں وقت سے فلاں وقت تک کوئی شخص گھر سے باہر نہ نکلے

کرکٹ (انگ۔ مذ) گیند بلا۔ مشہور انگریزی کھیل ؛
کرکرا (ہ۔ص) ریتیلا سا ؛
کرکرا کرنا (ہ) خراب کرنا۔ بدمزہ کرنا ؛
کرکری ہونا (ہ) ذلت ہونا۔ خواری ہونا ؛
کرگہ (ہ۔مث) گڑھا جس میں جولاہے ڈال ڈال کر کپڑا بنتے ہیں ؛
کرم (ع۔مذ) بندگی۔ سخاوت۔ عنایت
کرم کرنا (ا) مہربانی کرنا ؛
کِرم (ف۔مذ) کیڑا ؛
کرم پیلہ (ف۔مذ) ریشم کا کیڑا ؛
کرم (ہ۔مذ) (۱) کام فعل۔ رقبے کی پیمائش کا ایک پیمانہ۔ $\frac{1}{9}$ مرلہ ؛
کرم بھوگ (ہ۔مذ) کرموں کا پھل ؛ کیے کا نتیجہ ؛
کرمکِ شب تاب (ف۔مذ) جگنو ؛
کرن (ہ۔مث) سورج کی شعاع ؛
کرن (ہ۔مذ) (۱) کان (۲) کشتی کی پتوار (۳) مثلث کا قاعدہ۔ مربع یا متوازی الاضلاع کا اثر۔ (۴) ہندوستان کا ایک راجہ ؛
کرنڈی (ہ۔مث) ایک قسم کا ٹسر کا بنا ہوا کپڑا ؛
کرنسی آفس (انگ۔مذ) نوٹوں کے روپے بدلنے کا دفتر ؛
کرنیل (انگ۔مذ) کرنیل۔ فوج کا اعلیٰ افسر ؛
کرنی (ف۔مث) فعل۔ کام ؛
کروا (ہ۔مذ) ٹونٹی دار برتن چھوٹا گھڑا۔
کروبی (ع۔مذ) مقرب۔ فرشتہ۔ (کروبیاں جمع) ؛
کروٹ (ہ۔مث) پہلو۔ پاسا طرف۔
کروٹ بدلنا (ہ) ایک پہلو سے دوسرے پہلو پر لیٹنا ؛
کروٹ لینا (ہ) پہلو بدلنا۔ رخ بدلنا۔
کروڑپتی (ہ۔ص) بڑا بھاری مالدار ؛
کرہ (ع۔مذ) گیند۔ گولا ؛
کرۂ ارض (ع۔مذ) زمین کا گولا تمام زمین جو گیند کی شکل پر ہے ؛

کُرَہ ہَوا (ا - مذ) ہوا جو زمین کے گِرد احاطہ کئے ہوئے ہے ؛

کِرِیا (ہ - مث) تجہیز و تکفین ؛

کَرَیپ دانگ مث ایک قسم کا باریک رشیمی کپڑا - کپڑ دھول ؛

کُرِید (ہ - مث) کوشش - کاوش - چھان بین - تلاش ؛

کُرِیدنا (ہ) لکڑی وغیرہ سے مٹی ہٹانا۔ مُرغ کا چونچ سے کھودنا ؛

کَرِیلا (ہ - مذ) ایک مشہور سبزی جو کڑوی ہوتی ہے ؛

کَرِیلا اور نِیم چَڑھا (ہ) ایک تو پہلے ہی بدمزاج تھا۔ اُس پر دوسری مخالف بات نے اور ترقی دی۔

کَرِیم (ع - مذ) بخشنے والا سخی - مہربان۔

کَرِیمی (ع - مث) فیاضی - عنایت - مہربانی

کرَیملین روسی شہر کے بیچ کا قلعہ خاصکر ماسکو کا تکون قلعہ جس میں زاران روس کے محلات ہیں۔ آجکل روسی حکومت کے دفاتر سے مراد ہے ؛

کَرِیہ (ع - ص) بُرا - مکروہ - گھناؤنا ؛

کَرِیہُ الصَّوت (ع - ص) بدآواز ؛

کَرِیہُ المنظر - بدشکل - بدصورت

(ک - ڑ)

کَڑا (ہ - ص) سخت کٹھن مشکل ؛

کَڑاکا (ہ - مذ) سخت - شدت کا فاقہ۔

کَڑاکے کا (ہ) سخت شدت کا ؛

کَڑھاؤ (ہ - مذ) لوہے کا بڑا اسا برتن جس میں کچوریاں وغیرہ تلتے ہیں ؛

کَڑاہی (ہ - مث) چھوٹا کڑاہ - ترحلوا۔

کَڑَک (ہ - مث) بجلی کی آواز - خوفناک آواز ؛

کَڑکا (ہ - مذ) کڑاکا - بجلی کی آواز ؛

کَڑکَڑاتا (ہ) سخت زور کا ؛

کُڑکُڑانا (ہ) مُرغی کا بولنا ؛

کَڑکَنا (ہ) چٹکنا - تڑخنا ؛

کَڑکنا (ہ) گرجنا - بجلی کی آواز کا نکلنا۔

کَڑوا (ہ - مذ) تلخ - تیز - بدمزاج ؛

کَڑواہٹ (ہ - مث) تلخی ؛

کَڑوِی (ہ - ص) تلخ ؛

کڑوی نِگاہ (ہ بمرث) غصے کی نظر ؛
کُڑھنا (ہ) رنجیدہ ہونا۔ افسوس کرنا۔
کَڑھنا (ہ) دودھ ابلنا۔ کشید ہونا ؛
کَڑھی (ہ بمث) ایک قسم کا سالن ہے
کَڑھی کا سا اُبال ہے (ہ) جلد دور ہوجانے والا غصہ یا جذبہ ؛
کَڑی (ہ۔ص) سخت۔ درشت۔ بڑی تیز۔ ناگوار۔ حلقہ۔ چھلا ؛
کَڑی اُٹھانا (ہ) سختی جھیلنا۔ سخت بات سہنا ؛
کَڑی بات (ہ مرث) سخت بات۔ بُری بات ؛
کَڑی جھیلنا (ہ) سختی اُٹھانا ؛
کَڑی سُنانا (ہ) سخت بات کہنا ؛
کَڑی مَنزِل (ہ۔ مرث) دشوار گزار رستہ۔ کٹھن رستہ ؛
کَڑیَل جَوان (ہ۔ص) قدآور جوان کرانڈیل جوان۔ پہلوان آدمی ؛

(ک۔ ژ۔ س)

کَژدُم (ف۔ مذ) بچھو ؛

کَس (ف) کوئی۔ مرد۔ آدمی ؛
کَس نمی پُرسد کہ بھیا کون ہو۔ (ف) مفلسی میں کوئی کسی کی بات نہیں پوچھتا ؛
کَس و ناکَس (ف) ہر چھوٹا بڑا۔ خاص و عام ؛
کَس (ہ۔ مذ) زور۔ بل ؛
کِس (ہ) کون ؛
کِس باغ کی مُولی ہے (ا) کیا حقیقت ہے یعنی شمار میں نہیں ؛
کِس بِرتے پر تَتّا پانی (ہ) کس حوصلے پر یہ بات کہتے ہو ؛
کِس حِساب میں ہے؟ (ا) کون پوچھتا ہے ؛
کِس دَرد کی دَوا ہے (ا) کس کام کا ہے؟ تجھ سے کیا اُمید ہے؟
کِس شُمار میں ہے (ا) کس حساب میں ہے ؛
کِس مَرض کی دَوا ہے (ا) کس کام کا ہے ؛
کِس مُنہ سے (ا) کسی زبان سے

کس عزّت پر ؛

کس نیند سوتا ہے (۱) کس غفلت میں ہے ؛

کَسا (ہ۔ص) کھنچا ہوا۔ تنا ہوا ؛

کَساکَسایا (ہ۔ص) درست۔ تیار ؛

کَساد (ع۔مث) بکری نہ ہونا ؛

کَساد بازاری (ف۔مث) بِکری کا نہ ہونا۔ بازار مندا ہونا ؛

کَسالا (ہ۔مذ) تکلیف۔ دُکھ مصیبت

کَسالَت (ع۔مث) سُستی۔ کاہلی ؛

کِسان (ہ۔مذ) کاشتکار

کَسب (ہ۔مذ) کمانا۔ ہنر۔ پیشہ ؛

کَسبی (ع۔ص) ہنر والا۔ کاریگر
(ا۔مث) بازاری عورت ؛

کَستوری (ہ۔مث) مُشک۔ نافہ ؛

کَسر (ع۔مث) ٹوٹ پھوٹ۔ دراڑ۔ کمی۔ اگر اکائی کے چند برابر کے حصّوں میں تقسیم کریں۔ تو ان میں سے ایک یا چند اس اکائی کی کسر کہلاتے ہیں۔ جیسے $\frac{۲}{۳}$ یعنی اکائی کے تین حصّے کرکے اُن میں سے دو لے لئے گئے ہیں (کُسور جمع)

کَسرِ عام وہ کسر جس میں شمار کنندہ اور کسر نما دونوں کسر اعشاریہ نہ ہوں۔ جیسے $\frac{۱}{۲}$ ؛

کَسرِ اَعشارِیَہ وہ کسر جس کا نسب نما دس یا اس کا کوئی ضعف ہو۔ جیسے $\frac{۲}{۱۰}$ اسے یوں بھی لکھتے ہیں ۲. جس میں (.) علامت کسر ہے

کَسرِ مُرکّب۔ وہ کسر جس میں شمار کنندہ اور نسب نما یعنی مکسور ہوں جیسے $\frac{\frac{۵}{۳}}{۷}$ ، $\frac{\frac{۷}{۱۲}}{۱۵}$ ، $\frac{\frac{۳}{۱۵}}{\frac{۴}{۵}}$ وغیرہ

کَسرِ مُلتف۔ اس قسم کی کسر کسرِ ملتف کہلاتی ہے $۴ + \frac{۱}{۲ + \frac{۱}{۵ + \frac{۱}{۳}}}$

کَسر (ف۔مث) کمی۔ نقص۔ بچوں کی بدہضمی۔ پیٹ کا خلل ؛

کَسر باقی نہ رکھنا (ف) کمی نہ کرنا ؛

کَسرِ شان (ف۔مث) عزت کے خلاف

کَسرِ نفسی (ف۔مث) انکسار۔ عاجزی۔ تکبّر نہ کرنا ؛

کُسَرات (ع۔مث) کسرتیاں ؛

کَسرَت (ع۔مث) ورزش۔ریاضت پہلوانی ؛

کَسرَہ (ع۔مذ) زیر ؛

کِسریٰ (ع۔مذ) عجم کے بادشاہوں کا لقب۔نوشیرواں کا نام ؛

کَسگَر (ف) کاسہ گر۔کوزہ گر۔کمہار ؛

کَسَل (ع۔مذ) سستی۔تکان۔کمزوری ؛

کَسَل مَند (ف۔ص) ناراض۔بیمار ؛

کَسنا (ہ) کھینچنا۔تاننا ؛

کِسوَت (ع۔مث) جرّاح یا نائی کا بستہ۔

کَسَوٹی (ہ۔مث) سونا پرکھنے کی پتھری محک۔جانچ۔امتحان ؛

کَسَوٹی پر رکھنا (کسنا یا) لگانا (ہ) آزمانا۔پرکھنا ؛

کُسُور (ع۔مث۔ج) (واحد کسر)

کُسُورِ اعشاریَہ (ع۔مث) دیکھو کسر اعشاریہ ؛

کُسُوف (ع۔مذ) سورج گرہن ؛

کَسے (ف) کوئی شخص ؛

کَسے باشَد (ف) خواہ کوئی ہو ؛

کِسی (ہ) کوئی چیز۔آدمی وغیرہ۔معشوق ؛

کِسی کا گھر جلے کوئی تاپے (ہ) کسی کا تو نقصان ہوا۔اور کوئی خوشی منائے ؛

کِسی کے آگے کان پکڑنا۔ دیکھو "کان پکڑنا" ؛

کِسی سے کان پکڑنا دیکھو "کان پکڑنا"

کَسیرا (ہ۔مذ) ٹھٹھیرا۔ٹھٹھیار ؛

کَسیس ۔ایک قسم کی نہایت کساؤدار پھٹکری

کَسیلا (ہ۔ص) تلخ ؛

(ک۔ش)

کَش (ف) کشیدن کا فعل امر (ف۔مذ) حُقّے کا دم یا گھونٹ۔اٹھانے والا ؛

کَش مَکَش (ف۔مث) کھینچا تانی۔ لڑائی جھگڑا ؛

کُشا (ف۔لاحقہ) کھولنے والا ؛

کُشادگی (ف۔مث) فراخی۔وسعت چوڑائی ؛

کَشّاف (ع۔ص) بہت کھولنے والا۔ قرآن شریف کی ایک تفسیر کا نام

ہے

ہے۔ جو علامہ جار اللہ زمخشری کی تصنیف ہے ؛

کَشاکَش (ف۔ مث) کھینچا تانی ؛

کَشاں کَشاں (ف۔ ص) کھینچتے کھینچتے، گھسٹتے گھسٹتے ؛

کَشاوَرز (ف۔ مذ) کِشت وفصل، درلاحقہ بمعنی والا۔ ز۔ زائد) کسان۔ دہقان ؛

کُشت (ف۔ مذ) قتل۔ خون ؛

کُشت وخون (ف۔ مذ) خونریزی ؛

کِشت (ف۔ مث) کھیتی۔ زراعت ؛

کِشتِ زار (ف۔ مث) کھیت کھیتی۔

کِشتکار (ف۔ مذ) کاشتکار۔ کسان۔

کُشتَہ (ف۔ مذ) قتل کیا ہوا۔ شہید عاشق۔ پھنکی ہوئی دھات ؛

کُشتَہ کرنا (۱) قتل کرنا۔ دھات کا مارنا

کُشتَہ ہونا (۱) قتل ہونا۔ عاشق ہونا کسی پر مرنا ؛

کَشتی (ف۔ مث) کشتی۔ ناؤ۔ بڑی سینی۔ تھال ؛

کَشتی بان (ف۔ مذ) ملّاح ؛

کُشتی (ف۔ مث) دو پہلوانوں کی آپس کی لڑائی۔ طاقت آزمائی ؛

کُشُٹ (ہ۔ مث) دُکھ۔ تنگی مصیبت

کِشِش (ف۔ مث) جذب۔ دلربائی ناز۔ رغبت ؛

کِشِش اِتّصال (ف۔ مث) وہ کشش جس کے باعث مادے کے ذریعے باہم ملے رہتے ہیں ؛

کِشِش اَرضی (ف۔ مث) وہ کشش جس کے باعث زمین ہر چیز کو اپنی طرف کھینچتی ہے ؛

کِشِش اَنابیبِ شَعری (ف۔ مث) وہ کشش جو بال جیسی باریک نلیوں میں پائی جاتی ہے۔ اور جس کے سبب سے مائعات ان پر چڑھ جاتے ہیں (انبوب باریک نلی) ؛

کِشِش ثِقل (ف۔ مث) وہ قوت جس سے زمین اشیا کو اپنی طرف کھینچتی ہے ؛

کِشِش مَقناطیسی (ف۔ مث)

وہ طاقت جس سے مقناطیس لوہے کو اپنی طرف کھینچتا ہے ؛

کَشْف (ع۔ مذ) کھولنا۔ ظاہر کرنا۔ الہام۔ کرامات ؛

کَشْف و کَرامات (ع۔ مث) غیب کا حال کھل جانا اور کرامتیں۔ الہام اور اعجاز

کَشْکول (ف۔ مذ) کاسہ گدائی ؛

کِشْمِش (ف۔ مث) داکھ۔ سوکھے ہوئے بے دانہ انگور ؛

کرِشمِش دِن (ا۔ مذ) بڑا دن۔ عیسائیوں کا ایک تیوہار جو حضرت عیسیٰؑ کی سالگرہ کے طور پر منایا جاتا ہے۔ آج کل ۲۵ دسمبر مقرر ہے دراصل انگریزی لفظ کرسمس ڈے (.) ہے ؛

کشمیر (ہ۔ مذ) اصل میں کشپ میر تھا کشپ منی رچی رشی کا بیٹا اور دیوتاؤں کا محافظ تھا۔ میر = پہاڑ پنجاب کا مشہور سرسبز علاقہ جو دنیا میں سب سے خوبصورت ملک تسلیم کیا گیا ہے۔ اس لئے کشمیر جنت نظیر کہلاتا ہے چنانچہ عرفی نے لکھا ہے ؎

ہر سوختہ جانے کہ بہ کشمیر در آید
گر مرغ کباب است کہ با بال و پر آید

کِشْوَر (ف۔ مث) ملک۔ ولایت ؛

کِشْوَر کُشا (ف۔ ص) ملک فتح کرنے والا بادشاہ ؛

کَشِیدگی (ف۔ مث) رنجش۔ ملال ؛

کَشِیدَہ (ف۔ ص) کھنچا ہوا۔ اٹھایا ہوا۔ رنجیدہ۔ کاڑھا ہوا ؛

کَشِیدہ خاطر (ف۔ ص) ناراض۔ رنجیدہ دل ؛

کَشِیدہ کاری (ف۔ مث) کپڑے پر بیل بوٹے کاڑھنے کا کام یا فن ؛

کَعْب (ع۔ مذ) ٹخنہ۔ پانسہ۔ کسی عدد کا تین بار باہم ضرب لگانا۔ جیسے ۱۲۵ جو ۵×۵×۵ کے برابر ہے۔

کَعْبَتَین (ع۔ مذ) (۱) کعب کا تثنیہ جوڑے اور چوسر کے دو پانسے (۲) کعبہ کا تثنیہ ہر دو کعبہ یعنی مکہ معظمہ اور بیت المقدس۔

کَعْبَہ (ع۔ مذ) بیت اللہ۔ قبلہ ؛

ک

(ک - ف)

کَف (ع - مذ) ہتھیلی - تھوک - جھاگ ۔
کَفِ افسوس مَلنا (ف) از حد پچھتانا ۔ افسوس کرنا ۔
کَفِ پا (ف - مذ) پاؤں کا تلوا ۔
کَفِ دَست (ف - مذ) ہاتھ کی ہتھیلی (ا - ص) چٹیل ہموار ۔
کَف لانا (ف) جھاگ لانا ۔ غصّے ہونا ۔
کُفّار (ع - مذ - ج) (واحد کافر) ۔
کَفّارَہ (ع - مذ) گناہ یا غفلت کا بدلہ عیسائیوں کا یہ عقیدہ کہ حضرت عیسےٰ جن کو وہ خدا کا بیٹا مانتے ہیں ۔ نوعِ انسان کے گناہ کے بدلے میں صلیب کی سزا پا چکے ہیں ۔ اس لئے جو شخص اس حیثیت میں ایمان لے آئے ۔ وہ بہشت میں جائے گا ۔
کَفاف (ع - مذ) روزمرّہ کا خرچ روٹی - کپڑا ۔
کَفالَت (ع - مث) ضمانت - ذمہ داری
کِفایَت (ع - مث) کافی ہونا - بچت کم خرچی ۔
کِفایَت شِعار (ع - ص) کم خرچ کرنے والا - جزرس ۔
کِفایَت شِعاری (ع - مث) جزرسی - کم خرچی ۔
کَفچَہ (ف - مذ) بڑا چمچہ - کفگیر - سانپ کا پھن ۔
کُفر (ع - مذ) ناشکراپن - بے دینی - انکار خدا ۔
کُفرانِ نِعمَت (ع - مذ) احسان فراموشی نمک حرامی ۔
کَفَش (ف - مث) جوتی - پاپوش ۔
کَفَش دوز (ف - مذ) موچی ۔
کَفگیر (ف - مذ) کفچہ - بڑا چمچہ ۔
کَفَن (ع - مذ) مُردے کی چادر ۔
کَفَن پھاڑ کر بولنا (ف) دفعتہً بول اُٹھنا - خوفناک آواز سے بولنا ۔
کَفَن چور (ف - ص) کفن چُرانے والا - بدذات ۔

کَفنانا (ف) کفن پہنانا ؛
کَفنی (ع ۔ مث) وہ کپڑا جیسے مُردے کے گلے میں ڈالتے ہیں۔ وہ چادر جو فقیر لوگ درمیان سے پھاڑ کر پہن لیتے ہیں ؛
کُفُو (ع ۔ مذ) ہم ذات۔ ہم قوم۔ خاندان
کَفِیل (ع ۔ مذ) ذمّے دار۔ ضامن ؛

(ک ۔ ک ۔ ل)

کُک (انگ ۔ مذ) باورچی ؛
کَل (ہ ۔ مث) مشین۔ پُرزہ۔ عضو ؛
کَلدار (ف ۔ مذ) انگریزی روپیہ ؛
کَل مروڑنا (ہ) کل گھمانا۔ برگشتہ کرنا۔ ایک طرف سے ہٹا کر دوسری طرف لگانا ؛
کَل (ہ ۔ مث) آرام۔ سکھ۔ چین ؛
کَل آنا (ہ) چین پڑنا۔ آرام ملنا ؛
کَل پڑنا (ہ) چین پڑنا۔ اطمینان ہونا
کَل نہ پڑنا (ہ) تڑپنا۔ آرام نہ ملنا ؛
کَل (ہ ۔ مذ) گزرا ہوا دن۔ آنے والا دن ؛
کَل کی بات (ہ ۔ مث) تھوڑے دنوں کا ذکر ؛
کُل (ع ۔ ص) تمام۔ سب۔ پورا ؛
کَلا بازی (ف ۔ مث) وہ حرکت جو سر نیچے اور پاؤں کو اوپر کر کے نٹ لوگ کرتے ہیں
کَلاجَنگ (ف ۔ مذ) کشتی کا ایک داؤں ہے ؛
کَلّا {(ف (ت کلّہ) مذ} رخسار۔ گال۔ جبڑا۔
کَلّا ٹھلّا (ہ ۔ مذ) جوانی میں چہرے کی چمک دمک اور رونق ؛
کَلّا پھُلانا (ہ) گال پھلانا۔ مغرور ہونا۔ خفگی یا رنج کے باعث منہ سجھائے رہنا ؛
کَلّا دَراز (ف ۔ ص) زبان دراز۔ لڑاکا۔ لڑاکا ؛
کَلارک (انگ ۔ مذ) محرر۔ منشی ؛
کَلابتُّون (ت ۔ مذ) سونے چاندی کی تاروں کی ڈور ؛
کَلاس (انگ ۔ مونث) جماعت۔ درجہ۔ جنس ؛

کلاسُ فیلو (انگ۔ مذ) ہم جماعت ؂

کُلاغ (ف۔ مذ) کوّا ؂

کلاک (انگ۔ مذ) گھنٹہ ؂

کَلال (ہ۔ مذ) شراب بیچنے والا۔ مے فروش ؂

کَلال خانہ (ہ۔ مذ) شراب خانہ ؂

کَلام (ع۔ مذ) سخن۔ بات۔ نثر۔ نظم ؂

کَلامُ اللہ (ع۔ مذ) قرآن شریف ؂

کلام ہونا (ہ) اعتراض ہونا۔ بولنے کی حاجت ہونا ؂

کُلاں (ف۔ ص) بڑا لمبا ؂

کُلانچ (ہ۔ مث) چھلانگ۔ چوکڑی ؂

کلانچ بھرنا (ہ) چوکڑی بھرنا چھلانگ مارنا ؂

کَلاوَنت (ہ۔ مذ) گویّا۔ ڈوم ؂

کلاوَہ (ہ۔ مذ) سُرخ اور زرد گنڈے دار رنگا ہوا کچا سوپ ؂

کُلاہ (ف۔ مذ۔ مث) ٹوپی۔ تاج ؂

کَلائی (ہ۔ مث) پہنچا ؂

کُلُب (ع۔ مذ) کُتّا ؂

کَلَب (انگ۔ مذ) مجلس۔ جماعت۔ سوسائٹی ؂

کَلَب رُوم (انگ۔ مذ) سکاوٹوں کی جمع ہونے کا کمرہ۔ سکاوٹوں کی بیٹھک ؂

کِلبلانا (ہ) کیڑوں کا رینگنا۔ کھبل کھبل کرنا ؂

کُلبُلانہ (ہ) آہستہ آہستہ ہلنا۔ بے قرار ہونا ؂

کُلبُلاہَٹ (ہ۔ مث) کیڑے مکوڑوں کی حرکت۔ آہستگی سے حرکت کرنا ؂

کُلبَہ (ف۔ مذ) جھونپڑا۔ چھوٹا سا گھر ؂

کُلبۂ احزاں (ف۔ مذ) غموں کا گھر

کَلَپ (س۔ مذ) برہما کا ایک دن یا رات جو ۴۳۲ لاکھ ۲۰ ہزار انسانی برسوں کے برابر ہوتا ہے ؂

کِلپ (انگ۔ مذ) بالوں کو بکھرنے سے بچانے کی چٹکی۔ کاغذوں کو یکجا رکھنے کی چیز ؂

کَلپانا (ہ) دُکھ دینا۔ ایذا پہنچانا ؂

کَلپنا (ہ) دُکھ پانا۔ کُڑھنا ؂

کُلجُگ (ہ۔مذ) پاپ اور گناہ کا زمانہ
بُرا زمانہ ؛
کُلچہ (ا۔مذ) میدے کی خمیری روٹی ؛
کُلچہ سا (ا) کلچے کی طرح پھولا ہوا ؛
کُلَر (ہ۔مذ) شور۔بنجر ؛
کَلَس (ہ۔مذ) گنبد کی کلغی ؛
کِلسا (ہ۔مذ) تانبے یا پیتل کا تنگ منہ کا بڑا گھڑا
کلغی (ا۔مث) مُرغ کے سر کا تاج۔
کلس ؛
کَلَف (ا۔مذ) کلپ۔ آہار۔ وسمہ خضاب
چہرے کی چھائیاں۔ چاند کے سیاہ
دھبے (کلوف۔ جمع)
کُلفَت (ع۔مث) رنج۔ تکلیف۔ رنجش۔
کِلک (ف۔مث) نے۔ قلم ؛
کُلکٹر
(انگ۔مذ) سرکاری روپیہ وصول کرنے
والا ضلع کا منتظم۔ مجسٹریٹ ؛
کَلِمات (ع۔مذ۔ج) (واحد کلمہ)
کَلِمہ (ع۔مذ) لفظ۔ بات (کلمات۔ جمع)
کَلِمۃُ الحق (ع۔مذ) سچی بات ؛
کَلِمہ بھرنا (ا) لا الٰہ الا اللہ کہنا۔ کسی
کا معتقد ہونا ؛
کلمہ پڑھنا (ا) مسلمان ہونا۔ کسی کے
کمال کا ماننا۔ کسی کو ہر وقت یاد
کرتے رہنا ؛
کلمۂ شہادت (ع۔مذ) وہ کلمہ جس میں
خدا کی وحدانیت اور رسول کی رسالت
پر گواہی دی جاتی ہے۔ اَشْہَدُ
اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَ اَشْہَدُ
اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَ رَسُوْلُہٗ۔
(ترجمہ: میں اس بات کی گواہی دیتا
یا دیتی ہوں۔ کہ خدا کے سوا اور کوئی
معبود نہیں۔ اور اس بات کی
گواہی دیتا یا دیتی ہوں۔ کہ (حضرت)
محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اس کے
بندے اور پیغمبر ہیں) ؛
کَلِمہ گو (ف۔ص) کلمہ پڑھنے والا مسلمان
کَلَنک (ہ۔مذ) داغ۔ دھبہ۔ سیاہی۔
کلنک کا ٹیکہ (ہ۔مذ) بدنامی کا
داغ ؛
کُلَنگ (ہ۔مذ) کونج ؛
کلوٹا (ہ۔ص) سیاہ

کُلُوخ (ف۔مذ) مٹی کا ڈھیلا۔ موڑا ؛

کِلَول (ہ)، **کَلیل** (ہ۔مث) کھیل کود۔ دل لگی۔ شوخی ؛

کلوزیَم (انگ۔مذ) قدیم زمانے میں شہر روما میں ایک اکھاڑا ہوتا تھا۔ جس میں مجرموں کو بھوکے شیروں سے پھڑوایا جاتا تھا اس اکھاڑے کو کلوزیم کہتے تھے ؛

کُلَہ (ف۔مذ) کلاہ۔ ٹوپی ؛

کَلّہ (ف۔مذ) سر۔ جبڑا۔ رخسار۔ حلق ؛

کَلّہ دراز (ف۔ص) زبان دراز ؛

کُلّہم (ع۔ص) تمام۔ سب کا سب ؛

کُلھیا (ہ۔مث) مٹی کا برتن جس میں عطار شربت دیتے ہیں ؛

کُلّی (ع۔ص) تمام۔ پورا ؛

کُلّی (ہ۔مث) غرارہ۔ منہ میں پانی بھر کر پھینکنا

کَلی (ہ۔مث) شگوفہ۔ غنچہ۔ کونپل ؛

کُلیات (ع۔مث۔ج) (واحد کلیّہ) مجموعہ نظم۔ مجموعہ تصانیف ؛

کَلیجہ (ہ۔مذ) جگر۔ حوصلہ۔ دلیری۔ پیارا

کلیجہ پاش پاش ہونا (ہ) دل ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ نہایت دل دکھنا ؛

کلیجہ پک جانا (ہ) غم ہی غم سے سوختہ ہونا۔ کسی کی تکلیف دہ باتوں سے دکھی ہونا۔ سہائی کرتے کرتے دل کا پکا پھوڑا ہو جانا۔

کلیجہ پکڑ کر رہ جانا (ہ) تڑپ کر رہ جانا صدمے کی بے تابی روکنے کیلئے کلیجہ پر ہاتھ رکھنا

کلیجہ پھٹ جانا (ہ) جگر کا ٹکڑے ٹکڑے ہونا ؛

کلیجہ ٹھنڈا ہونا (ہ) آرام پانا۔ تسلی ہونا ؛

کلیجہ دھک دھک ہونا ۔ (ہ) دل کانپنا ؛

کلیجہ دھک سے رہ جانا (ہ) دل پر صدمہ گزرنا۔ خوف چھانا ؛

کلیجہ کٹ جانا (ہ) (۱) پیچش میں مبتلا ہونا (۲) حسد کرنا (۳) سخت رنج یا تکلیف محسوس کرنا ؛

کلیجہ مسوس کر رہ جانا (ہ) دل کو تھام کر رہ جانا۔ صدمے کو ضبط کرکے چپ رہ جانا۔

کلیجہ منہ کو آنا (ہ) دم گھبرانا۔ دل گھٹنا۔

کلیجہ نکال لینا (ہ) دل نکالنا۔ مال چھین لینا۔ کسی مال میں سے عمدہ مال نکال لینا

کلیجے سے لگائے رکھنا (ہ) نہایت عزیز کرکے رکھنا۔ حفاظت سے رکھنا۔

کلیجے کا ٹکڑا (ہ۔ مذ) بہت پیارا بیٹا

کلید (ف۔ مث) کنجی۔ چابی۔ تالی ؛

کلیسا (ی۔ مذ) گرجا۔ عیسائیوں کا عبادت خانہ

کلیل (ہ۔ مث) خوشی سے کودنا۔ کلول۔

کلیم (ع۔ مذ) بات کرنے والا۔ حضرت موسیٰؑ کا لقب ؛

کلیم اللہ (ع۔ مذ) خدا سے کلام کرنے والا۔ حضرت موسیٰؑ ؛

(ک ۔ م)

کم (ف۔ ص) تھوڑا۔ ذرا سا۔ نہیں ؛

کم توجہی (ف۔ مث) تھوڑی توجہ۔ غفلت ؛

کم حوصلگی (ف۔ مث) تنگ ظرفی۔ اوچھا پن ؛

کم خرچ (ف۔ ص) کفایت شعار ؛

کم خرچ بالا نشین (ف) سستی مگر عمدہ

کم ولاد (ص) ڈرپوک۔ کنجوس ؛

کم ذات (ف۔ ص) کمینہ۔ نیچ ؛

کم سخن (ف۔ ص) تھوڑا بولنے والا ؛

کم ظرف (ف۔ ص) تنگ دل۔ اوچھا۔

کم عقل (ف۔ ص) بے سمجھ۔ نالائق ؛

کم فرصتی (ف۔ مث) مصروفیت ؛

کم قیمت (ف۔ ص) سستا ؛

کمیاب (ف۔ ص) کم ملنے والی شے۔ نادر

کما (ع) جیسا۔ جس قدر ؛

کمار (س۔ مذ) لڑکا۔ بیٹا۔ شہزادہ ؛

کمال (ع۔ مذ) پورا پن۔ پورا ہونا۔ ہنر۔ فن۔ خوبی۔ انوکھی بات۔ انتہا۔ حد ؛

کمال کرنا (ہ) اعجاز کرنا۔ استادی دکھانا۔ حد کرنا ؛

کمال کو پہنچنا (ہ) انتہا کو پہنچنا۔ پورا ہونا ؛

کمالی (ا۔ ص) غازی مصطفےٰ کمال پاشا صدر جمہوریہ ترکیہ سے نسبت رکھنے والا

کمان (ف۔ مث) دھنک۔ قوس۔ وہ خمیدہ آلہ جس کے ذریعے سے تیر چلاتے ہیں۔

کمان ابرو (ف - مث) خمدار ابرو ؛

کمان چڑھنا (ل) بول بالا ہونا - ڈنکا بجنا ؛

کمان گر (ف - مذ) کمان بنانے والا ؛

کمان (ل - مث) کمانڈ کی بگڑی ہوئی شکل حکم - سرداری ؛

کمان افسر (ل - مذ) فوج کا سردار کمانڈر ؛

کمانا (ہ) دولت پیدا کرنا - حاصل کرنا - کسب کرنا - محنت کرنا ؛

کمانچہ (ف - مذ) چھوٹی کمان ؛

کمانڈر (انگ - مذ) فوج کا افسر ؛

کمانڈر انچیف (انگ - مذ) فوجی لاٹ ؛

کمانی (ہ - مث) لوہے کی لچکدار کمان جو گھڑیوں وغیرہ میں ہوتی ہے سپرنگ ؛

کمانیدار ترازو (ل - مذ) ایک قسم کی ترازو جس میں کمانی لگی ہوتی ہے - اس میں پلڑے نہیں ہوتے - بلکہ ایک آنکس ہوتا ہے جس سے چیز لٹکا کر وزن کی جاتی ہے ؛

کمائی (ہ - مث) کمایا ہوا روپیہ - آمدنی - فائدہ ؛

کمبل (س - مذ) اونی کپڑا جو سردیوں میں اوڑھتے ہیں ؛

کمبل پوش (ل - مذ) درویش فقیر ؛

کمبھ (ہ - مذ) ہردوار کا میلہ جو بارہ سال بعد ہوتا ہے ؛

کمپ (انگ - مذ) خیمہ - مقام ؛

کمپاس (انگ - مث) قطب نما ؛

کمپاؤنڈ (انگ - مذ) مرکب ؛

کمپاؤنڈ انٹرسٹ (انگ - مذ) سود در سود ؛

کمپنی (انگ - مث) جماعت - مجلس ؛

گروہ۔ سوداگروں کی جماعت۔

کمپوزیٹر (انگ۔ مذ) ٹائپ کے حروف جوڑنے والا۔

کمپوزیشن (انگ۔ مذ) مضمون انشاء پردازی۔

کمتر (ف۔ ص) ادنیٰ۔ حقیر۔ چھوٹا۔

کمترین (ف۔ ص) فدوی۔ ادنیٰ۔

کمخاب (ف۔ مث) کم۔ تھوڑا خراب درویش۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا جو تارہائے زر کی آمیزش سے بنتا ہے زربفت

کمر (ف۔ مث) دھڑ اور ٹانگوں کے بیچ کا حصہ

کمر باندھنا (ف) تیار ہونا۔ پختہ ارادہ کرنا۔

کمر بستہ (ف۔ ص) تیار۔ آمادہ۔

کمر بند (ف۔ مذ) پٹکا۔ پیٹی۔ ازار بند۔

کمر توڑنا (ف) مایوس کرنا۔ ہمت توڑنا۔

کمر ٹوٹنا (ف) ہمت ٹوٹنا۔ بیدل ہونا۔

کمر سیدھی کرنا (ف) آرام کرنا۔ لیٹنا۔

کمر کسنا (ف) تیار کرنا۔ پکا ارادہ کرنا۔

کمرا (پرتگیزی۔ مذ) کوٹھڑی۔ بڑا کوٹھا۔

کمری (ا۔ مث) کرتی۔ مرزئی۔

کمزور (ف۔ ص) جس میں زور یا طاقت کم ہو۔ ضعیف۔

کمزور کرنا (ف) طاقت توڑنا۔ ضعیف و نحیف بنانا۔

کمزوری (ف۔ مث) ناتوانی۔ ناطاقتی۔ ضعف۔

کمسریٹ (انگ۔ مث) رسد پہنچانے کا محکمہ۔

کمشنر (انگ۔ مذ) قسمت کا افسر۔ کئی ضلعوں کا افسر۔

کمشنری (ا۔ مث) قسمت کئی ضلعوں کا حلقہ۔

کمک (ف۔ مث) اعانت۔ فوجی امداد

کملانا (ا۔ دہ) مرجھانا۔ رونق نہ رہنا۔ دبلا ہونا۔

کملی (ا۔ مث) چھوٹا کمبل۔ فقیروں درویشوں کی اونی پوشش۔

کمند (ف۔ مث) چرخی۔ رسی۔ پھندا۔

کُمہار (ہ (کُنبھ د برتن) + ہار (والا، مذ)
کوزہ گر۔ مٹی کے برتن بنانیوالا۔
کمی (ا۔ مث) قلت۔ نقصان۔ کوتاہی۔
چُوک۔ کسر ÷
کُمیت (ف۔ مذ) سیاہی مائل سرخ
رنگ کا گھوڑا ÷
کمیٹی {انگ
مث} جماعت۔ مجلس۔
پنچائت ÷
کمیشن {انگ
مذ} دستوری۔ دلالی۔
تحقیقاتی کمیٹی ÷
کمیں (ف بث) گھات۔ دشمن یا شکار
مارنے کے لئے چھپ کر بیٹھنا ÷
کمین (ا۔ مذ) کمینہ۔ نیچ۔ نوکر چاکر ÷
کمینہ (ف۔ ص) اوچھا۔ کم ہمت۔ کم اصل
نیچ قوم ÷
کمینہ پن (ا۔ مذ) کم ذاتی۔ رذالت
اوچھاپن ÷
کمیونل وارڈ
فیصلہ حقوق فرقہ وارانہ حقوق کا
قطعی فیصلہ۔ وہ اعلان جو مسٹر
ریمزے میکڈانلڈ وزیر اعظم انگلستان
نے ہندوستان کے مختلف فرقوں
کے حقوق کے متعلق ۱۹۳۲ء میں
اس وجہ سے صادر کیا۔ کہ یہ قومیں
بطور خود اپنے حقوق کے متعلق
کوئی فیصلہ نہ کرسکیں جیسے
ہندوستان میں فیڈریشن قائم کرتے
وقت بنیاد بنایا جاتا ÷

ک۔ ن

کَن (ہ۔ ص) ذرا سا کونہ۔ گوشہ ÷
کَن انکھیوں سے دیکھنا (ا) نظر
بچا کر دیکھنا۔ ترچھی نگاہ سے دیکھنا۔
کَن (ہ۔ مذ) کان (مرکبات کے ساتھ
آتا ہے) ÷
کَن پٹی (ہ۔ مث) کان اور ماتھے کا
درمیانی حصہ ÷
کَن ٹوپ (ہ۔ مذ) ٹوپی جس سے کان
ڈھکے رہتے ہیں ÷

کَن رَس (ہ۔ مذ) باتیں یا راگ سننے کا مزہ
کَن کھجُورا کنکھجورا (ہ۔ مذ) ایک زہریلے جانور کا نام ہے۔ ہزار پا۔ (اس پر کھجور کے درخت کے سے نشان ہوتے ہیں اور کانوں میں اکثر گھس جاتا ہے۔ اس لئے یہ نام رکھا گیا ہے) ؛
کِن (ہ) کون؟ کس؟ ؛
کُن (ع) ہو جا۔ ظاہر ہو ؛
کُن فَیکُون (ع۔ مث) لفظی معنی "ہو، پس وہ ہو جاتی ہے۔" یعنی خدا کے ارادے اور حکم سے ہستی میں آجانے والی چیزیں (مجازاً) کائنات عالم۔ دُنیا ؛
کُن (ف۔ فعل امر) کر ؛
کَنار (ف۔ مث) کنارہ۔ پہلو۔ طرف گنجائش ؛
کِنار (ف۔ مث) گود۔ آغوش۔ بغل ؛
کَنارَہ {ف (غلط العوام کنارہ) مذ} پہلو۔ حاشیہ۔ گوٹ۔ ساحل۔ انجام۔ سرا ؛

کَنارَہ کرنا (ف) الگ ہونا۔ چھوڑنا ؛
کَنارَہ کش ہونا (ف) چھوڑنا۔ الگ کرنا۔ بچنا ؛
کَنارَہ کشی (ف۔ مث) علیحدگی۔ جُدائی۔
کَنارے لگنا (ف) دریا پار ہونا۔ ختم ہونا
کِناری (ہ۔ مث) تِلا گوٹا ؛
کَنال (ہ۔ مث) بیس مرلے کا پیمانہ ؛
کِنایَت (ع۔ مث) اشارے سے بات کہنا۔ رمز ؛
کِنایَہ (ع۔ مذ) رمز۔ اشارہ یا استعارہ۔
کِنایَتہً (ع) اشارہ سے ؛
کُنبَہ (ہ۔ مذ) قبیلہ۔ خاندان
کُنبَہ پَرور (ف۔ ص) خاندان کی پرورش کرنے والا ؛
کُنبَہ جوڑنا (ہ) رشتہ داروں کو جمع کرنا۔ بھیڑ لگانا ؛
کَنٹَر {ا۔ (انگ) مذ} شراب رکھنے کی شیشے کی صراحی ؛
کَنٹھ (ہ۔ مذ) حلق۔ گلو ؛
کَنٹھا (ہ۔ مذ) پھولوں یا سونے چاندی یا قسم قسم کے موتیوں کے ہار جو فقیر دل

یا پالتو جانوروں کے گلے میں برکت یا سجاوٹ کے لئے ڈالتے ہیں اس کی تصغیر کنٹھی ہے ؛

کنٹونمینٹ (انگ - مث) فوج کے رہنے کا مقام ؛

کُنج (ف - مذ) گوشہ - کونہ ؛

کُنجِ تنہائی (ف - مذ) خلوت - علیحدگی کی جگہ ؛

کُنجڑا (ہ - مذ) سبزی بیچنے والا ؛

کنجڑن (ہ - مث) ترکاری بیچنے والی عورت ؛

کُنجشک (ف - مث) چڑیا ؛

کنجوس (ہ - مذ) تنگ دل - شوم - بخیل

کنجوسی (ہ - مث) بخل - تنگ دلی ؛

کنجی (ہ - مث) چابی - تالی ؛

کنچنی (ہ - مث) رنڈی - کسبی ؛

کُند (ف - ص) کھنڈا - جو تیز نہ ہو ؛

کُند ذہن (ف - ص) کم فہم - بے سمجھ - غبی ؛

کُندن (ہ - مذ) خالص سونا ؛

کُندَہ (ف - ص) کھدا ہوا ؛

کُندَہ (ف - مذ) (۱) موٹی لکڑی کا ٹکڑا (۲) بندوق کا لکڑی والا حصہ جو کندھے پر رکھتے ہیں (۳) پرندے کا بازو (۴) پاجامے کی ایک ٹانگ

کُندَہ ناتراش (ف - مذ) بیوقوف - احمق - اَن گھڑ ؛

کُندے باندھ دیا) تول کر آنا - پرندے کی طرح بازو کھول کر اور جھپٹ کر آنا - حملہ کرنے کے لئے جھپٹنا ؛

کَندھا (ہ - مذ) دوش - مونڈھا ؛

کندھا دینا (ہ) جنازے کو اٹھانا کندھے پر رکھنا ؛

کُنڈ (ہ - مذ) گڑھا جس میں ہون کرتے ہیں ؛

کُنڈل (ہ - مذ) حلقہ - چکر ؛

کُنڈلی (ہ - مث) حلقہ - جنم پتری ؛

کُنڈی (ہ - مث) دروازے کی زنجیر - زلفی - سانکل ؛

کُنڈی کھڑکھڑانا (ہ) آواز دینا ؛

پکارنا۔ کنڈی ہلاکر ::

کَنْز (ع۔ مذ) خزانہ۔ گنج ::

کَنْس (س۔ مذ) ایک ظالم راجہ کا نام جسے سری کرشن نے ہلاک کیا تھا ::

کَنَسْتَر (انگ۔ مذ) ٹین کا بکس جس میں مٹی کا تیل آتا ہے ::

کَنَف (ع۔ مث) طرف۔ رُخ ::

کَنکَر (ہ۔ مث) چھوٹے چھوٹے روڑے

کَنکَری (ہ۔ مث) ٹھیکری۔ ڈلی ::

کَنکَوّا (ہ۔ مذ) پتنگ ::

کَنگال (ہ۔ ص) مفلس۔ تنگ دست ::

کَنگلا (ہ۔ ص) کنگال۔ قلاش۔ بھوکا ::

کَنگَن (ہ۔ مذ) کلائی کا زیور ::

کَنگُورہ (ہ۔ مذ) کلغی۔ کنگرہ ::

کَنگھی (ہ۔ مث) بال صاف کرنے کا

کَنگھی چوٹی (ہ۔ مث) بناؤ۔ سنگار

کُنواں (ہ۔ مذ) چاہ۔ وہ گول گڑھا جسے کھود کر پانی حاصل کرتے ہیں۔

کَنوتی (ہ۔ مث) گھوڑے کا کان۔ کان کی بالی۔ لڑکی ::

کُنوَر (ہ۔ مذ) لڑکا۔ بیٹا۔ راجہ کا بیٹا۔

کَنوَل (ہ۔ مذ) ایک پھول کا نام ہے جو دریا میں کھلتا ہے ::

کُنوئیں کی مٹی کُنوئیں کو لگتی ہے (ہ) جس قدر آمدنی ہوتی ہے سب تمام ہی خرچ ہو جاتا ہے۔ جہاں کی کمائی ہوتی ہے وہیں صرف بھی ہو جاتی ہے ::

کَنہَیّا (ہ۔ مذ) سری کرشن جی کا نام ::

کَنی (ہ۔ مث) ٹکڑا۔ ہیرے کا ٹکڑا ::

کَنیا (س۔ مث) چھوٹی لڑکی۔ کنواری۔

کَنیانا (ہ) کنارا کرنا۔ ایک طرف ہونا۔ بچنا۔ چھپنا۔ الگ الگ رہنا ::

کُنیَت (ع۔ مث) وہ نام جو ماں باپ یا اولاد کے نام سے بولا جائے ::

کَنیز (ف۔ مث) لونڈی۔ خادمہ۔ باندی

کَنیزَک (ف۔ مث) لونڈی۔ بردہ۔

(ک۔ و)

کو (ہ) علامت مفعول ::

کُو (ف۔ مث) کوچہ۔ گلی ::

کوّا (ہ۔ مذ) مشہور سیاہ رنگ کا گھریلو پرندہ کاگ

کوّا چلا ہنس کی چال اپنی چال بھی بھول گیا (ہ) اگر چھوٹا آدمی بڑے کی نقل کرے۔ تو اپنی پچھلی حیثیت بھی گنوا بیٹھتا ہے ؎

کوارا (ہ۔ص) بن بیاہا۔ مجرد ؎

کواری (ہ۔ص) بن بیاہی لڑکی ؎

کوارٹر (انگ۔مذ) مقام قیام۔ رہنے کا مکان ؎

کواڑ (ہ۔مذ) پٹ۔ دروازے کا تختہ۔

کواکب (ع۔مذ۔ج) (واحد کوکب)

کوتاہ (ہ۔ص) چھوٹا۔ تھوڑا۔ مختصر ؎

کوتاہی (ف۔مث) کمی۔ کسر ؎

کوتل (ف۔مذ) خالی گھوڑا۔ خالص گھوڑا

کوتوال (ف۔مذ) تھانیدار ؎

کوتوالی (ف۔مث) تھانہ ؎

کوتہ (ہ۔ص) چھوٹا ؎

کوتہ اندیش (ف۔ص) تھوڑی سمجھ والا۔

کوتہ نظر (ف۔ص) کم سمجھ۔ کم نظر والا ؎

کوٹ (ہ۔مذ) قلعہ۔ گڑھ والا ؎

کوٹ (انگ۔مذ) واسکٹ قمیض کے اوپر کا لباس تہ ؎

کوٹلہ (ہ۔مذ) گڑھی۔ چھوٹا قلعہ ؎

کوٹنا (ہ) ٹکڑے کرنا۔ پیسنا۔ مارنا ؎

کوٹھا (ہ۔مذ) بالاخانہ اینٹوں کا بنا ہوا چھت اٹاری ؎

کوٹھڑی (ہ۔مث) چھوٹا کمرہ۔ حجرہ ؎

کوٹھی (ہ۔مث) بنگلا۔ محل۔ بیوپار گھر۔ بڑی دکان۔ چکلہ ؎

کوثر (ع۔مذ) بہشت کی ایک نہر کا نام ہے

کوچ (ت۔مذ) روانگی۔ رحلت ؎

کوچ کرنا (ف) روانہ ہونا۔ سفر کرنا۔ مرنا ؎

کوچ (انگ۔مذ) پلنگ

کوچک (ف۔ص) چھوٹا۔ کم عمر ؎

کوچہ (ف۔مذ) گلی ؎

کوچہ بکوچہ (ف) گلی گلی ؎

کوچہ بندی کرنا (ف) محلوں کی حد باندھنا ؎

کوچہ گردی (ف۔مث) گلیوں میں پھرنا۔ آوارہ پھرنا ؎

کود پھاند (ہ۔مث) اچھل کود ؎

کُوَدَک (ف ۔ مذ) لڑکا ۔ بچہ ؛
کُوَدَن (ف ۔ ص) سُست رفتار گھوڑا احمق ۔ نادان ؛
کُودنا (ہ) اُچھلنا ۔ چھلانگنا ؛
کور (ہ ۔ مث) کنارہ ۔ حاشیہ ۔ گوٹ سنجاف ؛
کور (ت ۔ ص) اندھا ۔ نابینا ؛
کورنمک (ف ۔ ص) نمک حرام ؛
کورا (ہ ۔ ص) نیا ۔ صاف ۔ جاہلِ مطلق مفلس ۔ بے وفا ؛
کورا رہ جانا (ہ) بالکل محروم رہنا ؛
کورٹ (انگ ۔ مذ) عدالت ۔ کچہری ؛
کورٹ انسپکٹر (انگ ۔ مذ) پولیس افسر جو عدالت میں مقدمات کی پیروی کرتا ہے ؛
کورٹ آف وارڈز (انگ ۔ مذ) نابالغ یا مقروض زمیندار کی جائیداد کے سرکاری انتظام کا محکمہ ؛
کورٹ شپ (انگ ۔ مث ۔ شادی سے پہلے منگیتروں کا ایک دوسرے سے ملاقات کرنا معاشقہ
کورٹ فیس (انگ ۔ مث) عدالت کی فیس ٹکٹ جو اشٹام وغیرہ پر لگایا جاتا ہے ؛
کورٹ مارشل (انگ ۔ مذ) جنگی عدالت ؛
کورس (انگ ۔ مذ) نصاب مقررہ ۔ کتاب ۔ رستہ ؛
کُورنِش {ت (ہ کورنش ہ مث} جھک کر سلام کرنا ۔ آداب ؛
کَورَو (س ۔ مذ) راجہ کورو کی اولاد ؛
کُوڑا (ہ ۔ مذ) گھاس پھونس ۔ گند ؛
کُوڑا کرکٹ (ہ ۔ مذ) الا بلا ۔ گند بلا ۔
کَوڑا (ہ ۔ مذ) بڑی کوڑی ؛
کوڑا (ہ ۔ مذ) چابک ۔ دُرّہ ۔ سونٹا ؛
کوڑھ (ہ ۔ ص) احمق ۔ بیوقوف ؛
کوڑھ مغز (ہ ۔ ص) بڑا بے وقوف ؛
کوڑھ (ہ ۔ مذ) ایک بیماری کا نام ہے

جس سے بدن پر سفید دھبے پڑ جاتے ہیں اور انگلیاں جھڑ جاتی ہیں۔ جذام ؛

کوڑھی (ہ۔ ص) کوڑھ والا۔ جذامی ؛

کوڑی (ہ۔ مث) بیس چیزوں کا مجموعہ

کوڑی (ہ۔ مث) روپیہ پیسہ۔ دمڑی

کوڑی کے تین تین (ہ) بہت سستا۔ بے قدر ؛

کوڑے کرنا (ہ) اونے پونے بیچنا۔ دام کھرے کرنا ؛

کوز (ف۔ ص) خمیدہ۔ کُب ؛

کوز پشت (ف۔ ص) کبڑا ؛

کوزہ (ف۔ مذ) پیالہ۔ مٹی کا برتن ؛

کوزے میں دریا بند کرنا (ہ) کسی بڑے مضمون کو بہت مختصر کرکے بیان کرنا ؛

کوس (ہ۔ مذ) ۱/۳ ۲۳۴۷ گز کا فاصلہ ؛

کوس (ف۔ مذ) نقارہ۔ دھونسا ؛

کوسِ رحلت (ف۔ مذ) کوچ کا نقارہ

کوسنا (ہ) بد دعا دینا۔ برا بھلا کہنا ؛

کوسوں (ہ) بہت دور ؛

کوشش (ف۔ مث) جد و جہد۔ دوڑ دھوپ۔ محنت ؛

کوشک (ت۔ مذ) محل۔ قصر ؛

کوفت (ف۔ مث) تھکان۔ غم۔ رنج۔ صدمہ۔ ملال ؛

کوفتہ (ف۔ مذ) قیمہ کے گول کباب۔ (ص) رنجیدہ ؛

کوفہ (ع۔ مذ) عراق عرب کے ایک مشہور شہر کا نام ہے ؛

کوک (ف۔ مث) بلند آواز۔ فریاد۔ شور۔ گھڑی کو چابی دینا ؛

کوکب (ع۔ مذ) ستارہ (کواکب جمع)

کوکبہ (ف۔ مذ) شان و شوکت۔ بزرگی۔ دھوم۔ شاہی جلوس ؛

کوکنا (ہ) چلانا۔ فریاد کرنا۔ کوئل کا بولنا گھڑی وغیرہ کو چابی دینا ؛

کوکو (ف۔ مث) قمری کی آواز ؛

کوکہ (ت۔ مذ) دودھ شریک بھائی ؛

کولی (مث) گود۔ آغوش۔ بغل۔ دونوں ہاتھوں کا فاصلہ ؛

کولا (ہ۔ مذ) دیکھو کوئلا ؛

کولھو (ہ۔ مذ) تیل یا رس نکالنے کی کل۔

کولھو کے بیل کو گھر ہی پچاس کوس (ہ) غریب کو گھر میں بھی آرام نہیں ملتا ؛

کَون (ع) ہو جانا۔ دنیا۔ ہستی ؛

کون و مکان (ع۔مذ) دنیا۔ جہاں ؛

دن (ف۔مث) ڈبہ۔ گانٹھ ؛

کَون (ہ) کلمۂ استفہام ؛

کون دقتوں سے (محاورہ) بہت دیر سے۔ عرصۂ دراز سے ؛

کونا (ہ۔مذ) گوشہ۔ زاویہ۔ کھونٹ ؛

کونپل (ہ۔مث) کلی۔ شگوفہ ؛

کُونج (ہ۔مث) کلنگ ؛

کُونچ (ہ۔مث) جلاہے کا برش۔ کچ ؛

کوند (ہ۔مث) بجلی کی چمک ؛

کُوندنا (ہ) بجلی چمکنا ؛

کُونڈا (ہ۔مذ) صحنک۔ پرات ؛

کونڈی (ہ۔مث) دوری۔ ہاون ؛

کونسل (Council) (انگ۔مث) مشورہ کی مجلس مجلس ؛

کونسلر (Councillor) (انگ۔مذ) صلاح کار۔ ممبر کونسل ؛

کونین (ع۔مذ۔ تثنیہ) دونوں جہان ؛

کونین (Quinine) (انگ۔مث) بخار اُتارنے کی مشہور دوا ؛

کوہ (ف۔مذ) پہاڑ۔ پربت ؛

کوہ آتش فشاں (ف۔مذ) آگ برسانے والا پہاڑ۔ جوالا مکھی ؛

کوہِ طور (ف) اس پہاڑ کا نام جس پر حضرت موسیٰ کو خدا نے اپنا جلوہ دکھایا تھا ؛

کوہ قاف (ف۔مث) پریوں کا ایک فرضی پہاڑ۔ دراصل یہ پہاڑ علاقہ قفقاز میں ہے۔ اس علاقہ کے لوگ بہت خوبصورت ہوتے ہیں ؛

کوہ کُن (ف۔مذ) پہاڑ کھودنے والا۔ فرہاد ؛

کوہِ نور (ف۔مذ) ہندوستان کے ایک ہیرے کا نام ہے۔ انگلستان کے قبضے میں ہے ؛

کوہان (ف۔مذ) اُونٹ کی پیٹھ کا اُبھرا ہوا حصہ ؛

کوہسار (ف۔مذ) پہاڑی ملک۔ پہاڑ ؛

کوہستان (ف. مذ) پہاڑی ملک۔ سلسلہ کوہ ؛
کوہیا (ف. مث) پہاڑ کا پہاڑی ؛
کوئی (ہ) کچھ شخص. آدمی. تقریباً ؛
کوئی دم کا مہمان (ہ) مرنے کے قریب
کوئی کوئی (ہ) ایک آدھ۔ اِکّا دُکّا ؛
کوئل (ہ. مث) ایک خوش آواز پرندے کا نام ؛
کوئک مارچ (Quick March) فوجی ورزش۔ بس یا مدارس کی عام ڈرل میں تیز چلنے کا حکم ؛
کوئلا (ہ. مذ) معروف چیز ہے لکڑی. وغیرہ کا ہوتا ہے۔ یا کان میں سے نکلتا ہے۔ بولتے کولا اور لکھتے زیادہ تر کوئلا ہیں ؛
کوئلوں کی دلالی میں ہاتھ کالے (و) بُرے کام میں پڑنے سے آخر بدنامی ہوتی ہے ؛
کوئین (Queen) (انگ۔ مث) ملکہ بیگم ؛
کوئنو پلازمو کوئین (Quina plasmaquine) ایک قسم کی کونین جو موسمی بخار کے لئے عام کونین سے کہیں زیادہ مفید ہے ؛
کویہ (ف. مذ) ریشم کے کیڑے کا خول

(ک۔ ھ)

کہ (ف) کیونکہ. سبب. ناگاہ ؛
کہا (ہ) کہنا. قول. کہا ہوا ؛
کہا سنا (ہ. مذ) تقصیر. قصور. غلطی ؛
کھاتا (ہ. مذ) روزنامچہ. حساب لکھا۔
کھاتا پیتا (ہ. مذ) آسودہ. خوشحالی ؛
کھاٹ (ہ. مث) چارپائی۔ پلنگڑی ؛
کھاج (ہ. مث) کھجلی ؛
کھاجا (ہ. مذ) خوراک۔ غذا ؛
کھا جانا (ہ) چپ کر جانا. غبن کر لینا ؛
کہار (ہ. مذ) پانی بھرنے والا۔ ڈولی یا پالکی اُٹھا کر چلنے والا ؛
کھارا (ہ. ص) شورہ۔ نمک ؛

کھاری (ہ-ص) شوردار۔ جس میں کھار پائی جائے ٭
کھاڑی (ہ-مث) خلیج ٭
کھال (ہ-مث) پوست۔چھلکا۔چمڑا۔
کھال اُتارنا (ہ) چمڑا جدا کرنا۔سزا دینا ٭
کھال کھینچنا (ہ) چمڑا اُدھیڑنا۔سزائے موت دینا ٭
کھالا (ہ-مذ) وہ نیچی زمین جس میں بہت ندی نالے ہوں۔ نالہ۔ چھوٹی نہر ٭
کھان (ہ-مذ) کان۔ خزانہ۔ منبع ٭
کہاں (ہ) استفہام برائے ظرف مکان کس جگہ۔کدھر۔ استفہام۔انکاری نہ۔(تا بچہ نخل-بُعد-فرقِ عظیم ٭
کھانا (ہ-مذ) خوراک۔ طعام۔ روٹی ٭
کھانا پینا (ہ) دانہ پانی ٭
کھانا (ہ) حلق سے اُتارنا۔نوش کرنا ٭
کھانڈ (ہ-مث) بُورا۔چینی۔شکر سفید ٭
کھانڈا (ہ-مذ) تیغہ۔قصائی کا بُغدا۔لکڑی کی تلوار ٭

کھانسنا (ہ) کھوں کھوں کرنا۔کھنکارنا۔
کھانسی (ہ-مث) کھوں کھوں اکھرکھرا
کہانی (ہ-مث) حکایت۔قصہ۔گھڑت غلط ٭
کھانے کو دوڑنا (ہ) سختی سے پیش آنا ٭
کھاؤ (ہ-ص) بہت کھانیوالا۔ رشوت لینے والا۔بہت خرچ کرنیوالا ٭
کہاوت (ہ-مث) قول۔ضرب المثل ٭
کھائی (ہ-مث) خندق۔ قلعے کے گرد کا گڑھا۔
کھبا (ہ-ص) بایاں۔ اُلٹا بائیں ہاتھ سے کام کرنیوالا۔
کھُب جانا (ہ) گڑ جانا۔ پسند کرنا۔ دِل نشین ہونا ٭
کھبنا (ہ) گڑنا۔ اچھا لگنا۔نقش ہونا ٭
کھپاچ (ہ-مث) کھپچی۔ بانس کا ٹکڑا۔ دُبلا آدمی ٭
کھپانا (ہ) خرچ کرنا۔ لگانا۔تنگ کرنا۔ سر کھانا۔قتل کرنا ٭
کھپت (ہ-مث) لاگت۔ خرچ۔ گنجائش ٭
کھپچی (ہ-مث) بانس۔ چوا۔ بنگڑا

قیچی۔ لاغر آدمی ۔

کھپریل (ہ۔مث) ٹائلوں کا بنا ہُوا مکان یا کوٹھا ۔

کھپنا (ہ) صرف ہونا۔ لگنا۔ بکنا۔ کام آنا۔

کھتا (ہ۔مذ) گڑھا۔ ذخیرہ۔ گودام ۔

کہتر (ف۔ص) چھوٹا آدمی ۔

کھترانی (ہ۔مث) کھتری کی عورت ۔

کھتری (ہ۔مذ) ہندوؤں کی ایک قوم ۔ (پ) ہندو ۔

کھتونی (ہ۔مث) گاؤں کی زمین کا حساب ۔

کھتیانا (ہ) کھاتے میں درج کرنا ۔

کھٹ (ہ۔مث) دو چیزوں کے ٹکرانے کی آواز۔

کھٹ پٹ (ہ۔مث) لڑائی جھگڑا۔

کھٹ بڑھئی (ہ۔مذ) ہُدہُد ۔

کھٹا (ہ۔ص) ایک پھل کا نام ہے ۔

کھٹا میٹھا (ہ۔ص) کچھ ترش کچھ میٹھا ۔

کھٹا میٹھا ہونا (ہ) جی للچانا ۔

کھٹاس (ہ۔مث) ترشی۔ کھٹائی ۔

کھٹائی (ہ۔مث) ترشی۔ کھٹاس ۔

کھٹائی میں پڑنا (ہ) کام میں تاخیر ہونا ۔

کھٹائی میں ڈالنا (ہ) زیور کو صاف کرنے کے لئے کھٹائی میں ڈالنا۔ دیر کرنا ۔

کھٹک (ہ۔مث) چبھن۔ ٹیس ۔

کھٹکا (ہ۔مذ) ٹکرانے کی آواز۔ پیروں کی آواز۔ ڈر۔ خوف۔ چٹخنی۔

کھٹکا لگا رہنا (ہ۔مذ) ہر وقت فکر رہنا۔ اندیشہ رہنا ۔

کھٹکا ہونا (ہ) کھڑکا ہونا۔ آہٹ ہونا۔

کھٹک جانا (ہ) چبھ جانا۔ بُرا لگنا۔

کھٹکنا (ہ) چبھنا۔ رڑکنا۔ دل پر اثر کرنا۔

کھٹکھٹانا (ہ) کھڑکانا۔ کنڈی ہلانا ۔

کھٹمل (ہ۔مذ) چارپائی کا کیڑا ۔

کھٹو (ہ۔مذ) کمانے والا ۔

کھٹولا (ہ۔مذ) چھوٹی چارپائی ۔

کھٹولی (ہ۔مث) چھوٹی چارپائی ۔

کھٹی (ہ۔ص) ترش۔ بیزار ۔

کھجانا چڑانا۔ غصہ دلانا۔ چھیڑنا ۔

کھجلانا (ہ) کھجلی ہونا۔ ناخن سے کھرچنا ۔

کھجلاہٹ (ہ۔مث) خارش۔ کھجلی ۔

کھُجلی (ہ۔مث) کھاج۔ خارش ؛

کھجُور (ہ۔مث) خرما۔ کھجی ؛

کھچا (ہ۔ص) تنا ہوا۔ کسا ہُوا ؛

کھچا رہنا (ہ) الگ رہنا۔ کشیدہ رہنا ؛

کھِنچا کھچ (ہ۔ص) خوب بھرا ہوا۔ انبوہ۔ ٹھسا ٹھس ؛

کھچاوٹ (ہ۔مث) کساوٹ۔ کشمکش کشیدگی ؛

کھچ جانا (ہ) ناراض ہو جانا۔ رُک جانا۔

کھچڑی (ہ۔مث) دال چاول اکٹھے پکے ہوئے۔ ملا جُلا۔ خفیہ صلاح مشورہ

کھچڑی پکانا (ہ) پوشیدہ صلاح مشورہ کرنا۔ سازش کرنا ؛

کھچڑی آنا (ہ) بیر کے درخت میں پھول لگنا۔

کھُدائی (ہ۔مث) کھُدنا۔ کھُدوانے کی اُجرت ؛

کھُدرا (ہ۔ص) کھُردرا۔ ناہموار ؛

کھُدنا (ہ) کھودا جانا۔ نقش ہو جانا ؛

کھُدوانا (ہ) گڑھا بنوانا۔ نقش کرانا ؛

کھُدوائی (ہ۔مث) کھُدوانے کی اُجرت مزدوری ؛

کھڈ (ہ۔مث) کھائی۔ گھاٹی ؛

کھُڈّی (ہ۔مث) قدمچہ ؛

کھُر (ہ۔مذ) سُم ؛

کُہر (ہ۔مذ) دُھند ؛

کھرا (ہ۔ص) صاف۔ خالص۔ اچھا۔ سچا ؛

کھرا پن (ہ۔مذ) صفائی۔ خوبی۔ دیانت ؛

کھرا کھوٹا (ہ۔ص) بُرا بھلا ؛

کُہرام (ہ۔مذ) رونا۔ واویلا۔ ماتم۔ فریاد۔

کُہرام مچنا (ہ) ماتم ہونا۔ شور ہونا۔ آفت بَرپا ہونا ؛

کھرب (ہ۔ص) دس ہزار کروڑ ؛

کُہربا (ف۔مذ) ایک قسم کا گوند جسے کپڑوں پر رگڑیں تو تنکوں کو اُٹھا لیتا ہے ؛

کُہربائی (ف۔ص) مقناطیسی طاقت ؛

کھُرپا (ہ۔مذ) گھاس کھودنے کا اوزار۔ (مجازاً) مودھو۔ کاٹھ کا اُلّو۔ احمق ؛

کھُرچن (ہ۔مث) دیگ کی تہ۔ کھُرچی ہوئی چیز۔ بچا کھچا ؛

کھُرچنا (ہ) چھیلنا۔ کریدنا ؛

کھُردرا (ہ۔ص) کھُرکھرا۔ ناہموار ؛

کھُردراپن (ہ۔ص) ناہمواری۔ سختی ؛
کھرکھر (ہ۔مذ) گھوڑے کے بال صاف کرنے کا آلہ۔ کھریرا ؛
کھرل (ہ۔مث) چھوٹی سی پتھر کی کونڈی جو کشتی نما ہوتا ہے ؛
کھرل کرنا (ہ) دوا کو حل کرنا۔ پیسنا ؛
کھُرنڈ (ہ۔مذ) زخم کا انگور۔ کھرینڈ ؛
کھری (ہ۔ص) صاف۔ خالص ؛
کھری سُنانا (ہ) صاف بات کہنا۔ سچی بات کہنا ؛
کھریرا (ہ۔مذ) گھوڑے کے بال صاف کرنے اور گرد نکالنے کا آہنی آلہ۔ کھرکھرا ؛
کھڑا (ہ۔ص) اٹھا ہوا۔ برپا۔ ٹھیرا ہوا ؛
کھڑا رہنا (ہ) ٹھہرا رہنا۔ منتظر رہنا ؛
کھڑاؤں (ہ۔مث) لکڑی کی جوتی ؛
کھڑکا (ہ۔مذ) آہٹ۔ آواز۔ کھٹکا ؛
کھڑکانا (ہ) کنڈی کھٹکانا ؛
کھڑکھڑانا (ہ) [illegible] بجانا۔ دھمکانا ؛
کھڑکھڑاہٹ (ہ۔مث) پتوں وغیرہ کے ہلنے کی آواز ؛

کھڑکی (ہ۔مث) دریچہ۔ جھروکا ؛
کھڑکی دار پگڑی (ہ۔مث) وہ پگڑی جس کے آگے سوکھا سا ہوتا ہے ؛
کھڑے کھڑے (ہ) فوراً۔ اسی وقت ؛
کھُسر پُسر (ہ۔مث) کانا پھوسی ؛
کھسکانا (ہ) سرکانا۔ ہٹانا۔ غائب کردینا۔
کھسک جانا (ہ) ہٹ جانا۔ سرک جانا چپکے سے نکل جانا ؛
کھسکو (ہ) جاؤ۔ دفع ہو۔ رخصت ہو۔ ہٹو
کھسوٹنا (ہ) نوچنا۔ بال اکھاڑنا۔ چھیننا۔ اُتارنا۔
کھسیانا (ہ) شرمندہ۔ نادم۔ رو دینے والا ؛
کہف (ع۔مذ) گپھا۔ غار ؛
کہکشاں (ف۔مث) چھوٹے موٹے ستاروں کا مجموعہ جو رستے کی مانند آسمان پر نظر آئے ؛
کہلانا (ہ) کہلوانا۔ نامزد ہونا ؛
کھِلائی (ہ۔مث) کھلانے والی عورت۔ دایہ ؛
کھلبلی (ہ۔مث) ہلچل۔ خرابی۔ گھبراہٹ ؛
کھُل پڑنا (ہ) بے تکلف ہونا۔ شرم

اُتار دینا

کِھل جانا (ہ) کھلنا۔ شگفتہ ہونا ؛
کُھل جانا (ہ) ظاہر ہونا۔ پھٹ جانا۔
جاری ہونا۔ بے تکلّف ہونا ؛
کِھل کِھلا کر ہنسنا (ہ) زور سے ہنسنا۔ قہقہہ
مارنا ؛
کھل کھیلنا (ہ) کسی بُرے کام کو علانیہ
کرنا۔ شرم ہٹا کر کوئی کام کرنا ؛
کِھلنا (ہ) کلی کا پھول۔ پھول کا شگفتہ
ہونا ؛
کُھلنا (ہ) بندھی ہوئی شے کا آزاد
ہونا۔ ظاہر ہونا۔ معلوم ہونا۔
بادل پھٹنا ؛
کِھلنڈرا (ہ۔ مذ) کھلاڑی ؛
کِھلونا (ہ) بچّے کے کھیلنے کی چیز ؛
کِھلّی (ہ۔ مث) ہنسی۔ مذاق ؛
کُھلے بازار (ہ۔ مں) علانیہ۔ بے خوف ؛
کُھلے بندوں (ہ۔ مں) بے دھڑک۔
آزادانہ ؛
کھلیان (ہ۔ مذ) سن۔ غلّے کا انبار۔
ڈھیر ؛

کھمبا (ہ۔ مذ) ستون۔ لاٹھ ؛
کُہَن (ف۔ ص) پُرانا۔ بہت کا ؛
کہنا (ہ۔ مذ) قول۔ حکم۔ نصیحت ؛
کھنڈت کرنا (ہ) توڑنا۔ رد کرنا ؛
کھنڈر (ہ۔ مذ) ٹوٹا ہوا مکان۔ ویرانہ ؛
کھنڈل (ہ۔ مذ) کھنڈر۔ شکستہ عمارت۔
ٹوٹے پھوٹے مکانات ؛
کھنڈن (ہ) توڑنا۔ رد کرنا ؛
کہنے کو (ہ) نام کو۔ برائے نام ؛
کہنے کی باتیں (ہ۔ مث) صرف باتیں
ہی باتیں۔ عمل میں لانا مشکل ؛
کھنکار (ہ۔ مث) بلغم ؛
کھنکارنا (ہ) کھانسنا۔ گلا صاف کرنا ؛
کھنگالنا (ہ) پانی سے برتن صاف کرنا ؛
کھنگر (ہ۔ مذ) جلی ہوئی اینٹ ؛
کُہنگی (ف۔ مث) بڑھاپا۔ پُرانا پن ؛
کُہنہ (ف۔ ص) پُرانا ؛
کُہنی (ہ۔ مث) کلائی اور بازو کا جوڑ ؛
کہنی مارنا (ہ) کہنی سے اشارہ کرنا ؛
کھوا (ہ۔ مذ) کندھا ؛
کھوپری (ہ۔ مث) سر کے اوپر کا حصّہ۔

کاٹنے سر ۔

کھوٹ (ہ۔ مذ) ملاوٹ۔ دغا۔ کینہ ۔
کھوٹا (ہ۔ ص) غیر خالص۔ کھوٹ ملا ہوا شریر۔ کینہ توز ۔
کھوٹا کھرا دیکھنا (ہ) آزمائش کرنا ۔
کھوٹی (ہ۔ مث) غیر خالص۔ بناوٹی بدذات ۔
کھوج (ہ۔ مث) نشان۔ سراغ۔ پتہ خبر ۔
کھوجی (ہ۔ مذ) سراغ رساں۔ کھوج نکالنے والا ۔
کھودنا (ہ) گڑھا کرنا۔ تحقیقات کرنا ۔
کھودینا (ہ) ضائع کرنا۔ گنوا دینا ۔
کھوسا (ہ۔ ص) کھودا۔ جس کے داڑھی مونچھ نہ ہو ۔
کھوسٹ (ہ۔ ص) بوڑھا۔ پھوس ۔
کھوکھلا (ہ۔ ص) خالی۔ پولا۔ تھوتھا ۔
کھول کر (ہ) ظاہر کرکے۔ واضح کرکے ۔
کھولنا (ہ) آزاد کرنا۔ ظاہر کرنا ۔
کھولنا (ہ) جوش کرنا۔ اُبلنا۔ جلنا ۔
کھونا (ہ) ضائع کرنا۔ گنوانا ۔
کھونٹا (ہ) لکڑی کی میخ۔ چوب کو لکڑی لاٹھ

کھوے سے کھوا چھلنا (ہ) بہت بھیڑ ہونا۔ از حد ہجوم ہونا ۔
کھویا (ہ۔ مذ) آگ پر خشک کیا ہوا دودھ
کھیے (ہ۔ مث) میلا۔ گوہ۔ خاک۔ راکھ ۔
کھیے کھانا (ہ) جھک مارنا۔ جھوٹ بولنا۔
کھیپ (ہ۔ مث) بوجھ۔ بھرتی ۔
کھیپ بھرنا (ہ) بوجھ لادنا۔ مال بھرنا ۔
کھیت (ہ۔ مذ) بوئی ہوئی زمین۔ کشت ۔
کھیت پڑنا (ہ) جنگ میں آدمیوں کا مارا جانا ۔
کھیت رہنا (ہ) قتل ہونا۔ لڑائی میں مارا جانا ۔
کھیت کاٹنا (ہ) فصل کاٹنا ۔
کھیت کرنا (ہ) چاند نکلنا ۔
کھیت ہاتھ ہونا (ہ) فتح ہونا ۔
کھیتی (ہ۔ مث) زراعت کاشتکاری ۔
کھیتی باڑی (ہ۔ مث) کاشتکاری۔ زراعت
کھیتی خصم سیتی (ہ) کام مالک ہی کی توجہ سے ہوتا ہے ۔
کھیر (ہ۔ مث) دودھ اور چاول کے پکے ہوئے ۔

کھیر کا دلیا ہو جانا (ہ) بنا بنایا کام بگڑ جانا۔ قسمت پلٹ جانا ؛
کھیس (ہ۔مذ) دہ سوتی کی چادر ؛
کھیسا (ہ۔مذ) کیسہ۔ تھیلی ؛
کھیل (ہ۔مذ) بازی۔ تماشا۔ آسان ؛
کھیل بگڑنا (ہ) بنا بنایا کام بگڑ جانا ؛
کھیل بنانا (و) کام بنانا ؛
کھیل کود (ہ۔مث) اچھلنا۔ کودنا۔ لہو و لعب ؛
کھیل ہے (ہ) آسان۔ ادنےٰ بات ؛
کھیلنا (ہ) بازی کرنا۔ دل بہلانا۔ اچھلنا۔ کودنا ؛
کہیں (ہ) کسی جگہ ؛
کہیں کا نہ رہنا (ہ) برباد ہو جانا۔ کام کا نہ رہنا ؛
کہیں کی اینٹ کہیں کا روڑا
بھان متی نے کنبہ جوڑا (ہ) بے میل رشتہ ؛
کھینا (ہ) کشتی چلانا ؛
کھینچنا (ہ) گھسیٹنا۔ چوسنا۔ لمبا کرنا ؛
کھیوا (ہ۔مذ) کھینے والا۔ ملاح ؛

کھیوٹ (ہ۔مث) پٹواری کی کتاب جس میں گاؤں کی کیفیت درج ہوتی ہے ؛
کھیوٹ دار (و۔مذ) حصہ دار۔ گاؤں کا شریک ؛

(گ۔ی)

کَے (ف) کتنے ؛
کئی (ہ) کتنے۔ چند ؛
کئی ایک (ہ) دو چار۔ چند ایک ؛
کئی بار (و) کتنی دفعہ۔ چند بار۔ اکثر ؛
کیا (ہ) استفہام (پنجابی) کی ؛
کیا بات ہے (و) کیا خوب۔ شاباش۔ واہ وا ؛
کیا خوب (ہ) کیا کہنا۔ واہ ؛
کیا دن تھے (و) کیسے اچھے دن تھے ؛
کیا علاقہ ہے کیا تعلق۔ کوئی تعلق نہیں۔ کوئی واسطہ نہیں ؛
کیا قیامت ہے (ا) کیسا غضب ہے ؛

کیا کہنا (ہ) کیا بات ہے۔ خوب ۔
کیا مجال (و) کیا حوصلہ۔ کیا مقدور ہے ۔
کیا معنی (و) کیا وجہ۔ کیوں ؟ ۔
کیا منہ دکھاؤگے (و) کیونکر سامنے آؤگے۔ کیا جواب دوگے ۔
کیا یاد کروگے (ہ) مدت تک یاد کروگے بہت یاد کروگے ۔
کیاری (ہ۔ مث) چھوٹا سا کھیت باغ کا حصہ
کیاست (ع۔ مث) (انائی۔ فہم ۔
کیانی (ف۔ ص) ایران کے بادشاہوں کا لقب۔ خاندان کے کر بادشاہ جیسے کیخسرو۔ کیقباد ۔
کیتلی (و۔ مث) ٹونٹی دار ظرف جس میں چائے یا
کیچ (ہ۔ مث) کیچڑ ۔ پانی گرم کرتے ہیں۔
کیچ (catch) (انگ) پکڑنا۔ دبوچنا۔ تھامنا۔ کرکٹ کی اصطلاح میں جب گیند کھلاڑی کے بیٹ بلّے سے لگ کر اچھلے۔ زمین پر گرنے سے پہلے دبوچ لینا ۔

کیچ آؤٹ (catch-out) (انگ) کرکٹ کے کھیل میں کسی کھلاڑی کا گیند دبوچے جانے کی وجہ سے "مرجانا" ۔
کیچڑ (ہ۔ مث) پانی مٹی گارا ۔
کید (ع۔ مذ) مکر۔ فریب ۔
کیری آنکھ (ہ) کرنجی آنکھ ۔
کیڑا (ہ۔ مذ) کرم۔ مکوڑا۔ سانپ ۔
کیڑا لگنا (ہ) دیمک۔ گھن وغیرہ لگنا ۔
کیڑی (ہ۔ مث) چیونٹی۔ جونک ۔
کیس (ہ۔ مذ) سر کے بال ۔
کیس (case) (انگ۔ مذ) ڈھکنا۔ بکس۔ مقدمہ۔ فعل کا قرینہ ۔
کیسر (ہ۔ مث) خوشبودار زرد پھول۔ زعفران ۔
کیسری (ہ۔ ص) زرد۔ زعفرانی ۔
کیسے (ہ) کس طرح۔ کس قسم کے ؟ ۔
کیسہ (ہ۔ مذ) تھیلی۔ جیب ۔
کیش (ف۔ مذ) مذہب۔ دین۔ طریقہ۔
کیش (cash) (انگ۔ مذ) نقدی۔ روپیہ پیسہ ۔

کیش بک (Cash-Book) (انگ۔ مث) روکڑ۔ بہی ÷
کیش بکس (Cash-Box) (انگ۔ مذ) نقدی رکھنے کا صندوق ÷
کیف (ع) کس طرح۔ نشہ۔ سُرور ÷
کیفر (ف۔ مذ) سزا۔ بدی کا عوض۔ بدلہ ÷
کیفر کردار کو پہنچنا (و) سزا بھگتنا ÷
کیفی (ع۔ ص) مسرور۔ متوالا ÷
کیفیت (ع۔ مث) حالت۔ لطف و سرور۔ (کیفیات جمع)
کیفیت لکھنا (و) تحریری رپورٹ کرنا۔
کیک۔ (Cake) (انگ۔ مذ)
کیکر (ہ۔ مذ) ببُول کا درخت۔ کِکر ÷
کیکڑا (ہ۔ مذ) ایک آبی جانور۔ سرطان ÷
کیکئی (س۔ مث) راجہ رام چندر کی سوتیلی ماں ÷
کیل (ہ۔ مث) لوہے کی میخ ÷
کیل کا کھٹکا نہیں (ہ) ذرا بھی خوف نہیں ÷
کیل کانٹا (ہ۔ مذ) ہتھیار۔ اوزار ÷
کیلا (ہ۔ مذ) کھونٹا۔ بڑی میخ۔ چوب ÷
کیلنڈر (Calender) (انگ۔ مذ) جنتری۔ تقویم ÷
کیمپ (Camp) (انگ۔ مذ) خیمہ۔ ڈیرہ۔ مقام ÷
کیمرہ (Camera) (انگ۔ مذ) تصویر لینے کی مشین ÷
کیمسٹ (Chemist) (انگ۔ مذ) علم کیمیا جاننے والا۔ دواساز ÷
کیمسٹری (Chemistry) (انگ۔ مث) علم کیمیا۔ مرکبات کا علم ÷
کیموس (ی۔ مذ) وہ رس جو انتڑیوں میں پیدا ہوتا ہے ÷
کیمیا (ع۔ مث) رسائن۔ اکسیر۔ مفید۔ وہ علم جس میں اشیاء کی ترکیب سے بحث ہوتی ہے ÷
کیمیاوی (ع۔ ص) کیمیا کے متعلق ÷
کیمیاگر (ف۔ مذ) کیمیا بنانے والا۔ چالاک ÷
کیمیاوی تبدیلی (و۔ مث) وہ تبدیلی

جس سے مختلف اجزا مل کر اپنے
اپنے خواص کھو دیں اور مرکب کے
خواص بالکل الگ ہوں ۔

کیمیاگری (ف۔مث) سونا بنانے کا فن ۔

کین (ف۔مث) حسد۔ بغض۔ دشمنی ۔

کینچلی (ہ۔مث) سانپ کی جھلی۔ جو اس کے جسم پر سے اُترتی ہے ۔

کینچلی بدلنا (ہ) سانپ کا پُرانا پوست چھوڑ کر نیا لانا۔ کپڑے بدلنا۔ بننا۔ سنورنا ۔

کینہ (ف۔مذ) دشمنی۔ حسد۔ عداوت ۔

کینہ توز (ف۔ص) بغض رکھنے والا۔ کینہ نکالنے والا ۔

کینہ رکھنا (ہ) عداوت رکھنا ۔

کینہ ور (ف۔ص) حاسد۔ دُشمن ۔

کیوان (ف۔مذ) ایک بہت بلند ستارہ۔ زُحل ۔

کیواڑ (ہ۔مذ) ایک خوشبودار پھل برق کیوڑا

کیوں (ہ) کس لئے ۔

کیونکر (ہ) کس طرح (متروک) ۔

کیونکہ (ہ) اس واسطے ۔

کیوں نہ ہو (ہ) سبحان اللہ۔ واہ واہ۔ (تعریف کے لئے) ۔

گ

(گ۔ا)

گات (ہ۔مث) جسم۔ عورت کا بدن۔ سینہ۔ چوچی ۔

گاجر (ہ۔مث) ایک قسم کی میٹھی جڑ ہے۔

گاجر مُولی (ہ۔مث) ادنےٰ شے۔ بیقدر ۔

گاڈ (God) (انگ۔مذ) خدا ۔

گارا (ہ۔مذ) گوندھی ہوئی پتلی مٹی ۔

گارُد (و۔مذ) سنتری۔ سپاہیوں کا گروہ۔
گارڈ (Guard) (انگ۔مذ)
ریل گاڑی کا ذمہ دار۔ محافظ ؎
گارڈن (Garden) (انگ۔
مذ) باغ۔ محافظ ؎
گارڈن پارٹی (Garden Party) (انگ۔مذ) وہ
جلسہ جو کسی باغ میں دیا جائے
الوداعی جلسہ ؎
گارڈین (Gardian)
(انگ) سرپرست۔ ولی ؎
گارنٹی (Garantee)
(انگ۔مث) ذمہ داری ؎
گاڑنا (ہ) دفن کرنا۔ دبانا۔ ٹھونکنا۔ کھڑا کرنا۔
گاڑھا (ہ۔مذ) غلیظ۔ جو پتلا نہ ہو (۲)
ٹھونک کر بنا ہوا۔ (۳) گہرا۔
دلی (۴) ہندوستانی موٹا
کپڑا۔ گزی ؎
گاڑھی (ہ۔مث) گاڑھا کی تانیث ؎
گاڑھی چھننا (۱) گاڑھی بھنگ بننا۔ پتلی
بھنگ چھننے کا نقیض (۲) گہری
دوستی ہونا۔ پکا یارانہ ہونا (۳)
بھاری دشمنی ہونا۔ خوب لڑائی
دنگا ہونا (۴) گہرا نشہ ہونا ؎
گاڑی (ہ۔مث) پہیوں والی گاڑی۔
بہلی رتھ۔ ریل وغیرہ ؎
گاڑیبان (و۔مذ) گاڑی چلانے والا ؎
گازر (ف۔مذ) دھوبی ؎
گاس یا گیس (Gas) (انگ۔
مث) گیس جلنے والی ہوا ؎
گاگر (ہ۔مث) تانبے یا پیتل کا گھڑا پانی
رکھنے کا کلسا ؎
گال (ہ۔مذ) رخسار۔ عارض ؎
گال پھلانا (ہ) گالوں میں ہوا بھرنا۔
موٹا ہونا۔
گالا (ہ۔مذ) دُھنی ہوئی روئی کا گولہ۔
(تشبیہاً) نہایت سفید۔ برف کی مانند۔
گالی (ہ۔مث) بدزبانی۔ دشنام۔ بُری
بات ؎
گالی گلوچ (ہ۔مث) بُرا بھلا کہنا۔
گالی دینا ؎
گام (ف۔مذ) قدم۔ ڈگ۔ گھوڑے کی ایک

قسم کی رفتار ۔

گانا (ہ) الاپنا۔ ڈونڈی پیٹنا۔ بپتا بیان کرنا۔

گانا بجانا (ہ) راگ رنگ ۔

گانٹھ (ہ۔ مث) گرہ۔ جوڑ ۔

گانٹھ کا پورا (ہ۔ ص) دولت مند ۔

گانٹھ کا پیسہ (ہ۔ مذ) ذاتی مال۔ خاص اپنا مال ۔

گانٹھنا (ہ) گرہ لگانا۔ جوڑنا۔ اپنے ساتھ ملانا۔ مرمت کرنا۔ جیسے جوتی گانٹھنا۔

گانسی (ہ۔ مث) آنکڑا۔ کنڈا۔ قلابہ۔ تیر کا فولادی سرا ۔

گاؤں (ہ۔ مذ) موضع۔ بستی۔ گرام ۔

گاؤ (ف۔ مذ) بیل۔ گائے ۔

گاؤ تکیہ (ف۔ مذ) بڑا تکیہ جس پر فرش پر بیٹھکر سہارا لیتے ہیں ۔

گاؤ خورد ہونا (ہ) برباد ہونا۔ غارت ہونا ۔

گاؤ دُم (ف۔ ص) بسوترا۔ ایک طرف سے موٹا۔ دوسری طرف سے پتلا ۔

گاؤ دِیدہ (ا) ایک [illegible] کی روٹی جو بیل کی آنکھ سے مشابہ ہوتی ہے اور تنور میں پکائی جاتی ہے ۔

گاؤ زبان (ف۔ مث) ایک دوا کا نام ہے جس کا پتہ گائے کی زبان سے مشابہ ہوتا ہے ۔

گاؤ زمین (ف۔ مث) ہندوؤں کے خیال کے مطابق وہ گائے جسکی پیٹھ پر زمین کھڑی ہے ۔

گاؤ کشی (ف۔ مث) گائے ذبح کرنا ۔

گاؤ میش (ف۔ مث) بھینس ۔

گاؤدی (ف۔ ص) احمق۔ بیوقوف ۔

گاہ (ف۔ مث) تخت شاہی۔ گدی (۲) وقت۔ زمانہ (۳) جگہ استھان (۴) باری۔ بار ۔

گاہ گاہ (ف) کبھی کبھی ۔

گاہک (ہ۔ مذ) خریدار ۔

گاہکی (ہ۔ مث) مانگ۔ خریداری ۔

گاہنا (ہ) روندنا۔ اناج پر بیل چلانا ۔

گاہے گاہے (ف) کبھی کبھی ۔

گائے (ہ۔ مث) ایک مشہور جانور کا نام ہے (گاؤ) (ص) لمبے زبان غریب:

گائیک (ہ ۔ مذ) گویّا ؛
گائن (ہ ۔ مث) گانے والی عورت وہ عورت جو علم موسیقی سے بخوبی واقف ہو ؛

(گ ۔ ب ۔ پ ۔ ت)

گبر (ف ۔ مذ) آتش پرست ؛
گبّر (ہ ۔ ص) بھاری ۔ بیش قیمت ؛
گبرو (ہ ۔ ص) جوان ۔ نوخیز ؛
گبریلا (ہ ۔ مذ) گوبر کا کیڑا ؛
گپ (ہ ۔ مث) جھوٹی بات ۔ ڈینگ شیخی ؛
گپ شپ (ہ ۔ مث) جھوٹی سچی باتیں ؛
گپ ہانکنا (ہ) جھوٹ بولنا ۔ ڈینگ مارنا ؛
گپت (س ۔ ص) چھپا ہوا ۔ پوشیدہ ؛
گپت دان (س ۔ مذ) پوشیدہ خیرات ؛
گپتی (ہ ۔ مث) تلوار جو لکڑی کے اندر چھپی رہتی ہے ؛
گپھا (ہ ۔ مذ) غار ۔ فقیر یا شیر کے رہنے کی جگہ
گپّی (ہ ۔ ص) گپ مارنے والا ؛
گت (ہ ۔ مث) سُر ۔ تان ۔ ڈھنگ ۔ حالت ۔
گت بنانا (ہ) سزا دینا ۔ خراب کرنا ۔ وضع بنانا ؛
گتکا (ہ ۔ مذ) ڈنڈا ۔ پٹا کھیلنے کی لکڑی ؛
گتھ جانا ۔ آپس میں لپٹ جانا (لڑائی میں) غٹ پٹ ہو جانا ؛
گتھم گتھا ہونا (ہ) لپٹ جانا ؛
گتھنا (ہ) آپس میں لپٹنا ۔ غرق ہونا ۔ نتھی ہونا ؛
گتھی (ہ ۔ مث) گھتھی ۔ گرہ ۔ اُلجھن ؛
گتھی سلجھانا (ہ) گرہ کھولنا ۔ مشکل بات حل کرنا ؛

گ ۔ ٹ ۔ ج ۔ چ

گٹا (مذ) ٹخنا ۔ کلائی کا جوڑ ۔ نیچے کا بند ؛
گٹک (ہ ۔ مث) چلم کے سوراخ میں رکھنے کی ٹھیکری ۔
گٹکا (ہ ۔ مذ) مہرہ ۔ گوٹ ۔ پاکٹ بک ۔ جوگیوں کی تیار کردہ طلسمی گولی جسے منہ میں رکھنے ان میں قوت پرواز آجاتی ہے ۔ اور نظروں سے غائب ہو سکتے ہیں ؛
گٹھا (ہ ۔ مذ) لکڑیوں کا بنڈل ۔ بڑی گٹھڑی ؛

گٹھانا (ہ) پیوند لگوانا۔ موٹی موٹی سلائی کرانا۔
گٹھڑ (ہ۔مذ) بڑی گٹھڑی ؛
گٹھڑی (ہ۔مث) بقچی۔ پوٹلی (مجازاً) کل۔ مجموعہ۔ میزان ؛
گٹھلی (ہ۔مث) پھل کا سخت بیج۔ تخم ؛
گٹھنا (ہ) جڑنا۔ جوڑ لگنا ؛
گٹھیا (ہ۔مث) جوڑوں کا درد۔ وجع المفاصل ؛
گٹھیلا (ہ۔مص) گرہ والا۔ مضبوط ؛
گج (س۔مذ) ہاتھی۔ بڑا ؛
گج باگ (ہ۔مذ) ہاتھی چلانے کا ہتھیار۔ آنکس۔
گجر (ہ۔مذ) گھنٹے کی آواز۔ صبح کا وقت۔
گجردم یا گجر بجے (و۔مذ) صبح سویرے۔ منہ اندھیرے۔ بہت سویرے ؛
گجرا (ہ۔مذ) پھولوں کا ہار ؛
گجری (ہ۔مث) دودھ بیچنے والی عورت اس نام کا ایک کھلونا جو عورت کی شکل کا ہوتا ہے ؛
گجنال {مرکب گج = ہاتھی، نال = نالی (مث} بہت بڑی توپ یا بندوق ؛
گچ (ہ۔مذ) چونہ ؛
گچ کاری (و۔مث) چونے کا کام ؛
گچھا (ہ۔مذ) خوشہ۔ اناج کی بال ؛

(گ۔د)

گدا (ف۔مذ) فقیر۔ منگتا۔ بھکاری ؛
گدائی (ف۔مث) بھیک مانگنا ؛
گدا (ہ۔مذ) گد گدا بچھونا (۲) چڑی کی بولی ؛
گدّا (ہ۔مذ) موٹا۔ تھنا۔ ڈالا ؛
گدّے بازی (و۔مث) لٹھ کی لڑائی ؛
گداز (ف۔مص) نرم۔ ملائم۔ پگھلا ہوا ؛
گدرانا (ہ) آنکھ میں گولہ پن ہونا۔ آنکھ دکھنے کو آنا۔ بدن بھرنا۔ جوبن آنا پھل کا پکنے کے قریب پہنچنا ؛
گدرایا ہوا بدن (ہ۔مذ) گداز بدن۔ بھرا بھرا بدن۔ گول گول جسم۔ جوانی میں بھرا ہوا بدن ؛
گدڑی (ہ۔مث) غرقہ۔ فقیروں کا جبہ جس میں بہت سے پیوند رنگ برنگ کے لگے ہوئے ہوتے ہیں۔ (۲) بستی رضائی (۳) حوصلہ طاقت۔

ہما گری لغت کی بگڑی ہوئی
شکل جس کے معنی ہیں وہ باز رہو کسی
جگہ عارضی طور پہ لگے منڈی

گدکا (ہ۔مذ) پٹا کھیلنے کی لکڑی۔ گتکا

گدگدا (ہ۔ص) نرم۔ گدا

گدگدانا (ہ) گدگدیاں کرنا۔ سیلانا ہنسی دلانا۔ ہنسنا

گدگدی (ہ۔مث) بغل میں انگلی لگانے سے جو کھجلی پیدا ہوتی ہے۔ اور ہنسی دلاتی ہے۔ لہر۔ شوق ولولہ۔ (کرنا۔ ہونا)

گدلا (ہ۔ص) میلا۔ گاد ملا ہوا۔ غلیظ۔ گاڑھا

گدلاپن (ہ۔مذ) گدلاہٹ۔ میل۔ کیچ

گدلانا (ہ) میلا کرنا۔ میلا ہونا

گدنا (ہ) سوئی سے ہاتھ پاؤں وغیرہ پہ نقش ہونا

گدھ (ہ۔مذ) چیل کی قسم کا ایک جانور

گدھا (ہ۔مذ) احمق۔ نادان۔ ایک جانور

گدھا کیا جانے زعفران کی قدر (۱) بے وقوف اچھی چیز کی قدر نہیں جانتا

گدھوں کے ہل چلنا یا پھرنا (ہ) تباہ ہونا۔ ویران ہو جانا

گدھوں کے ہل چلوانا (ہ) تباہ کرنا

گدھی (ہ۔مث) مادہ خر۔ بیوقوف عورت

گدی (ہ۔مث) سر کا پچھلا حصہ۔ گردن کا پچھلا حصہ

گدی (ہ۔مث) تخت۔ مسند۔ حکومت دوکاندار کے بیٹھنے کی جگہ تنور میں روٹیاں لگانے کا کپڑا جس میں پھونس بھرا ہوتا ہے۔ زیر مشق مہر کی سیاہی لگانے کی گدی کسی بزرگ یا درویش کا آستانہ

گدی نشین (ہ۔مث) تخت نشین۔ کسی بزرگ کا جانشین

گدیلا (ہ۔مذ) روئی کا گدا۔ ہاتھی کے اوپر رکھنے کی گدی

(گ۔ ڈ)

گڈ (Good) (انگ۔ص) اچھا

گڈ ایوننگ Good Evening (انگ) شام کا سلام

گڈبائی (Good-bye) (انگ) خدا حافظ

گڈمارننگ (Good Morning) (انگ) صبح کا سلام

گڈنائٹ Good Night (انگ) رات کا سلام

گڈا (ہ۔مذ) میٹھا کٹھا جیسے چقندروں کنڈوں کا

گڈا

گڈریا (ہ۔مذ) بکریاں چرانے والا

گڈز ٹرین Goods Train (انگ۔مث) مال گاڑی

گڈز کلارک Goods Clerk (انگ۔مذ) مال گدام کا بابو

گڈمڈ (ہ۔ص) مخلوط۔ ملا جلا

گڈھ یا گڑھ (ہ۔مذ) قلعہ۔ کوٹ

(گ ۔ ر)

گر (ف) اگر

گر (ہ۔مذ) فارمولا۔ گورو۔ استاد۔ قاعدہ اصول

گرمکھی (ہ۔مث) پنجابی زبان کی طرز تحریر

گراف (Graph) (انگ۔مذ) نقشہ۔ ترسیم

گرام (ہ۔مذ) گاؤں۔ بستی

گرامر (Grammar) (انگ۔مث) علم صرف و نحو۔ قواعد

گراموفون (Gramophone) (انگ۔مذ) اس قسم کی مشین جس پر گندھک اور ربڑ کے مرکب کا بنا ہوا توا چڑھا کر چلاتے ہیں تو توے کی سطح پر ایک فولادی سوئی کے رگڑ کھانے سے گانے یا بولنے کی آواز پیدا ہوتی ہے

گرامی (ف۔ص) بزرگ۔ معزز

گراں (ف۔ص) مہنگا۔ بھاری

گراں بار (ف۔ص) بوجھ سے لدا ہوا

گراں بہا (ف۔ص) قیمتی

گراں جان (ف۔ص) کاہل۔ سخت جان

گراں خاطر (ف۔ص) ناراض۔ غمگین

گراں گزرنا (ا) برا لگنا۔ دل پر بوجھ ہونا

گراں مایہ (ف۔ص) قیمتی۔ بیش قیمت

گراں ہونا (ا) دوبھر ہونا۔ ناگوار ہونا
مہنگا ہونا

گرانا (ہ) پھینکنا۔ نیچے ڈالنا۔ گھٹانا
بہانا۔ ڈھانا۔ مول گھٹانا

گرانڈ (Grand) (انگ)
بڑا

گرانی (ف۔مث) مہنگاپن۔ کمی۔ قلت
قحط سالی۔ بدہضمی۔ بوجھ

گراؤنڈ (Ground) (انگ)
مذ) میدان۔ احاطہ۔ بازی گاہ۔

گربہ (ف۔مث) بلی

گربہ مسکین (ف۔ص) مکار۔ فریبی

گربھ (ہ۔مذ) حمل۔ پیٹ

گروپ (Group) (انگ)
مذ) گروہ۔ جماعت

گرپڑ کر (ہ) تکلیف اٹھا کر۔ جوں توں
کر کے

گرج (ہ۔مث) کڑک۔ بجلی کی آواز۔ شیر
کی آواز

گرج کر بولنا (ہ) زور سے بولنا۔
کڑک کر بات کرنا

گرجا (پرتگالی) (گرجا) (مذ) کلیسا
عیسائیوں کا عبادت خانہ
(گھمنڈ کرنا)

گرجتے ہیں سو برستے نہیں (ہ)
غل مچانے والے کوئی کام
نہیں کرتے

گرجنا (ہ) کڑکنا۔ بادلوں کا بولنا۔ شیر کا
دھاڑنا۔ ہاتھی کا چنگھاڑنا۔
خفا ہو کر بولنا۔ غصے میں زور زور سے بولنا

گرد (ف۔مث) مٹی۔ غبار

گرد آلود (ف۔ص) خاک میں ملا ہوا۔
دھول ملا ہوا

گرد باد (ف۔مذ) بگولہ

گرد جھاڑنا (ا) صاف کرنا۔ پیٹنا

گرد کو نہ پہنچنا (ا) برابر نہ ہو سکنا۔ مقابلہ
نہ کر سکنا۔ کچھ بھی برابری نہ کر سکنا

گرد و غبار (ف۔ [illegible]) دھول

گرد ہونا (ا) دب جانا۔ مات ہونا۔

ہو جانا۔ شرمندہ یا خجل ہونا

گرد (ف) آس پاس۔ چاروں طرف
جمع۔ پیچھے

گرد و نواح (ف۔ مذ) آس پاس کا علاقہ
ماحول

گرد ہونا (و) پیچھے پڑنا

گرداب (ف۔ مذ) بھنور

گرداگرد (ف) چاروں طرف۔ آس پاس

گردان (ف مث) صیغوں کی تعریف

گرداننا (و) گردان کرنا۔ حال [illegible]
سمجھنا

گرداور ۔ گشت کرنے والا
پٹواریوں کا افسر

گردش (ف۔ مث) چکر۔ انقلاب
بد نصیبی

گردش فلک (ف) آسمان کا پھرنا

گردش میں آنا (و) چکر میں آنا
مصیبت میں پھنسنا

گردن (ف۔ مث) گلو۔ گلا

گردن پر خون ہونا (و) کسی کے
خون کا ذمہ دار ہونا۔ قتل کا مجرم
ہونا۔ ہتھیا ہونا

گردن پر سوار ہونا (و) سر رہنا
تنگ کرنا

گردن جھکانا (و) اطاعت کرنا۔ شرمندہ
ہونا

گردن ڈھیلی ہو جانا۔ غرور ٹوٹ
جانا۔ سرکشی جاتی رہنا۔ مطیع
فرمانبردار ہو جانا

گردن زدنی (ف۔ ص) گردن مارنے
کے لائق۔ واجب القتل

گردن سے جوا اتار پھینکنا (و)
خود مختار ہونا

گردن کاٹنا (و) قتل کرنا

گردن کش (ف۔ ص) باغی

گردن کشی (ف۔ مث) بغاوت۔ نافرمانی

گردن مروڑنا (و) کسی جانور کی گردن
کو بل دے کر مار دینا

گردن ناپنا (و) گردن کاٹنا۔ سر اڑانا
قتل کرنا

گردن ہلانا (و) انکار کرنا

گَرَدَنی (ف۔ مث) گھوڑے پر ڈالنے کا کپڑا۔ کشتی کا ایک داؤں۔ گدی کا چانٹا۔ کانس۔ گھمس

گَرَدَنی دینا۔ گدی پر چانٹا رسید کرنا

گَردوں (ف۔ مذ) آسمان۔ فلک

گُردہ (ف۔ مذ) حیوان کے جسم کے اندر ایک عضو۔ (مجازاً) جرأت جگر۔ حوصلہ۔ دلیری

گَردَہ (ف۔ مذ) دائرہ

گُرز (ف۔ مذ) ایک ہتھیار کا نام جو سر سے موٹا ہوتا ہے

گُرس (۱) (انگ Gross ۔ مذ) ۱۲ درجن ۔ ۱۴۴ چیزیں

گُرسنگی (ف۔ مث) بھوک۔ اشتہا

گُرسنہ (ف۔ ص) بھوکا

گِرِفت (ف۔ مث) پکڑ۔ بازپرس اعتراض

گرفت کرنا (۱) پکڑنا۔ روکنا

گرفتار (ف۔ ص) پکڑا ہوا۔ قیدی مبتلا۔ عاشق

گرفتار ہونا (۱) پکڑا جانا۔ عاشق ہونا

گرفتاری (ف۔ مث) قید۔ پکڑ

گرفتہ (ف۔ ص) پکڑا ہوا

گُرگ (ف۔ مذ) بھیڑیا

گرگ باراں دیدہ (ف۔ ص) بڑا تجربہ کار

گرگِ کہن (ف۔ ص) پرانا بھیڑیا۔ خرانٹ

گُرگا (ہ۔ مذ) (۱) شاگرد۔ پیشہ ور تماشبین کا ساتھی۔ (۲) ایجنٹ۔ خدمتگار۔ اغوا۔ اعزا اور ملازم

گرگابی (ف۔ مث) انگریزی جوتا

گِرگِٹ (ہ۔ مذ) رنگ بدلنے والا چھپکلی جیسا جانور۔ آفتاب پرست حربا

گرگٹ کی طرح (ا۔ ص) رنگ بدلنا (۱) گھڑی میں کچھ گھڑی میں کچھ ہونا۔ ایک حال پر نہ رہنا

گرلز اسکول (Girls School) (انگ۔ مذ) لڑکیوں کا مدرسہ

گرل گائیڈ (Girl Guide) (انگ۔ مث) اسکاؤٹس کے مشابہ لڑکیوں کی ایک تحریک

گَرَم (ف۔ ص) تپا ہوا۔ جلد۔ شتاب مصروف۔ تیز۔ شوخ۔ چنچل

گرم بازاری (ف۔ مث) خرید و فروخت زیادہ ہونا۔ رونق ہونا۔ خوب بکری

گرم جوشی (ف۔ مث) شوق۔ کوشش جوش۔ محبت

گرم سرد (ف۔ مذ) شیر گرم۔ برا بھلا

گرم مزاجی (ف۔ مث) بد مزاجی۔ تند خوئی

گرم مصالحہ (ا۔ مذ) وہ خوشبو دار چیزیں جو کھانے میں ڈالی جاتی ہیں جیسے لونگ۔ زیرہ۔ دارچینی۔ سیاہ مرچ وغیرہ

گرم ہونا (ا) تیز ہونا۔ خفا ہونا

گرما (ف۔ مذ) گرمی کا موسم

گرمابہ (ف۔ مذ) غسل خانہ۔ حمام

گرما گرم (ف۔ مث) تتا تتا تازہ۔ پر جوش جلتا ہوا۔ دہکتا ہوا

گرمانا (ا) گرم ہونا۔ تیز ہونا۔ خفا ہونا

گرمی (ف۔ مث) تپش۔ حرارت۔ تیزی رونق

گرمی بازار (ف۔ مث) رونق۔ شہرت ناموری

گرمی کلام (ف۔ مث) بات چیت میں غصے اور عناد و غضب کا اظہار۔ سخت کلامی

گرمیاں (ا) جوش۔ تپاک۔ گرمی کا موسم

گرنا (ا) نیچے آ پڑنا۔ اترنا۔ گھٹنا۔ بیمار پڑنا ہجوم کرنا

گرنتھ (س۔ مذ) سکھوں کی مذہبی کتاب

گرو (س۔ مذ) مرشد۔ استاد۔ گرو بھی لکھتے ہیں

گرو گھنٹال (ہ۔ مذ) بڑا چالاک بدمعاشوں کا سرغنہ

گرو (ف۔ مث) گروی۔ رہن۔ اجازت مقید گرفتار شدہ

گرو نامہ (ف) رہن نامہ

گروہ (ف۔ مذ) جماعت۔ ٹولہ۔ منڈلی

گروی (ا) رہن۔ وہ چیز جو گرو رکھی گئی ہو۔

گرویدہ (ف۔ ص) عاشق۔ پیرو۔ مطیع

گرہ (ف۔ مث) گانٹھ حصہ۔ مشکل۔ جیب۔ سدہ۔ گنے یا بانس کی گانٹھ

گرہ باندھنا (ا) پلے باندھنا۔ یاد رکھنا گانٹھ لگانا

گرہ کھولنا (ا) مشکل حل کرنا

گرہ گیر (ف۔ص) پیچیدہ۔ بل کھائے ہوئے۔

گرہ لگانا (۱) گانٹھ باندھنا۔ مصرع پر مصرع لگانا۔ سودا کرنا

گرہست (ہ۔مذ) (۱) خانگی یا دنیاوی (۲) زراعت کشتکاری (۳) خانہ داری (۴) گھر میں رہنے والا

گرہستن (ہ۔مث) گھر میں رہنے والی گھربار کی مالک

گرہن (س۔مذ) گہن۔ سورج اور چاند کے بیچ میں زمین کا یا زمین اور سورج کے بیچ میں چاند کا آجانے سے جو سایہ پڑتا ہے۔ الگنا ہونا

گری (ہ۔مث) مغز۔ تخم

گریبان (ف۔مذ) کرتے کا وہ حصہ جو گلے کے نیچے رہتا ہے

گریبان پکڑنا (۱) تقاضہ کرنا۔ گلوگیر ہونا

گریبان چاک کرنا (۱) گریبان پھاڑنا

گریبان گیر ہونا (۱) دامن گیر ہونا دعوے دار ہونا

گریبان میں منہ ڈالنا (۱) اپنے عیب دیکھ کر شرمندہ ہونا شرمندہ کرنا

گریجوئیٹ (Graduate) (انگ۔مذ) سند یافتہ۔ فاضل

گریز (ف۔مذ) بھاگنا دوری۔ پرہیز قصیدے میں ایک دفعہ ہی مدح پر جھک پڑنا ایک مضمون سے دوسرے مضمون کی طرف رجوع کرنا

گریز کرنا (۱) بھاگنا۔ بچنا۔ کنارہ کرنا

گریزاں (ف۔ص) متنفر۔ بھاگنے والا

گریز پا (ف۔ص) بھاگ جانے والا۔ نہ ٹکنے والا۔ دل جمعی کیساتھ کام نہ کرنے والا۔ مدرسے سے بھاگ جانے والا طالبعلم

گریہ (ف۔مذ) رونا۔ زاری

گریہ کناں (ف۔ص) روتا دھوتا روتا پیٹتا۔ نالاں

گریہ وزاری (ف۔مث) رونا پیٹنا واویلا

(گ۔ڑ)

گڑ کھانا گلگلوں سے پرہیز (۱) مثل (ادنیٰ برائی سے بچنا اور اعلیٰ برائی سے پرہیز نہ کرنا۔ بڑی گٹھڑی حلال اور چھوٹی بچی کو حرام سمجھنا

گڑبڑ (ہ۔مث) پیٹ بولنے کی آواز بکھیڑا بدعملی۔ گڈ مڈ۔ درہم برہم ہنگامہ

گڑجانا (ہ) دھنس جانا۔ سخت شرمندہ ہونا

گڑگج (ہ۔مذ) قلعے کا وہ حصہ جس پر توپیں چڑھاتے ہیں۔ پھانسی کا تختہ

گڑگڑانا (ہ) عاجزی کرنا۔ منت سماجت کرنا

گڑنا (ہ) دبنا۔ دھنسنا۔ چھپنا۔ جمنا

گڑھ (ہ۔مذ) قلعہ۔ کوٹ

گڑھ کپتان (ہ۔مذ) قلعے کا افسر قلعدار۔ قلعوں کی مرمت کرانیوالا افسر

گڑھا (ہ۔مذ) غار۔ کھڈ

گڑھی (ہ۔مث) چھوٹا قلعہ

گڑے مردے اکھاڑنا (ہ) پرانی باتیں یاد کرنا

گڑیوں کا کھیل (ہ) آسان کام منہ کا نوالہ

(گ۔ز)

گز (ف۔مذ) سولہ گرہ کا پیمانہ

گزارہ (ف۔مذ) وقت گزرنا۔ سمائی نباہ

گزارہ کرنا (ہ) دن کاٹنا۔ کام چلانا

گزارش (ف۔مث) درخواست۔ عرض

گزارنا (ہ) پورا کرنا۔ پیش کرنا

گزاشتنی (ف۔ص) چھوڑ دینے کے لائق

گزاف (ف۔مث) بیہودہ بات (یہ لفظ لاف کیساتھ بولا جاتا ہے اور اس صورت میں اس کے معنی ڈینگ اور شیخی کے لئے جاتے ہیں۔ آصفیہ)

گزٹ (Gazette) (انگ۔مذ)

سرکاری اخبار

گزٹ ہونا (۱) مشتہر ہونا ۔ اعلان ہونا

گزر (ف ۔ مذ) راہ ۔ رسائی ۔ نباہ

گزر جانا (۱) چلا جانا ۔ مر جانا ۔ بیت جانا
کٹ جانا

گزرگاہ (ف ۔ مذ) رستہ ۔ شاہراہ عام

گزران (۱ ۔ مذ) گزارا ۔ اوقات گزاری

گزارنا (۱) پیش کرنا

گزشتنی (ف ۔ ص) گزرنے والا ۔ فانی

گزشتہ (ف ۔ ص) گزرا ہوا ۔ پچھلا

گزشتہ را صلوٰۃ (ف) اگلی باتیں
جانے دو

گزک (ف ۔ مذ) گزک کھانا کی نسبتی اسم ۔
(۱) وہ شے جو تبدیل ذائقہ کیواسطے
کھاتے ہیں ۔ مثلاً شراب کے
بعد کباب اور افیون یا بھنگ
کے بعد مٹھاس (۲) نقل ۔ چاٹ
(۳) تلشکری (عوام) گجک کہتے
ہیں ۔ آصفیہ (مجاز) ناشتہ
تھوڑی سی چیز

گزند (ف ۔ مذ) صدمہ ۔ نقصان ۔ دکھ

گزندہ (ف ۔ ص) ڈسنے والا ۔ کاٹنے
والا

گزی (۱ ۔ مذ) گاڑھا ۔ کھدر

گزیر (ف ۔ مذ) چارہ ۔ علاج

گزیں (ف) قبول کرنیوالا

(گ ۔ س ۔ ش)

گسائیں (ہ ۔ مذ) گوسائیں ۔ سنت ۔ کرشن

گستاخ (ف ۔ ص) شوخ ۔ بے ادب
بے شرم ۔ ڈھیٹ

گستاخانہ (ف) بے ادبی سے ۔ نڈر
ہو کر

گستاخی (مذ) بے ادبی ۔ بے حیائی

گشت (مذ) چکر ۔ دورہ ۔ پھرنا

گشت کرنا (۱) پھرنا ۔ چکر لگانا

گشتی (ف) پھرنے والا ۔ گشت کرنے
والا

گشتی چھٹی (۱) سرکلر ۔ چٹھی جو تمام دفتروں
میں پھرائی جائے ۔

(گ ۔ ف ۔ ل)

گف (ف) گاڑھا۔ موٹا
گفتار (ف) گفتگو۔ بات چیت۔ سخن
گفتگو (ف) بول چال۔ بات چیت
گفت و شنید (ف) بات چیت۔ کہنا سننا
گل (ف) گلاب کا پھول۔ رام پھول
گل اندام (ف) نازک بدن۔ معشوق
گلبدن (ف) معشوق۔ نازک
گلبرگ (ف) گلاب کی پتی۔ پنکھڑی
گل بکاؤلی (۱) ایک قسم کا خوشبودار پھول جس کے متعلق ایک قصہ بھی مشہور ہے
گلبانگ (ف۔ مث) بلبل کا چہچہانا خوشخبری
گلبن (ف) پھولوں کی جگہ
گل بوٹا (۱۔ مذ) پھول اور اس کا پودا (۲) مجازاً زیب و زینت رونق و آرائش
گل بوٹے کترنا۔ اصل معنی صاف ہیں۔ (مجازاً) کوئی انوکھا کام کرنا۔ حیرت انگیز باتیں کرنا

گل پیرہن (ف) پھولوں کے لباس والا معشوق
گل چراغ (ف۔ مذ) دیئے کی بتی کا جلا ہوا حصہ۔ گُل
گلچیں (مذ) پھول توڑنے والا۔ مالی
گل خوردہ (۱) جلا ہوا
گلدان (مذ) پھولدان۔ گلاس وغیرہ
گلدستہ (مذ) پھولوں کا باندھا ہوا گچھا
گلدُم (ف) ہندوستان کی بلبل۔ ایک سیاہ رنگ کا پرندہ
گل رخ (ف) معشوق۔ گلاب سے رخسار والا
گل رعنا (ف) ایک قسم کا پھول جو اندر سے سرخ اور باہر سے زرد ہوتا ہے
گل رنگ (ف) سرخ۔ لال
گلرو (ف) گلاب کے سے چہرے والا معشوق
گلریز (مث) پھلجھڑی
گلزار (مث) باغ۔ چمن

گل زمین (ف۔مث) اضافت
یعنی زمین گل مراد درخیز زمین

گُلِستان (مذ) باغ۔ گلشن

گلشن (مذ) چمن۔باغ

گل عذار (ف) لال لال رخساروں والا
(مجازاً) معشوق

گُلفام (ص) پھول کے رنگ کا معشوق

گلقند (مذ) گلاب کے پھولوں اور کھانڈ
سے مرکب دوا

گلکاری (ف) بیل بوٹے کا کام نقاشی
چکن سازی۔کشیدہ کاری

گل کترنا (ا) کاغذ کے پھول تراشنا
چراغ کی نیم کترنا۔جلی
ہوئی بتی کاٹنا

گل کرنا (ا) چراغ بجھانا

گل کھلانا (ا) شگوفہ کھلانا۔ انوکھی بات
کرنا نئی بات کرنا فتنہ اٹھانا
فساد برپا کرنا۔طوفان اٹھانا
بدنام کرنا

گل کھلنا (ا) پیچھے کی بات ہونا شگوفہ
کھلنا۔راز افشا ہونا فتنہ
برپا ہونا

گلگشت (ف۔مث) باغ کی سیر

گُلگُوں (ف) سرخ۔لال۔گلرنگ

گُلگُونہ (ف۔مذ) چہرے پر ملنے کا سرخ
رنگ۔جو عورتیں ملتی ہیں

گُلگیر (مذ) چراغ کا گل کترنے کی
قینچی

گل ہونا (ا) بجھنا۔مٹنا

گلچھرے اڑانا (ا) خوب عیش منانا
مزے اڑانا

گل (ف۔مث) گیلی مٹی۔گارا

گل رمنی (ف) ایک قسم کی مٹی

گل حکمت کرنا۔ مٹی اور کپڑے سے
بھاپ بند کرنا۔کپڑ مٹی کرنا

گلپھڑا (۔مذ) مچھلی کے سانس لینے
کا عضو۔پرندوں کا وہ گوشت
جو چونچ کے نیچے لٹکتا رہتا ہے

گلا (صفت) سڑا ہوا۔بوسیدہ

گلا سڑا (ص) خراب۔بوسیدہ

گلادہ (مذ) حلق۔گلوبند (مجازاً) سر

آواز، گریبان

گلا بیٹھنا یا پڑنا آواز کا بھدی ہونا

گلا پھاڑنا چیخ کر بولنا

گلا کاٹنا (ف) قتل کرنا۔ کسی کا حق دبانا

گلاب (ف مذ) خوشبودار سرخ پھول۔ عرق گلاب

گلاب پاش (ف) گلاب چھڑکنے کا برتن

گلابی (ف) گلاب کے رنگ کا۔ ہلکا سرخ

گلاس (انگ) شیشہ۔ پیالہ ایک قسم کا لمبا آبخورہ

گلٹ کرانا (انگ) [illegible] بجلی کے ذریعہ سے جو سونا یا چاندی کسی چیز پر چڑھاتے ہیں

گلٹی (ا) پھوڑا۔ رسولی

گلخن (ف مذ) آگ [illegible] خانہ۔ بھٹی۔ چولہا۔ انگیٹھی

کوڑا پھینکنے کی جگہ

گلنا (ا) پڑے پڑے خراب ہونا۔ پکنا

گلنار (ف) انار کا پھول۔ سرخ رنگ

گلو (ا) ایک قسم کی کڑوی بیل

گلو (ف) حلق۔ گردن۔ گریبان

گلوبند (ف مذ) مفلر۔ گلے میں باندھنے کا اونی یا ریشمی کپڑا

گلوری (ا مث) پان کی بیڑی۔ بیڑا۔ بعض گلوری تعویذ بنائی جاتی ہے بعض تکونی اور بعض مخروطی

گلوگیر (ف) دامنگیر۔ [illegible] کسی چیز

گلولہ (ف) گولی۔ غلہ

گلہ (مذ) شکوہ۔ شکایت۔ الاہنا

گلہ گزاری (ف مث) شکوہ شکایت

گلہ (ف مذ) گروہ۔ ریوڑ

گلہ بان (ف مذ) چرواہا۔ گڈریا

گلہ بانی (ف مث) چوپانی۔ چرواہا پن

گلی (ف۔ مث) کوچہ

گلی (ت۔ مث) مٹی کا

گلی ڈنڈا (ہ) لڑکوں کا مشہور کھیل

گلے پڑنا (ہ) زبردستی کوم ذمے لگنا پیچھے پڑنا

گلے کا ہار ہونا (ہ) پیچھے لگنا۔ سر ہونا نہایت عزیز ہونا

گلے لگانا (ہ) بغل گیر ہونا۔ پیار کرنا

گلے ملنا (ہ) چھاتی سے لگنا۔ ملاپ کرنا

گلے منڈھنا (ہ) زبردستی حوالے کرنا

گلیاں جھانکنا (ہ) آوارہ پھرنا

گلیڈی ایٹر Gladiator (انگ (لاطینی گلیڈس بمعنی تلوار) مذ) پیشہ ور شمشیر زن جو قدیم زمانے میں روما کے ایمفی تھیٹر میں درندوں سے لڑا کرتے تھے

گلیشیر (Glacier) انگ مذ) برف کا عظیم الشان تودہ جو پہاڑوں پر سے پھسل کر نیچے وادی میں آ رہتا ہے۔ یا قطب شمالی اور قطب جنوبی کے یخ بستہ سمندر کے کناروں سے ٹوٹ ٹوٹ کر سمندر میں بہنے لگتا ہے تودہ برف۔ سیل یخ

گلیشیر گارڈن Glacier Garden (Glacier garden انگ۔ مذ) ملک سوئیٹزرلینڈ (یورپ) میں ایک مقام جہاں گلیشیر کے عمل بہم دیکھنے میں آتے ہیں کہ کس طرح وادی میں پھنس کر یہ تودہ ہائے برف چکی کی طرح گھوم رہے ہیں اس جگہ قدیم زمانے کے آثار بھی نکلے ہیں اور عجائب خانے کی سیڑھیں جمع کئے رکھے ہیں۔ یہ عجائب خانہ شہر لوسرن میں ہے

گلیم (ف۔ مث) کملی۔ گودڑی

(گ۔ م۔ ن)

گم (ف) کھویا ہوا۔ غائب۔ پوشیدہ

گمشدہ (ف۔ ص) چھپا ہوا۔ کھویا ہوا۔ ضائع شدہ

گم کردہ آشیاں (ف۔ ص) گھر سے

بھٹکا ہوا
گُم گشتہ (ف ص) گم شدہ، کھویا ہوا
گماشتہ (ف۔مذ) مقرر کیا ہوا۔ قیم
مددگار
گُمان (ف مذ) شک۔ شبہ۔ خیال
وہم قیاس (ہ) گھمنڈ
گمان غالب (ف۔مذ) پکا خیال
گمانا (ہ) گم کرنا
گمراہ (ف ص) رستہ بھولا ہوا
بے دین
گملہ (ہ مذ) پودے اگانے کا ظرف
گمنام (ف ص) جو مشہور نہ ہو۔ پوشیدہ
گمنامی (ف۔مث) نامعلومی۔ پوشیدگی
گن (ہ مذ) ہنر۔ [illegible] خوبی
گن گانا (ہ) تعریف کرنا
گن (انگ۔ مث) [illegible] بندوق
گن پوڈر [illegible]
(انگ۔ مذ) بارود
گننا (ہ) شمار کرنا۔ خیال کرنا
گناہ (ف۔ مذ) عیب۔ پاپ

گناہِ بے لذت (ف۔مذ) بے فائدہ
گناہ
گناہِ صغیرہ (ف۔مذ) خفیف سا جرم
چھوٹا سا گناہ
گناہِ کبیرہ (ف۔مذ) سخت گناہ
بھاری جرم
گُنبد (ف۔مذ) برج
گنبد کی صدا یا آواز (ہ) جیسا کہنا
ویسا سننا
گَنِت (س۔مذ) حساب۔ شمار
گنت ودیا (س۔مذ) علم ہندسہ
علم حساب
گِنتی (ہ۔مث) شمار۔ تعداد (کرنا۔ لینا)
گنتی کے (ہ۔ص) بہت تھوڑے
گنج (ف۔مذ) خزانہ۔ ذخیرہ
گنج بخش (ف۔ص) بڑا سخی
گنج شایگاں (ف۔مذ) بہت بڑا
خزانہ
گنج قارون (ف۔مذ) بہت بڑا خزانہ
قارون کا خزانہ
گنج (ہ۔مذ) ایک بیماری جس کے

سبب سے سر کے بال نہیں اُگتے
گنجا (ہ۔مذ) جس کے سر پر بال نہ ہوں گنج والا
گنجان (ہ۔ص) گھنا۔ نزدیک نزدیک
گنجان آباد (ہ۔ص) جہاں آبادی زیادہ اور نزدیک نزدیک ہو
گنجائش (ف۔مث) سمائی۔ جگہ فائدہ۔ بچت
گنجفہ (ا۔مذ) تاش کے ایک کھیل کا نام ہے
گنجلک (ا۔مذ) شکن، سلوٹ۔ مشکل الجھن
گنجے کو خدا ناخن نہ دے (ا) کسی نااہل کو خدا مرتبہ نہ دے کسی ظالم کو اختیار نہ ملے
گنجینہ (ف۔مذ) خزانہ دفینہ
گند (ف۔مذ) غلاظت۔ ناپاکی۔ بدبو
گندا (ہ۔مذ) ناپاک۔ میلا۔ غلیظ
گندھک (ہ۔مث) ایک آتشی مادہ ہے۔ کبریت
گندگی (ف۔مث) بدبو۔ غلاظت۔ گند

گندم (ف۔مث) گیہوں
گندم گوں (ف۔ص) سانولا۔ گندمی
گندم نما جو فروش (ف۔مذ) گیہوں دکھا کر جو بیچنے والا۔ دھوکہ باز
گندہ (ہ۔مذ) غلیظ گاڑھا
گندہ بروزہ (ا۔مذ) چیڑ کے درخت کا گوند
گندہ دہن (ف۔مذ) جس کے منہ سے بدبو آئے
گندھا (ہ) ۲ ے کا گندھنا۔ بالوں یا ہار کا گتھنا
گندھی (ہ۔مذ) عطر فروش
گندی (ہ۔مث) پلید۔ خراب
گنڈا (ہ۔مذ) وہ ڈور جس پر منتر پڑھ کر گرہ دیتے جاتے اور بیمار کے گلے میں ڈالتے ہیں
گنڈاسا (ہ۔مذ) کٹی کاٹنے کا اوزار۔ ٹوکا
گنڈیری (ہ۔مث) گنے کی چھوٹی سی کٹی ہوئی پوری
گنگ (ہ۔مذ) دریائے گنگا
گنگ (ف۔مذ) گونگا۔ زور کی آواز

سے کانوں کا بھر جانا۔ اور کچھ
سنائی نہ دینا
گنگ ہو جانا (۱) کانوں کا بھر جانا
گنگا (س۔ مث) ہندوستان کے مشہور
متبرک دریا کا نام
گنگا اٹھانا (۱) دریائے گنگا کی قسم
کھانا ہے
جا ہے قسم جھوٹ تو کیا کیا اٹھایئے
قرآن سر آنکھوں سے گنگا اٹھایئے
گنگا اشنان (س۔ مذ) دریائے گنگا
میں نہانا۔
گنگا جل (س مذ) دریائے گنگا کا پانی
جسکو مقدس مانا جاتا ہے
گنگا جمنی (ہ۔ص) ملا جلا۔ دو رنگ یا
دو وضع کا
گنگنا (ہ۔ مث) ناک میں بولنے والا
گنگنانا (۱) منہ ہی منہ میں گانا
گن گن کر (۱) شمار کر کے۔ سنبھال
سنبھال کے مشکل کے ساتھ
گنگوتری (ہ۔ مث) دریائے گنگا کے
کا نام ہے

گنوار (ہ۔ ص) دہاتی۔ بے تمیز۔
ان پڑھ
گنوانا (۱) ضائع کرنا۔ برباد کرنا
گنہ (ف۔ مذ) گناہ۔ جرم
گنہگار (ف۔ مذ) گناہ گار۔ مجرم
گنی (Guinea) (انگ۔ مث)
اکیس شلنگ کا انگریزی سکہ
گنی (ہ۔ مذ) گنُ والا۔ لائق
گنیش (ہ۔ مذ) شیوجی کے بیٹے کا
نام

(گ۔و)

گو (ف۔ مذ) گیند
گو (ف) اگرچہ۔ گفتن سے امر
گئو (س۔ مث) گائے
گؤشالہ (ہ۔ مذ) گایوں کے رہنے کی
جگہ
گوارا (ف۔ص) جلدی ہضم ہونے
والی۔ اچھی خوش ذائقہ منظور
گوارا کرنا (۱) برداشت کرنا۔ پسند
کرنا

گوالا (ہ۔مذ) گائے پالنے والا۔ گھوسی۔
گوالن (ہ۔مث) گوالے کی مؤنث۔
گواہ (فا۔مذ) ثبوت دینے والا۔
گواہی (ف۔مث) شہادت۔ ثبوت۔
گوبر (ہ۔مذ) گائے اور بھینس کا فضلہ۔
گوبری (ہ۔مث) گوبر ملی پتلی مٹی۔
گوبھی (ف۔مث) ایک مشہور سبزی کا نام ہے۔
گوپھن (ہ۔مذ) گوپیا۔ فلاخن۔
گوپیا (ہ۔مذ) غلہ مارنے کا ہتھیار۔
گوپھن (پھرانا۔ چلانا)
گوت (ہ۔مذ) نسل کی اصل۔ قبیلہ۔
گوتم (س۔مذ) بدھ مذہب کے بانی کا نام۔
گوتی (ہ۔مث) ایک گوت کا۔ ہم نسل۔
گوٹ (ہ۔مث) سنجاف۔ کنارہ۔ کور۔
گوٹا (ہ۔مذ) کناری۔ لیس
گوٹا کناری (ہ۔مث) سونے چاندی کی تاروں کی لیس۔
گوجر (ہ۔مذ) گوالا۔ اہیر۔
گود (ہ۔مث) آغوش۔ کنار۔ جھولی۔

گود بھرنا (ر) حمل کی ایک رسم جو ساتویں مہینے ہوتی۔
گود لینا (ہ) متبنےٰ بنانا۔ بیٹا بنانا۔
گودا (ہ۔مذ) مغز۔ گری۔ خلاصہ
گودام (ملایا۔مذ) ذخیرہ۔ کوٹھی۔ گوڈاؤن (GODOWN) کی بگڑی ہوئی شکل۔
گودڑ (ہ۔مذ) پھٹا پرانا کپڑا جس میں پرانی روئی۔
گودڑ کا لال یا لعل (ہ۔مذ) وہ شخص جو ہو تو غریب مگر صفات یا شکل صورت کا اچھا ہو۔ وہ اہل جوہر یا صاحب کمال جس کا حال چھپا ہو۔ چھپا رستم۔
گودنا (ہ) سوئی سے نقش کرنا۔ چبھونا۔
گودی (ہ۔مث) گود۔ جھولی۔
گور (ف۔مث) قبر۔ تربت۔
گورستان (ف۔مث) قبرستان۔ مقبرہ
گورِ غریباں (ف۔مث) مسافروں کا قبرستان جہاں کوئی فاتحہ پڑھنے بھی نہیں جاتا۔
گور و کفن (ف۔مذ) تجہیز و تکفین۔

گورکن (ف۔ مذ) قبر کھودنے والا۔

گور گڑھا (ہ۔ مذ) تجہیز و تکفین۔

گور میں پاؤں لٹکائے بیٹھے ہیں (ا) مرنے کو تیار ہیں۔

گورا (ہ۔ ص) چٹا۔ سفید۔ خوبصورت۔ انگریز۔ سپاہی

گورا چٹا (ہ۔ ص) خوبصورت۔

گوراشاہی (ہ ص) گوروں کے کام کرنے کا ٹوٹی پھوٹی زبان۔

گورخر (ف۔ مذ) جنگلی گدھا۔

گورکھ دھندا (ہ۔ مذ) پیچیدہ معاملہ مشکل بات

گورکھا (ہ۔ مذ) گورکھپور کا رہنے والا۔ سپاہی۔

گورنر GOVERNOR (انگ۔ مذ) صوبے کا حاکم اعلیٰ۔

گورنر جنرل GOVERNOR GENRAL (انگ۔ مذ) وائسرائے

گورنمنٹ GOVERNMENT۔ (انگ۔ مذ) حکومت۔ سرکار۔

گوری (ہ۔ ص۔ مث) خوبصورت معشوقہ۔ چٹی

گوڑنا (ہ) کدال سے کھودنا۔ نلائی کرنا۔

گوز (ف۔ مذ) ہوا۔ ریح۔ پھسکی (اڑانا۔ مارنا)

گوزشتر (ف۔ ص) بیہودہ۔ بے اثر۔

گوسالہ (ف۔ مذ) بچھڑا۔ گائے کا بچہ۔

گوسفند (ف۔ مذ۔ مث) بکری۔ بھیڑ۔

گوش (ف۔ مذ) کان

گوش برآواز (ف) سننے کے منتظر۔ منتظر۔

گوشِ سحاب (ف۔ مذ) لفظی معنی بادل کا کان (مجازاً) بلندی، اونچائی۔

گوش گزار کرنا (ا) سنانا۔ اطلاع دینا۔

گوشت (ف۔ مذ) ماس۔

گوشت خور (ف۔ ص) ماس کھانے والا۔

گوشت سے ناخن جدا کرنا (ا) اپنوں کو الگ کرنا۔

گوشمالی (ہ۔ مث) سزا۔ تنبیہ۔ کان مروڑنا۔

گوشوارہ (ف۔ مذ) کان کا بالا۔ حساب

کا تلفظ

گوشہ (ف۔ مذ) کنارہ۔ کونہ۔ طرف

گوشۂ عافیت (ف۔ مذ) کنج تنہائی

گوشۂ کمال (ف۔ مذ) کمان کی نوک

گوشہ نشین (ف۔ ص) تنہائی میں رہنے والا۔ تارک الدنیا۔

گوکھرو (ہ۔ مذ) ایک قسم کا سہ گوشہ کانٹا

گول (ہ۔ ص) مدور۔ چکر دار۔

گول میز کانفرنس (ا۔ مث) دیکھو راؤنڈ ٹیبل کانفرنس۔

گول مول (ہ۔ ص) موٹا تازہ۔ مشکوک جو بات سمجھ میں نہ آئے۔

گولا (ہ۔ مذ) گول چیز۔ توپ کا گولہ۔ پنڈا

گولا چلانا (ہ) توپ چلانا۔ گولے ملنا

گولا انداز (ف۔ مذ) گولا مارنے والا۔

گولڈ (GOLD) (انگ۔ مذ) سونا

گولڈن (GOLDEN) (انگ۔ ص) سنہری۔ طلائی

گولک (ہ۔ مث) روزمرہ کی بکری رکھنے کا ظرف وہ حرامی بچہ جو بیوہ کے ساتھ زنا کرنے سے پیدا ہو

گولی (ہ۔ مث) گولہ کی تصغیر۔ جت

گولی چلانا (ہ) بندوق سر کرنا۔ فائر کرنا۔

گولی مارنا (ہ) گولی چلانا۔ جان لینا

گولی مارو (ہ) دفع کرو۔ آگ لگاؤ (کلمۂ تنفر)

گولیاں کھیلنا (ہ) بچپن کا زمانہ۔ انٹا بازی

گومگو (ف۔ مذ) پس و پیش۔ شک۔ شبہ

گون (ف۔ مذ) مرکبات میں بمعنی رنگ۔

گون (ہ۔ مث) مطلب۔ واسطہ۔ لالچ۔ ضرورت۔

گون (GOWN) (انگ۔ مذ) ڈھیلا ڈھالا انگریزی لباس۔ لباس فضیلت۔

گونا (ف۔ مذ) ایک سنہری رنگ جو سونے یا پیتل سے بناتے ہیں اور صندوقوں یا شیشوں وغیرہ میں لگاتے ہیں

گوناگوں (ف۔ ص) رنگ برنگ کا۔

گونج (ہ۔ مث) آواز کا ہوا سے ٹکرانا۔ گرج۔

گونجنا (ہ) مکان کا آواز سے بھر جانا۔ گنبد کی صدا۔

گوند (ہ۔ مذ) لیس دار چیز جو درختوں

سے نکلتی ہے جیسے کیکر کی گوند۔
گوندانی (ا۔مث) گوند رکھنے کا ظرف
گوندھنا (ہ) آٹا ملنا۔ سر کے بال۔ گوندھنا
گونگا (ہ۔مذ) جو شخص بول نہ سکے۔ گنگ
گونگے کا خواب (ا۔مذ) بات جو بیان
نہ ہو سکے۔ جو بات سمجھ میں نہ آسکے
گونہ (ف۔مذ) رنگ۔ گلگونہ۔ پوڈر۔
قسم۔ نوع۔ طرح۔ اسلوب
گوناگونہ (ف۔ص) طرح طرح کا
گوہ (ف۔مذ) میلا۔ پیخانہ۔ پلیدی (یہ
لفظ اردو والے ہائے ہوز خفی
کرکے بھی بولنے لگے ہیں آصفیہ)
گوہ کھانا (ا) جھک مارنا۔ بیہودہ بکنا
گہار (یا) **گوہار** (ہ۔مث) (۱) ہانک پکار۔
واویلا (۲) غل غپاڑہ (۳) گالی
گلوچ۔ ٹھٹھا (۴) گنواروں
کا لاٹھیوں سے لڑنا۔
گوہر (ف۔مذ) موتی۔ جوہر۔ ذات
گویا (ف۔ص) بولنے والا۔ غالباً
گوئیاں (ہ۔مث) سہیلی۔ سکھی
گویائی (ف۔مث) بولنے کی قوت۔ کلام

گوئے سبقت لیجانا (ا) دوسرے
سے بڑھ جانا۔
گوئندہ (ف۔مذ) کہنے والا۔ بولنے والا

(گ۔ھ)

گہ (ف) جگہ۔ وقت
گھات (ہ۔مث) داؤں۔ تاک۔ فریب
چال۔
گھات میں بیٹھنا (ہ) شکار کیلئے چھپ
کر بیٹھنا۔ موقع تاکنا۔
گھاٹ (ہ۔مذ) دریا کا کنارہ۔ پار
اترنے کی جگہ۔ پتن۔
گھاٹ گھاٹ کا پانی پینا (ہ) بڑا
تجربہ کار ہونا۔ جگہ جگہ سفر کرنا
گھاٹا (ہ۔مذ) نقصان۔ خسارہ۔
گھاٹی (ہ۔مث) دو پہاڑوں کے
درمیان کا راستہ۔
گھاس (ہ۔مث) گیاہ۔ سبزی۔ کوڑا کرکٹ
گھاس پھوس (ہ۔مذ) کوڑا کرکٹ
گھاگ (ہ۔ص) خرانٹ بوڑھا۔ تجربہ کار
گھاگھرا (ہ۔مذ) لہنگا۔ ایک دریا کا نام

گھانس (ہ ۔ مث) گھاس
گھانس چھیلنا (مجازاً) بے کار کام کرنا۔ نکما کام کرنا۔ ناتجربہ کاری کا کام کرنا۔
گھانی (ہ ۔ مث) تلوں وغیرہ کی مقدار جو ایک دفعہ کولھو میں ڈالی جائے
گھاؤ (ہ ۔ مذ) زخم ۔
گھاؤ بھرنا (ہ) زخم بھرنا۔ زخم اچھا ہونا۔
گھائل (ہ ۔ ص) زخمی ۔
گھائل ہونا (ہ) زخمی ہونا۔ عاشق ہونا
گھبرانا (ہ) سٹ پٹانا۔ پریشان ہونا۔ خوف زدہ ہونا۔
گھبراہٹ (ہ ۔ مث) پریشانی ۔ بے قراری ۔ جلدی ۔
گھٹا (ہ ۔ مث) بادل۔ ابر۔
گھٹا اُٹھنا (ہ) بادلوں کا آنا
گھٹا ٹوپ (ہ ۔ مذ) بادلوں کے گھرنے سے جو اندھیرا چھا جاتا ہے۔ اندھیرا گھُپ۔
گھٹا چھانا (ہ) ابر گھرنا۔ بادلوں کا آسمان پر بھرنا۔
گھٹانا (ہ) کم کرنا۔ تفریق کرنا۔
گھٹاؤ (ہ ۔ مذ) کمی ۔ تخفیف ۔
گھُٹ گھُٹ کر (ہ) رُک رُک کر ۔
گھٹنا (ہ) کم ہونا۔ کم زور ہونا۔
گھُٹنا (ہ ۔ مذ) زانو۔ دم رُکنا۔
گھُٹی (ہ ۔ مث) بچوں کے لئے دست آور دوا (مجازاً) طبیعت ۔
گھُٹی میں پڑنا (ہ) خمیر میں ہونا۔ عادت میں ہونا۔
گھٹیا (ہ ۔ ص) کم قیمت ۔ ادنےٰ ۔ کمینہ
گہر (ف ۔ مذ) گوہر۔ موتی۔ قیمتی پتھر۔
گھر (ہ ۔ مذ) مکان ۔ رہنے کی جگہ۔ خاندان
گھر آباد کرنا (ہ) شادی کرنا۔ نکاح کرنا۔
گھراتی (ہ ۔ مذ) براتی کی ضد۔ بیٹی والے کے ہاں کے اپنے مہمان ۔ برات کے علاوہ بیٹی والے کے ہاں اپنے آئے ہوئے مہمان ۔ (واحد اور جمع)
گھربار (ہ ۔ مذ) گھر۔ گھر کا اسباب

بال بچے۔

گھر بسانا (ہ) گھر آباد کرنا۔

گھر گھبر (ہ) تمام گھر۔ سارا کنبہ۔

گھر بنانا (ہ) مکان بنانا۔ قدم جمانا

گھر بیٹھے (ہ) بغیر تکلیف کے۔

گھر پھونک تماشا دیکھنا (ہ) اپنی تباہی پر خوش ہونا۔ نقصان کر کے تجربہ حاصل کرنا۔

گھر جانا (ہ) گھر اُجڑ جانا۔ خاوند سے چھوٹنا

گھر دیکھ لینا (ہ) رستے سے واقف ہو جانا۔ بار بار آنا۔

گھر میں ڈال لینا (ہ) کسی کم ذات عورت کو بیوی بنانا

گھر سر پر اُٹھانا (ہ) بہت شور کرنا۔

گھر سے بے گھر ہونا (ہ) خانہ خراب ہونا۔

گھر سے دینا (ہ) اپنے پاس سے دینا۔

گھر کا (ہ۔ص) اپنا۔ ذاتی۔

گھر کا آدمی (ہ۔ مذ) اپنا آدمی۔ واقفکار۔

گھر کا اُجالا (ہ۔ مذ) بیٹا۔

گھر کا بھیدی لنکا ڈھائے (ہ) رازدار کی دشمنی بہت نقصان پہنچاتی ہے۔

گھر کا چراغ (ہ) بیٹا۔ اپنے مکان کا چراغ۔

گھر کا گھر (ہ) تمام گھر۔

گھر کا مالک (ہ۔ مذ) خاوند۔ گھر والا

گھر کرنا (ہ) جمنا۔ اثر کرنا۔ گھر بنانا۔

گھر کی بات (ہ۔ مث) راز کی بات۔ آپس کی بات۔

گھر کے نہ گھاٹ کے (ہ) کسی کام کے نہیں۔

گھر گھاٹ (ہ۔ مذ) ٹھکانا۔ پتا نشان

گھر گھر (ہ) ہر گھر میں۔ سب جگہ۔

گھر گھر عید ہونا (ہ) عام خوشی ہونا۔

گھر والا (ہ۔ مذ) خاوند۔ گھر کا مالک۔

گہرا (ہ۔ص) عمیق۔ تیز۔ شوخ۔

گہرا ہاتھ مارنا (ہ) بہت سا مال مارنا۔ بڑا بھاری غبن کرنا بہت سا نفع کمانا۔

گہرا یارانہ (ہ۔ مذ) بڑی دوستی۔

گہرائی (ہ۔مث) ڈونگھاپن۔ نشیب۔ عمق

گھرانا (ہ۔مذ) خاندان۔ کنبہ۔ قبیلہ۔

گھُرکنا (ہ) دھمکانا۔ ڈانٹنا

گھُرکی (ہ۔مث) جھڑکی۔ دھمکی

گھِرنا (ہ) بند ہونا۔ قابو ہونا۔ چھپانا

گھِرنی (ہ۔مث) چرخی۔ پہیہ۔ رسی بٹنے کی کل

گہری بات (ہ۔مث) عمدہ بات

دُور کی بات۔ قیمتی بات۔

گہری نیند سونا (ہ) بےخبر ہو کر سونا۔

گہرے کرنا (ہ) اچھا فائدہ اٹھانا۔

گھرملو (ہ۔ص) گھر کا۔ گھر کا بنا ہوا۔

گھُڑچڑھا (ہ۔ص) سوار۔ یکّا سوار۔

گھُڑدوڑ (ہ۔مث) گھوڑوں کی دوڑ۔

گھُڑسال (ہ۔فا) طویلہ۔ اصطبل۔

گھُڑنال (ہ۔مث) توپ۔ دہکلہ

گھڑا (ہ۔مذ) پانی رکھنے کا برتن۔

گھڑانا (ہ) بنوانا۔ جیسے زیور گھڑانا۔

گھڑائی (ہ۔مث) گھڑنے کی اجرت

مزدوری۔

گھڑت (ہ۔مث) ساخت۔ بناوٹ

گھڑگھڑاہٹ (ہ۔مث) گاڑی وغیرہ

کی آواز۔

گھڑوں پانی پڑ جانا (ہ) نہایت شرمندہ

ہونا۔

گھڑونچی (ہ۔مث) گھڑا

گھڑا رکھنے کی لکڑی کی

اونچی چوکی۔

گھڑی (ہ۔مث) پل۔ ساعت۔ وقت

وقت دیکھنے کا آلہ۔

گھڑی بھر (ہ۔ص) تھوڑی دیر۔

گھڑی میں تولہ گھڑی میں ماشہ

(ل) متلون مزاج۔ ایک بات

پر قائم نہ رہنے والا۔

گھڑی میں گھڑیال ہے (ہ) زمانہ

دم بھر میں کچھ سے کچھ ہو جاتا ہے

گھڑی ساز (ف۔مذ) گھڑی درست

کرنے والا۔

گھڑیال (ہ۔مذ) گھنٹہ۔ ناگول گھنٹہ

گھڑیالی (ہ۔مذ) گھڑیال بجانے والا

گھڑیاں گننا (ہ) انتظار کرنا

گھس آنا (ہ) بلا اجازت اندر آجانا۔

گھسانا (ہ) اندر داخل کرنا۔ بھرنا۔ بارنا

گھسانا (ہ) رگڑنا

گھسائی (ہ۔مث) رگڑ

گھسنا (ہ) رگڑ کھانا۔ کم ہونا۔ پُرانا ہونا

گُھسنا (ہ) اندر جانا۔ داخل ہونا

گھسیارا (ہ۔مذ) گھاس کھودنے اور بیچنے والا۔

گھسیٹنا (ہ) کھینچنا۔ جلدی جلدی لکھنا۔

گھگی (ہ۔مث) ہچکی۔ روتے روتے سانس رُک رُک کر آنا۔

گھگی بندھنا (ہ) ڈر کے مارے یا روتے روتے سانس رُک جانا۔

گھگیانا۔ گھگی بندھ جانا۔ شرم خوف یا ڈر کے مارے بول نہ سکنا گڑگڑانا۔

گھُلانا (ہ) پگلانا۔ دُبلا کرنا۔ کمزور کرنا

گھُلاوٹ (ہ۔مث) (۱) گھلنا سے حاصل مصدر۔ گھلا ہوا ہونا (۲) محبت کی نظر (۳) نرمی ملائمت۔ فصاحت۔ زبان کا منجھا ہوا اور شستہ ہونا۔

گھُل جانا (ہ) ہو جانا۔ دُبلا ہونا۔ کمزور ہو جانا۔

گھُل گھُل کر (ہ) دُبلا ہو ہو کر۔ سوکھ سوکھ کر۔

گھُل مِل جانا (ہ) مل جل جانا۔ ایک ہو جانا۔ نہایت محبت ہونا۔

گھُلنا (ہ) کمزور ہونا۔ حل ہونا۔

گھماؤں (پ۔مذ) دو بیگھہ زمین۔

گھمانا (ہ) چکر دینا۔ پھرانا

گھمسان (ہ۔مذ) لڑائی۔ بھیڑ۔

گھمسان کا رن پڑنا (ہ) بھاری لڑائی ہونا۔

گھمسان کی لڑائی (ہ) بڑی بھاری لڑائی

گھمنڈ (ہ۔مذ) غرور۔ فخر۔ گمان۔

گھمنڈی (ہ۔ص) مغرور۔ خود پسند۔

گھن (ہ۔مذ) اوّل اہرن (ص) ابھرا ہوا

گھن دار (ہ۔ص) گنجان۔ گھنا۔

گھن چکر (ہ۔ص) آوارہ۔ نادان۔

گھنا (ہ۔ص) گنجان۔ شاخ در شاخ۔ سایہ دار۔ درخت

گھنگھور (ہ۔مث) گھن۔ دبادل گھر گھرنا۔ گہری گھٹا۔ سیاہ بادل۔

گہن (ہ بول چال میں گہن، مذ) چاند سورج یا کسی اور جرم کا کسی دوسرے جرم کے سائے میں آجانا گرہن (پڑنا)۔

گھن (ہ۔ مث) کراہت۔ نفرت۔

گھن (ہ۔ مذ) ایک قسم کا کیڑا جو لکڑی کو لگتا ہے۔

گھن لگنا (ہ) کیڑا لگنا۔ روگ لگنا۔ خم لگ جانا۔

گھنا (ہ۔ ص) گنجان۔ نزدیک نزدیک

گہنا (ہ۔ مذ) زیور۔

گہنانا (ہ۔ مذ) گہن لگنا۔

گھناؤنا (ہ۔ ص) مکروہ۔ خراب نفرت انگیز۔

گھنٹہ (ہ۔ مذ) گھڑیال۔ ٹل بساٹھ منٹ

گھنٹہ گھر (ہ۔ مذ) ایک اونچا مینار جس پر چاروں طرف بڑی بڑی گھڑیاں لگی ہوئی ہوتی ہیں۔

گھنڈی (ہ۔ مث) کپڑے کا ٹکڑہ کپڑے کا بنا ہوا گول بٹن۔

گھنگرالے (ہ۔ ص) بل کھائے ہوئے (بال)

گھنگرو (ہ۔ مذ) ایک قسم کا بجنے والا زیور گلے کی آواز جو مرتے وقت نکلتی ہے۔ چنے کا خول یا دوڈا (باندھنا بولنا)

گھنگرو بولنا (ہ) مرنے کے قریب ہونا جان کنی کا وقت ہونا۔

گھنگنیاں (ہ۔ مث) اُبلے ہوئے چنے وغیرہ

گھنگنیاں منہ میں بھر کر بیٹھنا (ہ) گھنی سادھ کر بیٹھنا خاموشی اختیار کرنا۔

گھنگھولنا (ہ) برتن پانی سے صاف کرنا۔

گہوارہ (ف۔ مذ) بچوں کے سلانے کا جھولا۔ پالنا

گہنے رکھنا (ہ) گرو رکھنا۔ رہن رکھنا

گھوٹا (ہ۔ مذ) کاغذ گھوٹنے کا مہرا۔ چار ابرو کا صفایا (پھیرنا۔ پھروانا)

گھوٹنا (ہ) رگڑنا۔ حل کرنا۔ رٹنا۔ حفظ کرنا۔

گھورنا (ہ) تکنا۔ غور سے دیکھنا۔ غصے کی نظر سے دیکھنا۔

گھوڑا (ہ۔مذ) سواری کا مشہور جانور۔

گھوڑا ڈالنا (کسی پر) (ہ) کسی کے پیچھے گھوڑا دوڑانا۔

گھوڑا نکالنا (ہ) گھوڑے کو سدھانا۔

گھوڑی (ہ۔مث) گھوڑے کی تانیث سوہان بنانے کی مشین۔

گھوڑے بیچ کر سونا (ہ) بے فکری سے سونا۔ پاؤں پھیلا کر سونا۔

گھوڑے کی طاقت (ہ۔مث) ایک گھوڑے کا کام جو علمی اصطلاح میں ۳۳ ہزار پونڈ وزن کو ایک منٹ میں ایک فٹ اونچا اٹھانے کے برابر ہوتا ہے۔ یہ اصطلاح مشینوں کی طاقت شمار کرنے کیلئے اکائی کے طور پر کام دیتی ہے۔

گھوڑا گھاس سے آشنائی کرے تو بھوکا مرے (ا۔مثل) مزدور، مزدوری نہ لے تو بھوکا مرے۔

گھوسن (ہ۔مث) دودھ بیچنے والی۔

گھوسی (ہ۔مذ) دودھ بیچنے والا۔

گھولنا (ہ) پانی میں حل کرنا۔

گھومنا (ہ) پھرنا۔ چکر لگانا۔

گھونپنا (ہ) تلوار وغیرہ گھسیڑنا۔

گھونٹ (ہ۔مذ) پانی وغیرہ کی مقدار جو ایک دفعہ حلق سے اتاری جائے۔

گھونٹنا (ہ) گلا دبانا

گھونسا (ہ۔مذ) مُکّا

گھونسلا (ہ۔مذ) پرندوں کا گھر۔ آشیانہ

گھونگا (ہ۔مذ) دریا کے ایک کیڑے کا خول۔ صدف۔ کوڑی۔

گھونگٹ (ہ۔مذ) نقاب۔ منہ کا پردہ

گھونگریالے بال (ہ۔مذ) مڑے ہوئے بال۔ بل کھائے ہوئے بال۔

گھی (ہ۔مذ) روغن۔ زرد۔ گرم کیا ہوا مکھن۔

گھی داغ کرنا (ا) بگھارنا

گھی کھچڑی (ہ۔مث) گھلے ملے شیر وشکر

گھی کے چراغ جلانا (ہ) مراد پوری ہونے کی خوشی میں کسی بزرگ کے مزار پر گھی کی روشنی کرنا۔

گھی کے چراغ جلنا (ہ) (۱) مراد پوری ہونا (۲) خوشی حاصل ہونا (۳) فارغ البالی ہونا

گھیا (ہ۔مذ) کدو۔ لوکی۔

گھیرا (ہ۔ مذ) دور۔ حلقہ۔ چکر۔ چہار دیواری
محاصرہ (ڈالنا)
گھیرے دار (ہ۔ ص) فراخ۔ کشادہ
گھیرنا (ہ) (۱) احاطہ کرنا۔ حلقے میں لینا
(۲) بار کھینچنا یا لگانا (۳) نرغے میں لینا (۴) قبضہ کرنا
(۵) پیچھا لینا (۶) حد بندی کرنا (۷) روکنا (۸) دبانا
گھیرے میں آنا (ہ) گھر جانا۔ دیکھیا جکڑنا
گھیرے میں پھنس جانا۔ قلعہ بند ہونا۔

گ ۔ ی

گیا (ہ۔ مذ) چلا گیا (ص) گزرا ہوا
گیا گزرا (ہ۔ ص) گزشتہ۔ نیست و نابود
گیا وقت پھر ہاتھ آتا نہیں (۱)
گزرا ہوا زمانہ پھر نہیں آتا موقع
بار بار نہیں ملتا۔
گیان (س۔ مذ) علم۔ سمجھ۔ خدا کی پہچان
گائٹم۔
گیانی (س۔ ص) فاضل۔ وددوان۔ عارف
گیت (ہ۔ مذ) بھجن۔ گانا
گئے تھے نماز بخشوانے کو روزے گلے پڑے ۔ (ا۔ مثل) ایک کام سے
بچنا چاہا۔ دوسرا کام اور
سپرد ہوا۔
گیتا (س۔ مث) ہندوؤں کی مشہور کتاب
جس میں کرشن جی کا ذکر
ہے۔
گیتی (ف۔ مث) دنیا۔ جہاں۔
گیتی آرا (ف۔ ص) جہاں آراستہ کرنے
والی یا والا۔
گیتی افروز (ف۔ ص) مجازاً بادشاہ
جس کا وجود دنیا کو روشن کرنے والا
گیتی پناہ (ف۔ ص) مجازاً بادشاہ
جس کا وجود دنیا کیلئے حفاظت
اور پناہ کا باعث ہوتا ہے۔
گیٹس (ا۔ انگ GARTERS) (مذ)
جرابوں کو کھڑا رکھنے کے بند۔
گیدڑ (ہ۔ مذ) گیدڑ۔ شغال جنگلی جانور
جو کتے سے چھوٹا ہوتا ہے۔
گیدڑ بولنا (ہ) بدشگونی کی علامت
اجڑنا۔
گیدڑ بھبکی (ہ۔ مذ) دکھاوے کی گھرکی
گیدی (ف۔ ص) بے غیرت۔ دیوث

بزدل - احمق -
گیر (ف) پکڑ -
گیرودار (ف - مث) پکڑ دھکڑ
گیروا (ہ - ص) گیرو کے رنگ کا جوگیا -
گیس (GAS) انگ مث} مادّے
کی ایک شکل - وہ چیز جو ہوا
کی مانند ہو -
گیسو (ف - مذ) لمبے بال - کاکل
گیسولین (GASOLENE)
(انگ مث) پیٹرول میں سے
نکالا ہوا ایک سیال جو جلانے
کے کام آتا ہے -
گیل گیل (ہ) ساتھ ساتھ -
گیلا (ہ - ص) بھیگا ہوا -
گیلاس (ہ - مذ) گلاس -
گیلری (GALLERY) (انگ مث)
درجہ بدرجہ - اونچی ہوتی
ہوئی نشستیں -
گیلس (GALLACE) (انگ مذ)
پتلون کو گرنے سے روکنے
والے تسمے -

گیلن (GALLON) (انگ - مذ)
پانی تیل وغیرہ کا پیمانہ -
۲۷۷،۲۷۴ مکعب انچ
گیمز (GAMES) (انگ - مذ) کھیل
عام طور پر ایسے کھیل جن کے
لئے سامان کی ضرورت
ہو -
گیند (ہ - دلی میں مث - لکھنؤ میں مذ) کپڑے
چمڑے یا ربڑ کا چھوٹا سا گولہ
گیند بلا (ہ - مذ) کرکٹ
گیندا (ہ - مذ) ایک زرد رنگ کا پھول
صد برگ
گینڈا (ہ مذ) ایک جانور کا نام ہے
گیہوں (ہ مذ) کنک - گندم
گیہوں کے ساتھ گھن بھی پس
جاتا ہے (ہ) امیر کے ساتھ غریب
بھی مارا جاتا ہے گنہگار
کے ساتھ بے گناہ بھی مصیبت
میں پھنس جاتا ہے - ساتھ
یا برابر والوں کے ساتھ مدت
میں مصیبت میں پھنس جانا -

ل

(ل - ا)

لا (ہ، ے)

لا (ہ)، نہیں الجبرے میں نامعلوم مقدار

لاَاُبالی (ہ ص) بے خوف۔ نڈر۔ بے پرواہ۔ آزاد

لا الٰہ الا اللہ (ہ) خدا کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں

لابُدَّ (ہ) ناچار۔ بالضرور

لابُدّی (ہ مث) لازم۔ ضروری

لاتعد و لاتحصٰی بعید و نہایت بیشمار

لاتعداد (ہ ص) بے شمار۔ بعید

لاثانی (ہ ص) بے مثال۔ بے نظیر

لاجرم (ہ ف) ناچار۔ مجبوراً۔ لابُدّ

لاجواب (ہ ص) چپ۔ مغلوب۔ بے نظیر

لاجواب کر دینا (ہ) ہر اندیشہ جواب نہ بننے دینا

لاچار (ہ) مجبور۔ عاجز (صحیح لفظ ناچار ہے)

لاچارگی (ہ مث) مجبوری۔ تنگی (صحیح لفظ۔ ناچارگی ہے)

لاحاصل (ہ) بے فائدہ

لاحول (ہ) قوت نہیں۔ لعنت پھٹکار شیطان کو بھگانے کیلئے پڑھتے ہیں

لاحول پڑھنا (ہ) غصے کی حالت میں یا کسی چیز کے گم ہو جانے اور کسی کی بیہودہ حرکت پر لاحول ولاقوۃ الا باللہ پڑھنا

لادعویٰ لکھ دینا کسی چیز پر اپنے حق سے دست بردار ہو جانا

لادَوا (ہ ص) لاعلاج

لاریب (ہ ص) بے شک

لازوال (ع۔ص) نہ گھٹنے والا۔ غیر فانی
مستقل
لاشے (ع۔ص) کچھ نہیں۔ نکما
لاطائل (ع۔ص) بے فائدہ
لاعلاج (ع۔ص) لا دوا۔ لاچار
سخت بیمار
لاعلم (ع۔ص) اَن پڑھ۔ ناواقف
لاکلام (ع۔ص) بے شک۔ بےشک
لامذہب (ع۔ص) جس کا کوئی مذہب
نہ ہو۔ بے دین
لامکان (ع۔ص) عالم الٰہی جو مکان
اور جنت سے مُبرّا ہے
لاوارث (ع۔ص) جس کا کوئی وارث
یا جس چیز کا مالک نہ ہو
لاولد (ع۔ص) بے اولاد
لاہوت (ع۔ص) خدا کی ذات میں
فنا ہونے کی حالت
لایزال (ع۔ص) دائمی ہمیشہ رہنے
والا
لایعقل (ع۔ص) بے وقوف۔ بے عقل
لایعنی (ع۔ص) بیہودہ۔ لغو

لایموت (ع۔ص) نہ مرنے والا
لاینحل (ع۔ص) نہ حل ہونے والا۔ مشکل
لابھ (س۔مذ) فائدہ۔ نفع
لات (ع۔مذ) عرب کے ایک مشہور بت
کا نام ہے جس کی اسلام سے
پہلے پرستش کی جاتی تھی
لات (ہ۔مث) ٹانگ پاؤں کی ضرب
لات مارنا (ہ) لات چلانا۔ ٹھوکر مارنا
ظاہرہ نفرت کرنا۔ غصے میں
ٹھوکر مارنا۔ چھوڑنا
لاٹ (ہ۔مث) لاٹھ۔ لو۔ شعلہ۔
لاٹ (انگ۔مذ) (لارڈ کا مخفف)
ملک کا حاکم۔ ایک معزز خطاب
لاٹ پادری (انگ۔مذ) بڑا پادری
لاٹ (انگ۔مث) قسمت۔ ڈھیر
لاٹری (انگ۔مث) (انگ
مث) قرعہ اندازی۔ چٹھی
ڈالنا۔ قسمت آزمائی
لاٹھ (ہ۔مث) مینار
لاٹھی (ہ۔مث) ہاتھ کی لکڑی۔ ڈنڈا
لاٹھی ٹھول (ہ۔مث) پیٹ

سر چڑھی۔ جو تم جانا جوتی بیزار۔

لاج (LODGE) (انگ۔ مذ) رہنے کی جگہ۔ مسکن۔

لاج (ہ۔ مث) غیرت۔ شرم۔ حیا۔ عزت۔

لاج رکھنا (ہ) شرم رکھنا عزت رکھنا۔

لاجوں مرنا (ہ) نہایت شرمندہ ہونا۔

لاجورد (ف۔ مذ) ایک قسم کا نیلا چمکدار پتھر۔

لاجوردی (ف۔ص) نیلا

لاحق (ع۔ص) ملا ہوا۔ چمٹا ہوا۔ پیچھے لگا ہوا۔ (جمع لواحق)

لاحقہ (ع۔ مذ) پیچھے لگا ہوا۔ وہ کلمہ جو لفظ کے پیچھے لگا یا گیا ہو جیسے خندہ آفریں میں "آفریں"۔

لادنا (ہ) جانور یا گاڑی پر بوجھ رکھنا آدمی کے سر پر بہت سارا بوجھ رکھنا۔

لادی (ہ۔ مث) لدجانے کے قابل۔ بوجھ۔ دھوبیوں کی گٹھڑی۔ بھار:

لاڈ (ہ۔ مذ) پیار۔ محبت۔

لاڈلا (ہ۔ص) پیارا۔ دُلارا۔

لاڈ لڈانا (ہ) ناز و نعمت سے پالنا

لاڈلی لاڈلی (ہ۔ص) پیاری۔ سُست۔ سرکش

لارڈ بشپ (LORD BISHOP) (انگ۔ مذ) لاٹ پادری۔

لازم (ع) وابستہ۔ ساتھ لگا ہوا۔ ضرور وہ فعل جو صرف فاعل کو چاہے۔

لازم و ملزوم (ع۔ص) ایک دوسرے پر موقوف۔ وہ دو چیزیں جنمیں ایک کے بغیر دوسری نہ ہو سکے جیسے سورج اور حرارت۔

لازمہ (ع۔ مذ) جوڑ۔ میل۔ سامان۔ (جمع لوازم)

لازمی (ع۔ص) ضروری (ترکیب کے لحاظ سے یہ لفظ غلط ہے)

لازمی مضامین (ع) وہ مضامین جن میں طالب علم کو امتحان دینا ضروری ہو۔ اختیاری مضامین کی نقیض۔

لاسا (ہ۔ مذ) پرندوں کے پکڑنے کی

کوئی لیسدار چیز۔

لاسا لگانا (ہ) جانور کو پکڑنے کے لئے لیس لگانا۔

لاسے (پر) لگانا۔ ہلانا۔ ڈھب پر لگانا

لاش (ت۔مث) لوتھ۔ مردے کا جسم۔ جنازہ۔

لاشہ (ف۔مذ) دُبلا پتلا جسم۔ تھکا۔ لاش۔

لاغر (ف۔ص) دُبلا۔ پتلا۔ کمزور۔

لاغری (ف۔مث) کمزوری۔ ناطاقتی

لاف (ف۔مث) گپ۔ ڈینگ۔ بڑائی شیخی

لاف زنی (ف) ڈینگ مارنا۔

لاف مارنا (ہ) ڈینگ مارنا۔ شیخی بگھارنا۔

لاف وگزاف (ف۔مث) بیہودہ باتیں کرنا۔ ڈینگ۔

لاکٹ (LOCKET) (انگ۔مذ) گھڑی کی زنجیر میں لٹکانے کا کانٹا گھنڈی۔

لاکھ (ہ۔مذ) سو ہزار۔ قیمت۔ نہایت کتنا ہی۔

لاکھ پر بھاری ہے (ق) سب پر غالب ہے۔ بے مثال ہے

لاکھ جی سے (ق) بدن وجان ہزار جان سے۔ بڑے شوق سے

لاکھ کا گھر خاک کرنا (ق) ساری پونجی برباد کردینا۔ بڑا بھاری نقصان دکھانا۔

لاکھ (ہ۔مث) ایک قسم کا سُرخ گوند جو کیڑوں سے حاصل ہوتا ہے۔

لاکھا (ہ۔مذ) ہونٹوں پر ملنے کا سُرخ رنگ۔

لاگ (ہ۔مث) تعلق۔ لگاؤ۔ محبت۔ ضد۔

لاگ ڈانٹ (ہ۔مث) عداوت۔ اَن بن۔

لاگ رکھنا (ہ) دشمنی رکھنا تعلق رکھنا

لاگ لپیٹ (ہ۔مث) طرفداری حمایت۔ دغا۔

لاگت (ہ۔مث) خرچ۔ قیمت

لاگو (ہ۔ص) درپے۔ سر۔

لاگو ہونا (ہ) پیچھے پڑنا۔ خواہش رکھنا

لال (ہ ص) رنگ۔ گونگا

لال (ہ۔ مذ) سرخ نگ۔ یاقوت
(مرد کا) بچہ

لال انگارا (ہ۔ مذ) نہایت سرخ
غصّے میں بھرا ہوا

لال بجھکڑ (ہ۔ مذ) وہ بیوقوف جو اپنے
کو عقلمند سمجھے

لال پری (ہ۔ مث) سرخ لباس پہنے
والی پری۔ شراب سرخ

لال پیلا ہونا (ہ۔ ص) غصّے ہونا
غضب ناک ہونا

لال کتاب (ہ۔ مث) وہ کتاب جس سے
جاہلوں کے نزدیک ایک غیب کا حال
مل جائے۔ فالنامہ۔ بچوں اور بوڑھوں
کی کتاب

لال ہونا (ہ) سرخ ہونا۔ غصّے میں
بھرنا

لالٹین (انگ) (ہ۔ مث) [illegible]
شیشے کی قندیل۔ فانوس

لالچ دینا (ہ) طمع دلانا۔ ترغیب دینا

لالچی (ہ۔ ص) حریص

[illegible] (ہ۔ مث) چاروں طرف
[illegible]

لالہ (ہ۔ مذ) سرخ رنگ کا پھول
[illegible] کا پھول

[illegible] سرخ چہرے
[illegible]

لالہ رنگ (ہ۔ ص) لالہ رخ

لالہ فام (ف۔ ص) لال۔ سرخ

لالہ گوں (ف۔ ص) سرخ۔ لال

لالہ (ہ۔ مذ) [illegible] کا خطاب
صاحب۔ جناب۔ [illegible]

لالی (ہ۔ مث) سرخی۔ [illegible] کی سرخی

لالے (ہ۔ مذ) تمنا آرزو۔ ارمان
(ہمیشہ جمع آتا ہے)

لالے پڑنا (ہ) تمنا ہونا۔ کمال حسرت
ہونا بہت بادی ہونا۔ آس ٹوٹنا
مصیبت میں پھنسنا

لام (فرانسیسی۔ مذ) توپخانہ۔ پلٹنوں
کا مجموعہ

لام باندھنا (ہ) لڑائی کا سامان کرنا

جگی تیاریاں کرنا

لام کاف (ہ۔مذ) کسی پر لعنت (ل) کرنا
سے گفتگو کرنا، گالی گلوچ بکنا، بک بک کرنا

لامسہ (ع۔مث) چھونے کی قوت

لامع (ع۔ص) روشن۔ چمکنے والا

لانا (ف) لے آنا۔ حاضر کرنا

لانگ پھلانگ (ہ۔مث) دوڑ کر کسی
چیز کے اوپر سے گزرنا
پھلانگنا

لانگ ڈیسک LONG DESK (انگ۔مذ) وہ
لمبا ڈیسک جس پہ لڑکے
بیٹھ کر کام کر سکیں

لاؤ (ہ۔مث) جس کھینچنے کی موٹی رسی
ناؤ کا رسّہ

لاؤ لشکر (ہ۔مذ) فوج کا اور سامان
فوج بھیڑ بھاڑ

لاون (ہ۔مذ) وہ چیز جس سے روٹی
لگا کر کھائیں جیسے دال
ترکاری وغیرہ

لائٹ
روشنی (انگ۔مث) بلب

لائٹ ہاؤس (Light House) (انگ۔مذ) روشنی
کا مینار جو سمندر میں جہازوں
کو راستہ بتانے یا کسی پہاڑی
چٹان سے خبردار کرنے کے
لئے بنایا جاتا ہے

لائبریری (Library) (انگ۔مث) کتب خانہ

لائبریرین (Librarian) (انگ۔مذ) منتظم کتب خانہ

لائسنس LICENCE (انگ۔مذ) اجازت

لائسنس دار (ا۔مذ) وہ شخص جو بارود
یا ہتھیار وغیرہ کے رکھنے کا
مجاز ہو

لائق (ع۔ص) لیاقت رکھنے والا، قابل
مناسب

لائن LINE (انگ۔مث)
قطار۔ صدر مقام کی پولیس
کے رہنے کے مکانات

لائن افسر (سعت ۔ ہیہہ عہدنا) (انگ۔ مث) پولیس محکمہ کا افسر

(ل ۔ ب)

لُب (ع ۔ مذ) خلاصہ، مغز، عقل

لُبِ لُباب (ع ۔ مذ) خلاصہ، ست عطر

لب (ف ۔ مذ) ہونٹ، کنارہ، ساحل

لب بند ہونا (ا) مٹھاس کے سبب ہونٹ چپکنا، منہ بند ہونا

لبِ دریا (ف ۔ مذ) دریا کا کنارہ

لبِ شیریں (ف ۔ مذ) میٹھے ہونٹ، معشوق کے ہونٹ

لب گور ہونا (ف) مرنے کے قریب ہونا

لب لگانا (ا) ظرف لگانا ۔ ۔ ۔ لعاب لگانا

لب نوشیں (ف ۔ مذ) لب تیرا، معشوق کے لب

لب نہ ہلانا (ا) چپ رہنا، کچھ نہ کہنا

لب و لہجہ (ف ۔ مذ) تلفظ، طرز گفتگو

لبادہ (ف ۔ مذ) چوغہ اور کوٹ

لبارڑی (ہ ۔ ص) چرب زبان

لباس (ع ۔ مذ) پوشاک، بھیس (جمع البسہ)

لبالب (ف ۔ ص) لبریز، ۔ ۔ ۔

لبرٹی (انگ ۔ مث) (Liberty) آزادی، حریت

لبرل (انگ ۔ ص) (Liberal) ۔ ۔ ۔ آزاد، عوام کا خیر خواہ

لب خندہ (ف ۔ ص) ہنس مکھ، بیہودہ گو

لبلبا (ہ) چپکنے والا، چپکدار

لبھی (ہ ۔ مث) ہندوؤں کی ۔ ۔ ۔

لبوب (ع ۔ ۔ ۔) ۔ ۔ ۔ ایک قسم کی معجون ۔ ۔ ۔ مستعمل

لبوں پر دم ہونا (ا) ۔ ۔ ۔ قریب ہونا

لُبھانا (ہ ۔ ل) ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

لبیک (ع) حاضر ہوں ۔ ۔ ۔

لپٹیں (ا ۔ ۔ ۔) ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

دیکھو "لبیں لینا"

لبیں لینا (۱) مونچھوں کے اوپر کے بال کتروانا (ہمیشہ جمع میں اور مونث بولتے ہیں)

(ل ۔ پ)

لَپ (ہ ۔ مث) مٹھی بھر

لَپاٹ (ہ ۔ مذ) تھپڑ ۔ چانٹا

لپاڈُگی (ہ ۔ مث) دھول دھپا ۔ مار پیٹ ۔ نوچ کھسوٹ (کرنا)

لپا لپ (ہ) جلد جلد

لپٹ (ہ ۔ مث) شعلہ ۔ لو ۔ لاٹ ۔ ہوا کا جھونکا

لپاٹی (ہ ۔ س) دروغ گو ۔ جھوٹا (مث) لپاٹن

لپٹانا (ہ) چمٹانا ۔ چھاتی سے لگانا ۔ ساتھ لگانا

لپٹنا (ہ) چمٹنا ۔ چھپے لگنا ۔ گلے سے لگنا ۔ پھنسنا ۔ تہ ہونا

لَپَڑ (ہ ۔ مذ) بورے ہاتھ کا زور کا تھپا ۔ دھپا (لگانا ۔ مارنا) ۔

لپڑ شپڑ (ہ ۔ مث) جلدی جلدی بولنا ۔ گپڑ شپڑ ۔ خلط ملط ۔ بیہرا پھیری

لپڑ لپڑ کرنا (ہ) کان کھانا ۔ بکواس کرنا

لپک (ہ ۔ مث) چمک ۔ لپٹ ۔ لو ۔ جھلانگ ۔ روشنی

لپکا (ہ ۔ مذ) عادت ۔ مزہ ۔ چسکا

لپکا پڑنا (ہ) لت لگنا ۔ عادت پڑنا

لپکانا (ہ) چھپٹانا ۔ آگے کرنا

لپک کر (ہ) دوڑ کر ۔ جلدی سے

لپکنا (ہ) دوڑنا ۔ جھپٹنا ۔ چمکنا ۔ جلدی سے جانا

لپکی (ہ ۔ مث) ٹانکا ۔ کچی سلائی

لپیٹنا (ہ) تہ کرنا ۔ باندھنا ۔ آلودہ کرنا ۔ سلجھانا

(ل ۔ ت ۔ ط)

لَت (ہ ۔ مث) عادت

لت پڑنا (ہ) بری عادت ہونا ۔ چسکا پڑنا ۔ علت لگنا

لتاڑنا (ہ) روندھنا۔ پامال کرنا۔ ٹھکرانا
لعنت ملامت کرنا

لتھ پتھ (یا) **لت پت ہونا** (ہ)
تھڑ پتھڑ ہونا۔ آلودہ ہونا

لتھڑنا (ہ) آلودہ ہونا۔ بھرنا۔ کیچڑ سے
خراب ہونا

لتاڑ (ہ) لعنت ملامت

لترا (فارسی لترہ) (ص۔ مذ) ادھر کی
ادھر لگانے والا

لتّہ (ہ۔ مذ) کپڑا۔ چیتھڑا

لٹ (ہ۔ مث) بالوں کی لڑی۔ جٹا

لٹ پٹ (ہ) الٹ پلٹ۔ سست
بانکا۔ متوالا

لٹا (ہ۔ صف) دبلا پتلا۔ دبلا۔ بیمار

لٹا دھاری (ہ۔ مذ) جوگی۔ لمبے بالوں
والا۔ فقیر

لٹا پٹا (ہ۔ ص) پیچ در پیچ (؟) البیلا۔ رنگیلا

لٹانا (ہ) فرش یا زمین پر چاروں شانے وغیرہ پر
چت یا پیٹ ڈال دینا

لٹانا (ہ) برباد کرنا۔ اڑانا۔ فضول
خرچی کرنا

لٹس (ہ۔ مث) لوٹنا کا حاصل مصدر
لوٹ۔ غارت گری (ڈالنا
مچنا۔ مچانا)

لٹک (ہ۔ مث) بانداز ادا۔ آن بان
لہر جھک۔ وضع۔ طرح

لٹک کر چلنا (ہ) جھوم کر چلنا۔ جھک
کر چلنا

لٹکا (ہ۔ مذ) جادو۔ منتر۔ فریب
مکر۔ ڈھنگ

لٹکانا (ہ) ٹانگنا۔ پھانسی دینا۔
کرنا

لٹکن (ہ۔ مذ) گھنٹے کا لنگر۔ پینڈولم
جھول

لٹکنا (ہ) جھولنا۔ پھانسی لگنا۔ ٹنگنا

لٹمس (litmus) (انگ۔ مذ)
ایک قسم کا نباتی نیلا رنگ جو تیزاب
کے اثر سے سرخ اور کھار
کے اثر سے پھر نیلا ہو جاتا
ہے اور تیزاب اور کھار
کی شناخت کے لیے استعمال
ہوتا ہے۔

لٹمسی کاغذ (ا ۔ مذ) لٹمس کے رنگ میں پیلا سا رنگا ہوا جاذب کاغذ جو تیزاب اور کھار کی پہچان کرنے کے کام آتا ہے

لٹنا (ف) گھٹیا ہونا

لُٹنا (ف) تباہ ہونا ۔ غارت ہونا ۔ گھر اُجڑنا

لٹو ہونا (ف) عاشق ہونا ۔ فریفتہ ہونا

لُٹوانا (ف) غارت کرنا ۔ برباد کرنا

لَٹھ (۔ مذ) موٹا سوٹا اور لمبی لاٹھی

لٹھ باز (ا ۔ مذ) لاٹھیوں سے لڑنے والا ۔ لٹھیت

لٹھ بازی (ا ۔ مث) لاٹھیوں کی لڑائی

لٹھ چلنا (ف) لاٹھیوں کی لڑائی ہونا

لٹھا (ا ۔ مذ) ایک قسم کا کپڑا جس کی شلواریں وغیرہ بناتے ہیں ۔ اصل انگریزی لفظ Long cloth ہے

لٹھا (ہ ۔ مذ) لکڑ ۔ شہتیر

لٹھیا (ہ ۔ مث) چھوٹی لاٹھی

لٹیا (ہ ۔ مث) چھوٹا سا لوٹا (لوٹا)

لٹیا ڈبونا (ف) ناکامیاب ہونا ۔ ہمت ہارنا

لٹیرا (ہ ۔ مذ) لوٹنے والا ۔ ڈاکو

(ل ۔ ج ۔ چ ا)

لجاجت (ع ۔ مث) منت ۔ سماجت عاجزی ۔ نرمی

لجانا (ف) شرمانا ۔ شرمندہ ہونا

لُجّہ (ع ۔ مذ) دریا ۔ ندی

لُچ (ت ا ۔ لچا ۔ ص) (۱) ننگا (۲) بدچلن اوباش ۔ بدمعاش

لُچا (ت ا ۔ لچ ۔ ص مذ) بدمعاش ۔ گنڈا فسادی ۔ بے حیا

لچر (ا ۔ ص) لغو ۔ بیہودہ ۔ اناڑی

لچک (ہ ۔ مث) جنبش ۔ جھکاؤ ۔ ربڑ جیسی بعض چیزیں کھینچنے سے کھنچ جاتی ہیں اور چھوڑ دیں تو پھر اپنی اصلی حالت پر آجاتی ہیں ان کی اس حالت کو لچک کہتے ہیں جیسے ربڑ کی لچک

لچک دار (ا ۔ مذ) نرم ۔ وہ چیز جو حرکت

دینے سے جنبش۔ جیسے
بید کی لچک چھڑی

لچکا (ہ۔ مذ) جھٹکا۔ ہچکولہ

لچکا کھانا (ہ) جھٹکا کھانا۔ مڑنا

لچکنا (ہ) بوجھ کے سبب جھکنا۔ بل کھانا

لچھا (ہ۔ مذ) سوت کی انٹی۔ ڈورا۔ باریک کتری ہوئی چیز۔ جیسے ادرک کا لچھا

لچھمی (ہ۔ مث) دھن کی دیوی۔ مال و دولت

لچھن (ہ۔ مذ) رنگ۔ ڈھنگ۔ کرتوت چال

لچھے دار باتیں (ہ) مسلسل اور مزے دار باتیں

(ل۔ ح۔ خ)

لحاظ (ع۔ مذ) ادب۔ پاس۔ شرم۔ خیال۔ توجہ

لحاظ اٹھا دینا (ہ) نرالے میاں بن جانا

لحاظ آنا (ہ) شرم آنا۔ شرم لگنا

لحاف (ع۔ مذ) رضائی۔ بالاپوش

لحد (ع۔ مث) قبر کا وہ بغلی گڑھا جس میں مردے کو لٹاتے ہیں۔ مجازاً قبر۔ مزار۔ تربت

لحظہ (ع۔ مذ) پل۔ دم۔ لمحہ

لحم (ع۔ مذ) گوشت۔ ماس

لحن (ع۔ مذ) سریلی آواز۔ خوش نوائی (جمع الحان)

لحیم (ع۔ ص) موٹا۔ بہت گوشت والا

لخت (ف۔ مذ) ٹکڑا۔ حصہ

لخت جگر (ف۔ مذ) جگر کا ٹکڑا۔ بیٹا

لخلخ (ہ۔ ص) دبلا۔ پتلا

لخلخہ (ف۔ مذ) خوشبودار دوا جو کئی خوشبودار دواؤں سے سونگھنے کے لئے بنائی جاتی ہے

(ل۔ د۔ ڈ۔ ذ۔ ر۔ ڑ۔ ز)

لدا پھندا (ہ۔ ص) لدا ہوا۔ بھرا ہوا

لدانا (ہ) گاڑی وغیرہ پر اسباب رکھوانا

لدجانا (ہ) اسباب سے بھر جانا۔ بچے ہو جانا۔ گر پڑنا۔ بوجھ رکھا جانا

لدنا (ہ) اسباب بھرنا۔ بوجھ رکھا جانا

لدّو (ہ۔ص) بوجھ اٹھانے والا جانور۔ لدھا۔ اونٹ وغیرہ

لدوانا (ہ۔ف) اسباب رکھوانا

لڈو (ہ۔مذ) بیسن وغیرہ کی گول شکل کی مٹھائی

لڈو ملنا (ہ) فائدہ ہونا

لذّت (ع۔مث) ذائقہ۔ لطف۔ حظ

لذت نفسانی (ع۔مث) کھانے پینے پہننے اور آرام طلبی کی لذت

لذیذ (ع۔ص) مزیدار۔ خوش ذائقہ

لر (ف۔ص) احمق۔ بے تمیز۔ باشندہ لرستان

لرز جانا (ہ) کانپ جانا۔ ڈر جانا

لرزش (ف۔مث) کپکپی۔ جنبش

لرزہ (ف۔مذ) کپکپی۔ بھونچال

لرزہ آنا (ہ) کانپنا۔ خوف کھانا

لڑ (ہ۔مث) لڑی۔ ہار۔ ڈور۔ رسی

لڑاک (ہ۔ص) جھگڑالو

لڑاکا (ہ۔ص) جھگڑالو۔ فسادی۔ بدمزاج

لڑانا (ہ) لڑائی کرانا۔ متوجہ کرنا۔ گھورنا

لڑائی (ہ۔مث) جنگ۔ جھگڑا۔ فساد

لڑائی بھڑائی (ہ۔مث) دنگہ فساد

لڑائی کا گھر (ہ۔مذ) فساد کی جڑ

لڑائی مول لینا (ہ) خواہ مخواہ لڑائی پیچھے پڑنا

لڑکا (ہ۔مذ) چھوکرا۔ طفل۔ بچہ۔ فرزند

لڑکا بالا (ہ۔مذ) بال بچہ۔ اولاد

لڑکپن (ہ۔مذ) بچپن۔ چھچھورا پن

لڑکوں کا کھیل (ہ۔مذ) آسان کام۔ دل بہلانا

لڑکھڑانا (ہ) کمزوری یا مستی کے سبب پاؤں کا نپنا۔ گمراہ ہونا

لڑکی (ہ۔مث) چھوکری۔ بیٹی

لڑ مرنا (ہ) لڑکر جان دیدینا۔ جھگڑنا

لڑنا جھگڑنا (ہ) جھگڑنا۔ مار پیٹ کرنا

لڑھکنا (ہ) ڈھلکنا۔ مرنا۔ لوٹ لگانا

لڑی (ہ۔مث) موتیوں کی مالا۔ قطار۔ سلسلہ

لزوجت (ع۔مث) لیسدار چیز کی چپچپاہٹ۔ چیپ چپاہٹ

لزوم (ع) لازم ہونا۔ ضرور۔ واجب

(ل س ش ط)

لسان (ع۔مث) زبان۔ جیب۔ بولی

(جمع السنہ)

لسان الغیب (ع۔ مث) غیب کی آواز۔ خواجہ حافظ شیرازی کا لقب

لسان العصر (ع۔ مث) زمانے کی زبان (وہ شاعر جو زمانے کو سمجھ کر اس کے حسب حال شعر کہے۔ سید اکبر حسین الہ آبادی کا خطاب

لسّان (ع۔ ص) بہت بولنے والا۔ خوش گفتار

لسّی (ہ۔ مث) بہت سا پانی ملا ہوا کچا دودھ

لشتم پشتم (یا) **لشٹم پشٹم** (ا۔ ص) (محاورہ) بہر حال۔ کبھی اچھی طرح کبھی بری طرح

لشکر (ف، عربی عسکر کی خرابی) مذ سپاہ۔ فوج۔ بھیڑ بھاڑ

لشکر کشی (ف۔ مث) دھاوا۔ چڑھائی

لشکر گاہ (ف۔ مث) چھاؤنی فوج کے اترنے کی جگہ

لشکری (ف۔ مذ) سپاہی۔ فوجی

لطافت (ع۔ مث) نرمی۔ نزاکت خوبی۔ عمدگی۔ ذائقہ

لطائف (ع۔ مذ) (واحد لطیفہ)

لطائف الحیل (ع۔ مذ) وہ حیلے جو دوسرے کو ناگوار نہ گزرتے ہوں

لطائف غیبی (ع۔ مذ) خداتعالیٰ کی بے واسطہ حاصل ہونے والی نعمتیں

لُطف (ع۔ مذ) مہربانی۔ عنایت۔ ترحم لذت۔ (جمع الطاف)

لطف یہ ہے (ہ) خوبی یہ ہے مزہ یہ ہے

لطیف (ع۔ ص) عمدہ۔ پاکیزہ۔ ہلکی مزے دار

لطیفہ (ع۔ مذ) چٹکلا۔ ظرافت کی بات شگوفہ (جمع لطائف) (چھوڑنا)

لطیفہ غیبی (ع۔ مذ) قدرت کا عجیب بھید

لطیفہ گو (ف۔ مذ) ظریف۔ خوش طبع

(ل ع غ)

لُعاب (ع۔ مذ) تھوک۔ رال۔ عرق

لعاب دار (ف۔ ص) لیس دار

لعاب دہن (ف۔ مذ) تھوک۔ رال

لعب (ا۔ مذ) کھیل کود۔ دل بہلاوا

لعبت (ا۔ مث) گڑیا۔ پتلی

لعل (ف۔ مذ) لال۔ یار کے لب

لعل اگلنا (و) منہ سے پھول جھڑنا

لعن (ا) لعنت۔ پھٹکار

لعن طعن (ا) ملامت۔ پھٹکار

لعنت (ا۔ مث) پھٹکار۔ ملامت

لعنت بھیجنا (ف) برا بھلا کہنا۔ نفرت سے چھوڑنا

لعنت ملامت (ا۔ مث) تنبیہ کھٹکا

لعنتی (ا۔ ص) مردود۔ بدبخت

لعوق (ا۔ مذ) چاٹنے کی لیسدار دوا چٹنی

لعین (ا۔ ص) لعنتی۔ مردود

لغات (ا۔ مذ۔ ج) (واحد لغت) زبان کے الفاظ۔ بولیاں۔ ڈکشنری

لغایت (ا۔ لغایۃ) انجام تک یہاں سے لیکر وہاں تک

لغت (ا۔ مذ) بولی۔ زبان۔ لفظ ڈکشنری

لغت تراشی (ا۔ مث) مشکل اور غیر مانوس الفاظ کا استعمال۔ لفاظی

لغزش (ف۔ مث) لڑکھڑاہٹ۔ جنبش غلطی۔ خطا

لغزش آنا (ف) پھسلنا۔ لڑکھڑانا رستے پر قائم نہ رہنا

لغو (ا۔ ص) بیہودہ۔ بے معنی

لغوی (ا۔ ص) اصلی معنی

لغویات (ا۔ مث) ج (واحد لغو)

(ل۔ ف)

لف (ا۔ ص) شامل۔ لپٹا ہوا

لفاظ (ا۔ ص) خوش بیان۔ لسان

لفاظی (ا۔ مث) خوش بیانی۔ بکواس ڈینگ

لفافہ ج (ا۔ پٹنا) مذکر کاغذ کا غلاف کھلوا

لفافہ کھل جانا (و) چالاکی ظاہر ہونا بھرم یا بھید کھل جانا

لفٹیننٹ (lieutenant) مخفف (انگ۔ مذ) فوج کا ایک عہدیدار
لفٹیننٹ گورنر (lieutenant governor) (انگ۔) صوبہ کا اعلیٰ حاکم جو گورنر سے چھوٹا ہوتا ہے۔
لفظ (ع۔ مذ) بات۔ کلمہ۔ بول جو منہ سے نکلے (جمع الفاظ)
لفظ بلفظ (ع) جوں کا توں۔ حرف بحرف ایک ایک بات
لفظاً (ع) صاف صاف۔ تفصیل وار
لفظی (ع۔ ص) اصلی۔ ٹھیک۔ زبانی
لفظی بحث (ع۔ مث) باتوں کی تکرار
لفظی ترجمہ (ع۔ مذ) لفظ بلفظ ترجمہ
لفظی معنی (ع۔ مذ) اصلی معنی۔ لغوی معنی
لفنگ (ا۔ ص) گنڈا۔ بدمعاش
لفنگا (ا۔ ص) ڈھینگا۔ تیغ باز

(ل۔ق)

لقا (ع۔ مث) دیدار۔ روشن۔ چہرہ
لقا (ع۔ مذ) ایک قسم کا کبوتر جو اکثر گردن اونچی رکھتا ہے۔
لقب (ع۔ مذ) کسی خاص صفت کے سبب جو نام پڑ جائے۔ وصفی نام (جمع القاب)
لقلقہ (ع۔ مذ) ہمت۔ حوصلہ۔ رعب داب
لقمان (ع۔ مذ) ایک مشہور حکیم کا نام ہے آپ کی حکایات مشہور ہیں
لقمان کو حکمت سکھانا (ف) کسی عقلمند کو تدبیر بتانا
لقمہ (ع۔ مذ) نوالہ۔ وہ چیز جو ایک بار منہ میں ڈالی جائے
لقمہ دینا (ف) نوالہ دینا۔ غلطی بتانا
لق ودق (ع۔ ص) چٹیل۔ میدان۔ صحرا۔ سنسان
لقوہ (ع۔ مذ) ایک بیماری کا نام ہے جس میں منہ ٹیڑھا ہو جاتا ہے
لقہ (ع۔ ص) بدمعاش۔ اوباش

(ل۔ک)

لک (ا۔ مذ) وارنش۔ رونق۔ روپ

لک (Luck) (انگ۔ مث) قسمت

لکچر (Lecture) (انگ۔ مذ) تقریر کرنے والا۔ واعظ

لکچرار (Lecturer) (انگ۔ مذ) تقریر کرنے والا۔ واعظ

لکا (ف۔ مث) لات

لکڑ بگھا (ہ۔ مذ) بڑی لکڑی اٹھانا۔ ستیزہ جو

لکڑ ہارا (ہ۔ مذ) لکڑیاں لا کر بیچنے والا۔ خارکش

لکڑی (ہ۔ مث) کاٹھ۔ چوب۔ چھڑی۔ لاٹھی

لکشمی (س۔ مث) لچھمی۔ دولت کی دیوی

لکنت (ا۔ مث) رک رک کر بولنے کی عادت۔ توتلا پن

لکھ (ہ۔ مذ) لاکھ۔ سو ہزار

لکھ داتا (ہ۔ ص) بہت سخی۔ قطب الدین ایبک کا لقب

لکھ پتی (ہ۔ صف) لاکھ روپے کا مالک۔ بڑا دولت مند

لکھ لٹ (ہ۔ ص) بڑا فضول خرچ

لکہ (ف۔ مذ) بادل کا ٹکڑا۔ دھوئیں کا بھبکا

لکھا (ہ۔ ص) لکھا ہوا۔ تحریر شدہ۔ قسمت

لکھا پڑھا (ہ۔ ص) تعلیم یافتہ۔ خواندہ

لکھانا (ہ) تحریر کرانا۔ املا

لکھائی (ہ۔ مث) لکھنے کا کام۔ لکھنے کی اجرت

لکھت (ہ۔ مث) لکھائی۔ تحریر۔ دستاویز

لکھت پڑھت (ہ۔ مث) تحریری اقرار۔ عہد نامہ

لکھے موسیٰ پڑھے خدا (ا۔ مثل) ردی خط جسے کوئی نہ پڑھ سکے

لکھے نہ پڑھے نام محمد فاضل (ا۔ مثل) لکھنا آئے نہ پڑھنا جانے محمد فاضل نام بتائے (جاہل عالم فاضل) عالمانہ وضع رکھنے والے جاہل کی نسبت بولتے ہیں

لکیر (ہ۔ مث) خط۔ لائن۔ رسم

لکیر پر چلنا (ہ) پرانی رسم کا پابند رہنا

لکیر پیٹنا (ہ) پرانی رسم کا پابند رہنا

افسوس کرنا

لکیر کا فقیر (صفت) پرانی رسم کا پابند

لکیر کھینچنا (ف) خط کھینچنا۔ حد بندی کرنا۔ قرار کرنا۔ عہد کرنا

(ل ۔ گ)

لگ بھگ (ف) پاس۔ قریب۔ تک

لگ چلک (ف) قریب تر۔ ملتا جلتا قریب قریب

لگا (و۔ مذ) تعلق۔ برابری۔ عشق۔ محبت

لگا کھانا (ف) برابری کرنا۔ جوڑ ہونا

لگا (ف) ساتھ ہمراہ۔ قطار۔ چلتا ہوا

لگاتار (ف) متواتر۔ برابر

لگا رکھنا (ف) (۱) بچا رکھنا (۲) جمع کر رکھنا (۳) چمٹا چپکے رہنا (۴) مقرر رکھنا کام میں لگائے رکھنا (۵) پاس سے الگ نہ ہونے دینا (۶) آس میں رکھنا

لگا رہنا (ف) مصروف رہنا۔ ساتھ رہنا

لگا ہوا (ف) ملا ہوا مصروف۔ پاس

لگام (ف۔ مث) باگ۔ عنان

لگام دینا (ف) روکنا۔ بند کرنا۔ قابو کرنا

لگان (ف۔ مذ) معاملہ۔ سرکاری محصول تحصیل

لگانا (ف) چسپاں کرنا۔ جوڑنا۔ کام پر مقرر کرنا

لگاؤ (ف۔ مذ) تعلق۔ محبت۔ دخل

لگاوٹ (ف۔ مث) تعلق۔ چاہت۔ دوستی

لگائی بجھائی (ف۔ مث) بدگوئی۔ غیبت جھگڑا۔ فساد

لگائی (ف۔ مث) عورت۔ بیوی۔ زندگی تجربہ

لگتی (ف۔ ص) کھپتی۔ فرض کرنے والی ٹھیک ٹھیک

لگتی کہنا (ف) کٹتی بات کہنا۔ ٹھیک ٹھیک بات کرنا۔ پسندیدہ بات کہنا

لگتے ہاتھ (یا) **لگے ہاتھ** (ف) ساتھ کے ساتھ

لگڑ (ف۔ مذ) ایک قسم کا باز

لگڑ بگڑ (ف۔ مذ) ایک درندہ۔ جانور کا نام ہے۔ چرخ

لگن (ف۔ مذ) تسلا۔ طاس۔ ٹب

سلپچی، چلمچی، طاس، شمع، شمعدان
خوردسوز۔ شیشے یا کانچ چینی کا
ظرف جو علمی تجربے کرنے کے
کام آتا ہے

لگن (ہ۔ مث) محبت۔ عشق۔ لگاؤ
چاہ۔ آرزو

لگن لگنا (ہ) محبت ہونا۔ لو لگنا

لگنا (ہ) جڑنا۔ شامل ہونا۔ لو لگنا۔ چپنا۔
رشتے یا ناتے کا ہونا۔ پہنچنا۔ مارا جانا
ضرب پہنچنا۔ معلوم دینا۔ برابر
ہونا۔ بسر ہونا۔ پیچھے پڑنا۔ شروع
ہونا جیسے برسات لگنا۔ کارگر ہونا
تیزی کرنا۔ جیسے یہ دوا لگتی
ہے۔ اثر انداز ہونا۔ اٹھنا
صرف ہونا۔ قیمت اٹھنا
دام حاصل ہونا

لگنی (ہ۔ مث) چھوٹا لگن۔ پان رکھنے کی
کٹوری۔ تھالی

لگی (ہ۔ مث) [illegible] رہی خواہش

لگی رہتی ہوتی ہے (ہ) [illegible]
لگا ہے

لگی بجھانا (ہ) دل کی خواہش پوری
کرنا

لگی لپٹی (ہ۔ ص) طرفداری کی، خوشامد
کی، کسی کے موافق

لگی لپٹی رکھنا (ہ) کہنا۔ پیچیدہ بات
کہنا۔ طرفداری کی بات کہنا

(ل۔ ل۔ م)

للچانا (ہ) لالچ کرنا۔ چاہنا

للکارنا (ہ) پکارنا۔ بانگ لگانا

للہ (ع) خدا کے لیے

للو پتو (ہ۔ مث) خوشامد۔ چاپلوسی کرنا

لمبوترا (ہ۔ ص) گولائی دار جو ایک
طرف لمبی ہو۔

لم ٹنگا (ہ۔ ص) لمبی ٹانگوں والا

لم ڈھینگ (ہ۔ مذ) لمبا ٹنگو

لم یزلی (ع۔ ص) ازلی۔ ہمیشہ رہنے والا

لِم (ع۔ مث) سبب۔ وجہ۔ علت (ع)
تہمت رکھنا۔ دھرنا۔ لگانا

لمبا (ہ۔ ص) دراز۔ لانبا۔ اونچا

لمبا بننا (ہ) چل دینا۔ [illegible]

لمبا ہونا (ف) دراز ہونا۔ چل دینا۔ سوا ہونا رخصت ہونا۔ سدھارنا

لمبا چوڑا (ہ۔ ص) وسیع۔ فراخ۔ کشادہ

لمبائی (ہ۔ مث) لمبان۔ طول

لمبردار (ہ۔ مذ) گاؤں کا چودھری

لمبی (ہ۔ ص۔ مث) دراز۔ طویل

لمبی تان کر سونا (ف) بے فکری سے سونا

لمبے لمبے سانس بھرنا (ف) آہ سرد بھرنا۔ افسوس کرنا

لمحہ (ع۔ مذ) پل سیکنڈ (لمحات جمع)

لمحہ بھر (ا) ذرا سی دیر۔ ایک پل

لمس (ع۔ مذ) ہاتھ لگانا۔ چھوڑنا

(ع۔ مذ) چمک نور۔ شعاع

لمیٹڈ (Limited) (انگ۔ ص) محدود۔ مراد محدود دو مرحلے کی کمپنی وغیرہ کیا جاتا (وہ کمپنی جسکا سرمایہ اور حصے داروں کے ذمہ داری محدود ہو)

(ل ۔ ن)

لن ترانی (ع۔ مث) لغوی معنی تو مجھے نہیں دیکھ سکتا۔ خود ستائی۔ ڈینگ

لن ترانی کی لینا (ف) ڈینگ مارنا۔ شیخی بگھارنا

لن ترانیاں (ع۔ مث) ڈینگیں شیخیاں

لنجا (ہ۔ ص) ہاتھ پاؤں سے معذور

لنڈرے پھندے (ا) مکر و فریب

لنڈھر (ہ۔ ص) سر کٹا ہوا۔ دھڑ

لنڈ منڈ (ہ۔ ص) صفا چٹ

لنڈا (ہ۔ ص) بغیر دم کے۔ بے پر

لندن (London) (انگ۔ مذ) انگلستان کا صدر مقام

لنڈورا (ہ۔ ص) لنڈا۔ بے دم بے پر

لنڈھانا (ف) بہانا۔ لڑھکانا

لنکا (س۔ مث) جزیرہ سیلون۔ جو ہندوستان کے جنوب میں واقع ہے

لنکا میں جو نکلا سو باون گز کا

(ا) (مثل) ایک کہاوت ایسی محفل کے حق میں بولی جاتی ہے جہاں سب کے سب شیخی باز مشہور

ننکرہ یا مقصد ہوں (لنگا دیوں اور جبوں کا مقام مانا گیا ہے)

لنگ (ہ۔ص) لنگڑاپن۔ لولاپن (کرنا)

لنگر (ف) (یونانی لنگر، معرب ہو کر الانجر بنا۔ فارسی میں الف حذف ہو کر لنجر بنا اور پھر ج کاف سے تبدیل ہو کر لنگر ہو گیا) مذ لوہے کی زنجیر جو جہاز یا کشتی کو ٹھہرانے کے لیے پانی میں ڈال دیتے ہیں۔ پہلوانوں کا لنگوٹ

لنگر اٹھانا (ا) جہاز روانہ کرنا

لنگر خانہ (ف۔مذ) محتاج خانہ۔ کھانا غریبوں کو تقسیم کرنے کی جگہ

لنگر ڈالنا (ا) جہاز ٹھہرا کرنا۔ مقام کرنا

لنگری (ف۔مث) ایک قسم کی گہری رکابی (مذ) لنگر خانے میں کھانا تقسیم کرنے والا

لنگڑا (ہ۔ص) لولا۔ اپاہج

لنگوٹی (ہ۔مث) کم عرض دھوتی

لنگوٹی میں پھاگ کھیلنا (ا) تنگدستی میں مزا اڑانا

لنگوٹیا یار (ا۔مذ) گہرا دوست۔ بچپن کا دوست

لنگور (ہ۔مذ) ایک قسم کا بڑی دم کالے منہ والا بندر

لنگھانا (ہ) پار اتارنا۔ ندی سے عبور کرانا

لنگی (ہ۔مث) تہبند یا سر باندھنے کی دھاری دار پگڑی

(ل۔و)

لو (ہ) ایک لفظ دیکھو لو۔ سنو

لو (ہ۔مث) گرم ہوا

لو (ہ۔مث) لپٹ۔ شعلہ۔ امید۔ محبت

لو لگانا (ہ) محبت کرنا۔ دھن باندھنا

لو لگنا (ہ) دھن بندھنا۔ عشق لگنا

لوا (ع۔مذ) جھنڈا

لواحق (ع۔مذ۔ج) (واحد لاحق) رشتے دار۔ دھاوا۔ نوکر چاکر

لواحقین (ع۔مذ) متعلقین۔ رشتے دار (لاحق کی جمع الجمع)

لوازم (ع - مذ - ج) (واحد لازمہ) ضروری
چیزیں - اسباب
لوازمات (ع - مذ) سامان - اسباب
(لازم کی جمع الجمع)
لوازمہ (ع - مذ - ج) ضروری چیزیں
سامان (بطور واحد مستعمل) (واحد لازم)
لواطت (ع - مث) اغلام - امرد بازی
لوا لے جانا (ہ) ساتھ لیجانا
لوبان (ع - مذ) ایک درخت کا خوشبودار
گوند جو عود کی طرح خوشبو دیتا
ہے۔
لوبھ (ہ - مذ) لالچ - طمع
لوبھی (ہ - ص) لالچی
لوبیا (ف) ایک مشہور غلہ ہے
لوتھ (ہ - مث) جسم - لاش
لوتھڑا (ہ - مذ) گوشت کا ٹکڑا
لوٹ (ہ - مث) لوٹنی - گردش
لوٹا لوٹ (ہ - ص) عاشق - فریفتہ
لوٹ پوٹ ہونا (ہ) تڑپ جانا
عاشق ہو جانا
لوٹ جانا (ہ) پھڑک جانا - مچل جانا
بیقرار ہونا - عاشق ہو جانا
لوٹ (ہ - مث) لوٹ کھسوٹ - ظلم
اندھیر
لوٹ پڑنا (ہ) ٹوٹنا - اندھیر پڑنا
لوٹ کا مال (ہ - مذ) مفت کا مال
لوٹ کھسوٹ (ہ - مث) لوٹ مار
رہزنی - ڈاکہ
لوٹ مچانا (ہ) چھیننا - زبردستی کرنا
لوٹا (ہ - مذ) آفتابہ - آبریز
لوٹانا (ہ) واپس کرنا - پلٹانا
لوٹ پوٹ (ہ - مث) درزی کی بخیہ پائی
دولڑی چھپائی
لوٹن (ہ - ص) لوٹنے والا
لوٹنا (ہ) واپس ہونا - پلٹنا - پھرنا
لوٹنا (ہ) مچلنا - تڑپنا - بیقرار ہونا
عاشق ہونا
لوٹنا (ہ) زبردستی چھیننا - تاراج کرنا
لوٹنی (ہ - مث) قلابازی - لڑھکنی - انکار
لوٹنیاں کھانا (ہ) قلابازیاں کھانا
تڑپنا - پچھاڑیں کھانا
لوٹنے کی جا ہے (ہ) قربان

ہونیکی جگہ ہے فدا ہونیکا مقام
ہے عجیب تکلف ہے

لَوث (ع - مث) ملاوٹ - آلودگی
داغ - دھبہ

لوچ (ہ - مث) (۱) لش ست (۲) ملائمت
نرمی - نزاکت

لَوح (ع - مث) لکھنے کی تختی تا ٹائٹل
(جمع الواح اسر ورق)

لوحِ مشق (ف - مث) مشق کرنے
کی تختی

لوحِ محفوظ (ع - مث) وہ تختی جس پر
خدا نے لوگوں کی تقدیریں
لکھ رکھی ہیں

لوحِ مزار (ع - مث) قبر کے سرہانے
نام وغیرہ کا پتھر

لوح و قلم (ع - مذ) تختی اور قلم - احکام
الٰہی کی تختی اور قلم قدرت

لودھی (ہ - مذ) پٹھانوں کے ایک فرقہ کا
نام ہے جس کے آخری بادشاہ
ابراہیم کا مقابلہ بابر بانی
خاندان مغلیہ سے ہوا تھا

لوڈ (Load) (انگ - مذ)
بوجھ - بھار

لوری (ہ - مث) بچوں کو سلانے کا
گیت

لوری دینا (ہ) سلانے کا گیت گانا

لَوز (ع - مذ) بادام (جمع لوزیات)

لوزیات (ع - مث - ج) (واحد لوز)

لوزینہ (ع - مذ) بادام کا حلوا

لُوط (ع) ایک پیغمبر کا نام مبارک ہے جو
حضرت ابراہیمؑ کے بھتیجے تھے
اور اس بستی کی طرف بھیجے گئے
تھے جو غضب الٰہی سے تباہ
ہوکر اب بحیرہ مردار بن گئی ہے

لُوطی (ع - مذ) لوط پیغمبر کی قوم (مجازاً)
وہ بدفعلی کرنیوالا جو قوم لوط
کرتی تھی اغلامی - مردباز - کونڈے
باز - مخدوحی

لوکل (Local) (انگ - ص)
مقامی

لوکل بورڈ (Local Board) (انگ - مث) مقامی کمیٹی

لوکل سیلف گورنمنٹ
(Local Self Government)
(انگ۔ مث) میونسپل کمیٹی اور
ڈسٹرکٹ بورڈوں کا صیغہ

لوگ (ہ۔مذ) اشخاص۔ انسان

لولا (ع۔ص) لنجا۔ لنگڑے کے مترادف

لولو (ع۔مذ) موتی۔ گوہر

لولیٔ فلک (ف۔مث) زہرہ

لومڑی (ہ۔مث) ایک چھوٹا سا جانور
جو کتے کے برابر ہوتا ہے۔ روباہ
مکار۔ عیار

لون (ہ۔مذ) نمک

لون مرچ لگانا (ہ) حاشیہ چڑھانا
بات کو مزہ دار یا مزیدار بنانا

لون (ع۔مذ) رنگ۔ طرح۔ قسم
(جمع الوان)

لونجی (ہ۔مث) کچے آموں کی پھانکوں
کا اچار۔ [illegible]

لونڈا (ہ۔مذ) چھوکرا۔ لڑکا۔ غلام۔ یار

لونڈی (ہ۔مث) کنیزک۔ خادمہ

لونگ (ہ۔مث) قرنفل۔ گرم مصالحہ

کے ایک درخت کا شگوفہ

لونی (ہ۔مث) شورہ۔ کھاری ریہ (لگنا)

لوہ (ہ۔مذ) لوہا۔ بڑا توا

لوہا (ہ۔مذ) مشہور دھات ہے (ص)
مضبوط۔ سخت

لوہا برسنا (ہ) تلوار چلنا

لوہا کرنا (ہ) کپڑوں پر استری کرنا

لوہا ماننا (ہ) دوسرے کی طاقت کو
تسلیم کرنا۔ دبنا

لوہار (ہ۔مذ) لوہے کی چیز بنانے والا۔
لوہے کا کام کرنے والا۔

لوہے کا کلیجہ (ہ۔مذ) ہمت و حوصلہ یعنی
دل کو سخت کر لینا

لوہے کے چنے چبانا (ہ) نہایت
مشکل اور کٹھن کام کرنا

لوہے کی چھاتی کر لینا (ہ) دل سخت
کر لینا۔ مصیبت جھیلنے کے
لائق ہو جانا

لوہ چون (ہ۔مذ) لوہے کا برادہ

لوئر مڈل سکول
(Lower Middle School)

(انگ) نمبر ڈل سے کم درجے کا
مدرسہ (ہ) مدرسہ جس میں آٹھویں
جماعت تک پڑھائی ہوتی ہو
لوئی (ہ۔ مث) اونی چادر۔ اونی باریک کمبل

(ل - ہ)

لُہار (ہ۔ مذ) لوہے کے ہتھیار وغیرہ بنانے والا
لُہان (ہ۔ ص) خون آلودہ۔ یہ لفظ لہو
کے ساتھ آتا ہے
لہجہ (ع۔ مذ) تلفظ۔ طرز کلام۔ بول چال
لہٰذا (ع) اس لئے
لہر (ہ۔ مث) موج۔ جوش۔ امنگ۔ خیال
لہر اٹھنا (ہ) موج اٹھنا۔ شوق پیدا ہونا
لہر لہر ہونا (ہ) خوشی حاصل ہونا
موج ہو جانا۔
لہرا (ہ۔ مذ) جوش پیدا کرنے والا سر
لہرانا (ہ) موج مارنا۔ کھیتی کا ہوا
سے ہلنا
لہری (ہ۔ ص) موجی۔ زندہ دل
لہریا (ہ۔ ص) لہردار۔ ترچھی دھاریوں والا
لہریں لینا (ہ) جھومنا۔ موجیں مارنا
لہریں گننا (ہ) وقت ضائع کرنا
لہسن (ہ۔ مذ) پیاز کی ایک قسم
لہک (ہ۔ مث) شعلہ۔ سرسبزی۔ بہار
لہکنا (ہ) لہلہانا۔ لہرانا۔ چمکنا
بھڑکنا
لہلہا (ہ۔ ص) [illegible] سرسبز
ہرا بھرا
لہلہانا (ہ) لہرانا۔ ہری کھیتی کا جھومنا
لہنگا (ہ۔ مذ) گھگھرا۔ ہندو عورتوں کا
پاجامہ جس میں صرف ایک پانچہ ہوتا ہے
لہنا (ہ۔ مذ) نفع۔ منافع۔ قسمت
لہو (ہ) (نیز لوہو) (ہ۔ لوہا) مذ) خون
دم (مجازاً) اپنا۔ بیگانہ ایک
باپ کی اولاد
لہو آنا (ہ) خون نکلنا۔ خون کے دست
آنا
لہو برسنا (ہ) خون ٹپکنا۔ خون کی
بارش ہونا
لہو پانی ایک کرنا (ہ) سخت محنت
کرنا۔ مصیبت جھیلنا۔ جان
ہلکان کرنا

لہو پسینہ ایک کرنا نہایت محنت
مشقت میں پڑنا۔ سختی اٹھانا
لہو پینا (ہ) خون چوسنا۔ نہایت دق کرنا
ستانا۔ قتل کرنا
لہو خشک ہونا یا ہو جانا (ا)
خون سوکھ جانا۔ ڈر جانا۔ سخت صدمہ پہنچنا
لہو سفید ہونا یا ہو جانا (ا) محبت
نہ رہنا۔ رحم نہ رہنا
لہو کا پیاسا (ہ۔ص) جانی دشمن
لہو کا جوش (ہ۔مذ) پدری محبت
خاندانی الفت
لہو کے (یا) کے سے گھونٹ پینا
(ہ) غصے کو مار کر رہ جانا۔ غم
کھانا۔ صبر کرنا
لہو کے نالے بہا دینا (ہ) بہت
خونریزی کرنا
لہو کی ندیاں بہنا کثرت سے
خون جاری ہونا۔ نہایت کثرت
سے خون ہونا
لہو لگا کر شہیدوں میں ملنا (یا)
داخل ہونا (ہ) ذرا سا کام کر کے اپنے
آپ کو بڑا کام کرنے والوں میں
شمار کرنا۔ خواہ مخواہ آفت میں
پڑنا
لہو لہان (ہ۔ص) خون میں لتھ پتھ
لہو میں ہاتھ رنگنا (ہ) قتل کرنا
ذبح کرنا
لہو (ہ۔مذ) کھیل۔ بازی
لہو و لعب (ہ۔مذ) کھیل کود۔ تفریح
سیر تماشا

(ل ۔ ے)

لے (ہ۔مث) نغمہ۔ آواز۔ دھن۔ خیال
لے اڑنا (ہ) لے کر چل دینا
لے بھاگنا (ہ) لے اڑنا
لے پالک (ہ۔مذ) متبنیٰ
لے دے (ہ۔مث) لینا دینا۔ لعنت
ملامت
لے دے کرنا (ہ) لعنت ملامت کرنا
تنبیہ کرنا
لے دے کے (ہ) صرف۔ فقط
تمام

لے ڈالنا۔ آڑے ہاتھوں لینا۔ برا بھلا کہنا۔ جھڑکنا۔ سرزنش کرنا۔ عاجز کر دینا۔ بڑا احسان کر دینا۔ خرید لینا

لے ڈوبنا (ہ) اپنے ساتھ دوسرے کو بھی تباہ کرنا

لیاقت (ع۔ مث) قابلیت۔ خوبی تہذیب

لیالی (ع۔ مث۔ ج) (واحد لیل)

لیئی (ہ۔ مث) لیئی جو میدے کو پتلا کر کے کاغذ وغیرہ جوڑنے کے لئے بناتے ہیں

لیپ (ہ۔ مذ) پلستر۔ ضماد

لیپنا (ہ) پلستر لگانا۔ قلعی کرنا۔ گوبری پھیرنا۔ چھپا دینا

لیت و لعل (ع۔ مث) ٹال مٹول حیلہ و حجت

لیٹ (late) (انگ۔ ص) دیر کر کے وقت کے بعد۔ گزشتہ مرحوم

لیٹر (letter) (انگ۔ مذ) چٹھی۔ خط

لیٹر بکس (Letter Box) (انگ۔ مذ) چٹھی ڈالنے کا بکس

لیجسلیٹو (Legislative) (انگ۔ ص) واضع۔ قوانین آئین ساز

لیجسلیٹو کونسل (Legislative Council) (انگ۔ مث) صوبہ کی قانون بنانے والی کمیٹی

لیجسلیٹو اسمبلی (Legislative Assembly) (انگ۔ مث) مجلس قانون ساز ملک کی قانون بنانے والی مجلس

لیجسلیچر (legislature) (انگ۔ مذ) مجالس واضع قوانین مجلس آئین سازی۔ قانون سازی

لید (ہ۔ مث) گھوڑے ہاتھی کا گوبر

لیڈر (leader) (انگ۔ مذ) رہنما۔ قائد۔ مضمون افتتاحیہ

لیڈنی مرتبان (د۔ مذ) ایک مرتبان جس میں سونے کے ورق۔ ملک

رہے ہوتے ہیں۔ اور جس کی دیواروں پر دھات کے ورق چڑھاتے ہیں۔ اس کی مدد سے بجلی کی موجودگی معلوم کی جاتی ہے

لیڈی (lady) (انگ ۔مث) عورت ۔ خاتون

لیڈی ڈاکٹر lady doctor (انگ ۔مث) ڈاکٹر عورت

لیر (ہ ۔مث) دھجی ۔ کترن

لیزم (ف مث) ایک قسم کی موم اور لچکدار کمان میں پر کمان کھینچنے کی مشق کرتے ہیں وہ کمان جس میں لوہے کی زنجیر اور بہت سی کٹوریاں پڑی ہوئی ہوتی ہیں پہلوان اور کسرتی آدمی اس سے جسمانی کسرت کیا کرتے ہیں "آصفیہ" (ملاء)

لیزم ہلانا لیزم کی کسرت کرنا

لیس (ا ص) اثیار رآمادہ

لیس (lace) (انگ مث) ڈوری گوٹا

لیس (ہ مث) چیپ

لیسدار (ا ص) لس دار چپچپا

لیک (ہ ۔مث) لکیر ۔ نشانی ۔ خط

لیک (ف) لیکن

لیکن (ف) پر مگر ۔ اِلّا

لیکھا (ہ ۔مذ) حساب کتاب ۔ لین دین

لیکھک (ہ ۔مذ) لکھنے والا

لیگ (league) (انگ مث) انجمن ۔ جمعیۃ

لیگ آف نیشنز (دیکھو جمعیۃ الاقوام

لیل (ع ۔مث) رات (جمع لیالی)

لیل و نہار (ع ۔مذ) دن ۔ رات

لیلتہ القدر (ع ۔مث) شب قدر

لیلیٰ (ع ۔مث) مجنوں کی معشوقہ کا نام ہے

لئیم (ع ص) کمینہ ۔ بخیل

لئیم الطبع (ع ص) کمینہ ۔ اوچھا

لیمپ (lamp) (انگ مث) لالٹین ۔ چراغ

لیمن (lemon) (انگ مذ) لیموں

لیموں (د۔مذ) لیمو (فارسی) لیمو

لیمونیڈ Lemonade (انگ۔مذ) سوڈا واٹر جس میں لیموں کا ست ہو۔

لَیْن Lane (انگ۔مث) لائن۔ سطر۔ لکیر۔ خط

لَین ڈوری (ا۔مث) پیش کش فی

لین کلیئر Line clear (انگ۔مث) سڑک کے صاف ہونے کی تحریر

لینا (د۔مذ) قرضہ

لینا (ا) پکڑنا۔ سنبھالنا۔ تھامنا

لینا ایک نہ دینا دو (ا) کوئی غرض نہیں

لین دین (د۔مذ) حساب کتاب

لینے کے دینے پڑنا (ا) نفع کی بجائے الٹا نقصان ہونا

لیوا (د۔ص) لینے والا۔ جان لیوا یعنی جو ہلاک کرنے والا ہے

لیوَل Level (انگ۔مذ) ہموار۔ سطح

لیونگ سرٹیفکیٹ Leaving Certificate مدرسہ چھوڑنے کا سرٹیفکیٹ۔ اس بات کا کہ طالب علم ہیڈ ماسٹر کی اجازت لے کر مدرسے سے جا رہا ہے

(م ۔ ا)

ما (ع) نہیں۔ نہ۔ کون۔ جو۔

مابعد (ع۔ص) پیچھے کا۔ پیچھے

مابقا (ع۔ص) باقی۔ بچا ہوا

ما بہ الاحتیاج (ع۔مذ) جس کی ضرورت

پڑے

مابہ الامتیاز (ع۔ مذ) جس چیز سے شناخت ہو سکے

مابہ النزاع (ع۔ مذ) فساد کی جڑ

مابین (ع) درمیان میں۔ بیچ میں

ماتحت (ع۔ص) زیر حکم۔ نائب۔ رعیت

ماتقدم (ع۔ص) پہلے کا

ماحصل (ع۔ مذ) نتیجہ۔ پھل۔ نفع پیداوار

ماحضر (ع۔ مذ) جو کچھ حاضر ہو۔ موجودہ طعام

ماسبق (ع۔ مذ) گزشتہ۔ پہلا

ماسلف (ع۔ مذ) جو گزر چکا ہو۔ بیتا ہوا

ماسوا (ع۔ مذ) اس کے علاوہ۔ خدا کی ذات کے سوا

ماشاء اللہ (ع) دیکھو ضمیمہ نمبر ۲

مافات (ع۔ مذ) جو گزر گیا

مافوق (ع۔ مذ) جو اوپر ہو۔ زیادہ اعلیٰ

مافی الضمیر (ع۔ مذ) دل کی بات۔ نیت

مافیہا (ع۔ مذ) جو کچھ اس میں ہے

ماقبل (ع۔ مذ) پہلے کا۔ پہلے

مالا یطاق (ع۔ مذ) جو کسی کی طاقت سے باہر ہو

مایقرا (ع) جو صاف صاف پڑھا جا سکے

مالا ینحل (ع۔ مذ) جو حل نہ ہو سکے سخت مشکل

ماضی (ع۔ مذ) جو کچھ ہو چکا۔ گزشتہ

ماورا (ع) اس کے علاوہ

مایحتاج (ع۔ مذ) ضروریات

ماء (ع۔ مذ) پانی۔ جل

ماء الجبن (ع۔ص) وہ پانی جو دودھ کو پھاڑ کر حاصل کیا جاتا ہے

ماء اللحم (ع۔ مذ) گوشت کا عرق

ما (ف۔ مث) ماں۔ مادر۔ والدہ

ماپ (ف۔ مذ) ناپ۔ پیمانہ۔ اندازہ

ماپنا (ف) پیمائش کرنا

مات (ف۔ مث) ہار۔ شکست

مات کرنا (ف) شکست دینا۔ مغلوب کرنا۔ سبقت لے جانا

مات ہونا (ف) شکست ہونا۔ شرمندہ ہونا

ماتا (ہ۔مث) ماں۔ والدہ

ماتا پتا (ہ) ماں باپ

ماتم (ع۔مذ) رونا پیٹنا۔ گریہ۔ مصیبت۔ غم

ماتم پرسی (ف۔مث) افسوس ظاہر کرنا۔ پرچانا

ماتم خانہ (ف۔مذ) سوگ کا گھر

ماتم دار (ف۔ص) سوگوار

ماتم زدہ (ف۔ص) سوگی۔ غمگین

ماتم کرنا (ہ) رونا پیٹنا۔ افسوس کرنا

ماتمی (ا۔ص) ماتم کرنے والا

ماتمی لباس (ا۔ص) سیاہ لباس

ماتھا (ہ۔مذ) پیشانی

ماتھا ٹھنکنا (ہ) کسی بری یا خطرے والی بات کا پہلے ہی کسی علامت سے معلوم ہو جانا

ماتھا رگڑنا (ہ) عاجزی کرنا۔ خوشامد کرنا

ماجد (ع۔ص۔مذ) بزرگ

ماجدہ (ع۔ص۔مث) بزرگ۔ غوث۔ معظم

ماجرا (ع۔مذ) سرگزشت۔ واقعہ

ماجو (ہ۔مذ) مازو۔ مائیں۔ ایک تخم کا نام

ماجوج (عبرانی۔مذ) ایک قوم کا نام ہے

ماخذ (ع۔مذ) اخذ کرنے کی جگہ۔ منبع۔ اصل بنیاد (جمع مآخذ)

ماخوذ (ع۔ص) گرفتار۔ مبتلا۔ لیا ہوا

مادام (ع) ہمیشہ

مادام (ف۔مث) فرانسیسی لفظ (Madame) کا مفرس میڈم۔ خاتون

(Ma میری Dame خاتون)

مادر (ف۔مث) ماں۔ والدہ

مادر پدر آزاد (ف۔ص) بالکل بے پروا

مادرزاد (ف۔ص) جنم کا۔ پیدائشی

مادری زبان (ف۔مث) ماں کی زبان۔ اپنی بولی۔ گھر کی زبان

مادہ (ع۔مذ) ہر چیز کا سامان۔ مسالہ۔ لیاقت۔ استعداد

مادہ (ف۔مث) مادین۔ نر کی ضد۔ مؤنث۔ عورت

مادّی (ع۔ مذ) مادے کی دنیاوی
مادیاں (ف۔ مث) گھوڑی
مادّیت (ع۔ مث) جسمانیت
مادین (ف۔ مث) مادہ۔ نر کا نقیض
مار (ہ۔ مذ) سانپ
مارِ آستین (ف۔ مذ) رازدار دشمن
بھیدی۔ دشمن
مار گزیدہ (ف۔ ص) سانپ کا ڈسا
ہوا
مار گیسو (ف۔ مذ) زلف کی ناگن
یار کی زلف
مار (ہ۔ مث) چوٹ۔ سزا
مار بھگانا (ہ) شکست دینا
مار پیٹ (ہ۔ مث) مار کٹائی۔ زد و
کوب
مار دھاڑ (ہ۔ مث) مار پیٹ
مار ڈالنا (ہ) قتل کرنا۔ تباہ کر دینا
مار کھانا (ہ) سزا پانا۔ جوتیاں لگنا
مار کھپانا قتل کر ڈالنا۔ مار ڈالنا
مار لینا (ہ) دبا لینا۔ قابو میں کر لینا
مارا مار (ہ۔ مث) کثرت۔ بہتات
کوشش
مارا مار کرنا (ہ) بہت کوشش کرنا
جلدی کرنا
مار مار کر بھُس نکال دینا۔ بہت
مارنا۔ مار مار کر کچومر نکال دینا
مارنا (ہ) پیٹنا۔ قتل کرنا۔ چیز دبا لینا
مارننگ (Morning)
(انگ۔ مث) صبح۔ سویرے
ماروت (ع۔ مذ) ایک فرشتے کا نام ہے
جو ایک اور فرشتے ہاروت کے
ساتھ اس دنیا میں آ کر زہرہ
نامی ایک عورت پر عاشق ہو گیا
مارے (ہ حرف علت) سبب۔ باعث
لئے وجہ ۲۔ مارنا سے صیغہ مضارع
اسی بلا کی کرے
مارے مارے پھرنا (ہ) دربدر
دھکے کھانا
مازو (ف۔ مذ) ماجو
ماس (ہ۔ مذ) گوشت
ماسٹر (Master) (انگ
مذ) مالک۔ ماہر۔ استاد

ماسکہ (ع۔مث) غذا کو معدہ میں رکھنے والی قوت

ماش (ہ۔مذ) اڑد۔ مشہور غلہ ہے

ماشہ (ف۔مذ) آٹھ رتی کا وزن۔ تولے کا بارھواں حصہ

ماشہ بھر (ص) تھوڑا۔ ایک ماشہ

ماشی (ہ۔ص) ماش کے رنگ کی

ماضی (ع۔مذ) گزشتہ۔ گزرا ہوا۔ فعل کا وہ صیغہ جس میں کوئی کام زمانہ ماضی میں ہونا پایا جائے

ماضی احتمالی (ف۔مث) وہ ماضی جس میں کسی فعل کے صادر ہونے کا احتمال پایا جائے

ماضی استمراری (ف۔مث) وہ فعل ماضی جس میں تواتر پایا جائے

ماضی بعید (ف۔مث) وہ فعل ماضی جس میں زیادہ گزرا ہوا زمانہ پایا جائے

ماضی تمنائی (یا) شرطی (ف۔مث) وہ فعل ماضی جس میں تمنا یا شرط پائی جائے

ماضی شکیہ (ف۔مث) دیکھو ماضی احتمالی

ماضی قریب (ف۔مث) وہ فعل ماضی جس میں قریب کا گزرا ہوا زمانہ پایا جائے

ماضی مطلق (ف۔مث) فعل ماضی جس میں مطلق گزرا ہوا زمانہ پایا جائے

ماضی معطوفہ (ف۔مث) وہ ماضی جو دو ماضی مطلق سے مل کر حرف عاطفہ کیساتھ بنائی جائے جیسے کھا کر گیا

ماضیہ (ع۔ص) گزشتہ۔ پہلا

ماکولات (ع۔مث۔ج) کھانے کی چیزیں۔ سبزیاں (واحد ماکولہ)

ماکیاں (ف۔مث) مرغی

مال (ع۔مذ) دھن۔ دولت۔ اسباب (جمع اموال)

مال اڑانا (د) روپیہ برباد کرنا۔ خیانت کرنا

مال حرام (ع۔مذ) ناجائز مال۔ چوری

کا مال

مال خانہ (ف ۔ مذ) گودام ۔ گنجینہ

مالدار (ف ۔ ص) دولت مند

مالِ طیّب (ع ۔ مذ) اچھا مال ۔ حق حلال مال

مالِ غنیمت (ع ۔ مذ) لوٹ کا مال ۔ مفت کا مال

مال گزار (ف ۔ مذ) معاملہ دینے والا

مال گزاری (ف ۔ مث) معاملہ زمین کا تحصول

مال مست (ف ۔ ص) مال کے نشہ میں ۔ مغرور

مالِ مفت (ف ۔ مذ) بغیر محنت کے حاصل کیا ہوا مال

مالِ مفت دلِ بے رحم (ف ۔ مثل) مفت کا مال بیدردی سے خرچ کیا جاتا ہے

مالِ وقف (ع ۔ مذ) خدا کے نام پر چھوڑا ہوا مال جیسے مسجد وغیرہ

مآل (ع ۔ مذ) انجام ۔ نتیجہ ۔ پھل

مآل اندیش (ف ۔ ص) انجام دیکھنے والا ۔ دور اندیش

مآل اندیشی (ف ۔ مث) دور اندیشی عقلمندی

مآل کار (ف ۔ مذ) انجام کار

مالا (ہ ۔ مث) تسبیح ۔ ہار

مالامال (ف ۔ ص) بھرا ہوا ۔ دولتمند خوشحال

مالامال کر دینا (ف) نہال کر دینا امیر بنا دینا

مال پوڑا (ہ ۔ مذ) گلگلہ ۔ مال پوڑا

مالش (ف ۔ مث) ملنا ۔ تیل وغیرہ جسم پر ملنا

مالک (ع ۔ مذ) صاحب ۔ والی ۔ بااختیار (جمع ملّاک)

مالک الملک (ع ۔ مذ) مالک کا مالک خدا

مالکانہ (ع ۔ مذ) جاگیر داروں کا حق ۔ بطور مالک

مالکوس (ہ ۔ مذ) ایک مشہور راگ کا نام ہے

مالن (ہ ۔ مث) مالی کی بیوی

مالوف (ع ۔ ص) جس سے الفت ہو ۔ عزیز

پیارا

مالی (ف۔ص) مال کے متعلق۔ مالگزاری کے متعلق

مالی کام (ف۔مذ) مال کا کاروبار۔ معاملہ کا کام

مالی (ہ۔مذ) باغبان

مالیت (ف۔مث) سرمایہ۔ پونجی دولت۔ قیمت

مالیخولیا (یونانی۔مذ) سودا۔ خفقان

مالیدہ (ف۔مذ) ملا ہوا۔ ایک قسم کا پشمینے کا کپڑا جو مل کر ملائم کیا جاتا ہے۔ چورا۔ ملیدہ

ماما (ہ۔مذ) ماں کا بھائی۔ ماموں

ماما (ہ۔مث) خادمہ۔ دائی۔ لونڈی

مامتا (ہ۔مث) ماں کی محبت

مامن (ع۔مذ) امن کی جگہ۔ پناہ گاہ

مامور (ع۔ص) امر کیا گیا۔ مقرر کیا گیا

ماموں (ہ۔مذ) ماں کا بھائی

مامون (ع۔ص) محفوظ۔ امن کیا گیا

ماں (ہ۔مث) والدہ

مان (ہ۔مذ) گھمنڈ۔ غرور

مان کرنا (ہ) غرور کرنا۔

مان نہ مان میں تیرا مہمان (م) خواہ مخواہ۔ دخل دینا

ماننا (ہ) فرض کرنا۔ تسلیم

مانٹفورڈ سکیم (Montford Scheme) لارڈ چیمسفورڈ وائسرائے ہند ۱۹۱۶ء سے ۱۹۲۱ء تک اور مسٹر مانٹیگو وزیر ہند کی مجوزہ اصلاحات جو ۱۹۱۹ء میں ہندوستان میں نافذ ہوئیں۔ چیمسفورڈ سکیم

مانٹیگو چیمسفورڈ سکیم (دیکھو مانٹفورڈ سکیم)

مانجنا (ہ) برتن صاف کرنا

ماند (ہ۔ص) ہلکا۔ پھیکا

ماند پڑنا (ہ) پھیکا پڑنا۔ رونق نہ رہنا

ماند ہونا (ہ) مدھم پڑنا۔ رنگ اتر جانا

ماندا (ہ۔ص) تھکا ماندا۔ کمزور۔ بیمار

ماندگی (ف۔مث) تھکاوٹ۔ کمزوری

ماندہ (ف۔ص) رہا ہوا۔ تھکا ہوا

مانس (ہ۔مذ) آدمی۔ پرش
مانع (ع۔مذ) روکنے والا۔ منع کرنیوالا
(جمع موانع)
مانع آنا (ا) روکنا۔ رستہ، راہ ہونا
مانگ (ہ۔مث) بالوں کے درمیان لکیر
طلب ضرورت۔ خریداری
(صیغۂ امر) طلب کر
مانگ سنوارنا (ہ) کنگھی چوٹی کرنا
مانگا تانگا (ہ) مانگا ہوا۔ ادھار لیا
ہوا
مانگنا (ہ) کسی سے کوئی چیز طلب کرنا
سوال کرنا
ماننا (ہ) تسلیم کرنا۔ قبول کرنا۔ اقرار
کرنا۔ راضی ہونا
مانند (عوام مانند) (ف) مثل۔ جیسا
مطابق
مانوس (ع۔ص) انس کیا ہوا۔ پسند
خوگر
مانی (ف۔مذ) ایک مشہور رومی نقاش
کا نام ہے
مانی (ہ۔مث) چکی کی کیلی (۲۔ مث)

بچے کی خادمہ
مانیٹر (Monitor) (انگ۔
مذ) جماعت میں استاد کا نائب۔
خلیفہ
ماوا (ع۔مذ) جائے پناہ۔ ٹھکانا
ماوا (ہ۔مذ) سامان مسالہ۔ کھویا
ماہ (ف۔مذ) چاند۔ قمر۔ مہینہ
ماہ بماہ (ف) ہر مہینے۔ ماہوار
ماہ پارہ (ف۔مذ) چاند کا ٹکڑا۔ خوبصورت
ماہ جبیں (ف۔ص) نہایت خوبصورت
ماہ رو (ف۔ص) نہایت خوبصورت
ماہ کامل (ف۔مذ) پورا چاند۔ بدر
ماہ کنعان (ف۔مذ) حضرت یوسف
علیہ السلام
ماہ لقا (ف۔ص) خوبصورت
ماہ نخشب (ف۔مذ) حکیم ابن عطا موجد
بہ مقنع کا بنایا ہوا چاند جو تین
میل تک روشنی دیتا تھا
یہ مقام نخشب (ماورا) النہر
میں بنایا گیا تھا
ماہتاب (ف۔مذ) چاند کی روشنی۔ چاند

ماہتابی (ف - مث) اونچا چبوترا جو بلند یا گھر میں چاندنی کی بہار دیکھنے کو بناتے ہیں۔ ایک قسم کی آتشبازی
ماہر (ع اسم فاعل) استاد کامل۔ واقف
ماہوار (ف) ہر مہینے۔ تنخواہ
ماہواری (ف - مث) مہینے پہ چاند کا ہر مہینے
ماہی (ف - مث) مچھلی
ماہی گیر (ف - مذ) مچھلی پکڑنے والا
ماہی مراتب (ف - مذ) عزت کا نشان جو بادشاہ کی سواری آگے آگے چلتا ہے
ماہیانہ (ف - مذ) ماہواری - تنخواہ
ماہیت (ع - مث) حقیقت - اصلیت
مائدہ (ع - مذ) دسترخوان - قرآن شریف کی ایک سورہ کا نام
مائدۃ من السماء (ع) آسمان سے اترا ہوا کھانا
مائی (ع - ص) پانی کا - آبی
مائی (ہ - مث) ماں - والدہ
مائی باپ (ہ - مذ) ماں باپ - حاکم سردار
مائل (ع اسم فاعل) میل رکھنے والا راغب - شائق - عاشق
مائل کرنا (ہ) متوجہ کرنا - جھکانا
مایا (س مذ) قدرت - بچھ - دھن - دولت
مائع (ع اسم فاعل) بہنے والی شے (مائعات جمع)
مایوس (ع - ص) بے آس - ناامید - دل شکستہ - ناکام - نامراد
مایوسی (ع - مث) ناامیدی ناکامی
مایہ (ف - مذ) پونجی - مادہ - اصل

(م - ب - ا)

مُباح (ع - ص) جائز - روا - حلال
مُباحثہ (ع - مذ) تکرار سوال و جواب بحث
مُباحثہ کرنا (ہ) بحث کرنا - سوال جواب کرنا
مُبادا (ف) خدا نہ کرے - ایسا نہ ہو
مُبادلہ (ع - مذ) معاوضہ - ادلہ بدلہ
مُبادی (ع - مث) (واحد مبداء) اصل سبب - شروع

مُبارِز۔ (ع۔ص) آگے بڑھ کر لڑنیوالا سپاہی۔ جنگجو۔
مُبارَک (ع۔ص) برکت والا۔ نیک۔
مبارک باد (ف) خدا برکت دے۔ خوشخبری۔ بدھائی۔
مُبارَک (ا) نصیب ہو۔ باعثِ برکت ہو۔
مباشرت (ع۔مث) ہم بستری صحبت۔
مُباف (ا۔مذ) مُوباف کا مخفف = وہ کپڑے کی دھجی یا پٹی جو عورتیں سر گوندھ کر چوٹی میں گوندھ لیتی ہیں۔
مُبالغ (ع۔مذ۔ج) (واحد مبلغ) رُوپے۔ قیمتیں۔ نقدی۔
مُبالغہ (ع۔مذ) حد سے بڑھ کر بات کرنا۔
مُبالغہ کرنا (ا) حد سے زیادہ تعریف یا ہجو کرنا۔
مُبتدا (ع۔مذ) ابتدا۔ آغاز۔ مسند الیہ۔
مُبتدی (ع۔مذ) شروع کرنے والا۔ ابجد خواں۔
مُبتذل۔ (ع۔ص) ذلیل۔ خوار۔ بیقدر۔ کمینہ
مُبتلا (ع۔ص) گرفتار۔ پھنسا ہوا۔
مَبدا (ع۔ص) شروع ہونے کی جگہ۔ منبع۔ بنیاد (بنیادی جمع)
مُبَدّل (ع۔ص) بدلہ ہوا۔ تبدیل کیا ہوا۔
مَبذُول (ع۔ص) توجہ دلانا۔
مُبرّا (ع۔ص) بری۔ صاف۔ پاک۔ بے گناہ۔
مُبرَم (ع۔ص) مضبوط۔ سخت۔ اٹل۔
مَبرُور (ع۔ص) پاک۔ نیک۔ مرحوم۔
مُبشّر (ع۔ص) خوشخبری دینے والا۔
مُبصّر (ع۔ص) بینائی والا۔ پرکھنے والا۔ صرّاف۔
مبعوث (ع۔ص) اُٹھایا ہوا۔ کھڑا کیا ہوا۔
مَبلَغ (ع۔ص) روپے کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔ کامل (مبلغات جمع)
مبنی (ع۔ص) جس چیز پر کسی بات کی بنیاد۔ بنا کیا ہو۔
مبہم (ع۔ص) مشکوک۔ غیر واضح۔

گول مول۔
مُبہُوت (ع۔ص) حیران۔ ہکّا بکّا۔
مُبِین (ع۔ص) ظاہر۔ روشن۔
مُبیّن (ع۔ مذ) بیان کیا گیا۔ واضح کیا گیا۔

(م ۔ ت)

مَت (ہ) کلمہ نفی۔ نہ۔ نہیں۔
مَت (ہ۔ مث) سمجھ۔ عقل۔
مت ماری جانا (ہ) عقل جاتی رہنا۔ بے وقوف بننا۔
مُتابعت (ع۔ مث) پیروی۔ تابعداری۔
مُتاثّر (ع۔ص) اثر قبول کرنے والا۔
مُتأخّرین (ع۔ مذ۔ ج) پچھلے زمانہ کے لوگ (واحد مُتأخّر)
مُتاس (ہ۔ مث) پیشاب کرنے کی حاجت (لگنا کے ساتھ)
مُتاع (ع۔ مذ) پونجی۔ اسباب۔ تجارت مال۔
مُتانت (ع۔ مث) مضبوطی۔ پختگی۔

مُتاہّل (ع۔ مث) بیاہا ہوا۔ بیوی بچوں والا۔
مُتَبائن (ع۔ص) ایک دوسرے کے مخالف۔ جُدا۔
مُتَبَحِّر (ع۔ص) بہت بڑا عالم۔
مُتبرّک (ع۔ص) مقدس۔ پاک۔ پوتّر۔
متبسّم (ع۔ص) مسکرانے والا۔ شگفتہ۔
متبنّیٰ (ع۔ص) بیٹا بنایا گیا۔ گود لیا ہوا۔ لے پالک۔
مُتجاوِز (ع۔ص) بڑھ جانے والا۔ زیادہ۔
مُتّحد (ع۔ص) اتحاد کیا گیا۔ ایک۔ متفق۔
مُتحرّک (ع۔ص) حرکت کرنے والا۔ پھرنے والا۔
مُتحقّق (ع۔ص) تحقیق کیا گیا۔ درست۔ ٹھیک۔
مُتحمّل (ع۔ص) صابر۔ برداشت کرنے والا۔
مُتحیّر (ع۔ص) حیران۔ ہکّا بکّا
مُتخاصم (ع۔ص) مخالف۔ دشمن جھگڑالو

مُتخلّص (ع۔ص) تخلّص رکھنے والا۔
معروف۔
مُتخیّلہ (ع۔مث) خیالی قوت متصوّرہ۔
مُتداول (ع۔ص) ذکر کیا گیا۔ مذکورہ
مُتدیّن (ف۔ص) دین دار۔ پکا ایمان والا
متذکرہ (ع۔ص) ذکر کیا گیا۔ مذکورہ۔
متذکرہ بالا (ف۔ص) مذکورہ بالا۔
مندرجہ بالا۔
مِتر (ہ۔مذ) دوست یا خیر خواہ۔
مُترادِف (ع۔ص) ہم معنیٰ۔
مُترتّب (ع۔ص) ترتیب دیا ہوا۔ مرتب
کیا ہوا۔
مُترجِم (ع۔مذ) ترجمہ کرنیوالا۔ ترجمہ نویس۔
ترجمان۔
مُترجَم (ع۔ص) ترجمہ کیا ہوا۔
متردّد (ع۔ص) تردّد کرنے والا۔ فکرمند
مُترسّل (ع) (رسالہ = خط) مذ) خط
لکھنے والا۔ خط نویس۔
مُترشّح (ع۔ص) ٹپکنے والا۔ ظاہر
عیاں۔
(ع۔ص) امیدر کھنے والا۔

مَتروک (ع۔ص) چھوڑ دیا گیا۔ ترک
کیا ہوا۔
مُترُوکہ (ع۔مذ) چھوڑا ہوا۔ ترکہ۔
ورثہ۔
مُتزلزل (ع۔ص) کانپنے والا۔ ڈگمگانے
والا۔
مُتساوی (ع۔ص) برابر۔ ہموزن۔
مُتسلّط (ع۔ص) غالب۔ قابض
مُتشابہ (ع۔ص) ہم شکل۔ مانند۔
مُتشرّع (ع۔ص) شریعت کا پابند۔
دیندار۔
مُتشکّل (ع۔ص) شکل اختیار کرنے
والا۔
مُتصدّی (ع۔ص) پیشکار۔ منشی۔
گماشتہ۔
مُتصرّف (ع۔ص) قبضہ کرنیوالا۔
مُتصّف (ع۔ص) موصوف۔ تعریف
کیا ہوا۔
مُتّصِل (ع۔ص) قریب۔ نزدیک۔
پاس۔
مُتصوّر (ع۔ص) خیال کیا ہوا۔ سوچا ہوا۔

مُتضاد

مُتضاد (ع۔ص) مخالف۔ متباین۔ جُدا۔
مُتعجّب (ع۔ص) تعجب کرنے والا۔ حیران۔
مُتعدّد (ع۔ص) کئی۔ گنتی کے۔ بہت۔
متعدّی (ع۔ص) لگنے والی بیماری۔ وہ فعل جس کا اثر فاعل کی ذات تک محدود نہ ہو۔ فعل جس کے فاعل کے علاوہ مفعول کی بھی ضرورت ہو۔
مُتعرِض (ع۔ص) اعتراض کرنیوالا۔ روکنے والا۔
مُتعصّب (ع۔ص) تعصب رکھنے والا۔
مُتعفّن (ع۔ص) سڑا ہوا۔ بدبودار۔
مُتعلّق (ع۔ص) تعلق رکھنے والا۔ ماتحت
مُتعلقات (ع۔مذ۔ج) تعلق رکھنے والی چیزیں۔ (واحد متعلقہ)
متعلقین (ع۔مذ۔ج) گھر کے لوگ۔ بال بچے۔ نوکر چاکر (واحد متعلق)
مُتعلّم (ع۔ص) طالب علم۔

متعہد (ع۔ص) عہد کرنے والا۔ شریک از رُوئے معاہدہ۔
متعیّن (ع۔ص) مقرر کیا ہوا۔
مُتغیّر (ع۔ص) تبدیل ہونے والا۔ غیر مُستقل۔
مُتفاوت (ع۔ص) فرق کیا گیا۔ دُور دراز۔
متفحّص (ع۔ص) تلاش کرنے والا۔ تحقیق کرنے والا۔
مُتفرّق (ع۔ص) جُدا جُدا الگ۔ الگ۔
مُتفق (ع۔ص) اتفاق کرنے والا۔ رضامند۔ ہم رائے۔
مُتفق علَیہ (ع۔ص) وہ بات جس پر سب کا اتفاق ہو۔
مُتفکّر (ع۔ص) فکرمند۔ مغموم۔
مُتفنّی (ع۔ص) فریبی۔ چالباز۔ مکار۔
مُتقاضی (ع۔ص) تقاضا کرنیوالا۔ چاہنے والا۔
مُتقدّم (ع۔ص) پہلا۔ پُرانا۔ سابقہ۔ (جمع متقدّمین)
مُتقدّمین (ع۔مذ) پہلے زمانے کے

لوگ (واحد متقدّم)

مُتّقی (ع۔ص) پرہیزگار۔ خداترس۔

مُتکبّر (ع۔ص) مغرور۔ خودپسند۔

مُتکفِّل (ع۔ص) کفیل۔ ذمّہ دار۔

مُتکلّف (ع۔ص) تکلیف دینے والا۔

مُتکلّم (ع۔ص) بولنے والا۔ کلام کرنے والا علم کا ماہر۔

مُتکلّمین (ع۔مذ) علم کلام جاننے والے۔

مُتلاشی (ع۔ص) تلاش کرنے والا۔ پریشان۔

مُتلذِّذ (ع۔ص) لذت اُٹھانے والا مزا پانے والا۔

مُتلوِّن (ع۔ص) رنگ بدلنے والا۔ وسواسی۔ وہمی۔

مُتلوّن مزاج (ع۔ص) وہ شخص جس کے مزاج میں استقلال نہ ہو۔ وسواسی۔

مُتمتّع (ع۔ص) فائدہ اُٹھانے والا۔

مُتمدِّن (ع۔ص۔ مہذّب۔ شائستہ

مُتمرّد (ع۔ص) سرکش۔ باغی۔

مُتملّق (ع۔ص) خوشامدی

مُتمکّن (ع۔ص) قائم۔ جگہ پکڑنے والا۔

مُتمنّی (ع۔ص) تمنا رکھنے والا۔ خواہشمند

مُتموّل (ع۔ص) دولت مند۔ مالدار۔

مَتن (ع۔مذ) کتاب کی اصل عبارت۔

مُتنازع۔ (ع۔ص) جس چیز پر جھگڑا ہو۔

مُتناسب (ع۔ص) تناسب رکھنے والا۔ موزوں۔

مُتناقص (ع۔ص) ناقص۔ ناتمام۔

مُتناقض (ع۔ص) مخالف۔ منافی

مُتناہی (ع۔ص) ختم ہونے والا۔

مُتنبّہ (ع۔ص) خبردار۔ آگاہ۔

مُتنجن (ع۔ص) ترشی والا میٹھا پلاؤ۔

مُتنفّر (ع۔ص) نفرت کرنے والا۔ بیزار

مُتنفّس (ع۔ص) جاندار۔ انسان۔ آدمی۔

مُتواتر (ع۔ص) لگاتار۔ مُسلسل۔

مُتوازی (ع۔ص) برابر فاصلے پر رہنے والا۔ وہ خط جو آپس میں کبھی نہ ملیں۔ وہ دو متوازی لکڑیاں جن پر

کی جاتی ہے۔
مُتواتر حاصل ضرب۔ تین یا تین سے زیادہ اعداد کا حاصل ضرب۔
مُتوازی الاضلاع علم ہندسہ (جیومیٹری) میں وہ شکل جس کے اضلاع آپس میں متوازی ہوں۔
مُتواضِع (ع۔ص) تواضع کرنے والا۔ خاطر کرنے والا۔
مُتوالا (ہ۔ص) مستانہ۔ مست۔
مُتوالی (ع۔ص) بار بار آنے والا۔ (عدد) وہ کسر اعشاریہ جس میں ایک ہندسہ یا چند ہندسے یکے بعد دیگرے آئیں جیسے ۹۹۹۹۹ یا ۲۲۲۳۲۳، وغیرہ۔
مُتوجّہ (ع۔ص) توجہ کرنے والا۔ مائل
مُتوحش (ع۔ص) متنفر۔ بھاگنے والا۔
مُتورّع (ع۔ص) پرہیزگار۔
مُتوسّط (ع۔ص) درمیانہ۔ معمولی۔ بیچ
مُتوسّل (ع۔ص) وسیلہ ڈھونڈھنے والا

متوطن (ع۔ص) رہنے والا۔ باشندہ۔ ساکن۔
مُتوفّی (ع۔ص) مرا ہوا۔ مرحوم۔
مُتوقّع (ع۔ص) توقع رکھنے والا۔ امیدوار۔
مُتوکّل (ع۔ص) بھروسہ کرنے والا۔
مُتولّی (ع۔ص) مہتمم۔ والی۔ سرپرست۔
مُتوہّم (ع۔ص) وہمی۔
مُتّہم (ع۔ص) تہمت لگایا گیا۔ ملزم۔
متھنا۔ بلونا۔
متھنی (ہ۔مث) دودھ متھنے کی لکڑی۔
مِتی (ہ۔مث) سُود کی تاریخ۔ نفع
مَتیرا (ہ۔مذ) ہندوانہ۔ چھوٹا تربوز۔
مُتیقّن (ع۔ص) یقینی وہ امر جس کا یقین ہو۔
مَتین (ع۔ص) مضبوط۔ سنجیدہ۔ پختہ۔

(م۔ٹ)

مُٹاپا (ہ۔مذ) موٹائی۔ فربہی۔
مِٹانا (محو کرنا۔ دُور کرنا۔ برباد کرنا۔

مٹاپا (ہ۔ مث) فربہی۔ جسم کا بھاری ہونا۔
مٹر (ہ۔ مث) ایک قسم کا غلّہ ہے۔
مٹرگشت (ا۔ مذ) آوارہ گردی
مٹ جانا (ہ) بے نشان ہونا۔ برباد ہونا۔ عاشق ہو جانا۔
مٹک (ہ۔ مث) ناز۔ کرشمہ۔
مٹکا (ہ۔ مذ) بڑا گھڑا۔
مٹکانا (ہ) ہلانا۔ مچکانا۔ پہنا۔
مٹکنا (ہ) سر یا اعضا کو حرکت دینا۔ زنانہ حرکتیں کرنا۔
مٹنا (بے نشان ہونا۔ برباد ہونا۔ منسوخ ہونا۔ فریفتہ ہونا۔
مٹھ (ہ۔ مث) مٹھی۔ مشت۔ مُکّا۔
مٹھ بھیڑ (ہ۔ مث) سامنا۔ مقابلہ
مٹھا (ہ۔ مذ) گٹھا۔ مٹھی بھر۔ قبضہ۔ دستہ۔
مٹھا۔ (ہ۔ ص) ڈھیلا۔ سست۔ کُند۔
مٹھاس (ہ۔ مذ) شیرینی۔ مٹھائی۔
مٹھائی (ہ۔ مث) شیرینی۔ لڈو پیڑا۔ وغیرہ۔
مٹھو (ہ۔ مذ) میٹھا بولنے والا طوطا۔ (مجازاً) پیارا بچہ۔ پیارا۔
مٹھی (ہ۔ مث) مشت۔ مٹھ۔
مٹھی بھر (ہ۔ ص) مٹھ بھر۔ بہت تھوڑے
مٹھی گرم کرنا (ا) رشوت دینا۔
مٹھی میں ہونا (ہ) قبضہ میں ہونا۔ اختیار میں ہونا۔
مٹی (ہ۔ مث) خاک۔ دھول۔ زمین دھرتی۔
مٹی برباد کرنا (ا) بدنام کرنا۔ رسوا کرنا۔
مٹی پلید کرنا (ا) ستانا۔ خبر لینا۔ خراب کرنا۔
مٹی خراب کرنا (ا) ذلیل کرنا۔ رسوا کرنا۔ ہنسی اڑانا۔ ستانا۔
مٹی خراب ہونا (ا) بدنام ہونا۔ بے قدری ہونا۔ برباد ہونا۔
مٹی خوار کرنا (ا) تجہیز وتکفین نہ کرنا ذلیل کرنا۔
مٹی کے مادھو (ہ) احمق۔ بیوقوف۔
مٹی کی مورت (ہ) مٹی کا پتلا۔ بیوقوف۔

مٹی کے مول (ہ) مفت۔ بہت سستا۔
مٹی میں ملانا (ہ) مٹانا۔ بے نشان۔ کرنا۔ بدمزہ کرنا۔ برباد کرنا۔
مٹی ہونا (ہ) خاک ہونا۔ برباد ہونا۔ مٹنا۔
مٹیالا (ہ۔ص) مٹی کے رنگ کا

م۔ث

مثال (ع۔مث) مانند۔ نظیر۔ صورت۔ (جمع امثلہ)
مثانہ (ع۔مذ) پیشاب کی تھیلی۔ پھکنا
مثبت (ع۔مذ) ثابت کیا گیا۔ نفی کی ضد۔
مثقال (ع۔مذ) ۴½ ماشے کا وزن۔
مِثل (ع۔ص) مانند۔ نظیر۔
(ع۔مث) مقدمہ کی کارروائی کے کاغذ۔ مسل بھی درست ہے۔
مَثَل (ع۔مث) کہاوت (جمع امثال)
مثلاً (مثال کے طور پر گویا۔ یعنی۔
مثلث (ع۔مث) تکون۔ تین ضلعوں والی شکل۔
مثلث مساوی الاضلاع وہ مثلث جس کے تینوں ضلعے آپس میں برابر ہوں۔
مثلث مساوی الساقین۔ وہ مثلث جس کے دو ضلعے آپس میں برابر ہوں۔
مثلث غیر مستقیم۔ وہ مثلث جس کے تینوں ضلعے مختلف ہوں۔
مثمر (ع۔ص) پھل دینے والا۔
مثمن (ع۔مث) ہشت پہلو۔
مثنیٰ (ع۔ص) نقل۔ دوسری کاپی۔
مثنوی (ع۔مث) ایسی نظم جس کے ہر بیت کا قافیہ جدا مگر دونوں مصرعوں کا متفق ہو۔

(م۔ج)

مجادلہ (ع۔مذ) جھگڑا۔ تکرار۔ لڑائی
مجاز (ع۔ص) حقیقت کی ضد۔ جو حقیقت نہ ہو۔ مختار۔

مُجاز ہونا (ا) اختیار ہونا۔
مَجاز (ع۔مذ) کسی لفظ کو اصلی معنوں کے بجائے مشابہ معنوں میں استعمال کرنا۔
مَجازی (ع۔ص) فرضی۔نقلی۔غیر حقیقی۔
مَجال (ع۔مث) طاقت۔حوصلہ۔مقدور۔
مَجالس (ع۔مث۔ج) (واحد مجلس)
مُجامعت (ع۔مث) ہم بستری۔صحبت۔
مُجاوِر (ع۔مذ) ہمسایہ۔پڑوسی۔(۲) (ع۔مذ) خانقاہ کا محافظ۔
مُجاہد (ع۔مذ) جہاد کرنے والا۔لڑنے والا۔غازی۔
مُجاہدہ (ع۔مذ) محنت۔ریاضت۔کوشش
مُجاہدین (ع۔مذ۔ج) (واحد مجاہد)
مَجبُور (ع۔ص) جبر کیا گیا۔بے بس۔
مَجبُوراً (ع) جبر سے۔عاجز آکر۔تھک کر
مَجبوری (ع۔مث) بے بسی۔ناچاری۔
مُجتبیٰ (ع۔ص) چنا ہوا۔برگزیدہ۔
مُجتمع (ع۔ص) جمع کیا ہوا۔
مُجتنب (ع۔ص) پرہیز کرنے والا۔الگ رہنے والا۔
مُجتہد (ع۔ص) اجتہاد کرنے والا۔امامیہ فرقے کا فقیہ۔

مُجدِّد (ع۔ص) مہیا کرنے والا۔تازہ کرنے والا۔
مَجذُوب (ع۔ص) خدا کی محبت میں مست مست۔بیخبر (ا۔مذ) بڑبڑی۔پاگل۔
مَجذُوب کی بَڑ (ا۔مث) بے معنیٰ بات۔
مَجذُور (ع۔ص) مُربع کی عکس۔
مَجذُوم (ع۔مذ) کوڑھی۔
مُجرا (ع۔مذ) جاری کیا گیا۔منہائی آداب۔بندگی۔ناچ گانا۔
مُجرا پانا (ا) روپیہ وصول کرنا۔
مُجرا دینا (ا) حساب میں وضع کر دینا۔
مُجرائی (ا۔مذ) عوام مجرئی بولتے ہیں۔ سلام کرنے والا۔مرثیہ کا سلام پڑھنے یا کہنے والا۔مرثیہ پڑھنے والا۔
مُجرّب (ع۔ص) تجربہ کیا گیا۔آزمایا ہوا۔کارگر۔
مُجرّد (ع۔ص) تنہا۔چھڑا۔ناکتخدا۔بے جسم۔جمع مجردات۔

مجردات (ع۔ مذ۔ ج) ایسے وجود جن کا کوئی جسم نہ ہو۔ عقول عشرہ۔ غیر محسوس۔ ملائک ارواح۔

مجرم (ع۔ مذ) جرم کرنے والا گنہگار۔

مجروح (ع۔ ص) زخمی۔ گھائل۔

مجسٹریٹ (MAGISTRATE) (انگ۔ مذ) فوجداری مقدمات سننے والا حاکم۔

مُجسّم (ع۔ ص) جسم دکھنے والا۔

مُجسّمات (ع۔ مذ۔ ج) (واحد مجسّم)

مُجلّا۔ روشن۔ صاف۔ ظاہر۔

مُجلّد (ع۔ مذ) جلد بندھی ہوئی کتاب وغیرہ کتاب۔ نسخہ۔

مجلس (ع۔ مث) بیٹھنے کی جگہ۔ محفل۔ انجمن۔ کمیٹی۔ سوسائٹی۔ جلسہ۔ خصوصاً وہ محفل جس میں حضرت امام حسین کی شہادت کا ذکر ہو۔

مجلس اقوام (دیکھو جمعیۃ الاقوام)

مجلس واضع قوانین (دیکھو لیجس لیٹو کونسل)

مجلسی (ع۔ مذ) اہل مجلس۔ مجلس کا۔

مجمع (ع۔ مذ) ہجوم۔ بھیڑ۔ (جمع مجامع)

مجمع البحرین (ع۔ مذ) دو دریاؤں کا ملاپ۔ وہ جگہ جہاں حضرت موسیٰ اور حضرت خضر کی ملاقات ہوئی تھی۔

مجمع الجزائر (ع۔ مذ) بہت سے جزیروں کا مجمع۔

مجمع خلاف قانون (ع۔ مذ) ناجائز ہجوم جو چار آدمیوں سے زیادہ پر مشتمل ہو۔

مُجملاً (ع) مختصر طور پر۔ سرسری طور پر۔

مجموعہ (ع۔ مذ) اکٹھا کیا گیا جملہ خزانہ

مجموعہ قوانین (ع۔ مذ) قوانین کا ذخیرہ قوانین کی کتاب۔

مجموعی (ع۔ ص) تمام۔

مجموعی قیمت (ع۔ مث) اکٹھی قیمت کل قیمت۔

مجنون (ع۔ مذ) سودائی پاگل۔ لیلیٰ کے عاشق قیس عامری کا لقب۔

(جمع مجانین)

مُجَوَّز (ع۔ ص) تجویز کیا ہوا۔

مُجَوِّز (ع۔ ص) تجویز کرنے والا۔

مُجَوَّزہ (ع۔ ص) تجویز کیا گیا۔ مقرر۔

مُجُوس (ف۔ مذ) مجوسی کی جمع۔

مُجُوسی (ف۔ مذ) آتش پرست۔ زردشت کا پیرو۔

مُجَوَّف (ع۔ ص) اندر سے خالی۔ تھوتھا۔

مُجہُول (ع۔ ص) نامعقول۔ نکما۔

مُجہُول الاسم (ع۔ مذ) جس شخص کا نام معلوم نہ ہو۔

مُجہُول النسب (ع۔ مذ) جس شخص کا نسب معلوم نہ ہو۔

مُجیب (ع۔ مذ) جواب دینے والا۔ قبول کرنے والا۔

مُجیب الدعوات (ع۔ ص) دعائیں قبول کرنے والا۔

مجیٹھ (ہ۔ مث) ایک قسم کی لکڑی جس سے سُرخ رنگ حاصل ہوتا ہے۔

مُجید (ع۔ ص) بزرگ۔

مُجیرا (ہ۔ مذ) بجانے کی پیتل کی کٹوریاں۔ چھوٹے چھوٹے جھانجھن

(م ۔ چ)

مُچا (ہ۔ مذ) گوشت کا بڑا ٹکڑا۔ لوتھڑا۔

مَچان (ہ۔ مذ) کھیت کی حفاظت کے لئے اونچا چبوترا۔ دیوار میں لگے ہوئے اونچے تختے۔ اسباب وغیرہ رکھنے کے لئے۔

مَچانا (ہ۔ مذ) کرنا۔ رچانا۔ جیسے غُل مچانا۔

مُچکانا۔ (ہ) آنکھ جھپکانا۔ آنکھ مارنا۔

مَچلا (ہ۔ ص) ضِدّی۔ ڈھیٹ۔ گھُنّا۔

مَچلاپن (ہ۔ مذ) ضد۔ ہٹ۔

مُچلکا (ف۔ مذ) اقرار نامہ۔

مچلنا (ہ) ضد کرنا کسی چیز کے لئے۔ اصرار کرنا۔ اُڑنا۔ تجاہل۔ عارفانہ کرنا۔

مَچنا (ہ) ہونا۔ عمل میں آنا۔

مَچوانا (ہ) بند کروانا۔

مَچھّر (ہ۔ مذ) پِشّہ (خون چُوسنے والا کیڑا۔

مَچھّر دانی (ا۔ مث) مسہری۔

مچھلی (ہ۔ مث) مچھی۔ ماہی۔

مچھندلہ (ع۔ مذ) بڑی بڑی مونچھوں والا۔

مسخرا۔ دیوث۔
مچھوا (ہ۔ مذ) مچھلیاں پکڑنے والا۔
مچھیل (ہ۔ مذ) بڑی بڑی مونچھوں والا۔

(م - ح)

مُحابا (ع۔ مذ) لحاظ مروت۔ صلح۔
مُحاذی (ع۔ ص) مقابل۔ برابر۔ آمنے سامنے۔
مُحاربہ (ع۔ مذ) لڑائی۔ مارکر
مُحاسب (ع۔ مذ) حساب کرنے والا۔
مُحاسبہ (ع۔ مذ) بازپرس۔ حساب لینا۔
مَحاسن (ع۔ مث) (واحد حسن) خوبیاں نیکیاں (جمع خلاف قیاس۔
مُحاصِر (ع۔ ص) گھیرنے والا۔ (جمع محاصرین)
مُحاصرہ (ع۔ مذ۔ ج) گھیرا ڈالنا۔ ناکہ حدبندی۔
محاصرین (ع۔ مذ۔ ج) محاصرہ کرنے والے (واحد محاصر)
مَحاصِل (۔ ع۔ مذ۔ ج) (واحد مُحصَل) آمدنی۔ حاصل۔ پیداوار۔

مُحافظ (ع۔ ص) حفاظت کرنے والا
مُحافظ خانہ (ف۔ مذ) وہ کمرہ جہاں مثلیں رکھی رہتی ہوں۔
مُحافظِ دفتر (ف۔ مذ) مثلیں رکھنے والا۔ منشی۔
محافظت (ع۔ مث) نگہبانی۔ حفاظت
محافل (ع۔ مث۔ ج) واحد محفل۔ مجلسیں۔
مُحافہ (ف۔ مذ) ڈولی۔ پالکی۔ عربی میں محفّہ۔
مُحاق (ع۔ مذ) چاند کے مہینے کی آخری رات یا آخری تین راتیں۔
مُحاکم (ع۔ مذ۔ ج) (واحد محکمہ)
مُحاکمہ (ع۔ مذ) حاکم کے پاس جھگڑا لے جانا۔ منصف بن کر قضیہ چکانا فیصلہ۔
مُحال (ع۔ ص) ناممکن۔ مشکل۔ سخت۔
مُحالات (ع۔ مث۔ ج) غیر ممکن باتیں (واحد محال)
مَحامِد (ع۔ مث۔ ج) (واحد مَحمَدہ) تعریفیں۔ نیک عادات۔

محاوُرات (ع۔ مذ۔ ج) (واحد محاورہ)
محاورہ (ع۔ مذ) بول۔ چال۔ روزمرّہ (جمع محاورات)
مُحِبّ (ع۔ مذ) دوست۔
محبّت (ع۔ مث) پریت۔ اُلفت۔ دوستی۔ عشق۔
مَحبَس (ع۔ مذ) جیلخانہ۔ قید خانہ۔
محبُوب (ع۔ مذ) پیارا دوست۔
محبُوبہ (ع۔ مث) معشوقہ۔ پیاری۔
محبُوس (ع۔ مث) قیدی۔ اسیر۔
محتاج (ع۔ مث) ضرورت مند۔ مفلس
محتاجی (ا۔ مث) ضرورت۔ غریبی۔ تنگ دستی۔
مُحتاط (ع۔ ص) احتیاط رکھنے والا۔
مُحترم (ع۔ ص) معزز۔ بزرگ
مُحتسب (ع۔ مذ) کوتوال۔
مُحتشم (ع۔ ص) جاہ و حشم والا رئیس۔
مُحتمل (ع۔ ص) مشتبہ۔ مشکوک۔
محجوب (ع۔ ص) پوشیدہ مخفی (ا۔ ص) شرمندہ۔
مُحدّب (ع۔ ص) اُبھرا ہوا بیچ میں سے اُبھرا ہوا۔
مُحدِّث (ع۔ مث) علم حدیث جاننے والا۔
محدود (ع۔ ص) حد کیا گیا۔ مقید۔ حد کے اندر۔
محذوف (ع۔ ص) وہ لفظ یا حرف جو عبارت میں سے چھوڑ دیا گیا ہو۔
محراب (ع۔ مث) ڈاٹ۔ مسجد میں امام کے کھڑے ہونے کے لئے دیوار میں ڈاٹ والی جگہ۔
محراب دار (ف۔ ص) کمان کی طرح۔ ڈاٹ دالا۔
مُحرِّر (ع۔ مذ) لکھنے والا منشی۔
مُحرّرہ (ع۔ ص) لکھا ہوا۔ تحریر کیا ہوا۔
مُحرّری (ع۔ مث) منشی گری۔
مُحرّف (ع۔ ص) ٹیڑھا۔ اُلٹا پھیرا گیا۔
مُحرّق (ع۔ مث) جلانے والی شے۔
محرقہ تپ (ع۔ مذ) ایک مشہور بخار کا نام ہے۔ میعادی بخار۔
مُحرِّک (ع۔ ص) ہلانے والی کوئی بات اُٹھانے والا۔ کرنے والا۔

مُحَرّم (ع۔ مذ) ہجری سال کا پہلا مہینہ۔ حضرت امام حسین کی شہادت کا مہینہ۔

محرم کا سپاہی (ا۔ مذ) دو دن کا بہادر (محرم میں ہر مسلمان جوش میں آجاتا ہے۔ اس وجہ سے چند روزہ سپاہی پر اطلاق ہونے لگا۔

مَحْرَم (ع۔ مذ) رازدار۔ واقف۔ وہ مرد جس سے شادی حرام ہو۔ (ا۔ مث) انگیا کی کٹوری۔ انگیا۔ سینہ بند۔

مَحْرَمِ راز (ف۔ مذ) رازدار۔ دلی دوست۔

مَحْرُور (ع۔ ص) گرم۔ تتّا۔

محروسہ (ع۔ ص) حراست کیا گیا۔ ماتحت۔ مقبوضہ۔

محروم (ع۔ ص) بے نصیب۔ نامراد۔ مایوس۔

محروم کرنا (ا) حق نہ دینا۔

محرومی (ع۔ مث) ناکامی۔ مایوسی نامرادی۔

مَحْرُومیت (ع۔ مث) ناکامی۔ مایوسی نامرادی۔

مَحْزُون (ع۔ ص) غمگین۔ فکرمند۔

مُحسِن (ع۔ ص) احسان کرنے والا۔ مہربان۔

محسن کش (ف۔ ص) ناشکرا۔ کافرِ نعمت۔

مَحْسُوب (ع۔ ص) شمار کیا گیا۔ حساب میں آیا ہوا۔

مَحْسُود (ع۔ ص) حسد کیا گیا۔ اچھا۔ عمدہ۔

مَحْسُوس (ع۔ ص) معلوم۔ ظاہر۔

محسوس کرنا (ا) معلوم کرنا۔ کسی بات کا اثر ہونا۔

مَحْسُوسات (ع۔ مث۔ ج) (واحد محسوسہ۔ وہ چیزیں جو محسوس ہو سکیں۔

مَحْشَر (ع۔ مث) قیامت۔ قبر سے اٹھنے کا دن۔

مُحَشّیٰ (ع۔ ص) حاشیہ چڑھا ہوا۔

مُحَصِّل (ع۔ ص) وصول کرنے والا۔

مَحْصُور (ع۔ ص) گھرا ہوا۔ قیدی۔

قلعے میں بند (جمع مُحصُورین)
مُحصُورین (ع۔مذ۔ج) (واحد محصور)
محصول (ع۔مذ) مال گزاری ٹیکس۔ (جمع محصولات)
محض (ع۔ص) صرف۔ فقط۔ خالص۔
مَحضَر (ع۔مذ) حاضر ہونے کی جگہ روبرو۔
مَحضَر نامہ (ف۔مذ) وہ عرضی یا کاغذ۔ جس پر عام لوگوں کے دستخط یا مہریں ہوں۔
مَحظُوظ (ع۔ص) خوش وخرم۔
مَحفِل (ع۔مث) مجلس (جمع محافل)
محفلِ رقص وسرود۔ (ف) ناچ ناچ رنگ کی مجلس (محال جمع)
محفوظ (ع۔ص) حفاظت میں۔ بچا ہوا مامون۔
مُحقِّق (ع۔مذ) تحقیق کرنے والا۔ حکیم۔
مُحقَّق (ع۔ص) تحقیق شدہ۔ بالکل درست۔
مَحَک (ع۔مث) کسوٹی۔
مُحکَم (ع۔ص) مضبوط۔ ثابت قدم۔

مَحکَمَہ (ع۔مذ) کچہری۔ سررشتہ صیغہ۔ (جمع محاکم)
محکوم (ع۔ص) ماتحت۔ زیرحکم۔ رعایا۔ نوکر۔
مَحَلّ (ع۔مذ) موقع۔ وقت۔ مکان۔ منزل۔ بادشاہ کا مکان۔
مَحَلّ سرا (ع۔مذ) شاہی محل اور نوابوں کا زنان خانہ۔
مُحَلِّل (ع۔ص) حل کر دینے والی شے
محلول (ع۔ص) حل کیا ہوا؟
مَحَلَّہ (ع۔ص) شہر کا کوئی حصّہ۔ گلی کوچہ۔
مُحَلّی (ع۔مذ) محل کے اندر آنے جانے والا خواجہ سرائے۔
مُحَمَّد (ع۔مذ) بہت تعریف کیا ہوا۔ پیغمبر اسلام کا اسم مبارک۔
مُحَمَّدی (ع۔ص) حضرت محمد کا پیرو۔ مسلمان (یہ لفظ عیسائیوں کا گھڑا ہوا ہے۔ ورنہ اسلام کے پیرو حقیقت میں مسلم یا مسلمان کہلاتے ہیں۔
مُحمِل (ع۔مذ) کجاوہ۔ اونٹ کا ہودہ۔

محمود (ع۔ص) تعریف کیا ہوا۔ غزنی کے ایک بہت مشہور بادشاہ کا نام ہے۔
مَحْمُول (ع۔ص) اُٹھایا ہوا۔ سمجھا ہوا۔
مَحْمُولہ (ع۔ص) لدا ہوا۔
مِحَن (ع۔مث؛ ج) (واحد محنت)
محنت (ع۔مث) دُکھ۔ رنج۔ مشقّت کوشش۔ مزدوری۔ (جمع مِحَن)
محنت پژوہی {ف (محنت = مشقّت کا کام۔ پژوہی از پژوہیدن و تلاش کرنا) مث} محنت کی عادت۔ مشقت کی عادت۔
محنت ٹھکانے لگنا (ا) محنت کا پھل لگنا۔
محنتِ شاقہ (ع۔مث) سخت محنت مشقّت۔
مُحْنتانہ (ف۔مذ) وکیل کی فیس۔ اُجرت۔
مُحْنتی (ع۔ص) محنت کرنے والا۔ مزدور۔ قلی۔
محو (ع۔ص) مٹانا۔ کھرچنا۔ نیست کرنا۔ کسی خیال میں غرق ہونا۔
محو کرنا (ا) مٹا دینا۔ فریفتہ کرنا۔
محو ہونا (ا) گم ہونا۔ مست ہونا۔ عاشق ہونا۔
مِحْوَر (ع۔مذ) دُھرا۔ کلّی۔
مِحْوَرِ زمین (ف۔مذ) زمین کا فرضی خط خط جس کے گرد وہ روزانہ گردش کرتی ہے۔
مَحْوِیّت (ع۔مث) گمشدگی۔ بہت مصروفیت۔ اغراق۔
مُحِیط (ع۔ص) گھیرنے والا۔ دور۔ گردہ۔ دائرہ میں وہ خط منحنی جو مرکز سے یکساں فاصلہ پر ہو۔

(م۔خ)

مَخارِج (ع۔مذ۔ج) (واحد مخرج)
مُخاصَمَت (ع۔مث) باہمی دُشمنی۔ عداوت۔
مُخاطِب (ع۔مذ) بات کرنے والا۔
مخاطب ہونا (ا) متوجہ ہونا۔ دھیان دینا۔

مخاطب (ع۔مذ) جس شخص سے بات کی جائے۔ علم صرف میں صیغہ حاضرہ ؛
مخاطرہ (ع۔مذ) اندیشہ۔ ڈر ؛
مخافت (ع۔مث) خطر۔ خوف کی جگہ ؛
مخالف (ع۔مذ) دشمن۔ مقابل۔ برعکس۔
مخالفت (مث) دشمنی۔ اختلاف ؛
مخبر (ع۔مذ) خبر دینے والا۔ جاسوس ؛
مخبری (ع۔مث) جاسوسی ؛
مخبوط (ع۔ص) خبط ہوا ہوا۔ بدحواس ؛
مخبوط الحواس (ع۔مذ) دیوانہ۔ پاگل خبطی ؛
مختار (ع۔ص) با اختیار۔ وکیل۔ سربراہ۔ گماشتہ ؛
مختارِ عالم (ع۔مذ) وہ گماشتہ جس کو عام باتوں کا اختیار ہو ؛
مختارِ کار (ف۔مذ) سربراہ۔ متولی ؛
مختار نامہ (ف۔مذ) وہ تحریر جسکے ذریعے کسی کو اختیار دیا گیا ہو ؛
مخترع (ع۔مذ) موجد۔ بانی ؛
مخترعات (ع۔مث) ایجاد کی ہوئی چیزیں ؛

مختصر (ع۔ص) تھوڑا۔ خلاصہ۔ چھوٹا ؛
مختصر نویسی (ف۔مث) لفظوں کے بجائے مختصر علامات کے ذریعے لکھنا۔ تاکہ طویل تقریر نہایت سرعت سے قلم بند ہو سکے۔ جیسے انگریزی میں شارٹ ہینڈ ؛
مختصر کرنا۔ کسی طویل تحریر کو غیر ضروری باتوں سے پاک کرنا۔ اجمال کرنا۔ مجمل کرنا۔ حساب میں چند مرکب کسروں کو حل کر کے چھوٹی کسر میں لانا ؛
مختص (ع۔ص) مخصوص۔ خاص کیا گیا ؛
مختفی (ع۔ص) چھپا ہوا۔ پوشیدہ ؛
مختل (ع۔ص) پریشان۔ بگڑا ہوا ؛
مختل الحواس (ع۔ص) حواس باختہ۔ پاگل۔ جنونی ؛
مختلف (ع۔ص) الگ الگ۔ ناموافق بے جوڑ ؛
مختلف اللسان (ع۔ص) الگ الگ زبانیں بولنے والے ؛
مختوم (ع۔ص) مہر لگایا گیا۔ بند ؛

مُخَدَّر (ع۔ص) پردہ دار عورت۔ پردہ دار۔ پردہ نشین۔ بیحس کیا گیا ؛

مُخَدِّرَہ (ع۔خدر۔ سن کرنا) مث } بے حس کرنے والی شے۔ جیسے کلوروفارم ؛

مُخَدِّرَات (ع۔مث۔ج) (واحد مُخَدِّرَہ) ؛

مَخدُوش (ع۔ص) خدشے میں پڑا ہوا۔ خطرے میں ؛

مَخدُوم (ع۔مذ) بزرگ۔ آقا۔ قابلِ عزت۔ خدمت کیا گیا ؛

مَخدُومَہ (ع۔مث) بزرگ عورت ؛

مَخرَج (ع۔مذ) نکلنے کی جگہ۔ منبع اصل خرچ کی (جمع مخارج) ؛

مَخرُوط (ع۔ص) گاجر کی شکل کا ؛

مَخرُوطی (ع۔ص) گاؤدُم۔ گاجر کی شکل کا۔

مَخزَن (ع۔مذ) ذخیرہ۔ خزانہ۔ گودام۔ (جمع مخازن) ؛

مَخصُوص (ع۔ص) خاص کیا گیا۔ نامرد ؛

مُخَطَّط (ع۔ص) خط دار۔ لکیر دار ؛

مُخَفَّف (ع۔ص) گھٹایا ہوا۔ کم کیا ہوا ؛

مَخفی (ع۔ص) پوشیدہ۔ چھپا ہوا ؛

مُخِل (ع۔ص) خلال ڈالنے والا۔ مفسد ؛

مُخلِص (ع۔ص) سچا۔ صادق۔ وفادار ؛

مَخلَصی (ع۔مث) رہائی۔ چھٹکارا ؛

مَخلُوط (ع۔ص) ملا جلا ؛

مَخلُوق (ع۔ص) پیدا کیا ہوا۔ دنیا۔ خلقت (جمع مخلوقات) ؛

مَخلُوقات (ع۔مث۔ج) (واحد مخلوق) دنیا۔ لوگ۔ (واحد مستعمل) ؛

مُخَمَّر (ع۔ص) خمیر اٹھایا ہوا ؛

مُخَمَّس (ع۔مث) پانچ ضلعوں والی شکل۔ وہ نظم جس میں پانچ پانچ مصرعوں کا ایک بند ہوتا ہے ؛

مَخمَصَہ (ع۔مذ) بکھیڑا۔ جھگڑا۔ جھمیلا ؛

مَخمَل (ع۔مث) ایک بہت نرم اور ملائم کم روئیں دار۔ ریشمی کپڑا ؛

مَخمُور (ع۔ص) مست نشے میں ؛

مُخَنَّث (ع۔مذ) ہیجڑا۔ زنانہ ؛

مَخَول (ا۔مث) ٹھٹھا۔ ہنسی مذاق ؛

مَخولیا (ا۔مث) ظریف۔ ہنسی کرنیوالا ؛

مُخَیَّر (ع۔ص) خیرات کرنیوالا۔ سخی ؛

مُخیلہ (ع۔مذ) خیال کی قوت ؛
مُخیّم (ع۔مذ) کیمپ۔ خیمہ گاہ ؛

(م۔د)

مَد (ع۔مذ) کشش۔ جوار۔ چڑھاؤ۔
(ع۔مث) نوکری کی جگہ۔ پیشانی۔
رقم (ع۔مذ) الف ممدودہ کی
علامت جو یہ ہے "~" ؛
مدّوجزر (ع۔مذ) جوار بھاٹا۔ اتار چڑھاؤ۔
مدِمقابل (ع۔مذ) برابر کا۔ مخالف۔
رقیب ؛
مدِنظر (ع۔مث) نظر کے سامنے۔ ارادہ ؛
مدّاح (ع۔مذ) تعریف کرنے والا۔
بھاٹ۔ خوشامدی ؛
مدّاحی (ع۔مث) تعریف ؛
مداخل (ع۔مث۔ج) آمدنی۔ معاملہ (واحد مدخل)
مداخلت (ع۔مث) دخل دینا۔ روکنا ؛
مداخلت بیجا (ف۔مث) ناجائز دخل
دینا ؛
مداخلت کرنا (و) دخل دینا۔ بیچ میں
بولنا ؛

مِداد (ع۔مث) روشنائی۔ سیاہی ؛
مَدار (ع۔مث) ستارے کے دَور کرنے
کی جگہ۔ انحصار۔ دائرہ۔ حلقہ ؛
مدارُالمہام (ع۔مذ) وزیرِاعظم ؛
مدارا (ف۔مث) مدارات کا مخفف۔ صلح
خاطر تواضع ؛
مدارات (ع (د دری۔ ملنا) مصدر
مث) آؤبھگت۔ صلح ؛
مدارج (ع۔مذ۔ج) درجے۔ رتبے۔
(واحد مدرج) ؛
مدارس (ع۔مذ۔ج) (واحد مدرسہ) ؛
مداری (و۔مذ) بازیگر۔ شعبدہ باز ؛
مدافعانہ (ف۔ص) روکنے کی ؛
مدافعت (ع۔مث) روک۔ دفیعہ ؛
مدام (ع۔مث) ہمیشہ۔ متواتر۔ بلاناغہ ؛
مداوا (ف۔مذ) مدارات کا مخفف۔ تدبیر
چارہ۔ علاج ؛
مداومت (ع۔مث) ہمیشگی۔ قیام ؛
مُدبِر (ع۔ص) بدنصیب۔ ادبار والا ؛
مُدبّر (ع۔ص) تدبیر کرنے والا۔ عقلمند۔ مشیر ؛
مُدّت (ع۔مث) عرصہ۔ دیر۔ زمانہ ؛

مُدّت مدید (ع۔ مث) بہت لمبا عرصہ ۔
مُدّت العُمر (ع) تمام عمر۔ زندگی بھر ۔
مُدّتوں (ف۔ تابع فعل) بہت مدت گذرنے تک ۔
مَدح (ع۔ مث) تعریف۔ ستائش ۔
مَدح خواں (ف۔ مذ) تعریف کرنے والا۔ قصیدہ پڑھنے والا ۔
مَدح خوانی (ف۔ مث) ثنا گوئی ۔
مَدح سرائی (ف۔ مث) مدح خوانی ۔
مِدحت (ع) تعریف۔ صفت ۔
مَدخل (ع۔ مث) آمدنی۔ مالگزاری۔ آمد کی مدات (جمع مداخل) ۔
مَدخولہ (ع۔ مث) وہ عورت جس سے ہم بستری کی گئی ہو۔ گھر میں ڈالی ہوئی عورت۔ آشنا ۔
مَدد (ع۔ مث) سہارا۔ امداد۔ حمایت ۔
مَددگار (ف۔ مں) حمایتی۔ مدد کرنیوالا ۔
مَددِ معاش (ع۔ مث) کھانے پینے کا سہارا۔ وظیفہ۔ وہ جاگیر جو فضلا یا اولیاء اللہ وغیرہ کے واسطے وقف کردی جائے ۔

مُدِر (ع۔ مں) پیشاب لانے والی دوا ۔
مُدرّس (ع۔ مذ) استاد۔ پڑھانیوالا ۔ معلم ۔
مَدرَسہ (ع۔ مذ) سکول۔ مکتب۔ کھلنا۔ لگنا۔ بند ہونا) (جمع مدارس)
مُدرّسی (ع۔ مث) معلمی۔ پڑھانیکا پیشہ ۔
مُدرِک (ع۔ مں) سمجھنے والا۔ فہیم۔ ذکی ۔
مُدرِکہ (ع۔ مث) سمجھنے کی قوت ۔
مُدّعا (ع۔ مذ) منشا۔ مطلب۔ مقصد ۔
مُدّعا علیہ (ع۔ مذ) جس شخص پر دعویٰ کیا گیا ہو ۔
مُدّعی (ع۔ مذ) دعویٰ کرنے والا ۔
مُدّعی سُست گواہ چُست (ف) یہ اس موقعہ پر بولتے ہیں جہاں کام والا تو زیادہ نہ بولے مگر اس کا مددگار یا خیر خواہ زیادہ زور دے ۔
مُدّعیہ (ع۔ مث) دعویٰ کرنے والی عورت ۔
مُدغَم (ع۔ مذ) ایک جنس کے دو حرف

جو ایک دوسرے میں ملا ئے
گئے ہوں ۔
مدفن (ع۔مذ) قبر۔ گور ۔
مدفون (ع۔ص) دفنایا ہوا۔پوشیدہ ۔
مدقوق (ع۔ص) تپ دق کا مریض ۔
مدلل (ع۔ص) دلیل سے ثابت کی
ہوئی بات۔معقول۔ٹھیک ۔
مدنی (ع۔مذ) مدینے شریف کا رہنے والا۔
مدنی (ع۔ص) تمدن سے نسبت رکھنے والا۔سوشل۔
مدنی بالطبع (ع۔مذ) طبعاً۔تمدن سے
نسبت رکھنے والا۔سوشل ۔
(Social)
مدور (ع۔ص) گول ۔
مدھم (ہ۔ص) دھیما۔آہستہ ۔
مدہوش (ف۔ص) بیہوش۔بدمست ۔
مدہوشی (ف۔مؤ) بے ہوشی ۔
مدید (ع۔ص) لمبا۔دراز ۔
مدیر (ع۔مذ) ایڈیٹر ۔

مدینہ (ع۔مذ) شہر عرب کے مشہور
متبرک شہر کا نام ہے جہاں پیغمبر
اسلام کا روضۂ مبارک ہے اس
کا پرانا نام یثرب ہے (مدائن جمع)
مدیون (ع۔مذ) مقروض ۔

(م۔ڈ۔ذ)

مڈل (Middle) (انگ۔مذ)
درمیان ۔
مڈل سکول (انگ۔مذ) ساتویں اور
آٹھویں جماعت تک کا مدرسہ۔
مدرسہ وسطانی ۔
مذاق (ع۔مذ) مزہ۔رغبت۔ہنسی ۔
دل لگی۔کھیل ۔
مذاقیہ (و) ہنسی سے۔مخول سے ۔
مذاہب (ع۔مذ۔ج) (واحد مذہب)
مذبذب (ع۔ص) پس و پیش کرنیوالا۔
غیر مستقل مزاج ۔
مذبوح (ع۔ص) ذبح کیا ہوا۔مقتول ۔
مذکر (ع۔ص) نر۔مرد ۔
مذکور (ع۔ص) ذکر کیا ہوا۔بات۔گفتگو ۔
مذکورہ بالا (و) جس کا اوپر ذکر آچکا
ہو۔مندرجہ بالا ۔

مُذلّت (ع۔مث) بدنامی۔رُسوائی ؛
مُذمّت (ع۔مث) بُرائی۔ ہجو ؛
مَذمُوم (ع۔ص) بُرا۔ خراب ؛
مَذمُومہ (ع۔مث) بُری۔ خراب ؛
مُذنِب (ع۔مذ) گنہگار ؛
مَذہب (ع۔مذ) دھرم۔ رستہ۔ دین۔ (جمع مذاہب) ؛
مذہبی (ع۔ص) شریعت کا۔ دین کا ؛

(م۔ر)

مِرأت (ع۔مذ) آئینہ ؛
مراتِب (ع۔مذ۔ج) (واحد مرتبہ) ؛
مُراجعت (ع۔مث) واپسی۔ واپس آنا۔
مَراحِل (ع۔مذ) درجے۔ منزلیں (واحد مرحلہ) ؛
مَراحِم (ع۔مث۔ج) (واحد مرحمت) مہربانیاں ؛
مَراحِم خُسروانہ (ف۔مث) شاہانہ مہربانیاں۔ بادشاہ کے احسانات ؛
مُراد (ع۔مث) طلب۔ مُدعا۔ خواہش آرزو ؛
مراد پانا (و) مطلب نکلنا۔ مُراد کو پہنچنا۔
مُراد لینا (و) مطلب لینا۔ معنی نکالنا ؛
مُراد ماننا (و) منّت ماننا ؛
مُراد مند (ف۔ص) خواہشمند۔ حاجتمند ؛
مُرادوں کے دن (ا۔مذ) جوانی کا زمانہ۔ جوبن کے دن ؛
مُرادی (ا۔ص) فرضی۔ اصطلاحی ؛
مرادِف (ع۔مذ) ہم معنی۔ مُترادِف۔ (جمع مُرادِفات) ؛
مُراری (س۔مذ) کرشن جی کا لقب ؛
مُراسلات (ع۔مذ) چٹھیاں خط وکتابت۔
مُراسلت (ع۔مث) خط وکتابت ؛
مراسلہ (ع۔مذ) چٹھی۔ رقعہ۔ برابر والے کا خط۔ (جمع مراسلات)
مراسِم (ع۔مث۔ج) رسمیں۔ نشانیاں (مرسُوم) ؛
مُراعات (ع۔مث۔ج) سلوک۔ رعایت۔ توجّہ (عربی مصدر ہے) ؛
مُرافعہ (ع۔مذ) دعویٰ پیش کرنا۔ اپیل مقدمہ ؛
مُرافقت (ع۔مث) میل جول۔ اتحاد ؛

مُراق (ع۔ مذ) مالیخولیا۔ جنون ؛

مُراقبہ (ع۔ مذ) دھیان۔ خدا کیطرف دھیان لگانا۔ تصوّر ؛

مَرام (ع۔ مذ) مطلب۔ مقصد۔ ارادہ۔ (جمع مرامات) ؛

مَراہم (ع۔ مذ۔ ج) (واحد مرہم) ؛

مُربّع (ع۔ مذ) چار برابر ضلعوں والی قائم الزاویہ شکل۔ قطعہ زمین جو کسی عدد کو فی نفسہ ضرب دینے سے حاصل ہوتا ہے جیسے ۸۱ جو ۹ کا مربّع ہے ؛

مَربُوط (ع۔ ص) بندھا ہوا۔ وابستہ ؛

مُربّہ (یا) **مُربّا** (ع۔ مذ) شیرے میں ڈالا ہوا میوہ ؛

مُربّی (ع۔ مذ) پرورش کرنے والا۔ سرپرست۔ حامی ؛

مَر پٹے کر (ہ) بڑی شکل سے۔ بڑی کوشش سے ؛

مُرتاض (ع۔ مذ) ریاضت کرنے والا۔ زاہد ؛

مُرتّب (ع۔ ص) باقاعدہ دُرست۔ اکٹھا کیا گیا ؛

مُرتّب کرنا (ہ) تیار کرنا۔ ترتیب دینا۔

مَرتبان (ع۔ مذ) مُربّہ یا اچار ڈالنے کا برتن۔

مَرتبت (ع۔ مذ) مرتبہ۔ درجہ ؛

مَرتبہ (ع۔ مذ) رتبہ۔ درجہ۔ عہدہ ؛

مُرتد (ع۔ مذ) اسلام سے پھرا ہوا۔ مردُود۔ بے دین ؛

مُرتشی (ع۔ ص) رشوت لینے والا ؛

مُرتضیٰ (ع۔ ص) مقبول۔ حضرت علیؓ کا لقب ؛

مُرتفع (ع۔ ص) بلند۔ اُونچا ؛

مُرتکب (ع۔ ص) کسی بڑے کام کا کرنے والا۔ مُجرم ؛

مُرتہن (ع۔ مذ) گروی رکھنے والا۔ گہنے رکھنے والا۔ مجرم ؛

مَرتے دَم (و) آخری دَم۔ آخری وقت ؛

مَرتے کو ماریں شاہ مدار (و) ہر ایک شخص۔ غریب ہی کو ستاتا ہے۔

مَرثیہ (ع۔ مذ) ماتم۔ وہ نظم جس میں مُردے

کے اوصاف اور اُس کیلئے رنج وغم کا ذکر ہو (جمع مراثی) ؞

مَرثیہ خواں (ف ۔ مذ) مرثیہ پڑھنے والا ؞

مَرَج (ع ۔ مذ) خرابی ۔ تباہی ؞

مَرجان (ع ۔ مذ) مونگا ؞

مُرَجَّح (ع ۔ ص) افضل ۔ غالب ۔ بڑھکر ؞

مَرجَع (ع ۔ مذ) لوٹنے کی جگہ ۔ ٹھکانا ۔ جائے پناہ ؞

مَرجِعِ خلائق (ع ۔ مذ) لوگوں کا آسرا ۔ وہ جگہ جہاں لوگوں کو پناہ ملے ؞

مُرجھانا (ہ) کملانا ۔ لاغر ہونا ۔ سوکھنا ۔

مَرجیا (ہ ۔ مذ) وہ شخص جو مر کر بچا ہو ۔ ضعیف ؞

مِرچ (ہ ۔ مث) سُرخ فلفل ۔ نہایت تیز ۔ آفت ؞

مرچنٹ (merchant) (انگ ۔ مذ) تاجر ۔ سوداگر ؞

مُرچنگ (ہ ۔ مذ) منہ سے بجانے کا باجہ ؞

مرچیں لگنا (ہ) کسی بات کا ناگوار گزرنا ۔ بُرا لگنا ؞

مرحبا (ع) آفرین ۔ شاباش ؞

مَرحلہ (ع ۔ مذ) منزل ۔ درجہ ۔ سفر ۔ (جمع مَراحل) ؞

مَرحَمت (ع ۔ مث) مہربانی ۔ کرم ۔ (جمع ۔ مراحم) ؞

مرحُوم (ع ۔ ص) بخشا گیا ۔ عموماً مرے ہوئے لوگوں کے ناموں کے ساتھ آیا کرتا ہے خصوصاً مسلم متوفی کیلئے ؞

مُرَخَّص (ع ۔ ص) رُخصت دیا ؞

مَرد (ف ۔ مذ) آدمی ۔ بہادر ؞

مردِ خدا (ف ۔ مذ) نیک ۔ پارسا ؞

مردِ میدان (ف ۔ مذ) بہادر ۔ دلیر ؞

مُردار (ف ۔ ص) مُردہ ۔ ناپاک ۔ پلید ؞

مَردانگی (ف) بہادری ۔ جرأت دلیری ۔

مردانہ (ف ۔ ص) مردوں کی سی ۔ مرد کی مانند ؞

مردانہ مکان (ف ۔ مذ) بیٹھک ؞

مردانہ وار (ف) مردوں کی طرح ؞

مَردانی (ف ۔ مث) دلیر عورت (ص) مرد کے متعلق ؞

مَردُک (ف ۔ مذ) ٹھنگنا ۔ پست قد ۔ ادنےٰ آدمی

ادنےٰ آدمی ÷
مُردگان (ف۔مذ) مُردے۔ مرے ہوئے لوگ ÷
مَردُم (ف۔مذ) آدمی۔ لوگ۔ انسان۔ (۲) آنکھ کی پُتلی ÷
مَردُم آزار (ف۔مں) ظالم۔ موذی ÷
مَردُم خوار (ف۔مذ) آدم خور۔ وحشی۔ بیرحم۔
مَردُم خیز (ف۔مں) وہ جگہ جہاں سے لائق آدمی پیدا ہوں ÷
مَردُم شماری (ف۔مث) کسی ملک کی آبادی کی گنتی۔ لوگوں کو شمار کرنا۔
مَردُمک (ف۔مث) آنکھ کی پتلی ÷
مَردُمی (ف۔مث) انسانیت۔ مروّت شجاعت ÷
مِردنگ (ہ۔مث) ایک قسم کی ڈھولک ہے ÷
مُردنی (ا۔مث) موت کے آثار۔ موت۔
مُردنی چھانا (ا) موت کے نشان ظاہر ہونا۔ چہرے کا رنگ زرد پڑ جانا۔
مَردُوا (ا۔مذ) مردک ÷
مَردُود (ع۔مں) رد کیا ہوا۔ ملعون ÷

بے عزت۔ نالائق۔ کمبخت ÷
مُردَہ (ف۔مذ) مرا ہوا۔ بے جان۔ کمزور کشتہ۔ لاش ÷
مُردَہ بدستِ زندَہ (ف) بے بس۔ مجبور ÷
مُردَہ دِل (ف۔ص) اُداس۔ غمگین کم ہمت ÷
مُردَہ شُو (ف۔مذ) مُردے کو نہلانے والا۔ غسّال ÷
مِرزُدھا (ا۔مذ) حرب بکش پیادہ بقدم۔
مَردی (ف۔مث) بہادری ÷
مِرزا (ف۔مذ) سردار زادہ مغلوں کا لقب ÷
مِرزا پھویا (ا۔مذ) نازک۔ آرام طلب آدمی (اس قسم کی عورت کو موم کی مریم کہتے ہیں) ÷
مِرزائی (ف۔مث) (۱) بزرگی (۲) حاکمانہ مزاج۔ نخوت (۳۔و) سرداری حکومت (۴۔ا) نیم جامہ۔ کمری۔ صدری۔ آدھی یا پوری آستینوں کی کمری مرزا غلام احمد قادیانی کا پیرو ÷

(آصفیہ)

(آصفیہ) ؛

مرزبوم (ف۔مث) جنم بھوم جائے پیدائش ؛

مرزئی (و۔مث) مرزائی یعنی نیم جامہ کا مخفف ؛

مُرسَل (ع۔مذ) بھیجا ہوا۔ رسُول ؛

مُرسِل (ع۔مذ) ارسال کرنے والا بھیجنے والا ؛

مُرسَلہ (ع۔ص) بھیجا ہوا ؛

مُرسلین (ع۔مذ۔ج) (واحد مُرسل) ؛

مرسُوم (ع۔ص) رسم ڈالا ہوا وظیفہ۔ تنخواہ۔

مُرشِد (ع۔مذ) ہدایت کرنے والا۔ رہنما۔ پیر۔ اُستاد۔ چالاک ؛

مُرصّع (ع۔ص) جڑاؤ۔ آراستہ ؛

مُرصّع کار (ف۔مذ) جواہرات جڑنے والا۔

مُرصّع کاری (ف۔مث) جڑنے کا کام ؛

مَرَض (ع۔مذ) بیماری۔ علالت۔ عادت۔ (جمع امراض) ؛

مَرضا (ع۔مذ۔ج) (واحد مریض) ؛

مَرَض الموت (ع۔مذ) وہ بیماری جو جان سے کے چھوٹے ؛

مَرضی (ع۔مث) رضا۔ خوشی۔ خواہش رائے ؛

مَرضی مولیٰ از ہمہ اولیٰ (ف) خدا کی مرضی سب سے بہتر ہے ؛

مرضی کھلنا۔ رائے معلوم ہونا۔ خیال معلوم ہونا ؛

مَرطُوب (ع۔ص) تر۔ بھیگا ہوا ؛

مُرغ (ف۔مذ) پرند۔ مُرغا ؛

مُرغ باز (ف۔مذ) مُرغ لڑانے والا ؛

مُرغِ چمن (ف۔مذ) بُلبُل ؛

مُرغِ خانگی (ف۔مذ) پالتو مُرغ ؛

مُرغِ دست آموز (ف۔مذ) ہاتھ پر پلا ہوا اور سدھایا ہوا پرندہ ؛

مُرغِ سحر (ف۔مذ) صبح کو بانگ دینے والا مُرغ ؛

مُرغِ سلیمان (ف۔مذ) ہُدہُد۔ کٹ بڑھئی ؛

مُرغِ قبلہ نُما (ف۔مذ) وہ مُرغ جو قبلہ نُما کے اندر ہوتا ہے۔ جیسے قطب نُما کی سوئی ؛

مُرغ کی ایک ٹانگ (و) اپنی غلط بات کی ہٹ ؛

مُرغِ مُصلّیٰ (ف۔ مذ) مکّار۔ عابد ٭
مُرغا (ا۔ مذ) کُکڑ۔ خروس (مجازاً) نامعقول۔
مُرغابی (ف۔ مث) پانی کا ایک مشہور پرندہ ہے ٭
مُرغاں (ف۔ مذ۔ ج) (واحد مرغ) ٭
مَرغ (ف۔ مذ) گھاس۔ دُوب۔ سبزہ ٭
مَرغ زار (ف۔ مذ) سبزہ زار۔ چراگاہ ٭
مَرغُوب (ع۔ص) پسندیدہ۔ مَن بھاتا۔
مَرغوبُ الطّبع (ع۔ص) دل پسند۔ من بھاتا ٭
مَرغُول (یا) مَرغُولہ (ف۔ مذ) دندانے دار۔ محراب ٭
مُرغی (ا۔ مث) مرغ کی مادہ۔ ماکیاں۔
مَرفُوع (ع۔ص) بلند کیا ہوا۔ اُٹھایا گیا۔ وہ حرف جس پر پیش ہو ٭
مرفوعُ القلم (ع۔ مذ) وہ شخص جس کا گناہ قابلِ گرفت نہ ہو۔ معذور ٭
مَرفہ (ف۔ مذ) ڈھول ٭
مُرفہ (ع۔ص) آسُودہ۔ خوش۔ بیفکر ٭
مُرفہ الحال (ع۔ص) خوشحال۔ فارغ البال۔
مَرقَد (ع۔ مذ) قبر۔ گور۔ تُربت ٭

مُرَقّع (ع۔ مذ) تصویروں کی کتاب۔ البم ٭
مَرقُوم (ع۔ص) لکھا ہوا ٭
مَرقُومُ الحاشیہ (ع۔ص) حاشیہ پر لکھا ہوا۔
مَرکَب (ع۔ مذ) سواری۔ گھوڑا وغیرہ ٭
مُرکّب (ع۔ مذ) ملایا ہُوا۔ مخلوط۔ روشنائی۔
مُرکّبات (ع۔ مذ۔ ج) (واحد مرکّب) ٭
مَرکز (ع۔ مذ) درمیان۔ منجھ۔ بینڈر۔ (جمع (مراکز) ٭
مَرکزِ ثِقل (ع۔ مذ) کسی چیز کا وہ نقطہ جس پر اُس چیز کا وزن برابر قائم رہے ٭
مَرکزِ زمین (ف۔ مذ) زمین کا درمیان ٭
مَرکزِ دَولت (ع۔ مذ) دارالخلافہ ٭
مَرکزی (ع۔ص) صدر مقام کی ٭
مَرکزی حکومت (ع۔ مث) صدر مقام کی حکومت۔ بڑی حکومت ٭
مرکزی کمیٹی (ا۔ مث) صدر مقام کی کمیٹی۔ بڑی کمیٹی۔ جس کی کئی شاخیں ہوں ٭
مرکُوز (ع۔ص) گڑا ہوا۔ دل میں بیٹھا ہُوا۔
مَرگ (ف۔ مث) موت ٭

مُرگِ مفاجات (ف۔ مث) ناگہانی موت ؛
مُرگِ ناگہانی (ف۔ مث) اچانک موت۔
مِرگ (ہ۔ مذ) ہرن۔ آہو ؛
مِرگ چھالا (ہ۔ مذ) ہرن کی کھال ؛
مَرگھٹ (ہ۔ مذ) مُردہ جلانیکی زمین۔ میدان۔
مِرگی (ہ۔ مث) ایک مشہور بیماری کا نام ہے ؛
مُرلی (ہ۔ مث) بانسری ؛
مَرمّت (ع۔ مث) درستی۔ اصلاح ؛
مَرمّت طلب (ع۔ ص) درستی کے قابل۔ شکستہ ؛
مَرمّت کرنا (ف) درست کرنا۔ ٹھیک بنانا۔ پیٹنا ؛
مَرمِٹنا (ہ) فنا ہو جانا۔ نیست ہو جانا۔
مَرمَر کر (ہ) بڑی محنت سے جان توڑ توڑ کر ؛
مُرمّم (ع۔ ص) ترمیم کیا ہوا۔ درست کیا ہو
مُرمّمہ (ع۔ مث) دُرست کی ہوئی چیز ؛
مَرنا (ہ) فوت ہونا۔ جان دینا۔ عاشق ہونا۔
مرنے کی بھی فرصت نہیں (ا) بہت کام ہے۔ ذرا بھی فرصت نہیں ؛
مَروارِید (ف۔ مذ) موتی۔ گوہر ؛
مَروارِید ناسُفتہ (ف۔ ص) ناپرویا ہوا موتی۔ اَن بندھا موتی ؛
مُروّت (ع۔ مث) لحاظ۔ رعایت۔ انسانیت۔ جوانمردی۔ سخاوت ؛
مُروّج (ع۔ ص) رواج دیا ہوا۔ جاری چلتا ؛
مُروّجہ (ع۔ ص) جاری۔ موجودہ۔ رائج الوقت ؛
مُرور (ع۔ مذ) گزرنا ؛
مَروڑ (ہ۔ مث) پیچ و تاب۔ پیچش ؛
مَروڑ اُٹھنا (ہ) بل پڑنا۔ درد ہونا ؛
مَروڑنا (ہ) بل دینا۔ اُمینٹھنا ؛
مُروّق (ع۔ ص) صاف کیا ہوا۔ چھنا ہوا۔ خالص ؛
مَروہ (ع۔ مذ) مکہ شریف کی ایک پہاڑی کا نام ہے ؛
مَروی (ع۔ ص) روایت کیا ہوا۔ مذکورہ
مرہٹہ (ہ۔ مذ) ہندوستان کی ایک قوم کا نام ہے ؛

مَرہَم (ع۔مذ) زخم پر لگانے کی گاڑھی اور چکنی دوا۔ (جمع مراہم)
مَرہم پٹی (و۔مث) علاج۔معالجہ۔ زخم کی دوا دارُو ؛
مَرہم پٹی کرنا (و) زخم کا علاج کرنا۔
مَرہُون (ع۔ص) گروی رکھا ہوا۔ رہن کیا ہوا ؛
مَرہُونِ مِنّت (ع۔ص) احسانمند شکرگزار
مَرہُونہ (ع۔ص مث) رہن کی ہوئی چیز۔
مَری (ہ۔مث) وبا۔عام بیماری عام موت۔
مَری پڑنا (ہ) عام موتیں ہونا
مِرّیخ (ع۔مذ) منگل ستارہ۔جلّادِ فلک ؛
مُرید (ع۔ص) ارادہ کرنیوالا۔پیرو۔مطیع ؛
مَرِیض (ع۔مذ) بیمار (جمع مرضا) ؛
مَرِیل (ہ۔ص) دُبلا۔لاغر۔کمزور ؛
مَریَم (ع۔مث) حضرت عیسیٰؑ کی والدہ کا نام ؛
مَرِینہ (Merinos) (انگ۔مذ) ایک قسم کا اُونی کپڑا ؛

(م۔ڑ۔ز)

مُڑ جانا (ہ) واپس چلا جانا۔پھر جانا ؛
مُڑھی (ہ۔مث) سادھ ؛
مَزا (و) مزہ ؛
مِزاج (ع۔مذ) طبیعت۔کیفیت عادت سبھا۔غرور ؛
مزاج بگاڑنا (و) عادت خراب کرنا ؛
مِزاج پُرسی (ف۔مث) خیر خبریت۔ دریافت کرنا ؛
مزاج داں (ف۔ص) مزاج داں طبیعت سے واقف ؛
مزاج شریف (و۔محاورہ) آپ کا مزاج اچھا ہے ؛
مزاج کرنا (و) غرور کرنا۔دماغ کرنا ؛
مِزاجاً (ع) طبیعت کے لحاظ سے ؛
مَزاح (ع۔مث) مذاق۔ہنسی دل لگی ؛
مُزاحِم (ع۔ص) روکنے والا۔مانع۔حائل ؛
مُزاحمت (ع۔مث) روک۔مُمانعت ؛
مَزار (ع۔مذ) زیارت کی جگہ۔فقیر کی قبر۔ درگاہ۔گور۔قبر ؛
مُزارِع (ع۔مذ) کاشتکار۔کھیتی کرنیوالا ؛
مَزامیر (ع۔مذ۔ج) (واحد مزمار) یا

مزمور) سازنگماں۔ بانسریاں۔ راگ۔ گیت (مجازاً) مطربوں کا سب سازبھجن دُعا۔ داؤد علیہ السلام کے گیت جن کے مجموعے کا نام زبور ہے ؞

مزامیر داؤد (ع۔ مذ) حضرت داؤد علیہ السلام کے گیت۔ جن کے مجموعے کا نام زبور بھی ہے۔ کتاب زبور جو حضرت داؤد علیہ السلام پر نازل ہوئی تھی ؞

مزاولت (ع۔ مث) کسی کام کو ہمیشہ کرنا۔ متواتر استعمال ؞

مزبور (ع۔ ص) لکھا ہُوا۔ جس کا ذکر اُوپر آچکا ہے ؞

مزجات (ع۔ ص) تھوڑا۔ ادنےٰ۔ بےاعتبار۔

مزخرف (ع۔ مث) جھوٹی بات۔ بناوٹی بات (جمع مزخرفات) ؞

مزخرفات (ع۔ مث۔ ج) واہیات۔ باتیں (واحد مزخرف) ؞

مزد (ف۔ مث) اُجرت۔ بدلہ۔ صلہ۔

مزدور (ف۔ مذ) قلی۔ مزدوری کرنیوالا ؞

مزدوری (ف۔ مث) محنت مشقت۔ اُجرت۔ محنتانہ ؞

مزرع (ع۔ مذ) کھیتی ؞

مزرع آخرت (ع۔ مث) آخرت کی کھیتی۔ نیک اعمال ؞

مزروعہ (ع۔ ص) بوئی ہوئی زمین ؞

مزعفر (ع۔ ص) زعفرانی ؞

مزمن (ع۔ ص) پُرانا۔ کہنہ ؞

مزہ (ف۔ مذ) ذائقہ۔ لُطف حظ عیش ؞

مزہ اٹھانا (و) لطف حاصل کرنا۔ رنج اٹھانا ؞

مزہ اُڑانا (و) عیش کرنا۔ بہار لوٹنا۔

مزہ چکھنا (و) ذائقہ دیکھنا۔ سزا بھگتنا ؞

مزہ چکھانا (و) سواد چکھانا۔ سزا بھگتنا ؞

مزہ کرکرا کرنا (و) بےلطفی کرنا ؞

مزہ لوٹنا (و) عیش منانا۔ لُطف اٹھانا۔

مزہ دار (ف۔ ص) لذیذ ؞

مزے کی بات (و۔ مث) تماشے کی بات۔ لُطف کی بات ؞

مزے میں آنا (و) خوشی میں آنا ؛
مزید (ع.ص) زیادہ۔ اضافہ۔ زیادہ کیا ہوا ؛
مزید براں (ف.ص) اس کے علاوہ۔
مزین (ع.ص) سجایا ہوا۔ آراستہ ؛

(م - ژ - ر)

مژدہ (ف.مذ) خوشخبری۔ مبارک ؛
مژگاں (ف.مث) پلکیں ؛
مژہ (ف.مث) پلک ؛
مس (ف) تانبا ؛
مس خام (ف.مذ) ناصاف تانبا۔
مس گر (ف.مذ) ٹھٹھیرا۔ تانبے کے برتن بنانے والا ؛
مس (ہ.مث) مونچھوں کا رُواں۔ مونچھوں کا پٹھاٹھ ؛
مس (ددنہ) (انگ.مث) کنواری۔ جوان لڑکی۔ بن بیاہی ؛
مس (ع.مذ) چھونا ؛
مس کرنا (و) ہاتھ لگانا۔ چھونا ؛
مسا (ع.مذ) شام ؛

مساجد (ع.مث.ج) (واحد مسجد) ؛
مساحت (ع.مث) زمین کی پیمائش ؛
مساس (ع.مذ) چھونا۔ ہاتھ پھیرنا ؛
مساعد (ع.ص) مددگار ؛
مساعدت (ع.مث) مدد ؛
مساعی (ع.مث) کوششیں (واحد سعی)
مساعی جمیلہ (ع.مث) نیک کوششیں ؛
مسافت (ع.مث) فاصلہ۔ سفر ؛
مسافر (ع.مذ) سفر کرنے والا۔ پردیسی ؛
مسافر خانہ (ف.مذ) سرائے ؛
مسافرانہ (ف.ص) مسافروں کی طرح ؛
مسافرت (ع.مث) سفر۔ پردیس ؛
مسافری (ا.مث) سفر۔ پردیس ؛
مساکن (ع.مذ.ج) (واحد مسکن) مقامات ؛
مساکین (ع.مذ.ج) (واحد مسکین) غریب لوگ ؛
مسالا (ا) (مصالح کا ہند۔ جو عربی مصلحت کی جمع ہے۔ فارسی والے بطور مفرد ہر چیز کی تیاری کے لوازم

اور ضروریات کے معنوں میں استعمال کرتے ہیں۔ یہی عمل استعمال اُردو میں بھی ہے)
مذ } (۱) چُونا اور سُرخی وغیرہ عمارات کے لئے (۲) وہ کتابیں جن سے تالیف میں مدد ملے (۳) پٹھا۔ گوٹا۔ کناری وغیرہ۔ (۴) لونگ۔ الائچی۔ دھنیا۔ مرچ وغیرہ ؛

مُسالِک (ع۔مذ۔ج) (واحد مسلک) ؛

مَسام {ع۔مذ۔ج۔ سُوراخ کی جمع یا خود ہی واحد ہے اج } بدن کا سوراخ جس سے پسینہ نکلتا ہے۔ جسم کے چھوٹے چھوٹے سوراخ جو کھال میں ہوتے ہیں اس قسم کے سُوراخ ہر شے میں خصوصاً مٹی کے برتنوں میں موجود ہوتے ہیں جن میں سے مائعات رس رس کر باہر نکل آتے ہیں (فعل جمع آنا ہے)

مَسامات (ع۔مذ۔ج) (واحد مسام) ؛

مُساوات (ع۔مث) برابری۔ ہمسری۔ علم الجبر المقابلہ میں دو جملے جو قیمت کے لحاظ سے برابر ہوں (مصدر ہے)

مُساوی (ع۔ص) برابر۔ یکساں۔ ہموزن۔

مَسائِل (ع۔مذ۔ج) (واحد مسئلہ) ؛

مُسَبِّب (ع۔ص) باعث۔ سَبب ؛

مُسبّب الاسباب (ع۔مذ) خدا تعالےٰ ؛

مَسبُوق (ع۔ص) گزرا ہوا۔ سابق۔ گذشتہ ؛

مَست (ف۔ص) متوالا۔ مدہوش۔ مگن۔ ؛

مَستِ الست } (ف۔مذ) ازل کا
مَستِ ازل } مست۔ اُس روز کا مست جب خدا تعالیٰ نے قبل از ظہور مخلوق تمام روحوں کو جمع کرکے فرمایا تھا (کیا میں تمہارا پروردگار نہیں ہوں ؟) ؛

مَست ہونا۔ (و) نشے میں ہونا۔ گھمنڈ کرنا۔ خوش ہونا ؛

مُستاجر (ع۔مذ) ٹھیکہ دار۔ پٹہ دار ؛

مُستاجری (ف۔مذ) ٹھیکیداری ؛

مستان (و۔مذ) مست۔ مجذوب ؛

مُستانہ (ف۔ص) مست کی طرح ؛
مُستانہ چال (و۔مث) جھومتی چال۔
مستوں کی سی چال ؛
مُستانی (و۔مث) مست عورت۔دیوانی۔
مُستَتِر (ع۔ص) چھپنے والا۔ پوشیدہ ؛
(ع۔ص) علیحدہ کیا ہوا۔
ماسوا۔ بغیر ؛
مُستجاب (ع۔ص) وہ بات جس کا
جواب ملجائے۔ مانا ہوا قبول ؛
مُستحَب (ع۔ص) پسند کیا ہوا۔ فعل
جو رسولِ خدا نے پسند فرمایا ؛
مستحسن (ع۔ص) پسندیدہ۔ نیک
؛
مستحق (ع۔ص) حقدار۔ لائق۔ سزاوار ؛
مستحکم (ع۔ص) مضبوط۔ سخت ؛
مُستدعی (ع۔ص) درخواست کرنے
والا۔ خواہشمند ؛
مُسترَد (ع۔ص) رد کیا گیا۔ واپس کیا
ہوا ؛
مستری (و۔مذ) کاریگر۔ پیشہ ور ؛
مستزاد (ع۔مذ) زیادہ کیا ہوا۔ فن
عروض میں وہ شعر جن کے ہر
مصرع یا بیت کے بعد ایسا
ٹکڑا لگا ہوا ہو جو اس مصرع
کے رکن اوّل اور رکن آخر
کے برابر ہو۔ مگر زائد ہونے کے
باوجود اسکے ساتھ معنا مربوط ہو ؛
مُستَسقی (ع۔ص) پیاسا۔ استسقاء
کی بیماری والا ؛
مُستطاب (ع۔ص) مبارک۔ عمدہ۔
خوش ؛
مستطیل (ع۔مث) ایسی چوکور شکل
جس کے زاویے قائمے ہوں اور
مقابل کے ضلعے برابر ہوں ؛
مُستَظہر (ع۔ص) مدد یا ظہور چاہنے والا ؛
مستعار (ع۔ص) عاریتاً لیا ہوا مانگا
ہوا۔ عارضی ؛
مستَعجِل (ع۔ص) جلد باز ؛
مستعِد (ع۔ص) تیار۔ کمربستہ۔
ہوشیار۔ چُست ؛
مُستعفی (ع۔ص) استعفا دینے والا۔
نوکری چھوڑنے والا ؛

مستعمِل (ع۔ص) استعمال میں آیا ہوا۔ برتا ہوا۔ پُرانا ؛

مستغاث (ع۔مذ) وہ شخص جس سے فریاد کی جائے ؛

مستغرق (ع۔ص) نہایت مصروف ؛

مستغنی (ع۔ص) بے پرواہ۔ غنی۔ مالدار۔ آسُودہ ؛

مستغیث (ع۔ص) فریادی۔ مدّعی۔ سائل ؛

مستفسِر (ع۔ص) پوچھنے والا۔ سائل ؛

مستفید (ع۔ص) فائدہ چاہنے والا ؛

مستفیض (ع۔ص) فیض چاہنے والا۔

مستقبل (ع۔ص) آئندہ آنے والا زمانہ ؛

مستقَر (ع۔مذ) ٹھکانا۔ ٹھہرنے کی جگہ ؛

مستقرالخلافہ (ع۔مذ) دارالخلافہ۔ خلیفہ اسلام کا صدر مقام ؛

مستقِل (ع۔ص) مضبوط۔ پکا۔ قائم ؛

مستقِل آسامی (ا۔مث) پکی نوکری کی جگہ ؛

مستقِل مزاج (ا۔ص) اپنی بات پر قائم رہنے والا۔ ثابت قدم ؛

مستقیم (ع۔ص) سیدھا۔ راست۔

مُستک (س۔مذ) ماتھا۔ ہاتھی کا ماتھا۔

مُستکبر (ع۔ص) مغرور۔ غرور پسند ؛

مستلزم (ع۔ص) اپنے اوپر لازم کر لینے والا۔ کام ذِمّے لینے والا ؛

مُستمند (ع۔ص) حاجتمند ؛

مُستند (ع۔ص) سَند یافتہ۔ تصدیق کیا ہُوا۔ ٹھیک۔ قابلِ اعتبار۔ معتبر ؛

مستنبَط (ع۔ص) لیا ہوا۔ ایک بات میں سے دوسری نکالی ہوئی ؛

مُستوجب (ع۔ص) واجب۔ لائق۔ سزاوار ؛

مستُور (ع۔ص) پوشیدہ۔ مخفی ؛

مستُورات (ع۔مث) پوشیدہ چیزیں عورتیں۔ پردہ نشین عورتیں۔ (واحد مستورہ) ؛

مُستوفی (ع۔مذ) بخشی۔ خزانچی ؛
مستول (پرتگالی۔ مذ) کشتی کا ستون
بادبان ؛
مُستولی (ع۔ص) غالب ؛
مُستوی (ع۔ص) برابر۔ ہموار ؛
مستی (ف۔ مث) نشہ۔ بے ہوشی۔
جوشِ شہوت ؛
مستی چڑھنا (ہ) جوانی کا جوش مارنا
متوالا ہونا۔ مدھ پر آنا ؛
مسٹر (Mister) (انگ۔ مذ)
صاحب۔ عزت کے لئے
بولتے ہیں ؛
مسٹنڈا (ہ۔ مذ) موٹا تازہ۔ ہٹا کٹا ؛
مسٹنڈی (ہ۔ مث) ہٹی کٹی
مسجد (ع۔ مث) سجدہ کرنے کی جگہ۔
عبادت گاہ۔ (جمع مساجد) ؛
مسجد اقصےٰ (ع۔ مث) بیت المقدس کی
مسجد ؛
مسجد ڈھئی کرنا (ہ) مسجد گرانا ؛
مُسَجَّع (ع۔ص) وہ عبارت جس میں تک یا قافیہ بند۔
مسجود (ع۔ص) جس کو سجدہ کیا جائے۔

مَسح (ع۔مذ) ہاتھ پھیرنا ؛
مَسحی (ع۔ مث) چمڑے یا پٹے کا
موزہ جس پر مسح جائز ہے ؛
مَسخ (ع۔ص) صورت بگڑ جانا ؛
مُسخَّرہ (ع۔ص) فتح کیا گیا۔ مطیع ؛
مَسخرہ (ع۔ مث) ظریف ؛
مسخرہ پن (ہ۔ مث) ہنسی۔ ٹھٹھا ؛
مسخرگی (ف۔ مذ) ہنسی۔ ٹھٹھا ؛
مُسَدَّس (ع۔ مذ) چھ برابر ضلعوں والی
شکل۔ وہ نظم۔ جس کے چار
مصرعے ہم قافیہ اور اخیر کی بیت
نئے قافیے کے ساتھ ہو ؛
مَسدود (ع۔ص) بند کیا ہوا۔ روکا ہوا۔
مَسَرَّت (ع۔ مث) خوشی ؛
مُسرِف (ع۔ص) فضول خرچ ؛
مسرور (ع۔ص) خوش۔ خرسند ؛
مِسِز (Mistress) مخفف
(MRS.) (انگ۔ مذ) شادی
شدہ عورتوں کے ناموں کے
ساتھ آتا ہے۔ اور خاوند کے نام
کا مضاف الیہ ہوتا ہے۔ خاتون بیگم۔

مُسطّح (ع۔ص) جس کی سطح برابر ہو۔ ہموار جگہ ÷

مِسطر (ع۔مذ) سطریں کھینچنے کا آلہ۔ وہ کاغذ کی دفتی جس پر سطریں کھینچنے کے واسطے ڈورے سیئے ہوئے ہوتے ہیں ÷

مَسطُور (ع۔ص) لکھا ہوا۔ مرقوم ÷

مَسعُود (ع۔ص) نیک۔ نیک بخت ÷

مسقط (ع۔مذ) گرنے کی جگہ۔ عرب کا ایک مشہور شہر ÷

مُسقّف (ع۔ص) پٹا ہوا۔ چھت دار ÷

مُسکِر (ع۔مث) نشہ دینے والی چیز ÷

مُسکرانا (ہ) ہونٹوں ہی ہونٹوں میں ہنسنا۔ آہستہ ہنسنا۔ خندۂ زیر لب ÷

مُسکراہٹ (ہ۔مث) ہنسی جس میں لب نہ کھلیں۔ خندۂ زیر لب ÷

مَسکَن (ع۔مذ) رہنے کی جگہ۔ گھر۔ مکان (جمع مساکن) ÷

مَسکوک (ع۔ص) سکّہ بنایا ہوا۔ ٹھپّہ لگایا ہوا ÷

مِسکین (ع۔ص) بیچارہ۔ غریب۔ مفلس (جمع مساکین) ÷

مِسکین صورت (ع۔ص) دیکھنے میں غریب۔ مگر دراصل بڑا خطرناک۔

مِسکین طبع (ع۔مذ) منکسر المزاج۔ غریب ÷

مِسل (ہ۔مث) کاغذوں کا فائل۔ روئداد مقدمہ ÷

مَسل ڈالنا (ہ) کچل ڈالنا۔ پائمال کرنا۔

مُسلّح (ع۔ص) ہتھیار لگائے ہوئے تیار۔

مَسلخ (ع۔ص) بوچڑخانہ۔ قتل گاہ۔

مَسلک (ع۔مذ) راستہ۔ مذہب۔ طور۔ طریقہ۔ طریق۔ (جمع مسالک) ÷

مُسلسل (ع۔ص) لگاتار۔ مُتواتر ÷

مُسلّط (ع۔ص) قابض۔ غالب ÷

مُسلّم (ع۔ص) برقرار رکھا ہوا۔ پُورا۔ کامل۔ سب۔ سارا۔ تسلیم کیا ہوا۔ مانا ہوا۔ واجب التسلیم (۲۔ ر) بیشک۔ درست (۳) فرد واجب ÷

مُسلِم (ع.ص) مسلمان ؛
مُسلمان (ف.مذ) مذہب اسلام کا پیرو۔ مسلم ؛
مُسلمانی (ف.مث) (۱) اسلام۔ (۲) ختنہ ؛
مَسلنا (ہ) (۱) ہاتھوں سے ملنا یا رگڑنا۔ (۲) کچلنا۔ پائمال کرنا۔ (۳) دبانا ؛
مَسلُوب (ع.ص) سلب کیا ہوا۔ چھینا ہوا۔ مٹایا ہوا ؛
مَسلُوبُ العقل (ع.ص) سودائی۔ بے عقل۔ دیوانہ ؛
مَسلُول (ع.ص) سِل کی بیماری والا۔ کھینچی ہوئی۔ باہر نکالی ہوئی۔ جیسے سَیف مَسلول ؛
مُسمّاۃ (ہ.مث) نام رکھی ہوئی۔ یہ لفظ اُردو میں عورت کے نام کے ساتھ لکھا جاتا ہے ؛
مِسمار (ع.مث) (۱) میخ۔ کیل۔ (۲) گرانا۔ انہدام (کرنا۔ ہونا) ؛
مُسمسی (ہ.ص) دیکھنے میں غریب ؛
مُسمسی صُورت (ہ.مث) گربہ مسکین۔ غریب صورت ؛
مَسمُوع (ع.ص) سُنایا ہوا۔ قبول کیا ہوا ؛
مَسمُوم (ع.ص) جس کو زہر دیا گیا ہو۔ زہر آلود ؛
مُسمّیٰ (ع.ص) موسوم۔ نامی ؛
مِسمریزم (mesmerism) (انگ.مذ) جادو۔ ڈاکٹر میسمر (۱۷۳۴-۱۸۱۵ء) ساکن آسٹریا کا ایجاد کیا ہوا طریقہ۔ جس میں توجہ ڈال کر معمول کو مسحور کر لیا جاتا ہے ؛
مُسِن (ع.ص) بُوڑھا۔ سن رسیدہ ؛
مَسنَد (ع.مث) تکیہ لگا کر بیٹھنے کی جگہ۔ امیرانہ گدی۔ جگہ۔ گدی۔ تخت (جمع مَسانِد) ؛
مَسنَد آرا (ف.مذ) مسند نشین ؛
مَسنَد نشین (ف.مذ) گدی نشین ؛
مُسنَد (ع.مذ) علم نحو میں خبر جو مبتدا کا نقیض ہے ؛

مُسنَدالیہ (ع۔مذ) مبتدا ۔
مَسنُون (ع۔ص) سنت کی ہوئی جائز
مِسوَاک (ع۔مث) داتن۔ دوزن۔
مُسَوَّدہ (ع۔مذ) لکھا ہوا مضمون ۔
مَسُوڑا (ہ۔مذ) دانتوں کے اوپر کا گوشت ۔
مَسوَسنا (ہ) مروڑنا۔ بجوڑنا۔ افسوس کرنا۔ کڑھنا۔ مجبوراً۔ صبر کرنا ۔
مَسہَری (ہ۔مث) پردہ دار پلنگ ۔
مُسہِل (ع۔مذ) دست لانے والی شے جلاب ۔
مَسئَلہ (ع۔مذ) سوال دریافت۔ مطلب بات (جمع مسائل) ۔
مِسّی (ف۔ص) تانبے کا ۔
مِسّی (ہ۔مث) دانتوں پر ملنے کا منجن۔
مِسّی کی دھڑی جمانا (ہ) ہونٹوں پر مسّی کی تہ جمانا ۔
مَسِیح (ع۔مذ) حضرت عیسیٰ علیہ السلام ۔
مَسِیحا (ف۔مذ) حضرت عیسیٰ کا لقب۔
مَسِیحائی (ف۔مث) زندگی بخشنا۔ مُردے کو زندہ کرنا ۔
مَسِیحائی کرنا (ہ) جلانا۔ مرتے کو جلانا ۔
مَسیں (ہ۔مث۔ج) (واحد مس) موچھوں کے روئیں جو ابتدا میں نکلتے ہیں۔ سبزہ آغاز ۔
مَسیں بھیگنا۔ موچھوں کے روئیں نکلنا۔ سبزہ آغاز ہونا۔ آغازِ شباب ہونا ۔

(م ۔ ش)

مُشَابِہ (ع۔ص) مانند۔ مثل۔ ہمشکل ۔
مُشَابَہت (ع۔مث) مطابقت۔ شکل ۔
مُشَار (ع۔ص) اشارہ کیا ہوا ۔
مُشَارٌالیہ (ع۔ص) جس کیطرف اشارہ کیا جائے ۔
مَشّاطہ (ع۔مث) کنگھی۔ چوٹی کرنے والی عورت۔ نائن ۔
مُشَاعِرہ (ع۔مذ) شعر خوانی کی مجلس۔
مَشَاغِل (ع۔مذ) شغل۔ کام (واحد مشغلہ) ۔

مُشافہ. (ع۔ مذ) سامنے۔ رو برو ؛
مُشّاق (ع۔ ص) ماہر۔ کامل تجربہ کار۔
مَشام (ع۔ مذ) دماغ۔ سونگھنے کی جگہ۔
مُشاوَرَت (ع۔ مث) آپس میں صلاح کرنا۔ مشورہ کرنا ؛
مُشاہَدہ (ع۔ مذ) دیکھنا۔ نظارہ ؛
مُشاہَرہ (ع۔ مذ) تنخواہ ؛
مَشاہیر (ع۔ مذ۔ ج) مشہور لوگ۔ نامور آدمی۔ (واحد مشہور) ؛
مَشائخ (ع۔ مذ جمع الجمع) (واحد شیخ) بزرگ لوگ ؛
مَشّائین (ع۔ مذ۔ ج) حکیموں کا ایک گروہ ہے جو کسی شے کو بغیر دلیل کے نہیں مانتے (واحد مشّائی) ؛
مُشَبَّہ (ع۔ ص) تشبیہ دیا ہُوا ؛
مُشَبَّہ بہ (ع۔ مذ) وہ چیز ہیں جس کے ساتھ تشبیہ دیں ؛
مُشت (ف۔ مث) مٹھی ؛
مُشتِ استخواں (ف۔ مث) مٹھی بھر ہڈیاں۔ تھوڑی سی ہڈیاں (مجازاً) انسان ؛
مُشتِ خاک (ف۔ مث) مٹھی بھر خاک۔ (مجازاً) انسان ؛
مُشت زَن (ف۔ مذ) پہلوان۔ زور آور۔ جلق زن ؛
مُشتاق (ع۔ ص) شوق رکھنے والا۔ خواہشمند ؛
مشتاقانہ (ف) مشتاق کی مانند ؛
مُشتَبہ (ع۔ ص) مشکوک ؛
مُشتَرک (ع۔ ص) ساجھے کا۔ اکٹھا ؛
مُشتَرکہ (ع۔ ص) ساجھے کا۔ شراکت کا شریک۔ ملا ہوا ؛
مُشتَری (ع۔ مذ) خریدار۔ گاہک۔ ایک سیّارے کا نام ہے ؛
مُشتَعِل (ع۔ ص) بھڑکتا ہوا۔ جوش میں ؛
مُشتَغِل (ع۔ ص) مشغول۔ معروف ؛
مُشتَق (ع۔ ص) نکالا ہوا۔ وہ لفظ جو دوسرے لفظ سے بنایا جائے ؛
مُشتَمِل (ع۔ ص) شامل کیا ہوا۔ شریک شامل ؛
مُشتَہَر (ع۔ ص) مشہور۔ اشتہار دیا ہوا ؛

مُشتہر (ع-ص) منادی کرنے والا۔ اشتہار دینے والا ؛
مُشتہی (ع-ص) بھوک لگانیوالی شئے ؛
مُشخص (ع-ص) تشخیص کیا ہوا۔ تجویز کیا ہوا معیّن ؛
مُشدّد (ع-ص) وہ حرف جس پر شدّ ہو ؛
مِشر (س-مذ) شریف۔ پنڈت۔ باورچی ؛
مَشرب (ع-مذ) پانی پینے کی جگہ۔ مذہب۔ پنتھ۔ (جمع مشارب)
مُشرّح (ع-ص) تشریح کیا ہوا۔ واضح ؛
مُشرّف (ع-ص) معزز۔ ممتاز ؛
مُشرف (ع-مذ) ناظر۔ میر۔ منشی ؛
مشرق (ع-مث) روشنی نکلنے کی جگہ۔ پورب۔ (جمع مشارق)
مشرقِ ادنےٰ (و-مث) ایشیا کا مغربی حصّہ جو پورب کے قریب واقع ہے۔ ٹرکی۔ عرب۔ عراق۔ فلسطین اور شام وغیرہ کا علاقہ
مشرقِ بعیدہ (و) ایشیا کا مشرقی حصّہ جو پورب سے دُور واقع ہے چین اور جاپان کے ممالک ؛
مُشرقِ وسطیٰ (و) ایشیا کا وہ حصّہ جو مشرقِ ادنےٰ اور مشرقِ بعیدہ کے درمیان واقع ہے۔ یعنی ہندوستان اور اُس کے آس پاس کے ممالک ؛
مُشرقی (ع-ص) مشرق کا رہنے والا۔ ایشیائی ؛
مُشرقی زبانیں (و-مث) عربی۔ فارسی۔ سنسکرت وغیرہ ؛
مشرقی خیالات (ع-مذ) پرانے خیالات ؛
مُشرک (ع-ص) شرک کرنے والا۔ بُت پرست ؛
مشروط (ع-ص) وہ بات جس کے ساتھ کوئی شرط بھی ہو۔ جس بات پر شرط لگائی گئی ہو ؛
مشروع (ع-ص) جائز۔ شرع کے

موافق (ا۔ مذ) ایک قسم کا ریشمی سوتی کپڑا۔

مَشعل (ع۔ مث) موٹا فلیتہ۔ مشال۔

مشعل لے کے ڈھونڈنا (و) بہت تلاش کرنا۔

مَشعَلچی (ا۔ مذ) مشعل اٹھانیوالا۔ مشعل دکھانے والا۔

مَشغَلہ (ع۔ مذ) شغل۔ کام (جمع مشاغل)

مَشغول (ع۔ ص) معروف۔

مَشغولی (ف۔ مث) مصروفیت۔ کام۔

مُشفِق (ع۔ ص) مہربان۔ دوست۔

مُشفقانہ (ف) محبانہ۔ دوستانہ۔

مَشق (ع۔ مث) کسی کام کو بار بار کرنا۔ مہارت۔

مُشقّت (ع۔ مث) محنت۔ تکلیف۔

مَشقی (ع۔ مث) وصلی۔ مشق کرنے کا کاغذ۔ مشق کے متعلق۔

مَشک (ف۔ مث) پانی بھرنے کی بکری کی سِلی ہوئی کھال۔

مُشک (ف۔ مذ) کستوری۔ نافہ۔

مُشک نافہ (ف۔ مذ) مُشک والے ہرن کی ناف جس کے اندر مُشک ہوتا ہے۔

مُشکِل (ع۔ ص) کٹھن۔ دُشوار۔ دُشواری دِقّت

مشکل آسان ہونا (و) مشکل حل ہونا۔ سختی دُور ہونا۔

مشکل پڑنا (و) دِقّت پیش آنا۔ مصیبت پڑنا۔

مشکل پسند (ف۔ ص) سخت الفاظ یا مضمون لکھنے یا شعر کہنے والا۔

مشکل کُشا (ف۔ ص) مشکل حل کرنے والا۔ لقب حضرت علیؓ۔

مشکلات (ع۔ مذ۔ ج) (واحد مشکل)

مشکُور (ع۔ ص) وہ شخص جس کا شکریہ ادا کیا گیا ہو (شاکر کے معنوں میں استعمال کرنا غلط ہے)۔

مشکوک (ع۔ ص) شک کیا گیا۔ غلط۔

مُشکوے (ف۔ مذ) محل۔ کوشک۔

مُشکی (ف۔ ص) سیاہ رنگ کا۔

مشکیزہ (ف۔ مذ) چھوٹی مشک (کپی)

مُشکیں (ف۔ ص) سیاہ رنگ کا۔ خوشبودار۔

مشکیں (ا۔ مث۔ ج) دونوں بازو۔ (اس کا واحد نہیں آتا) ؛

مشکیں باندھنا (ہ) دونوں ہاتھ پیچھے کو باندھنا ؛

مشموّل (ع۔ ص) شامل کیا گیا ؛

مشمولہ (ع۔ ص) شامل۔ ملا ہوا ؛

مشن (Mission) (انگ۔ مذ) سفارت۔ ایلچی گری۔ پادریوں کا محکمہ۔ پادریوں کے رہنے کی جگہ ؛

مشن اسکول (Mission School) (انگ۔ مذ) عیسائیوں کا مدرسہ ؛

مشنری (Missionary) (انگ۔ مذ) مبلغ۔ مذہب پھیلانے والا۔ پادری ؛

مشورت (ع۔ مث) صلاح۔ کمیٹی ؛

مشورہ (ع۔ مذ) صلاح ؛

مشورہ لینا (ہ) صلاح لینا۔ پوچھنا ؛

مشوش (ع۔ ص) پریشان کرنے والی بات ؛

مشہد (ع۔ مذ) شہادت گاہ۔ ایران کا ایک مشہور شہر ہے ؛

مشہود (ع۔ ص) ظاہر۔ ثابت کیا گیا ؛

مشہور (ع۔ ص) نامور۔ الم نشرح عام (جمع مشاہیر) ؛

مشہور و معروف (ع۔ ص) نامی۔ نامور ؛

مشیت (ع۔ مث) مرضی۔ ارادہ ؛ تقدیر۔ خدا کی مرضی ؛

مشیت ایزدی (ف۔ مث) خدا کی مرضی۔ حکم الٰہی ؛

مشیخت (ع۔ مث) بزرگی۔ گھمنڈ ؛

مشیخت مآب (ع۔ مذ) بزرگ۔ معزز ؛

مشیر (ع۔ مذ) مشورہ دینے والا۔ وزیر ؛

مشیر قانون (ع۔ مذ) قانونی مشورہ دینے والا ؛

مشیر مال (ع۔ مذ) وزیر مال ؛

مشین (Machine) (انگ۔ مث) کل ؛

مشین [(ا ع شین) خوبصورتی کے ساتھ لکھنا] ص) سجیلا

طرحدار۔ وضعدار۔ خوبصورت ؛

مشینری (Machinery) (انگ۔مث) کل پُرزے ؛

(م۔ص)

مُصاحِب (ع۔مذ) ساتھی۔ جلیس۔ ہم صحبت۔ رفیق۔ ہم نشین۔ خاص دوست ؛

مُصاحبت (ع۔مث) سنگت۔ رفاقت۔

مُصاحِف (ع۔مذ۔ج) (واحد مصحف) ؛

مُصادِر (ع۔مذ۔ج) (واحد مصدر) ؛

مُصارِف (ع۔مذ۔ج) (واحد مصرف) ؛ اخراجات۔ خرچ ؛

مَصاف (ع۔مں) میدان جنگ۔ لڑائی جنگ ؛

مُصافحہ (ع۔مذ) ملاقات کے وقت ہاتھ ملانا ؛

مَصالح (ع۔مث۔ج) (واحد مصلحت) نیکیاں۔ بھلائیاں۔ مصلحتیں ؛

مصالح ملکی (ف۔مث) ملکی ضروریات ملی تدابیر ؛

مُصالحت (ع۔مث) آپس میں صلح کرنا یا کرانا ؛

مَصائب (ع۔مذ۔ج) (واحد مصیبت)

مِصباح (ع۔مث) چراغ۔ دیا (جمع مصابیح) ؛

مُصحِّح (ع۔مذ) درست کرنیوالا۔ اصلاح کرنیوالا۔ پروف پڑھنے والا ؛

مُصحِّح سنگ (ف۔مذ) پتھر پر غلطیاں درست کرنیوالا۔ سنگ ساز ؛

مُصحَف (ع۔مذ) قرآن شریف (جمع مصاحِف) ؛

مُصحفی (ع۔مذ) ایک مشہور اُردو گو شاعر[1] کا تخلص ہے ؛

مِصداق (ع۔مں) تصدیق کرنیوالا ؛

مَصدَر (ع۔مذ) نکلنے کی جگہ۔ اصل جڑ۔ وہ کلمہ جس سے فعل اور صیغے مشتق ہوں (جمع مصادِر) ؛

مُصدِّق (ع۔ص) تصدیق کرنے والا۔

مُصدَّقہ (ع۔ص) تصدیق شدہ۔ درست

مُصِر (ع۔ص) اصرار کرنے والا۔ بات پر اَڑنے والا ؛

---

[1] مجازاً موافق۔ شہادت۔ دلیل۔ راستی

مصر (ع۔مذ) شہر۔ نگر۔ افریقہ کے ایک ملک کا نام ہے (جمع امصار)

مِصرَع {۱ (ومصراع ۔ مذ} بیت کا نصف۔ آدھا شعر (جمع مصاریع)

مصرع لگانا (۱) ایک مصرع پر دوسرا مصرع لگا کر شعر پورا کرنا۔

مَصرُوف (ع۔ص) کام میں لگا ہُوا۔ مشغول ؛

مُصرِف (ع۔ص) خرچ کرنے والا۔

مَصرَف (ع۔مذ) خرچ کرنیکی جگہ۔ خرچ کام۔ مطلب (جمع مَصارِف) ؛

مِصری (ع۔مث) مصر کا رہنے والا۔ نبات۔ جمائی ہوئی قند

مصری کی ڈلی (و۔مث) مصری کا ٹکڑا۔ نہایت شیریں ؛

مُصطفےٰ (ع۔مذ) پسندیدہ۔ رسُول خدا کا لقب ہے ؛

مُصطلح (ع۔ص) اصطلاح۔ محاورہ ؛

مُصَفّا (ع۔ص) صاف۔ پاک ؛

مصفّی (ع۔ص) صاف کرنے والا ؛

مصفّی خون (ف۔مذ) خون کو صاف کرنے والی دوا ؛

مُصقلہ (ع۔مذ) ریتی۔ صیقل کرنے کا آلہ ؛

مُصلّا۔ مُصلےٰ (ع۔مذ) نماز پڑھنے کی جگہ۔ جا نماز ؛

مُصلِح (ع۔مذ) دُرست کرنے والا۔ ریفارمر

مَصلحت (ع۔مث) بھلائی۔ پالیسی۔ مناسب تجویز (جمع مصالح)

مصلحت وقت (ع۔مث) موجودہ پالیسی۔ ضرورت زمانہ ؛

مصلحت ملکی (ع۔مث) تدابیر۔ پالیسی ؛

مصلحتاً (ع) از روئے مصلحت ؛

مَصلُوب (ع۔ص) سُولی پر چڑھایا گیا ؛

مُصلّی (ع۔مذ) نمازی ؛

مُصمّم (ع۔ص) پکّا۔ محکم ؛

مُصمّم ارادہ (ع۔مذ) پکّا ارادہ ؛

مُصنّف (ع۔مذ) کتاب لکھنے والا ؛

مَصنُوع (ع۔ص) بنائی ہوئی ؛

مصنوعات (ع۔ص۔ج) بنی ہوئی چیزیں

چیزیں۔ وہ چیزیں جو کسی
ملک میں ہاتھوں یا کلوں کے
ذریعے سے بنتی ہیں ؛

مَصنُوعی (ع۔ص) بنی ہوئی۔ بناوٹی۔
غلط ؛

مُصَوَّر (ع۔مذ) تصویر والا۔ تصویردار۔
منقّش ؛

مُصَوِّر (ع۔مذ) تصویر بنانے والا۔
نقاش ؛

مُصَوِّری (ع۔مث) نقاشی ؛

مَصُون (ع۔ص) محفوظ (مصوّن غلط ہے)

مُصِیبَت (ع۔مث) بلا۔ آفت۔ دُکھ
رنج تکلیف۔ (جمع مصائب) ؛

مُصِیبَت اُٹھانا (ف) تکلیف اُٹھانا۔
سختی اُٹھانا ؛

مصیبت پڑنا (ف) آفت پڑنا۔
بپتا پڑنا ؛

مصیبت زدہ (ف۔ص) آفت کا
مارا۔ بدنصیب ؛

مصیبت ناگہانی (ف۔مث)
ناگہانی آفت ؛

(م۔ض)

مضارع (ع۔مذ) وہ فعل جس میں
حال اور مستقبل دونوں زمانے
پائے جائیں ؛

مُضاعَف (ع۔ص) دُگنا۔ ڈبل۔ دو۔
چند۔ (اسم مفعول ہے) ؛

مُضاف (ع۔ص) شامل۔ ملحق کیا ہوا۔
منسوب۔ وہ اسم جو کسی اور اسم کی
طرف منسوب کیا گیا ہو ؛

مُضاف الیہ (ع۔مذ) وہ اسم جس کے
ساتھ کسی چیز کی نسبت ہو ؛

مُضافات (ع۔مذ۔ ج) گردونواح
آس پاس کے گاؤں۔ (واحد
مضاف ان معنوں میں غیر مستعمل)

مضامین (ع۔مذ۔ج) (واحد مضمون)
مطالب ؛

مُضائقہ (ع۔مذ) تنگی۔ قباحت۔ ڈر۔
خوف ؛

مضبُوط (ع۔ص) پکّا۔ پائدار۔ سخت۔
تندرست ؛

مضبُوطی (ع۔مث) پختگی۔پائیداری۔ طاقت ۞
مَضحکہ (ع۔مذ) مذاق۔ٹھٹھا (اڑانا۔ کرنا) ۞
مَضحکہ اُڑانا (و) ٹھٹھا کرنا۔ ذلیل کرنا۔ ہنسنا ۞
مضحکہ خیز (ف۔ص) ہنسانے والی بات۔عجیب بے تُکی بات ۞
مُضِر (ع۔ص) نقصان دینے والی بات یا شئے ۞
مِضراب (ع۔مث) ستار بجانے کے لئے لوہے کا چھلّہ جو انگلی پر چڑھایا جاتا ہے ۞
مَضَرَّت (ع۔مث) نقصان۔زیاں ایذا ۞
مَضَرّت رسانی (ف۔مث) ایذا۔ رسانی۔تکلیف دہی ۞
مضرُوب (ع۔ص) ضرب دیا گیا۔ وہ ہندسہ جسے کسی دُوسرے ہندسے سے ضرب دی گئی ہو مجروح ۞
مضرُوب‌ﻣﺎ (ع۔مذ) وہ ہندسہ جس سے کسی ہندسہ کو ضرب دی گئی ہو ۞
مُضطَر (ع۔ص) بے قرار۔بے آرام۔ پریشان ۞
مضطرِب (ع۔ص) بے قرار۔ بے چین۔ پریشان۔ ہکّا۔ بکّا ۞
مُضغہ (ع۔مذ) گوشت کا ٹکڑا۔ لوتھڑا پیٹ کا وہ بچّہ جس میں جان نہ پڑی ہو۔
مُضمحل (ع۔ص) تھکا ہوا۔ کمزور۔ اُداس ۞
مُضمَر (ع۔ص) پوشیدہ۔ مخفی ۞
مضمُوم (ع۔ص) جس حرف پر پیش ہو۔
مضمُون (ع۔مذ) انشاء۔ معنی۔ (جمع مضامین) ۞
مضمون لڑانا (و) مضمون اور مطلب کا تطابق ہونا ۞
مضمون نگار (ف۔مذ) انشاء پرداز۔ مضمون لکھنے والا ۞
مضمون واحد ہونا (و) ہم مطلب ہونا ۞

مضیٰ (ع۔مں) گزر گیا۔ گزرا ہوا ؛

مطابع (ع۔مذ۔ج) (واحد مطبع) ؛
مُطابق (ع۔مذ) برابر۔ موافق۔ مانند ؛
مطابقت (ع۔مں) برابری موافقت ؛
مُطاع (ع۔مں) اطاعت کیا گیا۔
مخدوم۔ بزرگ ؛
مطالب (ع۔مذ۔ج) (واحد مطلب)
مُطالبہ (ع۔مذ۔ج) اپنا حق طلب
کرنا۔ دعویٰ۔ قرضیٰ ؛
مطالبہ کرنا (و) قرضہ مانگنا۔ تقاضا ؛
مطالعہ (ع۔مذ) پڑھنا۔ غور۔ دھیان ؛
مطالعہ کرنا (و) کتاب دیکھنا۔ پڑھنا ؛
مَطَب (ع۔مذ) وہ جگہ جہاں حکیم بیٹھکر
بیماروں کا علاج کرتا ہے ؛
مَطبَخ (ع۔مذ) باورچی خانہ ؛
مطبع (ع۔مذ) چھاپے خانہ ؛
مَطبُوخ (ع۔ص) آگ پر پکی ہوئی چیز۔
مطبُوع (ع۔ص) (۱) چھپا ہوا (۲) دل
پسند۔ مرغوب ؛

مَطبُوعہ (ع۔مں) چھپا ہوا۔ طبع شدہ۔
مُطرِب (ع۔مذ) گویّا۔ کلاونت۔ قوال ؛
مَطعُون (ع۔مں) طعن دیا گیا۔ الزام
دیا گیا۔ بدنام۔ رُسوا ؛
مُطلّا (ع۔مں) سنہری ؛
مَطلَب (ع۔مذ) معنی۔ مقصد۔ خود
غرض (جمع مطالب) ؛
مطلب براری (ت۔مث) کام
نکالنا۔ حاجت روائی ؛
مطلب کا یار (ا۔مذ) خودغرض مطلبی
مَطلَبی (و۔مذ) خود غرض ؛
مَطلَع (ع۔مذ) چاند سُورج کے نکلنے
کی جگہ۔ غزل یا قصیدے کی پہلی
بیت (جمع مطالع) ؛
مطلع صاف ہونا۔ (و) آسمان کا
ابر اور غبار سے صاف ہونا۔ کچھ
روک ٹوک نہ ہونا ؛
مُطّلِع (ع۔مں) واقف۔ خبردار ؛
مُطّلِع کرنا (و) خبر دینا۔ آگاہ کرنا ؛
مُطلَق (ع۔مں) بالکل قطعیٰ ؛
مُطلَق العنان (ع۔مں) بے لگام۔

خودمختار۔ خودسر ؛
مُطلَقاً (ع) بالکل۔ قطعی ؛
مُطلقہ (ع۔مث) طلاق دی ہوئی عورت
مطلوب (ع۔ص) طلب کیا گیا۔
درکار۔ مقصود۔ معشوق ؛
مَطلع (ع۔مث) نظر پڑنے کی جگہ ؛
مَطلعِ نظر (ع۔مذ) نصب العین۔ مقصد۔
مُطمئن (ع۔ص) اطمینان پانے والا۔
تسلّی یافتہ۔ بے فکر ؛
مُطَوَّقہ (ع۔ص) طوق والا پرندہ۔
کبوتر۔ قمری وغیرہ ؛
مُطہّر (ع۔ص) پاک کرنے والا ؛
مِطہَرہ (ع۔مذ) وضو کا لوٹا۔ چھاگل
آفتابہ ؛
مُطیِّب (ع۔ص) خوشبو دار۔ معطّر ؛
مُطیر (ع۔ص) بولنے والا ؛
مُطیع (ع۔ص) فرمانبردار۔ تابعدار۔
ماتحت ؛
مطیع کرنا (و) فتح کرنا۔ ماتحت بنانا۔
مغلوب کرنا ؛

(م۔ظا۔ع)

مَظاہر (ع۔مذ۔ج) نظارے (واحد مظہر)
مظاہرہ (و۔مذ) کسی بات کیخلاف
علی الاعلان اظہار رائے
کرنا۔ علانیہ مخالفت۔ مجاہرہ۔
مُظَفَّر (ع۔ص) فتحمند۔ کامیاب ؛
مَظلمہ (ع۔مذ) ظلم۔ جور۔ سختی ؛
مظلوم (ع۔ص) ستم رسیدہ۔ ستایا ہوا۔
ظلم کیا گیا ؛
مظنون (ع۔ص) مشکوک ظن کیا گیا ؛
مَظہَر (ع۔مذ) ظاہر ہونے کی جگہ۔ قدرتی
قوتوں کے ظہور کی شکل جیسے
شبنم۔ بادل وغیرہ (جمع مظاہر) ؛
مُظہِر (ع۔ص) بیان کرنے والا۔ اظہار
کرنے والا ؛
مَع (ع) ساتھ۔ سمیت ؛
مع الخیر (ا) خیریت کے ساتھ۔
سلامتی سے ؛
مَعَہٰذا (ع) اس کے ساتھ۔ علاوہ۔
باوجود اس کے ؛

مَعًا (ف) فوراً۔ اسی وقت ۔

مَعابِد (ع۔ مذ۔ ج) (واحد مَعبَد) عبادت خانے ۔

مَعابِر (ع۔ مذ۔ ج) (واحد مَعبَر)۔ دریا عبور کرنے کی جگہ۔ گھاٹ ۔

مَعاد (ع۔ مث) دوسرا جہان۔ قیامت ۔

مُعادَلت (ع۔ مث) انصاف۔ برابری۔ مساوات ۔

مَعادِن (ع۔ مذ۔ ج) (واحد مَعدَن)

مَعاذ (ع۔ مث) جائے پناہ ۔

مَعاذَاللہ (ع۔ مذ) خدا کی پناہ۔ توبہ ۔

مَعارِج (ع۔ مث۔ ج) (واحد مِعراج) سیڑھیاں ۔

مُعارَضہ (ع۔ مذ) جھگڑا۔ فساد ۔

مَعاش (ع۔ مث) روزی۔ خوراک۔ گزران ۔

مُعاشرت (ع۔ مث) مِل جُل کر زندگی گزارنا۔ رہنا سہنا ۔

مُعاشقہ (ع۔ مذ) آپس میں اظہارِ عشق و محبت کرنا۔ کورٹ شپ ۔ شادی سے پہلے ایک دوسرے سے اظہارِ محبت کرنا ۔

مُعاصِر (ع۔ مذ) ہم زمانہ۔ ہم عصر ۔

مُعاصِرین (ع۔ مذ۔ ج) (واحد معاصر)

مَعاصی (ع۔ مذ۔ ج) (واحد مَعصِیَہ) گناہ۔ پاپ ۔

مُعاطفت (ع۔ مث) مہربانی۔ کرم۔ عنایت ۔

مُعاف (ع) بخشا گیا۔ درگزر۔ چھوڑ دینا ۔

مُعافی (ع۔ مث) بخشش۔ عفو۔ چھوٹ ۔

مُعالِج (ع۔ مذ) علاج کرنے والا۔ طبیب۔ ڈاکٹر ۔

مُعالَجہ (ع۔ مذ) دوا۔ دارو۔ علاج ۔

مُعامَلات (ع۔ مذ۔ ج) کاروبار۔ جھگڑے (واحد مُعامَلہ) ۔

مُعامَلہ (ع۔ مذ) باہم مِل کر کوئی کام کرنا۔ کام کاج۔ لین دین۔ جھگڑا۔ مال گزاری (جمع معاملات) ۔

مُعامَلہ شناس ([illegible]) [illegible] سمجھنے والا ۔

مُعامَلہ فہم ([illegible]) معاملہ شناس ۔

مُعانِد (ع - مذ) دشمن - مخالف +

مُعانَدَت (ع - مث) دشمنی - عناد - جھگڑا +

مُعانَقَہ (ع - مذ) گلے ملنا - بغلگیر ہونا +

مَعانِی (ع - مذ - ج) مطالب - مقاصد - ایک علم جس میں الفاظ کے صحیح استعمال - اور اس سے پیدا ہونے والی صنعتوں پر بحث ہوتی ہے (واحد معنی) +

مُعاوَدَت (ع - مث) واپسی - لوٹنا +

مُعاوَضَت (ع - مث) بدلہ - عوض +

مُعاوَضَہ (ع - مذ) عوض - بدلہ +

مُعاوِن (ع - مذ) مددگار - حمایتی +

مُعاوَنَت (ع - مث) مدد - امداد - حمایت +

مُعاہِد (ع - مذ) عہد کرنے والا - قول کرنے والا +

مُعاہَدَہ (ع - مذ) قول و قرار - عہد و پیمان +

مَعایِب (ع - مذ - ج) (واحد معاب) بہت سے عیب - خرابیاں +

مُعایَنَہ (ع - مذ) دیکھنا - ملاحظہ +

مَعْبَد (ع - مذ) عبادت گاہ (جمع معابد) +

مَعْبَر (ع - مذ) گھاٹ (جمع معابر) +

مَعْبَرہ (ع - مث) کشتی - ناؤ +

مَعْبُود (ع - مذ) عبادت کیا گیا - خدا +

مُعْتَبَر (ع - ص) قابلِ اعتبار - درست +

مُعْتَد (ع - ص) گِنا گیا +

مُعْتَدبہ (ع - ص) گنتی میں آیا ہوا - معتبر +

مُعْتَدِل (ع - ص) اوسط درجہ - درمیانہ - نہ سرد نہ گرم +

مُعْتَرِض (ع - مذ) اعتراض کرنے والا - روکنے والا +

مُعْتَرِف (ع - مذ) اعتراف کرنے والا - ماننے والا - تسلیم کرنے والا +

مُعْتَقِد (ع - مذ) اعتقاد رکھنے والا - پیرو - مُرید +

مُعْتَکِف (ع - مذ) وہ شخص جو مسجد میں عبادت کے لئے بیٹھے اور وقت مقررہ تک باہر نہ نکلے +

مُعتمد (ع - مذ) بھروسہ رکھنے والا ٭
مُعتمد علیہ (ع - مذ) جس پر بھروسا کیا گیا ہو - معتبر آدمی ٭
مَعتُوب (ع - اسم مفعول) جس پر عتاب ہو - جس پر غضب یا غصہ ہو ٭
مُعجب (ع - ص) غرور کرنے والا - خود پسند ٭
مُعجز (ع - ص) عاجز کرنے والا
مُعجزات (ع - مذ - ج) (واحد معجزہ)۔
مُعجزہ (ع - مذ) عاجز کرنے والی ایسی بات جو قانونِ قدرت اور عقل کے خلاف معلوم ہو ٭
مُعجّل (ع - ص) جلدی کیا گیا - فوراً بغیر مہلت کے عموماً عورتوں کے مہر کی صفت کے طور پر آتا ہے ٭
مُعجمہ (ع - ص) نقطے والا حرف ٭
مَعجُون (ع - مث) بہت سی دوائیں جو کوٹ پیس کر اکٹھی کرکے شیرے وغیرہ میں ملائی گئی ہو (معاجین ج)
مَعدلت (ع - مث) انصاف - عدل ٭
مَعدن (ع - مذ) کان سونا، چاندی وغیرہ نکلنے کی جگہ (جمع مَعادن)
مَعدنی (ع - ص) کانی - دھاتی ٭
مَعدنیات (ع - مث - ج) دھاتیں ٭
مَعدود (ع - ص) گنتی کے تھوڑے - کچھ ٭
مَعدولہ (ع - مذ) وہ حرف جو لکھنے میں آئے مگر پڑھنے میں نہ آئے، جیسے خویش کی واؤ - اس کی علامت یہ ہے کہ اس کے نیچے لیٹوان زیر لگا دیتے ہیں ٭
مَعدوم (ع - ص) نیست و نابود ٭
مَعدہ (ع - مذ) پیٹ کا وہ حصہ جہاں کھانا ہضم ہوتا ہے - اوجھڑی ٭
مَعذرت (ع - مث) عذر - معافی ٭
مَعذور (ع - ص) عاجز - مجبور - محتاج ٭
مَعذور رکھنا (ف) معاف رکھنا ٭
مُعرّا (ع - ص) سادہ - بغیر حاشیے کے - ترجمہ، بغیر صرف متن ٭
مِعراج (ع - مث) سیڑھی - زینہ - رسولِ خدا صلعم کی سواری براق پر عالمِ بالا کی سیر - اعلیٰ رتبہ - بلند مرتبہ ٭

مُعَرَّب (ع۔مذ) وہ لفظ جو غیر زبان سے عربی بنالیا گیا ہو ۔

مَعْرِض (ع۔مذ) پیش کرنے کی جگہ۔ کھڑا ہونے کی جگہ ۔

مَعْرِفَت (ع۔مث) پہچان۔ خدا شناسی۔ وسیلہ ۔

مَعْرِفَہ (ع۔مذ) وہ اسم جو ایک خاص چیز، آدمی یا جگہ کے لئے بنایا گیا ہو ۔

مَعْرَکَہ (ع۔مذ) جنگ۔ لڑائی۔ جھگڑا ۔

مَعْرَکَہ آرا (ف۔ص) جنگجو۔ ہنگامہ پرداز

مَعْرَکَہ آرائی (ف۔مث) جنگ آزمائی۔ لڑائی ۔

معرکے کا آدمی (ر) بڑا دلیر آدمی۔ زبردست اور لائق آدمی ۔

مَعْرُوض (ع۔ص) عرض کیا گیا۔ درخواست ۔

مَعْرُوضات (ع۔مث) (واحد معروضہ) ۔

مَعْرُوضَہ (ع۔ص) عرضی۔ گذارش۔ عرض کیا ہوا (جمع معروضات) ۔

مَعْرُوف (ع۔ص) مشہور۔ نامور۔ ظاہر ۔

مُعَزَّز (ع۔ص) بزرگ۔ عزت والا ۔

مَعْزُول (ع۔ص) گدی یا نوکری سے ہٹایا گیا ۔

مَعْزُولی (ع۔مث) موقوفی۔ برطرفی ۔

مُعَسْکَر (ع۔مذ) لشکرگاہ۔ کیمپ ۔

مَعْشُوق (ع۔مذ) پیارا۔ عزیز۔ دلربا ۔

مَعْشُوقانَہ (ف۔ص) معشوق کی مانند۔ دلکش ۔

مَعْشُوقانَہ انداز (ر) دلفریب انداز ۔

مَعْشُوقَہ (ع۔مث) پیاری۔ محبوبہ ۔

مَعْشُوقی (ع۔مث) محبت۔ عشق۔ دوستی ۔

مَعْشُوقِیَّت (ع۔مث) دلربائی۔ کشش ۔

مَعْصُوم (ع۔ص) بے گناہ۔ پاک۔ بھولا بھالا۔ چھوٹا بچہ ۔

مَعْصُومِیَّت (ع۔مث) بے گناہی۔ سادگی۔ بچپن ۔

مَعْصِیَت (ع۔مث) گناہ۔ نافرمانی (جمع معاصی) ۔

مُعَطَّر (ع۔ص) خوشبودار ۔

مُعَطَّل (ع۔ص) بیکار۔ کاہل۔ سست ۔

مُعَطَّل کرنا (ف) کچھ عرصہ کے لئے کام

سے علیحدہ کرنا ❖

مُعَطّلی (ع۔ مث) بیکاری۔ نوکری سے عرصہ کی برطرفی ❖

مَعطُوف (ع۔ص) حرف عطف (واوٗ وغیرہ) کے بعد جو کلمہ یا کلام واقع ہو ❖

مُعَظّم (ع۔ص) بزرگ۔ بڑا شریف ❖

مَعقُول (ع۔ص) مناسب۔ نہایت اچھا۔ عمدہ۔ سنجیدہ۔ حکمت ❖

مَعقُولات (ع۔ مث۔ج) حکمت کے علم (واحد معقول) ❖

مَعقُولِیّت (ع۔ مث) مناسبت۔ شائستگی ❖

مَعکُوس (ع۔ص) اُلٹا۔ ٹیڑھا ❖

مُعَلّا۔ مُعَلّےٰ (ع۔ص) بلند۔ عالی۔ بزرگ ❖

مُعَلّق (ع۔ص) لٹکا ہوا ❖

مُعَلِّم (ع۔ مذ) اُستاد۔ پڑھانے والا۔

مُعَلِّمِ اوّل (ع۔ مذ) حکیم ارسطو کا لقب۔ جس نے سب سے پہلے فلسفہ اور حکمت کتابی شکل میں لا کر پڑھانا شروع کیا ❖

مُعَلِّمِ ثانی (ع۔ مذ) حکیم ابونصر فاریابی کا لقب جس نے ارسطو کی یونانی کتابوں کا عربی میں ترجمہ اور تشریح کی ❖

مُعَلِّمِ ثالِث (ع۔ مذ) حکیم بوعلی سینا جس نے حکمت یونانیہ کی شرح میں فاریابی کے بعد سب سے زیادہ کتابیں لکھیں ❖

مُعَلِّمُ المَلکُوت (ع۔ص) فرشتوں کا اُستاد۔ مراد شیطان ❖

مُعَلِّمَہ (ع۔ مث) اُستانی ❖

مُعَلِّمی (ع۔ مث) ماسٹری۔ پڑھانے کا پیشہ ❖

مَعلُول (ع۔ص) وہ چیز جس کا کوئی سبب ہو ❖

مَعلُوم (ع۔ص) جانا گیا۔ ظاہر۔ روشن ❖

مَعلُوم! (طنزاً) انکار نفی کے لئے آتا ہے۔ یعنی نہیں ہے ❖

مَعلُومات (ع۔ مث۔ ج) واقفیت۔ علم (اردو میں بطور واحد مستعمل)

مَعلُومَہ (ع۔ مث) وہ بات جس کا

پہلے سے ہو (جمع معلومات)۔

مُعَلّیٰ (ع۔ص) بلند۔

مُعَلَّی الْقاب (ع۔ص) بڑے القاب والا۔ عالی مرتبہ۔

مُعَمّا (ع۔مذ) پوشیدہ بات۔ پہیلی۔

مُعَمّا کھُلنا (اُردو) راز کھلنا۔ مشکل حل ہونا۔

مِعْمار (ع۔مذ) عمارت بنانے والا۔ راج۔

مِعْماری (ع۔مث) فنِ تعمیر۔

مُعَمَّر (ع۔ص) عمر رسیدہ۔ بوڑھا۔

مَعْمَل (ع۔ اسم ظرف۔ مذ) کام کرنے کی جگہ۔ تجربہ گاہ۔ تجربہ خانہ۔ اختیار گاہ۔ اختیار خانہ۔ لیبارٹری۔

مَعْمُور (ع۔ص) پُر۔ بھرا ہوا۔

مَعْمُورہ (ع۔مذ) آبادی۔ بستی۔ آباد زمین۔

مَعْمُول (ع۔ص) عادت۔ دستور۔ قاعدہ۔

مَعْمُولی (ع۔ص) رسمی۔ آسان۔

مُعَنْبَر (ع۔ص) خوشبودار۔ معطر۔

مَعْنَوی (ع۔ص) باطنی۔ اندرونی۔ اصلی۔

مَعْنیٰ (ع) مطلب۔ غرض (جمع معانی)۔

مَعْہُود (ع۔ص) عہد کیا گیا۔ ٹھہرایا گیا۔

مِعْیار (ع۔مذ) کسوٹی۔ اندازہ۔ نصاب۔

مَعِیَّت (ع۔مث) ہمراہ۔ ساتھ۔

مَعِیشت (ع۔مث) زندگی۔ روزگار۔

مُعِین (ع۔ص) مددگار۔

مُعَیَّن (ع۔ص) متوازی۔ وہ چوکور شکل جس کے چاروں ضلعے برابر ہوں مگر کوئی زاویہ قائمہ نہ ہو۔

مَعْیُوب (ع۔ص) عیب دار۔ ناقص۔

(م۔غ)

مُغ (ف۔مذ) آتش پرست۔

مُغ بچہ (ف) مجوسی لڑکا۔ شراب فروش کا خوبصورت لڑکا۔

مَغاک (ف۔مذ) گڑھا۔

مُغالَطہ (ع۔مذ) غلطی۔ دھوکہ۔

مُغاں (ف۔مذ۔ ج) آتش پرست لوگ۔ (واحد مُغ)۔

مُغَائِر (ع-ص) غیر۔ جُدا۔ مخالف

مُغَائِرت (ع-مث) مخالفت۔ غیریت

مُغتنم (ع-ص) غنیمت

مَغرِب (ع) غروب ہونے کی جگہ۔ پچھم۔ سورج چھپنے کا وقت۔ (جمع مغارب)

مَغرِبی (ع-ص) مغرب کا۔ ممالک یورپ کا

مُغرِق (ع-ص) غرق شدہ

مَغرُور (ع-ص) متکبر۔ گھمنڈی۔ خودپسند

مغروری (ا-مث) غرور۔ گھمنڈ۔ فخر

مَغز (ف-ز) دماغ۔ کسی چیز کا اندرونی حصہ۔ گری۔ گودا۔ (ع-مذ) جز۔ اصل۔ تکبر۔ غرور

مغز کو چڑھ جانا (ز) کسی چیز کا اثر دماغ پر ہونا

مغز کھانا (ز) بہت بولنا۔ بکواس کرنا

مغزی (ا-مث) پتلی گوٹ۔ کور

مَغصُوب (ع-مذ) غصب کیا ہوا۔ مارا ہوا۔ چھینا ہوا

مَغضُوب (ع-مذ) غضب یا عذاب میں مبتلا

مِغفَر (ع-مذ) خود۔ لوہے کی ٹوپی جو جنگ کے موقع پر پہنتے ہیں

مَغفِرت (ع-مث) بخشش۔ گناہوں کی معافی

مَغفُور (ع-ص) بخشا گیا۔ مرحوم

مُغَل (ف-مذ) ترکستان کی مشہور قوم کا نام ہے

مُغلانی (ا-مث) مغل عورت۔ خادمہ۔ ملازمہ

مُغَلِّظ (ع-ص) گاڑھا کرنے والی شے

مُغَلَّظ (ع-ص) گاڑھی چیز۔ گالی۔ دشنام

مُغَلَّظات (ع-مث، ج) گالیاں (واحد مُغلّظ)

مُغلَق (ع-ص) مشکل بات

مَغلُوب (ع-ص) عاجز۔ مفتوح

مَغلُوب الغَضَب (ع-ص) وہ شخص جو غصہ دبا نہ سکے۔ جس پر غصہ غالب ہو

مُغلی (ز-ص) مغل کی۔ پسلی کا فصل

مُغلِیہ (ف ۔ ند) مُغلوں کا خاندان ٭

مَغمُوم (ع ۔ ص) غمگین ۔ فکرمند ٭

مُغَنِّیہ (ع ۔ ص) گانے والی عورت ٭

مُغیلاں (ف ۔ ند) کیکر کا درخت ۔ (یہ لفظ واحد ہے ۔ جمع نہیں)

(م ۔ ف)

مَفاتِیح (ع ۔ مث ۔ ج ۔ واحد مفتاح) ۔

مُفاجات (ع ۔ ص) اچانک ۔ ناگاہ ۔ (مصدر ہے) ٭

مُفاخَرت (ع ۔ مث) فخر کرنا ۔ بزرگی جتانا ٭

مفاد (ع ۔ ند) فائدہ ۔ نفع ٭

مُفارَقت (ع ۔ مث) جُدائی ٭

مَفاسِد (ع ۔ ند ۔ ج) (واحد مَفسَدہ) فسادات ۔ جھگڑے ٭

مَفاصِل (ع ۔ ند ۔ ج) (واحد مَفصِل) جوڑ ۔ بند ٭

مُفاوَضہ (ع ۔ ند) وہ خط جو اعلیٰ کی طرف سے ادنےٰ کو لکھا جائے ۔ مراسلہ کی نقیض ٭

مُفت (ف ۔ ص) بے قیمت ۔ سستا ۔ ضائع ٭

مُفت خورہ (ا) مفت کی روٹیاں کھانے والا ۔ نکما ۔

مُفت میں (ا) یونہی ۔ فضول ۔ خواہ مخواہ ۔ بلا قیمت ۔ بلا اُجرت بیگار میں ۔ ناحق ٭

مِفتاح (ع ۔ مث) چابی ۔ کنجی (جمع مَفاتیح) ٭

مُفتَخِر (ع ۔ ند) فخر کرنے والا ٭

مُفتَرِی (ع ۔ ص) بہتان لگانے والا ۔ جھوٹا ٭

مَفتُوح (ع ۔ ص) کھلا ہوا ۔ وہ حرف جس پر زبر ہو ٭

مَفتُون (ع ۔ ص) عاشق ۔ شیدا ۔ مبتلا ٭

مُفتی (ع ۔ ند) فتویٰ دینے والا ۔ شرعی حکم سنانے والا ٭

مُفَخَّر (ع ۔ ص) فخر دیا گیا ۔ بزرگ ٭

مَفَرّ (ع ۔ ند) فرار کی جگہ ۔ ٹھکانا ۔ پناہ ٭

مُفَرِّح (ع ۔ ص) فرحت دینے والا ۔ خوش ذائقہ ٭

مُفرَد (ع۔ص) اکیلا ۔

مُفرَدات (ع۔مث۔ج) وہ کتاب جس میں مفرد دواؤں کا حال لکھا ہو۔ الگ الگ حروفِ تہجی (واحد مُفرَد) ۔

مُفرَّد (ع۔ص) جدا کیا ہوا۔ مُجرَّد ۔

مَفرُوضَہ (ع۔ص) فرض کیا گیا ۔

مَفرُوق (ع۔ص) وہ عدد جسے تفریق کیا جائے ۔

مَفرُوق مِنہُ (ع) وہ عدد جس میں سے کسی عدد کو تفریق کیا جائے ۔

مُفسِد (ع۔ص) فسادی ۔

مُفسِدانَہ (ف۔ص) باغیانہ ۔

مَفسَدہ (ع۔مذ) فساد۔ بدی۔ تباہی (جمع مَفاسِد) ۔

مُفسِدہ پَرداز (ع۔ص) فسادی ۔

مُفَسِّر (ع۔مذ) تفسیر کرنے والا۔ قرآن شریف کی شرح کرنے والا ۔

مُفَصَّل (ع۔ص) کھول کر بیان کیا ہوا۔ واضح ۔

مَفصَل (ع۔مذ) اعضاء کا جوڑ ۔ (جمع مَفاصِل) ۔

مُفَصَّلات (ع۔مذ۔ج) دیہات۔ اردگرد کے گاؤں (واحد مستعمل نہیں) ۔

مَفعُول (ع) فعل کیا گیا۔ وہ چیز جس پر فعل واقع ہو ۔

مَفقُود (ع۔ص) گم۔ کھویا گیا ۔

مَفقُودُ الخَبَر (ع۔ص) وہ شخص جس کا کچھ پتہ نہ ہو ۔

مُفلِس (ع۔ص) غریب۔ نادار (مَفالِس جمع)

مُفلِسی (ف۔مث) غریبی ۔

مَفلُوج (ع۔ص) وہ شخص جس کو فالج ہو گیا ہو ۔

مَفلُوک (ع۔ص) [illegible]۔ فلاکت کا مارا ہوا ۔

مَفلُوکُ الحال (ع۔ص) غریب۔ مفلس ۔

مُفَوَّض (ع۔ص) سپرد کیا ہوا ۔

مَفہُوم (ع۔مذ) مطلب ۔

مُفِید (ع۔ص) فائدہ بخش ۔

(م ۔ ق)

مَقابِر (ع۔مذ۔ج) (واحد مقبرہ) ۔

مُقابِل (ع-ص) سامنے۔ روبرو۔ برابر ☆

مُقابِل ہونا (ف) سامنے آنا۔ برابر آنا ☆

مُقابَلہ (ع-ص) سامنا۔ برابری کرنا ☆

مُقابَلہ کرنا (ف) سامنا کرنا۔ لڑنا ☆

مُقاتَلہ (ع-مذ) لڑائی۔ ایک دوسرے کو قتل کرنا ☆

مَقادِیر (ع-مذ-ج) (واحد مقدار) اندازے ☆

مُقارَبت (ع-مث) نزدیکی۔ قُرب ☆

مُقارَنت (ع-مث) نزدیک ہونا۔ اکٹھا ہونا ☆

مَقاصِد (ع-مذ-ج) (واحد مقصد)

مَقال (ع-مث) گفتگو۔ بات ☆

مَقالہ (ع-مذ) ایڈیٹر کا مضمون۔ ایڈیٹوریل مضمون۔ کسی خاص موضوع پر مضمون

مَقام (ع-مذ) ٹھہرنے کی جگہ۔ ٹھیرنا ☆

مَقامات (ع-مذ-ج) (واحد مقام) ☆

مقام کرنا (ف) ٹھیرنا۔ رات بسر کرنا ☆

مُقاوِم (ف-ص) اس جگہ کا۔ لوکل ☆

مقامی قیمت (ا-مث) کسی چیز کی وہ قیمت جو اُسے کسی خاص مقام میں حاصل ہو جیسی [illegible] کی [illegible] [illegible] [illegible] جیسے ۳۳ میں [illegible] کی مقامی قیمت [illegible] [illegible] [illegible] ہے ☆

مَقبَرہ (ع-مذ) قبر والی جگہ۔ گورستان (جمع مقابر) ☆

مُقتَبِل (ع-ص) قبول کرنے والا۔ اقبال مند ☆

مَقبُوضہ (ع-ص) [illegible] قبضہ میں آیا ہوا ☆

مَقبُول (ع-ص) قبول کیا گیا۔ پسندیدہ ☆

مَقبُولیت (ع-مث) منظوری۔ اجازت ☆

مُقتَبِس (ع-ص) اقتباس کرنے والا۔ دوسرے ذریعہ سے نقل کرنے والا ☆

مُقتَدا (ع-ص) اقتدا کیا گیا۔ پیشوا۔ پیر ☆

مُقتَدِی (ع-مذ) اقتدا کرنے والا۔

پیرو۔ نماز میں امام کے پیچھے
کھڑا ہونے والا ٭
مُقتَضا (ع) تقاضا۔ مراد۔ مطلب ٭
مُقتضائے وقت (ع) موجودہ
وقت یا زمانے کی ضرورت ٭
مُقتَفی (ع) پیچھے جانے والا ٭
مَقتَل (ع۔مذ) قتل کی جگہ۔ میدانِ
جنگ ٭
مَقتُول (ع۔ص) قتل کیا ہُوا۔ کُشتہ ٭
مِقدار (ع۔مث) اندازہ (جمع مقادیر)
مُقَدَّر (ع۔مذ) قسمت۔ نصیب ٭
مُقدّر برگشتہ ہونا (ر) نصیب
اُلٹ جانا ٭
مُقَدَّس (ع۔ص) پاک۔ مصفّا۔ بزرگ ٭
مُقدّسہ (ع۔ص) پاک (کتاب یا مقام)
مُقَدَّم (ع۔مذ) پہلے۔ اوّل ٭
مُقدّم جاننا (ر) پہلے جاننا۔ دوسرے
سے اچھا جاننا ٭
مُقدّم رکھنا (ع، آ) قدم رکھنا ٭
مُقَدَّمات (ع۔مذ۔ج) (واحد مقدمہ)
مُقَدَّمہ (ع۔مذ) دعویٰ۔ نالش۔ دیباچہ

تمہید۔ طے شدہ۔ ابتدائی
امر۔ فوج کا دستہ جو آگے آگے
جاتا ہے ٭
مُقدّمۃ الجَیش (ع۔مذ) لشکر کا
وہ حصّہ جو آگے آگے جاتا ہے
ہراول۔ پیش خیمہ ٭
مَقدُور (ع۔مذ) طاقت۔ مجال۔ بساط۔
قدرت ٭
مَقدُور بھر (ر) حسبِ طاقت۔
حسبِ توفیق ٭
مُقِر (ع) اقرار کرنے والا ٭
مَقَر (ع۔مذ) جائے قرار۔ ٹھیرنے کی
جگہ ٭
مِقراض (ع۔مث) قینچی ٭
مُقَرَّب (ع۔ص) خاص۔ دوست۔
مصاحب۔ منظورِ نظر ٭
مُقَرَّر (ع۔ص) ٹھیرایا ہُوا۔ چکایا
ہُوا۔ تعینات شدہ۔ ضرور یقیناً ٭
مُقَرَّرہ (ع۔ص) اقرار دیا ہُوا۔ مجوزہ۔
مروّجہ ٭
مَقرُوض (ع۔مذ) جس کے ذمّے قرض ہو ٭

مَقْرُون (ع-مذ) قریب کیا گیا۔ پاس۔
مُقَسَّط (ع-مذ) قسطوں میں تقسیم کیا ہوا۔
مَقْسُوم (ع-مذ) تقسیم شدہ۔ قسمت نصیب۔ وہ عدد جسے کسی عدد پر تقسیم کیا جائے۔
مُقَشَّر (ع-ص) چھلکا اتارا ہوا۔ چھیلا ہوا۔
مَقْصَد (ع-مذ) ارادہ۔ نیت۔ خواہش۔ (جمع مقاصد)۔
مُقَصِّر (ع-مذ) کوتاہی کرنے والا۔ کم رہنے والا۔
مَقْصُور (ع-مذ) قصر کیا گیا۔ چھوٹا کیا گیا۔
مُقَطَّر (ع-ص) ٹپکایا ہوا۔ چھان کیا ہوا۔ صاف۔
مَقْطَع (ع-مذ) غزل وغیرہ کا آخری شعر جس میں شاعر تخلص لاتا ہے۔
مُقَطَّع (ع-ص) قطع کیا ہوا۔ چھانٹا ہوا۔ عمدہ۔ شائستہ۔ مہذب۔

مَقْطُوع (ع-ص) کٹا ہوا۔ قطع کیا ہوا۔
مُقْفَل (ع-ص) قفل لگا ہوا۔ بند۔
مُقَلِّب (ع-ص) الٹ پلٹ کرنے والا۔
مُقَلِّبُ الْقُلُوب (ع-ص) دلوں کو بدلنے والا۔ خدا۔
مُقَلِّد (ع-مذ) تقلید کرنے والا۔ پیرو۔
مُقَام (ع-مذ) قریب آیا ہوا۔
مِقْنَاطِیس (ع-مذ) ایک قسم کا پتھر جو لوہے کو اپنی طرف کھینچ لیتا ہے۔ چمک پتھر۔
مُقُود (ع-مذ) رسہ۔ لنگر۔
مَقُولَہ (ع-مذ) قول۔ بات۔
مُقَوِّی (ع-ص) قوت دینے والا۔
مَقْہُور (ع-ص) قہر کیا گیا۔ مظلوم۔
مِقْیَاس (ع-مذ) قیاس کرنے کا آلہ (مقائیس جمع)۔
مِقْیَاسُ الْحَرَارَت (ع-مذ) حرارت پیما۔ حرارت پیما۔
مِقْیَاسُ الْمَطَر (ع-مذ) بارش ناپنے کا آلہ۔ بارش پیما۔ مطر پیما۔

مُقَیَّد (ع-ص) قید کیا گیا - محدود - بند ٭

مُقَیَّش (ع-مذ) سونے چاندی کے تار - باولہ - سونے چاندی کے تاروں سے بنا ہُوا ٭

مُقَیَّشی (ع-ص) سونے چاندی کے تاروں کا - زری کا ٭

مُقَیَّشی داڑھی (ع-مث) داڑھی جس میں کچھ بال سفید اور کچھ سیاہ ہوں - تِل چَولی داڑھی - سفید سیاہ داڑھی ٭

مُقِیم (ع-مذ) ٹھیرا ہُوا - مسافر کا نقیض ٭

(م - ک)

مَکَاتِب (ع-مذ-ج) (واحد مکتب)

مُکَاتَبَت (ع-مث) باہم خط وکتابت کرنا - مراسلت ٭

مَکَاتِیب (ع-مذ-ج) (واحد مکتوب)

مَکَّار (ع-ص) مکر کرنے والا - فریبی ٭

مَکَارِم (ع-ص-ج) (واحد مَکرُمت) عنایتیں - خوبیاں - محاسن ٭

مَکَّارِی (ع-مث) فریب - دھوکہ ٭

مُکَاشَفَہ (ع-مذ) کشف - غیبی امر کا معلوم ہو جانا - رازوں کا ظاہر ہونا ٭

مُکَافَات (ع-مث) بدلہ - عوض - انجام (مصدر میمی) ٭

مُکَالَمَہ (ع-مذ) گفتگو - دو شخصوں کا باہم کلام کرنا ٭

مَکَان (ع-مذ) رہنے کی جگہ - منزل - گھر - (جمع مکانات یا اَمکِنَہ) ٭

مَکَائِد (ع-مذ-ج) (واحد مکیدہ) دھوکے - فریب ٭

مَکتَب (ع-مذ) مدرسہ - سکول (جمع مکاتب) ٭

مُکتَفِی (ع-ص) کافی ٭

مَکتُوب (ع-مذ) چٹھی - خط - (جمع مکاتیب و مکاتبات) ٭

مَکتُوب اِلَیہ (ع-مذ) وہ شخص جس کی طرف چٹھی لکھی جائے ٭

مُکُٹ (یا) مُکَٹ (ہ-مذ) تاج - افسر - کلاہ جو ہندو لوگ دولھا کے سر پر رکھتے ہیں ٭

مُکَدَّر (ع ۔ ص) میلا ۔ ناصاف ۔ بُرا ؛
مَکر (ع ۔ مذ) دھوکہ ۔ فریب ۔ حیلہ ۔ چالاکی ؛
مُکَر جانا (ہ) کہہ کر انکار کر دینا ؛
مُکَرَّر (ع ۔ ص) دوبارہ ۔ پھر ؛
مُکَرَّم (ع ۔ مذ) معزز ۔ بزرگ ؛
مُکَرَّم بَندہ (ف ۔ مذ) جناب من ۔ حضرت سلامت ۔ بندہ پرور ۔ بندہ نواز ؛
مَکرُمَت (ع ۔ مث) کرم ۔ مہربانی ۔ نوازش (جمع مکارِم) ؛
مُکَرنا (ہ) کوئی بات کہہ کر پھر اس سے انکار کرنا ؛
مَکرُوہ (ع ۔ ص) کراہت والی ۔ بھونڈی ۔ بُری ؛
مُکرِیاں یا مُکَرنیاں (ہ ۔ مث ۔ ج) ہندی پہیلیاں جن میں قائل اخیر مصرعے میں ایسا مضمون لاتا ہے جو پہلے مضمون کو بالکل اُلٹ دیتا ہے
مَکڑی (ہ ۔ مث) عنکبوت (پ) ڈاوار ؛
مَکسُور (ع ۔ مذ) وہ حرف جس کے نیچے زیر ہو ۔ وہ ہندسہ جو سالم اکائی نہ ہو جیسے ½ ؛

مَکشُوف (ع ۔ ص) کھولا گیا ۔ ظاہر ۔ واضح ؛
مُکَعَّب (ع ۔ مذ) وہ عدد جو کسی عدد کو تین دفعہ آپس میں ضرب دینے سے حاصل ہوتا ہے جیسے ۸ جو ۲ کا مکعب ہے ؛
مَکفُول (ع ۔ ص) کفالت میں دیا گیا ۔ ضمانت میں محفوظ کیا گیا ؛
مُکلاوہ (ہ ۔ مذ) دُلہن کا شادی کے بعد سُسرال جانا ؛
مُکَلَّف ۱ (ع ۔ ص) پُر تکلف ۔ امیرانہ ۔ شان دار ؛
مُکَلِّف (ع ۔ مذ) تکلیف دینے والا ؛
مُکَمَّل (ع ۔ ص) پورا ۔ ختم ۔ تمام ؛
مَکنُون (ع ۔ ص) پوشیدہ ؛
مَکوڑا (ہ ۔ مذ) چیونٹا ؛
مُکھ (ہ ۔ مذ) مُنہ ۔ چہرہ ؛
مَکہ (ع) عرب کا مشہور مقدس شہر ۔ جہاں کعبہ شریف ہے اور یہی شہر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا پیدائشی وطن ہے ؛

مُکھڑا (ہ۔مذ) مکھ۔ منھ۔ چہرہ ٭
مکّھن (ہ۔مذ) کچّا گھی ٭
مکّھی (ہ۔مث) ایک اُڑنے والا کیڑا
جو کھانے پر بیٹھتا ہے ٭
مکّھی چوس (ہ۔ص) بڑا کنجوس۔ بخیل۔
مکھیاں مارنا (ہ) بے کار رہنا۔
نکمّا رہنا ٭
مکیدہ (ع۔مذ) (دیکھو مکائد) ٭
مکینک (انگ)
کاریگر۔ دستکار ٭
مکینیکل (انگ۔مذ)
مشینوں کے متعلق ٭
مکیں (ع۔مذ) رہنے والا۔ ساکن ٭

(م۔گ۔ل)

مُگدر (ہ۔مذ) لکڑی کی بھاری موگری
جس سے پہلوان ورزش کرتے ہیں ٭
مگدھ (ہ۔ص) صوبہ بہار کا جنوبی
حصّہ ٭
مگر (ہ۔حرف) پر۔ لیکن۔ شاید ٭
مگر (ہ۔مذ) نگر مچھ ٭

مگس (ف۔مث) مکھی ٭
مگس رانی (ف۔مث) مکھیاں اُڑانے
کا کام ٭
مگن (ہ۔ص) مست۔ خوش۔ محو۔ مشغول ٭
مُل (ہ۔حرف) مختصر۔ لیکن۔ مگر۔ پر ٭
مُل (ف۔مث) شراب ٭
مُلّا (ف۔مذ) بڑا عالم۔ مسجد کا مولوی ٭
مُلّا کی دوڑ مسجد تک (ا) ہر شخص
اپنے مقدور اور حوصلے کے
مطابق کام کرتا ہے ٭
مِلاپ (ہ۔مذ) میل جول۔ اتحاد۔ پیار ٭
مِلا جُلا (ہ۔ص) مخلوط۔ اکٹھا ٭
مَلّاح (ع۔مذ) کھیوا۔ کشتی چلانے والا ٭
مَلاحت (ع۔مث) نمکینی۔ حُسن ٭
مُلاحظہ (ع۔مذ) معائنہ۔ دیکھ بھال۔
پڑتال ٭
مَلّاحی (ع۔مث) کشتی کھینے کا کام۔
گالی گلوچ۔ بغیر نام لئے گالی (سنانا)
مَلاذ (ع۔مث) جائے پناہ ٭
مَلار (ہ) ایک مشہور راگنی کا نام ہے جو
برسات میں گائی جاتی ہے ٭

مُلازِم (ع۔ مذ) نوکر۔ خدمت گار۔ سرکاری نوکر ؛

مُلازَمت (ع۔ مث) نوکری۔ ٹہل۔ سیوا۔ (۲) ہمراہی۔ ہمنشینی ؛

مُلاطفت (ع۔ مث) نرمی۔ مہربانی ؛

مُلاقات (ع۔ مث) ایک دوسرے کو ملنا۔ ملنا۔ وصل۔ مباشرت۔ ہم جلیسی ؛

مُلاقاتی (ف۔ مذ) ملنے والا ؛

مُلاقی (ع۔ ص) ملنے والا۔ ملاقات کرنے والا ؛

مَلال (ع۔ مث) رنج۔ افسوس۔ غم ؛

مَلامت (ع۔ مث) بُرا بھلا کہنا۔ پھٹکار

مُلاّ ئنہ (ا۔ مذ) مسجد کا مُلاّ ؛

مَلائک (ع۔ مذ۔ ج) فرشتے۔ دیوییاں۔ (واحد مَلک) ؛

مَلائکہ (ع۔ مذ۔ ج) فرشتے۔ دیوییاں (واحد مَلک)

مُلائِم (ع۔ ص) نرم۔ لچکدار ؛

مُلائِمت (ع۔ مث) نرمی۔ نزاکت۔ لاغری۔

مَلبہ (ع۔ مذ) گری ہوئی عمارت کی مٹی اینٹیں، پتھر وغیرہ۔ گاؤں کا وہ چندہ جس سے سرکاری ملازموں کی آؤ بھگت ہوتی ہے ؛

مَلبُوس (ع۔ مذ) لباس پہنے ہوئے ؛

مَلبُوسات (ع۔ مث۔ ج) پہننے کی چیزیں۔ (واحد ملبوس) ؛

مِلّت (ع۔ مث۔ ج) مذہب۔ دین۔ (جمع ملل) ؛

مُلتجی (ع۔ مذ) التجا کرنے والا۔ درخواست کرنے والا ؛

مُلتفت (ع۔ مذ) توجہ کرنے والا ؛

مُلتمِس (ع۔ مذ) التماس کرنے والا۔ ملتجی ؛

مُلتوی (ع۔ مذ) کسی کام کا کسی دوسرے وقت پہ چھوڑنا ؛

مِلٹری (انگ۔ مث) فوج ؛

مَلجاء (ع۔ مث) جائے پناہ۔ تکیہ۔ سہارا۔

مُلحِد (ع۔ مذ) بے دین۔ دین سے پھر جانے والا۔ (جمع ملاحدہ) ؛

مُلحق (ع۔ مذ) ساتھ ملنے والا۔ شامل

ہونے والا ÷

مُلحقہ (ع۔ص) ساتھ کا۔ ملا ہُوا ÷

مَلَخ (ف۔مث) ٹِڈّی ÷

مُلَخَّص (ع) خلاصہ۔ مختصر۔ لب لباب ÷

مُلَذِّذ (ع۔ص) لذت دینے والی شئے لذیذ ÷

مُلزَم (ع۔مذ) الزام دیا گیا۔ مجرم۔ گنہگار

مُلزَم (ع) لازم کیا گیا۔ ذمّے لگایا ہُوا ÷

ملعون (ع) لعنت کیا گیا۔ مردود ÷

ملفوظ (ع۔مذ) بزرگوں کا کلام۔ بولا ہُوا ÷

ملفوف (ع) لپیٹا ہُوا۔ بند چٹھی ÷

مُلَقَّب (ع) لقب دیا گیا ÷

مُلک (ع۔مذ) دیس۔ ولایت۔ حکمرانی۔ ریاست۔ (جمع ممالک)

مَلَک (ع۔مذ) فرشتہ (جمع ملائک یا ملائکہ)

مَلَکُ الموت (ع۔مذ) موت کا فرشتہ وہ فرشتہ جس کے سپرد انسانوں کی روحیں قبض کرنا ہے ÷

مَلِک (ع۔مذ) بادشاہ (جمع مُلوک) ÷

مِلک (ع۔مث) جاگیر۔ مال۔ مقبوضہ شئے (جمع اَملاک) ÷

مَلِکُ الشُّعَراء (ع۔مذ) خطاب جو کسی بادشاہ کی طرف سے کسی بڑے شاعر کو دیا جاتا ہے ÷

مَلَکوت (ع) بادشاہی۔ غلبہ۔ عالمِ ارواح ÷

مَلِکہ (ع۔مث) بادشاہ کی بیوی۔ بادشاہ عورت ÷

مَلَکہ (ع۔مذ) مہارت۔ استعداد لیاقت۔ (جمع مَلَکات) ÷

مَلَکہ ہونا (ہ) کسی بات کی مہارت ہونا ÷

مُلکی (ع۔ص) ملک کا۔ ملک کے متعلق۔

مَلَکی (ع۔ص) فرشتے کی۔ فرشتے جیسی ÷

مِلکیت (ع۔مث) جاگیر۔ قبضے کی چیز ÷

مَلگجا (ہ۔ص) کچھ میلا۔ کچھ اُجلا۔ مَیلا ÷

مِلَل (ع۔مث۔ج) (واحد مِلّت) مذاہب ÷

مُلَمَّع (ع۔مذ) ملمع کیا ہُوا۔ سونے کا پانی چڑھا ہُوا۔ دکھاوا۔ ظاہری ٹیپ ٹاپ ÷

مُلَمَّع ساز (ف۔مذ) مُلمع کرنے والا ÷

مَلمَلانا (ہ) افسوس کرنا ÷

مِلنا (ہ) ایک ہونا۔ متحد ہونا۔ حاصل ہونا۔ پانا۔ گلے لگنا۔ لپٹنا۔ سازش کرنا۔ شریک ہونا۔ موافق ہونا۔ ملاقات کرنا ؛

مِلنا جُلنا (ہ۔ مذ) میل جول۔ راہ و رسم ؛

مَلنا (ہ) رگڑنا۔ لگانا ؛

مِلنسار (ہ۔ص) خلیق۔ ہر ایک سے ملنے والا ؛

مِلنساری (ہ۔ مؤ) میل جول۔ خوش خلقی ؛

مَلَنگ (ہ۔ مذ) مست۔ بیخود۔ فقیروں کا ایک گروہ ہے ؛

مُلَوَّث (ع۔ص) لتھڑا ہوا۔ آلودہ۔ ناپاک ؛

مُلُوک (ع۔ مذ۔ ج) (واحد مَلِک) ؛

مَلُوک (ہ۔ص) خوبصورت۔ اچھا۔ بھلا ۔ (ہ) مذ۔ ایک قسم کا کپڑا ؛

مُلُوکانہ (ف۔ص) شاہانہ ؛

مَلُول (ع۔ص) رنجیدہ۔ غمگین۔ فکرمند ؛

مُلَوَّن (ع۔ص) رنگ برنگ کا۔ طرح طرح کا ؛

مُلہِم (ع۔ مذ) الہام کرنے والا۔ خدا تعالیٰ ؛

مُلہَم (ع۔ مذ) وہ شخص جس کو الہام ہوتا ہو۔ نبی۔ رسُول ؛

مَلیامیٹ (ہ۔ص) تباہ و برباد ؛

مَلِیح (ع۔ص) سانولے رنگ کا۔ نمکین۔ حسین ؛

مَلِیدہ (ف۔ مذ) چُوری چُورا۔ مالیدہ کا مخفف ؛

مُلَیِّن (ع۔ص) نرم کرنے والا قبض دُور کرنے والی شے ؛

مِلین (انگ۔ص) دس لاکھ ؛

(م ۔ م)

مَمات (ع۔ مث) موت۔ مرنا ؛

مُماثِل (ع۔ مذ) مانند۔ مشابہ۔ ہمشکل ؛

مَماس (ع۔ مث) چھُونا۔ مس کرنا۔ وہ خط جو دائرے کے محیط سے چھُوتا ہُوا گزرے ؛

مَمالِک (ع۔ مذ۔ ج) (واحد مُلک) ؛

ممالکِ غیر (ع۔ مذ) دوسرے مُلک ؛

مَمالکِ مَحرُوسہ (ع-ص) وہ ملک جو بادشاہ کے قبضے میں ہوں ٭
مَمالیک (ع-مذ) (واحد مملوک) ٭
مُمانعت (ع-مث) روک ٹوک۔ رکاوٹ ٭
مَمبر (انگ) رُکن۔ شریکِ مجلس عضو۔ جوڑ ٭
مُمتاز (ع-ص) چنا گیا۔ افضل۔ اعلیٰ نامی ٭
مُمتاز کرنا (ر) عزت بخشنا۔ مرتبہ بڑھانا ٭
مُمتَحِن (ع-مذ) امتحان لینے والا ٭
مُمتَحَن (ع-مذ) امتحان دینے والا۔ تجربہ کار ٭
مُمتَد (ع-ص) لمبا۔ دراز ٭
مُمتَنِع (ع-ص) منع کیا ہوا۔ روکا ہوا ناممکن ٭
مُمِدّ (ع-ص) مدد گار۔ معاون۔ ساتھی ٭
مَمدُوح (ع-ص) تعریف کیا گیا۔ موصوف ٭
مَمدُود (ع-ص) لمبا کیا گیا۔ پھیلایا گیا ٭
مَمدُودَہ (ع-ص) وہ الف جس پر مد (سہ) ہو۔ مد والا ٭
مُمَیِّز (ع-ص) بُرے بھلے کو پہچاننے والا ٭
مُمسِک {ع از امساک ۔ روکنا) مذ} (۱) روکنے والا (۲) ایسی دوا جو جماع کے وقت منی کے اخراج کو روکے (۳) کنجوس۔ بخیل ٭
مُمکِن (ع-ص) جو بات ہو سکے۔ ہونے والی بات (مُمکِنات جمع) ٭
مُمکِنُ الوُجُود (ع-مث) مخلوقات ٭
مُمکِنُ الوُقُوع (ع-ص) وہ بات جو ہو سکے ٭
مُمکِنات (ع-مث-ج) وہ چیزیں جن کا وجود خدا تعالیٰ کی ہستی کا رہینِ منت ہے۔ دنیا۔ جہان۔ (۲) وہ باتیں جن کا ہونا ممکن ہے (واحد ممکن) ٭
مَملکت (ع-مث) بادشاہت۔ حکومت سلطنت ٭
مَملُو (ع-ص) پُر۔ بھرا ہوا۔ ...

مَملُوک (ع۔ مذ) غلام۔ بندہ (جمع ممالیک)

مَملُوکہ (ع۔ ص) مقبوضہ۔ خریدا ہوا

مَمنُوع (ع۔ ص) (۱) منع کیا ہوا۔ روکا ہوا۔ (۲) ناجائز۔ خلافِ قانون۔ خلافِ شریعت

مَمنُون (ع۔ ص) وہ شخص جس پر احسان کیا گیا ہو۔ احسان مند۔ شکرگزار۔ شاکر (کرنا۔ فرمانا۔ ہونا۔ کے ساتھ) اس کی جگہ لوگ غلط طور پر "مشکور" استعمال کرتے ہیں

مَمُولا (ہ۔ مذ) چڑیا کے برابر ایک پرندہ جس کے پیٹ پر دھاریاں ہوتی ہیں

مَمیانا (ہ) بکری کا بولنا۔ بکری کی طرح میں میں (بیائے مجہول) کرنا

مَمیرا (ہ۔ مامیران کا مخرّبہ۔ مذ) ایک دوا جو مقوی بصر ہے

مُمَیِّز (ع۔ ص) تمیز کرنے والا۔ شناسا۔ اچھے بُرے میں فرق کرنے والا

مُمَیَّز (ع۔ ص) تمیز کیا گیا۔ جدا کیا گیا

(م-ن)

مَن (ہ۔ مذ) جی۔ چالیس سیر کا وزن

مَن کی مَوج (ہ۔ مث) دل کی لہر۔ امنگ

مَن اَلبیلا [illegible]

مَن مانی (ہ۔ مث) دلخواہ۔ جو دل میں آئے

مَن موہَن (ہ۔ ص) دل کو موہ لینے والا۔ دلربا۔ معشوق

مَن (ف۔ اسم ضمیر) میں۔ صیغہ واحد متکلم

مَن (ع) کون؟ کسے؟ کوئی

مَن (ع۔ مذ) احسان

مَن وسَلویٰ (ع۔ مذ) ترنجبین اور بٹیرے وہ کھانا جو حضرت موسیٰ علیہ السلام کی اُمت پر آسمان سے نازل ہوا تھا۔ خوانِ نعمت

مِن (ع۔ حرفِ جار) سے۔ اَز

مِن بَعد (ع) بعد ازاں آئندہ

مِن جانبِ اللّٰہ (ع) اللہ کی طرف سے

مِنْ جُملَہ (ع) تمام میں سے۔ سب میں سے ؛
مِنْ حَیثُ اَلقَوم (ع) قوم کی حیثیت سے۔ ساری قوم کی طرف سے ؛
مِنْ وعَن (ع) حرف بحرف۔ منفصل۔ ہو بہو ؛
مَنات (ع۔ مذ) عرب کے ایک گزشتہ زمانے کے مشہور بُت کا نام ؛
مُناجات (ع۔ مث) دُعا۔ التجا ؛
مُناجاتی (ع۔ مذ) مناجات پڑھنے والا ؛
مُنادیٰ (ع۔ مذ) وہ شخص جس کو پکاریں ؛
مُنادِی (ع۔ مذ) ڈونڈی پیٹنے والا۔ ڈھنڈورچی ؛
مُنادی (ع۔ مث) ڈھنڈورا۔ اعلان ؛
منادی کرنا (ف) مشہور کرنا۔ پھیلانا ڈھنڈورا پیٹنا ؛
مُنارَہ (ع۔ مذ) لاٹھ۔ کھم۔ مسجد کا اونچا ستون۔ وہ اونچا ستون جو سمندر میں رات کے وقت یا کہر میں روشنی کے ذریعے جہاز کو راہ بتانے کے لئے بنایا جاتا ہے ؛
مُنازَعت (ع۔ مث) تکرار۔ جھگڑا۔ بکھیڑا ؛
مَنازِل (ع۔ مث۔ ج) (واحد منزل)
مُناسِب (ع۔ ص) درست۔ لائق۔ واجب ؛
مُناسَبَت (ع۔ مث) تعلق۔ موزونیت۔
مَناصِب (ع۔ مذ۔ ج) (واحد منصب) ؛
مُناظِر (ع۔ ص) بحث کرنے والا ؛
مَناظِر (ع۔ مذ۔ ج) (واحد مَنظَر) ؛
مُناظَرَہ (ع۔ مذ) آپس میں بحث کرنا ؛
مُناظَمَہ (ع۔ مذ) نظم گوئی۔ کسی موضوع مقررہ پر نظمیں لکھنا۔ برخلاف مشاعرے کے جس میں ایک طرح پر غزلیں وغیرہ کہی جاتی ہیں ؛
مَنافِع (ع۔ مذ۔ ج) (واحد مَنفَعت) ؛
مُنافِق (ع۔ مذ) وہ شخص جس کا دل اور زبان ایک نہ ہو۔ ریاکار۔ کافر۔ بے دین ؛
مَناقِب (ع۔ مذ۔ ج) (واحد منقبت) ؛

مُناقِبَت (ع۔ مث) تعریف۔ صفت۔ (مجازاً) اہلِ بیت اور اصحاب کبار کی توصیف ۔

مُناقَشَہ (ع۔ مذ) جھگڑا ۔

مُناقِض (ع۔ ص) مخالفت۔ توڑنے والا ۔

مُناکَحَت (ع۔ مث) عورت مرد کا نکاح۔ نکاح کرنا ۔

مَنال (ع۔ مذ) جائے یافت وہ چیز جس سے روپیہ حاصل ہو۔ جاگیر باغ وغیرہ ۔

مُنال (ہ۔ مذ) ایک پہاڑی خوشنما پرند کا نام۔ مُرغِ زرّیں ۔

مَنانا (ہ) روٹھے ہوئے کو راضی کرنا۔ رجھانا۔ کرنا ۔

مَنّان (ع۔ مذ) بہت احسان کرنے والا۔ خدا ۔

مَناہی (ع۔ مث) ج) منع کی ہوئی باتیں روک ٹوک (واحد مَنہی)

مُنبَّت (ع۔ ص) وہ منقش جو ذرا اُبھرا ہوا ہو ۔

مِنبَر (ع۔ مذ) اونچی جگہ۔ مسجد کا لکڑی یا اینٹوں سے بنا ہوا اونچا مقام جس پر خطیب کھڑا ہو کر خطبہ پڑھتا ہے ۔

مَنبَع (ع۔ مذ) پانی کے نکلنے کی جگہ۔ چشمہ نکلنے کی جگہ ۔

مِنَّت (ع۔ مث) احسان۔ بھلائی۔ عاجزی۔ التجا ۔

مِنَّت اُٹھانا (ہ) احسان اُٹھانا ۔

مِنَّت کش (ف۔ مذ) احسان اُٹھانے والا۔ احسان مند ۔

مَنَّت (ع۔ مث) نذر۔ بھینٹ۔ نیاز ۔

مَنَّت ماننا (ہ) نذر ماننا۔ عہد کرنا۔ کسی بزرگ کے نام کی کوئی بات ماننا ۔

مُنتِج (ع۔ ص) نتیجہ دینے والا ۔

مُنتَخَب (ع۔ ص) چُنا ہوا۔ یکتا۔ خلاصہ کیا گیا ۔

مَنتَر (س۔ مذ) جادو۔ ٹونا۔ عمل ۔

مَنتَر پھونکنا (ہ) جادو پڑھ کر دم کرنا ۔

مَنتَر جَنتَر (س۔ مذ) جادو۔ گنڈا۔

جھاڑ۔ پھونک۔ رصدگاہ ٭

مَنتر چلانا (ہ) عمل کرنا۔ جادو کرنا ٭

مَنتری (س) سیکرٹری۔ مشیر۔ وزیر ٭

مُنتشِر (ع۔ص) اتر بتر۔ پراگندہ۔ پریشان ٭

مُنتظِر (ع۔ص) انتظار کرنے والا۔ امیدوار ٭

مُنتظِم (ع۔ص) انتظام کرنے والا۔ مینیجر۔ کارکن ٭

مُنتقِل (ع۔ص) انتقال کرنے والا۔ دوسری جگہ جانے والا ٭

مُنتقِم (ع۔ص) بدلہ لینے والا ٭

مُنتہیٰ (ع۔ص) تمام۔ پورا۔ انتہا کو پہنچا ہوا ٭

مُنتہی (ع۔ص) کامل۔ لائق ٭

مِنٹ (انگ۔مذ) پل۔ لمحہ۔ گھنٹے کا ساٹھواں حصّہ ٭

مُنجلی (ع۔ص) روشن۔ ظاہر۔ جلی ٭

مُنجّم (ع۔مذ) نجومی۔ جوتشی ٭

مُنجمِد (ع۔ص) سردی کے باعث جما ہوا ٭

مَنجن (ہ۔مذ) دانتوں پر لگانے کا سفوف ٭

مَنجنیق (ع۔مث) قلعہ پر پتھر مار کر دیوار توڑنے کا آلہ جو گوپیا کی طرح ہوتا تھا ٭

مَنجھ (ہ۔ص) درمیان۔ بیچ ٭

مَنجدھار (ہ۔مث) دریا کا بیچ ٭

مَنجھلا (ہ۔ص) درمیان کا۔ [illegible] ٭

مَنجھنا (ہ) صاف کرنا۔ شستہ ہونا ٭

مَنجیرا (ہ۔مذ) پیتل کی دو کٹوریاں جو طبلے کے ساتھ بجائی جاتی ہیں ٭

مَنچوکو (انگ۔مث) منچوریا کی نئی حکومت جو ۱۹۳۲ء میں جاپان کے زیر اثر قائم ہوئی ٭

مُنحرِف (ع۔ص) برگشتہ۔ پھرا ہوا۔ باغی۔ وہ شکل جس کے دو ضلعے متوازی اور نابرابر ہوں۔ مگر دو غیر متوازی ضلعے برابر ہوں ٭

مُنحصِر (ع۔ص) موقوف ٭

مُنحنی (ع۔ص) ٹیڑھا۔ کُبڑا۔ خمیدہ ٭

مَنحوس (ع۔ص) بدبخت۔ شوم۔ بُرا ٭

مُنْدا (ع-ص) سستا - دھیما - کم ؛
مُنْدا ہونا (ا) سستا ہونا - مدھم ہونا ؛
مَنْدِر (س-مذ) ہندوؤں کا عبادت گاہ - شوالہ ؛
مُنْدَرَج (ع-ص) درج کیا ہوا ؛
مُنْدَفِع (ع-ص) دور ہونے والا ؛
مُنْدَمِل (ع-ص) زخم جس پر انگور بندھ گیا
ہو - گھاؤ بھرنے والا ؛
مُنْدِیل (ع-مث) پگڑی - دستار - تولیہ ؛
مُنڈ (ہ-مذ) سر - کھوپڑی - سرغنہ ؛
مُنڈا (ہ-مذ) چھوکرا - لڑکا ؛
مُنڈاسا (ہ-مذ) عمامہ - پگڑی - دستار ؛
مُنڈاسا باندھنا (ہ) پگڑی باندھنا -
پھینٹا کسنا -
(۲) سر چڑھانا - سر
اٹھانا ؛
مُنڈنا (ہ) سر یا داڑھی کے بال
استرے سے اتروانا ؛
مَنڈل (س-مذ) جگہ - دائرہ - چاند
کا ہالہ - گول مکان ؛
مَنڈلانا (ہ) گھومنا - چکر لگانا - چیل کا
[illegible]

مَنڈلی (ہ-مث) ٹولی - جماعت - جتھا ؛
مُنڈوانا (ہ) حجامت بنوانا - بال اتروانا ؛
مَنڈھنا (ہ-مذ) کپڑا یا کاغذ چڑھانا -
دستے لگانا ؛
مَنڈی (ہ-مث) تجارت گاہ - وہ جگہ
جہاں تھوک مال بکتا ہو ؛
مُنڈی (ہ-مؤ) لنڈی - ایک بوٹی کا
نام ہے ؛
مُنڈیر (ہ-مث) دیوار کا سرا - نشیب
کی اونچی حد ؛
مَنزِل (ع-مث) سرائے - پڑاؤ - مرحلہ
ایک دن کا سفر - جگہ - مکان -
(جمع منازل) ؛
مَنزِل بہ مَنزِل (ع) درجہ بدرجہ - ایک
ایک منزل کرکے ؛
مَنزِل کاٹنا (ہ) مسافت طے کرنا -
مرحلہ طے کرنا ؛
مُنزَل (ع-ص) اترا ہوا ؛
مُنزَل مِن اللہ (ع-ص) خدا کی طرف
سے اترا ہوا - الہامی ؛
مَنزِلت (ع-مث) درجہ - رتبہ - عزت ؛

مَنْزِلَہ (ع ۔ ص) درجے کا ۔ بجائے ۔ قائمقام ÷
مُنَزَّہ (ع ۔ ص) پاک ۔ بری ۔ مقدس ÷
مُنْسَلِک (ع ۔ ص) پرویا ہؤا ۔ شامل ۔ نتھی شدہ ÷
مَنْسُوب (ع ۔ ص) نسبت کیا گیا ۔ متعلق ÷
مَنْسُوبَہ (ع ۔ مث) منگیتر (پ) منگیتری ÷
مَنْسُوخ (ع ۔ ص) روکا گیا ۔ متروک ۔ بند کر دیا گیا ÷
مَنْسُوخ کرنا (ا) رد کرنا ۔ مٹانا ÷
مَنِش (ف ۔ مث) طبیعت ۔ مزاج ÷
مَنُش (س ۔ مذ) آدمی ۔ مرد ۔ شخص ÷
مَنْشاء (ع ۔ مذ) ارادہ ۔ مدعا ÷
مَنْشُور (ع ۔ ص) پراگندہ ۔ بکھرا ہؤا ۔ (۲) شاہی حکم ۔ پروانہ ۔ جائزہ مشہور ÷
مَنْشُورِ مُثَلَّثی (ع ۔ مذ) تین پہلوؤں والا شیشہ جس میں رنگ برنگ کی شعاعیں نظر آتی ہیں ÷
مُنْشی (ع ۔ مذ) لکھنے والا ۔ محرّر ÷
مُنْشِیانَہ (ف) وکیل کے منشی کی فیس ۔ منشیوں کی مانند ÷
مُنَشّی (ع ۔ ص) نشہ دینے والی شے ÷

مَنْصِب (ع ۔ مذ) رتبہ ۔ عہدہ ۔ مقدور ۔ (جمع مناصب) (غلطِ عام بفتحِ صاد) ÷
مَنْصِب دار (ف ۔ مذ) عہدہ دار ۔ وظیفہ خوار ÷
مُنْصِف (ع ۔ مذ) انصاف کرنے والا ۔ عادل ۔ جج ÷
مُنْصِف مِزاج (ع ۔ ص) انصاف پسند ۔ کھرا ۔ صاف گو ۔ آزاد طبع ÷
مُنْصِفانَہ (ف) عادلانہ ۔ انصاف سے ÷
مُنْصِفی (ع ۔ مث) فیصلہ ۔ انصاف ۔ منصف کی کچہری ÷
مَنْصُوب (ع ۔ ص) نصب کیا گیا ۔ کھڑا ۔ وہ حرف جس پر نصب یا زبر ہو ÷
مَنْصُوبَہ (ع ۔ مذ) تدبیر ۔ ارادہ ۔ منشاء ÷
مَنْصُوبَہ باندھنا (ا) ارادہ کرنا ÷
مَنْصُور (ع ۔ ص) مدد دیا گیا ۔ فتحمند ۔ ایک ولی کا نام ہے ÷
مَنَصَّہ (ع ۔ مذ) جلوہ گاہ ۔ سٹیج ۔ دلہن کے بیٹھنے کا تخت ÷
مُنْطَبِق (ع ۔ ص) مُوافق ۔ مطابق آنے

والا

والا ۔ یکساں ۔

مَنطِق (ع ۔ مث) گویائی ۔ گفتار ۔ ایک علم کا نام ہے جس میں ہر چیز کو عقلی دلائل سے ثابت کیا جاتا ہے ۔

مَنطِقی (ع ۔ مذ) علم منطق جاننے والا ۔ معقول ۔

مِنظار (ع ۔ مذ) دیکھنے کا آلہ ۔ خوردبین ۔

مَنظَر (ع ۔ مذ) نظارہ ۔ سیرگاہ ۔ آنکھ ۔ چہرہ ۔ صورت (جمع مناظر) ۔

مَنظرِ عام (ع ۔ مذ) کھلی جگہ ۔ عام نظر گاہ ۔

مَنظُور (ع ۔ ص) پسند ۔ مقبول ۔ مانا گیا ۔

مَنظُورِ خُدا (ع ۔ مذ) خدا کی مرضی ۔ جو خدا کو پسند ہے ۔

مَنظُورِ نظر (ع ۔ مذ) محبوب ۔ عزیز ۔ پیارا ۔ پسندیدہ ۔ بیٹا ۔

مَنظُوری (ع ۔ مث) اجازت ۔ قبولیت ۔ مرضی ۔

مَنظُوم (ع ۔ ص) نظم کیا گیا ۔ منظوم ۔

مَنع (ع ۔ مذ) روکا گیا ۔ ناجائز ۔ خلاف قانون ۔

مُنعَطِف (ع ۔ ص) پھرنے والا ۔ توجہ کرنے والا ۔

مُنعَقِد (ع ۔ ص) مقرر ہونے والا ۔

مُنعَقِد ہونا (ل) مقرر ہونا ۔ قرار پانا ۔

مُنعَکِس (ع ۔ ص) اُلٹ کر آئی ہوئی شعاع ۔ اُلٹا ہوا ۔

مُنعِم (ع ۔ ص) نعمت دینے والا ۔ آقا ۔ محسن ۔ دولتمند ۔ مالدار ۔ خدا ۔

مُنَغَّص (ع ۔ ص) مکدّر ۔ گدلا ۔ رنجیدہ ۔

مُنفَرِج (ع ۔ ص) کشادہ ۔ وسیع ۔ وہ زاویہ جو ایک قائمے سے بڑا ہو ۔

مَنفَعَت (ع ۔ مث) فائدہ ۔ نفع ۔ بچت ۔ (جمع منافع)

مُنفَعِل (ع ۔ ص) شرمندہ ۔ نادم ۔

مَنفِی (ع ۔ ص) نفی کیا گیا ۔ تفریق کیا گیا ۔

مُنقاد (ع ۔ ص) مطیع ۔ فرمانبردار ۔

مِنقار (ع ۔ مث) چونچ ۔

مَنقَبَت (ع ۔ مث) تعریف ۔ مدح ۔ (مجازاً) اہل بیت رسولؐ اور صحابہؓ کبار کی توصیف (جمع مناقب)

مُنقَبِض (ع ۔ ص) سکڑا ہوا ۔ ناخوش ۔

افسردہ ۔

مُنقَسِم (ع۔ص) تقسیم کرنے والا ۔

مُنقَسَم (ع۔ص) تقسیم شدہ۔ بانٹا ہُوا ۔

مُنقّش (ع۔ص) نقش ونگار کیا ہُوا ۔

مُنقَضی (ع۔ص) گزرا ہوا۔ گزشتہ ۔

مُنقطع (ع۔ص) قطع کیا گیا۔ فیصلہ شدہ ۔

مُنقَلِب (ع۔ص) اُلٹا۔ اُلٹا ہُوا ۔

مَنقُوش (ع۔ص) نقش کیا گیا۔ کُھدا ہُوا ۔

مَنقُوط (ع۔ص) نقطہ والا حرف ۔

مَنقُول (ع۔ص) نقل کیا گیا۔ بیان کیا گیا ۔

مَنقُولہ (ع۔ص) وہ چیز یا جائداد جو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جائی جا سکے ۔

مُنقّٰی (ع۔ص) صاف کیا ہُوا۔ سُوکھا ہُوا انگور ۔

مَنکا (ہ۔مذ) کانچ کا موتی ۔

مُنکِر (ع۔ص) انکار کرنے والا۔ مکرنے والا ۔

مُنکر نکیر (ع۔مذ) دو فرشتے جو قبر میں مُردے سے سوال کریں گے ۔

مُنکَسِر (ع۔ص) عاجز۔ ٹوٹا ہُوا ۔

مُنکسِر المزاج (ع۔ص) مسکین طبع خاکسار ۔

مُنکَشِف (ع۔ص) ظاہر۔ کُھلا ہُوا ۔

مَنکُوحہ (ع۔ص) نکاح کی ہوئی عورت بیوی ۔

مَنگتا (ہ۔مذ) گدا۔ فقیر۔ کنگال ۔

مَنگل (س۔مذ) خوشی۔ آنند۔ ایک ستارے کا نام ہے۔ جسے مریخ کہتے ہیں۔ سوموار کے بعد کا دن ۔

مَنگنی (ہ۔مث) سگائی۔ نسبت ۔

مَنگیتر (ہ۔مذ۔مث) منسوب۔ منسوبہ ۔

مَنو (س۔مذ) اہل ہنود میں ایک بڑے فاضل شخص گزرے ہیں، جنھوں نے ہندو مذہب کے قوانین بنائے تھے۔ ان کے مجموعۂ قوانین کا نام منوسمرتی ہے ۔

مِنوال (ع۔مذ) جُلاہے کا تُر (جاڑا) طریق۔ ڈھنگ ۔

مَنوانا (ل) اقرار کرانا۔ منظور کرانا ۔

مُنوّر (ع۔ص) روشن۔ نورانی۔ چمکتا ہُوا ۔

مَنوہر (س۔ص) حسین۔ خوبصورت۔ پسندیدہ۔ من موہن ۔

مُنہ (ہ۔مذ) مکھ۔ دہان۔ چہرہ۔ صورت۔ لحاظ۔ پاس۔ سوراخ۔ راہ ۔

مُنہ اُٹھا کر چلنا (ں) بے خبر ہو کر چلنا۔ دیکھ کر نہ چلنا ۔

مُنہ بنانا (ں) خفا ہونا۔ ناراض ہونا ۔

مُنہ بولا بھائی (ا۔مذ) زبان سے بولا ہوا بھائی ۔

مُنہ بولتی تصویر (ا۔مث) نہایت عمدہ تصویر۔ آدمی ۔

مُنہ پر کہنا (ہ) رُوبرو کہنا۔ سامنے بیان کرنا ۔

مُنہ پر مارنا (ہ) بُری چیز واپس کرنا ۔

مُنہ پر ہاتھ پھیرنا (ہ) بدلہ لینے کا اشارہ کرنا ۔

مُنہ پر ہوائیاں اُڑنا (ں) خوف یا کمزوری کے باعث چہرے کا زرد ہونا ۔

مُنہ پھٹ (ا۔ص) بدزبان۔ بدلحاظ۔ بڑبولا۔ بے باک ۔

مُنہ پھلانا (ں) خفا ہونا۔ مُنہ سُجانا ۔

مُنہ پھیرنا (ہ) مُنہ موڑنا۔ بے وفائی کرنا ۔

مُنہ توڑ کے جواب دینا ([illegible]) جواب دینا۔ دندان شکن جواب دینا ۔

مُنہ چاہیے (ہ) لیاقت چاہیے۔ حوصلہ اور ہمت کی ضرورت ہے ۔

مُنہ چڑھنا (ہ) مُنہ لگنا۔ منظورِ نظر ہونا۔ گستاخ بننا ۔

مُنہ دکھانا (ہ) مُنہ سامنے کرنا۔ سامنے آنا ۔

مُنہ دھو رکھو (ہ۔محاورہ) اس کی امید نہ رکھو ۔

مُنہ دیکھتا رہ جانا (ہ) منتظر رہ جانا۔ مُنہ تکتے رہنا۔ حیران رہ جانا ۔

مُنہ زور (ا۔ص) مُنہ پھٹ۔ بدلگام۔ بکّی۔ بکواسی ۔

مُنہ سیاہ کرنا (ہ) مُنہ کالا کرنا۔ مُنہ پر سیاہی ملنا۔ کلنک لگانا ۔

مُنہ فق ہونا یا ہو جانا (ں) خوف یا غم سے مُنہ زرد ہو جانا۔ ڈر جانا ۔

مُنہ کا میٹھا (ا۔ص) زبان کا میٹھا۔ خلیق ۔

مُنہ کے بل گرنا (ہ) اوندھے مُنہ گرنا ۔

گرنا۔ ذلیل ہونا ؛

مُنہ کی کھانا (ہ) زک اُٹھانا۔ شرمندہ ہونا۔ ندامت اُٹھانا ؛

مُنہ لال ہونا (ہ) غصّے یا تپش پا پیٹنے سے چہرہ سُرخ ہو جانا پڑنا۔ ناموری ہونا۔

مُنہ لگانا (ہ) سر چڑھانا۔ گُستاخ بنانا ؛

مُنہ لگنا (ہ) سر چڑھنا۔ یار بننا ؛

مُنہ مانگی مُراد (ہ) دِلی خواہش ؛

مُنہ موڑنا (ہ) روگردانی کرنا۔ توجہ نہ کرنا۔ پرہیز کرنا۔ بیوفائی کرنا ؛

مُنہ میں پانی بھر آنا (ہ) جی للچانا۔ خواہش ہونا ؛

مُنہ نکل آنا (ہ) چہرہ اُتر جانا۔ دُبلا ہو جانا ؛

مِنہا { (مِن = سے ، ہا ، اس کا اس میں سے) تابع فعل } تفریق۔ نفی۔ گھٹاؤ ؛

مِنہاج (ع۔ مذ) رستہ۔ سڑک ؛

مَنہار (س۔ مذ) چوڑیاں بنانے اور بیچنے والا۔ شیشہ گر ؛

مِنہائی (ع۔ مث) تفریق۔ کٹوتی ؛

مُنہدِم (ع۔ ص) گرا ہؤا۔ ویران ؛

مِہندی (ا۔ مث) حِنا۔ ایک قسم کا درخت جس کے پتوں کو پیس کر لگانے سے ہاتھ سُرخ ہو جاتے ہیں ؛

مُنہضِم (ع۔ ص) ہضم ہونے والا ؛

مُنہنال { ہ۔ (مُنہ + لال) مث } حقے کی نَے کے سِرے پر چڑھانے کی چاندی یا تانبے کی نلی۔ منال ؛

مَنہی (ہ۔ مذ) (۱) پورب۔ پوربیا۔ پورب کا رہنے والا۔ پُربیا ؛ (۲) منش۔ آدمی۔ (۳) خاوند ؛

مَنی (ع۔ مث) عضو تناسل سے نکلنے والی سفید رطوبت ؛

مَنی (ع۔ مث) خودی۔ غرور۔ تکبّر ؛

مَنی (انگ۔ مث) روپیہ۔ دولت ؛

مَنی آرڈر (انگ۔ مث) روپیہ بذریعہ ڈاکخانہ بھیجنے کا طریق ؛

مُنی (س۔ مذ) رِشی۔ زاہد ؛

مُنیر (ع۔ ص) روشن۔ چمکدار ؛

مَینیجر (انگ۔ مذ)

انتظام کرنے والا ۔

مُنیم (ا ۔ مذ) گماشتہ ۔ ایجنٹ محاسب ۔

(م ۔ و)

مُو (ف ۔ مذ) بال ۔

مُوباف (ف ۔ مذ) بال گوندھنے کی دھجی یا فیتہ ۔

مُوبمُو (ف) ذرا ذرا ۔ بال بال ۔

مُوشگاف (ف ۔ ص) باریک بیں ۔ بال کی کھال نکالنے والا ۔

مُوشگافی (ف ۔ مث) باریک بینی ۔ چھان بین ۔

مُوقلم (ف ۔ مذ) بالوں کا قلم ۔ بُرش ۔

مُوا (ا ۔ ص) مُردہ ۔ کم بخت ۔ نامراد ۔

مَوّاج (ع ۔ ص) بہت موجیں مارنے والا ۔ تیز ۔

مَواجِب (ع ۔ مذ ۔ ج) (واحد موجب) تنخواہ ۔ مشاہرہ (بطور واحد مستعمل) ۔

مُواجہہ (ع ۔ مذ) سامنے ہونا ۔ رُوبرُو ہونا ۔ فارسی والے مُواجَہ بولتے ہیں ۔ مشاہہ ۔

مُواخِذ (ع ۔ ص) پکڑنے والا ۔

مُواخَذہ (ع ۔ مذ) پکڑ ۔ جواب طلبی ۔ پوچھ گچھ (مواخذات جمع) ۔

مَواد (ع ۔ مذ ۔ ج) سامان ۔ مصالحہ ۔ غلاظت ۔ پیپ (واحد مادّہ) ۔

مُوازی (ع ۔ ص) برابر ۔ مقابل ۔ آنوں کے ساتھ آتا ہے (مُوازی دو آنے) ۔

مَواشی (ع ۔ مذ ۔ ج) چارپائے ۔ ڈھور ڈنگر (واحد ماشی) (المطالعام موسیٰی) ۔

مُواصَلت (ع ۔ مث) ملاقات ۔ ملنا ۔

مَواضِع (ع ۔ مذ ۔ ج) (واحد موضع) دیہات ۔ جگہیں ۔

مَواعِظ (ع ۔ مذ ۔ ج) (واحد موعظہ) ۔

مُوافِق (ع ۔ ص) مطابق ۔ برابر ۔ لائق ۔ مناسب ۔

مُوافِق آنا (ر) راس آنا ۔ مزاج کے مطابق ہونا ۔

مُوافَقَت (ع ۔ مث) مطابقت ۔ ساتھ ۔ اتفاق ۔ دوستی ۔

مَواقِع (ع۔مذ۔ج) (واحد موقع) ؛
مُوالات (ا۔مذ) باہمی دوستی ؛
مَوالی (ع۔مذ۔ج) نوکر۔غلام (واحد مولیٰ) ؛
مَوالِید (ع۔مذ۔ج) بچے۔لڑکے۔ (واحد مولود) پیدا شدہ چیزیں ؛
مَوالِیدِ ثلاثہ (ع۔مذ) تین قسم کی مخلوق یعنی حیوانات۔نباتات اور جمادات ؛
مُوانَسَت (ع۔مث) محبت۔پیار۔ اتحاد ؛
مَوانِع (ع۔مذ۔ج) منع کرنے والی چیزیں (واحد مانع) ؛
مَواہِب (ع۔مث۔ج) (واحد موہبت) ؛
مُوبِد (ف۔مذ) دانا۔حکیم۔فلاسفر ؛
مَوت (ع۔مث) وفات۔مرگ۔مرنا ؛
مَوت کے دن پُورے کرنا (۱) مشکل سے گزارہ کرنا ؛
مَوت کے گھاٹ اُتارنا (۲) ہلاک کر دینا ؛
موتا (ہ۔مث) واقعۂ مرگ۔میت۔ماتم میت ؛
موتی (ہ۔مذ) دُر۔گوہر۔مروارید ؛
موتیا (ہ۔مث) ایک قسم کا خوشبودار پھول ؛
موتیا بند (ہ۔مذ) آنکھوں کی ایک بیماری ہے۔جس سے اُن کا نور جاتا رہتا ہے ؛
موٹا (ہ۔ص) فربہ۔مسٹنڈا۔جسیم۔گاڑھا ؛
موٹا جھوٹا (ہ۔ص) ادنیٰ قسم کا۔ معمولی ؛
موٹر (انگ۔مث۔مذ) موٹر کار۔ایک مشہور سواری، جس میں انجن لگا ہوتا ہے۔اور پٹرول وغیرہ سے چلتی ہے ؛
موٹر (انگ۔مذ) انجن ؛
موٹر ڈرائیور (انگ۔مذ) موٹر چلانے والا۔ شوفر
مُوٹھ (ہ۔مث) (۱) دستہ۔قبضہ (۲) مٹھی (۳) جادو۔ٹونا (۴) جواری کی بند مٹھی۔

موٹی (ہ۔ص) موٹی عورت۔ جسم والی شے ÷

موٹی اسامی (ا۔مث) مالدار آدمی ÷

موٹی بات (ہ۔مث) سیدھی بات۔ ظاہر بات ÷

مُؤَثِّر (ع۔ص) اثر کرنے والا ÷

مَوج (ع۔مث) لہر۔ ترنگ۔ جوش۔ (جمع امواج) ÷

مَوج آنا (ا) لہر آنا۔ طبیعت میں ولولہ اُٹھنا ÷

مَوجزن ہونا (ا) لہریں مارنا ÷

مَوج کرنا (ا) مزہ اُڑانا۔ آنند کرنا ÷

مُوجِب (ع۔مذ) سبب۔ وجہ۔ فرض ÷

مُوجِد (ع۔مذ) ایجاد کرنے والا۔ نئی بات نکالنے والا۔ بانی۔ مخترع ÷

مَوجُود (ع۔ص) سامنے۔ حاضر۔ پاس۔ تیار ÷

مَوجُودات (ع۔مث۔ج) مخلوقات۔ دنیا۔ حیثیت۔ حاضری (لینا) (اُردو میں بطور واحد مستعمل) ÷

مَوجُودگی (ف۔مث) حاضری۔ حضوری ÷

مَوجُودہ (ف۔ص) اس وقت کا ÷

مَوجہ (ف۔مذ) موج۔ لہر ÷

مَوجی (ا۔ص) موج کرنے والا۔ لہری۔ زندہ دل ÷

موچ آنا (ہ) پاؤں کا مڑ جانا ٹھوکر لگنے سے ÷

موچنا (ہ۔مذ) (ف: موچینہ: مو = بال۔ چینہ از چیدن۔ چُننا) بال اُکھاڑنے کا آلہ ÷

مُوچھ (ہ۔مث) ہونٹوں کے اُوپر کے بال ÷

مُوچھ بال (ہ۔مذ) مچا۔ منہ پر لہو دینے والا۔ ناک کا بال۔ بہت مقرب ÷

مُوچھندر (ہ۔مذ) بڑی بڑی مونچھوں والا ÷

موچی (ہ۔مذ) جوتی سینے والا۔ زین ساز ÷

مُوَحِّد (ع۔مذ) خدا کو ایک ماننے والا۔ مسلمان۔ توحید کا قائل ÷

مُوَحِّدانہ (ف۔ص) موحدوں کی طرح ÷

مُؤَخَّر (ع۔ص) پچھلا۔ اخیر کا ÷

مُؤَخَّرُ الذِّکر (ع۔ص) جس کا ذکر اخیر

میں کیا گیا ہے ٭

مُؤَدَّب (ع ۔ ص) ادب والا ۔ مہذب ۔ شائستہ ٭

مُؤَدِّب (ع ۔ مذ) ادب دینے والا ۔ اُستاد ٭

مُوَدَّت (ع ۔ مث) دوستی ۔ محبت ۔ پیار ٭

مودُھو (ہ ۔ ص) احمق ۔ مورکھ ۔ سیدھا سادا ٭

مودی (ہ ۔ مذ) بنیا ۔ مہاجن ٭

مودی خانہ (و ۔ مذ) گودام گھر ٭

مُؤَذِّن (ع ۔ مذ) اذان دینے والا (پ) بانگا ٭

مُوذِی (ا ۔ ص) ایذا دینے والا ۔ دُکھ دینے والا ۔ شریر ۔ بدذات ٭

مور (ف ۔ مث) چیونٹی ٭

مور و مَلَخ (ف ۔ ص) چیونٹی اور ٹڈی بے شمار ٭

مور (ہ ۔ مذ) ایک نہایت خوبصورت پرندہ ۔ طاؤس ٭

مور چھل (ہ ۔ مذ) مور کے پروں کی چھوری ٭

مَوَر (ہ ۔ مذ) آم کے درخت کا شگوفہ

مَول ۔ بَور ۔ آم کی منجری ٭

مَور آنا (ہ) آم کے درخت میں شگوفہ آنا ٭

مُورَت (ہ ۔ مث) بُت ۔ مُورتی ۔ تصویر ۔ پتلی ٭

مُورتی (ہ ۔ مث) بُت ٭

مُورِث (ع ۔ مذ) وہ شخص جس سے ورثہ ملے ٭

مُورِثِ اَعلیٰ (ع ۔ مذ) خاندان کا بزرگ ۔ دادا ۔ پڑدادا ٭

مورچا (ہ ۔ مذ) خندق ۔ کھائی ۔ لڑنے کی تیاری ٭

مورچہ (ف ۔ مذ) چیونٹی ٭

مُؤَرِّخ (ع ۔ مذ) تاریخ لکھنے والا ٭

مُؤَرَّخَہ (ع ۔ ص) تاریخ دی گئی ۔ لکھا ہوا ۔ محررہ ٭

مَوْرِد (ع ۔ مث) گھاٹ ۔ اُترنے کی جگہ ۔ وارد ہونے کی جگہ ٭

مُورکھ (ہ ۔ ص) بے وقوف ۔ جاہل ۔ نادان ٭

موزونی (ع ۔ ص) جدی ۔ باپ دادا کا ۔
موری (ہ ۔ مث) نالی ۔ بدرو ۔ سوراخ ؛
موزوں (ع ۔ ص) مناسب ۔ لائق ۔ زیبا ۔ درست ؛
موزونیت (ع ۔ مث) خوبصورتی ۔ سجاوٹ ۔ درستی ۔ پکاپن ؛
موزہ (ف ۔ مذ) جراب ۔ چمڑے کی جراب ؛
موسائی (ع ۔ مذ) حضرت موسیٰ کا پیرو ؛
موسل (ہ ۔ مذ) اناج کوٹنے کا موٹا سونٹا ؛
موسلا (ہ ۔ مذ) پچکاری کی ڈنڈی ۔ بمبے کی لاٹھ ۔ بید ۔ چھڑی ۔ عصا ۔ موسل کی طرح ؛
موسلادھار (ہ ۔ مث) زور کی بارش ۔ تل دھار ۔ اوپر دھار ؛
موسلی (ہ ۔ مث) جڑ ۔ اصلی ۔ گول جڑ ؛
موسم (ع ۔ مذ) وقت ۔ سماں ۔ دن ۔ زمانہ ؛
موسم بہار (ف ۔ مذ) بسنت ۔ رت ۔ فصل گل ؛
موسم خزاں (ف ۔ مذ) پت جھڑ ۔ خریف ۔ زوال کا زمانہ ۔ بڑھاپا ؛
موسمی (ع ۔ ص) موسم کا ۔ وقت کا ؛
موسمی ہوائیں (ع ۔ مث) وہ ہوائیں جو جولائی اور اگست میں ہندوستان میں بارش لاتی ہیں ۔ مون سون ؛
موسمی بخار (ع ۔ مذ) ملیریا ۔ ایک قسم کا بخار جو برسات کے موسم میں مچھر کے کاٹنے سے ہوتا ہے ۔ اس میں کپکپی آ کر بخار ہوتا ہے ؛
موسوم (ع ۔ ص) نام رکھا گیا ۔ معروف ؛
موسوی (ع ۔ مذ) موسائی ؛
موسیٰ (ع ۔ مذ) ایک مشہور پیغمبر کا نام ہے ۔ استرہ ؛
موسیقار (ف ۔ مذ) ققنس ؛
موسیقی (ع ۔ مذ) گانے بجانے کا علم ؛
موسیو { ل (فرانسیسی) حرف } مسٹر ۔ جناب ۔ شہزادوں پادریوں اور بڑے بڑے لوگوں سے خطاب کرنے کا لفظ ؛
موش (ف ۔ مذ) چوہا ؛
موشگافی (ف ۔ مث) نکتہ چینی ۔ بال

کی کھال کھینچنی ۔
مَوصُوف (ع۔ص) تعریف کیا گیا۔ ممدوح۔ مذکور ۔
مَوصُول (ع۔ص) ملا ہوا۔ جڑا ہوا ۔
مُوصِی (ع۔مذ) وصیّت کرنے والا ۔
مَوضِع (ع۔مذ) گاؤں۔ جگہ۔ مکان۔ (جمع مواضع) ۔
مَوضُوع (ع۔مذ) وضع کیا گیا۔ مُدّعا۔ مضمون۔ بناوٹی۔ جعلی ۔
مَوعِظت (ع۔مث) نصیحت۔ نیک مشورہ (جمع مَواعِظ)
مَوعُود (ع۔ص) وعدہ کیا گیا ۔
مَوفُور (ع۔ص) وافر۔ زیادہ۔ بکثرت ۔
مُوقِر (ع۔ص) عزت دار۔ معزّز ۔
مَوقَع (ع۔مذ) واقع کی جگہ۔ وقت۔ مناسب (جمع مواقع) ۔
مَوقَعہ (ع۔مذ) وقت۔ جگہ (جمع مَواقع)
مَوقَع شَناس (ف۔ص) بات کا موقع پہچاننے والا۔ سمجھدار۔ تجربہ کار
مَوقَف (ع۔مذ) ٹھہرنے یا کھڑا ہونے کی جگہ ۔

مَوقُوف (ع۔ص) برخاست۔ نوکری سے الگ کیا گیا ۔
مَوقُوفی (ف۔مث) برخاستگی۔ علیحدگی ۔
مَوکِب (ع۔مذ) سپاہ۔ لشکر۔ فوج ۔
مُؤکَّد (ع۔ص) تاکید کیا گیا۔ مزدوری ۔
مُؤکَّل (ع۔مذ) وہ شخص جس کے ذمّے کوئی کام لگایا گیا ہو۔ ذمّہ دار۔ وکیل۔ مختار ۔
مُؤکِّل (ع۔مذ) وکیل کرنے والا ۔
موکھا (ہ۔مذ) مکان کی چھت میں ہوا کے آنے جانے کا چوڑا سا سوراخ۔ ہوادان۔ روشندان ۔
موگری (ہ۔مث) کپڑا، زمین وغیرہ کوٹنے کا آلہ۔ بہت چھوٹا مگدر ۔
مُول (س۔مذ) اصل۔ سرمایہ۔ پونجی۔ جڑ ۔
مول (ہ۔مذ) قیمت۔ دام۔ بھاؤ ۔
مول تول (ہ۔مذ) بھاؤ۔ سودا ۔
مَول (ہ۔مذ) پھل دار درخت کا شگوفہ۔ بور ۔
مولا (ع۔مذ) مالک۔ آقا۔ سردار۔ خداوند

مولابخش (ا ۔ مذ) (۱) اکبر کے وقت کے ایک بہت بڑے جوتے کا نام جو شریروں کے سر پر پڑا کرتا تھا ۔ اور اب ایسے جوتے کو جو سزا کے واسطے بنوایا جاتا ہے، گنگارام بھی کہنے لگے ہیں ۔ (۲) ایک قوی الجثہ بہادر شاہی ہاتھی کا نام جو بادشاہ کے سوا دوسرے کو سواری نہ دیتا تھا ۔ اور بادشاہ کے پاس جب جاتا تو گھٹنے ٹیک کر سلام کیا کرتا تھا ۔ بچے اس سے گنے مانگا کرتے اور یہ اُن کو سونڈ سے پھینک دیا کرتا تھا ۔ ۵۷ء میں بادشاہ کے غم میں کھانا پینا چھوڑ کر مر گیا ۔ (آصفیہ) ۔ (۳) ڈنڈا ۔

مولانا (ع ۔ مذ) لفظی معنی ہمارا آقا ۔ علماء کا اعزازی لقب ۔ فاضل ۔ عالم ۔

مولائی (ع ۔ مذ) میرا مولا ۔ عالم کا اعزازی لقب ۔ مراکش کے سلاطین کا لقب ۔

مولد (ع ۔ مذ) پیدا ہونے کی جگہ ۔

مولسری (ہ ۔ مث) ایک درخت اور اسکا پھل اسکے پھولوں کی مہک بھینی بھینی ہوتی ہے ۔

مؤلف (ع ۔ مذ) جمع کرنے والا ۔ کتاب بنانے والا ۔

مؤلفہ (ع ۔ مث) بنائی ہوئی ۔ جمع کی ہوئی ۔

مولود (ع ۔ مذ) جنا ہوا بچہ ۔ بیٹا ۔ لڑکا ۔ (جمع موالید) پیغمبر اسلام کی ولادت کا بیان ۔

مولودخواں (ف ۔ مذ) پیغمبر اسلام کی ولادت کا بیان پڑھنے والا ۔

مولودی (ف ۔ مذ) مولودخواں ۔

مولوی (ع ۔ مذ) دین کا عالم ۔ فاضل ۔ مدرس ۔ معلم ۔

مولیٰ (ع ۔ مذ) مولا ۔ سردار ۔ ماسٹر ۔ غلام (لغات اضداد سے ہے) (جمع موالی) ۔

موم (ف ۔ مذ) وہ چکنا نرم مادہ جسے شہد کی مکھیاں شہد کے ساتھ جمع کرتی ہیں ۔ عربی میں اسے

شمع کہتے ہیں +
موم بتّی (ا۔مث) موم کی بنی ہوئی شمع +
موم جامہ (ا۔مذ) مومی کپڑا +
موم دِل (ا۔ص) نرم دل۔ رحم دِل +
موم کا (ا۔ص) نہایت نازک +
موم کی مَریَم (ا۔ص) نہایت نازک عورت جو گرمی نگاہ سے پگھل جائے۔ چھوئی موئی۔ وہ جو ہاتھ لگائے سے میلی ہو (اس قسم کے مرد کو "مرزا پھویا" کہتے ہیں)
موم کی ناک (ا۔ص) وہ شخص جو اپنی بات پر قائم نہ رہے۔ جدھر چاہیں موڑ لیں +
مومِن (ع۔مذ) ایماندار مسلمان +
مومنا (ا۔ص) موم کی مانند۔ موم کی مانند نازک۔ نہایت نازک +
مومنا چومنا (ا۔ص) ازحد نازک +
مومِنین (ع۔مذ۔ج) (واحد مومن) +
مومی (ف۔ص) موم کا بنا ہوا +
مُوسے (ا۔ص (بروزنِ مُوسیٰ) ایما کیا گیا۔ اشارہ کیا گیا (بول چال میں واؤ مجہول و یائے معروف آتی ہے) +
مومیائی (ف۔مث) ایک سیاہ چکنی دوا ہے۔ جو چوٹ وغیرہ کے لئے مفید ہے +
مُؤنّث (ع۔ص) مادہ۔ عورت +
مُونج (ہ۔مث) ایک قسم کی گھاس جس کے بان بٹتے ہیں +
مُوندنا (ہ) بند کرنا +
مُونڈنا (ہ) حجامت کرنا۔ بال اُتارنا۔ فریب سے مال لے لینا +
مُونڈھا (ہ۔مذ) کندھا۔ دوش۔ سرکنڈوں یا بانس کی کُرسی +
مَون سُون (انگ۔ مث) بارش برسانے والی ہوائیں۔ موسمی ہوائیں +
مُونِس (ع۔مذ) ساتھی۔ یار۔ دوست +
مُونگا (ہ۔مذ) مرجان ایک قسم کے کیڑے کا گھر ہے جو سمندر میں پیدا ہوتا ہے +
موہ (س۔مث) پیار۔ محبت۔ عشق +

موہ لینا (ہ) لُبھا لینا - فریفتہ کرنا ٭

مُوہِب (ع - ص) بخشنے والا ٭

مَوہِبت (ع - مث) بخشش - عطا - (جمع مواہب) ٭

مَوہِبتِ عُظمیٰ (ع - مث) بہت بڑی نعمت ٭

موہِت (س ص) شیدا - عاشق ٭

موہَن (ہ - ص) لُبھانے والا - دِلرُبا ٭

موہنی (ہ - مث) موہنے والی خوبصورت ٭

مَوہُوم (ع - ص) وہم کیا گیا - خیالی - فرضی ٭

مَوہُومی (ف - مث) خیالی - وہمی ٭

موئی (ہ - مث) مُردہ - مری ہوئی - کم بخت ٭

موئے (ف - مذ) بال ٭

مُؤَیِّد (ع - ص) تائید کرنے والا - مددگار ٭

مُؤَیَّد (ع - ص) مدد کیا گیا حمایت کیا گیا ٭

مَویز (ف - مذ) بڑی قسم کی سُوکھی ہوئی کشمش ٭

مَویزِ مُنَقّٰی (ف - مذ) مویز جس میں سے دانے نکال لئے گئے ہوں صاف کیا ہُوا مویز کا دانہ ٭

مَوَیشی {ا (ع - مواشی صیغہ جمع - واحد ماشی - چلنے والا از مشی چلنا) مذ - ج } ڈنگر - ڈھور - گائے بکری بھینس وغیرہ ٭

مَوَیشی خانہ (ف - مذ) جانوروں کا باڑا ٭

(م - ہ)

مِہ (ف - ص) بڑا بزرگ - سردار ٭

مَہ (ف - مذ) ماہ - چاند - مہینہ ٭

مَہ پارہ (ف - ص) چاند کا ٹکڑا خوبصورت ٭

مَہ جَبِیْن (ف - ص) خوبصورت - معشوق ٭

مَہ رُو (ف - ص) چاند کے مکھڑے والا خوبصورت ٭

مَہ لِقا (ف - ص) چاند کے مکھڑے والا - خوبصورت ٭

مَہا (س - ص) بڑا - بزرگ ٭

مَہابَلی (ہ - ص) بڑا طاقتور - شہزور ٭

مَہابھارَت (س - مث) وہ بڑی بھاری لڑائی جو کوروں اور پانڈوں کے

درمیان ہوئی تھی۔ وہ کتاب جس
میں اس لڑائی کا حال لکھا ہے ۔
مہابیر (س۔مذ) ہنومان کا خطاب ۔
مہاپرش (س۔مذ) بزرگ آدمی۔
مہاتما ۔
مہاتما (ہ۔مذ) نیک آدمی ۔
مہاجن (ہ۔مذ) دولت مند۔ سوداگر ۔
مہاراج (ہ۔مذ) بڑا راجہ۔ عزت کے
لئے خاندانی ہندوؤں کا خطاب ۔
مہاراجہ (ہ۔مذ) بڑا راجا ۔
مہارانی (ہ۔مث) بڑے رتبے کی
عورت۔ مہاراجہ کی بیوی ۔
مہابت (ع۔مث) خوف۔ دہشت۔
رعب۔ شان وشوکت۔ فیلبان۔
مُہاجر (ع۔مذ) ہجرت کرنے والا ۔
مُہاجرت (ع۔مث) ہجرت کرنا۔
وطن چھوڑنا ۔
مُہار (ف۔مث) اونٹ کی نکیل ۔
مہاراشٹر (ہ۔مذ) مرہٹوں کا وطن۔
صوبجات متوسط کا علاقہ ۔
مہارت (ع۔مث) مشق۔ لیاقت۔ پہنچ۔
واقفیت ۔
مُہاسا (ہ۔مذ) جوانی کی عمر میں چہرے
پر جو دانے سے نکل آتے
ہیں۔ جوانی کی پھنسی ۔
مُہال (ہ۔مذ) مکھیوں کا چھتہ ۔
مَہالک (ع۔مث۔ج) ہلاک ہونے کی
جگہیں۔ خطرناک مقامات۔
(واحد مہلکہ۔ غیر مستعمل) ۔
مَہام (ع۔مذ) مہمیں۔ بڑے بڑے کام ۔
مہاوت (ہ۔مذ) ہاتھی چلانے والا ۔
مَہاوٹ (ہ۔مذ) جاڑے کی بارش۔
خصوصاً ماگھ کے مہینے کی ۔
مَہاوٹ برس رہے ہیں۔ سردیوں
کے موسم میں زور کی بارش ہو
رہی ہے ۔
مَہتاب (ف۔مث) چاندنی ۔
مَہتاب (ف۔مذ) چاند ۔
مہتابی (ف۔مث) چاندنی کی بہار دیکھنے
کے لئے صحن باغ میں یا محل
کے سامنے بنا ہوا چبوترہ۔ ایک
قسم کی آتشبازی ہے۔ فتیلہ جس

سے نوپ داغتے ہیں ✤

مِہتر (ف۔ مذ) بزرگ۔ سردار۔ آقا ✤

مِہتر (ف۔ مذ) خاکروب۔ بھنگی۔ چوہڑا ✤

مُہتَمِم (ع۔ مذ) اہتمام کرنے والا۔ مینیجر ✤

مہتمم بندوبست (ف۔ مذ) بندوبست کے محکمے کا افسر ✤

مَہجُور (ع۔ ص) جدا کیا گیا۔ فراق کا مارا ✤

مہجوری (ف۔ مث) جدائی۔ فراق۔

مَہد (ع۔ مذ) گہوارہ۔ پنگوڑا۔ پالنا۔ (مجازاً) ڈولا۔ سکھپال ✤

مَہدی (ع۔ مذ) رہنما۔ ہادی۔ وہ امام جن کا قیامت کے نزدیک ظہور ہوگا۔

مُہذّب (ع۔ ص) شائستہ۔ تعلیم یافتہ۔ خوش اخلاق ✤

مَہر (ع۔ مذ) وہ روپیہ جو نکاح کے وقت مرد کی طرف سے عورت کو دینا مقرر کیا جاتا ہے ✤

مِہر (ف۔ مذ) سورج۔ آفتاب ✤

مُہر (ف۔ مث) چھاپ۔ ٹھپہ وغیرہ پر کھدا ہوا نام۔ عدالت یا دفتر کا ٹھپہ۔ (جمع مواہیر) ✤

مُہر شاہی (ف۔ مث) بادشاہی چھاپ۔

مُہر کرنا (ف) مُہر لگانا۔ بند کرنا۔ تصدیق کرنا ✤

مُہر کن (ف۔ مث) مُہر کھودنے والا ✤

مَہرا (ہ۔ مذ) (پورب) کہار۔ ڈولی بان۔

مُہرا (ہ۔ مذ) سامنا۔ آگا ✤

مُہرے پر۔ آگے۔ سامنے ✤

مِہرارُو (ہ۔ مث) (پورب) استری۔ عورت ✤

مِہربان (ف۔ ص) مہربانی کرنے والا۔ رفیق۔ توجہ کرنے والا۔ دوست ✤

مِہربانی (ف۔ مث) عنایت۔ توجہ۔ نوازش ✤

مُہرہ (ف۔ مذ) شطرنج وغیرہ کی نرد۔ بڑی کوڑی ✤

مَہک (ہ۔ مث) خوشبو۔ میٹھی میٹھی خوشبو ✤

مہکنا (ہ) خوشبو پھیلنا۔ معطر ہونا ✤

مُہلت (ع۔ مث) ڈھیل۔ فرصت وقفہ ✤

مہلت دینا (ا) موقع دینا۔ فرصت دینا ÷

مہلک (ع۔ص) ہلاک کرنے والا۔ قاتل ÷

مہم (ع۔مث) بڑا کام۔ مشکل کام۔ جنگ ÷

مہم سر کرنا (ا) لڑائی جیتنا۔ سخت کام کو کامیابی کے ساتھ انجام تک پہنچانا ÷

مہم ہونا۔ معرکہ پیش آنا۔ حملہ کرنا ÷

مہادہ۔ مث) بزرگی۔ بڑائی۔ تعریف ÷

مہمات (ع۔مث ج (واحد مہم) ÷

مہمان (ف۔مذ (مہ = بزرگ) + مان (اوستا میتش = آدمی) مذ) وہ شخص جو کسی کے گھر آکر اترے۔ پاہونا۔ ضیف ÷

مہمان خانہ (ف۔مذ) مسافر خانہ ÷

مہمان دار (ف۔مذ) میزبان۔ مہمان بلانے والا ÷

مہمان سرائے (ف۔مث) مہمان خانہ ÷

مہمان نواز (ف۔مذ) مہمانوں کی خاطر تواضع کرنے والا ÷

مہمانی (ف۔مث) دعوت۔ ضیافت۔ خاطر۔ تواضع ÷

مہمل (ع۔ص) بے معنی۔ بیہودہ ÷

مہملہ (ع۔ص) وہ حرف جس پر نقطہ نہ ہو ÷

مہمیز (ف۔مث) لوہے کا کانٹا جو سوار کی ایڑی پر لگا ہوتا ہے ÷

مہنا (س۔مذ) طعنہ۔ بولی۔ طنز ÷

مہنت (س۔مذ) فقیر۔ درویش ÷

مہندس (ع۔مذ) علم ہندسہ جاننے والا۔ جوتشی ÷

مہندی (ہ۔مث) سبز پتے جن کو پیس کر رنگ کے لئے ہاتھ پاؤں پر لگاتے ہیں۔ حِنا ÷

مہنگا (ہ۔ص) گراں۔ قیمتی ÷

مہنگا سمال (ہ۔مذ) کال کا زمانہ۔ گرانی کا وقت۔ خشک سالی ÷

مہورت (ہ۔مذ) شگن۔ کسی کام کے کرنے کا مناسب وقت جو تاروں کی چال سے دیکھتے ہیں ÷

مہورت دیکھنا (ہ) کسی کام کا مناسب وقت دیکھنا ÷
مہورت کرنا (ہ) کسی اچھے وقت کام شروع کرنا ÷
مُہوِس (ع - مذ) کیمیاگر۔ حریص۔ لالچی ÷
مہوش (ف ص) چاند کی مانند۔ معشوق ÷
مُہیّا (ع۔ص) تیار۔ حاضر۔ فراہم ÷
مُہیّا کرنا (ا) موجود کرنا۔ حاضر کرنا۔ تیار کرنا ÷
مُہیب (ع - ص) خوفناک ÷
مہیش (س - مذ) شیوجی کا نام ÷
مہین (ا - ص) باریک۔ پتلا۔ نازک ÷
مہینہ (ا - مذ) ماہ۔ تیس دنوں کا عرصہ ÷

(م - ی)

مے (ف - مث) شراب ÷
مے آشام (ف - مذ) شراب پینے والا۔ شرابی ÷
مے پرست (ف - مذ) شرابی ÷
مے پرستی (ف - مث) شراب خوری ÷
مے خانہ (ف - مذ) شراب خانہ ÷
مے خوار (ف - مذ) شرابی ÷
مے خواری (ف - مث) شراب نوشی ÷
مے فروش (ف - مذ) شراب بیچنے والا ÷
مے کدہ (ف - مذ) شراب خانہ ÷
مے کش (ف - مذ) شرابی ÷
مے نوش (ف - مذ) شراب پینے والا شرابی ÷
مئی (انگ - مذ) May انگریزی پانچواں مہینہ ÷
میا (ہ - مث) ماں کی تصغیر۔ حقارت کے لئے ÷
میان (ف - مذ) وسط۔ بیچ۔ کمر۔ نیام۔ تلوار کا غلاف ÷
میاں (ا) سردار۔ خاوند۔ تعظیم کے لئے بولتے ہیں۔ استاد۔ مدرس ÷
میاں بیوی (ا - مذ) خاوند۔ بیوی ÷
میاں مٹھو (ا - مذ) احمق۔ بھولا بھالا۔ پیار سے طوطے کو کہتے ہیں ÷
میانہ (ف - ص) درمیانی۔ اوسط درجے

کا

کا۔ اوسط۔ بیچ ÷

میانہ رَو (ف ص) درمیانی چال چلنے والا۔ نہ زیادہ نہ کم رہنے والا۔ کفایت شعار ÷

میانہ رَوِی (ف۔ مث) اعتدال۔ کفایت شعاری۔ جزرسی ÷

میانہ قد (ف۔ ص) درمیانہ قد۔ نہ لمبا نہ چھوٹا ÷

میپ map (انگ۔ مذ) نقشہ ÷

میپ سٹینڈ map stand (انگ۔ مذ) نقشہ لٹکانے کا چوکھٹا ÷

مَیِّت (ع۔ مث) مردہ۔ لاش۔ جنازہ ÷

مِیت (ہ۔ مث) دوست۔ یار۔ سجن ÷

میتھی (ہ۔ مث) ایک مشہور سبزی ہے ÷

میٹ mate (انگ۔ مذ) ساتھی۔ شریک۔ مزدوروں کا سردار ÷

میٹر metre (انگ۔ مذ) ناپنے کا آلہ ÷

میٹر metre (فرانسیسی۔ مذ) نظام اعشاریہ۔ طول کی ایک اکائی ۳۹٫۳۷۰۷ انچ کے برابر ہے ÷

میٹریکیولیشن matriculation (انگ) انٹرنس ÷ دسویں جماعت۔

میٹنگ meeting (انگ۔ مث) مجلس۔ کمیٹی۔ مشورہ ÷

میٹھا (ہ۔ ص) شیریں ÷

میٹھا (ہ۔ ص) شیریں۔ مزے دار۔ لذیذ (۲) (ہ۔ مذ) شیرینی۔ مٹھاس آٹھواں یا اٹھارواں (برس) لیموئے شیریں۔ زہر ÷

میٹھا تیل (ہ۔ ص) تلوں کا تیل ÷

میٹھا تیلیا (ہ۔ مذ) ایک زہریلی جڑ کا نام ہے ÷

میٹھا دَرْد (ہ ص) ہلکا ہلکا درد ÷

میٹھا میٹھا (ہ۔ ص) ہلکا ہلکا۔ تھوڑا تھوڑا ÷

میٹھی بات (ہ۔ ص) دلچسپ بات۔ نرم بات ÷

میٹھی چُھری (ہ۔ مث) وہ شخص جو

ظاہر میں دوست ہو اور باطن میں دشمن ہو ۔

مِیٹھی مِیٹھی باتیں کرنا (ہ) پیار کی باتیں کرنا ۔ مزے کی باتیں کرنا ۔

مِیٹھی نظر (ا ۔ مث) محبت کی نظر ۔

مِیٹھی نیند (ہ ۔ مث) آرام کی نیند ۔

مِیثاق (ع ۔ مذ) قول و قرار ۔ وعدہ ۔ (جمع مَواثیق) ۔

میجارٹی Majority (انگ ۔ مث) کثرت ۔ اکثریت ۔

میجر Major (انگ ۔ مذ) بڑا ۔ اہم ۔ فوجی حاکم ۔

میجسٹی Majesty (انگ ۔ مذ) عظمت ۔ بزرگی ۔ بادشاہ یا بیگم کے نام کے ساتھ بولتے ہیں ۔

مَیچ Match (انگ ۔ مذ) کھیلوں کا مقابلہ ۔ بازی ۔ ہمسر ۔ ثانی ۔

مَیچ لَیس Matchless (انگ ۔ ص) لاثانی ۔ بے مثال ۔

مَیجک لَینٹرن Magic Lantern (انگ ۔ مذ) جادو کی لالٹین جس کے ذریعے سے تصاویر دکھائی جاتی ہیں ۔

میچنا (ہ) بند کرنا ۔ سکیڑنا ۔

میخ (ہ ۔ مث) کیل کھونٹی ۔

مَیدان (ع ۔ مذ) صاف اور ہموار زمین ۔ کھیت ۔ کھیل کا میدان ۔ لڑائی ۔ مقابلہ ۔

مَیدانِ جنگ مانگنا ۔ مخالف کو لڑائی کے لئے للکارنا ۔

مَیدان چھوڑنا (د) لڑائی میں پیٹھ دکھا کر بھاگ جانا ۔ جگہ فراخ کرنا ۔

مَیدان صاف ہے (د) محاورہ کوئی روکنے والا نہیں ہے ۔

مَیدان مارنا (د) لڑائی جیتنا ۔

مَیدان میں آنا (د) مقابلہ پر آنا ۔ اکھاڑے میں اُترنا ۔

مَیدان ہاتھ رہنا (د) میدان جیتنا ۔ فتح پانا ۔

مَیدَہ (ف ۔ مذ) باریک آٹا ۔

مَیڈل (انگ۔ مذ)
تمغہ ÷

مِیر (ع۔ مذ) سردار۔ چودھری۔ بزرگ۔
سیّدوں کا خطابی لفظ ÷
مِیرِ آتش (ف۔ مذ) توپ خانے کا
داروغہ ÷
مِیرِ آخور (ف۔ مذ) اصطبل کا داروغہ
مِیرِ بَحر (ف۔ مذ) بحری افسر ÷
مِیرِ بَخشی (ف۔ مذ) تنخواہیں تقسیم
کرنے والا ÷
مِیرِ حُجّاج (ف۔ مذ) حاجیوں کا سردار
مِیرِ حجاز (ف۔ مذ) عرب کا سردار۔
مراد رسُولِ کریم ÷
مِیر سامان (ف۔ مذ) خانسامان ÷
مِیرِ عمارت (ف۔ مذ) داروغۂ
تعمیرات۔ انجنیر ÷
مِیرِ فیصلہ (ف۔ مذ) پنچ۔ فیصلہ کرنے
والوں کا رئیس ÷
مِیرِ مجلس (ف۔ مذ) صدرِ مجلس۔
پریذیڈنٹ۔ سبھاپتی ÷
مِیرِ محلہ (ف۔ مذ) محلہ کا چودھری ÷

مِیرِ مُنشی (ف۔ مذ) سررشتہ دار۔ مثل
خواں۔ سپرنٹنڈنٹ ÷
مِیراث (ع۔ مذ) ترکہ۔ جائداد جو مرنے
والے کے وارثوں کو ملے ÷
مِیراثی (ع۔ مذ) وِرثہ پانے والا۔ بھاٹ۔
ڈوم ÷
مِیراں (ف۔ مذ) بزرگ۔ مقدس آدمی ÷
مِیرزا (ف۔ مذ) سردار۔ مغل زادہ۔
مغلوں کا لقب ÷
مِیر صاحب۔ عموماً شیعہ لوگوں کو
جو سیّد ہوں، اس لفظ سے
خطاب کرتے ہیں ÷
میری جُوتی سے (ہ) مجھے کیا پڑا
میری بلا سے ÷
مِیز (ف۔ مث) کتابیں رکھنے یا کھانا
کھانے کا تخت۔ ٹیبل ÷
مِیزبان (ف۔ مذ) دعوت کرنے والا۔
مہمان دار ÷
مِیزبانی (ف۔ مث) مہمانی ÷
مِیزان (ع۔ مذ) جوڑ۔ مجموعہ۔ ٹوٹل۔
ترازو ÷

مِیزانِ کُل (ع - مذ) کل مجموعہ - بڑا جوڑ +
مُیَسَّر (ع - ص) دستیاب - حاصل - موجود
مَیسرز (فرانسیسی - مذ) (messrs) مسٹر کی جمع - کسی کارخانے - کمپنی یا جماعت کے نام سے پہلے بھی استعمال کیا جاتا ہے +
مَیسَرَہ (ع - مث) بائیں طرف - بائیں طرف کی فوج +
مِیش (ف - مث) بھیڑ - گوسفند +
مِیشار (ف - مذ) بھیڑ بکری کی کھال +
مِیعاد (ع - مث) مدت - وقت مقررہ -
مِیعادِ مُقَرَّرَہ (ع - مث) محدود وقت - مقررہ وقت +
مِیعادِی (ف - ص) مقررہ وقت کا +
مَیکا (ہ - مذ) عورت کی ماں کا گھر - عورت کے باپ کا گھر +
مَیکسِی مَم (انگ - مذ) (maximum) زیادہ سے زیادہ +
مَیکسِی مَم مِنِیمَم تھرمامیٹر (انگ - مذ) maximum-minimum-thermometer. ایک قسم کا تپش پیما جس میں دن رات کا زیادہ سے زیادہ اور کم سے کم درجۂ حرارت معلوم ہو جاتا ہے +
میکائیل (ع - مذ) ایک فرشتے کا نام ہے - جس کے ذمے مخلوقِ الٰہی کی روزی پہنچانے کا کام ہے +
میکینِک mechanic (انگ - مذ) دستکار - کاریگر +
میکینِکل mechanical (انگ - ص) کلوں کے متعلق +
میکینِکل انجنیئر (انگ - مذ) کارخانے کی کلوں کی دیکھ بھال کرنے والا +
میگزین magzine (انگ - مذ) بارود خانہ فوجی گودام +
میگنیشیم (انگ - مذ) (magnesium) ایک نرم دھات جو پانی میں پڑتے ہی جل اُٹھتی ہے +

میگھ (س۔ مذ) بادل۔ ابر۔ ایک راگنی کا نام

مَیل (ع۔ مذ) رجحان۔ رغبت۔ رجوع۔ طرفداری (ج اَمیال) +

مَیلِ خاطر (ع۔ مذ) طبیعت کا میلان۔ دل کی رغبت +

مَیل (ہ۔ مذ) چرک۔ پسینہ۔ کیچڑ۔ گند +

مَیل خورا (ہ۔ مذ) ایسا رنگ جو مَیل کو چھپالے۔ خاکی۔ سیاہ +

مَیل لانا (ہ) رنج لانا۔ کدورت لانا۔ مکدر ہونا +

مَیل نہ آنا (ہ) بُرا نہ سمجھنا۔ ناگوار نہ گزرنا +

مِیل (ع۔ مذ) سلائی۔ سُرمچو۔ وہ پتھر جو سڑک پر ہر کوس کے فاصلہ پر لگا ہوتا ہے۔ ۱۷۶۰ گز کا فاصلہ +

میل (mail) (انگ۔ مذ) ڈاک +

میل ٹرین (mail Train) (انگ۔ مث) ڈاک گاڑی +

مِیل (ہ۔ مذ) ملاپ۔ دوستی۔ ملنا جلنا۔ جوڑ۔ ساکھ۔ قسم۔ نمونہ +

مَیل جول (ہ۔ مذ) ملنا جلنا۔ پیار۔ محبت۔ دوستی +

مَیل مِلاپ (ہ۔ مث) میل جول +

مَیلا (ہ۔ ص) مَیل والا۔ گندہ۔ ناصاف۔ ناپاک۔ پلید۔ بول و براز +

مَیلا کچیلا (ہ۔ ص) گندہ۔ غبار آلودہ۔ ناصاف +

مِیلاد (ع۔ مذ) پیدائش کا وقت +

مَیلان (ع۔ مذ) رجوع۔ رغبت۔ توجہ۔ خواہش +

مَیم (madam) (ا۔ مث) میڈم۔ خاتون +

مَیمنَت (ع۔ مث) برکت۔ سعادت۔ کامیابی +

مَیمنَہ (ع۔ مذ) دائیں بازو کی فوج +

میموریل (memorial) (انگ۔ مذ) یادگار۔ عرضداشت +

مَیمُون (ع۔ ص) مبارک۔ نیک۔ بخت۔ کامیاب +

مَینا (ہ۔ مث) ایک خوش آواز پرندے کا نام ہے۔

کا نام ہے ÷

مینا (ف۔مذ) رنگین چمک دار مسالہ جو برتنوں وغیرہ پر چڑھایا جاتا ہے۔ انیمل۔ شیشہ۔ صراحی (مجازاً) آسمان ÷

مینا بازار (ا۔مذ) عورتوں کا بازار۔ شاہی بازار ÷

مینا کاری (ف۔مث) چاندی سونے پر رنگ کا کام۔ باریکی ÷

مینار (ا۔مذ) لاٹھ ستون جس میں اندر سیڑھیاں ہوں ÷

مینڈکی کو بھی زکام ہوا (محاورہ) جو آدمی کسی کام کے لائق نہ ہو اور وہ کام کرنا چاہے تو اس کے واسطے بولتے ہیں ÷

مینڈھا (ہ۔مذ) دُنبہ۔ چھترا ÷

مینگنی (ہ۔مث) اونٹ بکری کی پیخال ÷

مینو (ف۔مذ) بہشت۔ جنت۔ آسمان ÷

مینہ (ہ۔مذ) بارش ÷

مینیجر Manager (انگ۔مذ) منتظم۔ انتظام کرنے والا ÷

مینیجمنٹ Managment (انگ۔مذ) انتظام۔ بندوبست۔ منتظمین۔ جماعت منتظمہ۔ مجلس انتظامیہ ÷

مینیجنگ پروپرائٹر Mannaging Proprieter (انگ۔مذ) کسی فرم یا دکان کا مالک جو خود ہی منتظم بھی ہو ÷

مینیجنگ ڈائرکٹر Managing Director (انگ۔مذ) کسی کمپنی یا فرم کے متعلق ہدایات دینے والا ÷

میوزیم Museum. (انگ۔مذ) عجائب گھر ÷

میونسپل Municipal (انگ۔ص) شہر کے متعلق ÷

میونسپل کمشنر Municipal Commissioner (انگ۔مذ) شہر کی انتظامی کمیٹی کا ممبر۔ ممبر کمیٹی ÷

میونسپل کمیٹی (انگ۔مث) شہر کا

انتظام کرنے والی کمیٹی ÷

میونسپلٹی (Municipality) (انگ۔ مث) شہر کے انتظام کا محکمہ ÷

میواڑ (ہ۔ مذ) راجپوتانہ کی ایک ریاست ہے ÷

میوہ (ف۔ مذ) پھل۔ ثمر۔ کھانے کا پھل ÷

میوہ جات (ف۔ مذ) میوہ کی جمع ÷

میوہ دار (ف۔ ص) پھل دار درخت ÷

میوہ فروش (ف۔ مذ) پھل بیچنے والا دکاندار ÷

ن

(ن۔ ا)

نا (ف۔ مذ) حرف نفی۔ نہیں۔ بنا۔ بے ÷

نااتفاقی (ف۔ مث) پھوٹ۔ بگاڑ۔ اَن بَن ÷

ناآموز (ف۔ ص) ناتجربہ کار۔ غیر ماہر ÷

ناآشنا (ف۔ ص) ناواقف۔ انجان ÷

نااُمید (ف۔ ص) مایوس۔ بے آس ÷

نااُمیدی (ف۔ مث) مایوسی۔ ناکامی ÷

ناانصافی (ف۔ مث) بے انصافی ظلم۔ زبردستی ÷

نااہل (ف۔ ص) نالائق۔ ناموزوں ÷

نابالغ (ف۔ ص) وہ شخص جو پوری عمر کا یعنی جوان نہ ہوا ہو۔ کمسن ÷

نابکار (ف۔ ص) نکمّا۔ جو کام کا نہ ہو ÷

نابلد (ف۔ ص) اُجڈ۔ گنوار۔ ناواقف ÷

نابود (ف۔ ص) فنا ہونے والا۔ فانی ÷

نابینا (ف۔ ص) اندھا۔ کور ÷

ناپاک (ف۔ص) پلید۔ گندا ٭
ناپائدار (ف۔ص) جو پائدار نہ ہو۔ بودا ٭
ناپائداری (ف۔مث) کمزوری۔ بوداپن۔ بے ثباتی ٭
ناپدید (ف۔ص) جو دکھائی نہ دے۔ پوشیدہ ٭
ناپرہیزگار (ف۔ص) گنہگار۔ نفس پرست ٭
ناپسند (ف۔ص) نامرغوب۔ جو پسند نہ ہو ٭
ناپسندیدہ (ف۔ص) نامنظور۔ ناگوار ٭
ناپید (ف۔ص) نیست جو ابھی وجود میں نہیں آیا ٭
ناپید ہونا (ف۔ص) اُجڑنا۔ تباہ و برباد ہونا ٭
ناپیدا (ف۔ص) جو ظاہر نہ ہوا ہو ٭
ناپیداکنار (ف۔ص) ایسا بڑا سمندر یا دریا جس کا کنارہ دکھائی نہ دے۔ بہت لمبا چوڑا ٭
ناتجربہ کار (ف۔ص) انجان۔ ناواقف۔
ناتراشیدہ (ف۔ص) اَن گھڑا۔ بے ادب ٭
ناتمام (ف۔ص) نامکمل۔ ادھورا ٭
ناتواں (ف۔ص) کمزور۔ مارا۔ عاجز ٭
ناتوانی (ف۔مث) کمزوری۔ ناطاقتی ٭
ناجائز (ف۔ص) ممنوع۔ بیجا۔ ناروا ٭
ناچار (ف۔ص) مجبور۔ عاجز۔ بےبس ٭
ناچاقی (ا۔مث) اَن بن۔ بگاڑ۔ شکررنجی ٭
ناحق (ف۔ص) بے سبب۔ بے انصافی ٭
ناحق شناس (ف۔ص) غیر منصف ٭
ناخلف (ف۔ص) نالائق بیٹا۔ بدچلن ٭
ناخواندہ (ف۔ص) بن بلایا ہوا۔ اَن پڑھ ٭
ناخواندہ مہمان (ف۔مذ) بن بلایا پاؤنا۔ طفیلی ٭
ناخوش (ف۔ص) ناراض ٭
ناخوشی (ف۔مث) ناراضگی ٭
نادار (ف۔ص) غریب جس کے پاس کچھ نہ ہو۔ مفلس۔ محتاج۔ منگتا۔ کنگال۔ تنگ دست۔ گنجفے کی بے میر یا بے رنگ بازی

نا داری (ف ۔ مث) غریبی ۔ مفلسی ÷
نا دان (ف ۔ ص) بے سمجھ ۔ بیوقوف ÷
نادانستگی (ف ۔ مث) ناواقفیت ۔
بے خبری ÷
نادانستہ (ف) ناواقفیت سے ۔ نہ
جان کر ۔ انجان پنے سے ÷
نادانی (ف ۔ مث) بے وقوفی ۔ جہالت ۔
ناسمجھی ÷
نادُرست (ف ۔ ص) جو ٹھیک نہ ہو ۔
غلط ÷
نادِہند (ا ۔ ص) قرض لے کر نہ دینے
والا ۔ مزدوری مار کھانے والا ÷
نادِیدہ (ف ۔ ص) ان دیکھا ۔ بن
دیکھا ÷
ناراض (ف ۔ ص) ناخوش ۔ رنجیدہ
خفا ÷
ناراضگی (ف ۔ مث) رنج ۔ خفگی ۔
ناخوشی ÷
نارسا (ف ۔ ص) نہ پہنچنے والا ۔ نامراد ÷
نارسائی (ف ۔ مث) پہنچ نہ ہونا ۔ دخل
نہ دے سکنا ÷

نارَوا (ف ۔ ص) ناجائز ۔ ممنوع ۔
خلافِ شرع ÷
نازیبا (ف ۔ ص) بدنما ۔ ناموزوں ÷
ناساز (ف ۔ ص) ناموافق ۔ مخالف ۔
بیمار ۔ بدمزہ ÷
ناسازگار (ف ۔ ص) ناموافق ۔ مخالف ÷
ناسپاس (ف ۔ ص) ناشکرا ۔ نمکحرام ÷
ناسزا (ف ۔ ص) نامناسب ۔ بیجا ÷
ناسُفتہ (ف ۔ ص) وہ موتی جس میں
سوراخ نہ ہو ۔ ان بندھا ÷
ناشاد (ف ۔ ص) ناخوش ۔ رنجیدہ ۔
غمگین ÷
ناشائستگی (ف ۔ مث) بدتہذیبی ۔
نالائقی ÷
ناشائستہ (ف ۔ ص) نامناسب ۔
بیجا ۔ بدتہذیب ۔ بے تمیز ÷
ناشُدنی (ف ۔ مث) نہ ہونے کے
لائق ۔ نالائق ۔ کم بخت ۔ ناخلف ÷
ناشُکرا (ا ۔ ص) جو احسان نہ مانے
نمک حرام ÷
ناصُبور (ف ۔ ص) بے صبر ۔ بے قرار ÷

ناشکیبا (ف۔ ص) ناصبور ۔

ناعاقبت اندیش (ف۔ ص) وہ شخص جو بات کا انجام نہ سوچے کم عقل ۔

نافرجام (ف۔ ص) بدانجام ۔ بداصل ۔

نافرمان (ف۔ ص) سرکش ۔ باغی ۔ حکم نہ ماننے والا ۔

نافرمانی (ف۔ مث) حکم نہ ماننا ۔ سرکشی ۔ بغاوت ۔

ناقابل (ف۔ ص) نالائق ۔ ناموزوں ۔

ناقابل برداشت (ف۔ ص) جو برداشت نہ ہو سکے ۔ بہت زیادہ ۔

ناقدری (ا۔ مث) بے قدری ۔ بےعزتی ۔

ناکارہ (ف۔ ص) نکما ۔ خراب ۔ بُرا ۔

ناکام (ف۔ ص) بے مراد ۔ مایوس ۔ محروم ۔

ناکامی (ف۔ مث) محرومی ۔ نامرادی ۔ مایوسی ۔

ناکتخدا (ف۔ ص) کنوارا ۔ کنواری ۔

ناکردہ جرم (ف۔ ص) بیگناہ ۔ بےخطا ۔

ناکردہ گناہ (ف۔ ص) بےجرم ۔ بیگناہ ۔

ناکس (ف۔ ص) ادنیٰ ۔ کمینہ ۔ نالائق ۔

ناگزیر (ف۔ ص) لازم ۔ ضرور ۔ ناچار ۔

ناگوار (ف۔ ص) ناپسند ۔ طبیعت کے خلاف ۔

ناگوار گزرنا (ف۔ ص) برا لگنا ۔ طبیعت کے خلاف ہونا ۔

ناگاہ (ف۔ ص) اچانک ۔ یکایک ۔ بےوقت ۔

ناگہاں (ف۔ ص) اچانک ۔ بےخبری میں ۔

ناگہانی (ف۔ ص) اچانک آنے والی ۔ اتفاقی ۔

نالائق (ف۔ ص) جو لائق نہ ہو ۔ ناقابل ۔ بےہنر ۔ بےلیاقت ۔ کمینہ ۔

نامبارک (ف۔ ص) منحوس ۔

نامتناہی (ف۔ ص) ختم نہ ہونے والا ۔ بےانتہا ۔

نامحرم (ف۔ ص) بیگانہ ۔ غیر ۔ انجان ۔

نامراد (ف۔ ص) ناکام ۔ مایوس ۔ محروم ۔

نامرد (ف۔ ص) ڈرپوک ۔ کمزور ۔ بھجولا ۔

ہیجڑا ۔ زنانہ ÷

نامَردی (ف۔مث) بزدلی ۔ کمزوری ۔ ناطاقتی ÷

نامَعقُول (ف۔ص) بے عقلی کی بات ۔ بے جا ۔ نالائق ۔ بے وقوف ÷

نامَعلُوم (ف۔ص) بیخبر ۔ ناواقف ۔ غیر مشہور ۔ بے پتہ ÷

نامُلائم (ف۔ص) سخت ۔ ناواجب ۔ نازیبا ÷

نامُمکِن (ف۔ص) اَن ہونی ۔ جو بات نہ ہو سکے ÷

نامُناسِب (ف۔ص) بیجا ۔ ناسزا ۔ ناروا ۔ ناواجب ÷

نامَنظور (ف۔ص) ناپسند ۔ جو منظور نہ ہو ÷

نامُوافِق (ف۔ص) خلاف ۔ مخالف ۔ ناسازگار ÷

نامُوافقت (ف۔مث) مخالفت ۔ رنجش ۔ بگاڑ ÷

ناموزُوں (ف۔ص) نامناسب ۔ بے جوڑ ۔ بُرا ÷

نامہربان (ف۔ص) بے مہر ۔ دشمن ۔ بدخواہ ÷

ناواجب (ف۔ص) نادرست ۔ ناروا ۔ بے جا ÷

ناواقف (ف۔ص) انجان ۔ ناتجربہ کار ۔ جاہل

ناہَموار (ف۔ص) جو ہموار نہ ہو ۔ نابرابر ۔ نالائق ÷

نابہنجار (ف۔ص) بدذات ۔ کمینہ ۔ بداطوار ÷

نایاب (ف۔ص) وہ چیز جو کم ملے ۔ بیش قیمت ۔ عمدہ ÷

ناب (ف۔ص) خالص ۔ (مث) تلوار کی نال جو نوک سے قبضے تک دو طرف ہو ÷

ناپ (ہ۔مث) ماپ ۔ پیمائش ۔ اندازہ ۔

ناپنا (ہ) پیمائش کرنا ۔ اندازہ لگانا

ناتا (ہ۔مذ) رشتہ ۔ برادری ÷

ناتھ (س۔مذ) مالک ۔ خاوند ۔ آقا ÷

ناٹک (س۔مذ) ڈراما ۔ سوانگ ۔ تماشا ÷

ناجی (ع۔ص) نجات پانے والا ۔
ناچ رنگ (ا۔مذ) گانا۔ بجانا ۔
ناچ نہ جانے آنگن ٹیڑھا (ل) وہ شخص جو کام کی لیاقت نہیں رکھتا، مگر عذر بہت کرتا ہے ۔
ناچ گھر (ا۔مذ) بال روم۔ ناچنے کا کمرہ۔
ناچنا (ا) رقص کرنا۔ غصے میں اچھل اچھل پڑنا
ناخدا (ف۔مذ) ملاح۔ کشتی بان ۔
ناخن (ف۔مذ) انگلیوں کے سرے کی ہڈی ۔
ناخن بھر۔ ناخن کے برابر۔ تھوڑا سا ذرا سا۔ مختصر سا ۔
ناخن گیر (ف۔مذ) نہیرنا۔ ناخن کاٹنے کا اوزار ۔
ناخن لینا (ا) ناخن تراشنا ۔
ناخن سے گوشت جدا کرنا (ل) اپنوں میں جدائی ڈال دینا ۔
ناد (س۔مذ) گونج۔ گرج۔ آواز ۔
نادر (ع۔ص) کمیاب۔ تھوڑا۔ قلیل۔ انوکھا۔ عجیب۔ (جمع نوادر)
نادر شاہی (ف۔مث) بے انتظامی۔ اندھیر ۔
نادرگردی (ف۔مث) بے انتظامی ۔
ناردرن انڈیا (northern india) (انگ۔مذ) شمالی ہند ۔
نادرہ (ف۔ص) انوکھی۔ عجیب غریب بات۔ عمدہ تیز (جمع نوادر) ۔
نادری حکم (ا۔مذ) سخت حکم۔ جابرانہ حکم ۔
نادم (ع۔ص) شرمندہ ۔
نار (ع۔مث) آگ۔ آتش ۔
نار (ہ۔مث) عورت۔ تریا ۔
نارائن (س۔مذ) بھگوان۔ خدا ۔
نارتھ (North) (انگ۔مذ) شمال ۔
نارتھ ویسٹرن ریلوے (North-W sternRailway) (انگ۔مذ) شمال مغربی ریلوے سحاب کی ریلیں ۔

نارتھ وَیسٹ فرنٹیَر
North West frontier
(انگ ۔ مذ)
شمالی مغربی سرحدی صوبہ ÷
نارتھ پول (North Pole)
(جنوبی قطب شمالی ÷
نارجیل (ف ۔ مذ) ناریل ۔ گری ÷
ناروَن (ف ۔ مذ) انار کی ایک قسم ۔ گلنار فارسی ۔ جس کے پھول بڑے بڑے ہوتے ہیں ÷
نارَنج (ف ۔ مذ) نارنترا ۔ نارنگی ÷
نارَنگی (ف ۔ مث) ایک مشہور پھل کا نام ہے جو ترش ہوتا ہے ÷
ناری (ع ۔ ص) دوزخی ۔ جہنمی ۔ آگ کا ÷
ناری (ہ ۔ مث) عورت ÷
نارِیل (ہ ۔ مذ) نارجیل ۔ گری ÷
ناڑا (ہ ۔ مذ) ازاربند ۔ کمربند ÷
ناز (ف ۔ مذ) کرشمہ ۔ نخرہ ۔ معشوقانہ انداز ۔ لاڈ ۔ پیار ۔ فخر ۔ غرور ÷
ناز اُٹھانا (ہ) نخرے برداشت کرنا ۔ لاڈ سہنا ÷
نازبَرداری (ف) ناز اٹھانا ۔ لاڈ چوچلے برداشت کرنا ÷
نازپَروَر (ف ۔ مذ) ناز کا پالا ہوا ÷
نازپَروَردَہ (ف ۔ مذ) لاڈ میں پالا ہوا ÷
ناز کرنا (ہ) اترانا ۔ فخر کرنا ۔ غرور کرنا ÷
ناز و نخرہ (ف ۔ مذ) لاڈ ۔ پیار ۔ کرشمہ ۔ چوچلے ÷
ناز و نعمت (ف ۔ مذ) لاڈ ۔ پیار ÷
ناز ہونا (ہ) فخر ہونا ۔ گھمنڈ ہونا ÷
نازاں (ف ۔ ص) فخر کرنے والا ÷
نازِش (ف ۔ مث) فخر ۔ گھمنڈ ۔ اترانا ÷
نازک (ف ۔ ص) لطیف ۔ ہلکا ۔ پتلا ۔ خوبصورت ۔ جلد ٹوٹنے والا ÷
نازک اَندام (ف ۔ ص) نازک جسم والا ÷
نازک بَدَن (ف ۔ ص) نازک جسم والا ÷
نازک خیال (ف ۔ مذ) باریک اور مشکل باتیں کہنے والا شاعر ÷
نازک دماغ (ف ۔ ص) خود پسند ۔ مغرور

زود رنج ۔

نازک دماغی (ف ۔ مث) خود پسندی

بدمزاجی ۔

نازک مزاج (ف ۔ ص) چڑچڑا ۔

مغرور ۔ خود پسند ۔

نازک مزاجی (ف ۔ مث) خود پسندی

بدمزاجی ۔

نازک مسئلہ (ف ۔ مذ) مشکل سوال ۔

نازک معاملہ (ف ۔ مذ) خطرناک

معاملہ ۔ مشکل امر ۔

نازک وقت (ا ۔ مذ) خطرے کا

وقت ۔ بُرا وقت ۔

نازکی (ف ۔ مث) نزاکت ۔ لطافت ۔

نفاست ۔

نازل (ع ۔ ص) اُترنے والا ۔

نازنین (ف ۔ ص) دلفریب خوبصورت

(ف ۔ مذ) معشوق ۔

نازی (Nazi) (انگ ۔ جرمن

تلفظ ناٹسی ۔ مذ) ہر اڈالف

ہٹلر کی جماعت جو ۱۹۳۲ء

جرمنی میں برسر اقتدار

آئی ۔ یہ ایک فوجی

جماعت تھی ۔ اور

یہودیوں کی سخت مخالف تھی ۔

چنانچہ ان لوگوں نے

یہودیوں کو جرمنی سے خارج

کر دیا ۔

ناس (ہ ۔ مث) خرابی ۔ تباہی ۔ نیست

و نابود

ناس کرنا (ف) تباہ کر دینا ۔ برباد کرنا ۔

ناستک (س ۔ مذ) خدا کا منکر ۔ کافر ۔

بے دین ۔

ناسخ (ع ۔ مذ) منسوخ کرنے والا ۔ رد

کرنے والا ۔ ایک مشہور شاعر کا

تخلص ہے ۔

ناسور (ع ۔ مذ) ایسا زخم جو کبھی اچھا نہ ہو ۔

قرحہ (جمع نواسیر)

ناسور پڑنا (ف) ایسا زخم پڑنا جو

کبھی اچھا نہ ہو ۔ نواسیر ۔

ناسرہ (ف ۔ ص) کھوٹا ۔

ناشپاتی (ت ۔ مث) ایک مشہور پھل

کا نام ہے ۔

ناشتا (ف۔مذ) صبح کا کھانا۔ نہاری۔
ناصح (ف۔مذ) نصیحت کرنے والا۔
ناصر (ع۔مذ) مددگار۔ حامی۔ (جمع انصار)۔
ناصیہ (ف۔مذ) ماتھا۔ جبین۔ پیشانی۔
ناصیہ سائی (ف۔مث) ماتھا رگڑنا۔
ناطق (ع۔ص) بولنے والا۔ قطعی۔ اٹل۔
ناطقہ (ع۔مث) بولنے کی قوت۔ بولنا۔ گویائی۔
ناطقہ بند کرنا (ا) بولنے کی مجال نہ رہنے دینا۔ تنگ کرنا۔
ناظر (ع۔مذ) دیکھنے والا۔ نگہبان۔ محافظ۔ (جمع ناظرین)۔
ناظرہ (ع) دیکھ کر پڑھنا۔
ناظرہ خواں (ف۔مذ) دیکھ کر پڑھنے والا۔
ناظرین (ع۔مذ۔ج) (واحد ناظر) دیکھنے والے۔ مطالعہ کرنے والے۔
ناظم (ع۔مذ) انتظام کرنے والا۔ نظم کہنے والا۔ شاعر۔
ناظورہ (ع۔مث) محافظہ۔ قوم کی سردار۔ منظورِ نظر۔
ناغہ (ت۔مذ) غیر حاضری۔ خالی۔
ناف (ف۔مث) نابھ۔ نال کی جگہ۔ بیچ۔ وسط۔
نافذ (ع۔ص) جاری ہونے والا۔
نافذ کرنا (ا) جاری کرنا۔ صادر کرنا۔
نافرمان (ف۔مذ) حکم نہ ماننے والا۔ سرکش۔
نافع (ع۔ص) نفع دینے والا۔ فائدہ مند۔
نافلہ (ع۔مذ) عطیہ۔ ایسا کام جو فرض یا واجب نہ ہو۔ (فرائض کے ادا کرنے کے علاوہ زائد کی جائے۔ بیٹے کا بیٹا۔ (جمع نوافل)۔
نافہ (ف۔مذ) کستوری کی تھیلی۔
ناقص (ع۔ص) نامکمل۔ ادھورا۔ عیب دار۔ توڑنے والا۔ نقص ڈالنے والا۔ (جمع نواقص)۔
ناقص العقل (ع۔ص) کم عقل۔ کند ذہن۔

ناقِل (ع۔ مذ) نقل کرنے والا۔ راوی۔ بیان کرنے والا ۞

ناقُوس (ع۔ مذ) سنکھ ۞

ناقہ (ع۔ مث) اونٹنی۔ سانڈنی ۞

ناک (ہ۔ مث) بینی۔ عزت۔ شرم ۞

ناک بہنا (ہ) ناک سے پانی بہنا ۞

ناک بھوں چڑھانا (ہ) ناراض ہونا۔ تیوری چڑھانا ۞

ناک پتنے چبوانا (ہ) سخت عاجز کرنا تکلیف دینا ۞

ناک رگڑنا (ہ) منت سماجت کرنا۔ خوشامد کرنا ۞

ناک کٹنا (ہ) بے عزتی ہونا۔ رسوائی ہونا ۞

ناک میں دم آنا (ہ) تنگ ہو جانا۔ عاجز ہونا ۞

ناک میں دم کرنا (ہ) نہایت تنگ کرنا۔ دق کرنا ۞

ناک والا (ہ) غیرت والا عزت والا۔

ناکہ (ہ۔ مذ) راہ۔ دروازہ ۞

ناکابندی (ہ۔ مث) رستہ بند کرنا۔ جگہ جگہ چوکی بٹھانا ۞

ناکند (ف۔ ص) (۱) وہ بچھیرا جس کے دودھ کے دانت نہ ٹوٹے ہوں (۲) ناسمجھ۔ نادان (۳) دوشیزہ۔ باکرہ ۞

ناگ (س۔ مذ) کالا سانپ۔ پھن دار سانپ ۞

ناگری (س۔ مذ) ہندی بھاشا ۞

ناگن (ہ۔ مث) ناگ کی مادہ ۞

ناگور (ہ) مارواڑ کا ایک شہر۔ یہ وہ جگہ ہے جو رائے پتھورا نے مویشیوں کی پرورش کی غرض سے منتخب کی تھی۔ رفتہ رفتہ یہاں شہر بس گیا۔ ابوالفضل اور فیضی اسی جگہ کے رہنے والے تھے۔ یہاں کے بیل مشہور ہیں جو بڑے موٹے تازے اور قدآور ہوتے ہیں ۞

نال (ف) نلی۔ نرسل ۞

نال (ہ۔ مث) لوہے کی گول نالی جو اندر سے خالی ہو۔ بندوق کی نلی کرنا

نالا (ہ۔مذ) برساتی نہر۔ کھالا۔ نہر کی شاخ۔

نالاں (ف۔ص) روتا ہوا۔ فریادی۔ عاجز۔ تنگ ٭

نالش (ف۔مث) فریاد۔ شکایت۔ دعویٰ ٭

نالش کرنا (ا) دعویٰ دائر کرنا ٭

نالہ (ف۔مذ) گریہ و واویلا۔ شور و غل ٭

نالی (ہ۔مث) بدرَو۔ موری ٭

نام (ف۔مذ) اسم ٭

نام اُچھالنا (طنزاً) نیک نامی برباد کرنا۔ بدنام کرنا ٭

نام آور (ف۔ص) مشہور۔ نامی گرامی ٭

نام آوری (ف۔مث) شہرت ٭

نام بُردہ (ف۔ص) وہ شخص جس کا اوپر نام لیا گیا ہو۔ مذکور ٭

نام بنام (ف) ایک ایک کو۔ ترتیب وار ٭

نام پانا (ا) شہرت حاصل کرنا۔ نیک نامی حاصل کرنا ٭

نام جپنا (ہ) بار بار نام لینا۔ رٹنا ٭

نام خدا (و۔ دُعا) چشم بد دُور۔ ماشاء اللہ ٭

نام خراب کرنا (ا) رسوا کرنا۔ بدنام ہوجانا ٭

نام دار (ف۔ص) نامی۔ مشہور ٭

نام دھرنا (ا) نکتہ چینی۔ عیب لگانا۔ نام رکھنا جیسے بچہ کا نام دھرنا۔

نام ڈبونا (ا) بدنام کرنا۔ رُسوا کرنا ٭

نام رکھنا (ا) نام دھرنا۔ نقص نکالنا ٭

نام روشن کرنا (ا) نیکی کے ساتھ نام مشہور کرنا۔ شہرت پیدا کرنا ٭

نام رہ جانا (ا) یادگار رہ جانا۔ نام باقی رہ جانا ٭

نام زد (ف۔ص) مشہور۔ موسوم۔ معروف ٭

نام زد کرنا (ا) موسوم کرنا۔ منسوب کرنا۔ کسی کے نام پر کرنا ٭

نام زد ہونا (ا) مشہور ہونا۔ کسی کے نام پر ہونا ٭

نام کو (ا) برائے نام۔ محض کہنے کو ٭

نام کو نہ رہنا (ا) بالکل نہ رہنا۔ ذرا نہ رہنا ٭

نام لیوا (ہ۔مذ) نام لینے والا۔ یادگار۔ بیٹا۔ وارث ٭

نام نکل جانا (ا) مشہور ہو جانا نیکی یا بُرائی کے لیے مشہور ہو جانا ٭
نام نُمُود (ا - مث) ظاہری ٹیپ ٹاپ ۔ عزت و نمائش ٭
نام نہاد (ف - ص) نام زد ۔ موسوم برائے نام ٭
نام نہیں (ا) پتہ نہیں ۔ بے نشان ہے ٭
نام وَر (ف - ص) مشہور آدمی ٭
نام و نِشان (ف - مذ) نشان ۔ پتہ ۔ ٹھکانا ٭
نام ہونا (ا) شہرت ہونا ۔ نامزدی ہونا ۔ قرار پانا ٭
نامُوس (ع - مث) عزت ۔ حُرمت ۔ عصمت ۔ شرم ۔ غیرت بیعزتی ۔ قانون ۔ قاعدہ (جمع نوامیس) ٭
نامُوسِ اَکبَر (ف - مذ) حضرت جبرائیل کا لقب ٭
نامَہ (ف - مذ) چٹھی ۔ خط و کتاب ۔ رجسٹر ٭
نامۂ اَعمال (ف - مذ) وہ رجسٹر جس میں آدمی کے اچھے بُرے کام درج ہوں ۔ اعمال نامہ ٭
نامَہ بَر (ف - مذ) قاصد ۔ پیامبر ۔ چٹھی رساں ٭
نامَہ نِگار (ف - مذ) خبر لکھنے والا ۔ پرچہ نویس ۔ اخباروں کو خبریں بھیجنے والا ٭
نامَہ و پیام (ف - مذ) خط و کتابت ٭
نامی (ف - ص) مشہور ۔ نامزد ۔ نامور ٭
نامی گرامی (ف - ص) بڑا مشہور ٭
نامِیَہ (ع - ص) بڑھانے والی قوت ۔ نشوونما کی قوت ٭
نامیاتی مُرکّبات (ا - مذ) نشوونما پانے والے مرکب اجسام یا چیزیں ۔ آرگینک کمپاؤنڈ ٭
نان (ف - مث) روٹی چپاتی ۔ موٹی تنور کی روٹی ٭
نانبائی (ا) (نان ۔ آبائی ؛ آبا ۔ شوربا) (مذ) طبّاخ ۔ روٹی سالن بیچنے والا ٭

نانِ جویں (ف۔ مث) جو کی روٹی۔ رُوکھی، سوکھی ؛
نانِ شبینہ (ف۔ مث) رات کی روٹی۔ ایک وقت کا کھانا ؛
نان و نفقہ (ف۔ مذ) روٹی کپڑا ؛
نانا (ہ۔ مذ) ماں کا باپ ؛
ناند (ہ۔ مث) مٹی کا کنال ؛
نانک (ہ) ایک مشہور خدا پرست پنجابی بزرگ کا نام۔ ہے جو سکھوں کے فرقے کے بانی تھے۔ آپ بابر بادشاہ کے زمانے میں ہوئے ہیں ؛
نان کوآپریشن NON-Coperation
مل کر کام نہ کرنا۔ عدم اشتراک۔ عدم تعاون۔ ہندوستان کی مشہور سیاسی تحریک جو ۱۹۱۹ء میں شروع ہوئی۔ جس کا مقصد انگریزی حکومت سے عملی اشتراک ترک کر کے ہندوستان کے لئے آزادی حاصل کرنا تھا۔ نامِل ورتن ؛
ناؤ (ہ۔ مث) کشتی۔ ڈونگی ؛
ناوک (ف۔ مذ) تیر۔ خدنگ ؛
نائے نوش (ف) (نا۔ نے ؛ نوش از نوشیدن) (مذ) لغوی معنی نغمۂ نے سننا اور شراب نوش کرنا۔ (مجازاً) عیش و عشرت۔ گانا بجانا۔ کھانا۔ پینا ؛
ناہید (ف۔ مذ) زہرہ۔ ستارہ ؛
نائی (ہ۔ مذ) حجام ؛
نائب (ع۔ مذ) ماتحت۔ مددگار۔ ڈپٹی ؛
نائٹروجن Nightrogen
(انگ۔ مث) ایک قسم کی گیس جو ہوا کا اسی فیصدی جزو ہے۔ اُنقرین ؛
نائرہ (ع۔ مذ) شعلہ۔ لُو ؛
نائک (ہ۔ مذ) سردار۔ قافلہ کا سردار ؛
نائن (ہ۔ مث) نائی کی عورت ؛
نب (انگ۔ مذ) ڈنک لوہے کے قلم کی نوک ؛
نبات (ف۔ مث) مصری۔ قند ؛

نَبات (ع-مث) سبزہ۔ گھاس پات (جمع نباتات جو اکثر واحد ہی کے معنوں میں آتا ہے) ÷
نباتات (ع-مث) سبزی۔ ترکاریاں پودے ÷
نباتی (ع-ص) گھاس پات کا۔ جڑی بوٹی کا ÷
نَبّاض (ع-مذ) نبض دیکھنے والا حکیم طبیب ÷
نَبّاضی (ع-مث) نبض شناسی ÷
نِباہ (ہ-مذ) نبھاؤ۔ گزارا۔ انتہا تک پہنچا (دینا۔ کرنا۔ ہونا) ÷
نِباہنا (ہ) گزارنا۔ پورا کرنا کسی کے ساتھ بسر کرنا ÷
نِبٹانا (ہ) ختم کرنا۔ چکانا۔ بھگتانا ادا کرنا۔ فیصلہ ہو جانا۔ بیباق ہو
نَبَرد (ف-مث) لڑائی۔ جنگ ÷
نَبَرد آزما (ف-ص) بہادر۔ جنگی۔ دلاور ÷
نَبض (ع-مث) رگ کا پھڑکنا۔ ہاتھ کی رگ جو حرکت کرتی ہے ÷
نَبض دیکھنا (ہ) بیمار کی نبض دیکھ کر بیماری معلوم کرنا ÷
نَبُوَّت (ع-مث) پیغمبری۔ رسالت ÷
نِبولی (ہ-مث) نیم کا پھل ÷
نَبوی (ع-ص) نبی کا۔ رسول کا ÷
نِبھانا (ہ) نباہنا۔ پورا کرنا۔ ایک دوسرے کے ساتھ گزارہ کرنا ÷
نِبھاؤ (ہ-مذ) نباہ۔ گزارہ ÷
نِبھنا (ہ) گزر ہونا۔ انجام تک رہنا ÷
نَبی (ع-مذ) خبر دینے والا۔ رسول۔ پیغمبر (جمع انبیاء) ÷
نَبِیرہ (ف-مذ) پوتا۔ نواسا ÷

(ن۔ پ۔ ت۔ ٹ)

نِپَٹ (ہ-حرف) بہت۔ بے حد نہایت۔ بالکل ÷
نِت (ہ-ص) ہمیشہ۔ سدا۔ دائم ÷
نِت نیا (ہ) ہمیشہ تازہ۔ روز نیا۔ نو بہ نو ÷
نَتائج (ع-مذ-ج) (واحد نتیجہ) ÷
نِتھارنا (ہ) صاف کرنا۔ چھاننا۔ اوپر اوپر کا پانی اتارنا ÷

نتھرا ہوا (ہ) صاف ؛
نتھنا (ہ۔ مذ) ناک کا سوراخ۔ (ناس)۔
نتھنے پھلانا (ہ) ناک بھوں چڑھانا۔
ناراض ہونا ؛
نتھی کرنا (ہ) شامل کرنا۔ دوسرے
کاغذوں کے ساتھ لگانا ؛
نتیجہ (ع۔ مذ) خیر انجام۔ پھل۔ مطلب
(جمع نتائج)
نٹ (ہ۔ مذ) بازی گر۔ قلا باز ؛
نٹ کھٹ (ہ۔ ص) نکھٹو۔ فریبی۔
شریر ؛

(ن۔ ث۔ ج)

نثار (ع۔ مذ) نچھاور۔ صدقہ ؛
نثار (ع۔ مذ) نچھاور۔ قربان۔
صدقے ؛
نثار کرنا (ہ) نچھاور کرنا۔ صدقے
کرنا۔ قربان کرنا ؛
نثار ہونا (ہ) قربان ہونا۔ صدقے
ہونا ؛
نثر (ع۔ مث) وہ عبارت جو نظم نہ ہو ؛

نج (ہ۔ ص) ذاتی۔ اپنا۔ گھر کا۔ پرائیویٹ
"دفتری" یا دفتر کا نقیض ؛
نجابت (ع۔ مث) شرافت۔ بزرگواری۔
نجات (ع۔ مث) خلاصی۔ مکتی۔ چھٹکارا۔
نجار (ع۔ مذ) بڑھئی ؛
نجاری (ع۔ مث) بڑھئی کا کام ؛
نجاست (ع۔ مث) گندگی۔ پلیدی
غلاظت ؛
نجد (ع۔ مذ) عرب کا ایک مشہور صوبہ
ہے ؛
نجس (ع۔ ص) ناپاک۔ پلید۔ گندا ؛
نجف (ع۔ مذ) عراق کے ایک مشہور
شہر کا نام ہے جہاں حضرت
علیؓ کا مزار ہے ؛
نجم (ع) ستارہ (جمع انجم یا نجوم) ؛
نجوم (ع۔ مذ ج) (واحد نجم یا) ستارے
(ان معنوں میں جمع) (جوتش کا
علم (ان معنوں میں واحد)
نجومی (ع۔ مذ) نجوم جاننے والا جوتشی ؛
نجیب (ع۔ ص) بزرگ۔ شریف۔
بھلا مانس (جمع نجبا) (ع۔ مذ)

ہندوستانی سپاہی جن کی اکثر
نیلی وردی ہوتی تھی اور وہ چوکی
پہرے یا دربانی کا کام دیا
کرتے تھے۔ ("آصفیہ")۔

نجیب الطرفین (ع۔ص) ماں باپ
دونوں طرف سے اصلی نسل
کا شریف۔

(ن۔چ۔ح۔خ)

نچان (ہ۔ص) اُتار۔ پستی۔ ڈھلان۔

نچانا (ہ) ناچ کرانا۔ دق کرنا۔

نچڑنا (ہ) ٹپکنا۔ پانی نکل آنا۔ ڈبلا
ہونا۔

نچلا (ہ۔ص) خاموش۔ چُپ چاپ۔

نچنت (ہ۔ص) فارغ۔ بے فکر۔

نچوڑ (ہ۔ص) رس۔ عرق۔ خلاصہ۔

نچوڑنا (ہ) دبا کر کسی چیز کا عرق نکالنا
گیلے کپڑے سے پانی نکالنا۔

نچھاور (ہ۔مذ) نثار۔ صدقہ۔

نچھاور کرنا (ہ) وارنا۔ قربان کرنا۔
نثار کرنا۔

نحس (ع۔ص) منحوس۔ نامبارک۔

نحل (ع۔مث) شہد کی مکھی۔

نحو (ع۔مث) وہ علم جس میں طرزِ کلام
اور جملے کی ساخت سے بحث
ہوتی ہے۔

نحوست (ع۔مث) بدبختی۔ نامبارکی۔
بدشگونی۔

نحیف (ع۔ص) کمزور۔ ڈبلا۔ نازک۔

نخچیر (ف۔مذ) جنگلی جانور جیسے ہرن۔
نیل گاؤ وغیرہ۔ شکار۔ صید۔

نخالص (ا) ملاوٹی جو خالص نہ ہو۔
(مگر عام لوگ خالص کے معنوں
میں بولتے ہیں)۔

نخرہ (ف۔مذ) ناز۔ کرشمہ۔ چوچلا۔

نخرہ کرنا (ف) ناز کرنا۔ چوچلا دکھانا
اترانا۔

نخشب (ف۔مذ) ترکستان کے
ایک شہر کا نام ہے۔ جہاں کے
ایک حکیم نے پارے وغیرہ کی ترکیب
سے چاند تیار کیا تھا۔ (دیکھو
"ماہِ نخشب")۔

نخل (ع۔ مذ) کھجور کا درخت یا پودا

نخل بند (ع۔ مذ) مالی۔ باغبان

نخلِ طور (ع۔ مذ) کوہ طور کے نزدیک کا وہ درخت جس پر حضرت موسیٰ پر خدا کی تجلّی ظاہر ہوئی تھی ؛

نخلستان (ف۔ مذ) ہر سبز میدان جہاں درخت بہت ہوں ؛

نخوت (ع۔ مث) غرور۔ گھمنڈ۔ خود بینی ؛

نخود (ع۔ مذ) چنا ؛

ن۔ و۔ ڈ۔ ذ

ندا (ع۔ مث) آواز۔ پکار۔ ورا ؛

ندارد (ف۔ ص) نہیں۔ خالی۔ غیر موجود

ندّاف (ع۔ مذ) روئی دھنکنے والا۔ دُھنیا ؛

ندامت (ع۔ مث) شرمندگی۔ پشیمانی ؛

ندان (ہ) آخرکار۔ پیچھے۔ بعد میں

ندرت (ع۔ مث) انوکھاپن۔ عمدگی۔ کمیابی ؛

ندما (ع۔ مذ۔ ج) (واحد ندیم) ؛

ندی (ہ۔ مث) چھوٹا دریا۔ نالہ ؛

ندی ناؤ سنجوگ (ہ۔ محاورہ) اتفاقیہ ملاقات

ندیدہ (ف۔ ص) ان دیکھا۔ لوبھی۔ لالچی وہ شخص جس نے عمدہ کھانا نہ کھایا ہو، اور کسی کو کھاتے دیکھ کر گھورے۔

ندیم (ع۔ مذ) مصاحب۔ دوست۔ ساتھی (جمع نُدَماء) ؛

نڈر (ہ۔ ص) بےخوف۔ بیباک۔ دلیر ؛

نڈھال (ہ۔ ص) سست۔ تھکا ماندہ کمزور ؛

نذر (ع۔ مث) منّت۔ قربانی۔ بھینٹ۔ نیاز (نذور جمع)

نذر دینا (ف) تحفہ پیش کرنا۔ پوجنا ؛

نذر گزارنا (ف) تحفہ پیش کرنا۔ پوجنا ؛

نذر ماننا (ف) منّت ماننا

نذر و نیاز (ف۔ مث) بھینٹ۔ کسی بزرگ کے نام کی شیرینی وغیرہ ؛

نذرانہ (ف۔ مذ) تحفہ۔ ہدیہ ؛

(ن - ر)

نَر (ف - مذ) مرد۔ مذکر (مادہ کی ضد) ؛
نَرگاؤ (ف - مذ) بیل ؛
نِر (ف نفی) نہیں۔ بن۔ بغیر ؛
نِراس (ہ - ص) بے آس۔ نا امید
مایوس ؛
نِرنکار (ہ - ص) بے روپ۔ پرمیشور
خدا ؛
نِربھے (ہ - ص - مذ) ڈر۔ بے خوف ؛
نِردھن (ہ - ص) نادار۔ مفلس۔ غریب
نِرگن (ہ - ص) بے ہنر
نِرمل (ہ - ص) صاف۔ شفاف ؛
نِرمول (ہ - ص) بے اصل۔ بے بنیاد ؛
نِروان (ہ - مذ) مکتی۔ نجات ؛
نِرا (ہ - ص) صرف۔ محض۔ اکیلا ؛
نِرالا (ہ - ص) انوکھا۔ عجیب۔ نئی طرز کا ؛
نِرالی (ہ - مث) انوکھی۔ عجیب ؛
نِرخ (ہ - مذ) قیمت۔ بھاؤ۔ شرح
نِرخ نامہ (ف - مذ) نرخ کی فہرست
نَرد (ف - مث) چوسر کی گوٹ۔ شطرنج
کا مہرہ۔ ایک بازی کا نام
جسے نردشیر بھی کہتے ہیں ؛
نَردبان (ف - مذ) زینہ۔ کاٹھ کی
سیڑھی ؛
نَرزہ (ا - مذ) چھوٹی ترازو ؛
نَرس (Nurse) (انگ - مث)
دائی ؛
نَرسل (ہ - مذ) سرکنڈا ؛
نَرسنگا (ہ - مذ) ایک قسم کا بجانے کا
سینگ۔ بگل۔ ناقوس۔ ترم ؛
نَرغا (یا نرغہ) (اردو یا ترکی نرگ) (مذ)
گھیرا۔ آدمیوں کا حلقہ جو شکار
کے واسطے بنایا جائے۔ احاطہ۔
بھیڑ بھاڑ۔ انبوہ۔ مشکل۔ دشواری
(کرنا۔ ہونا) ؛
نَرغے میں آجانا (ا) گھر جانا۔ پھنس
جانا۔ آفت میں مبتلا ہونا ؛
نَرگ (س - مذ) دوزخ۔ جہنم ؛
نَرگس (ف - مث) ایک قسم کا پھول ہے
جو آنکھ سے مشابہ ہوتا ہے
معشوق کی آنکھ ؛

نرگس بیمار (ف۔مث) مست آنکھ معشوق کی آنکھ ×
نرگس شہلا (ف۔مث)، وہ نرگس جس میں زردی کی بجائے سیاہی ہو ×
نرگسی (ف۔ص) نرگس سے مشابہ ×
نرم (ف۔ص) ملائم۔گدگدا۔لطیف ہلکا۔نازک۔سُست ×
نرم دل (ف۔ص) رحم دل۔ترس کرنے والا۔
نرم گرم (ف۔ص) بُرا بھلا سخت سُست ×
نرمانا (ف) نرم کرنا۔دھیما کرنا۔ڈھیلا کرنا ×
نرماہٹ (ف۔مث) نرمی ×
نرمی (ف۔مث) مُلائمت۔مہربانی شفقت بُردباری۔سہولت ×
نرنجن (س۔ص) بے عیب۔خدا۔پرماتما ×
نرینہ (ف۔ص) نر سے منسوب۔نر

(ن۔نر۔نزس)

نزار (ف۔ص) لاغر۔دُبلا۔کمزور۔ناتواں۔مفلس ×
نزاع (ع۔مث) جھگڑا۔عداوت دُشمنی ×
نزاع لفظی (ف۔مث) لفظی جھگڑا ×
نزاکت (ف۔مث) نازکی۔خوبی۔کمزوری ×
نزد (ف۔ص) نزدیک۔پاس۔قریب ×
نزدیک (ف) قریب۔پاس ×
نزدیکی (ف۔مث) پاس۔قریب ×
نزع (ع۔مث) جان کنی۔دم توڑنا آخری وقت ×
نزلہ (ع۔مذ) زکام۔ریزش ×
نزول (ع۔مذ) اُترنا۔نازل ہونا ×
نزولی (ع۔مث) اُتری ہوئی۔جیسے تحویلِ نزولی ×
نزہت (ع۔مث) تروتازگی۔فرحت۔خوشی ×
نژاد (ف۔مث) اصل۔نسل۔اولاد۔
نس (ہ۔مث) رگ۔ریشہ ×
نساء (ع۔مث۔ج) (واحد مرأۃ) عورت۔

عورتیں ۔ بیویاں ۔ (خلاف قیاس جمع) ؎

نَسَبْ (ع ۔ مذ) خاندان ۔ اصل ؎

نَسب نامہ (ف ۔ مذ) شجرہ نسب کرسی نامہ ؎

نَسَب نُما (ف ۔ مذ) شمار کنندے کے نیچے لکھی ہوئی رقم جیسے ۲/۴ میں ۴ ؎

نِسْبَت (ع ۔ مث) تعلق ۔ لگاؤ ۔ مناسبت ۔ منگنی ؎

نِسبت دینا (ل) تشبیہہ دینا ؎

نِسبت کرنا (ل) منگنی کرنا

نِسبتی (ص) نسبت رکھنے والا ؎

نِسبتی بھائی (ہ ۔ مذ) سالا ؎

نَسْتَرَن (ف ۔ مث) ایک قسم کا سفید خوشبودار پھول ؎

نَستعلیق (ع ۔ مذ) نہایت خوشخط ۔ آج کل کا فارسی خط جس میں یہ لغات لکھی ہوئی ہے ۔ یہ نسخ اور تعلیق سے بنا ہے ؎

نَسخ (ع ۔ مذ) تردید ۔ رد کرنا ۔ تحریر کتابت ۔ عربی طرز تحریر ؎

نُسْخَہ (ع ۔ مذ) کتاب ۔ جلد ۔ وہ کاغذ کا پرزہ جس پر حکیم دوائیں لکھتا ہے ؎

نَسْرِین (ف ۔ مذ) ایک قسم کا جنگلی پھول ۔ سیوتی ؎

نَسَق (ع ۔ مذ) بندوبست ۔ ترتیب ۔ انتظام

نَسْل (ع ۔ مث) اولاد ۔ قبیلہ ۔ بال بچے ؎

نَسلاً بعد نسلٍ (ع ۔ مث) پشت بہ پشت پیڑھی در پیڑھی ؎

نَسوار (ہ ۔ مث) پسا ہوا تمباکو ۔ جو سونگھا جاتا ہے ؎

نِسْوان (ع ۔ مث ۔ ج) (نساء کی جمع) عورتیں ۔ مستورات ؎

نِسْیان (ع ۔ مذ) فراموشی ۔ چوک ۔ بھول ؎

نَسِیم (ع ۔ مث) ہلکی ہلکی ہوا ۔ خوشبودار ہوا ؎

نَسیم سَحَری (ع ۔ مث) صبح کی نرم ہوا ؎

نسیم صبحگاہی (ف۔ مث) صبح سویرے کی نرم ہوا۔ نسیم سحر ٭

ن ش

نشا (و) بیہوشی۔ شراب کا خمار ٭

نشا اُترنا (و) ہوش میں آنا ٭

نشاستہ (ف۔ مذ) بھیگے ہوئے گیہوں کا ست

نشاط (ع۔ مث) خوشی، خرمی، عیش ٭

نشان (ف) علامت۔ کھوج۔ پتہ۔ ٹھپّہ۔ یادگار۔ جھنڈا۔ عَلَم۔ دھبہ۔

نشان بَردار (ف) جھنڈا لیکر چلنے والا نشانچی۔ عَلَم بَردار ٭

نشانچی (ف۔ مذ) نشان بَردار۔ علمبردار۔

نشان دہی (ل) پتہ بتانا ٭

نشان کھڑا کرنا (عَلَم اٹھانا۔ علم قائم کرنا۔ جھنڈا کھڑا کرنا ٭

نشانہ (ف۔ مذ) ہدف۔ تیر مارنے کی جگہ۔ ٹھکانہ ٭

نشانہ لگانا (و) شست باندھ کر گولی چلانا۔ تیر مارنا ٭

نشانی (ف) یادگار ٭

نَشتر [ف (نیشتر کا مخفف)، مذ] زخم چیرنے کا نوکدار آلہ (بعض لوگ ن کو زیر سے بولتے سُنے جاتے ہیں۔ یہ تلفظ صحیح نہیں ٭

نَشٹ (س۔ ص) تباہ۔ برباد۔ ناس

نِشچے (س۔ مذ) اطمینان۔ بھروسہ۔ اعتبار

نَشر (ع۔ مذ) اشاعت۔ پھیلاؤ۔ پراگندہ

نشر گاہ (و۔ مذ) بجلی کے آلات سے خبریں نشر کرنے کا اسٹیشن۔ ریڈیو اسٹیشن ٭

نشرُ الصَّوت (ع۔ مذ) آواز بذریعہ لاسلکی دور دور پہنچانا ٭

نَشِسْت (ف۔ مث) بیٹھک ٭

نَشِسْت گاہ (ف۔ مث) بیٹھنے کی جگہ۔ بیٹھک

نُشُو (ع۔ مذ) بڑھنا۔ بڑا ہونا۔ اُگنا ٭

نُشُو و نما (ع۔ مذ) بڑھنا اور اُگنا۔ پرورش پانا۔ ترقی ٭

نُشُور (ع۔ مذ) قیامت کے دن مُردوں کا اُٹھنا ٭

نَشَہ (ف۔ مذ) نشا، خمار، بیہوشی، مستی ٭

نشہ اُترنا (و) مستی کا جانا۔ ٭ مستی

میں آنا ؛

نَشَہ چڑھنا (ا) مست ہونا۔ نشہ آنا ؛

نَشَہ کِرکِرا ہونا (ا) لطف نہ رہنا۔ مزہ بگڑنا ؛

نشہ ہرن ہونا (ا) نشہ دور ہونا ۔ حواس درست ہو جانا ؛

نشے میں چور ہونا (ا) نشہ میں غرق ہونا ۔ خوب مست ہونا ؛

نَشیب (ف ۔ مذ) نچان پستی ؛

نشیب و فراز (ف ۔ مذ) اونچ نیچ نفع نقصان ؛

نَشیلی آنکھیں (ا) مست آنکھیں ۔ متوالی آنکھیں ؛

نَشیمن (ف ۔ مذ) آرام کی جگہ ۔ آشیانہ ۔ مکان ؛

نَشیمن گاہ (ف ۔ مث) آرام گاہ ؛

نِشین (ف لاحقہ) بیٹھنے والا ۔ نشین ، ؛

ن ۔ ص

نَصّ (ع ۔ مث) قطعی حکم ۔ آیت قرآن شریف (جمع نصوص) ؛

نِصاب (ع ۔ مذ) پڑھائی کی مقررہ مقدار ۔ مال جتنے پر زکوٰۃ واجب ہے ۔

نصاریٰ (ع ۔ مذ ۔ ج) (واحد نصرانی) عیسائی ؛

نَصائح (ع ۔ مث ۔ ج) (واحد نصیحت)

نَصب (ع ۔ مذ) برپا کرنا ۔ کھڑا کرنا ؛

نصب العین (ع) مد نظر ۔ مقصود ؛

نَصر

نَصرانی [ع] ناصرہ بستی کی طرف منسوب جو حضرت مسیح کی جائے پیدائش تھی ۔ یہ بستی یوروشلم کے پاس تھی ، مذ) عیسائی (جمع نصاریٰ)

نُصرَت (ع ۔ مث) امداد ۔ حمایت ۔ فتح ۔ ظفر

نِصف (ع ص) آدھا ؛

نِصف النہار (ع ۔ مذ) وہ فرضی خطوط جو خط استوا کو عموداً کاٹتے ہوئے ایک قطب سے دوسرے قطب تک کھینچے گئے ہیں ؛

نِصفا نِصفی (ع ۔ مث) آدھوں آدھ ۔

نصفی [ف (ع) نصف = آدھا مث] آدھا حصّہ۔ نصف حصّہ ؛

نصُوح (ع۔ص) خالص۔ پکّی توبہ ؛

نصیب (ع۔ مذ) حصہ۔ قسمت۔ مقدر۔ بخت۔ حاصل ؛

نصیب اعدا (ع) دشمنوں کے نصیب ہو۔ کسی دوست یا امیر کی بیماری کے وقت بولتے ہیں ؛

نصیب پھوٹ جانا (ل) قسمت بگڑنا ؛

نصیب جاگنا (ل) قسمت کھلنا ؛

نصیب دشمناں (ف) نصیب اعدا ؛

نصیب ہونا (ل) ملنا۔ حاصل ہونا۔ حصہ میں آنا ؛

نصیبہ (ل۔ مذ) قسمت۔ بخت۔ حصہ ؛

نصیبوں جلی (ل) کم بخت۔ بدقسمت۔

نصیبوں کی شامت (ل۔ مث) قسمت کی بُرائی ؛

نصیحت (ع۔ مث) پند۔ نیک صلاح۔ (جمع نصائح) ؛

نصیحت آمیز (ف ص) نصیحت سے بھری ہوئی بات ؛

نصیحت ہونا (ل) عبرت ہونا۔ کان ہونا ؛

نصیر (ع۔ مذ) مددگار۔ دوست۔ حامی ؛

(ن۔ ط۔ ظ)

نطفہ (مذ) پانی۔ منی۔ بیج۔ اولاد ؛

نطق (ع) گویائی۔ بولنے کی قوت ؛

نظّارہ (ع۔ مذ) دیدار۔ دیکھنا۔ سماں۔ تماشا ؛

نظام (ع) انتظام۔ ترتیب۔ فرمانروائے حیدرآباد دکن کا خطاب جو جہاندار شاہ بادشاہ دہلی کے وقت سے چلا آتا ہے ؛

نظامِ شمسی (ع۔ مذ) وہ سیارے (اور ان کے چاند) جو ہمارے سورج کے گرد گردش کر رہے ہیں۔ یعنی عطارد ۱ زہرہ ۲۔ زمین ۳۔ مریخ ۴۔ مشتری ۵۔ زحل ۶۔ یورینس ۷۔ نیپچون ۸ پلوٹو ۹ ؛

نظائر (ع۔ مذ۔ ج) (واحد نظیر) ؛

نظر (ع۔مث) دیکھنا۔ دید۔ نگاہ۔ آنکھ۔ سایہ جن پری۔ توجہ۔ پرکھ ؛
نظرانداز کرنا (ف) چھوڑنا۔ توجہ نہ کرنا ؛
نظرباز (ف۔ص) تاڑنے والا۔ رمزشناس ؛
نظربازی (ف۔مث) دیدار بازی ؛
نظر بچانا (ف) آنکھ چرانا۔ ٹالنا۔ چھپنا ؛
نظرِ بد (ف۔مث) بری نظر۔ نظر کا اثر ؛
نظر بدلنا (ف) آنکھ بدلنا۔ تیور بدلنا۔ نیت بدلنا ؛
نظربند (ف۔مذ) جو شخص نگرانی میں ہو۔ گرفتار۔ قیدی ؛
نظر بھر کر دیکھ لینا (ف) غور سے دیکھنا۔ سیر ہو کر دیکھنا ؛
نظرِ ثانی (ع۔مث) دوبارہ دیکھنا۔ ترمیم ؛
نظر جمنا (ف) نگاہ ٹھہرنا ؛
نظر چڑھنا (ف) خیال میں آنا۔ عزت پانا۔ دل کو بھانا۔ ذلیل ہونا ؛
نظر دوڑانا (ف) چاروں طرف دیکھنا۔ تلاش کرنا۔ سوچنا ؛
نظر رکھنا (ف) توجہ رکھنا۔ خبر رکھنا۔ نگرانی کرنا ؛
نظر سے گر جانا (ف) بے عزت ہونا۔ حقیر ہونا ؛
نظر کھا جانا (ف) نظر لگ جانا۔ بد نظری سے نقصان پہنچنا ؛
نظرگاہ (ف۔مث) سیرگاہ۔ تماشاگاہ۔
نظر لگنا (ف) نظر بد کا اثر ہونا۔ جن بھوت کا سایہ ہونا ؛
نظر میں چبھنا (ف) آنکھوں میں کھبنا۔ بھلا معلوم ہونا۔ (طنزاً بھی بولتے ہیں) ؛
نظر میں خار ہونا (ف) آنکھوں میں کھٹکنا۔ بھلا معلوم ہونا ؛
نظر میں سمانا (ف) نظر میں گھر کرنا۔ آنکھوں میں بسنا ؛
نظر ہونا (ف) نظر لگنا۔ شناخت ہونا ؛
نظروں میں غائب ہونا (ف) دیکھتے

ہی دیکھتے غائب ہو جانا ۔

نَظَرِیَہ (ع۔ مذ) خیال جو کامل غور و خوض پر مبنی ہو۔ (جمع نظریات)

نَظَرِیَۂ اضافیت (ف۔ مذ) مشہور یہودی فلسفی آئن سٹائن کا وضع کردہ ریاضیاتی نظریہ جو نیوٹن کے نظریۂ کشش ثقل کے قائم مقام ہے۔ یہ نہایت مشکل نظریہ ہے، اور آسانی کے ساتھ سمجھ میں نہیں آ سکتا۔

نَظم (ع۔ مث) شعر۔ بیت۔ انتظام ۔

نَظم و نَسق (ع۔ مذ) بندوبست۔ انتظام

نَظِیر (ع۔ مث) مثال (جمع نظائر)

ن ۔ ع

نَعت (ع۔ مث) رسول پاکؐ کی منظوم تعریف ۔

نَعرَہ (ع۔ مذ) زور کی آواز۔ للکار ۔

نَعرَہ مارنا (ف) للکارنا۔ غوغا کرنا ۔

نَعش (ع۔ مث) تابوت۔ لاش۔ میت۔

نَعل (ع۔ مذ) جوتی۔ گھوڑے کے پاؤں میں لگانے کا لوہے کا نیم حلقہ ۔

نَعل بَند (ف۔ مذ) گھوڑے وغیرہ کے پاؤں میں نعل لگانے والا ۔

نَعل دَر آتش (ف) بے قرار۔ بے چین ۔

نَعلَین (ع۔ مذ) جوتوں کا جوڑا ۔

نَعلَین تحتُ العَین (ع) جوتیاں آنکھوں کے سامنے رکھی جائیں ۔

نِعَم (ع۔ مث۔ ج) (واحد نعمت) ۔

نِعمُ البَدَل (ع۔ مذ) اچھا بدلہ۔ پہلی چیز سے اچھی چیز ۔

نِعمَت (ع۔ مث) مال۔ دولت۔ بخشش۔ (جمع نعم) ۔

نِعمتِ غیر مترقبہ (ع) وہ نعمت جس کے ملنے کی امید نہ کی گئی ہو، اور اچانک مل جائے۔ خداداد دولت ۔

نَعِیم (ع۔ مث) نعمت۔ بہشت۔ عطیہ ۔

(ن ۔ غ ۔ ف)

نَغز (ع۔ ص) عمدہ۔ اچھا۔ نفیس ۔

نَغزَک (ف۔ مذ) لطیف چیز۔ آم ۔

یہ نام محمود غزنوی کا رکھا ہوا ہے۔
نغمہ (ع۔ مذ) راگ۔ ترانہ۔ سُریلی آواز ؛
نغمہ سرائی (ع۔ مث) گانا ؛
نفاخ (ع۔ ص) پھلانے والا۔ بادی چیز ؛
نفاذ (ع۔ مذ) جاری ہونا۔ حکم کا نکلنا ؛
نفاست (ع۔ مث) پاکیزگی۔ عمدگی نفاست ؛
نفاق (ع۔ مذ) پھوٹ۔ بگاڑ۔ دشمنی عداوت ؛
نفائس (ع۔ مث۔ ج) (واحد نفیس) نفیس چیزیں ؛
نفحات (ع۔ مث۔ ج) (واحد نفحہ) خوشبوئیں ؛
نفخ (ع۔ مذ) پیٹ کا پھولنا۔ اپھارا۔
نفر (ع۔ مذ) آدمی۔ نوکر چاکر۔ قلی مزدور ؛
نفرت (ع۔ مث) کراہت۔ حقارت۔ بیزاری ؛
نفرت انگیز (ف۔ ص) نفرت بڑھانے والا ؛
نفرت کرنا (د) کراہت کرنا۔ ذلیل سمجھنا ؛
نفری (ا۔ مذ) مزدور۔ قلی۔ مزدوری اُجرت۔ تعداد
نفرین (ف۔ مث) بد دعا۔ کوسنا۔ پھٹکار۔ لعنت ؛
نفس (ع۔ مذ) سانس۔ دم۔ ہوا لینا۔ (جمع انفاس)
نفس پرور (ف۔ ص) دل نواز جاں بخش ؛
نفس (ع۔ مذ) جان۔ روح۔ حقیقت اصلیت۔ لُب لُباب (جمع نفوس)
نفس الامر (ع) اصلی بات۔ درحقیقت ؛
نفس امارہ (ع۔ مذ) وہ خواہش جو انسان کو بُرے کاموں کی طرف لے جاتی ہے ؛
نفس پرست (ف۔ ص) شہوت پرست۔ عیاش ؛
نفس پروری (ف۔ مث) عیاشی شہوت پرستی ؛

نَفس کُش (ف۔ص) وہ آدمی جو نفسانی خواہشوں کو دبالے۔ زاہد ٭

نَفس کُشی (ف۔مث) نفسانی خواہشوں کو مارنا۔ پارسائی۔ پرہیزگاری ٭

نَفسِ لوّامہ (ع۔مذ) گناہ پر لعنت ملامت کرنے والا نفس ٭

نَفس مارنا (ل) خواہش روکنا ٭

نفسِ مَطلب (ع۔مذ) مدعا۔ مقصود اصلی ٭

نَفسِ مُطمئنہ (ع) اطمینان یافتہ نفس۔ وہ نفس جسے خدا کا قُرب حاصل ہو جائے۔ نیک نفس ٭

نَفسِ ناطقہ (ع) بولنے والی روح۔ جان ٭

نفسِ نَفیس (ع) ذات پاک۔ ذات خاص۔ خود ٭

نَفسا نَفسی (ل۔مث) خود غرضی۔ آپا دھاپی ٭

نَفسانی (ع۔ص) نفس کا۔ نفس کے متعلق۔

نَفسانیت (ع۔مث) خود غرضی۔ غرور۔ نخوت ٭

نَفسی (ع۔ص) ذاتی۔ اپنا ٭

نَفسی نَفسی (ع۔مث) اپنی اپنی ذات کی۔ آپا دھاپی ٭

نَفع (ع۔مذ) فائدہ۔ سود۔ لابھ۔ حاصل

نَفقہ (ع۔مذ) بال بچوں کا خرچ۔ بیوی کا روٹی کپڑا۔

نَفل (ع۔مذ) وہ عبادت جو واجب نہ ہو ثواب یا شکریے کی عبادت۔ (جمع انفال) ٭

نُفوذ (ع) جاری ہونا۔ حکم کا نکلنا۔ اثر کرنا۔ گھسنا ٭

نُفور (ع۔مذ) نفرت کرنے والا۔ بھاگنے والا ٭

نُفوس (ع۔مذ۔ج) (واحد نفس) ٭

نَفی (ع۔مث) انکار۔ اخراج ٭

نفی کرنا (ل) تفریق کرنا۔ گھٹانا۔ منہا کرنا ٭

نَفیر (ع۔مث) نالہ۔ فریاد۔ شہنائی ٭

نَفیری (ف۔مث) شہنائی۔ الغوزہ ٭

نَفیس (ع۔ص) قیمتی۔ عمدہ۔ لطیف۔ صاف۔ پاکیزہ (جمع نفائس)

ن - ق

نقاب (ع - مذ) گھونگھٹ ÷
نقاب پوش (ف - مذ) وہ شخص جو منہ پر نقاب ڈالے رہے ÷
نقاب اُٹھانا (ل) گھونگھٹ کھولنا۔ پردہ اُٹھانا ÷
نقاب ڈالنا (ل) پردہ ڈالنا گھونگھٹ ڈالنا ÷
نَقّاد (ع - ص) پرکھنے والا کھرا کھوٹا دیکھنے والا ÷
نَقارچی (ت - مذ) نقارہ بجانے والا ÷
نقار خانہ (ف - مذ) نوبت بجانے کا مکان ÷
نقار خانے میں طوطی کی آواز کون سُنتا ہے (ل) بڑے آدمیوں میں چھوٹے کی رائے کو کوئی نہیں پوچھتا۔ ہزار آدمیوں میں ایک کی پیش نہیں جاتی۔ شور میں خوش الحان کی بھی شناخت نہیں ہوتی ÷
نَقّارہ (ف - مذ) کوس۔ دھونسا ÷
نَقّارے کی چوٹ (ل) کھُلم کھُلا۔ علانیہ ÷
نَقّاش (ع - مذ) نقش کرنے والا مصوّر ÷
نِقاط (ع - مذ - ج) (واحد نقطہ) ÷
نَقّال (ع - مذ) نقل کرنے والا۔ بھانڈ۔ مسخرا۔ بہروپیا ÷
نَقاہت (ع - مث) ناطاقتی۔ بیماری کے سبب کمزوری ÷
نَقائص (ع - مذ - ج) (واحد (ع) نقص۔ اردو نقص) عیب۔ نقص۔ خرابیاں ÷
نَقب (ع - مذ) سیندھ۔ دیوار پھوڑنا۔ شگاف ÷
نَقب زن (ف - مذ) نقب لگانے والا۔ چور ÷
نَقد (ع - مذ) روپیہ۔ پیسہ۔ دو کڑہ گیتش۔ فوراً۔ اسی وقت (جمع نقود) ÷
نَقدِ جاں (ف - مث) روح۔ آتما ÷
نقدِ رَواں (ف - مذ) کھرا مال۔ جاری

سِکّہ ۔

نَقد مال (ف) عمدہ مال ۔ تر مال ۔

نَقدی (ع ۔ مث) روپیہ ۔ مال ۔ روپیہ پیسہ ۔

نُقرہ (ع ۔ مذ) چاندی ۔ سفید رنگ کا گھوڑا ۔

نُقرئی (ع ۔ ص) چاندی کا ۔ چاندی کا سا ۔ پہلی ۔

نقش (ع ۔ مذ) صورت ۔ نگار ۔ گلکاری ۔ (جمع نقوش)

نقش بَر آب (ف ۔ ص) ناپائدار ۔ فانی ۔ بے اصل ۔

نقش بر دیوار (ف ۔ ص) ہکا بکا ۔ حیران ۔ خاموش ۔ بے حس و حرکت ۔

نقشبند (ف ۔ مذ) نقاش ۔ مصور ۔ گلکار ۔ کپڑے میں گل بوٹے بُننے والا ۔

نقشبندی (ف ۔ مث) مصوری ۔ نقاشی ۔ گلکاری ۔ خاندان حضرت خواجہ بہاؤالدین نقشبند سے نسبت رکھنے والا ۔

نقشہ (ع ۔ مذ) تصویر ۔ تشبیہ ۔ فوٹو ۔ عکس ۔ ڈول ۔ ساخت ۔ سطح زمین کا روپ ۔ دُنیا کی تصویر ۔ میپ ۔ جدول کشی کیا ہوا فارم ۔ حال ۔ کیفیت ۔ عالم ۔ فہرست ۔ قبض الوصول (اُتارنا ۔ بگاڑنا ۔ بگڑنا ۔ بنانا ۔ جمانا ۔ جمنا ۔ کھینچ جانا ۔ کھینچنا ۔ گزرنا) ۔

نقشِ پا (یا) **قَدَم** (ف ۔ مذ) پاؤں کا نشان ۔ کھوج ۔ کھرا ۔

نقش کالحجر (ع ۔ ص) پتھر کی لکیر ۔ پختہ ۔ اَمٹ ۔

نقش و نگار (ف ۔ مذ) بیل بوٹا ۔ زیب و زینت ۔

نُقش ہو جانا (ف) کھدنا ۔ تحریر ہونا ۔ دل میں بٹھانا ۔

نَقشَہ (ع) تصویر ۔ صورت ۔ ڈیل ڈول ۔ خط و خال ۔ ڈھنگ ۔ طور ۔ سطح ۔ زمین کی تصویر ۔ مختلف ملکوں کی سطحی حالت ۔ قدم (جمع نقشجات)

نقشہ بگاڑنا (ف) صورت بگاڑنا ۔

حال سے بے حال ہونا ؛

نقشہ بِگڑنا (ل) حال خراب ہونا۔ بد انتظامی ؛

نقشہ جمنا (ل) بات بننا۔ دال گلنا۔ رسائی ہونا۔ خیال بندھنا۔

نَقشہ جمانا (ل) رسائی پیدا کرنا۔ ہَوا جمانا۔ ڈھچر ڈالنا۔

نقشہ نویس (ف) نقشہ بنانے والا ڈرافسمین ؛

نقص (ا۔ ع = نقص۔ کمی کرنا) مذ کر خامی۔ کسر۔ کوتاہی ؛

نقص نکالنا (ل) عیب نکالنا۔ اعتراض کرنا ؛

نقصان (ع۔ مذ) کمی۔ خسارہ۔ ٹوٹا۔ تباہی۔ ضائع (اُٹھانا بھرنا۔ پہنچنا پہنچانا۔ پہنچادینا۔ کرنا۔ ہونا) ؛

نقصان اُٹھانا (ل) گوارا کرنا (ل) ٹوٹا برداشت کرنا خسارہ ہونا ؛

نقصان بھرنا (ل) خسارہ دینا۔ پورا کرنا ؛

نُقصانِ مال (ع) مال کا خسارہ ؛

نَقض (ع۔ مذ) توڑنا۔ ٹوٹ پھوٹ ؛

نَقضِ عہد (ع۔ مذ) عہد شکنی ؛

نَقضِ امن (ع۔ مذ) امن میں خلل ہونا۔

نُقَطَ (ع۔ ج) نقطے۔ بندیاں ؛

نُقطہ (ع۔ مذ) بندی۔ صفر (جمع نقاط۔ اور نقطے) ؛

نُقطۂ انجماد (ف۔ مذ) تھرمامیٹر کا وہ نقطہ جہاں تک حرارت کم ہو جانے سے کوئی مائع جم جائے۔

نُقطۂ جوش (ف۔ مذ) تھرمامیٹر کا وہ نقطہ یا درجہ جہاں تک گرمی بڑھ جانے سے کوئی مائع جوش کھانے لگ جائے ؛

نُقل (ع۔ مذ) شراب کے بعد جو چیز تبدیلِ ذائقہ کے واسطے کھائی جائے۔ کباب۔ چٹنی وغیرہ ؛

نُقلِ مجلس (ع۔ مذ) مسخرہ۔ ظریف ؛

نقل (ع) تبدیلی ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا۔ دوسرے سے دیکھ کر

لکھنا۔ بیان کرنا۔ سوانگ۔ ناٹک۔
(جمع نقول) ٭
نقلِ مکان (ع۔مذ) مکان تبدیل کرنا۔
نقل نویس (ف۔ مذ) عدالت کا منشی جس
کا کام کاغذات نقل کرنا ہو ٭
نقلی (ع۔ص) بناوٹی۔ کھوٹا۔ جعلی ٭
نقوش (ع۔مث۔ج) (واحد نقش) ٭
نقول (ع۔مث۔ج) (واحد نقل) ٭
نقیب (ع۔مذ) بھاٹ۔ خبر دینے والا۔
بادشاہ کی سواری کے آگے آواز
دینے والا۔ ٭
نقیض (ع۔ص) ضد۔ برخلاف
مخالف۔ اُلٹا۔ برعکس ٭
نقیہ (ع۔ص) ناتواں۔ کمزور ٭

(ن۔ک)

نک (ہ۔مث) ناک ٭
نکات (ع۔مذ۔ج) (واحد نکتہ) ٭
نکاح (ع۔مذ) عقد۔ بیاہ۔ شادی ٭
نکاس (ہ۔مذ) منبع۔ سوت۔ ٭
نکاسی (ہ۔مث) بکری۔ اخراج۔ مال کھپت

نکال دینا (ہ) باہر کر دینا۔ موقوف کر دینا ٭
نکال لانا (ہ) بھگا لانا۔ کسی عورت کو
بھگا لانا ٭
نکالنا (ہ) باہر کرنا۔ خارج کرنا۔ علیحدہ کرنا۔
بھگانا۔ سدھانا۔ کاڑھنا ٭
نکبت (ع۔مث) ذلت۔ خواری۔ مفلسی۔
نکتہ (ع۔مذ) باریکی۔ راز۔ سمجھ کی بات (جمع نکات)
نکتہ بیں (ف۔ص) عیب جو ٭
نکتہ پرور (ف۔ص) سخن فہم۔
عقلمند ٭
نکتہ چیں (ف۔ص) عیب جو۔ عیب نکالنے
والا ٭
نکتہ چینی (ف۔مث) عیب جوئی ٭
نکتہ رس (ف۔ص) تیز فہم۔ زیرک
دانا ٭
نکتہ سنج (ف۔ص) دانا۔ زیرک۔ زود
فہم ٭
نکتہ شناس (ف۔ص) دانا۔ زیرک۔
زود فہم ٭
نکتے نکالنا (ہ) اعتراض کرنا ٭
نکٹا (ہ۔ص) ناک کٹا ہوا ٭

نکٹا بُوچا سب سے اونچا - (مثل) بیٹا ہونے کے باوجود بڑا دعویٰ۔

نکرہ (ع - مذ) معرفہ کی ضد۔ وہ اسم جو کسی خاص چیز کا نام نہ ہو، بلکہ ایک جنس کی ہر چیز پر بولا جائے۔ جیسے لڑکا۔ نہر ؛

نکسیر (ہ - مث) گرمی کے سبب ناک سے خون آنا ؛

نکسیر پھوٹنا (ل) ناک سے خون بہنا ؛

نکسیر نہ پھوٹنا (ہ) بال بیکا نہ ہونا۔ نقصان نہ ہونا ؛

نکل بھاگنا (ل) چل دینا۔ فرار ہو جانا۔ قبضہ سے نکل جانا ؛

نکل جانا (ل) بھاگ جانا۔ چلا جانا۔ روپوش ہونا۔ آگے بڑھ جانا۔ کہہ بیٹھنا۔ گزر جانا ؛

نکلنا (ہ) باہر آنا۔ اُگنا۔ جاری ہونا۔ طلوع ہونا۔ معلوم ہونا۔ سرزد ہونا ؛

نکمّا (ہ - ص) بے کار۔ ناکارہ ؛

نکمّا کرنا (ہ) کام کا نہ چھوڑنا ؛

نکو (ہ - ص) ناک والا۔ تمکنت والا۔ رسوا۔ بدنام۔ بڑی ناک والا (مصادر عزت اپنا نا۔ بنانا۔ کرنا) ؛

نکو بنانا (ہ) بدنام کرنا ؛

نکوہش (ف - مث) ملامت۔ دھمکی۔

نکوئی (ف - مث) بھلائی نیکی۔ عمدگی۔ مہربانی ؛

نکھار (ہ - مذ) صفائی۔ اُجلاپن۔ بناؤ سنگار ؛

نکھارنا (ہ) صاف کرنا۔ میل دور کرنا۔

نکہت (ع - مث) خوشبو۔ مہک ؛ (نکہت کاف سے غلط ہے) ؛

نکھٹو (ہ) وہ شخص جو کچھ کما کر نہ لائے ؛

نکھد (ہ - ص) خراب۔ نکما۔ بُرا۔

نکھرا ہوا (ل) صاف ستھرا۔ جوبن پر آیا ہوا ؛

نکھرنا (ہ) صاف ہونا۔ چمکنا۔ روپ نکلنا ؛

نکیرین (ع۔ مذ) منکر نکیر۔ قبر میں سوال و جواب کرنے والے فرشتے ؛

نکیل (ہ۔ مث) مہار۔ لگام ؛

نکیلا (ہ۔ ص) نوک دار ؛

نکیلی (ہ۔ مث) نوک دار۔ خوش وضع ؛

(ن۔ گ)

نگ (ا۔ مث) نگینہ ؛

نگار (ف۔ مذ) تصویر۔ نقش۔ رنگیلا معشوق زینت۔ آرائش ؛

نگارخانہ (ف۔ مذ) تصویر خانہ ؛

نگارش (ف۔ مث) لکھنا۔ تحریر ؛

نگارین (ف۔ ص) دلبر۔ محبوب۔ معشوق مہندی لگا ہوا ؛

نگاہ {ف (ن = زیر۔ نیچے، گاہ (پہلوی آکاس، اوستا آکاست بمعنی دیکھا۔ سں کاشتے = دکھائی دیے) مث} نظر۔ آنکھ۔ تیور۔ مہربانی۔ توجہ۔ نگرانی ؛

نگاہ اٹھا کر نہ دیکھنا (ا) خیال میں نہ لانا۔ توجہ نہ کرنا۔ حقیر جاننا ؛

نگاہ لڑانا (ا) آنکھیں لڑانا۔ نظربازی کرنا۔ محبت سے دیکھنا ؛

نگاہ نیچی کرنا (ا) شرم و لحاظ سے آنکھ سامنے نہ کرنا ؛

نگاہداشت (ف۔ مث) حفاظت نگرانی ؛

نگاہبان (ف۔ مذ) چوکیدار۔ محافظ ؛

نگاہبانی (ف۔ مث) حفاظت۔ نگرانی۔

نگاہیں پھیرنا (ا) توجہ نہ رہنا۔ نگاہیں بدلنا ؛

نگر (ہ۔ مذ) شہر۔ قصبہ ؛

نگران (ف۔ مذ) دیکھنے والا۔ نگہبان ؛

نگرانی (ف۔ مث) دیکھ بھال۔ نگہبانی۔ حفاظت۔ انتظام ؛

نگلنا (ہ) حلق سے اتارنا ؛

نگوڑا (ہ۔ مذ) لولا۔ اپاہج۔ لنگڑا۔ کم بخت۔ نالائق ؛

نگوڑی (ہ۔ مث) لولی۔ لنگڑی۔ کم بخت۔

نگوں (ف۔ ص) اُلٹا۔ اوندھا ؛

نگوں بخت (ف۔ ص) اُلٹے نصیب والا۔ بدنصیب ؛

نِگُوں ہمّت (ف۔ص) کم ہمت۔ بے ہمت۔
نِگَہ (ف۔مث) نگاہ۔ نظر ÷
نِگَہبان (ف۔مذ) نگاہبان ÷
نِگَہبانی (ف۔مث) حفاظت ÷
نِگینہ (ف۔مذ) انگشتری کا نگ۔ نگین۔

(ن۔ل۔م)

نَل (ہ۔مذ) لوہے یا مٹی کی اندر سے خالی موٹی نالی۔ ایک راجہ کا نام جس نے چوسر کا کھیل ایجاد کیا تھا۔ نیزہ۔ ناف ÷
نَلانا (ہ) کھیت سے گھانس پھونس دور کرنا ÷
نَلائی (ہ۔مث) کھیت سے گھانس وغیرہ نکالنا ÷
نَلوَہ (ہ۔مذ) چھوٹا نل۔ کاغذات رکھنے کا ٹین کا نل۔ نلی ÷
نِلوَہ (ہ۔ص) (۱) بے لوث۔ (۲) مفت۔ خالص۔ بلا مزاحمت۔ بے مشقت ÷
نَلی (ہ۔مث) پنڈلی کی ہڈی۔ جلاہے کی نال ÷ فلکی
نَم (ف۔مذ) تری۔ گیلا پن۔ رطوبت ÷
نَمناک (ف۔ص) تر۔ گیلا۔ بھیگا ہوا ÷
نُما (ف۔ص) دکھانے والا۔ بتانے والا ÷
نَماز (ف۔مث) مسلمانوں کی مخصوص عبادت پرستش (پڑھنا) ÷
نَمازِ اِستِسقا (ف۔مث) نماز جس میں بارش کے لئے دعا مانگی جاتی ہے ÷
نَمازِ پنجگانہ (ف۔مث) پانچ وقت کی نماز ÷
نَمازِ جَنازہ (ف۔مث) وہ نماز جو مُردے کی نجات کے واسطے اس کی لاش پر کھڑے ہی کھڑے پڑھی جاتی ہے۔
نَمازِ خُسوف (ف۔مث) چاند گہن کے وقت کی نماز ÷
نَمازی (ف۔مذ) نماز پڑھنے والا ÷
نَمّام (ع۔مذ) چغل خور ÷
نَمّامی (ع۔مث) چغل خوری۔ غمازی ÷
نُمائی (ف۔مث) اظہار۔ دکھانا ÷
نُمائش (ف۔مث) دکھاوا۔ ظاہر داری

عمدہ عمدہ چیزوں کا دکھانا میلہ
تماشا ؛
نُمائش گاہ (ف۔مث) وہ جگہ جہاں
سامانِ نمائش رکھا جائے۔
تماشاگاہ ؛
نُمائندہ (ف۔ص) دکھانے والا۔
وہ شخص جو کسی علاقہ۔قوم یا ملک
کی طرف سے کسی مجلس میں
شامل ہو ؛
نمبر (Number) (انگ۔مذ)
تعداد۔نمبر ؛
نمبر۱۰ (ا۔مذ) پولیس کی اصطلاح
میں وہ رجسٹر جس میں شہر کے بدمعاشوں
کے نام درج کئے جاتے ہیں ؛
نمبر۱۰۔ڈاؤننگ سٹریٹ
(No. 10 - Downing
street) لنڈن کے
ڈاؤننگ نامی مشہور محلے میں
نمبر۱۰ مکان جو وزیراعظم انگلستان
کی سرکاری قیامگاہ ہے
دارالوزارت یادارالحکومت
انگلستان ؛
نَمدہ (ف۔مذ) نمدہ۔اون کا گھوٹا ہوا
کپڑا۔ پٹّو ؛
نَمدپوش (ف۔مذ) کمبل پوش ؛
نَمدَہ (ا۔مذ) نمد ؛
نمدہ بندھ جانا (ل) دیوالہ نکل جانا۔
مفلس ہو جانا۔انتظام ہو جانا ؛
نمدہ بندھوا دینا (ل) مفلس بنا دینا۔
محتاج بنا دینا ؛
نُمرود (ع۔مذ) مینوا کے ایک کافر
بادشاہ کا نام ہے جس نے
حضرت ابراہیم ؑ کو آگ میں
ڈالا تھا ؛
نَمستے (ہ۔مذ) بندگی۔پرنام۔تسلیم ؛
نَمسکار (س۔مذ) بندگی۔پرنام۔تسلیم۔
نَمش (ا۔مث) دودھ کی بھاگ جس میں
مصری ڈال کر کھاتے ہیں ؛
نَمط (ع۔مذ) روش۔طریقہ۔ڈھنگ
نَمک (ف۔مذ) لُون ؛
نمک پاشی (ل) نمک چھڑکنا۔
ستانا ؛

نمک پَرْوَرْدَہ (ف۔ص) نمک خوار ملازم ؛

نمک چھڑکنا (ل) نمک پاشی کرنا۔ جلانا۔ستانا ؛ ایذا پہنچانا۔

نمک حرام (ف۔ص) ناشکرا۔ وہ شخص جو اپنے آقا اور مالک کا بدخواہ ہو۔ باغی۔ سرکش ر محسن کُش ؛

نمک حَرامی (ف۔مث) محسن کُشی۔ آقا کی بدخواہی۔ دغابازی۔ احسان فراموشی ؛

نمک حَلال (ف۔ص) حق شناس۔ مالک کا خیرخواہ۔ احسانمند ؛

نمک حلالی (ف۔مث) خیرخواہی۔ شکرگزاری۔حق نمک ادا کرنا ؛

نمک خوار (ف۔مذ) ملازم۔ نوکر۔ نمک پروردہ ؛

نمک دان (ف۔مذ) نمک رکھنے کا برتن ؛

نمک دانی (ا۔مث) نمک رکھنے کا برتن ؛

نمک مرچ لگانا (ل) مزیدار بنانا۔مبالغہ کرنا۔ بڑھاکر کہنا۔ اُکسانا ؛

نمکین (ف۔ص) سلونا۔ نمک دار۔ سانولا۔ کھاری ؛

نمکینی (ا۔مث) ملاحت۔سلوناپن ؛

نمگیرہ (ف۔مذ) اوس سے بچانے والا کپڑہ۔ ترپال۔سائبان ؛

نمناک (ف۔ص) تر۔ گیلا ؛

نُمُو (ع۔مذ) بڑھنا۔ اُگنا۔ ترقی کرنا ؛

نمود (ف۔مث) دکھاوا۔ اُبھار۔ اظہار شان ؛

نمودار (ف۔ص) ظاہر۔عیاں ؛

نمونہ (ف۔مذ) مثال۔ ڈھانچہ۔ وہ چیز جو دکھانے کے لیے بھیجی جائے ؛

نمونیا (Pneumonia) (انگ۔مذ) چھاتی کا درد بسردی کا بخار۔ ذات الجنب ؛

نمی (ف۔مث) تری۔ گیلاپن۔ رطوبت ؛

نَمِیقہ (ع۔مذ) نامہ۔نوشتہ۔خط۔ مکتوب۔ مرقومہ ؛

ن - ن

ننّا (ع. ص) نادان بچہ۔ چھوٹا ؛
ننانوے (ع. ص) ۹۹۔ ایک کم سو ؛
ننانوے کے پھیر میں آنا یا پڑنا (ہ) روپیہ بڑھانے کی فکر میں پڑنا۔ لالچ کے سبب مصیبت میں پھنسنا ؛
نَنَد (ہ. مث) خاوند کی بہن ؛
نِندا (ہ. مث) بُرائی۔ عیب۔ بدگوئی۔
ننگ (ف. مذ) شرم۔ حیا۔ لحاظ۔ رسوائی۔
ننگِ خاندان (ف. ص) خاندان کو بدنام کرنے والا ؛
ننگ و ناموس (ف. مث) لحاظ۔ شرم۔ عزت۔ حرمت۔ عصمت ؛
ننگ و نام (ف. مث) شرم۔ لحاظ۔ عصمت ؛
ننگ (ہ. مذ) ننگا۔ عریاں۔ بے شرم ؛
ننگ دھڑنگ (ہ. مذ) بالکل ننگا۔ بے شرم۔ بے لحاظ۔ مفلس۔ نادار۔
ننگا (ہ. مذ) برہنہ۔ مفلس۔ بے غیرت ؛
ننگا دھڑنگا (ہ. مذ) بالکل ننگا۔ مفلس ؛
ننگا کرنا (ہ) کپڑے اُتار لینا۔ لوٹ لینا۔ کچھ نہ چھوڑنا ؛ پول کھولنا۔
ننگی (ہ. مث) برہنہ عورت۔ مفلس ؛
ننگی کیا نہائے گی کیا نچوڑے گی۔ (ہ. مثل) اگر مفلس دل والا بھی ہو تو کیا صرف کرے، جس کے پاس کچھ بھی نہیں وہ کیا خرچ کرے اور کیا پس انداز کرے ؛
ننّھا (ہ. ص) ننّا۔ نادان بچہ ؛
ننھیال (ہ. مث) نانا کا گھر ؛
ننھے میاں (ہ. مذ) چھوٹے میاں ؛
ننھی (ہ. مث) چھوٹی۔ ناسمجھ ؛

ن - و

نَو (ہ. ص) ۹ ایک کم دس ؛
نَورتن (ہ. مذ) نو جواہر۔ نو عقلمندوں کی مجلس۔ نو عالم فاضل جو اکبر کے ندیم تھے۔ ان کے نام یہ ہیں:۔ (۱) راجہ بیربل (۲) مُلّا دوپیازہ

(۳) راجہ مان سنگھ

(۳) راجہ مان سنگھ (۴) راجہ ٹوڈرمل (۵) حکیم ہمام (۶) فیضی (۷) ابوالفضل (۸) مرزاکوکلتاش (۹) نواب خانخانان۔

نوسو چوہے کھاکے بلی حج کو چلی۔ (۱) ساری عمر گناہوں میں گنوائی اور اخیر میں پرہیزگار بنے ::

نولکھا (ہ۔ص) نولاکھ روپے کا بیش قیمت ::

نونقد نہ تیرہ اُدھار (۱) قرض کے تیرہ روپے سے نونقد اچھے ہیں ::

نَو (ف۔ص) نیا۔تازہ ::

نَوآباد (ف۔ص) نیا آباد کیا ہوا ::

نَوآبادی (ا۔مث) وہ بستی جو نئی بسی ہو :: محکوم ملک۔

نَوآموز (ف۔ص) نیا سیکھنے والا مبتدی۔اناڑی۔کچا ::

نَوبَو (ف۔ص) تازہ بتازہ ::

نَوبہار (ف۔مث) تازہ بہار، موسم بہار ::

نَوج ! نہیں، ہرگز نہیں۔خدا نہ کرے۔ کسی صورت بھی نہیں ::

نَوج دور پار ! دیکھو "نوج" ::

نَوجوان (ف۔مذ) گبرو۔نوعمر ::

نَوجوانی (ف۔مث) بلوغ ::

نَوچندی (ا۔مث) چاند کی پہلی جمعرات۔ میرٹھ کا ایک میلہ ::

نَوخیز (ف۔ص) نوجوان۔گبرو ::

نَودولت (ف۔ص) وہ شخص جسے تازہ دولت ملی ہو۔ نیا امیر ::

نَوروز (ف۔مذ) سال کا پہلا دن ::

نَوروزی (ف۔ص) نوروز کا ::

نَوشہ (ف۔مذ) دولھا۔بنڑا ::

نَوعُمر (ف۔مذ) جوان ::

نَوگرفتار (ف۔مذ) نیا پکڑا ہوا۔نیا عاشق ::

نَومُسلِم (ف۔مذ) نیا مسلمان۔وہ شخص جو دوسرے مذہب سے اسلام میں آئے ::

نَومشق (ف۔مذ) نوآموز۔ناتجربہ کار۔ اناڑی

نَونہال (ف۔مذ) نیا پودا۔نوجوان

نوعمر ؎

نَوارِد (ف ۔ مذ) اجنبی مسافر۔ ابھی آیا ہوا ؎

نَوا (ف ۔ مث) آواز۔ نالہ۔ نغمہ سُر۔ راگ ؎

نَوّاب (ع ۔ مذ) بادشاہ کا نائب صوبہ کا حاکم۔ امیر۔ فضول خرچ۔ نَو دولت ؎

نَوّاب بے مُلک (ع ۔ مذ) نوابی کی شیخی مارنے والا ؎

نَوّابی (ف ۔ مث) امیری۔ دولتمندی حکومت۔ فضول خرچی ؎

نَوّابی ٹھاٹ (ا ۔ مذ) امیرانہ ساز و سامان ؎

نَواح (ع ۔ مث ۔ ج) (واحد ناحیہ ۔ کنارہ) اطراف۔ قُرب و جوار۔ اضلاع (اُردو میں واحد مستعمل ہے) ؎

نَوادِر (ع ۔ مث ۔ ج) (واحد نادرہ)

نِواڑ (ا ۔ مث) نوار۔ پلنگ بُننے کی موٹی سوتی پٹی یا فیتہ ؎

نَوازِش (ف ۔ مث) بخشش۔ مہربانی۔ شفقت ؎

نَوازِش نامہ (ف ۔ مذ) عنایت نامہ۔ چٹھی۔ خط ؎

نَوازنا (ا) پرورش کرنا۔ بخشش کرنا۔ عزت بخشنا ؎

نَواس (ع ۔ مذ) محل۔ مکان سکونت۔

نَواسہ (ف ۔ مذ) بیٹی کا بیٹا ؎

نَواسی (ا ۔ مث) بیٹی کی بیٹی ؎

نَوافِل (ع ۔ مذ ۔ ج) (واحد نافِلہ) ؎

نَوال (ع ۔ مث مذ) بخشش۔ عطا۔ مہربانی۔ احسان ؎

نِوالہ (ف ۔ مذ) لقمہ ؎

نَواُمّید (ف ۔ ص) مایوس ؎

نَواُمّیدی (ف ۔ مث) مایوسی۔ نا امیدی ؎

نَواہی (ع ۔ مث ۔ ج) (واحد نہی) ناجائز باتیں۔ ممنوعات ؎

نَوائب (ع ۔ مذ ۔ ج) (واحد نائبہ) مصیبتیں۔ تکلیفیں ؎

نَوبت (ع ۔ مث) باری۔ وقت ؎

نَوبَت (ف۔مث) حالت۔ کیفیت۔ نقارہ۔ دھونسا۔ دمامہ ؛

نَوبَت آنا (ل) باری آنا ؛

نَوبَت بجنا (ل) نقّارہ بجنا خوشی منانا۔

نَوبَت بَنَوبَت (ف) باری باری۔

نَوبت پہنچنا (ل) موقع آنا۔ حالت پہنچنا ؛

نوبت خانہ (ف۔مذ) نقارخانہ ؛

نوٹ (Note) (انگ۔مذ) ہنڈی سرکاری ہنڈی جو بطور سکّہ کے چلتی ہے۔ یادداشت۔ حاشیہ۔ شرح ؛

نُوٹ بُک (Note Book) (انگ۔مث) یادداشت کی کاپی۔ بیاض ؛

نُوٹ پیپر (Note Paper) (انگ۔مذ) چٹھی کا کاغذ ؛

نُوٹ کرنا (ل) یادداشت میں لکھنا ؛

نُوٹ لینا (ل) کسی کی تقریر کے ضروری حصے ڈائری میں لکھنا۔ یادداشت میں لکھنا ؛

نوٹس (Notice) (انگ۔مذ) اطلاع۔ دعویٰ کرنے کی اطلاع۔ بازپرس۔ جواب طلبی ؛

نوٹیفیکیشن NOTIFICATION (انگ۔مذ) اعلان۔ اطلاع

نوٹیفائڈ ایریا کمیٹی NOTIFIED AREA COMMITTEE (انگ۔مث) چھوٹے قصبے کا انتظام کرنے والی کمیٹی ؛

نُوچ کھسوٹ (ہ۔مث) لوٹ مار ؛

نُوچنا (ہ) کھسوٹنا۔ کھرچنا۔ لوٹنا۔ چٹکی بھرنا۔

نُوچنا کھسوٹنا (ہ) لوٹنا۔ مارنا۔ چھیننا۔

نُوحؑ (ع۔مذ) نوحہ کرنے والا ایک مشہور پیغمبر کا نام ہے، جن کے زمانے میں دنیا میں بڑا بھاری طوفان آیا تھا ؛

نوحؑ کا طوفان (ل) حضرت نوحؑ کے زمانے کا طوفان۔ بڑا طوفان ؛

نوحؑ کی کشتی (ل۔مث) وہ کشتی جو حضرت

نوح ؑ نے طوفان سے بچنے کے لئے بحکم خدا بنائی تھی ؛

نَوحہ (ع - مذ) ماتم - گریہ و زاری - رونا پیٹنا ؛

نَوحہ گر (ف - ص) رونے والا - گریہ کرنے والا ؛

نَوحہ گری (ف - مث) رونا پیٹنا - آہ و زاری ؛

نَوَد (ف ص) نوے - ۹۰ ؛

نُور (ع - مذ) روشنی - چمک - اُجالا - تجلی پرکاش (جمع انوار) ؛

نور العین (ع - مذ) آنکھوں کا نور - بیٹا - لخت جگر ؛

نُور برسنا (ل) روشنی ظاہر ہونا جیسے کہ پر رونق ہونا ؛

نور چشم (یا)، **نُور نظر** (ف - مذ) آنکھوں کا نور - بیٹا ؛

نور دیدہ (ف - مذ) آنکھ کا نور - بیٹا ؛

نُورٌ علیٰ نُور (ع) نور پر نور - ایک سے ایک بڑھ کر - کیا کہنا ہے ؛

نُورِ عین (ع - مذ) آنکھ کا نور - بیٹا ؛

نُور کا تڑکا (ل - مذ) بہت سویرا - صبح صادق - پو پھٹنے کا وقت ؛

نُور کے سانچے میں ڈھالنا (ل) نہایت حسین بنانا ؛

نُورِ نَظَر - دیکھو "نور چشم" ؛

نُورانی (ع - ص) چمکدار روشن - پاک، روحانی ؛

نَورَس (ف - مذ) تازہ میوہ - نوجوان - نوخیز ؛

نَورمَل (Normal) (انگ - ص) معمولی حسب معمول بندھا - درست ؛

نَورمَل سکول Normal school (انگ - مذ) وہ اسکول جہاں طریقہ تعلیم سکھایا جاتا ہے - دار المعلمین ؛

نُورَہ (ع - مذ) چونے اور ہڑتال کا مرکب جو بال اُکھاڑنے کے واسطے کام میں لاتے ہیں ؛

نوش (ف - لاحقہ) پی - پینے والا ؛

نوش جاں فرمانا (یا)، کرنا (ل)، کھانا ؛

نوشِ جاں ہونا (ا۔ محاورہ) موافق ہونا۔ کھانا۔ مبارک ہونا ؛

نوشدارُو (ف۔ مث) تریاق۔ فادزہر (مجازاً) شراب ؛

نوشادُر (ف۔ مذ) ایک مشہور دوا ہے۔

نوِشت (ف۔ مث) تحریر۔ لکھت ؛

نوِشت وخواند (ف۔ مث) لکھنا۔ پڑھنا ؛

نوِشتہ (ف۔ مذ) لکھا ہوا۔ قلمی۔ تقدیر۔

نوشہ (ف۔ مذ) دولھا۔ مرزا غالب کا عرف مرزا نوشہ ہے ؛

نوشیرواں (ف۔ مذ) ایران کے ایک بہت مشہور عادل بادشاہ کا نام ہے۔ بغداد اسی نے بسایا تھا۔ حکیم بزرجمہر اس کا وزیر تھا۔ اہلِ عرب اسے کسریٰ کہتے ہیں ؛

نوشیں (ف۔ ص) میٹھا۔ شیریں۔ شہد کی مانند ؛

نوع (ع۔ مث) قسم۔ ذات۔ طور طریق۔

نوک (ف۔ مث) سرا۔ ڈنک۔ چونچ چھال۔ آنی۔ چھیڑ چھاڑ۔ وضعداری۔

نوک جھونک (ہ۔ مث) چھیڑ چھاڑ۔ طنز کی باتیں ؛

نوک دار (ف) نوکیلا ؛

نوک دُم بھاگنا (ہ) دُم دبا کر بھاگنا۔ بے تحاشا بھاگنا ؛

نوکِ زبان (ف۔ مث) ازبر۔ زبانی یاد (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) ؛

نوکِ زبان ہونا (ا) حفظ ہونا۔ ازبر یاد ہونا ؛

نوک کی لینا (ہ) (۱) ڈینگ کی لینا۔ فخریہ دعوی کرنا (۲) قابلِ فخر کام کرنا ؛

نوکر (ف۔ مذ) خدمت گار۔ ملازم۔ چاکر۔

نوکرانی (ا۔ مث) ملازمہ۔ خادمہ۔ ماما۔ اصیل ؛

نوکری (ہ۔ مث) ملازمت۔ خدمت۔ کام۔ تنخواہ دینا۔ کرنا سے لگانا۔

نوکری پیشہ ۔ نوکری کرنے والا

نوکری خالہ جی کا گھر نہیں (ا)، نوکری گھر کی بات نہیں، پابندی

ضروری ہے ؛

نَوم (ع۔مث) نیند۔ خواب ؛

نُون (ہ۔مذ) نمک۔ نُون (اب فصحا نمک ہی بولتے ہیں۔) ابجد کا ایک حرف "ن" ؛

نَوَل (Novel) (انگ۔مذ) فسانہ۔ قصہ ؛

نَوَلٹی (Novelty) (انگ۔مذ) جدّت۔ نیا پن ؛

نَوَلسٹ (Novelist) (انگ۔مذ) فسانہ نویس۔ قصہ نویس۔

نَوِید (ف۔مذ) خوشخبری۔ مژدہ۔ بشارت۔

نَوِیس (ف۔لاحقہ) لکھنے والا ؛

نَوِیسندہ (ف۔مذ) لکھنے والا ؛

نَوِیسی (ف۔لاحقہ۔مث) لکھنے کا کام ؛

نویلا (ہ۔ص) نیا۔ تازہ۔ انوکھا ؛

نویلی (ہ۔مث) نئی۔ انوکھی۔ نوعمری۔ کنواری۔

نوئین (ت۔مذ) (۱) داماد (۲) ترک اپنے بادشاہوں کو اس لفظ سے خطاب کرتے تھے (۳) اکسیر اعظم ؛

ن۔ ہ

نہ (ف۔ص)۔ نَو۔ ۹ ؛

نہ (ہ) حرفِ نفی، نہیں۔ حرفِ تاکید۔ جیسے آؤ گے نہ ؛

نہ آج ... نہ کل۔ نہ آج یہ کام ہوتا ہے نہ کل۔ کبھی نہیں ہوگا ؛

نہ پوچھو (ہ) بیان کے قابل نہیں۔ کیا کہنا ہے ؛

نہ سانپ مرے نہ لاٹھی ٹوٹے۔ (ز۔مثل) بغیر نقصان کے کام ہو جائے ؛

نہ نَو مَن تیل ہوگا نہ رادھا ناچیگی (ل) کسی کام میں ایسی شرط لگانا۔ کہ وہ پوری نہ ہو سکے اور کام رہ جائے۔ نہ اتنا سامان ہوگا نہ کام بنے گا ؛

نِہاد (ف۔مث) دل۔ باطن۔ اصل۔ بنیاد۔ طبعیت۔ سیرت ؛

نَہار (ع۔مذ) دن۔ یوم ؛

نَہار (ف۔ص) بن کھائے ہوئے۔

نَہار مُنہ (ہ۔ مذ) ناشتے کے بغیر ؛

نَہاری (ہ۔ مث) ناشتہ (۲)۔ مث) گڑ آٹا جو گھوڑے کو کھلاتے ہیں ؛

نَہاری کھانا (ہ) حاضری کھانا ؛

نِہال (ف۔ ص) نیا لگایا ہوا پودا۔ درخت (مجازاً) مالا مال۔ بامراد ؛

نہال کرنا (ہ) مالا مال کرنا۔ امیر بنانا۔ نوازنا خوش کر دینا سرسبز کر دینا۔

نِہالچہ (ف۔ مذ۔ نہال = نہالی بمعنی زیر پوش کا مخفف) بچوں کا بچھونا ؛

نِہالی (ف۔ مث) ردئی دار بستر۔ توشک ؛

نِہاں (ف ص) پوشیدہ۔ چھپا ہوا ؛

نہانا (ہ) غسل کرنا جسم کو دھونا۔ اشنان کرنا ؛

نہانی (ہ۔ مث) حاجتِ غسل۔ احتلام ؛

نِہایت (ع ص) حد۔ انتہا (۲)۔ تابع فعل) بہت۔ بکثرت ؛

نہتا یا نِہتھا (ہ ص) بے ہتھیار غیر مسلح۔ خالی ہاتھ ؛

نہج (ہ۔ مذ) سیدھا راستہ۔ راہ طریق ؛

نَہر (یا) نَہَر (ع۔ مث) دریا کی مصنوعی شاخ۔ آب جو ؛

نہرنا (اسم۔ مذکر) ناخن لینے کا آلہ۔ ناخن گیر ؛

نہرو رپورٹ (ا۔ مث) ہندوستان کے دستور کے متعلق وہ آئینی رپورٹ جو پنڈت موتی لال نہرو نے ۱۹۲۹ء میں مرتب کی تھی ؛

نَہری (ا۔ مث) وہ زمین جو نہر کے پانی سے سیراب ہوتی ہے ؛

نُہضت (ع۔ مث) کوچ۔ روانگی۔ رخصت ؛

نُہفتہ (ف ص) پوشیدہ۔ چھپا ہوا۔ نہاں ؛

نہلانا (ہ) غسل کرانا۔ اشنان کرنا ؛

نُہم (ف۔ ص) نواں ؛

نہلسٹ (Nihlist) (انگ۔ مذ) وہ فرقہ جو کسی بے قانون سلطنت کو نیست و نابود کرنا چاہے ؛

نہنگ (ف۔ مذ) مگرمچھ۔ گھڑیال ؛

نہنگِ اَجل (ف۔ مذ) موت کا فرشتہ۔

نہنگ (ہ۔ص) ننگا۔ بے غیرت۔ بے حیا
نہوڑا ہوا۔ جھکا ہوا۔ خمیدہ ؛
نہی (ع۔مث) ممانعت روک ؛
نہیب (ف۔مذ) خوف۔ ڈر۔ لوٹ مار ؛
نہیں (ہ۔مث) کلمہ نفی۔ نہ۔ نا ؛
نہیں تو (ہ) وگرنہ۔ ورنہ ؛
نہیں سہی (ہ) کچھ پروا نہیں ؛

(ن۔ی)

نے (ف۔مث) نلک۔ سرکنڈا۔ بانسری۔
نے (ہ) علامتِ فاعل ؛
نئے سرے سے (ہ) پھر سے۔ دوبارہ۔
نئی اوستھا (ہ۔مث) نوعمری۔
خورد سالی ؛
نئی جوانی (ہ۔مث) کم سنی۔ نوعمری
نابالغی ؛
نئی روشنی (ہ۔مث) نئی تہذیب۔
زمانۂ حال کے نئے علوم و فنون ؛
نئی نویلی (ہ۔مث) نئی بیاہی۔ نئی
دلہن۔ ناتجربہ کار ؛
نیا (ہ۔ص) تازہ۔ ابھی کا۔ جدید ؛
نیا رنگ لانا (ہ) تازہ فتنہ اٹھانا۔
نیا جھگڑا پیدا کرنا ؛
نیا گل کھلانا (ہ) نئی بات ہونا۔ کوئی
انوکھی بات یا خبر اڑانا ؛
نیا گل کھلنا (ہ) نئی بات ہونا۔ تازہ
فتنہ اٹھانا ؛
نیا نو دن پرانا سو دن (ہ) نئی چیز
کی بھڑک چند دن ہوتی ہے پرانی چیز
دیر تک رہتی ہے۔ نئے کی نسبت پرانے
کا اعتبار زیادہ ہوتا ہے ؛
نیابت (ع۔مث) نائب ہونا۔ قائم
مقامی ؛
نیارا (ہ۔ص) الگ۔ جدا ؛
نیاریا (ہ۔مذ) سناروں کی انگیٹھی کی خاک
دھو کر سونا نکالنے والا۔ (مجازاً)
چالاک۔ ہوشیار آدمی ؛
نیاز (ف۔مث) حاجت۔ عاجزی۔ انکسار۔
منت سماجت۔ فاتحہ۔ درود ؛
نیاز حاصل کرنا (ہ) بزرگوں یا امیروں
کی ملاقات حاصل کرنا۔ ملنا ؛
نیاز دلوانا (ہ) فاتحہ دلوانا ؛

نیاز دینا (ف) فاتحہ دینا ؛

نیاز کرنا (ف) نذر چڑھانا کسی بزرگ کے نام کا کھانا کھلانا ؛

نیاز مند (ف ص) مطیع ۔ عاجز ۔ غلام ۔ حاجت ۔

نیاز مندی (ف ۔ مث) احتیاج ۔ تنگ دستی ۔ اطاعت ۔ فرمانبرداری ۔ عاجزی ؛

نیام (ف ۔ مذ) تلوار کا میان ۔ غلاف ؛

نیبو (ہ ۔ مذ) لیمو (مجازاً) چھوٹی چھوٹی سخت چھاتیاں ؛

نیبو نچوڑ (ہ ۔ مذ) (کنایۃً) بن بلایا مہمان طفیلی ؛

نیّت (ع ۔ مث) ارادہ ۔ دلی منشا ۔ مطلب مراد (جمع نیّات) ؛

نیّت باندھنا (ف) نماز کی نیّت کرنا نماز شروع کرنا ۔ ارادہ کرنا ؛

نیّت بدل جانا (ف) ارادہ پھر جانا ۔ نیّت بد ہونا ؛

نیّت بد ہونا (ف) ارادہ بدل جانا ۔ نیّت میں فرق ہونا

نیّت بھر جانا ۔ خواہش مٹ جانا ۔ تمنّا پوری ہو جانا ۔ خواہش پوری ہو جانا ؛

نیّت کا پھل (ہ ۔ مذ) جیسی نیّت ویسی مراد ۔ اچھی یا بری نیّت کا نتیجہ ؛

نیتی (ہ ۔ مث) قاعدہ ۔ دستور ۔ انتظام ۔

نے ٹو (Native) (انگ ۔ ص) دیسی ۔ ذاتی ۔ کسی ملک کا دیسی باشندہ ۔ ہندوستانی کے معنی میں اب متروک ہے ؛

نیچ (ہ ۔ ص) ادنیٰ ۔ کمینہ ۔ چھوٹا ۔ پستی ؛

نیچ ذات (ا ۔ مث) چھوٹی ذات ۔ کمینہ ؛

نیچا (ہ ۔ ص) پست ۔ گہرا ۔ ادنیٰ ۔ چھوٹا ؛

نیچا دکھانا (ہ) شرمندہ کرنا ۔ زک دینا ۔ ذلیل کرنا ؛

نیچا دیکھنا (ہ) زک اٹھانا ۔ شرمندہ ہونا ۔ ذلیل ہونا ؛

نیچر (Nature) (انگ ۔ مث) قدرت ۔ طبیعت ۔ فطرت ۔ مادہ ۔ نوعیت ؛

نیچرل (Natural)
(انگ ۔ ص) قدرتی ۔ طبعی ؛
نیچرل شاعری (ا ۔ مث) قدرتی شاعری
جو مبالغہ وغیرہ سے پاک ہو ؛
نیچری (ا) نیچر کو ماننے والا ۔ سرسید
مرحوم کا پیرو ؛
نیچہ (ف ۔ مذ) حقہ کی نَے ؛
نیچہ بند (ف ۔ مذ) نیچے باندھنے والا ؛
نیچے (ہ) تلے ۔ تحت ۔ ماتحت ؛
نیچے اوپر ہو جانا (ہ) اوپر تلے ہونا ۔
انقلاب ہو جانا ؛
نیچی (ہ ۔ مث) گھٹیا ۔ اَدنےٰ ۔
تلے کی ؛
نیچی نظر کرنا (ل) شرم سے اوپر نہ
دیکھنا ۔ حیادار ہونا ؛
نیچی نظروں سے دیکھنا (ل) آنکھیں
نیچی کر کے دیکھنا ؛
نیچی نظریں (ا ۔ مث) شرمیلی آنکھیں ۔
نَیّر (ع ۔ نَیَّر ۔ مذ) نہایت روشن ستارہ
آفتاب ؛
نَیّرِ اَصغر (ف ۔ مذ) چاند ؛
نَیّرِ اعظم (ع ۔ مذ) سورج ۔ آفتاب ؛
نَیرَنگ (ف ۔ مذ) جادو ۔ فسوں ۔ فریب
چالاکی ؛
نَیرَنگِ زمانہ (ف ۔ مذ) انقلاب زمانہ ؛
نَیرَنگ ساز (ف ۔ مذ) جادو ۔ بازیگر ۔
مکّار ؛
نَیرَنگی {(ف = نیرنگی ۔ مث)}
جادو گری ۔ مکّاری ۔ فریب ۔
چالاکی ۔ تماشا ؛
نَیرَنگیِ زمانہ (ف ۔ مث) زمانے کی
گردش ؛
نَیرَنگیِ فلک (ف ۔ مث) مجازاً ۔
گردشِ زمانہ ۔ انقلاب روزگار ۔
نیز (ف ۔ حرفِ عطف) بھی اور ۔ دیگر ۔
نیزہ {(ف = نیزہ بانے (= بانس کا
اسمِ تصغیر) مذ} بھالا ۔ برچھا ۔
سناں ۔ بلم ؛
نیزہ باز (ف ۔ مذ) نیزہ چلانے والا ۔
نیزہ مارنے والا
نیزہ بردار (ف ۔ مذ) نیزہ اٹھانے والا
نیساں (ف ۔ مذ) رومیوں کے ساتویں

مہینے کا نام ہے۔ بارش کا مہینہ۔ کہتے ہیں کہ اس مہینے کی بارش کے قطروں سے سیپ میں موتی پیدا ہوتے ہیں ؛

نیست (ف۔ص) نہیں ہے۔ معدوم ؛

نیست و نابود کرنا (ف) برباد کرنا۔ مٹانا ؛

نیست و نابود ہونا (ف) مٹنا۔ خاک میں ملنا۔ تباہ ہونا ؛

نیستان (ف۔ مذ) نے کا جنگل۔ سرکنڈوں کا جنگل ؛

نیستی (ف۔ مث) فنا۔ نہ ہونا۔ تنگی۔ ناداری۔ نحوست ؛

نیش (ف۔ مذ) نوک کی دھار یا تیزی۔ نوک۔ انی۔ ڈنک۔ بچھو یا بھڑ وغیرہ کا خار ؛

نیش زنی (ف۔ مث) ڈنک مارنا۔ ستانا۔ بھانجی مارنا ؛

نیشتر (ف۔ مذ۔ نشتر اس کا مخفف ہے) نشتر۔ نوکدار اوزار ؛

نیشکر (ف۔ مذ) گنا ؛

نیشن (Nation) (انگ۔ مث) قوم ؛

نیشنل national (انگ۔ ص) قومی ؛

نیشنلسٹ Nationalist (انگ۔ مذ) قوم پرست ؛

نیفہ {ف (= نیفہ) مذ} پجامہ کے گھیر کا وہ حصہ جس میں آزار بند ہوتا ہے۔

نیک (ف۔ص) اچھا۔ خوب۔ عمدہ۔ پارسا۔ پرہیزگار۔ عابد ؛

نیک اختر (ف۔ص) نیک بخت ؛

نیک انجام (ف۔ص) جس کا انجام اور خاتمہ نیک ہو ؛

نیک اندیش (ف۔ص) نیک سوچنے والا۔ نیک نیت ؛

نیک بخت (ف۔ص) خوش بخت ؛

نیک بختی (ف۔ مث) سعادتمندی۔ پارسائی ؛

نیک چلن (ف۔ص) بھلا مانس، وہ شخص جس کا چال چلن اچھا ہو ؛

نیک خصلت (ف۔ص) نیک عادت۔

اشراف ؛

نیک خواہ (ف۔ص) خیر خواہ۔ نمک حلال ؛

نیک ذات (ف۔ص) اچھی ذات کا۔ نیک طبیعت کا ؛

نیک فال (ف۔ص) مبارک شگون۔

نیک محضر (ف۔ص) نیک خصلت ؛ نیک نہاد۔ بھلا مانس۔ وہ شخص جو دوسروں کو حاضر و غائب نیکی سے یاد کرے ؛

نیک مزاج (ف۔ص) اچھی طبیعت کا ؛

نیک منظر (ف۔ص) خوبصورت حسین۔

نیک نام (ف۔ص) وہ شخص جس کا نام نیکی کے ساتھ مشہور ہو۔ نامی ؛

نیک نہاد (ف۔ص) نیک دل

نیک نیّت (ف۔ص) اچھی نیت والا۔ نیک دل ؛

نیک و بد (ف۔ص) بُرا بھلا۔ نفع نقصان ؛

نیکر (جرمن۔مذ) جنوبی جرمنی کا دریا جو دریائے رَہن کا معاون ہے۔ اس پر ہائیڈل برگ کا مشہور شہر واقع ہے ؛

نیکوکار (ف۔ص) نیک کام کرنے والا۔

نیکوئی (ف۔ص) نیکی۔ بھلائی ؛

نیکی (ف۔مث) بھلائی۔ عمدگی۔ احسان۔ پارسائی۔ نیک انجام ؛

نیکی اور پوچھ پوچھ (ا) نیک کام اور پھر پوچھ کر کرنا۔ نیک کام میں پوچھنے کی کیا ضرورت ہے ؛

نیکی بدی (ف۔مث) بھلائی بُرائی۔ نفع نقصان ؛

نیکی کر دریا میں ڈال (ف) نیکی کر کے بھول جا۔ دنیا میں نیکی کا بدلہ نہیں ملتا ؛

نَیل (ع۔مذ) حصول۔ دسترس ؛

نَیلِ مرام (ع۔مذ) حصولِ مقصد۔ مُراد پانا ؛

نِیل (ف۔مذ) ایک قسم کی پتّی جس سے رنگ حاصل کیا جاتا ہے بنیلا رنگ۔ مصر کا مشہور دریا جس کی ایک شاخ کا منبع حبشہ کے پہاڑوں

میں اور دوسری کا خطِ استوا
کے پاس ہے ؞
نیل پڑنا (ل) مار یا چوٹ کا نشان پڑنا۔
نیل، جلانا (ل) بارش کے روکنے کا
ٹوٹکا کرنا ؞
نیل کا ٹیکا (و) (۱) نظر بد سے بچنے کے
لئے بچے کے ماتھے یا رخسارے پر نیل
یا سیاہی کا نشان (۲) (کنایۃً) بے
اصل الزام (۳) بدنامی کا داغ۔
نیل کنٹھ (ل۔ مذ) ایک خوشنما پرندے
کا نام ہے ؞
نیل گائے (ل۔ مث) ایک قسم کی
جنگلی گائے ہے ؞
نیلگر (ف۔ مذ) نیل کا کام کرنے والا۔
نیلگوں (ف۔ص) نیلے رنگ کا آسمانی۔
نیلا (ہ۔ص) نیلے رنگ کا آسمانی ؞
نیلا پیلا ہونا (ل) غصے ہونا آنکھیں
نکالنا ؞
نیلا تھوتھا (ل۔ مذ) ایک دوا کا نام
ہے جو تانبے اور گندھک وغیرہ
کا مرکب ہوتی ہے طوطیائے سبز ؞

نیلام {پرتگالی (= لیلاؤ) مذ} بولی
بول کر بیچنا ؞
نیلام پر چڑھنا (ل) نیلام کیا جانا ؞
نیلام گھر (ل۔ مذ) نیلام ہونے کا مقام۔
نیلاہٹ (ل۔ مث) نیلاپن ؞
نیلم (ف۔ مذ) ایک قسم کا نیلا جواہر ؞
نیلوفر (ف۔ مذ) ایک نیلے رنگ کا پھول
ہے جو دواؤں میں استعمال ہوتا ہے۔
نیلی (ل۔ مث) نیلے رنگ کی ؞
نیلی پیلی آنکھوں سے دیکھنا۔
غصے ہو کر دیکھنا۔ غضبناک ہو کر
دیکھنا ؞
نیم (ہ۔ مذ) ایک نہایت کڑوے درخت
کا نام ہے ؞
نیم برشت (ف۔ص) آدھا بھونا ہوا۔
نیم بسمل (ف۔ص) ادھ مرا۔ زخمی
گھائل ؞
نیم جان (ف۔ص) نیم مردہ ؞
نیم حکیم (ف۔ مذ) ادھورا حکیم۔ ناتجربہ کار۔
نیم خواب (ف۔ص) غنزہ۔ کچی نیند ؞
نیم راضی (ف۔ص) آدھا رضامند ؞

نیمروز (ف ۔ مذ) دوپہر کا وقت ۔ ولایت سیستان
نیم سوختہ (ف ۔ ص) آدھا جلا ہوا ؛
نیم کش (ف ۔ ص) وہ تیغ یا تیر جو زخم کے آدھا اندر اور آدھا باہر ہو ؛
نیم ملّا (ف ۔ ص) کچّا مُلّا ؛
نیم نرم (ف ۔ مذ) ایمانداری ؛
نیمچہ (ف ۔ مذ) چھوٹی تلوار ۔ چھُرا ۔ خنجر ؛
نیمہ (ف ۔ مذ) آدھا ۔ ادھورا ۔ ایک قسم کا اونچا پاجامہ ؛
نیم آستین (ف ۔ مث) آدھی آستینوں والا کُرتا یا صدری ؛
نین (ہ ۔ مذ) آنکھ ۔ چشم ؛
نین سُکھ (ہ ۔ مذ) ایک قسم کا باریک کپڑا ہے ؛
نیند (ہ ۔ مث) خواب ۔ نیند ۔ اُونگھ ؛
نیند اُچاٹ ہونا (ہ) نیند کا جانا ۔ آنکھ کھُل جانا ۔ کسی خیال یا فکر میں آنکھ نہ لگنا ؛
نیند اُڑنا (ہ) نیند کا جاتا رہنا ۔ آنکھ کھُلنا ؛
نیند حرام کرنا (ہ) نیند نہ آنا سوتے میں دق کرنا ۔ نیند میں تنگ کرنا ؛
نینو (ہ) ایک قسم کا سوتی بیل بوٹے والا کپڑا جس پر آنکھ کی مانند ستارے سے بنے ہوتے ہیں ؛
نیو (ہ ۔ مث) بنیاد ۔ جڑ ۔ اصل ؛
نیو فیشن (New Fashion) (انگ ۔ مذ) نیو ۔ NEW = نیا ۔ فیشن = FASHION = طرز ۔ وضع) ؛
نیوز NEWS (انگ ۔ مث) خبر ۔ خبریں ۔
نیوز ایجنسی NEWS AGENCY (انگ ۔ مث) خبریں پہنچانے والی ایجنسی ؛
نیوز پیپر NEWSPAPER (انگ ۔ مذ) اخبار ؛
نیولا (ہ (نیو ۔ بنیاد + لا ۔ حرف نسبت) مذ) نیو کھودنے والا جانور ۔ یہ مشہور جانور ۔ یہ سانپ کو مار ڈالتا ہے ؛
نیولی (ہ ۔ مث) ہمیانی ؛
نیہر (ہ ۔ مذ) میکا ۔ بیوی کے باپ کا گھر

و - حرفِ عطف۔ اس کا استعمال صرف عربی اور فارسی الفاظ کے درمیان جائز ہے۔ الفاظ ہندی کے ساتھ جائز نہیں ؛

(و - ا)

وارف (ص) کھلا ہوا پھیلا ہوا ؛

وادہ (پوربی حرف) وہ۔ اُس ؛

واکرنا (ل) کھولنا ؛

واماندہ (ف۔ص) (تھک کر) پیچھے رہا ہوا ؛

وابستگان (ف۔مذ) رشتہ دار۔ متعلقین

وابستہ (ف۔ص) بندھا ہوا۔ متعلق ؛

واپس (ف۔مذ) پیچھے۔ اُلٹا۔ مُسترد ؛

واپس کرنا (ل) لوٹا دینا۔ پھیرنا ؛

واپس ہونا (ل) لوٹنا۔ پلٹنا ؛

واپسی (ف۔مث) واپس کی ہوئی چیز۔ واپس ہونا۔

واپسیں (ف) آخری۔ پچھلا ؛

واٹر WATER (انگ۔مذ) پانی ؛

واٹر پمپ WATER-PUMP (انگ۔مذ) پانی نکالنے کا پمپ ؛

واٹر ورکس (انگ۔مذ) بڑے شہروں میں نلوں کے ذریعہ مکانات میں پانی پہنچانے کا سلسلہ ؛

واٹر پروف WATER PROOF (انگ۔مذ) برساتی کوٹ۔ وہ مسالہ یا چیز جس پر پانی اثر نہ کر سکے ؛

واٹر لیول WATER-LEVEL (انگ۔مذ) دیکھو "آبی اُفق نما" ؛

واثق (ع۔ص) مضبوط۔ پکا ؛

واجب (ع۔ص) مناسب۔ فرض کیا گیا۔ تنخواہ۔ پیشہ ؛

واجبُ الاَدَا (ع) جس رقم کا ادا کرنا واجب ہو ؛

واجبُ الاِذعان (ع، ذعن = مطیع ہونا، تابع فعل) جس کی اطاعت لازم ہو ؛

واجبُ الاِظہار (ع) ظاہر کرنے کے لائق ؛

واجبُ الاِنقیاد۔ واجب الاذعان۔ جس کی اطاعت لازم ہو ؛

واجبُ التسلیم (ع) ماننے کے لائق ؛

واجبُ التعزیر (ع) سزا کے لائق ؛

واجبُ التعظیم (ع) ادب کے لائق ؛

واجبُ القتل (ع) مار ڈالنے کے لائق ؛

واجبُ الوجود (ع۔ مذ) خدا تعالیٰ کی ذات ؛

واجبُ الوصول (ع) وصول کے قابل (روپیہ وغیرہ) ؛

واجب جاننا (ف) مناسب سمجھنا۔ ضروری خیال کرنا ؛

واجبی (ع۔ ص) معقول۔ ضروری۔ ٹھیک۔

واجبی بات (ف) درست بات۔ مناسب بات ؛

واچ WATCH (انگ۔ مث) گھڑی ؛

واچ میکر WATCH-MAKER (انگ۔ مذ) گھڑی ساز ؛

واحد (ع۔ ص) ایک۔ اکیلا۔ مفرد ؛

واحسرتا (ع) ہائے افسوس۔ حیف ؛

وادی (ع۔ مث) گھاٹی۔ نیچی جگہ (مجازاً) صحرا۔ جنگل وغیرہ ؛

وادیٔ اَیمن (ع۔ مث) کوہ طور کے دائیں طرف جو جنگل واقع ہے۔ جہاں سے حضرت موسیٰؑ آگ کی تلاش میں آگے بڑھے تھے ؛

وار (ہ۔ مذ) حملہ۔ داؤں ؛

وار بچانا (ف) حملہ روکنا۔ خالی دینا ؛

وار پار (ف) ایک طرف سے دوسری طرف ؛

وار چلنا (ف) حملہ کامیاب ہونا۔ داؤ ٹھیک پڑنا ؛

وار خالی جانا (ل) حملہ کامیاب نہ ہونا۔ ضرب نہ پڑنا ؛

وار د (ہ۔ مذ) (ف) = روز (ف) مانند ؛

وارث (ع۔ مذ) (۱) میراث کا حقدار (۲) خاوند۔ آقا۔ مالک ؛

وارد (ع) ورود کرنیوالا۔ آنیوالا مسافر ؛

وارد ہونا (ل) نازل ہونا۔ اترنا ؛

وارداتّ (ع۔ مث، ج) واقعہ۔ ہنگامہ۔ وارد۔ واحد (دیکھو اُردو میں واحد کے معنوں میں آتا ہے) ؛

وارڈ (Ward) (انگ۔ مذ) (۱) وہ نابالغ جس کی جائداد یا ذات دونوں کے لئے عدالت سے کوئی منتظم مقرر ہو (۲) حلقہ انتخاب ؛

وارستہ (ف۔ ص) آزاد۔ خود مختار ؛

وارفتہ (ف۔ ص) بیخود۔ تھکا ہوا ؛

وارفتگی (ف۔ مث) بیخودی۔ تھکن ؛

وارنا (ہ) نچھاور کرنا۔ تصدق کرنا ؛

وارنٹ (Warrant) (انگ۔ مذ) گرفتار کرنے کا حکم۔ فرمان ؛

وارنش (Varnish) انگ۔ مذ) روغن۔ چمک ؛

واری (ہ۔ مث) قربان۔ صدقے۔

واری جاؤں (ہ) صدقے ہوجاؤں۔ قربان ہوں ؛

وارے نیارے ہونا (ہ) چاندی ہونا۔ خوب نفع ہونا ؛

واڑا (ہ۔ مذ) محلہ۔ کوچہ ؛

واژوں (ف۔ ص) اوندھا۔ اُلٹا ؛

واژوں بخت (ف۔ ص) بدنصیب۔ بدبخت ؛

واسطہ (ع) = درمیانی شخص (مذ) تعلق۔ سبب۔ سروکار۔ دوستی محبت۔ ذریعہ۔ وسیلہ (جمع وسائط)

واسطہ پڑنا (ل) کام پڑنا۔ غرض ہونا ؛

واسطہ ڈالنا (ل) پالا ڈالنا۔ کام ڈالنا ؛

واسطہ رکھنا (ل) تعلق رکھنا ؛

واسطہ ہونا (ل) تعلق ہونا۔ غرض ہونا۔

واسطے (ا) لئے۔ برائے۔

واسطے دینا۔ کسی کا نام بطور سفارش لیکر التجا کرنا کسیکی شفاعت یا سفارش کیواسطے دُعا کرنا۔

واسوخت (ف۔ مذ) وہ اشعار جو مسدس میں لکھے جائیں اور ان میں معشوق کی شکایت اور عشق سے بیزاری بیان کی جائے ؞

واسوختگی (ف۔ مث) جلن ؞

واصل (ع۔ مذ) ملنے والا۔ پہنچنے والا ؞

واصل باقی (ع۔ مث) وصول شدہ اور باقی رقم ؞

واصل باقی نویس (ف۔ مذ) تحصیل کا وہ اہلکار جو وصول و باقی کا حساب رکھے ؞

واضح (ع۔ ص) روشن۔ صاف۔ ظاہر ؞

واضح رہے (ل) اچھی طرح سمجھ لو ؞

واضع (ع۔ مذ) بنانیوالا (جمع واضعین) ؞

واضع قانون (ع۔ مذ) قانون بنانے والا ؞

واعظ (ع۔ مذ) نصیحت کرنے والا۔ وعظ کہنے والا۔ ناصح (جمع وُعاظ) ؞

وافر (ع۔ ص) بہت۔ بافراط ؞

وافی (ع۔ ص) پورا۔ خاطرخواہ ؞

واقع (ع۔ مذ) وقوع ہونے والا ؞

واقعات (ع۔ مذ۔ ج) واحد واقعہ

واقعہ (ع۔ مذ) سانحہ۔ حادثہ۔ معاملہ۔ سرگزشت حقیقت (جمع واقعات)

واقعہ نویس (ف۔ مذ) اخبار نویس ؞

واقعی (ع۔ ص) دراصل۔ سچ مچ ؞

واقف (ع۔ مذ) جاننے والا۔ جان پہچان ؞

واقف کار (ف۔ مذ) کام جاننے والا۔ تجربہ کار ؞

واقفیت (ع۔ مث) شناسائی۔ آگاہی۔ علم ؞

والا (ف۔ ص) بلند۔ اونچا۔ بزرگ ؞

والا نامہ (ف۔ مذ) بڑے آدمی کا خط۔ گرامی نامہ ؞

وَاِلّا (ع) ورنہ۔ نہیں تو ؞

والد (ع۔ مذ) باپ۔ پدر۔ پتا ؞

والدہ (ع۔ مث) ماں۔ اماں ؞

والدین (ع۔ مذ) ماں۔ باپ ؞

والنٹیر (volunteer) (انگ۔ مذ) وہ شخص جو بلا تنخواہ وقتاً

فوقتاً ملک کی خدمت کرے۔ رضاکار ۔

واللہ (ع) اللہ کی قسم۔ بخدا۔ خدا کی قسم ۔

والہ (ع۔ص) عاشق۔ شیدا۔ لام کا زبر غلط ہے۔

والی (ع۔مذ) مالک۔ دوست (جمع وُلاۃ) سرپرست۔ نگہبان

وام (ف۔مذ) قرض ادھار۔ عموماً قرض کے ساتھ آتا ہے، جیسے "قرض دام لے کر کام چلالو" (آصفیہ) ۔

واماندگان (ف۔مذ۔ج) (واحد واماندہ) تھکے ہارے ہوئے۔ پیچھے رہے ہوئے ۔

واماندگی (ف۔مث) تھکاوٹ۔ عاجزی۔

واماندہ (ف) باقی رہا ہوا۔ عاجز۔ تھکا ہوا ۔

وامق (ع۔مذ) چاہنے والا۔ طالب۔ عرب کی مشہور خاتون عذرا کے عاشق کا نام ہے ۔

واں (ع۔مذ) علامت فاعل، جیسے بھاگواں۔ اس صورت میں نون صاف بولا جاتا ہے (۲) اعداد کے نسبت ظاہر کرنے کے لئے جیسے دسواں۔ اس صورت میں نون غنہ ہوتا ہے (۳) وہاں کا مخفف اب فصحا وہاں کو ترجیح دیتے ہیں ۔

وائٹ پیپر WHITE PAPER (انگ۔مذ) کسی معاملے کے متعلق سرکاری اعلان مثلاً حکومت برطانیہ کا وہ اعلان جو ۱۹۳۳ء میں ہندوستان میں اصلاحات جدیدہ کے سلسلے شائع ہوا۔ قرطاس ابیض۔ سرکاری اعلان ۔

وائٹ WHITEHALL (انگ۔مذ) لندن کا ایک عظیم الشان بازار جو چیرنگ کراس اور پارلیمنٹ سٹریٹ کو ملاتا ہے۔ اس کی شرقی جانب دفتر جنگ، عجائب خانہ وغیرہ ہیں اور مغربی جانب پرانا دفتر امارت بحریہ، سرکاری عمارات اور ڈاؤننگ سٹریٹ ہے۔ سڑک کے عین بیچ میں یادگار جنگ ۱۹۱۴ء واقع ہے۔

واقع ہے۔ اس بازار کا یہ نام اُس قصرا بیض (سفید محل) کی وجہ سے پڑا جو ہنری ہشتم شاہِ انگلستان نے تعمیر کیا تھا۔ اور جو ۱۶۹۸ء کی آگ کے خوفناک تاریخی حادثے کی نذر ہو گیا۔ یہ وہ زمانہ تھا جب ہندوستان میں اورنگ زیب کا عہدِ حکومت ختم ہونے کو ابھی سات سال باقی تھے۔ (مجازاً) صدر دفترِ حکومتِ برطانیہ یا محض حکومت برطانیہ ؛

وائٹ ہاؤس WHITE HOUSE انگ۔ مذ) واشنگٹن (امریکہ) میں صدر جمہوریت امریکہ کی سرکاری قیامگاہ۔ اس کا رنگ سفید ہے۔ اس کا سنگِ بنیاد جارج واشنگٹن نے رکھا تھا اور اس کی موجودہ حیثیت ۱۸۰۰ء سے حاصل ہوئی جب جان ایڈمز نے اس میں سکونت اختیار کی ؛

واویلا (ع۔ مذ) حیف۔ افسوس۔ ماتم فریاد۔ گریہ و زاری (کرنا۔ مچانا) ؛

واویلا کرنا (ل) رونا پیٹنا ؛

واہ (ف) کلمہ تحسین ہے۔ سبحان اللہ۔ کبھی طنز کے طور پر بھی آتا ہے ؛

وارے (ل) کلمہ تحسین و آفرین۔ شاباش۔ مرحبا۔ کی جگہ (مذکر و مؤنث دونوں کے لئے یائے مجہول سے آتا ہے) طنزاً اور تاسف کے وقت بولتے ہیں ؛

واہب (ع۔ مذ) بخشنے والا۔ عطا کرنے والا۔ ہبہ کرنے والا ؛

واہمہ (ع۔ مذ) وہم کی قوت۔ وہمی قوت۔ وہ قوت جس سے باریک باتیں معلوم ہوں۔ جو محسوسات کے متعلق ہیں۔ جیسے سچائی وغیرہ ؛

واہ واہ (ل) سبحان اللہ۔ شاباش ؛

واہ واہ کرنا (ل) داد دینا۔ تعریف کرنا ؛

واہ واہ ہونا (ل) تعریف ہونا۔ شہرت ہونا ؛

واہی (ع۔ ص) بیہودہ۔ بات۔ لغو آدمی۔

واہی تباہی (ا۔ص) بیہودہ۔ بے معنی بات۔ اوباش اور نکما آدمی ؛

واہیات (ع۔مث۔ج) (واحد واہیہ) لغو باتیں، خرافات (اردو میں واحد) ؛

وائے (ع) کلمۂ افسوس و تاسف ؛

وائے قسمت (ف) ہائے تقدیر ؛

وایو (ہ۔س۔مث) ہوا ؛

وائس Vice (انگ سابقہ) قائمقام کے لئے استعمال ہوتا ہے ؛

وائس پریزیڈنٹ Vice President (انگ۔مذ) نائب الصدر۔ نائب میر مجلس ؛

وائس چیئرمین Vice Chairman (انگ۔مذ) قائمقام صدر۔ نائب صدر ؛

وائسرائے Viceroy (انگ۔مذ) نائب السلطان گورنر جنرل

وائن Vine (انگ۔مث) شراب۔ مے۔ بادہ ؛

(و۔ب۔ت۔ث)

وَبا (ع۔مث) بیماری جو ہوا کی خرابی کی وجہ سے ہو۔ متعدی مرض ؛

وَبال (ع۔مذ) سختی۔ بار۔ عذاب۔ کئے کی سزا۔ عذاب جان ؛

وَبال پڑنا (ف) قہر نازل ہونا۔ ظلم کا بدلہ ملنا۔ صبر پڑنا ؛

وَبالِ جان (یا)، وبالِ دوش (ع۔ف) عذاب جان۔ دوبھر۔ اجیرن ؛

وَبال سمیٹنا (ل) عذاب اپنے سر لینا ؛

وَتَر (ع۔مذ) کمان کا چلّہ۔ دائرے کے محیط دو نقاط کو جو خط ملائے اور قطر سے چھوٹا ہو (جمع اوتار) ؛

وِتر (ع۔مذ) طاق۔ عشاء کی نماز کی تین واجب رکعت (جمع اوتار) ؛

وَتیرہ (ع۔مذ) طریقہ۔ دستور۔ عادت ؛

وثوق (ع۔مذ) مضبوطی۔ اعتبار۔ اعتماد ؛

وَثیقہ (ع۔مذ) اقرار نامہ۔ تمسک (جمع وثائق) ؛

وثیقہ دار (ف۔مذ) مالک وثیقہ۔

پروٹوٹ کا مالک ٭

(و - ج - ح)

وَجاہت (ع - مث) خوبصورتی۔ عزت۔ رعب داب ٭

وَجْد (ع - مذ) حال۔ بیخودی۔ جوش ٭

وَجد میں آنا (و) حال آنا۔ مست ہو جانا ٭

وِجْدان (ع - مذ) جاننا۔ جاننے کی قوت ٭

وَجع (ع - مذ) درد۔ ٹیس ٭

وَجع المفاصل (ع - مذ) جوڑوں کا درد ٭

وُجُوب (ع - مذ) لازم ہونا۔ ضروری ہونا ٭

وُجُود (ع - مذ) موجود ہونا۔ زندگی۔ حیات پیدائش۔ ظہور ٭

وُجوہ (ع - مذ - ج) (واحد وجہ) اسباب۔ دلائل ٭

وُجوہات (ع - مث - ج) وجہ کی جمع الجمع ٭

وَجہ (ع - مث) سبب۔ باعث۔ وسیلہ۔ طرز۔ ڈھنگ۔ دلیل۔ اُجرت۔ روزینہ۔ تنخواہ (جمع وجوہ اور جمع الجمع وجوہات) ٭

وَجہ تسمیہ (مذ - مث) نام رکھنے کا سبب۔

وجہ مَعاش (ع - مث) گزر اوقات کا ذریعہ ٭

وَجیہہ (ع - ص) خوش رُو۔ بارُعب۔ خوش وضع ٭

وَحدانیت (ع - مث) ایک ہونا۔ یکتائی۔ خدا کی یکتائی ٭

وَحدَت (ع - مث) توحید۔ یگانگی۔ اتحاد ٭

وَحدت الوُجُود (ع - مث) ہر چیز کو خدا تعالےٰ کے وجود ہی کا حصہ سمجھنا ٭

وَحشَت (ع - مث) مانوس نہ ہونا۔ نفرت (ل) سودا۔ دیوانگی۔ حیوانیت۔ ڈر۔ خوف ٭

وَحشت اُچھلنا (ل) سودا ہونا۔ خفقان ہونا ٭

وَحشت انگیز (ف - ص) ڈراونا۔ بھیانک ٭

وَحشَت زَدَہ (ف) گھبرایا ہوا۔ پاگل مجنوں ٭
وَحشَت کی لینا (ا) وحشت ظاہر کرنا۔ وحشت کی باتیں کرنا ٭
وَحشَت ناک (ف۔ص) خوفناک ڈراؤنا۔ خطرناک ٭
وَحشی (ع۔ص) جنگلی۔ غیرمانوس۔ جانور۔ ظالم۔ (وحوش جمع)
وَحشیانَہ (ف۔ص) وحشیوں کا سا۔ وحشیوں کی طرح ظالمانہ ٭
وُحُوش (ع۔مذ۔ ج) (واحد وحشی) جنگلی جانور ٭
وَحی (ع۔مث) پیغام الٰہی۔ خدا کی طرف سے پیغمبروں کے دل پر کوئی حکم اُترنا (کنایۃً) وہ کلام جس سے انکار کرنے کی گنجائش نہ ہو۔ آکاش بانی (اترنا۔ ہونا) ٭
وَحید (ع۔ص) ایک ہی۔ بے نظیر۔ یگانہ ٭
وَحیدُ العَصر (ع۔ص) اپنے زمانے میں لاثانی ٭

(و۔ د۔ ر)

وِدا (ہ۔مث) دوستی۔ اُلفت ٭
وِداع (ع۔مث) رخصت۔ روانگی۔ دُلہن کا اپنے گھر سے رخصت ہونا۔
وُدود (ع۔مذ) دوست۔ خدا تعالٰے کا نام ہے ٭
وِدھوا (ہ۔مث) بیوہ عورت ٭
وِدیا (س۔مذ) علم۔ ہُنر۔ واقفیت ٭
وِدیارتھی (ہ۔مذ) طالب علم۔ متعلم۔ اسٹوڈینٹ ٭
وَدِیعَت (ع۔مث) امانت ٭
وَر (ف۔لاحقہ) والا۔ صاحب۔ جیسے دانشور ٭
وَر (ہ۔مذ) خاوند۔ بر
وَرائے (ع) پیچھے کی طرف۔ علاوہ سوا۔
وِراثَت (ع۔مث) میراث۔ ورثہ۔ ترکہ۔
وِراثَتاً (ع) وراثت کی وجہ سے ٭
وُرَثا (ع۔مذ۔ج) (واحد وارث) میراث پانے والے۔ ورثہ پانے والے ٭
وِرثہ (ع۔مذ) مُردے کا مال جو اُس کے

حقدار کو ملے۔ میراث ؞

وَرد (ع۔ مذ) گلاب کا پھول ؞

وِرد (ع۔ مذ) جو کام ہر روز کیا جائے۔ وظیفہ (اوراد جمع)

وِردِ زبان ہونا (ف) ہر وقت زبان پر رہنا۔ ازبر ہونا ؞

وردی (ا۔ مث) (۱) فوج یا پولیس کی سرکاری پوشاک سب کا ایک سا لباس (۲) لشکر میں رات کے دس بجے اور صبح کے چار بجے بجنے والا باجا۔

وردی بجانا (ف) نوبت بجانا۔ فوجی مقام میں باجا بجانا ؞

وردی بولنا (ف) رپورٹ کرنا۔ اطلاع دینا۔ مخبروں یا جاسوسوں کا کوئی خاص بات بتانا ؞

وَرزِش (ف۔ مث) ریاضت کسرت۔

وَرزِشی (ف ص) ورزش کیا ہوا۔ کسرتی ؞

وَرطہ (ع۔ مذ) ہلاکت کا مقام (مجازاً) گرداب۔ بھنور ؞

وَرَع (ع۔ مذ) پرہیزگاری۔ زہد و تقویٰ۔

وَرغلانا [(ف۔ ورغلانیدن: بہکانا)] بہکانا۔ پھسلانا۔ بھڑکانا۔ اغوا کرنا۔ (لکھنؤ میں وَرغلانا) ؞

وَرَق (ع۔ مذ) درخت کا پتہ۔ کاغذ کا ٹکڑا۔ سونے چاندی کا باریک کاغذ کی طرح کا بنا ہوا ٹکڑا (جمع اوراق)

وَرَق گردانی (ف) ورقوں کو الٹ کر دیکھنا اور کچھ نہ پڑھنا۔ بے فائدہ کام کرنا ؞

وَرَقہ (ع۔ مذ) کاغذ کا ٹکڑا۔ ورق ؞

ورک WORK (انگ۔ مذ) کام۔ کام کرنا ؞

ورکنگ کمیٹی WORKING Committee (انگ۔ مث) مجلس عاملہ کسی انجمن کے کچھ ممبروں پر مشتمل ایک علیحدہ کمیٹی جو جنرل کمیٹی کی غیر حاضری میں با اختیار ہو ؞

وَرَم (ع۔ مذ) سوجن۔ آماس ؞

وَرنہ (ف۔ حرف شرط) وگرنہ نہیں تو ؞

وُرُود (ع۔ مذ) وارد ہونا۔ اترنا۔ تشریف آوری۔

وَرے (ہ) اس طرف۔ اِدھر ٭
وَرِید (ع۔مث) گلے کی موٹی رگ۔ شہ رگ۔ کوئی رگ جو دل کی طرف سے خراب خون لے جاتی ہو؛ (جمع اَوردہ) ٭

و۔ ز۔ س

وزارت (ع۔مث) وزیر کا عہدہ۔ وزیری۔ وزیر کا دفتر ٭
وُزرا (ع۔مذ۔ج) (واحد وزیر) ٭
وَزن (ع۔مذ) بوجھ۔ اندازہ۔ مقدار۔ پیمانہ۔ شعر کی بحر۔ وقعت۔ عزت۔ (جمع اوزان)
وَزنی (ف۔ص) بھاری۔ بوجھل۔ وقعت دار۔ معقول ٭
وَزِیر (ع۔مذ) مدار المہام۔ دیوان جس سے بادشاہ مشورہ کرے۔ شطرنج میں ایک مہرے کا نام (جمع وُزرا)
وَساطت (ع۔مث) ذریعہ۔ واسطہ ٭
وَساوِس (ع۔مذ۔ج) (واحد وسواس یا وسوسہ) ٭
وَسائِل (ع۔مذ۔ج) (واحد وسیلہ) ٭
وَسَط (ع۔مذ) کسی چیز کا ٹھیک بیچوں بیچ۔ بیچ۔ درمیان۔ کمر۔ تذبذب۔ میان۔ مرکز۔ وسط ماہ سے مراد یہ ہوتی ہے کہ ۱۳ سے ۱۲، ۱۷ تک (جمع اوساط) ٭
وُسطیٰ (ع۔ص) درمیانی۔ بڑا نہ چھوٹا ٭
وُسع (ع۔مث) فراخی۔ چوڑائی۔ میدان۔ پیمائش۔ رتبہ۔ ضرورت۔ مقدور ٭
وُسعت (ع۔مذ) پھیلاؤ۔ مقدور۔ طاقت۔
وِسکی Whisky (انگ۔مث) ایک قسم کی شراب ٭
وَسمہ (ع۔مذ) نیل کے پتے جن سے خضاب کیا جاتا ہے (رنگانا۔ کرنا کے ساتھ)
وَسواس (ع۔مذ) وہم۔ شبہہ۔ ڈر۔ اندیشہ (لانا)۔ (جمع وساوس)
وَسواسی (ع۔ص) وہمی۔ شکی مزاج ٭
وَسوسہ (ع۔مذ) وہم۔ شبہہ۔ بدگمانی۔ (جمع وساوس)
وَسیع (ع۔ص) فراخ۔ لمبا چوڑا ٭
وَسیع الفضا (ع۔ص) وہ جگہ یا مکان

جو نہایت وسیع اور فراخ ہو ؛
وَسِیلَہ (ع۔ مذ) ذریعہ۔ توسّط۔ اعانت۔
آسرا (جمع وَسائل)

و۔ ش۔ ص

وَش (ف۔ لاحقہ) حرف تشبیہ۔ مانند ؛
وِثُوق (ع) اعتماد۔ یقین ؛
وَصّاف (ع۔ ص) بہت تعریف کرنے
والا ؛
وِصال (ع۔ مذ) ملاقات ہم بستری۔
عاشق و معشوق کا ملنا یک آدمی
کا انتقال۔ وحدت میں فنا ہونا۔
وَصف (ع۔ مذ) تعریف۔ خوبی۔ بھلائی۔
خاصیت بیان کرنا (جمع اوصاف)
وَصل (ع۔ مذ) میل۔ ملاقات صحبت
چسپاں ہونا ؛
وَصلی (ر۔ مث) دو باہم ملے ہوئے
کاغذ جن پر خوشنویس مشق کیا
کرتے ہیں ؛
وُصُول (ع۔ مذ) پہنچنا۔ رقم کا واپس
مل جانا ؛
وُصُولی (ر۔ مث) وصول ہو جانا۔
واجب الوصول۔ یافتنی ؛
وَصی (ع۔ مذ) جس شخص کو وصیت کی گئی
ہو حضرت علیؓ سے مراد ہوتی ہے۔
(جمع اَوصیاء)
وَصِیَّت (ع۔ مث) سفر کو جاتے ہوئے
یا مرتے وقت جو نصیحت کی جائے۔
(جمع وصایا)
وَصیت نامہ (ف۔ مذ) وہ کاغذ جس
پر وصیّت لکھی جائے تحریری
وصیّت ؛

و۔ ض

وَضّاحَت (ف ع۔ وضاح، ظاہر۔
مث) بہت روشن۔ واضح کرنا۔
تفصیل کے ساتھ بیان کرنا ؛
وَضع (ع۔ مث) ساخت۔ بناوٹ۔ رنگ
ڈھنگ۔ آن۔ انداز۔ تفریق کر لینا۔
کاٹ لینا (جمع وضعیں یا وضعات)
وَضع بَدَلنا (ر) ڈھنگ اور عادت
تبدیل کرنا۔ طرز بدلنا ؛

وَضعِ حَمل (ع۔ مذ) پیٹ گرنا۔ بچّہ پیدا ہونا۔ اسقاطِ حمل ؛

وَضعدار (ع۔ف) بانکا۔ خوبصورت۔ اپنی چال پر قائم رہنے والا ؛

وَضعداری (ع۔ف۔ مث) بانکپن حُسن وضع پر قائم رہنا ؛

وُضُو (ع۔ مذ) نماز کے لئے ہاتھ۔ پاؤں۔ منہ وغیرہ بطریق شریعت دھونا ؛

وَضیع (ع۔ص) ادنیٰ۔ کمینہ۔ نالائق ؛

(و۔ط۔ظ۔ع۔غ)

وطن (ع۔ مذ) ملک جہاں کوئی پیدا ہوا ہو جنم بھوم۔ اپنا دیس۔ (جمع اوطان) ؛

وَطَنِ مالُوف (ا۔ مذ) پیارا وطن ؛

وَطنی (ع۔ص) ایک ہی وطن کا رہنے والا۔ دیسی ؛

وَطِیرَہ (ع۔ مذ) طریقہ۔ چلن ؛

وَظَائِف (ع۔ مذ۔ ج) (واحد وظیفہ)

وَظیفَہ (ع۔ مذ اور د۔ جو بات روزمرّہ کی جائے۔ تنخواہ۔ جاگیر۔ کسی بات کی رٹ۔ وہ رقم جو طالب علم کی امداد کے لئے مقرر کی جائے (جمع وظائف)

وَظِیفہ خوار (ف۔ص) وظیفہ لینے والا۔

وَعدَہ (ع۔ مذ) اقرار۔ قول و قرار داد (ا) مرنے کا وقت۔ موت ؛

وَعدَہ خلاف (ع) جو شخص وعدہ نہ پورا کرتا ہو۔ اقرار کا جھوٹا ؛

وعدہ خلافی (ع۔ مث) وعدہ پورا نہ کرنا ؛

وَعدَہ فراموش (ف۔ص) وعدہ یاد نہ رکھنے والا۔ وعدہ کر کے بھول جانے والا ؛

وَعدَہ وَعید (ع۔ مذ) ٹال مٹول لیت و لعل۔ جھوٹا سچّا وعدہ ؛

وَعدَہ وَفا (ع۔ص) وعدہ پورا کرنیوالا قول کا سچّا۔ بات کا پکّا ؛

وَعظ (ع۔ مذ) نصیحت۔ مذہبی لیکچر ؛

وَعِید (ع۔ مذ) سزا دینے کا وعدہ۔ بُرا وعدہ۔

وَغا (ع۔ مث) لڑائی۔ جنگ ؛

وَغیرہ (ع۔ تابع فعل) اس کے علاوہ۔ اس کے ماسوا ؛

و ۔ ف

وَفا (ع ۔ مث) وعدہ پورا کرنا خیر خواہی ۔ نمک حلالی محبت میں قائم رہنا ۔
وفادار (ف ۔ ص) وفا کرنے والا خیرخواہ ۔ ایماندار سچا ۔ نمک حلال ۔
وَفاداری (ف ۔ مث) نمک حلالی دیانت داری ۔
وفاشعار (ف ۔ ص) جس کی عادت ہی وفا کی ہو ۔ نہایت وفادار ۔
وفا کرنا (ل) نمک حلالی کرنا نباہنا ۔ ساتھ دینا ۔ خیر خواہی کرنا ۔
وَفات (ع ۔ مث) موت ۔ اجل ۔ مرگ ۔
وَفد (ع ۔ مذ) کسی کا پیغام لے کر کسی کے پاس جانا ۔ ڈیپوٹیشن ۔ (جمع وُفود) ۔
وُفور (ع ۔ ص) زیادتی کثرت ۔ بہتات ۔

و ۔ ق

وقار (ع ۔ مذ) بُردباری ۔ سکون متانت عزت وجاہ وجلال ۔
وَقائع (ع ۔ مذ ۔ ج) (وقیعۃ ۔ بمعنی جنگ قتل کی جمع ۔ یہ واقعہ کی جمع نہیں ہے ۔) واقعات ۔ حادثات لڑائیاں ۔
وَقائع نگار (ف ۔ مذ) اخبار نویس ۔ نامہ نگار ۔
وَقت (ع ۔ مذ) زمانہ ۔ موسم ۔ فصل ۔ موقع سماں ۔ عُمر ۔ حیات ۔ باری میعاد ۔ (مجازاً) بُرا وقت ۔ مصیبت کا وقت موت کا وقت (جمع اوقات ۔ یہ جمع کا صیغہ بطور واحد بھی آتا ہے دیکھو "اوقات")
وقت آجانا (ل) موسم آجانا ۔ کام کا وقت آجانا ۔ مصیبت یا موت کا وقت آپہنچنا ۔
وقت پر کام آنا (ل) ضرورت کے موقع پر مدد کرنا ۔
وقت پڑنا (ل) مصیبت آنا ۔ مشکل پڑنا ۔ ضرورت پڑنا
وَقت کاٹنا (ل) وقت پورا کرنا ۔ وقت گزارنا ۔ دن پورے کرنا ۔

وقت وقت کا راگ اچھا ہوتا ہے۔ ہر بات اپنے موقعہ و محل پر اچھی لگتی ہے ؛

وَقتاً فوقتاً (ا) کبھی کبھی ؛

وَقر (ع۔ مذ) بوجھ۔ وزن (مجازاً) حلم بزرگی۔ عزت۔ رُتبہ۔ منصب ؛

وَقعت (ع۔ مث) قدر۔ عزت ؛

وَقف (ع۔ مذ) (ا) پڑھتے میں مناسب جگہ ٹھیرنا (ع) جائداد وغیرہ جو صرف مسجد یا مندر پر لگانے کے لئے چھوڑ دی جاتی ہے (جمع اوقاف)

وَقف کرنا (ف) خدا کے نام پر چھوڑنا۔ رفاہِ عام کے لئے چھوڑنا ؛

وَقف نامہ (ف۔ مذ) وقف کرنے کے متعلق جو تحریر کر دی جائے ؛

وَقفَہ (ع۔ مذ) مہلت۔ فرصت۔ قیام سکون۔ ٹھیراؤ۔ جو قرآن مجید پڑھتے وقت کرتے ہیں۔ تامل۔ ڈھیل (جمع وقفات)

وَقوع (ع۔ مذ) واقع ہونا ؛

وقوعہ } (ع = واقعہ۔ مذ) } حادثہ واردات ؛

وُقوف (ع۔ مذ) ٹھہرنا۔ کھڑے ہونا۔ واقفیت۔ آگاہی۔ تمیز۔ سلیقہ ؛

(و۔ ک)

وَکالت (ع۔ مث) اپنا کام دوسرے پر چھوڑنا۔ قائم مقام ہونا۔ ذمہ داری وکیلوں کا پیشہ ؛

وکالت نامہ (ف۔ مذ) وہ دستاویز جو وکیل کو لکھ دی جائے کہ ہم نے اسے اپنی طرف سے مختار کیا ہے ؛

وَکالتاً (ع) وکیل کے ذریعہ ؛

وِکٹ Wicket (انگ۔ مث) کرکٹ کے کھیل میں وہ تین لکڑیاں جنھیں زمین میں گاڑ لیتے ہیں اور کھلاڑی ان کے سامنے ہو کر کھیلتا ہے، اور جب گیند ان سے جا لگتی ہے تو اسے مرا ہوا out کہا جاتا ہے۔

وِکٹوریا Victoria (انگ۔ مث) (ا) ملکۂ انگلستان جو

ہندوستان کی پہلی شہنشاہ اور قیصرہ تھی۔ ۲۴ مئی ۱۸۱۹ء کو پیدا ہوئیں اور ۲۲ جنوری ۱۹۰۱ء کو وفات پائی۔ (۲) چار پہیوں کی گاڑی جس میں دو سواریاں بیٹھنے کی جگہ ہوتی ہے اور کوچوان سامنے کی اونچی نشست پر بیٹھتا ہے یہ ملکہ وکٹوریا کی طرف منسوب ہے۔

وکٹوریاکراس VICTORIA CROSS (انگ۔ مذ) ایک تمغہ جو برطانوی دور میں بہت ہی بہادری کا کام کرنے پر دیا جاتا تھا۔

وَکیل (ع۔ مذ) قائمقام۔ مختار۔ ایڈووکیٹ۔ بلیڈر۔ قانون دان (جمع وکلاء)۔

وکیل مطلق (ع۔ مذ) وہ مختار جسے ہر طرح کا اختیار ہو۔

(و۔ گ۔ ل)

وَگرنہ (ف) اگر نہیں تو۔

وِلا (ع۔ مث) دوستی۔ محبت۔

وِلادت (ع۔ مث) پیدائش۔ جنم۔

وِلایَت (ع۔ مث) برِ اعظم۔ مُلک۔ بادشاہت ایک بادشاہ کا ملک خدا کی دوستی۔ بزرگی۔ کسی کام کی ذمہ داری۔ آج کل ولایت سے مُراد انگریزوں کا ملک انگلستان لیا جاتا ہے اور بعض اوقات اس سے مُراد یورپ ہوتا ہے۔ انگریزوں کی آمد سے پہلے اس سے مُراد ایران افغانستان اور خراسان وغیرہ وغیرہ عربی اسلامی ممالک ہوا کرتا تھا۔

وِلایتی (ع۔ ص) ولایت کا رہنے والا۔ انگلستان کا۔ انگلستان رہنے والا۔ پردیسی۔

وَلَد (ع۔ مذ) لڑکا۔ بیٹا۔ فرزند (اولاد جمع)

وَلدِیّت (ع۔ مث) باپ کا نام وغیرہ۔

وَلوَلہ (ع۔ مذ) جوش و خروش۔ اُمنگ۔ شور و غل۔

وَلوَلہ اُٹھنا (ل) اُمنگ پیدا ہونا۔

وَلے (ف) ولیکن۔ مگر۔

وَلی (ع۔ مذ) آقا۔ محافظ۔ مُربّی۔ اللہ تعالےٰ

کا دوست۔ نیک آدمی (جمع اَولیاء)۔

وَلیُ اللہ (ع۔مذ) خدا کا دوست۔ خدا رسیدہ۔

ولی عہد (ع۔مذ) سب سے بڑا شہزادہ۔ بادشاہ کے بعد جو شہزادہ جانشین بنایا جاتا ہو۔

وَلی نعمت (ع۔مذ) پرورش کرنے والا۔ آقا۔

وَلیک (ف) ولیکن کا مخفف۔

وَلیکن (ف) لیکن۔ مگر۔

وَلیمہ (ع۔مذ) ضیافتِ نکاح۔ بیاہ کی دعوت۔

و۔و۔ہ

ووٹ Vote (انگ۔مذ) رائے۔ حقِ رائے دہندگی۔

ووٹر (Voter) انگ۔مذ) جسے ووٹ دینے کا حق ہو۔

وُوہیں۔ فی الفور۔ جھٹ

وہ (ل) ضمیر غائب۔

وہ دن گئے کہ خلیل خاں فاختہ اُڑایا کرتے تھے (یا) مارا کرتے تھے (ل) اقبال کا زمانہ گزر گیا۔

وَہّاب (ع۔مذ) بہت بخشنے والا۔ اللہ تعالیٰ کا نام ہے۔

وَہّابی (ع۔مذ) عبدالوہاب نجدی کا پیرو۔ مسلمانوں کے ایک فرقے کا نام ہے جو اپنے کو اہلِ حدیث کہتے ہیں۔

وَہائٹ پیپر (دیکھو وائٹ پیپر)۔

وَہب (ع۔مذ) بخشش۔ عطا۔

وَہبی (ع۔ص) عطا شدہ۔ دیا ہوا۔

وَہم (ع۔مذ) وسواس۔ احتمال۔ رشک۔ (جمع اوہام)

وَہمی (ع۔ص) خیالی اور قیاسی بات۔ وہ آدمی جسے زیادہ وہم رہے۔ وسواسی۔

وَہیں (ل) اُسی جگہ۔

وُہیں (ل) فوراً۔ اسی وقت۔

و۔ی

وِی۔پی (V.P.)۔ انگ

(وی ویلیو پے ایبل کا مخفف) مذ}
قیمت طلب (دیکھو ویلیو پے
ایبل)

وی۔پی (V.P.P.)
(انگ (ویلیو پے ایبل پارسل۔
کا مخفف) مذ} قیمت طلب پارسل۔

وَے (د) دو کی جمع (اب متروک ہے۔

وَیاکرن (س۔مث) علم زبان سنسکرت
زبان کی صرف و نحو

وید (س۔مذ) ہندوؤں کی مقدس
کتاب

وَید (س۔مذ) ویدک طب کے ذریعہ
علاج کرنے والا طبیب

وَیدانت (س۔ناؤیاس دیوجی کا بنایا
ہوا شاستر جس میں ذاتِ الٰہی پر بحث
کی گئی ہے۔ اُتّر میمانسا

ویدانتی (س۔مذ) ویدانت کا پیرو یا
عامل۔ موحّد

ویدک (س۔ص) وید پڑھا ہوا عالم۔
وید کے موافق۔ وید میں لکھا ہوا۔

وَیدک (س) علم طب، علم حکمت

ویَنج (د۔مث) نمی

وَیراگ (س۔مذ) سنیاس۔ دُنیا
سے قطع تعلق

وَیراگی (س۔مذ) سنیاسی۔ جوگی

وِیران (ف۔ص) اُجڑا ہوا۔ غیر آباد۔
بنجر زمین

وِیران کرنا (ل) اُجاڑنا۔ برباد کرنا
پامال کرنا

وِیرانہ (ف۔مذ) جنگل غیر آباد جگہ۔ اُجاڑ

وِیرانی (ف۔مث) خرابی۔ اُجاڑ ہونا۔
بربادی

وَیزلین۔ اصل میں ویسلین۔
(انگ vaseline
مث) مٹی کے تیل میں سے نکلا ہوا
ایک مرکّب، جو عموماً چہرے اور
ہاتھوں پر ملتے ہیں

وِیسٹ کوٹ waste
coat انگ مث) صدری
مرزئی۔ واسکٹ

وُیسٹ west انگ۔مذ)
مغرب یعنی یورپ

وَلیسٹ منسٹر ایبی WESTMINSTER ABBEY (انگ۔مذ) لندن کے ایک گرجا گھر کا نام۔ جس میں انگریز مشاہیر و سلاطین دفن ہوتے ہیں۔

وَیش (س۔مذ) تجارت کرنیوالا۔

وَیکسی نے شن Vaccination (انگ۔مذ) ٹیکہ۔ چیچک کا ٹیکہ۔

وَیکسی نیٹر Vaccinator (انگ۔مذ) ٹیکہ کرنے والا۔

وَیکیشن Vacation (انگ۔مث) تعطیل لمبی چھٹیاں۔

وہیل Whale (انگ۔مث) ایک بہت بڑی مچھلی۔ جس کی چربی اور ہڈیاں بہت کارآمد ہوتی ہیں۔

وَیلز Wales (انگ۔جزائر) برطانیہ کا جنوب مغربی حصہ۔

وَیلکم Welcome انگ۔ خوش آمدید۔ خیر مقدم۔

وَیلیوپے ایبل Value Payable (انگ) قیمت طلب۔ وہ پارسل جس کی قیمت وصول کرنے پر ادا کی جائے۔ وی۔پی (V.P) اسی کا مخفف ہے۔

وَینس Venice انگ۔مذ اٹلی کا ایک خوبصورت شہر ہے۔ جو قدیم زمانے میں مشرقی تجارت کا بڑا بھاری مرکز تھا۔

ہ

ہ ۔ ا

ہا (ہ) کلمۂ تاسف۔ افسوس۔ کسی کام سے منع کرنے کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے۔

ہابیل (ع۔مذ) حضرت آدم کے بیٹے کا نام ہے۔

ہے جیسے قابیل نے مار ڈالا تھا ۔

ہاتِف (ع ۔ مذ) غیب کی آواز ۔ آواز کا دینے والا ۔

ہاتھ (ہ ۔ مذ) دست ۔ پنجہ ۔ ہتھیلی (مجازاً) اختیار ۔ قابو ۔ ذریعہ ۔ داؤ ۔ داؤ ۔ آدھ گز کا پیمانہ ۔

ہاتھ آنا (ف) میسر آنا ۔ حاصل ہونا ۔ قبضہ ہونا ۔ جاننا ۔ دریافت ہونا ۔

ہاتھ اُٹھانا (ف) دعا کے لیے ہاتھ بلند کرنا ۔ فاتحہ کرنا ۔ کسی کام سے دست بردار ہونا ۔ چھوڑنا ۔ قسم کھانا ۔ توبہ کرنا ۔ مایوس ہو جانا ۔ نا اُمید ہونا ۔ دست درازی کرنا ۔ مارنا پیٹنا ۔ ہاتھ اونچا کرنا ۔

ہاتھ بٹانا (ف) کسی کام میں مدد کرنا ۔ سہارا لگانا ۔

ہاتھ بڑھانا (ف) ہاتھ آگے کرنا ۔ حد سے بڑھنا ۔ مانگنا ۔

ہاتھ پانی لینا (ف) پاخانہ پھرنے کے بعد ہاتھ پاؤں دھونا ۔

ہاتھ پاؤں پڑنا (ہ) منت سماجت کرنا ۔ قدموں پر گرنا ۔ (لکھنؤ میں "پاؤں پڑنا") ۔

ہاتھ پاؤں پھولنا (گھبرا جانا ۔ کچھ کرنے کے قابل نہ رہنا ۔

ہاتھ پاؤں ٹھنڈا کرنا (ف) مار مار کے بیکار کر دینا ۔

ہاتھ پاؤں مارنا (ف) بیقراری کی وجہ سے ہاتھ پاؤں ہلانا (مجازاً) کوشش کرنا ۔ نزع کی حالت میں ہونا ۔

ہاتھ پاؤں نکالنا (ف) جوان ہونا ۔ قد آور ہونا ۔ بے ادب ہونا ۔ گستاخ ہونا ۔ شرارت شروع کرنا ۔

ہاتھ پاؤں ہلانا (ف) جدّ و جہد کرنا ۔ کوشش کرنا ۔ محنت کرنا ۔

ہاتھ پر سرسوں جمانا (ف) کسی مشکل کام کو فوراً کر دکھانا ۔ شعبدہ دکھانا ۔

ہاتھ پر سانپ کھلانا (ف) جان جوکھوں کا کام کرنا ۔

ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھے ہونا ۔ (ف) بالکل بیکار بیٹھنا ۔ نا اُمید ہو

بیٹھ جانا ؛

ہاتھ پر ہاتھ مارنا (ف) عہد و پیمان کرنا
شرط باندھنا ؛

ہاتھ پڑ جانا (ف) مفت یا بے کوشش
ہاتھ آنا۔ لوٹ ہونا۔ دست درازی
ہونا۔ مدار کا چل جانا۔ داؤں پڑنا۔
حسب مراد پانسہ پڑنا ؛

ہاتھ پسارنا (ف) ہاتھ پھیلا کر مانگنا ؛

ہاتھ پہنچنا (ف) دسترس ہونا ؛

ہاتھ پھیلانا (ف) کسی چیز کے لینے کے لئے
ہاتھ بڑھانا (کنایۃً) بھیک مانگنا۔
طمع کرنا ؛

ہاتھ جھاڑنا (ف) دست بردار ہونا۔
ہاتھ جھٹکنا۔ مایوس ہونا۔ ہاتھ
مارنا ؛

ہاتھ چڑھنا (ف) ہاتھ لگنا۔ ملنا۔ ہاتھ
کو کسی کام کی مشق ہونا۔ قابو
میں آنا ؛

ہاتھ دکھانا (ف) حکیم کو نبض دکھانا۔
نجومی کو کفِ دست دکھا کر
حال پوچھنا ؛

ہاتھ دھو بیٹھنا (ف) ناامید ہو جانا۔
قطع تعلق کرنا۔ صبر کرنا ؛

ہاتھ دھونا (ف) ہاتھ صاف کرنا۔ طہارت
کرنا۔ ناامید ہونا۔ قطع تعلق کرنا۔

ہاتھ دیکھنا (ف) نبض دیکھنا۔ ہاتھ دیکھ کر
قسمت کا حال بتانا۔ کسی سے امداد
مالی کی امید رکھنا اور اس کا
محتاج ہونا۔ ہاتھ تکنا۔ قتل کرنا ؛

ہاتھ ڈالنا (ف) کسی کام میں دخل دینا۔
غیر عورت پر دست درازی کرنا۔
کسی کام کو شروع کرنا ؛

ہاتھ رنگنا (ف) ہاتھ میں مہندی لگانا۔
مال اڑانا۔ مٹھی گرم کرنا ؛

ہاتھ صاف کرنا (ف) ہاتھ دھونا۔ قتل
کرنا۔ لوٹ لینا۔ خرچ۔ ہاتھ واں
کرنا۔ بُرائی کرنا ؛

ہاتھ کا میل (ف) بے اصل چیز (مجازاً)
روپیہ پیسہ۔ مال و زر ؛

ہاتھ کنگن کو آرسی کیا (ف) جو چیز
صاف نظر آرہی ہو اُس کے متعلق
کچھ دریافت کرنے کی ضرورت

نہیں ؞

ہاتھ کو ہاتھ نہیں سوجھتا دِیا، سُجھائی دیتا (ن) اندھیر گُپ ہے ؞

ہاتھ قلم کرنا (ن) ہاتھ کاٹنا۔ بے اختیار کر دینا ؞

ہاتھ کھینچنا (ن) باز آنا ترک کرنا۔

ہاتھ لگانا (ن) چھُونا۔ دست درازی کرنا۔ کام شروع کرنا ضرب لگانا۔ تھپڑ مارنا ؞

ہاتھ ملنا (ن) افسوس کرنا پچھتانا ؞

ہاتھا پائی (یا ہاتا پائی) (ہ۔ مث) دونوں ہاتھوں اور پاؤں کے ذریعے سے لڑنا۔ پیا ڈگی، دھینگا مُشتی دکرنا ... کی لینا، ہونا) ؞

ہاتھوں (ن) ذریعے سے، وجہ سے ؞

ہاتھوں کے طوطے اُڑنا (ن) بدحواس ہو جانا۔ یکایک کوئی خبر سن کر بہت خوفزدہ ہونا ؞

ہاتھوں ہاتھ لینا (ہ) دست بدست لینا۔ جھٹ پٹ لے جانا۔ توقیر کرنا۔ اوپر ہی اوپر لے جانا ؞

ہاتھی (ا۔ مذ) فیل پیل۔ ایک بڑے جانور کا نام ہے ؞

ہاتھی پاؤں (ن) ایک مرض جس میں پاؤں سوج جاتا ہے ؞

ہاتھی دانت (ن۔ مذ) دندان فیل۔ ہاتھی کے دانت۔ جن سے بہت سی چیزیں بنائی جاتی ہیں ؞

ہاتھی کے پاؤں میں سب کے پاؤں (ن) بڑے آدمی کے سب مطیع و فرمانبردار ہوتے ہیں۔ جن کی کمائی سے غریبوں کو بھی فائدہ ہے ؞

ہاتھی کے دانت کھانے کے اَور۔ دِکھانے کے اَور (ظاہر میں کچھ باطن میں کچھ) ؞

ہاجِر (ع۔ مذ) ہجرت کرنے والا اپنے ملک سے نکل کر دوسرے ملک میں جانے والا ؞

ہاجِرہ (ع۔ مث) دوپہر کا سخت دھوپ کا وقت۔ حضرت اسمٰعیلؑ کی والدہ کا نام ؞

ہاجی (ع۔ مذ) ہجو کرنے والا۔ نقّال ؞

ہادی (ع۔مذ) ہدایت کرنے والا۔ راہنما۔ پیرو مرشد ؛

ہار (ہ۔مث) شکست۔ ہزیمت۔ تھکنا ؛

ہار جانا (ل) شکست کھا جانا۔ مغلوب ہو جانا۔ تھک جانا

ہار جیت (ل۔مث) فتح و شکست۔ نفع و نقصان ؛

ہار (ہ۔مذ) پھولوں یا موتیوں کی مالا جواہرات کا گلو بند۔ گنٹھ مالا۔ ہار میں کئی لڑیاں ہوتی ہیں اور اسے سیدھا پہنتے ہیں۔ بدھی میں صرف ایک لڑی ہوتی ہے اور اسے آڑی پہنتے ہیں ؛

ہار سنگار (ہ۔مذ) ایک درخت کا نام ہے جس کے پھولوں سے سبزی اور زرد رنگ نکالا جاتا ہے ؛

ہار گوندھنا۔ پھولوں یا کلیوں کو دھاگے میں پرو کر ہار بنانا ؛

ہارمونیم Harmonim (انگ۔مذ) ایک قسم کا انگریزی باجہ۔

ہارنا (ہ) شکست کھانا۔ شرط میں کچھ رقم ادا کرنا۔ عاجز ہونا۔ تنگ ہونا ؛

ہاروت (ع۔مذ) ایک فرشتہ جو بابل کے ایک کنوئیں میں لٹکا ہوا۔ عذاب الٰہی میں گرفتار ہے۔ ماروت کا ساتھی ؛

ہارون (ع۔مذ) حضرت موسیٰؑ کے بڑے بھائی کا نام ہے۔ ایک عباسی خلیفہ کا نام ہے ؛

ہارونی (ف۔ص) نافرمان۔ سرکش۔ ڈھیٹ۔

ہاضم (ع۔ص) ہضم کرنے والا۔ تحلیل کرنے والا ؛

ہاضمہ (ع۔مذ) ہضم کرنے کی قوت ؛

ہال (Hall) (انگ۔مذ) بڑا کمرہ (ہ۔مذ) لوہے کا وہ چکر جو پہیئے کے گرد چڑھایا جاتا ہے ؛

ہالہ (ع۔مذ) حلقہ۔ کنڈل۔ وہ حلقہ جو چاند کے گرد بعض اوقات دکھا جاتا ہے ؛

ہامون (ف۔مذ) بیابان۔ جنگل۔ صحرا ؛

ہامی (ہ۔مث) ہاں۔ اقرار ؛

ہامی بھرنا (ل) اقرار کرنا۔ وعدہ کرنا ؛

ہاں (کلمۂ ایجاب و جواب) اچھا۔ یقیناً۔
بے شک۔ یہاں کا مخفف۔
مگر ان معنوں میں لکھنؤ میں نہیں
بولتے۔ جب جواب کے لئے
آئے تو یہ اور "جی" دونوں ندائے
قریب کے جواب میں بولتے ہیں
اور "ہاں" ندائے بعید کے جواب میں ؛

ہاں کرنا (ل) اقرار کرنا۔ منظور کرنا ؛

ہاں میں ہاں ملانا (ل) تائید کرنا۔
بغیر سوچے سمجھے ہاں جی ہاں
جی کرنا ؛

ہاں ہاں کرنا۔ توجہ منعطف کرانا۔
روکنے کے لئے توجہ اپنی طرف کرنا ؛

ہاں ہوں کرنا (ل) صاف جواب
نہ دینا ؛

ہانپ جانا (ل) سانس پھول جانا
تھک جانا ؛

ہانپنا (ل) جلدی جلدی سانس لینا ؛

ہانڈی (مث) ہنڈیا۔ مٹی کا برتن۔
سالن پکانے کے لئے لیپ کا
نکوپ ؛

ہانڈی پھوڑنا (ل) بھانڈا پھوڑنا۔ راز
کھول دینا ؛

ہانک (مث) پکار۔ للکار۔ زمزمہ۔
ہانکنا سے امر کا صیغہ ؛

ہانکنا (ل) چلانا۔ دوڑانا۔ بڑھانا ؛

ہاون (ف۔ مذ) دوا کوٹنے کا آہنی برتن مع موسل۔

ہاون دستہ (ف۔ مذ) اوکھلی مع موسل ؛

ہاؤ ہو (ف) شور وغل۔ ہائے۔ ہائے کرنا ؛

ہاویہ (ع۔ مث) دوزخ۔ جہنم کا ایک طبقہ جہاں
نہایت سخت عذاب ہوگا ؛

ہا ہا (ل) ہنسی کی آواز۔ کسی کام سے روکنا
مطلوب ہو تو بھی استعمال ہوتا ہے ؛

ہا ہا ہو ہو (مث) فضول ہنسی۔ ٹھٹول ؛

ہائی (انگ۔ ص) High
بلند۔ اونچا۔ اعلیٰ ؛

ہائیڈرو الیکٹرک ڈیپارٹمنٹ
Hydero-Electric Department (انگ۔ مذ)
وہ محکمہ جو دریاؤں سے پیدا شدہ بجلی
کی تقسیم کا انتظام و اہتمام کرتا
ہے۔ (پنجاب میں خصوصاً) ریاست

منڈی میں بجلی پیدا کرنے والے کارخانوں کا انتظام کرنے والا محکمہ ؛

ہائی سکول High School (انگ۔ مذ) بڑا مدرسہ جس میں دسویں جماعت تک تعلیم ہوتی ہو۔

ہائیکورٹ High Court (انگ۔ مذ) عدالت عالیہ جس عدالت میں ماتحت عدالتوں کا اپیل ہوتا ہے ؛

ہائیجین Hygien (انگ۔ مث) وہ علم جو انسانی جسم کی صحت قائم رکھنے کے قواعد بتاتا ہے ؛

ہائیڈل برگ Hedel Berg (جرمن۔ مذ) جرمنی میں دریائے نیکر پر مشہور شہر ہے۔ یہاں ایک قدیم جامعہ (یونیورسٹی ہے) جو ۱۳۸۶ء میں قائم ہوئی تھی یہاں کا قلعہ بھی بہت مشہور ہے ؛

ہائیڈروجن Hydrogen (انگ۔ مث) ایک گیس کا نام جو تمام عناصر سے ہلکی ہوتی ہے آکسیجن کے ساتھ پانی کا دوسرا جزو ہوتی ہے ؛

ہائی جمپ High Jump (انگ۔ مث) اونچی چھلانگ ؛

ہائل (ع۔ ص) ڈراونا خوفناک ہولناک ؛

ہائلہ (ع۔ ص) خوفناک۔ ہولناک ؛

(ہ۔ ب۔ ت)

ہُبَل (ع۔ مذ) ایامِ جاہلیت کے عرب کے ایک مشہور بت کا نام ہے ؛

ہبہ (ع۔ مذ) بخشش۔ مرحمت۔ عطا۔ عنایت ؛

ہبہ کرنا (ف) بخشنا۔ وقف کر دینا ؛

ہبہ نامہ (ف۔ مذ) وہ دستاویز جس پر بخش دینے کا اقرار لکھ دیا جائے۔

ہَت (ہ) کلمۂ تنفر۔ چل پرے ہٹ ؛

ہَت تیرے کی (ہ) خدا تجھے خراب کرے ؛

ہَتّا (ہ۔ مذ) (۱) ہاتھ۔ مٹھی (۲) دستہ

(۲) قبضہ

(۳) قبضہ (۴) باری - داؤں۔
(۵) قُرب دست - ہاتھ کے پاس۔
جیسے لنگوٹا ہتے سے اُکھڑ گیا ÷
ہتک (ع - مث) پردہ دری بیعزتی ÷
ہتوڑی (ہ - مث) چھوٹا ہتوڑا - لہاروں کا ایک اوزار ÷
ہتھ پھیری (ہ - مث) مساس معشوق سے - چابکدستی - دھول دھپہ ÷
ہتھکڑی (ہ - مث) آہنی کڑا جو مجرموں کے ہاتھ میں ڈالتے ہیں ÷
ہتھکنڈا (ہ - مذ) ہاتھ کی چالاکی فریب - عیاری - داؤں ÷
ہتھ نال (ہ - مث) ایک چھوٹی توپ۔ جو ہاتھی پر لادتے ہیں ÷
ہتھنی (ہ - مث) ہاتھی کی مؤنث - موٹی عورت ÷
ہتھے چڑھنا (ل) ہاتھ لگنا - قابو میں آنا ÷
ہتھیار (یا) **ہتیار** (ہ - مذ) اوزار اسلحہ جنگ ÷
ہتھیار بند (و - ص) مسلح - ہتھیار لگائے ہوئے ÷
ہتھیار ڈالنا یا رکھ دینا (ل) شکست کا اعتراف کر لینا۔ اپنے آپ کو دشمن کے حوالے کر دینا ÷
ہتھیا لینا (ہ) غصب کر لینا - قبضہ کر لینا - دبا لینا ÷
ہتھیلی (یا) **ہتیلی** (ہ - مث) کفِ دست - پنجہ کا اندرونی حصہ۔
ہتیا (ہ - مث) قتل - خون - عذاب - تکلیف ÷
ہتیارا (ہ - مذ) ہتیا کرنے والا - قاتل، خونی، پاپی - فاسق ÷
ہتیلی پر سرسوں جمانا (ل) کنایۃً، حیرت انگیز جلدی سے کام لینا ÷
ہتیلی سلسلانا (ل) ہتھیلی میں خفیف خفیف خارش ہونا - جو روپیہ ملنے کا شگون سمجھا جاتا ہے ÷
ہتھیلی کھجلانا (یا) **کھُجانا** (ل) (۱) ہتھیلی میں کھُجلی ہونا (کنایۃً) (۲) روپیہ ہاتھ آنے کا شگون (۳) تھپڑ مارنے کو جی چاہنا ÷

(ہ ۔ ٹ ۔ ج

ہٹ (ہ۔ مث) ضد۔ اَڑی (۲) امر۔ پرے ہو ۔

ہَٹ دَھرم (ہ۔ص) ہٹ دھرمی کرنے والا ۔

ہٹ دھرمی (ہ۔ مث) کسی بات پر خواہ مخواہ اَڑ جانا۔ بے انصافی بے ایمانی ۔

ہَٹ کرنا (ہ) ضد کرنا۔ اَڑنا ۔

ہٹّا کٹّا (ہ۔ص) موٹا۔ تازہ۔ طاقتور۔ (انسان کے لئے مستعمل ہے)

ہٹّی کٹّی (ہ۔ص) موٹی تازی۔ مضبوط اور طاقتور ۔

ہِجا (ع۔ مذ) حروف کا اعراب سے ظاہر کرنا۔ حروفِ ہجا سے الف، بے تے وغیرہ مراد ہوتے ہیں ۔

ہجر (ع۔ مذ) جدائی۔ فرقت۔ علیحدگی۔

ہجراں نصیب (ف۔ مذ) فرقت زدہ جس کے نصیب میں جدائی ہو ۔

ہجرت (ع۔ مث) جدائی۔ مفارقت وطن چھوڑنا (۲) پیغمبر اسلام صلعم کا مکہ معظمہ سے مدینہ منورہ جانا۔

ہجری (ع۔ص) منسوب بہ ہجرت۔ وہ سنہ جو ہجرت رسولؐ سے شروع ہوتا ہے ۔

ہَجو (ع۔ مث) برائی۔ نظم میں مذمت کرنا (کرنا۔ کہنا۔ لکھنا۔)

ہُجوم (ع۔ مذ) بھیڑ۔ بھاڑ۔ مجمع ۔

ہجے (ع۔ مث) حرف کو حرف سے اعراب کے ذریعہ ملا کر پڑھنا (کرنا۔ لگانا)

ہجے نکالنا (ف) اعتراض کرنا ۔

ہ ۔ چ ۔ و

ہُچکا (ہ۔ مذ) ڈور کی چرخی ۔

ہَچکا (ہ۔ مذ) دھکا۔ ہچکولا ۔

ہِچکچانا (ف) تامل کرنا۔ متردّد ہونا۔ ڈرنا ۔

ہَچکولا (ہ۔ مذ) دھکا۔ جھٹکا۔ وہ صدمہ جو کسی سواری کی جنبش سے ہوتا ہے ۔

ہِچکی (ہ۔ مث) ہوا کا آواز کے ساتھ

حلق سے رُک رُک کر نکلنا۔ وہ
حالت جو نزع کے وقت ہوتی ہے
(آنا۔ بندھ جانا۔ لگنا)؛

ہچکی بندھ جانا (یا) لگ جانا (ل) رونے کی وجہ سے سانس
کا رُک رُک کر آنا؛

ہچکیاں بندھ جانا (ہ) زیادہ رونے
سے یا عالم نزع میں متواتر ہچکیوں
کا آنا؛

ہدایا (ع۔ مذ۔ ج) (واحد ہدیہ) نذر
نذرانے۔ تحفے؛

ہدایت (ع۔ مث) رہنمائی۔ نیک
راہ دکھانا؛

ہدایت پانا (و) نیک راہ پر آنا۔
سیدھے رستے پر پڑنا؛

ہدایت کرنا (ل) سیدھا راستہ دکھانا

ہدایت نامہ (ف۔ مذ) وہ رسالہ
یا کتاب جس میں کسی امر کے لئے
ہدایات لکھی ہوں۔ دستور العمل
قانون؛

ہدف (ع۔ مذ) نشانہ۔ زد؛

ہُدہُد (ع۔ مذ) کھٹ بڑھئی۔ ایک چھوٹا
سا پرندہ۔ جس کے سر پر تاج
ہوتا ہے؛

ہدیہ {ع (= ہدیۃ) مذ} تحفہ۔ نذرانہ۔
متبرک کتاب کی قیمت (جمع ہدایا)

ہ۔ ڈ۔ ذ۔ ر

ہڈی (ہ۔ مث) استخوان۔ گاجر کے اندر کی
سخت چیز (کنایۃً) اصل نسل؛

ہڈیاں توڑنا (ل) خوب پیٹنا؛

ہٰذا (ع) یہ؛

ہذیان {ع (= ہَذیان) مذ} بیہودہ
گوئی۔ مریض کا حالتِ بیہوشی
میں باتیں کرنا؛

ہر (س) مہادیو۔ کرشن۔ وشنو (مجازاً)
خدا تعالیٰ؛

ہر آن (ہ) ہر گھڑی۔ ہر وقت؛

ہر بار (ہ) ہر دفعہ۔ گھڑی۔ گھڑی؛

ہرجائی (ف۔ ص) جو ایک جگہ پر قرار
نہ پکڑے۔ بے وفا۔ بے مروت؛

ہرچند۔ کیسا ہی۔ کتنا ہی؛

ہر دلعزیز (ف۔ص) ہر ایک کو پیارا ۔

ہر دم (ف) ہر لحظہ۔ ہر گھڑی ۔

ہر روز (ف) ہمیشہ۔ روز کے روز ۔

ہر فن مولا (ا۔ص) ہر ایک کام جاننے والا ۔

ہرکارہ (ا) چٹھی رساں۔ قاصد۔ چپراسی۔ اردلی۔ جاسوس ۔

ہر کس و ناکس (ف) ہر کوئی۔ تمام لوگ۔ ادنیٰ و اعلیٰ ۔

ہُرّا (ہ۔مذ) فوج کا پھیلاؤ ۔

ہُرّا Hurrah (انگ۔مذ) خوشی کی آواز۔ کیا خوب ۔

ہرا (ہ) سبز۔ سرسبز و شاداب۔ زخم وغیرہ کا کچا ہونا۔ تازہ ۔

ہرا بھرا (ہ) سرسبز و شاداب۔ زرخیز پھلا پھولا ۔

ہرا ہونا (ا) سرسبز ہونا۔ زخم تازہ ہونا۔ تازہ دم ہونا ۔

ہراس (ف) لکھنؤ میں مذکر۔ دہلی میں مونث) ڈر۔ ہول (۲) مایوسی۔ ناامیدی ۔

ہراساں (ف۔ص) ڈرا ہوا۔ خوفزدہ۔ ناامید۔ مایوس ۔

ہراول (ت) (ت = ہراول) (۲) لشکر کے آگے آگے جانیوالا فوج کا دستہ۔ پیش خیمہ ۔

ہڑبونگ (ہ۔مث) ہنگامہ۔ ہلچل۔ کھلبلی (مچانا۔ مچنا) ۔

ہرج مرج (ع۔مث) بیماری۔ تکلیف۔ دکھ

ہرجانہ (ا۔مذ) ہرج یا نقصان کرنے کا معاوضہ ۔

ہرجہ (ا۔مذ) ہرجانہ۔ نقصان۔ تاوان ۔

ہرزہ (ف۔ص) بیہودہ۔ فضول۔

ہرزہ سرا (یا) **ہرزہ گو** (ف۔ص) یاوہ گو۔ فضول باتیں کرنے والا ۔

ہرزہ گردی (ف۔مث) آوارہ گردی۔ فضول پھرنا ۔

ہرقل (یا) **ہرقل** (ع۔مذ) رومی بادشاہوں میں سے ایک بادشاہ جس نے پہلے پہل دینار چلایا۔

ہر میجسٹی Her Majesty (انگ) ملکہ معظمہ کا خطاب علیاحضرت

ہرگز (ف) زنہار۔ اصلاً۔ مطلقاً۔ کبھی نہیں

ہرن (۱) **ہرن** (۱) آہو۔ غزال

ہرن کا چوکڑی بھولنا (۱) ہرن کا گھبرا جانا اور اس طرح اپنی تیز رفتاری کا فائدہ نہ اٹھا سکنا۔ حواس باختہ ہونا۔

ہرن ہو جانا (۱) ہرن کی طرح جلدی سے بھاگ جانا۔ کافور ہو جانا۔ رفو چکر ہو جانا۔

ہرنا (ہ) کاٹھی کا اگلا ابھرا ہوا حصہ۔ جوئے میں ہار جانا۔

ہرنوٹا (ہ۔ مذ) ہرن کا بچہ۔

ہرنی (ہ۔ مث) ہرن کی مادہ ین۔

ہری (س۔ مث) خدا تعالیٰ۔ پرمیشور

ہری بھری (ہ۔ مث) سبز و شاداب

ہریاول (ہ۔ مذ) سبزی۔ سبزہ زار

ہریجن (ہ۔ مذ) لفظی معنی، خدا کی مخلوق آج کل چھوت لوگوں کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ ان معنوں کا استعمال سب سے پہلے مہاتما گاندھی نے ۱۹۲۲ء میں شروع کیا تھا

ہریسہ (ہ۔ مث) ایک کھانا جو آٹے گوشت کی یخنی اور دودھ سے تیار کیا جاتا ہے (۱) (کنایۃً) نہایت گلا ہوا۔ گلا ہوا۔

ہرمل (ہ۔ مذ) ایک جانور جو شہد کی مکھیاں کھاتا ہے۔

ڑ
(ہ۔ ڑ۔ ڑ)

ہڑ (ہ۔ مث) ایک قسم کا کسیلا پھل۔ اناردانہ کی ہڑ کے مشابہ گھنڈی

ہڑبڑانا (ہ) گھبرانا۔ بوکھلانا۔

ہڑبڑی (ہ۔ مث) بوکھلاہٹ۔ ہلچل پڑنا

ہڑپ (ہ۔ مث) بغیر چبائے نگل جانا۔

ہڑپ کر جانا (۱) کھا جانا۔ مال وغیرہ غبن کر لینا۔

ہڑتال (ہ۔ مث) ایک زہریلی دوا تمام دکانیں یا کام بند کر دینا۔ حاکم کے ظلم و ستم یا

ہڑک (ہ۔ مث) عادت۔ لت۔ یاد کے کے گانہ ... ولولہ۔ شوق۔

ہزار (ف۔ص) دس سو۔ کتنا ہی۔ بہترا
(ف۔مث) بلبل ہزار داستان

ہزار بار (ف۔ص) بہت دفعہ۔ ہزار دفعہ

ہزار پا (ف۔مذ) کنکھجورا

ہزار ہا (ف۔ص) ہزار کی جمع۔ ہزاروں۔

ہزار جان سے (۱) بنہایت شوق سے۔

ہزار داستاں (ف۔مذ) ایک نہایت خوش الحان بلبل۔ خوش گفتار۔ خوش بیان۔

ہزارہ (۱) (۱) ایک قسم کا پھول گل صد برگ (۲) فوارہ (۳) ایک قسم کی چمڑے کی پچکاری جس کے منہ پر چمڑے ہی کی سوراخدار گیند لگی ہوتی ہے۔ بچے گرمیوں کے موسم میں ٹھنڈا پانی اس کے ذریعے سے ایک دوسرے پر ڈال کر کھیلتے تھے۔

ہزاری (ف۔مذ) ہزار آدمیوں کا افسر

ہز ایکسیلینسی HIS EXCELLENCY (انگ۔مذ)
حضور والا۔ گورنر اور وائسرائے اور سفیروں کا لقب۔

ہز اگزالٹڈ ہائی نس HIS EXCALTED HIGHNEESS
(انگ۔مذ) نظام دکن کا خطاب

ہز رائل ہائی نس HIS ROYAL HIGHNEESS
(انگ۔مذ) شاہی خاندان کے مردوں کا لقب۔

ہزل (ع۔مذ) بیہودہ باتیں۔ ہنسی مذاق۔

ہز میجسٹی HIS MAIJESTY
(انگ۔مذ) بادشاہ کا خطاب

ہز ہائی نس HIS HIGHNESS
(انگ۔مذ) ڈیوکوں اور والیان ریاست اور شہزادوں کا خطاب

ہز ہولی نس HIS HOLINESS
(انگ۔مذ) کا خطاب تقدس مآب

ہزیمت (ع۔مث) شکست ہار۔

ہزیمت اٹھانا (۱) شکست کھانا پسپا ہونا۔

(ہ۔ژ۔س)

ہژدہ (ف) آٹھ اور دس یعنی اٹھارہ۔

ہست (ف۔مث) ہست۔ وجود۔ زندگی۔

ہست و بود (ف۔مث) ہستی۔ وجود۔

ہست کرنا (ا) پیدا کرنا۔ وجود میں لانا۔

ہسپتال HOSPITIL (انگ۔مذ) دواخانہ۔ شفاخانہ

ہستی (ف۔مث) موجودگی۔ زیست حیات۔ کائنات۔ موجودات۔ (ا) حقیقت۔ مجال۔ طاقت دولت۔

ہستیٔ جاوداں (ف۔مث) ہمیشہ کی زندگی۔

ہستیٔ موہوم (ف۔مث) خیالی زندگی۔ حیات چند روزہ

ہسٹری HISTORY (انگ۔مث) تاریخ۔ وہ کاغذ جس پر کسی مجرم کے جرائم کا حال درج ہوتا ہے۔ بیمار کی بیماری کی مفصل کیفیت

(ہ۔ش)

ہُش (ا) کتے کو دھتکارنے۔ اونٹ کو بٹھلانے یا پرندوں کو اڑانے کی آواز۔

ہشّاش (ع۔ص) بہت خوش

ہشاش بشاش (ع۔ص) بہت خوش ہنستا کھیلتا۔

ہُشت۔ (ا) دھتکارنے کی یا اظہار نفرت کی آواز۔ دور ہو۔ پرے ہٹ۔

ہَشت (ف) آٹھ۔

ہشت پہلو (ف۔ص) آٹھ پہلو کا۔

ہشت (ا) یہ کلمہ اظہار نفرت اور قطع امر کرنے کیلئے بولتے ہیں

ہشتاد (ف۔ص) اسّی

ہشتم (ف۔ص) آٹھواں۔ آٹھویں۔

ہُشیار (ف۔ص) ہوشیار۔ عقلمند۔ چالاک۔ چوکس

ہشیاری (ف۔مث) ہوش۔ دانائی۔ بیداری۔ لیاقت۔ آگاہی۔ پیش بینی سُرت۔ سیانپت

(ہ - ف - ص)

ہَضم (ع - مذ) معدے میں غذا کا پچنا (۲) غبن - خیانت

ہضم کرنا (۲) ہڑپ کر جانا - غبن کر لینا

ہَفت (ف - ص) سات

ہفت اقلیم (ف - مث) سات ولایتیں - تمام دُنیا -

ہفت پشت (ف - مث) سات پیڑھی

ہفت اندام (ف - مث) ایک رگ کا نام ہے جس کی فصد سے سر - سینہ پُشت اور ہاتھ پاؤں کا خون نکلتا ہے -

ہفت جوش - سونا - چاندی - تانبہ - جست، لوہا، سیسہ اور رانگا کا مرکب -

ہفت خوان رستم (ف - مذ) کیکاؤس شاہ ایران ماژندران میں قید تھا - رستم اُس کی رہائی کے واسطے سات دن میں ماژندران پہنچا اور سات مختلف مشکلات کو عبور کیا - اس راستے کو ہفت خوان رستم کہتے ہیں (کنایۃً) نہایت دشوار اور مشکل کام

ہفت زبان (ف - مذ) سات زبانیں جاننے والا -

ہفت کشور (ف - مذ) سات ولایت تمام دُنیا -

ہفت ہزاری (ف - مذ) شاہان مغلیہ کے زمانے میں ایک عہدہ تھا -

ہفتاد (ف - ص) ستّر

ہفتم (ف - ص) ساتواں - سات سے نسبت رکھنے والا -

ہفتہ (ف - مذ) سات دن کا زمانہ - ساتواں دن - سنیچر کا روز -

ہفت نظر (۲) چشم بددور - ماشاءاللہ

ہفوات (ع - (ہفوۃ = لغزش) مث) (واحد ہفوۃ غیر مستعمل) بیہودہ باتیں -

(ہ۔ک۔گ)

ہُک (ہ۔ مذ) وہ خم دار کیل جو دیوار میں نصب کرتے ہیں یا گھنڈی کی جگہ جو اچکن یا شیروانی میں لگاتے ہیں۔
ہکّا بکّا (ہ) حواس باختہ۔ حیران
ہُکلا (ا) جو شخص لکنت سے بات کرے
ہکلاپن (ا۔ مذ) لکنت۔ رُک رُک کر بات کرنا۔
ہکلانا (ا) مث) لکنت کرنا۔ بدن کا (ہکلا کر)
ہکلی (ا۔ مث) ہکلانے والی عورت
ہگاس (ہ) پیخانہ پھرنے کی خواہش ہونا۔ (ہگنا)
ہگانا (ہ) پیخانہ پھرانا۔
ہگ دینا (یا) **ہگ مارنا** (ہ) خوف کے مارے براز کا خارج ہونا۔ ڈر جانا۔ رعب میں آجانا۔
ہگنا (ہ) پیخانہ پھرنا۔ رفع حاجت کرنا۔

(ہ۔ل)

ہل (ہ۔ مذ) زمین کھودنے کا آلہ۔ قلبہ۔
ہل جوتنا (ہ) ہل چلانا۔ قلبہ رانی کرنا۔
ہلا کرنا (ا) حملہ کرنا۔ یکایک دھاوا کرنا۔
ہلاچلی (ہ۔ مث) ہلچل۔ بھاگڑ۔ گڑبڑ۔
ہلادینا (ا) لرزادینا۔ اثر کرنا۔ کپکپا دینا
ہلاک (ا۔ مذ) ہلاکت۔ موت (مجازاً) آرزو مند۔ مشتاق۔
ہلاکت (ا۔ مث) تباہی۔ اجل (مجازاً) محنت مشقت۔ تھکاوٹ۔
ہلاکو (ا۔ مذ) ہلاک کرنے والا ظالم۔
ہلاکو خاں (ت۔ مذ) چنگیز خاں کے پوتے کا نام ہے جو بے حد ظالم اور خونریز تھا۔ اس نے بغداد کو تباہ کیا (کنایۃً) ظالم۔ سفاک (اُردو میں ہلاکو)
ہلال (ع۔ مذ) پہلی رات کا چاند۔ ماہِ نو اہلِ عرب دو پہلی اور دو پچھلی راتوں کے چاند کو ہلال۔ پُورے چاند کو بدر اور باقی راتوں کے چاند کو قمر کہتے ہیں۔ اہلِ زبان کی اصطلاح میں پہلی رات کے چاند کو ہلال کہتے ہیں

ہیں۔ اس کا اطلاق تین دن تک
ہوتا ہے۔ اس کے بعد قمر کہتے
ہیں۔ (اہلّہ جمع)

ہلالی (ف) منسوب بہ ہلال۔ ہلال کی طرح
ایک قسم کے تیر کا نام ہے۔

ہلانا (۲) حرکت دینا۔ مانوس کرنا۔ سدھانا

ہلاہل {ف (تس ہلاہل) مذ} زہر قاتل
بہت کڑوا۔

ہلبلانا (۱) بوکھلانا۔ گھبرانا۔

ہلبلاہٹ (یا) ہلبلی (ہ۔ مث) گھبراہٹ
جلدی۔

ہل جانا (۱) متحرک ہو جانا۔ لرز جانا۔
مانوس ہو جانا۔ غیر عورت سے تعلق کر لینا۔

ہلچل (ہ۔ مث) ہوا گرد۔ کھلبلی پڑنا (مچنا
کے ساتھ)

ہلدی (ہ۔ مث) ایک قسم کی زرد گرہ یا جڑ
جو سالن میں ڈالتے ہیں۔

ہلدی کی گرہ لیکر پنساری بن بیٹھنا
(یا) بن جانا (۲۔ مثل) تھوڑی سی
پونجی پر نازاں ہونا۔ اس مثل پر
بولتے ہیں جب کوئی ناقص اپنے

آپ کو علم و فن میں کامل جانے۔

ہلدی لگے نہ پھٹکری رنگ بھی چوکھا
آئے (ہ) اپنی گرہ سے کچھ خرچ نہ
ہو اور کام بن جائے۔

ہلڑ (ہ۔ مذ) غل غپاڑہ۔ ہنگامہ۔

ہلڑ مچانا (ہ) شور و غوغا کرنا۔ غل غپاڑہ
مچانا۔

ہلکا (ہ۔ص) کم وزن۔ سبک۔ کم قیمت
گھٹیا۔ حقیر۔ پھیکا۔

ہلکا پانی (۲۔ مذ) وہ پانی جس میں گھلنے
سے ٹکیاں نہ پیدا ہوں۔ ایسا
پانی اچھا ہوتا ہے۔

ہلکا پن (ہ۔ مذ) سبکی۔ کمینگی۔ اوچھا پن۔
کم ظرفی۔

ہلکا پھلکا (ہ۔ص) کم وزن۔ کمزور۔ نازک

ہلکا رنگ (۱۔ مذ) پھیکا رنگ۔

ہلکا کرنا (۲) خفیف کرنا۔ شرمندہ کرنا۔

ہلکا ہونا (۲) بوجھ اترنا۔ ذلیل ہونا۔
تازہ دم ہونا۔ کم ہونا۔ پتلا ہونا۔
پھیکا پڑنا۔

ہلکان (۲۔ص) مضمحل۔ پریشان۔

ہلکان ہونا (ا) پریشان ہونا۔
حیران ہونا۔
ہلکی (ہ۔مث) ہلکا کی تانیث۔ کم وزن
گھٹیا۔
ہلکے ہلکے (ا) آہستہ آہستہ۔ بیچ بیچ۔
ہلنا (ہ) حرکت کرنا۔ لرزنا۔ مانوس ہونا۔
ہلّہ (ہ۔مذ) دھاوا۔ حملہ۔ چڑھائی۔
ہلیلہ (ہ۔مذ) ہڑ۔ ایک دوا کا نام ہے۔

(ہ ۔ م)

ہَم (ا) ضمیر جمع متکلم۔ اپنے لئے کلمۂ
تعظیم۔
ہَم (ف۔ نیز۔ بھی۔ آپس میں۔
ہَمّ (ع) وہ غم جو آنے والی مصیبت کے
خیال سے ہو۔ فکر۔ بہت بوڑھا۔
ہم آغوش (ف۔ص) بغلگیر۔ کسی کو گلے
سے لگا لینا۔
ہم آواز (ف۔ص) سُر کے ساتھ سُر
ملانا۔ متفق الرائے۔
(ف۔ص۔ ہم آواز۔ ساتھی
موئید

ہم بستر (ف۔ص) ایک ہی بستر پر ساتھ
سونے والا۔
ہم بستر ہونا (ا) صحبت کرنا جماع کرنا۔
ہم پایہ (ف۔ص) ایک ہی رُتبے کا۔
ایک ہی درجہ کا۔
ہم پلّہ (ف۔ص) برابر مرتبے کا۔
ہم پہلو (ف۔ص) رفیق۔ ہم صحبت۔
ساتھی۔
ہم پیالہ (ف۔ص) دسترخوان کا شریک۔
گہرا دوست
ہم پیالہ و ہم نوالہ (ف۔ص) گہرا
دوست۔
ہم پیشہ (ف۔ص) ایک پیشہ اور ایک
ہی کام کرنے والا۔
ہمتا (ف۔ص) برابر۔ مثل۔ نظیر۔
ہم جماعت (ف۔ص) ہم سبق۔
کلاس فیلو۔
ہم جنس (ف۔ص) ہم ذات۔ ایک ہی
نمونے کا۔
ہم جولی (ا۔ص) ہم عمر۔ لنگوٹیا۔ ساتھ
کھیلی۔ لڑکی۔

ہم چشم (ف۔ص) ہم رتبہ۔ برابر کی ٹکر کا۔
ہمدرد (ف۔ص) دردمند۔ غم۔ غمخوار۔ ہمدم
ہمدست (ف۔ص) شریک۔ برابر۔
ہمدگر (ف) باہم۔ آپس میں۔
ہمدم (ف۔ص) ساتھی۔ رفیق۔
ہمدوش (ف۔ص) ہم قد۔ برابر۔ ہم رتبہ
ہم دیوار (ف۔ص) ہمسایہ۔ پڑوسی۔
ہم ذات (ف۔ص) ہم قوم۔ ایک ذات کا
ہمراز (ف۔ص) بھیدی۔ راز جاننے والا
ہمراہ (ف۔ص) ساتھ چلنے والا۔ ہم سفر۔
ہمراہی (ف۔ص) ساتھ چلنا۔ اردو۔
ہمرنگ (ف۔ص) ایک رنگ کا۔
ایک طرح کا۔
ہمرکاب (ف۔ص۔ ہمراہ۔ ساتھی۔
ہمزاد (ف۔مذ) ایک جن یا سایہ جو آدمی
کے ساتھ ہی پیدا ہوتا ہے اور ساتھ
ہی رہتا ہے۔
ہم زبان (ف۔ص) ہم آہنگ۔ ہمکلام
یک زبان۔
ہم زلف (ہ۔مث) سالی کا خاوند
ساڑھو۔ ساڈھو۔

ہمساز (ف۔ص) دوست۔ رفیق
ہمسایہ (ف۔مذ) پڑوسی۔ پڑوس۔
ہمسائی (ا۔مث) پڑوسن۔ ہمسایہ کی عورت
ہمسائگی (ف۔مث) پڑوس۔ مکان
کی نزدیکی۔
ہم سبق (ف۔مذ) ساتھ سبق پڑھنے
والا۔ ہم جماعت۔
ہمسر (ف۔ص) ہم رتبہ۔ ہم چشم۔ برابر کا۔
ہمسری (ف۔مث) برابری۔ مقابلہ۔
ہمسری کرنا (ف۔مث) برابری کا
دعویٰ کرنا۔
ہمسن (ف۔ص) ہم عمر۔ برابر کی عمر کا۔
ہمشکل (ف۔ص) ایک صورت کا۔
ہمشیر (ف۔مث) بہن۔ خواہر۔
جی جی۔ بی بی۔
ہمشیرہ (ف۔مث) بہن۔
ہم صحبت (ف۔ص) مصاحب۔ ساتھ
بیٹھنے والا۔
ہم صفیر (ف۔ص) وہ پرندے جو
ایک ہی طرح کی بولی بولیں۔
(مجازاً ہمدم یا رفیق صحبت

ہم عَصر (ف ۔ص) ایک زمانہ کا۔ ایک عہد کا۔
ہم عُمر (ف ۔ص) ایک عمر کے۔ ہمسِن
ہم عِناں (ف ۔ص) ہمراہ۔ ساتھی۔ رفیق۔
ہم عہد (ف ۔ص) ہم عصر ایک زمانہ کا۔
ہم قدم (ف ۔ص) ہم سفر۔ رفیق۔ ہمراہ۔
ہم قوم (ف ۔ص) ہم ذات۔ ایک قوم کا۔
ہم کُفو (ف ۔ص) ایک ہی خاندان کا۔
ہم کلام (ف ۔ص) مل کر بات کرنے والا مخاطب۔
ہم کلامی (ف ۔ مث) ہم کلام ہونا۔ آپس میں بات چیت کرنا۔
ہمکنار (ف ۔ص) ہم آغوش۔ بغلگیر
ہم مذہب (ف ۔ص) ایک مذہب والے۔ ایک ہی دین رکھنے والے
ہم مکتب (ف ۔ص) ایک مدرسے میں پڑھنے والے
ہمنام (ف ۔ص) ایک ہی نام والے۔

ہم نشین (ف ۔ص) ساتھ بیٹھنے والا مصاحب۔
ہم نفس (ف ۔ص) رفیق۔ یار۔ ساتھی۔
ہم نِوالہ (ف ۔ مذ) ہم پیالہ۔ ساتھ کھانے پینے والا۔
ہم وطن (ف ۔ مذ) وطنی۔ ایک علاقے کا۔ ایک ہی شہر کا۔
ہُما (ف ۔ مذ) ایک خیالی پرندہ ہے جو مُبارک سمجھا جاتا ہے۔
ہمالیہ (ہ ۔ مذ) ہندوستان کے شمال میں ایک پہاڑ ہے جو دنیا میں سب سے اونچا ہے۔
ہمہی (ہ ۔ مث) خود پسندی۔ سرمدی
ہُمایوں (ف ۔ص) مُبارک۔ نیک بخت ایک مسلمان بادشاہ کا نام ہے۔
ہمّت (ع ۔ مث) حوصلہ۔ جُرات۔ توفیق عزم۔ (جمع ۔ ہِمَم)
ہمّت کرنا (۱) جُرات کرنا۔ حوصلہ دکھانا۔
ہمّتِ مرداں مددِ خدا (ف) انسان کوشش کرے تو خدا ضرور مدد

کرتا ہے۔
ہمت والا (ا) دلیر۔ حوصلہ والا۔ سخی۔ بہادر
ہمت ہارنا (ا) حوصلہ چھوڑنا۔ دل ہارنا۔
ہمتا (ف ص) برابر کا۔ ثانی۔
ہُمک ہُمک کے چلنا (ہ) مٹک مٹک کے چلنا۔ اُچک اچک کر چلنا۔ اُچھل اُچھل کر چلنا۔
ہِمَم (ہ۔ مث۔ ج) (واحد ہمت) (مرکبات میں آتا ہے)
ہَموار (ف ص) برابر۔ یکساں۔ ہمیشہ۔ نت۔
ہمواره (ف ص) ہمیشہ لگاتار۔ دائم۔
ہمہ (ف۔ ص) تمام۔ سب۔ سارا۔
ہمہ تن (ف) سرتاپا۔ بالکل۔
ہمہ داں (ف ص) ہر فن مولا۔ ہر علم سے واقف۔
ہمہ دانی (ف۔ مث) ہمہ داں ہونا۔
ہمہ صفت موصوف (ف) سب خوبیاں رکھنے والا۔ سب گنوں کا پتلا۔
ہمہ نعمت (ف) تمام عمدہ چیزیں۔ ہر شے۔
ہمیانی (ا۔ مث) کمر باندھنے کی روپوؤں کی تھیلی۔
ہمیشگی (ف۔ مث) تعلامت۔ دوام ہمیشہ رہنا۔
ہمیشہ (ف) مدام۔ سدا۔

(ہ۔ ن)

ہَنٹر (HUNTER) (انگ مذ) چابک۔ شکاری۔
ہُنز (HUNS) انگ۔ مذ۔ ج) ایک قدیم ایشیائی قوم جو پانچویں صدی عیسوی میں شمالی مغربی راستے سے ہندوستان میں داخل ہوئی۔ اس قوم کا مشہور سردار تورمان ہوا ہے۔ یہ قوم ۴۸۰ء سے ۵۲۸ء تک شمالی ہند میں برسر اقتدار رہی۔ اس قوم کا ایک سردار مغرب میں یورپ پر حملہ آور ہوا۔ اطلا اس نے

لک کا کچھ حصہ فتح کر لیا۔ مگر بعد میں شکست کھائی۔

ہَنجار (ف۔ مذ) رستہ (مجازاً) طور طریق۔ روش۔

ہِند (مذ) ہندوستان۔ انڈیا۔ (INDIA)

ہِندسہ (ع = ہندسہ) معرب از اندازہ۔ مذ۔ عدد کی شکل اقلیدس۔ علم۔ ریاضی کی ایک شاخ۔

ہِندسہ داں (ف۔ مذ) علم ہندسہ کا عالم۔

ہِندو (ف۔ مذ) چور۔ غلام۔ سیاہ فام ہندوستان کی ایک بڑی قوم جو بُت پرست ہے۔

ہندوئے فلک (ف۔ مذ) مراد زحل ستارے سے۔

ہِندوستان (ف۔ مذ) ملکِ ہند

ہندوستانی (ا۔ص) ہندوستان کا باشندہ۔ اردو زبان۔

ہِندی (ف۔ مث) ہندوستان کا رہنے والا۔ ہندوستان کی۔ وہ زبان جو سنسکرت سے نکلی ہے اس کی بہت سی شاخیں ہیں۔ چنانچہ پنجابی بھی ایک قسم کی ہندی ہے۔ ایک قسم کا طرز تحریر

ہندی کی چندی نکالنا (چندی = تشریح۔ تفصیل (۱) بال کی کھال نکالنا۔ چھان بین کرنا۔ بے فائدہ باتیں کرنا۔

ہَنڈکُلیا (یا) **ہنڈکلیا** (ہ۔ مث) بچوں کی ہانڈی جو کلیا یا چھوٹے سے برتن میں پکاتے ہیں۔

ہِنڈول (ہ۔ مذ) ایک راگ جو موسم بہار میں صبح کے وقت گایا جاتا ہے۔

ہِنڈولا (ہ۔ مذ) جھولا۔ گہوارہ۔ گیت۔ جو برسات کے موسم میں جھولے پر گائے جاتے ہیں۔

ہُنڈی (ہ۔ مث) چک۔ وہ رقعہ جو ساہوکار ایک جگہ سے دوسری جگہ روپیہ دینے کے واسطے لکھ دے۔

ہُنڈی پٹنا ۔ ہنڈی کا روپیہ وصول ہونا۔
ہُنڈی سکارنا ۔ ہنڈی کا روپیہ ادا کرنے کی ہامی بھرنا۔ ہنڈی کا روپیہ آیا کرنا (آصفیہ)
ہنڈیا (ہ ۔ مث) ہانڈی کی تصغیر۔
ہُنر (ف ۔ مذ) فن ۔ کاری گری ۔ کرتب خوبی ۔ دانائی ۔
ہُنرمند (ف ۔ ص) باکمال کاریگر۔ صنّاع
ہُنرمندی (ہ ۔ مث) سلیقہ ۔ کاریگری
ہُنرِ (ف ۔ ص) ہنرمند۔
ہنس (ہ ۔ مذ) ایک قسم کا بطخ ۔ جسے راج ہنس کہتے ہیں۔
ہنسانا (ہ) ہنسی دلانا ۔ خوش کرنا۔
ہنس مُکھ (ہ ۔ ص) خوش مزاج ۔ خندہ پیشانی
ہنسنا (ہ ۔ خندہ ۔ مذاق کرنا ۔ مخول اُڑانا ۔
ہنسوڑ (ہ ۔ مذ) خوش طبع مسخرہ۔
ہنسی (ہ ۔ مث) خندہ ۔ تمسخر ۔ آسان کام ۔

ہنسی اُڑانا (ہ) فضیحت کرنا ۔ ٹھٹھا اُڑانا ۔ رسوا کرنا ۔
ہنسی خوشی (ہ) خوش ہو کر ۔ خیریت کے ساتھ ۔
ہنسی کھیل (ہ) ٹھٹھا ۔ آسان کام ۔
ہنسی میں (ہ) ہنس کر ٹال دینا ۔ توجہ نہیں ہی نہ لانا ۔
ہنگام (ف ۔ مذ) وقت ۔ موقع ۔ موسم ۔ ہنگامہ ۔
ہنگامہ (ف ۔ مذ) شورش ۔ داویلا ۔ بھیڑ ۔ ہجوم ۔
ہنگامہ آرا (ف ۔ ص) صفت آرا ۔ جنگ کرنے والا ۔ فساد پیدا کرنے والا ۔
ہنگامہ برپا کرنا (ہ) جھگڑا کھڑا کرنا ۔
ہنگامہ پرواز (ف ۔ ص) شورش کرنے والا ۔ جھگڑا مچانے والا ۔
ہنگامہ خیز (ف ۔ ص) ہنگامہ بپا کرنے کرنے والا ۔
ہنگامۂ محشر (ف ۔ مذ) قیامت کے دن کا ہجوم و شور
ہُنُود (ع ۔ مذ ۔ ج) (واحد ہندو)

ہنوز (ف) ابھی - ابھی تک۔
ہنوز دِلّی دُور ہے (۱) ابھی کام کا انجام دُور ہے۔
ہنہنانا (۱) گھوڑے کا بولنا۔
ہنہناہٹ (ہ - مث) گھوڑے کی آواز۔

(ہ - و)

ہُو (ع - مذ) ضمیر مذکر غائب (جمع ہُم) (اللہ تعالےٰ سے مُراد ہے۔
(ا - مذ) خوف - ڈر۔
ہُو حق (ع - مث) خدا کی یاد - اللہ اللہ (کرنا - ہونا)
ہُو حق کرنا (۱) اللہ اللہ کرنا - غل مچانا
ہُو کا عالم (یا) مقام (یا) مکان (یا) میدان (۱ - مذ) خاموش جگہ - ویرانہ - چُپ چاپ - وحشت بھری - سنسان جگہ۔
ہَوّا (ہ - مذ) فرضی - جن بھوت ڈراؤنی چیز۔
ہَوا (ع - مث) حرص - لالچ - آرزو - محبت - باد - ریح - سانس - مجازاً رُوح - ہلکی - لطیف۔
ہوا باندھنا (۱) جھوٹ مُوٹ نام یا عزت قائم کرنا۔
ہوا بدلنا (۱) ہوا کا رُخ بدلنا - موسم بدلنا زمانے کا ڈھنگ تبدیل ہونا - تبدیل مقام کرنا۔
ہوا بندھنا (۱) شہرت ہونا - نام ہونا ڈھاک بیٹھنا۔
ہوا پر اڑنا - مغرور ہو جانا۔
ہوا پرست (ف ص) ظاہر پرست - بے ہودہ عیاش
ہوا پھانکنا (۱) بھوکا رہنا - فاقہ کرنا۔
ہوا چلنا (۱) ہوا کا حرکت میں آنا - رواج پڑ جانا۔
ہوا خواہی (ف - مذ) خیر خواہی جانداری - محبت
ہوا خواہ (ف - مذ) خیر خواہ - بھلائی چاہنے والا۔
ہوا خوری (ف - مث) سیر کرنا - ہوا کھانا۔
ہوادار (ف ص) کھڑکیوں والا کھلا

مکان وغیرہ۔ تختِ رواں۔ ایک سواری جسے کہار اُٹھاتے ہیں۔
ہَواداری (ف۔ مث) دوستداری خیر خواہی۔
ہَوا دینا۔ (۲) کسی چیز کو ہوا لگوانا۔ بھڑکانا۔ فساد کرانا۔
ہَوا سے لڑنا (۲) خواہ مخواہ ہر ایک سے لڑنا۔ بے فائدہ لڑنا۔
ہَوا کا رُخ دیکھنا (۲) زمانے کا رُخ دیکھنا۔
ہَوا کھانا (۲) ہوا خوری کرنا۔ دور ہو جانا
ہوا کے گھوڑے پر سوار ہونا (۲) نہایت جلدی کرنا۔ کمال مغرور ہونا۔
ہوا لگنا (۲) ہوا کا محسوس ہونا۔ ہوا کی وجہ سے جسم کا اکڑ جانا صحبت کا اثر ہونا۔
ہوا میں گرہ دینا (یا) لگانا (۲) ناممکن کام کرنا۔
ہوا نکلنا (یا) پول کھل جانا۔ گوز نکلنا
ہَوا و ہَوس (ف۔ مث) لالچ۔ شہوت پرستی۔
ہَوا ہو جانا (۲) تیزی سے بھاگ جانا کافور ہو جانا۔ فنا ہو جانا۔
ہَوائی (ف۔ ص) منسوب بہ ہوا۔ آسمانی ہلکا رنگ وغیرہ۔
ہَوائی جہاز (۲۔ مذ) وہ جہاز جو ہوا میں اُڑے۔ طیارہ۔
ہَوائی (۲۔ مث) ایک قسم کی آتشبازی۔ افواہ۔ لغویات۔
ہَوائی جہاز (۲۔ مذ) وہ جہاز جو ہوائی آتشبازی کے اصول پر بنایا گیا ہو۔ راکٹ شپ۔
ہَوائی خبر (۲۔ مث) افواہ۔ گپ۔
ہَوائیاں (۲۔ مث۔ ج) (واحد ہوائی)
ہوائیاں اُڑنا (یا) اُڑانا (یا) چھوٹنا آتشبازی چھوٹنا۔ چہرے کا رنگ فق ہونا۔
ہُوبہُو (۲) بعینہٖ۔ اُسی طرح۔
ہوت (ا) (کلمۂ ندامت) مقدور
ہوتے سوتے مر جھو ہوتے ہوئے
ہوتے سوتے (مذ) خویش اقارب۔

رشتہ ناتہ کا زندہ و مردہ۔

ہوتے ہوئے (ا) ہوتے ہوئے۔ موجودگی میں۔

ہوتے ہوتے (ا) رفتہ رفتہ۔ آہستہ آہستہ۔

ہوتی آئی ہے (ہ) دنیا کا۔ ہمیشہ سے یہی دستور ہے۔ آگے ہی ہوتا آیا ہے۔

ہوٹل (HOTEL) (انگ۔ مذ) سرائے وغیرہ، جہاں کھانے اور رہنے کا انتظام ہو۔

ہو جانا (ا) کام کا ہو جانا۔ ہل کر چلے جانا ختم ہو جانا۔ ذمہ چڑھ جانا

ہودج (ع۔ مذ، ہودہ محمل۔

ہودہ (ا۔ مذ) ہودج۔ چھوٹا حوض۔ چوبچہ۔

ہو رہنا (ا) کہیں گھر بنا لینا۔ کسی کے لئے اپنے آپ کو وقف کر دینا۔ آہستہ آہستہ کام ہو جانا۔

ہوس (ف۔ مث) لالچ۔ جھوٹا عشق

ہوس نکالنا (ا) حسرت نکالنا۔ آرزو پوری کرنا۔

ہوس ناک (ف۔ ص) حریص۔ خواہاں۔

ہوسٹل (HOSTEL) (انگ۔ مذ) بورڈنگ ہوس۔ طلبا کے کھانے اور رہنے کی جگہ۔ دارالاقامت

ہوش (ف۔ مذ) عقل۔ تمیز۔ خبر۔ حواس۔

ہوش اڑنا (ا) حواس باختہ ہونا۔ بوکھلا جانا۔

ہوش آنا (ا) بے ہوشی سے افاقہ ہوش۔ عقل آنا۔

ہوش پکڑنا (ا) سیانا ہونا۔ سن بلوغ کو پہنچنا۔

ہوش سنبھالنا (ا) بالغ ہونا۔ تمیز سیکھنا

ہوش کی خبر لو }
ہوش کی لو } (ا) ہوش میں آؤ۔ بے عقلی مت کرو۔

ہوش مند (ف۔ ص) ذی شعور۔ عقلمند

ہوش میں آنا (ا) ہوشیار ہونا۔ بیہوشی سے افاقہ ہونا۔ عبرت پکڑنا۔ سنبھلنا۔

ہوش و حواس (فذ۔ مذ) عقل و خرد۔ تمیز۔

ہوش ہونا (ا) عقل ہونا۔ حواس درست ہونا۔

ہوشیار (ف۔ص) دانا۔ چالاک۔
تجربہ کار۔ بیدار۔
ہوشیار کرنا (۱) جگانا۔ آگاہ کرنا۔
ہوشیاری (ف۔مث) دانائی۔ دور
اندیشی۔ بیداری۔ احتیاط۔
ہُوک اُٹھنا (۱) پہلو میں درد اُٹھنا
درد ہونا۔ یکایک شدت سے
درد اُٹھنا۔
ہَوکا (د۔مث) خواہش۔ زیادہ کھانے
کی حرص۔
ہَول (ع۔مث) خوف۔ ڈر۔ ہیبت
ہَول پڑنا (۱) خوف ہونا۔ گھبراہٹ ہونا
ہَول زدہ (ف۔ص) خوف زدہ۔
گھبرایا ہوا۔
ہولناک (ف۔ص) خوفناک۔ خطرناک
ڈراؤنا۔
ہولی (ہ۔مث) ہندوؤں کے ایک
مشہور خوشی کے تہوار کا نام ہے
جس میں ایک دوسرے پر رنگ
ڈالتے ہیں۔
ہولی کا بھڑوا (ہ۔مذ) ہولی کا مسخرہ۔
ہولی کھیلنا (ہ) ہولی کے تہوار میں
ایک دوسرے پر رنگ ڈالنا۔
ہَولے ہَولے (ہ) آہستہ آہستہ۔ تھم تھم
ہوم (HOME) (انگ۔مذ) گھر وطن۔
ہوم ڈیپارٹمنٹ
(HOME DEPARTMENT)
(انگ۔مذ) ملک کے اندرونی
معاملات کا محکمہ۔
ہوم رول HOME RALE
(انگ۔مذ) سوراج۔ اپنی حکومت
ہوم سکریٹری HOME
(انگ) SECRETRY
ہوم ڈیپارٹمنٹ کا سکریٹری
ہوم ممبر HOME MEMBER
(انگ۔مذ) ملک کے اندرونی
معاملات کا وزیر۔
ہومیوپیتھی (HOMEOPATHY)
(انگ۔مذ) ایک قسم کا نیا
طریق علاج ہے۔
ہُوں (ہ) حرف ایجاب۔ ہاں۔
ہونا (ہ) پیدا ہونا۔ ظاہر ہونا۔ قرار پانا۔
گزرنا۔ تیار ہونا۔ بننا۔

ہونٹ (یا) ہونٹھ (ہ۔مذ) لب۔ (پ) کُل ؛

ہونٹ بندھنا۔ خیر بنی یا مٹھاس کے مارے ہونٹوں کا چپک جانا۔

ہونٹ چاٹنا (ہ) ہونٹوں پر زبان پھیرنا۔ ذائقہ لینا۔ مزہ لینا ؛

ہونٹ خشک ہونا (ع) پیاس کے باعث منہ سوکھنا۔ منہ تق ہونا۔

ہَوس (ا۔مث) ہوس۔ حرص۔ طمع۔

ہُونق (یا) ا۔مذ (ہ ہَبَنق) اس کا احمق۔ بے وقوف۔ جانگلو۔ وحشی ؛

ہُونکنا (ہ) سانس پھولنا۔ دم چڑھنا ؛

ہونہار (ہ۔ص) ہونے والا۔ لائق بننے والا۔ لائق۔ قابل۔

ہونہار بروے کے چکنے چکنے پات (ہ) لائق اور صاحب اقبال اولاد کے آثار ہی اچھے ہوتے ہیں ؛

ہونہ ہو (ہ) ضرور۔ شرطی ؛

ہونی (ہ۔مث) ہونے والی قسمت کی بات ؛

ہونے دو (ہ۔محاورہ) ہو جانے دو۔ ہو لینے دو ؛

ہونے والا (ہ۔ص) ہونہار۔ پیش آنے والا ؛

ہُوہا (ہ۔مث) شور غل۔ رولا۔ ہنگامہ۔ فساد ؛

ہُویدا (ف ص) ظاہر۔ روشن۔ واضح ؛

(ہ۔ی)

ہی (ہ) ایک کلمہ ہے جو کلمات کے آخر میں انحصار کا فائدہ دیتا ہے۔
(۱) فقط۔ صرف یا محض جیسے دکھا کے جنبش لب ہی تمام کر ہم کو (غالب) (۲) بالکل خدا کی جگہ جیسے جس کا جواب ہی نہیں وہ سوال یہ ہے (۳) ضرور۔ لامحالہ جیسے یہ کام تمہیں کرنا ہی ہوگا۔ (۴) فوراً کی جگہ جیسے یہ کہتے ہی وہ روانہ ہوگیا۔ نیز میں "ہی" کا استعمال حسب ذیل ہے ؛
(۱) فاعل۔ علامت فاعل کے بیچ میں جیسے زید ہی نے کہا تھا۔

(۲) مفعول اور علامت مفعول کے
درمیان جیسے عمرو ہی کو مارا تھا۔
(۳) مجرور اور جار کے بیچ میں جیسے
ع۔ جب آنکھ سے نہ ٹپکا تو پھر لہو
کیا ہے۔
(۴) جب ضمیر فاعل ہو تو "نے"
علامت فاعل پہلے آتی ہے اور
"ہی" پیچھے جیسے میں نے ہی دیا تھا۔
ہم نے ہی لیا۔
(۵) ضمائر اس۔ اُس۔ تجھ۔ اور مجھ
کے ساتھ ہی کی "ہ" حذف ہو جاتی
ہے جیسے اسی نے کہا تھا۔ اسی کو لکھا
تھا۔ تجھی کو بلایا تھا۔ مجھی سے
دلوایا تھا۔
(۶) "ہم" کے ساتھ "ہ" حذف ہو جاتی
ہے۔ اور آخر میں نون غنہ زیادہ
کیا جاتا ہے۔ ہمیں جینے سے
بیزار ہیں۔
(۷) تم کے ساتھ ہی آئے تو ہی
کی "ہ" کو ہائے مخلوط التلفظ سے
بدل کر آخر میں نون غنہ زیادہ کرتے
ہیں جیسے
ع۔ جب دل میں تمہیں تم ہو، تو
پھر آنکھوں سے نہاں کیوں ہو؟
(۸) بعض اوقات ہم اور تم کے
ساتھ "ہی" لگا کر کچھ تغیر نہیں
کرتے اور ہم ہی اور تم ہی کہتے
ہیں۔ ع۔ ہم ہی جواں آشفتہ
سروں میں وہ جواں میر بھی تھا۔
(۹) وہ اور یہ کے ساتھ آئے
تو "ہ" حذف ہو جاتی ہے اور
اکیلی نظم میں قائم رہتی ہے ع وہ
یہی آس تھی جس کا تھا سہارا
اُن کو۔
(۱۰) اب۔ جب۔ تب۔ سب
کے ساتھ "ہ" مخلوط ہو کر بولی جاتی
ہے۔ یعنی ابھی۔ جبھی۔ تبھی۔ کبھی۔
سبھی۔
(۱۱) نفی جملوں میں اسطرح استعمال
کرتے ہیں۔ "نہ محمود ہی آیا اور نہ حامد"
یہاں ہی تاکید کے لئے ہے۔ اسے
یوں لکھنا "نہ محمود آیا نہ ہی

نہی حامد" غلط ہے۔ اور یوں لکھنا بھی صحیح نہیں۔ نہ ہی حامد آیا اور نہ محمود صحیح وہی ہے جو اوپر بیان ہوا ؛

(نور اللغات)

ہیا (ہ۔مذ) حوصلہ۔ جرأت (کھلنا) ؛

ہیبت (ع۔مث) ڈر۔ خوف۔ رعب ؛

ہیبت زدہ (ف۔ص) ڈرا ہوا۔ خوف زدہ ؛

ہیبت ناک (ف۔ص) خوفناک۔ ڈراؤنا ؛

ہیئت (ع۔مث) شکل و صورت۔ حالت۔ کیفیت۔ ستاروں وغیرہ اجرام فلکی کا بیان ؛

ہیئت کذائی (ع۔مث) موجودہ حالت حالت۔ جیسی کہ ہے ؛

ہیٹ (Hat) (انگ۔مث) انگریزی ٹوپی ؛

ہیٹ (د) نیچے۔ نیچا۔ ادنے ؛

ہیٹا (ہ۔ص) گھٹیا۔ کمینہ۔ کمتر۔ پست ہمت ؛

ہیٹی (ہ۔مث) ذلت۔ سُبکی۔ بے قدری بدنامی ؛

ہیجان (ع۔مذ) جوش۔ اُبال۔ زہر۔ غلبہ ؛

ہیجڑا (ا۔مذ) خصی۔ بلمرد۔ زنخہ۔ زنانہ۔ نامرد۔

ہیجڑے کے گھر بیٹا ہوا (ہ۔محاورہ) ناممکن اور اچنبھے کی بات واقع ہونے کے موقع پر بولتے ہیں ؛

ہیچ (ف۔ص) کچھ نہیں۔ کم۔ قلیل۔ کوئی ؛

ہیچمداں (ف۔ص) کچھ نہ جاننے والا۔ بے علم ؛

ہیچ و پوچ (ف۔ص) لغو۔ بیہودہ ؛

ہیڈ (Head) (انگ۔مذ) سر۔ سردار۔ بڑا ؛

ہیڈ آفس (Head office) (انگ۔مذ) دفتر صدر۔ بڑا دفتر ؛

ہیڈ کلرک (Head clerk) (انگ۔مذ) بڑا منشی۔ میر منشی ؛

ہیڈ کوارٹر (Head quarters) صدر مقام ؛

ہیڈ ماسٹر (Head Master)

(انگ۔ مذ) سکول کا مدرِس اول۔ افسر ؛

ہیڈنگ (Heading) (انگ۔ مذ) عنوان۔ سُرخی ؛

ہیر (ہ۔ مث) رانجھے کی معشوق کا نام ہے جسکا قصہ بہت مشہور ہے ؛

ہیرا (ہ۔ مذ) ایک قسم کا قیمتی پتھر ؛

ہیرا پھیری (ہ۔ مث) آنا۔ جانا۔ آمدو رفت ؛

ہیر پھیر (ہ۔ مذ) گردش۔ انقلاب۔ خریدنا اور واپس کرنا ؛

ہیر پھیر کی باتیں (ہ۔ مث) مکر۔ فریب۔ کی باتیں ؛

ہیرو (Hero) (انگ۔ مذ) بہادر وہ شخص جس پر کسی قصے اور فسانے کا دار و مدار ہو۔

ہیروئن (Heroine) (انگ۔ مث) وہ عورت جس پہ فسانے کا دار و مدار ہو ؛

ہیرے کی کنی (ہ۔ مث) الماس کا ریزہ۔ زہر۔ قاتل ؛

ہیز (ف۔ ص) ہیجڑا۔ مخنث۔ بزدل۔ نامرد ؛

ہیزم (ف۔ مث) (یائے مجہول) جلانے کی لکڑی۔ ایندھن ؛

ہیزم فروش (ف۔ مذ) جلانے کی لکڑی بیچنے والا ؛

ہیزم کش (ف۔ مذ) لڑنے والا ؛

ہَیضہ (ع۔ مذ) مشہور وبائی۔ بیماری ہے جس میں دست اور قے آتی ہے۔ کالرا۔

ہَیضہ کرنا۔ مرض ہیضہ میں مبتلا ہونا۔

ہَیکل (ع۔ مث) حمائل۔ تعویذ۔ بت خانہ شکل و صورت۔ جسم۔ تن ہیج دیج

ہیلتھ (Health) (انگ۔ مث) صحت۔ تندرستی ؛

ہیلتھ آفیسر (Health officer) (انگ۔ مذ) محکمہ حفظانِ صحت کا افسر ؛

ہلیلگ (ہ۔ مث) ایک درخت کا گوند ہے ہاضمے کیلئے مفید ہے ؛

ہینگ لگا رکھو (ہ۔ محاورہ) طنزاً ہرا

نہ لگنے دو۔ حفاظت سے رکھو ؛

ہینگ ہگنا ۔ پیچش میں مبتلا ہونا۔ سخت بیمار پڑنا۔ پڑا رہنا ؛

ہیولا (ع۔ مذ) مادہ اصل۔ ہر چیز کی اصل۔

(ا۔ مذ) لوتھڑا۔ بیڈول جسم جلدی کرنے والا۔ متلون مزاج ؛

ہیہات (ع) افسوس۔ ہائے ہائے ؛

ہیولیٰ (ع۔ مذ) ہیولا ؛

ی

(ی ۔ ا)

یا (ع) حرفِ ندا۔ اے جی ؛

یا اللہ (ع) خدایا۔ اے خدا۔ اظہارِ تعجب کے لیے یا دعا مانگنے کے واسطے ؛

یا الٰہی (ع) یا خدا۔ اظہارِ حیرت یا دعا مانگنے کے لئے ؛

یا قسمت (ع) خدا کی مرضی۔ بدقسمتی کا گلہ کرنے کے لئے لئے بھی آتا ہے۔

یا وحشت۔ اس وقت کہتے ہیں جب کوئی شخص چنگی بھلی باتیں کرتا کرتا بے تکی باتیں کرے ؛

یاب (ف۔ لاحقہ) پایا۔ پانے والا جیسے فیضیاب ؛

یابندہ (ف۔ مذ) پانے والا۔ حاصل کرنے والا۔ وصول کرنے والا ؛

یابس (ع۔ ص) خشک۔ سوکھا ہوا ؛

یابو (ف۔ مذ) ٹٹو ؛

یاجوج (ع۔ مذ) ایک خون خوار قوم کا نام ہے ؛

یاجوج ماجوج (ع۔ مذ) دو بھائیوں کا نام ہے۔ جو ظالم تھے۔ ایک خونخوار قوم کا نام ہے (کنایۃً)

فتنہ پرواز لوگ ؛

یاد (ف۔ مث) حافظہ۔ رٹنا۔ ازبر خیال

یاد آنا (۲) خیال آنا۔ ذہن میں آنا ؛

یاد آوری (ف۔ مث) یاد کرنا۔ چٹھی بھیجنا ؛

یاد پڑنا (۲) یاد آنا ؛

یادداشت (ف۔ مث) یاد۔ روزنامچہ۔ نوٹ بک۔ نوٹ۔ وہ خط جو ایک حکومت دوسری حکومت کو کسی سیاسی معاملے کے متعلق بھیجتی ہے ؛

یاد رکھنا (۱) خیال رکھنا۔ نہ بھولنا ؛

یاد رہے (۲) بھول نہ جائیے ؛

یادش بخیر (ف۔ محاورہ) کسی دوست یا عزیز کا جو موجود نہ ہو ذکر کرتے وقت دعا کے طور پر زبان پر لاتے ہیں ؛

یاد فرمانا (۲) طلب کرنا۔ بلانا ؛

یادگار (ف۔ مذ) نشانی۔ آثار۔ مکان وغیرہ۔ بیٹا ؛

یادگارِ زمانہ (ف۔ مث) دنیا میں رہنے والی چیز ؛

یاد گُدگُدانا (۲) کسی چیز کا رہ رہ کر یاد آنا ؛

یاد ہونا۔ یاد کیا جانا۔ بلایا جانا۔ بلاوا آنا۔ طلبی ہونا۔ کسی امیر کی محفل میں طلب کیا جانا ؛

یار (ف۔ مذ) دوست۔ مددگار۔ ساتھی۔ معشوق ؛

یارباش (ف۔ ص) یاروں کا یار۔ مِلن سار۔ زندہ دل ؛

یار زندہ صحبت باقی (ف) اگر دوست زندہ ہے تو ملنے کے موقعے بھی ہیں ؛

یارِ غار (ف۔ مذ) گہرا دوست۔ پکا دوست۔ جب رسولِ خدا مکّے کے کفار کے ستانے پر ہجرت کے ارادے سے نکلے تو صرف حضرت ابوبکرؓ آپ کے ساتھ تھے۔ رستے میں تین دن غار ثور کے اندر چھپے رہے۔ وہاں حضرت ابوبکرؓ دل و جان سے خدمت کرتے رہے۔ اسی وجہ سے یارِ غار

بمعنی سچا دوست مستعمل ہو گیا ہے۔
یار لوگ (و۔ محاورہ) چالاک۔ یار دوست
ہم۔ ہیں ٭
یارا (ف۔ مذ) مجال۔ قوت۔ حوصلہ ٭
یاراں (ف۔ مذ۔ ج) (واحد یار)
دوستاں۔ احباب ٭
یارانہ (ف۔ مذ) دوستی۔ اُلفت۔ دوستانہ۔
یاروں کا یار (ا۔ص) دوستوں کا دوست
ہر حال میں شریک ٭
یاری (ف۔ مث) مدد۔ دوستی۔ محبت ٭
یاری دینا (ا) مدد دینا۔ دستگیری کرنا ٭
یازدہ (ف۔ص) گیارہ (۱۱) ٭
یازدہم (ف۔ص) گیارہواں ٭
یاس (ع۔ مث) نا امیدی۔ مایوسی ٭
یاسمن (ف۔ مذ) چنبیلی ٭
یاسین (ع۔ (یٰسین) مث) قرآن مجید
کی ایک سورۃ کا نام ہے۔ جس
کی ابتدا اسی لفظ سے ہوتی ہے
یہ اکثر مرنے والے کو آخری وقت
سُنائی جاتی ہے۔ تاکہ جان کنی میں
آسانی ہو جائے ٭

یاسین کا وقت۔ دم نزع ٭
یافت (ف۔ مث) فائدہ۔ کمائی۔ آمدنی
یافتنی (ف۔ص) قابلِ وصول ٭
یاقوت (ع۔ مذ) ایک قسم کا قیمتی پتھر ٭
یاقوت رقم (ف۔ص) خوشنویسوں کا
لقب ہوتا ہے۔ نہایت اعلےٰ
درجے کا خوشنویس ٭
یاقوتی (ع۔ مث) ایک مقوی معجون ہے ٭
یال (ف۔ مث) ایال۔ جانور کی گردن
کے لمبے لمبے بال ٭
یاں (ہ) اس جگہ (یہاں کا مخفف) صرف
نظم میں آتا ہے۔ فصحائے لکھنؤ نے
ترک کر دیا ہے۔ مگر فصحائے دہلی
کے ہاں اب بھی جائز ہے ٭
یاور (ف۔ص) مددگار ٭
یاوری (ف۔ مث) امداد۔ دستگیری ٭
یاوہ (ف۔ص) لغو۔ بیہودہ۔ لچر ٭
یاوہ گو (ف۔ص) بکواسی۔ زیادہ بولنے
والا۔
یاوہ گوئی (ف۔ مث) بکواس۔ بیہودہ
بولنا ٭

ی۔ب۔ت۔ث

(ف۔ مث) خشکی۔ سوکھاپن ؛
یبوست (ع۔ مث) خشکی۔ رکھائی ؛
یتیم (ع۔ مذ) کمسن بچہ جس کا باپ مرگیا ہو۔ بے پدر (دیکھو لسر)

یتیمی (ع۔ مث) یتیم کی حالت ؛
یتیم الطرفین (ع۔ مذ) کمسن بچہ جس کے ماں باپ دونوں مرگئے ہوں ؛
یثرب (ع۔ مذ) مدینہ شریف کا قدیم نام ہے۔ اب مدینۃ النبی یا طیبہ کہتے ہیں ؛

(ی۔ج۔خ۔ز۔لم)

یجر وید (س۔ مذ) چاروں ویدوں میں سے دوسرا وید ؛
یخ (ف۔ مث) جمی ہوئی برف۔ سردی سے جما ہوا پانی۔ نہایت سرد۔ (برف مثل غبار گرتی ہے) ؛
یخنی (ف۔ مث) گوشت کا شوربہ ؛

ید (ع۔ مذ) ہاتھ (ایدی جمع)
ید بیضا (ع۔ مذ) سفید ہاتھ۔ روشن ہاتھ
ید طولےٰ (ع۔ مذ) لمبا ہاتھ۔ رسائی۔ پہنچ مہارت۔ کمال ؛
یراق (ت۔ مذ) سامان جنگ ؛
یرغہ (ف) تیز رفتار گھوڑا ؛
یرغمال (ف۔ مذ) وہ شخص۔ جسے بطور ضمانت اپنے پاس رکھا جائے۔
یرقان (ع۔ مذ) ایک بیماری کا نام ہے۔

(ی۔ز۔س)

یزد (ف) (یزس سیج)
(مذ) ایران کے ایک مشہور شہر کا نام ہے ؛
یزداں (ف۔ مذ) خدا تعالیٰ ؛
یزدانی (ف مں) خدائی۔ یزدان کی پرستش کرنے والا ؛
یزک (ت۔ مذ) مقدمہ۔ لشکر۔ قراول۔ جاسوس ؛
یزید (ع۔ مذ) امیر معاویہ کے بیٹے کا نام ہے۔ جس نے حضرت امام حسین ؑ

کو شہید کر دیا تھا (کنایۃً) سنگدل

یَسار (ع۔مذ) بائیں ہاتھ۔ بائیں جانب

یَسُوعؑ (ع۔مذ) حضرت عیسیٰ علیہ السلام

یُسَیر (ع۔ص) سہل۔ آسان (۲۔مذ) وہ کمسن بچہ۔ جس کی ماں مرگئی ہو۔ (دیکھو یتیم)

یٰسین (ع۔مث) (دیکھو یاسین)

(ی۔ع۔غ)

یَعقوبؑ (عبرانی۔ مذ) ایک پیغمبر کا نام ہے جن کے بیٹے حضرت یوسف تھے

یَعنی (ع) (قصد کرنا) مصدر سے واحد مذکر غائب فعل مضارع کا صیغہ ہے مراد۔ مطلب

یَغما (ف۔ مذ) (۱) لوٹ۔ لوٹ کا مال۔ غارت۔ تاراج (۲) ترکستان کا ایک شہر جہاں کے باشندے بہت خوبصورت ہوتے ہیں۔

یَغمائی (ف۔ص) (۱) غارت شدہ۔ شہر یغما کی طرف منسوب (۲) لوٹ مار کرنے والا

(ی۔ق۔ک)

یَقین (ع۔ مذ) بے شبہ۔ ٹھیک۔ اعتبار

یَقیناً (ع) ضرور۔ بلاشبہ

یَقینی (ع۔ص) ضروری۔ بلاشبہ

یَک (ف۔ص) ایک

یَک بار (ف۔ص) ایک واقعہ

یَکبارگی (ف۔مث) ایک ہی دفعہ یکایک۔ کل

یَک بیک (ف) یکایک۔ دفعتہً

یک تارا (۲۔مذ) ایک تار کا باجہ

یک جا (ف) ایک جگہ۔ اکٹھے

یک جان (ف۔ص) شیر و شکر۔ خوب ملا ہوا

یک جان و دو قالب (ف) دلی دوست

یک جہت (ف۔ص) متفق۔ یک دل

یک جہتی (ف۔مث)۔ اتفاق۔ اتحاد دوستی

یک چشم (ف۔ص) کانا ۔
یک چند ۔ ذرا تھوڑی دیر کے لئے ۔
یک دستی (ف۔مث) ایک ہاتھ کا کشتی کا ایک داؤ ۔
یک دِگر (ف) وہاں استعمال کیا جاتا ہے جہاں دو شخص آپس میں متفق ہوں یا بہت سے شخص آپس میں سروکار رکھتے ہوں ۔
یک دل (ف۔ص) ہمراز۔ متفق۔ ہمزبان ۔
یک دلی (ف۔مث) اتفاق ۔
یک رُخی (ف۔مث) یک طرفہ ۔
یک رنگ (ف۔ص) یکساں۔ سچا دوست۔ بے ریا دوست ۔
یک رنگی (ف۔مث) دوستی محبّت ۔
یک زبان (ف۔ص) ایک بات والا۔ بات کا پکّا ۔
یک زبان ہوکر (ا) مل کر۔ اکٹھے ۔
یکساں (ف۔ص) ایک سا۔ ہموار۔ برابر ۔
یک سر (ف۔ص) تمام۔ بالکل۔ سارا۔
یک سو (ف۔ص) ایک طرف ۔

یک سوئی (ف۔مث) اطمینان توجہ استقلال ۔
یک شنبہ (ف۔مذ) اتوار ۔
یک طرف (ف۔مذ) ایک طرف۔ الگ۔ کنارے ۔
یک طرفہ (ف۔ص) ایک طرف کا ۔
یک قلم (ف۔ص) بالکل تمام۔ فوراً ایک دفعہ ہی ۔
یک لخت (ف۔ص) بلا توقف۔ فوراً سارے کا سارا۔ سرتاپا ۔
یک مشت (ف۔ص) ایک دفعہ اکٹھا۔
یکایک (ف) ایک دفعہ ہی۔ اچانک یک بارگی ۔
یکتا (ف۔ص) بے مثال۔ واحد اکیلا ۔
یکتائی (ف۔مث) وحدت۔ توحید ۔
یکُم (ف۔ص) پہلی۔ ایک ۔
یکہ (ف۔ص) تنہا۔ بے نظیر۔ لاثانی (ا۔مذ) ایک قسم کی گاڑی جسمیں گھوڑا جتا ہے
یکہ تاز (ف۔ص) بہادر۔ اکیلا مقابلہ کرنے والا۔ شاہسوار۔ بہادر جری ۔

ی۔گ۔ل۔م

یگ (س۔ مذ) جگ قربانی۔ ہون ؛
یگانگت (ف۔ مث) اتفاق نزدیکی
یکتائی ؛
یگانگی (ف۔ مث) یگانگت ؛
یگانہ (ف۔ ص) سگا۔ اپنا۔ قریبی۔
بے نظیر۔ اکیلا ؛
یلدا (ف۔ مث) اندھیری رات (اردو میں
ہمیشہ شب کی صفت آتا
ہے ؛
یلغار (ت) (ترکی ہے اس کا املا ایلغار
تھا جس میں دونوں الف غیر ملفوظ
تھے۔ اور بروزن خنجر بولا جاتا
تھا) مث ۱ حملہ۔ تاخت۔
دھاوا۔ یورش ؛
یم (ع۔ مذ) (دیم) دریا۔ بحر۔ ندی ؛
یمان (ع۔ ص) یمن کا ؛
یمانی (ف۔ مذ) یمن کی طرف منسوب ؛
یمن (ع۔ مذ) مبارک۔ سعادت۔ برکت ؛
یمن (ع۔ مذ) عرب کا ایک مشہور ملک ہے۔

یمنی (ع۔ ص) یمن کا۔ یمانی ؛
یمین (ع۔ مذ) دایاں ہاتھ۔ داہنا ہاتھ
کی طرف ؛
یمین و یسار (ع۔ مذ) دائیں بائیں ؛

ی۔ن۔و

ینگ (Young) (انگ۔ ص)
جوان ؛
یورپ (Europe) (انگ۔
مذ) برِاعظم یورپ۔ فرنگستان ؛
یورپین (European)
(انگ۔ ص) فرنگی۔ یورپ
کا رہنے والا ؛
یورش (ت) (یورش) ہمت ۱ دھاوا۔
حملہ۔ چڑھائی۔ غدر۔ یلغار ؛
یورینس (Uranus)
(انگ۔ مذ) ایک سیارے کا نام
ہے ؛
یوسف (عبرانی یا سُریانی۔ مذ) مشہور پیغمبر
کا نام ہے۔ جو بہت خوبصورت تھے
(کنایۃً) نہایت خوبصورت ؛

یوسف ثانی (ع۔مذ) دوسرا یوسف۔ بہت حسین ÷

یوم (ع۔مذ) دن (ایام جمع)

یوم الحساب (ع۔مذ) حساب کا دن۔ قیامت کا دن ÷

یوم القیامت (ع۔مذ) حشر کا دن ÷

یوماً فیوماً (ع۔تابع فعل) روز بروز ÷

یومیہ (ع۔مذ) روزانہ۔ روز کی مزدوری۔

یوں (ہ) اسطرح (لکھنؤ میں واؤ مجہول سے اور دہلی میں واؤ معروف سے)

یونہی (ہ) اسی طرح۔ مفت۔ بیفائدہ۔ بلاضرورت ÷

یونان (ع۔مذ) ایک ملک کا نام ہے ÷

یونانی (ع۔مذ) یونان کا رہنے والا۔ یونان کا ÷

یونائیٹڈ (united) (انگ۔ص) متحد۔ متفق ÷

یونائیٹڈ پراونسز۔ (united Provinces) (انگ) صوبجاتِ متحدہ ÷

یونائیٹڈ سٹیٹس (united States) (انگ۔مث) ریاستہائے متحدہ (امریکہ) ÷

یونائیٹڈ کنگڈم (united Kingdom) (انگ۔مث) ممالک متحدہ برطانیہ ÷

یونس (عبرانی۔مذ) ایک مشہور پیغمبر کا نام ہے ÷

یونیفارم (uniform) (انگ۔مث) وردی ÷

یونیورسٹی (university) (انگ۔مث) جامعہ ÷

یونیورسل (universal) (انگ۔ص) عالمگیر۔ عام ÷

یونین (union) (انگ۔مث) کلب سوسائٹی۔ مجلس۔ اتحاد۔ اتفاق ÷

یونین آف سوشلسٹ ریپبلک union of Socialist Republics (ا۔مث)

روس کی اشتراکی حکومت کا نام
حکومتِ اشتراکیہ شورائیہ روس۔
یونین جیک (Union Jack)
برطانوی جھنڈا ؛

ی ۔ ہ ۔ ی

یہ (ہ) اسم اشارہ۔ مرتب۔ اس قدر ؛
یہاں (ہ) اس جگہ ؛
یہاں کا باوا آدم ہی نرالا ہے۔
(۱) یہاں کی بات ہی انوکھی
ہے ؛
یہود (عبرانی۔ مذ۔ ج) (واحد یہودی
حضرت موسیٰؑ کی اُمّت ؛
یہودی (عبرانی مذ) موسائی۔ حضرت
موسیٰ کی امت کا فرد (جمع۔ یہود) ؛
یہی (ہ) "یہ ہی" کا مخفف حصر ہے ؛
یہیں (ہ) اسی جگہ ؛
یلاق (ت۔ مذ) گرمی گذارنے کا مقام
صحت افزا مقام ؛

کانٹا۔ (ہ۔مذ) (۱) خار (۲) زر و سیم اور دوا وغیرہ تولنے کی چھوٹی ترازو جس کے ملکرم میں سُوئی لگی ہوئی ہوتی ہے (۳) کان میں پہننے کا زیور (۴) مچھلی پکڑنے کا سر کج خمیدہ اور نوک دار کانٹا (۵) کنوئیں میں ڈوبا ہوا ڈول نکالنے کا اوزار جس کے چاروں طرف آنکڑے لگے ہوئے ہوتے ہیں (۶) صاحب لوگوں کے گوشت وغیرہ کھانے کا پنجا نما چیز (۷) آر جس سے گھوڑے یا بیل کو ایڑ کرنے سے چابک کا کام نکلتا ہے۔ (۸) مچھلی یا سیہہ کا کانٹا (۹) پنجرہ وغیرہ لٹکانے پُل کے تختے اٹکانے اور پھل وغیرہ توڑنے کا آنکڑا (۱۰) وہ کل جس کے دبانے سے ریل گاڑی ایک پٹڑی سے دوسری پٹڑی پر ہو جاتی ہے۔ (۱۱) ٹیک (۱۲) مُرغ۔ تیتر وغیرہ کے پاؤں کا خار جو نر کے ہوتا اور جوان ہو جانے پر نکلتا ہے۔ (۱۳) پرندوں کے ایک سخت مرض کا نام ہے (۱۴) کھٹکا۔ خلش (۱۵) نہایت دُبلا۔ لاغر (۱۶) بگراں خاطر۔ (۱۷) گھاس۔ بُھس وغیرہ اٹھانے کا چوبی پنجہ (۱۸) نہایت تیز اور تُند شراب۔ (۱۹) گھنٹے یا گھڑی کی سوئی۔ (۲۰) حساب کا عمل صحت جیسے جمع تفریق وغیرہ کا کانٹا (۲۱) زبان کا وہ کھُردرا پن جو جراءت یا پیاس وغیرہ کے باعث ہو جاتا ہے (۲۲) قوام کا تار (۲۳) ستوارہ۔ حائل۔ مزاحم (۲۴) دشمن آزار رساں ؎

(سلسلے کیلئے دیکھو صفحہ ۱۴۶)

ضمیمی

ضمیمہ نمبر ۱۔ پنجاب یونیورسٹی کے میٹریکولیشن اُردو کورس "سرمایہ اُردو" کے ضروری الفاظ۔
ضمیمہ نمبر ۲۔ فارسی ضرب المثال جو اُردو میں مستعمل ہیں۔
ضمیمہ نمبر ۳۔ عربی فقرات جو اُردو میں مستعمل ہیں۔
ضمیمہ نمبر ۴۔ اغلاط العام اور اغلاط العوام۔
ضمیمہ نمبر ۵۔ وہ الفاظ جو کئی طرح درست ہیں۔
ضمیمہ نمبر ۶۔ تذکیر و تانیث۔
ضمیمہ نمبر ۷۔ تذکیر و تانیث کے چند ضروری قاعدے۔
ضمیمہ نمبر ۸۔ وحدت و جمع۔
ضمیمہ نمبر ۹۔ اختصارات۔
ضمیمہ نمبر ۱۰۔ فروق الالفاظ۔

الف مقصورہ

ابعاد (ء۔ مذ۔ ج) (واحد بُعد)

ابعادِ ثلاثہ (ء۔ مذ ج) تین بعد یعنی طول و عرض اور بلندی یا گہرائی تمام مادی چیزوں میں یہ تینوں بعد پائے جاتے ہیں یہاں تک کہ چھوٹے سے چھوٹا ذرہ بھی انہی تینوں بعدوں سے گھرا ہوا ہے

ابنِ آدم (ف۔ مذ) آدم کی اولاد انسان آدمی۔

اپنی راہ لگنا ۔ اپنی راہ لینا۔ کسی بات سے سروکار نہ رکھنا۔

اپنے اڑھائی چاول (الگ) **گلانا** (یا) **پکانا**۔ اپنی رائے الگ ظاہر کرنا کوئی کام دوسروں سے الگ ہو کر کرنا

اِتلاف (ء) (تلف = فنا کرنا) مذ۔ ضائع کرنا۔ زائل کرنا۔ برباد کرنا۔ تلف کرنا۔

اٹالا (ہ۔ مذ) اناج کا کھتہ۔ ... سامان۔ کوڑے کرکٹ ... ڈ ... ر بنانا۔ کرنا۔ لادنا۔ لگانا۔

اُٹکلنا ۔ قیاس کرنا۔ جانچنا۔ تخمینہ لگانا۔

اٹکھیلی (یا) **اٹھکیلی** (ہ۔ مث) چال میں شوخی۔ مستانہ چال۔ شوخی معشوقانہ چال۔

اُٹھاؤ چولھا (ہ۔ مذ) وہ آدمی جو ایک جگہ نہ رہے مارا مارا پھرنے یا مکان بدلتے رہنا۔

اَثیر (ع۔ مذ) وہ غیر مادی شے جو تمام فضا میں پھیلی ہوئی ذہن کی جاتی ہے اور جس میں لہریں پیدا ہونے سے روشنی اور حرارت پیدا ہوتی ہے۔ آکاش ایتھر

اُجانغ (ت۔ مذ) چولھا۔ دیگ

اخلاف (ع - مذ) (واحد خلف) پیچھے آنے والے

اِحقاقِ حق (ع - مذ) سچی بات کو سچا ثابت کرنا۔

اُدھیڑ (اُدھیڑے) ڈالنا۔ راز فاش کرنا۔ سلائی کے ٹانکے توڑنا کھال کھینچنا۔ چھت کے اوپر کا حصّہ علیحدہ کر دینا۔ رسّی وغیرہ کا بل کھول دینا۔ غریب کر دینا۔ مفلس بنا دینا۔ شکست دینا۔

اِرادتمند (ف - ص) معتقد۔

اَردلی کے لوگ۔ جج کے ملازم۔ سواری کا جلوس۔ امرا کے ہمرکاب لوگ۔ [illegible]

اَرغنون (ف - مذ) افلاطون کا ایجاد کردہ باجا جو کوک دینے سے بجتا تھا۔ ایک قسم کا انگریزی باجا۔ آرگن (ORGAN)

اَڑان گھائی (ہ - مث) دھوکا فریب چالاکی۔ ٹال مٹول [illegible]

اُڑتی خبر (ہ - مث) [illegible] گپ

اُڑنا۔ تیزی سے [illegible] یا کودنا

اِزار (ف - مذ) شلوار۔ پاجامہ۔

ازار سے باہر نکلنا۔ غضبناک ہونا۔ غصّے کے مارے آپے سے باہر ہونا۔

اَزمنۂ متوسّطہ (ع) (ازمنہ جمع زمان یا زمانہ واحد، متوسّطہ = وسطی بیچ کا) مذ - ج (وسطی زمانے کسی ملک کی تاریخ کا وہ زمانہ جو قدیم اور جدید یعنی پرانے اور نئے زمانہ کے درمیان ہو۔ خصوصاً ہندوستان اور یورپ کی تاریخ کے ذکر میں یہ اصطلاح آتی ہے۔

اس سے کہا۔ اس لئے کہا۔

اشتہار دینا۔ مشہور کرنا۔ شہرت دینا۔ پراپیگنڈا کرنا۔ نوٹس۔

اشراق (ع - مذ) (۱) سورج کا نکلنا۔ باطن کی صفائی۔ روشن ضمیری۔ [illegible] سورج نکلنے کے تھوڑی دیر [illegible] جو نماز پڑھی جاتی ہے۔ [illegible] ریاضت کا ایک طریقہ

میں کشف کے ذریعہ سے دُور بیٹھے تعلیم دی جاسکتی ہے۔

اِشراقی (ع۔ مذ) بذریعہ اشراق تعلیم دینے والا۔

اَصیل تلوار (ا۔ مث) اعلےٰ درجے کے فولاد کی تلوار۔

اَطلس (ع۔ مث) ایک قسم کا چمکیلا کپڑا۔ ساٹن۔ ستاروں کے نقشوں کا مجموعہ۔ مختلف ملکوں کے نقشوں کا مجموعہ۔

اُفتاد (ف۔ مث) مزاج۔ عادت۔ فطرت۔ ابتدا۔ بنیاد۔ شروع۔

اَقران و امثال (ع) (قرن۔ مقرون کسی چیز سے ملا ہوا۔ مثل۔ شبیہ نظیر) مذ۔ قریب کے اور اپنے جیسے لوگ۔

اکڑ ٹاکڑ (ہ۔ مث) اکڑفوں۔ غرور تکبر۔ اینٹھ۔

الاغ (یا) الاق (ف۔ مذ) سواری مرکب۔ جسے بیگار میں پکڑ لیں گھوڑا۔ ڈاک کا گھوڑا۔ گدھا۔ قاصد

اُلٹی آنتیں گلے پڑنا۔ بلا میں گرفتار ہو جانا۔ مصیبت میں پھنس جانا۔

اَینٹھ (ہ۔ مث) اینٹھا۔ دھاندلی۔ دھوکا۔ فریب۔ حساب میں فرق۔

اللہ اللہ کرنا۔ خدا کی یاد کرنا۔ اللہ اللہ کا وظیفہ پڑھنا۔ قناعت کرکے بیٹھ رہنا۔

اللہ اللہ کرو۔ توبہ کرو۔ باز آؤ۔ یہ خیال نہ کرو۔ ایسا نہ ہوگا۔ جھوٹ نہ بولو۔

اَول (یا) کلُول (ہ۔ مث) اچھل کود خصوصاً بچے کی۔ ہستی۔ کھیل۔

اَلُونا (ہ) (الف نافیہ: لُونا از لُون۔ نمک) ص) بے نمک۔ بے ذائقہ۔ پھیکا سا۔

اَلوَند (ف۔ مذ) ایران میں ہمدان کے قریب ایک پہاڑ ہے۔

اَمریکن (ا) (انگ AMERICAN امریکن) ص) امریکہ کا امریکہ والا۔ امریکہ کی طرف منسوب۔ براعظم شمالی یا جنوبی امریکہ کا بسنے والا۔

اُمینیت۔ امن قائم رکھنا۔ امن ماموینت۔ حفاظت۔

اَن نیچرل UNNATURAL

(انگ۔ مذ) خلاف فطرت۔
غیر فطری۔ مصنوعی۔
اُنے گنے (ہ۔ تابع فعل) گنتی کے۔ چند۔
اوپری (ہ۔ص) بیرونی۔ باہر کا۔ مصنوعی
دکھاوے کا۔ عجیب۔ نئی۔ غیر مانوس۔
اوپری دل سے۔ جھوٹوں۔ ظاہری
طور پر۔ دل سے نہیں۔
اوڑھنا بچھونا بنا لینا۔ بکثرت استعمال
کرنا۔ ہر وقت استعمال کرنا۔
افیشل OFFICIAL
(انگ۔ آفس OFFICE
دفتر) ص۔ ۱) دفتری۔ سرکاری
باقاعدہ۔ باضابطہ۔
اوَل (ہ۔ مث) ضمانت۔ یرغمال
قرضے کے یا وعدے کے بدلے میں جو

اونٹنا کھولنا۔ غصے میں لال بھبھوکا ہو جانا۔
اے پھٹکار۔ لعنت بھیجنے کا کلمہ۔
دفع۔ دفان۔
ایسا تیسا (ہ۔ ص) (۱) فضول (۲)
غصے اور آزردگی کے موقعے پر
شریفانہ گالی۔
ایسا ویسا۔ معمولی۔ یونہی سا۔ ادنیٰ
حقیر۔ گندہ۔ بُرا۔
ایک (ہ۔ص) دو کا آدھا۔ صرف
واحد۔ فرد۔ تنہا۔ برابر۔ مشابہ
ٹھیک ٹھیک۔ یکتا۔ پختہ۔ تقریباً۔
ایک ہی (ہ۔ص) صرف ایک۔ وہی۔
یکتا۔ مستقل۔ بہت۔ بڑا۔ سخت
ایں! کلمہ تنبیہ یا تعجب (جملہ استفہامیہ)
میں آتا ہے۔

الف ممدودہ

آپا (ہ۔ مذ) خود۔ اپنا وجود۔ اپنا آپ۔

آتش قدم (ف۔ مذ) تیز قدم۔ گرم رو۔
تیز رفتار۔

تیز رفتار ۔

آتما (ہ ۔ مث) روح ۔ ذہن ۔ وجود
انانیت میں بھوک ۔ پیٹ ۔ شکم

آتش (ہ ۔ مث) کھانے کی تلی چیز

آگ میں پڑنا (مصیبت میں پھنسنا ۔

آم کھانے سے غرض (کام) ہے یا پیڑ گننے سے؟ ۔ آپ اپنا فائدہ منظور رکھئے ۔ بے فائدہ راز جوئی یا بحث فضول ہے ۔

آنا (۲) پہنچنا ۔ اترنا ۔ سمانا ۔ گرنا ۔ کسی کام یا ہنر سے واقف ہونا محسوب ہونا ۔ بکنا ۔ مول آنا ۔ کسی کے ذمے کچھ رقم نکلنا ۔

آندھ (ہ ۔ مث) (۱) تاریکی (۲) کمزوری وغیرہ کے سبب اٹھتے بیٹھتے آنکھوں تلے جو اندھیرا سا آجاتا ہے ۔

آنکھ چرانا (یا) آنکھیں چرانا
نگاہ بچانا ۔ کنارہ کرنا ۔ جھینپنا ۔ شرمانا ۔

آنکھوں پر ٹھیکری رکھنا (یا) رکھ لینا
بے شرم بن جانا ۔ پروا نہ کرنا بے مروت ہو جانا

آنکھوں ہی آنکھوں میں ۔ اشاروں میں ۔ سب کے سامنے ۔ سب کے دیکھتے ۔ دیکھتے ہی دیکھتے ۔

آئن شٹائن EINSTOEIN
(جرمن ۔ مذ) ایلبرٹ آئن شٹائن مشہور یہودی الاصل ۔ جرمن سائنسدان جس نے ایک نئے علمی مسئلے سے دنیائے حکمیات میں انقلاب پیدا کر دیا ۔ جرمنی کی نازی حکومت نے اسے یہودی ہونے کی وجہ سے اپنے ملک سے نکال دیا ۔ اور اس نے انگلستان میں توطن اختیار کیا ۔ پیدائش ۱۴ مارچ سنہ ۱۸۷۹ء

آئے دن ۔ ہر روز ۔ ہر وقت ۔

آئینہ دکھانا ۔ امرا کے ہاں ایک خادم ہوتا تھا جس کا کام یہ ہوتا تھا کہ باہر جاتے وقت امیر کو دکھایا کرتا تھا کہ اگر لباس وغیرہ درستی کے قابل ہو تو درست کر لیا جائے ۔ اسے آئینہ دکھانا کہتے تھے ۔

آئینہ داری کرنا۔

آئینۂ سکندریہ (ف۔ مذ) وہ آئینہ جو سکندر نے شہر سکندریہ کی تعمیر کے بعد اس شہر کے پاس دریائے نیل کے دہانے پر ایک مینار بنوا کر فرنگیوں کے لشکر دریافت کرنیکے واسطے نصب کیا تھا۔

آئینہ دار (ف۔ ص) آئینے کی طرح حیران۔ متحیر۔ متعجب۔

آئینہ ہونا۔ واضح ہونا۔ صاف اور مشرح ہونا۔

پ

ب

بات آئی گئی ہو جانا۔ معاملہ رفع دفع ہو جانا۔ فتنہ دب جانا فساد نہ بڑھنا۔

بات کی بات میں (ہ۔ تابع فعل) دم بھر میں۔ آناً فاناً میں فوراً

بادلا (ہ۔ مذ) (۱) سونے اور چاندی کے تار جو گوٹا بننے اور کلابتو بٹنے کے کام آتے ہیں۔ (۲) زری۔

بارے (ہ۔ حرف) آخرکار۔ مختصر یہ کہ

باڑھ {ہ (س) ودہ چھپانا، مث} احاطہ گھیرا ہوا۔ چاردیواری۔ کنارہ۔ حاشیہ تلوار کی تیز دھار۔

بانا (ہ۔ مذ) (۱) لباس (۲) وضع قطع (۳) تانے کے خلاف وہ تار جو کپڑا بننے کے لئے عرض میں ڈالے ہیں (۴) ایک ہتھیار جسے دونوں ہاتھوں سے پکڑ کر لڑائی میں گھماتے ہیں۔

بانٹنا چونٹنا (ہ) بانٹنا۔ تقسیم کرنا حصے بخرے کرنا۔

بانک (ہ۔ مذ) فنِ سپاگری میں ایک ورزش کا نام جیسے بنوٹ اور

بھی۔ کہتے ہیں اُسے کنار نما پٹڑی
بچھڑیوں سے بیٹھ کر یا لیٹ کر
کھیلتے ہیں۔ خنجر۔ کٹار چھری

بائیسی (ہ۔ مذ) مغل بادشاہوں کے
ساتھ بائیس اضلاع کی فوج رہا
کرتی تھی اُسے بائیسی کہتے تھے۔
(۲) (ہ) ہزار دو سو آدمیوں پر حکم
رکھنے والا۔ امیر یا سردار

بائیسی لوٹنا۔ تمام فوج کا یکلخت حملہ
کرنا۔ اپنا سارا زور لگا دینا۔

بتیسی (ہ۔ مث) آدمی کے دانتوں دونوں
لڑیاں۔ بتیس کہانیوں کا مجموعہ۔

بتیسی بجنا۔ سردی کے مارے دانت
بجنا۔ تھرانا۔ کپکپانا۔

بٹیا (ہ۔ مث) چھوٹا پات۔ سنگریزہ۔
(۲) پگڈنڈی۔ کھیتوں کے بیچ کا راستہ
ناریل کی لکڑی۔ کھوپرے کا
گولا۔

بجرہ (ا۔ مذ) گول خوشنما کشتی جس میں
امیر لوگ بیٹھ کر سیر کرتے ہیں۔

بجھیرا (ہ۔ مذ) پانی کی صراحی رکھنے کا
دھات کا بنا ہوا لگن یا گھڑونچی
کی قسم کی چیز۔

بچھنا۔ فرش ہونا۔ عجز کرنا۔ انکسار کرنا۔

بحل (ع۔ ب) حرف جر مثل جابجا کی
تابع فعل جس کے
استعمال کی اجازت دی گئی۔

بخشی (ف۔ مذ) فوج کی تنخواہ تقسیم کرنے
والا اور حساب کتاب رکھنے والا۔
چوکیداروں کی تنخواہ بانٹنے والا

بدھ (ہ۔ مث)
جوڑ۔ میزان

برج (س۔ مذ) متھرا کا ضلع جس میں
گوکل۔ بندرابن ڈیڑھ سو شمال
ہے۔ یہ جگہ کرشن جی کے وہاں
پیدا ہونے۔ لیلا کرنے اور زبان
کی فصاحت کے باعث ہی مشہور
ہے۔

برج بھاشا وہ ہندی زبان جو
برسوں پہلے بولی جاتی تھی۔

بَرچھا (ہ - مذ) لڑنے کا ایک ہتھیار جس کا پھل لمبا اور دھار والا ہوتا ہے۔

بَرچھیت (ہ - مذ) (۱) بھالا بردار (۲) خوب برچھا پھرانے والا۔ نیزہ بازی کا ماہر۔

برقپارہ (ف - مذ) برق کا ٹکڑا۔ برقیہ زمانۂ حال کے علمائے حکمت نے ثابت کیا ہے کہ مادے کا ہر ایک ذرّہ (سالمہ) نہایت چھوٹے چھوٹے مثبت اور منفی برقی ذرات سے مرکب ہے۔ سالمے کے مرکز میں مثبت ذرات ہوتے ہیں اور ان کے گرد منفی برقیات (ELECTRONS) گردش کرتے ہیں دیکھو معشوق۔

بَرق رُبا (ف - مذ) وہ تانبے کا لمبا تار جو اونچی عمارتوں میں لگایا جاتا ہے تاکہ فضائی بجلی اس میں سے ہو کر زمین میں پیوست ہوتی رہے۔

بَرقِ شاخسار (ف - مذ) لہردار برقی شعلہ۔

بَرقِ اشترنیف (ف - مث) وہ بجلی جو چادر کی شکل میں ایک بادل سے دوسرے بادل میں سرایت کرتی ہے۔

بَرقِ طُور (ف) (۱) برق (۲) بجلی! طُور (۲) مشہور پہاڑ ہے) مث وہ بجلی کی سی تیز روشنی جو حضرت موسیٰؑ کو کوہِ طور پر نظر آئی تھی۔ تجلّی ذاتِ الٰہی جس سے کوہِ طور جل گیا تھا۔

برہمی پراٹھا (یا) روٹی (د، مث) دال بھری روٹی۔ قیمہ وغیرہ بھر کر پکائی ہوئی روٹی۔

بڑھوا منگل (ہ - مذ) ایک میلے کا نام ہے۔ جو بنارس میں منگل کو ہوتا ہے۔

بساں (ف) (ب = حرف جر + ساں = مانند) حرف) مانند۔ طرح۔ بشکل

بٹوارہ (ہ - مذ) (۱) زمین کی تقسیم۔ زمین کے حصے کرنا۔ حصے داروں میں حصہ داروں کی تقسیم۔ تقسیم نامہ۔

بعدِ مکان (ف - مذ) دو مقاموں بیچ کا فاصلہ۔

بھرانا بکھیرنا۔ پراگندہ کرنا۔
بگلوس (ہ۔ مذ) وہ پیٹی جو امیروں کے درباری کوٹ کے اوپر کمر پر باندھتے ہیں۔
بلیرڈ روم BILLINRD ROOM (انگ۔ مذ) : انتا گھر۔ انٹا کھیلنے کا کمرہ۔ وہ کمرہ جس میں بلیرڈ کا کھیل کھیلتے ہیں۔
بلیہ (ع۔ مذ) مصیبت (جمع بلیات)
بمان (ہ۔ مذ) (۱) دیوتاؤں کی گاڑی۔ تخت ہوادار (۲) سجی ہوئی ارتھی
بن آنا (ہ) کام درست ہونا۔ کارگر ہونا۔ فائدہ ہونا۔ تدبیر چل جانا۔
بندی (ف۔ مث) (۱) رُدک ٹوک۔ قید۔ بندش۔ (۲) قیدی۔ غلام۔ لونڈی باندی۔ ملازمہ۔
بندی خانہ (ہ۔ مذ) قید خانہ۔ مجلس
بنا۔ باتوں میں آنا۔ احمق بننا۔ بیوقوف ٹھیرنا
بنکیت (ہ۔ مذ) بانک کھیلنے والا۔ کٹار۔ چھریوں سے بیچ کر یا لپٹ کر کھیلنے والا۔

بنوٹ (ہ (بن = بغیر اوٹ۔ پناہ) مث) بانک۔ پھکیتی یا بنکیتی۔ اس میں ڈھال وغیرہ سے کام نہیں لیا جاتا۔
بوڑھ سہاگن (ہ۔ دُعا) بڑھاپے تک سہاگن رہے۔ بڑی بوڑھی عورتیں چھوٹی عمر والیوں کو یہ دُعا دیا کرتی ہیں۔
بوزہ فروش (ف (بوزہ = جو چنے یا چاول سے بنی ہوئی شراب فروش از فروختن = بیچنا) مذ) شراب فروش۔
بوزے خانہ (ف۔ مذ) شراب خانہ
بول چال (ہ۔ مث) وہ ترتیب الفاظ جو اہل زبان کی زبان پر ہر روز مرہ کی طرز گفتگو۔
بہ طیب خاطر (ف۔ تابع فعل) خوشی کے ساتھ۔ بخوشی۔
بہکنا بھٹکنا۔ گمراہ ہونا۔ دھوکا کھانا۔ اٹینا۔ پھسنا۔ بخار میں بڑ لگنا۔ پاؤں ڈگمگانا۔ لرزنا۔

بہل (ہ۔ مذ) بیلوں کی بڑی گاڑی بہلی
بہیر (ہ۔ مث) (۱) توپ خانے کے پیچھے پیچھے جو سائیس اور شاگرد پیشہ لوگوں کی قطار ہوتی ہے۔ اور جس میں فوجیوں کی بیویاں اور ہر قسم کے دوکاندار بھی شامل ہوتے ہیں (۲) فوج کا سامان (۳) بھیڑ۔ انبوہ۔
بہیر و بنگاہ (ت (بہیر = بھیڑ۔ لشکر کے بازاری لوگ! بنگاہ = فوج کے شاگرد پیشہ) مذ} فوج کے شاگرد پیشہ لشکر کا مال اسباب اور لوگ۔
بھانڈا چوراہے میں پھوڑنا۔ کسی بات کا کھول دینا۔ بھید ظاہر کرنا۔ افشائے راز کرنا۔
بھادیں (ہ۔ تابع فعل) (۱) نزدیک حساب۔ (۲) خیال توجہ (۳) خواہ دیا، چاہے۔
بھر (ہندوستان کے اصلی باشندوں کی ایک، قوم۔ اس قوم کا ایک فرد
بھڑ بھڑیا (ہ۔ صں) شور مچانے والا۔
بھگوڑی لڑائی۔ وہ لڑائی جو جم کر نہ لڑی جائے۔
بھونرا (ہ۔ مذ) ایک قسم کا سیاہ تتیا جو لکڑی میں چھید کر کے رہتا ہے۔ اس کی گونجدار صدا سے گرمی کا سماں بندھتا ہے۔ ہندی شاعروں نے اسے کنول کے پھول کا عاشق اور چمپے کا دشمن باندھا ہے۔ عاشق صادق سے بھی تشبیہ دیتے ہیں (آصفیہ)
بے بھاؤ کی پڑنا۔ اَن گنت جوتیاں پڑنا سخت بے عزتی ہونا اور پٹنا۔
بے تے کرنا۔ جھگڑا کرنا۔ بڑھ بڑھ کے باتیں کرنا۔
بیٹھ جانا۔ رُک جانا نشین ہو جانا۔ بیدم ہو کر بیٹھ جانا
بیدھا (ہ۔ مذ) (۱) سرکاری مالگزاری۔ بندوبست (۲) وہ شخص جس پر جادو کا اثر ہو یا کسی آفت میں مبتلا ہو۔
بیڑا (ہ۔ مذ) (۱) کشتی۔ جہازوں کا مجمع (۲) بانسوں کی چھوٹی کشتی جو عوام خواجہ خضر کے نام بھادوں کے مہینے میں بہت سے چراغ رکھ

رکھ کر بہا دیتے ہیں تاکہ میت کا بیڑا پار ہو ؛

بیع بالخیار (ع۔ بیع۔ بیچنا، اختیار اتمام کرنا) مذ ؟ کوئی چیز اس شرط پر فروخت کرنا کہ اگر پسند نہ آئے تو واپس کردی جائے ؛

پ

پاپائے اعظم (ف۔ مذ) عیسائیوں کے رومن کیتھولک فرقے کا سب سے بڑا مذہبی رہنما۔ جس کا صدر مقام روما (اطالیہ) میں ہے۔ کسی زمانے میں پاپاؤں کو اس قدر عروج اور اقتدار حاصل تھا کہ یورپ کے شہنشاہ اس کے ہاتھوں تاج پہنتے تھے۔ وہ جسے چاہتا تخت سے اُتار دیتا تھا ؛

پاجانا (۱) کھوج لگنا۔ سُراغ لگنا (۲) معلوم کرنا۔ پہچاننا۔ تاڑنا ؛

پاسی (ف۔ پاس ۔ نگاہ بانی + ی نسبتی) مذ ؟ (۱) پاسبان۔ چوکیدار۔ (۲) چڑیمار۔ بہیلیا (۳) تاڑی بیچنے والا ؛

پاسی (ف۔ مث) (۱) گھوڑے کے پاؤں باندھنے کی رسّی (۲) جال۔ گھاس وغیرہ باندھنے کی جالی ؛

پاک (ف۔ ص) بے حد۔ نہایت آرزو ؛

پاک ہو جانا (۱) صاف ہونا (۲) تمام ہونا (۳) حساب ختم ہونا۔ (۴) نہایت بد وضع ہو جانا۔ غالب کے اس شعر میں یہی معنی مُراد ہیں ؛

رونے سے اور عشق میں بے باک ہو گئے
دھوئے گئے ہم اتنے کہ بس پاک ہو گئے

پاکھا (ہ۔ مذ) (۱) پہلو۔ بازو (۲) طرف۔

(۴) چھپر جو دیوار پر جھکا ہوتا ہے ؛

پال پرتل (ہ ۔ ا) پال = چھوٹا خیمہ ۔ پرتل = سوار کا اسباب جو ٹٹو پر لادا جاتا ہے) (مذ) سامانِ سفر۔ خیمہ و سامان۔

پانچوں گھی میں اور سر کڑھائی میں ہر طرح سے مزے ہیں۔ بہت اچھی حالت ہے ؛

پانی پانی ہو جانا۔ شرم سے پسینے پسینے ہو جانا۔ نادم ہونا ؛

پانی نہ مانگنا۔ فی الفور مر جانا۔ فوراً مر جانا (سانپ کے متعلق کہا کرتے ہیں کہ وہ اس قدر زہریلا ہے کہ اس کا کاٹا پانی نہیں مانگتا۔ یعنی اس کے زہر کا فوراً اثر ہو جاتا ہے اور جسے کاٹے وہ فوراً مر جاتا ہے) ؛

پانچہ بھاری کرنا۔ آنا جانا چھوڑ دینا۔ کسی فعل کو ترک کرنے کا عہد کر لینا۔ باہر نہ نکلنا۔ ایک جگہ جم کر بیٹھنا ؛

پاؤلا (ہ۔ مذ) بنوٹ والوں کا پینترا ؛
(ہ۔ تابع فعل) پیدل چلتے ہوئے

بیدل ؛

پایانِ کار۔ آخر کار ؛

پائیل (ہ۔ مث) (۱) پاؤں کا ایک زیور۔ (۲) وہ بچہ جس کے پاؤں پہلے نکلیں۔ (۳) جانوروں کے باندھنے کی جگہ۔ (۴) بانس کی سیڑھی ؛

پتلی (ہ۔ مث) (۱) گڑیا (۲) آنکھ کا گول سیاہ نقطہ (۳) گھوڑے کے سُم کا وہ گوشت جو اُبھرا ہوا ہوتا ہے (۴) حسین عورت ؛

پتلیاں جھاڑنا۔ گھوڑے کا کسی چیز پر سے نہایت تیزی کے ساتھ صاف گزر جانا ؛

پتھر کو جونک لگانا۔ سنگدل کو رحم دلانا۔ بد کو نصیحت پر عمل کرنے پر آمادہ کرنا۔ کنجوس کو فیاضی پر تیار کرنا۔ ناممکن کام کرنا ؛

پتھر کی چھاتی (ہ۔ مث) بڑا حوصلہ۔ بڑا دل۔ بڑا جگر۔ سخت جان ؛

پٹا (ہ۔ مذ) نور اللغات نے مث لکھا ہے) ایک قسم کی فنِ سپہ گری کا

کا نام جس کو پھری (سوت اور
بانس کی بنی ہوئی ڈھال) اور
گدگے سے کھیلتے ہیں (کھیلنا۔ بلانا)

پٹخارنا (۱) پیٹنا۔ دھمکانا (۲) کوڑے
لگانا ؛

پُٹیلنا۔ حاصل کرنا۔ کمانا۔ زبردستی لینا۔
زیر کرنا ؛

پُٹھیتی (ہ۔ مث) داؤں پیچ کا فن۔ کشتی
میں داؤں پیچ کرنا ؛

پچھاڑیں کھانا۔ (۱) پیٹھ کے بل
کے لوٹنا۔ بیتابی سے لوٹنا (۲)
ضد سے لیٹنا ؛

پَر (ہ۔ حرف ربط) مگر لیکن (متروک) ؛

پراچہ (؟۔ مذ) (۱) پارچہ کا کام کرنیوالا۔
(۲) ایک قوم نام جس کا پیشہ پہلے سلے کپڑے بیچنے کا

پرچہ چڑھنا۔ خبر دینا۔ اطلاع دینا ؛

پرچہ لگانا۔ مخبری کرنا ؛

پرچہ لگنا۔ پرچہ گزرنا۔ اطلاع ہونا۔
مخبری ہونا ؛

پُردہ دار (ف۔ مذ) پردہ رکھنے والا۔ پردہ
نہ کھولنے والا ؛

پروسیشن (Procession)
(انگ۔ مذ) جلوس ؛

پروین (ف۔ مذ) چھ چھوٹے ستاروں
کا جھرمٹ۔ عقد ثریا ؛

پریزیڈنٹ (President)
(انگ۔ مذ) صدر۔ صدر نشین جلسے
کی صدارت کرنیوالا۔ میر مجلس ؛

پریم شکتی (ہ۔ مث) محبت کی طاقت ؛

پسارنا۔ پھیلانا۔ کھولنا ؛

پیش خیمہ (ف۔ مذ) قافلے کا وہ حصہ جو
اصل قافلے کے پیچھے پیچھے اس غرض
سے چلتا ہے کہ کوئی شخص پیچھے رہ گیا
ہو تو اُسے ساتھ لیتا چلے ؛

پکھیرو (ہ۔ مذ) پرندہ۔ طائر ؛

پگڈنڈی (ہ (پگ۔ قدم) مث)
پیدل چلنے کا راستہ۔ کھیتوں کا
تنگ راستہ ؛

پل پڑنا۔ حملہ آور ہونا۔ گھس پڑنا ؛

پَل (ہ (پلک کا مخفف) مث) (۱) دم۔
لحظہ۔ (۲) منٹ کا ساٹھواں حصہ۔ ثانیہ ؛

پلانا (ہ۔ مذ) بالان۔ گدڑی یا کپڑا جو گدھے یا اونٹ کی پشت پر ڈالتے ہیں ؛

پنج پیر (۱۔ مذ) پانچ پیر یعنی حضرت بابا فرید شکر گنج، حضرت نظام الدین اولیاء، حضرت علی الجویری، حضرت شیخ معین الدین چشتی اور حضرت شمس تبریزی۔ بعض لوگ ان بزرگوں کی طرف منسوب کرکے خالی زمین چھوڑ دیتے ہیں جو پیران کہلاتی ہے۔

پنچم (ہ۔ مث) راگ کا بہت اونچا سُر۔

پنچھی (ہ۔ مذ) پرندہ۔ پکھیرو (۲) رنگیلا۔ بانکا ؛

پندار (ف۔ مذ) (۱) غرور (۲) خیال۔ تصور ؛

پنڈ (ہ۔ مذ) (۱) جسم بدن۔ پنڈ (۲) آٹے یا چاول کا گولا جو دریا میں چھوڑا جاتا یا گائے کو کھلایا جاتا ہے ؛

پنسوئی (ہ۔ مث) چھوٹی کشتی ؛

پولیٹیکل (Political)
(انگ۔ ص) سیاست کے متعلق۔ سیاسی ؛

پونجی (ہ۔ مث) سرمایہ۔ جائداد۔ بساط۔ حقیقت ؛

پوئی (ہ۔ مث) گھوڑے کی بے تحاشا دوڑ۔ سرپٹ ؛

پونیا (ہ۔ مذ) پونی ؛

پونیوں جانا۔ ڈکی جانا۔ دوڑ کر جانا ؛

پہلو چرانا۔ مقابلے کی تاب نہ لانا۔ مقابلے سے گریز کرنا ؛

پہلونٹی کا (ہ۔ ص۔ لکھنؤ) وہ بچہ جو پہلے پہل پیدا ہو۔ پلوٹھی کا (دہلی) ؛

پھبن (ہ۔ مث) زیبائش۔ آرائش۔ ادا۔ چھب (متروک) ؛

پھٹکا نہ کھانا۔ فوراً مرجانا۔ تڑپنے کا موقع نہ ملنا ؛

پھٹے پڑنا۔ موٹا ہو جانا۔ شق ہو جانا ؛ ٹوٹنا۔ بوجھ سے گر جانا۔

پھٹڑ (مذ)

پھنکیت (ہ۔ مذ) لاٹھی چلانے کے فن کا ماہر۔ لکڑی پھینکنے کی فن کا ماہر۔

پھنکیتی (ہ۔ مث) لکڑی چلانے کا فن لکڑی یا لاٹھی کی مدد سے حفاظتِ جان کرنے کا فن۔ اس کی دو قسمیں ہیں (۱) "رستم خانی"۔ جو ... طرز پر ہوتی ہے۔ یہ عوام

میں رائج ہے۔ (۲) علم مدیہ ایران کی عرب آمیز پھبکیتی ہے۔ جس کے ماہر شرنار ہوتے ہیں ؛

پھُول (ہ۔مذ) سلمان مُردوں کے تیسرے یا پانچویں دن کا فاتحہ جس میں پھُول اٹھائے جاتے ہیں۔ سوم۔ تیجا (اٹھنا) (فصل جیج آتا ہے) ؛

پی (ہ۔مذ) (۱) شوہر۔ خاوند (۲) معشوق۔ (ہندی شاعری میں شوہر کو بھی معشوق ہی باندھا جاتا ہے) ؛

پیا (ہ۔مذ) شوہر۔ خاوند ؛

پیادہ (ف (پے۔ پاؤں) آدہ کلمہ نسبت) مذ) جو سوار نہ ہو۔ سپاہی ہرکارہ۔ چپراسی ؛

پیترا (ہ۔مذ) کشتی یا پٹے کے داؤں کرتے وقت کا ٹھاٹھ۔ چوب بازی کے انداز کے مطابق قدم رکھنا ؛

پیتم (ہ۔مذ) پریتم۔ پتی۔ خاوند ؛

پیٹ بھر کر (ہ۔ تابع فعل) (۱) بخوبی۔ (۲) جی بھر کر (۳) بے حد بہت۔

پیٹ میں آگ لگنا۔ بہت بھُوک لگنا۔ بھُوک سے بیتاب ہونا ؛

پی جانا۔ برداشت کرنا۔ جھیلنا۔ غصّہ منضبط کر لینا ؛

پیرا (ہ۔مث) پیلا۔ زرد ؛

پیش جانا۔ (۱) سبقت لے جانا۔ (۲) قابو چلنا۔ موثر ہونا (کسی کے سامنے) زیادہ تر منفی معنوں میں آتا ہے۔

پیوند (ف۔مذ) بندش۔ جوڑ۔ میل۔ تھگلی۔ چیپی۔ ایک ہم جنس درخت کی دوسرے ہم جنس درخت میں ٹہنی لگانا۔

پیوند زمیں ہونا۔ زمین میں دفن ہونا یا گڑنا ؛

پیوست ہو جانا۔ مل جانا۔ چپک جانا۔ کھُب جانا۔ جذب ہو جانا ؛

ت

تاب (ف. مث) (۱) گرمی. حرارت (۲) روشنی. چمک (۳) سوزش جلن ؛

تاراج (ف. مذ) بربادی. تباہی. لوٹ مار (کرنا. ہونا) ؛

تاشہ (ع. مذ) نصف کرہ کی شکل کا مدوّر ڈھول (بجانا. بجنا. کڑکنا) ؛

تان (ہ. مث) (۱) گانے میں ایک خاص قسم کی بلند آواز (۲) لوہے کی سلاخ ؛

تَپ (ف) تپ. بخار ؛

تَبرید {ع (برد = ٹھنڈک) مث} (۱) ٹھنڈک (۲) ٹھنڈی دوا. مسہل کی حرارت دُور کرنے کے لیے جو شربت یا دوا دی جاتی ہے ؛

تجنیس (ع. مث) (۱) ہم جنس ہونا. ایک جیسا ہونا (۲) کسی فقرے میں ایسے الفاظ لانا جو تقریباً ایک ہی شکل کے ہوں، مگر اُن کے معنی مختلف ہوں ؛

تحت اللفظ (ع. تابع فعل) (۱) حرف بحرف (۲) سُر نیچے کو راگ میں نہ پڑھنا ؛

تخلیہ {ع (خلوۃ = خالی ہونا) مذ} (۱) خلوت. تنہائی (۲) خالی کر دینا ؛

تدارک {ع (درک = پانا) مذ} انسداد. سرزنش (کرنا) ؛

ترازو ہونا (۱) تیر کا آر پار ہو کر نکل جانا. (۲) دو لشکروں کا تعداد میں یوں برابر ہو جانا کہ ایک دوسرے پر غلبہ نہ پا سکے ؛

ترانا. (۱) ڈوبتے کو اُبھارنا. پیرانا. (۲) گناہوں سے بچانا ؛

تَری (ہ. مث) گاجر کا پکا ہوا ایک قسم کا میٹھا طعام جیسے گاجر کا حلوہ وغیرہ ؛

تسخیر {ع (سخر = مطیع کرنا) مث} مطیع کرنا۔ تابع کرنا۔ فتح کرنا۔ جن یا پری کو قید کرنا۔ کسی کا دل اپنی طرف مائل کرنا ۔

تسلیم (ع۔ مث) سلام کرنا۔ بندگی۔ آداب (بجالانا) (۲) قبول منظور (کرنا) (۳) سپرد کرنا۔ سونپنا ۔

تسلیمات (ع۔ مث۔ ج) آداب۔ بندگی۔ کورنش (واحد تسلیم۔ لیکن تسلیمات بھی بطور مفرد مستعمل ہے) ۔

تسنیم (ع۔ مث۔ مذ) بہشت کا ایک چشمہ۔

تشفی (ع۔ مث) شفا۔ صحت ۔ دلجمعی۔ تسکین۔ تسلی۔ قرار (کرنا۔ ہونا)

تضمین (ع۔ مث) (۱) ضامن لینا۔ ضمانت دینا (۲) ملانا۔ شامل کرنا (۳) کسی شاعر کے مصرع یا شعر کو اپنے شعروں میں لانا۔ (کرنا۔ ہونا) ۔

تعزیز {ع (عزر = سزا دینا) مث} سیاست۔ سزا۔ گوشمالی ۔

تفاؤل (ع۔ مذ) فال لینا۔ شگون لینا۔

تفرج (ع۔ مذ) سیر۔ تماشا۔ تفریح ۔

تفضیح (ع۔ مث) فضیحت ۔ ذلت۔ رسوائی۔ بدنامی ۔

تقریظ {ع (قرظ = زندے کو سراہنا) مث} کسی کتاب کی نسبت رائے دینا ۔

تقصیر {ع (قصر = کم کرنا) مث} کوتاہی کمی۔ چوک۔ خطا۔ قصور ۔

تکونا (ہ۔ ص) تین کونے والا۔ تین دھار والا۔ مثلث ۔

تگڈم (ہ۔ مذ) تین پتنگوں کا پیچ (۲) تین آدمیوں کا ملاپ۔ تین چیزوں کا ملنا ۔

تلادان (ہ۔ مذ) سونا۔ چاندی۔ چاول اور بیش قیمت ۔

تلافی (ع۔ مث) پاداش۔ مکافات۔ بدلہ۔

تلپٹ (ہ۔ ص) تباہ۔ خراب۔ غائب۔ ناپید۔ فراموش۔ تلے اوپر کرنا ۔ پامال کرنا۔ چرالینا۔ چھپا دینا ۔

تلخ کامی (ف۔ مث) مطلب کی بات کا دشوار ہونا۔ ناکامی ۔

تل رکھنے کی جگہ نہیں

نہیں۔ ایسا بھر گیا ہے کہ کوئی جگہ خالی نہیں ؛

تَلمِیح (ع ۔ لمح ۔ آنکھ سے اشارہ کیا) مث} کلام میں کسی روایت یا قصّے کی طرف اشارہ کرنا ؛

تَمَازَت (ف (ع تموز ۔ سال شمسی کا ساتواں مہینہ جو بہت گرم ہوتا ہے۔ فارسی والوں کا بنایا ہوا لفظ عربی الاصل نہیں ہے) مث} گرمی۔ گرمی کی تیزی ؛

تُم جانوگے۔ خبردار رہنا۔ تمہیں نقصان پہنچے گا۔ کلمہ تنبیہہ ؛

تَمرّد (ع ۔ مذ) سرکشی۔ ضد۔ ہٹ۔ گستاخی۔

تن آسان (ف ۔ مذ) سست۔ کاہل۔ محنت سے بھاگنے والا ؛

تنبول (ہ ۔ مذ) (۱) پان (۲) پان کا عرق۔ جو دُلہن کو بھیجا جاتا ہے ؛

تُنک مزاجی (ف ۔ مث) نازک مزاجی زود رنجی۔ چڑچڑاپن ؛

تورَہ (ت ۔ مذ) دستورالعمل۔ قاعدہ (مجازاً) چنگیز خاں کا قانون ؛

تُوران (ف ۔ مذ) ملک ترکستان۔ تاتار فریدوں کے بیٹے تور کے نام پر اس ملک کا یہ نام پڑا ؛

تُوم ڈالنا۔ عیب کھولنا۔ پُتنا۔ گڑے مُردے اکھاڑنا ؛

تَونس (ہ ۔ مث) وہ پیاس جو کسی طرح نہ بجھے ؛

تَونسنا۔ آفتاب کی گرمی کے مارے بے تاب ہو جانا۔ پیاس کا بڑھ جانا۔

تَونسا ہوا۔ جسے بہت پیاس لگی ہو ؛

تَھَرا (ہ ۔ مذ) پانی گرم کرنے کا برتن ؛

تھالا (ہ ۔ مذ ۔ لکھنؤ) درخت کی جڑ کا گڑھا جو پانی دینے کے واسطے بناتے ہیں۔ تھانولا (دہلی) ؛

تھان (ہ (س ۔ ستھان) مذ} جگہ گھوڑے ہاتھی یا مویشی کا طویلہ۔ دانہ یا گھاس کھلانے کا برتن۔ کپڑے وغیرہ کا مقررہ لمبائی کا ٹکڑا ؛

تھانولا (دہلی) (دیکھو "تھالا") ؛

تھرتھری (ہ ۔ مث) (۱) کپکپی۔ لرزہ تھرتھراہٹ (۲) جاڑے کا بخار۔

تپ لرزہ (چھوٹنا) ۔

تھمب (ہ۔مذ) تھم۔ ستون۔ پیل پایہ۔ کھما۔ م ۔

تیر دوز کرنا۔ تیر سے چھیدنا۔ تیر مار کر زخمی یا ہلاک کرنا ۔

تیغا (۱۔مذ) محراب کو اینٹ پتھر سے چننا (کرنا۔ ہونا) ۔

تیغالہ (تیغہ۔ خنجر) مذ) (۱) چھوٹی چوڑی دیوار ۔

تیغ دو پیکر (ف۔مث) دو دھاری تلوار۔ شمشیر دودم ۔

تیقن (ع۔مذ) یقین۔ اعتبار ۔

تیکھا (ہ۔ص) (۱) تیز۔ نکیلا تیز دھار والا۔ (۲) مؤثر۔ دل میں اتر جانیوالا۔ (۳) تلخ چرپرا (۴) تنک مزاج۔ غصیل۔ جنگجو (۵) عمدہ۔ اچھا (۶) وضعدار۔ سجیلا۔ بانکا (۷) چالاک طرار۔

تین پانچ کرنا (یا) لانا۔ جھگڑا کرنا تکرار کرنا۔ فیل لانا۔ مکاری کرنا۔ دھوکا دینا ۔

تیور آنا۔ آنکھوں کے آگے اندھیرا آنا۔ اٹھتے بیٹھتے سر میں چکر آنا ۔

(ف۔مذ) تیتر کی قسم کا ایک پرندہ۔ لوا ۔

ٹ

ٹامک ٹوک (ہ۔ص) پوری۔ کامل۔ مکمل ۔

ٹپکا (ہ۔مذ) (۱) پانی کے قطروں یا آنسوؤں کا لگاتار ٹپکنا (لگنا) (۲) آم جو پختہ ہو کر از خود شاخ سے گر پڑے۔

ٹٹر دوں ٹوں (ہ۔اسم صوت۔ مث) (۱) ٹٹروں کی آواز۔ فاختہ کی آواز۔ (۲) تنہا۔ اکیلا ۔

ٹریجڈی (Tragedy)

(انگ۔ مث) غمناک نصہ۔ وہ قصہ یا فسانہ جس کا انجام غمناک ہو ؛

ٹمک (ہ۔ ص) ذرا۔ کچھ۔ ذرا سی دیر (اب متروک ہے) ؛

ٹکرم ٹکرا (ہ۔ تابع فعل) آپس میں ٹکرانا۔ تصادم ؛

ٹنگڑی (ہ۔ مث) ٹانگ کی تصغیر ؛

ٹہل (ہ۔ مث) سیوا۔ خدمت۔ غلامی بندگی ؛

ٹیپ (ہ۔ مث) (۱) دھول۔ چپت۔ (مارنا۔ جڑنا۔ امید کرنا) (۲) اونچا سُر۔ الاپ (اٹھانا) (۳) مسدّس کی تیسری بیت (اٹھانا) (۴) فوج کا دستہ (۵) چوٹی کا عمدہ۔ چیدہ۔ اعلیٰ درجے کا (۶) پکّی عمارت میں جو درازیں اینٹوں میں رہ جاتی ہیں اُن کو چونے سے بند کر کے سطح برابر کر دیتے ہیں۔ اُس کو بھی ٹیپ کہتے ہیں (بھرنا۔ کرنا) ؛

ٹیڑھی کھیر (ا۔ مث) مشکل کام۔ دشوار کام (ایک اندھے سے کسی شخص نے پوچھا۔ کھیر کھاؤ گے۔ اُس نے کہا کھیر کیسی ہوتی ہے۔ یہ بولا سفید۔ اُس نے کہا۔ سفید کیسی؟ اُس نے کہا جیسے بگلا۔ اس نے کہا بگلا کیسا ہوتا ہے؟ اُس نے ہاتھ ٹیڑھا کر کے دکھایا کہ ایسا۔ اندھا بولا۔ یہ تو ٹیڑھی کھیر ہے۔ مجھ سے کھائی نہیں جائے گی ؛

ٹیوب (Tube) (انگ۔ مث) نلی ؛

ٹھٹھ کے ٹھٹھ (ہ۔ مذ) بڑی بھیڑ۔ سخت ہجوم۔ گروہ کے گروہ ؛

ٹھٹول (ہ۔ ص) ظریف۔ خوش طبع مسخرا ؛

ٹھٹول (ہ۔ مث) ہنسی آمیز۔ ظریفانہ ؛

ٹھڈّی (ہ۔ مث) (۱) ٹھوڑی (۲) بھُنے ہوئے اناج کا دانہ جو کھلا یا خستہ نہ ہوا ہو۔

ٹھڈّی میں ہاتھ دینا۔ (دیکھو "ٹھوڑی میں ہاتھ ڈالنا") ؛

ٹھر (ہ۔مث) ٹھنڈک۔سردی۔پالا۔
ٹھور (ہ۔مذ) جگہ۔ٹھکانا۔ (۲) سراغ۔کھوج۔
ٹھوڑی میں ہاتھ ڈالنا۔کسی کو منانے کے لئے ازراہ خوشامد اسکی ٹھوڑی کو چھونا۔خوشامد کرنا۔منت سماجت کرنا۔
ٹھیک ٹھاک (ہ۔ص) ٹھیک۔درست۔ٹھاک تابع مہمل ہے درست صحیح۔اچھا۔عمدہ۔

ث

ثبات (ع۔مذ) قرار۔قیام۔پائداری۔استقلال۔
ثریا جاہ (ف۔ص) بلند مرتبہ۔رفیع الشان۔ثریا ستاروں کا ایک مجموعہ ہے۔

ج

جان عزیز کرنا۔خطرے کے موقعے پر جان نہ لڑانا۔بزدلی دکھانا۔
جدول (ع) (نہر) مث ہے صفحہ کے چاروں طرف کے خطوط (جمع جداول)
جرّا (ف) جرّہ۔باز کی مادہ اندہے ایک قسم کا شکرہ۔
جرگہ (ف۔مذ) گروہ۔فرقہ۔افغانستان کی پارلیمنٹ کا نام۔
جریدہ (ع۔ص) اکیلا۔تن تنہا۔
جگ (ہ۔مذ) (۱) زمانہ عہد۔قرن (۲) بارہ[۱۲] یا چوبیس

باچوبیس سال کا زمانہ۔ بہت لمبا زمانہ (۲) چوسر کی اصطلاح میں دو نردوں کا ایک خانے میں جمع ہونا۔ (۴) دھاگا ؛

جِگَرداری (ف۔مث) بہادری۔ شجاعت

جَل بانک (ہ۔مذ) فنِ بانک بازی کی شاخ۔ گہرے پانی میں دشمن پر قابو پانے کا فن ؛

جِلف (ع۔مذ) احمق (اجلاف اور جلوف جمع) ؛

جُنبِیہ (ع اجنب = پہلو) مث) ایک قسم کی تلوار جسکی نوک سے کچھ دُور تک چار باڑھیں ہوتی ہیں ؛

جَوّ (ع۔مذ) آسمان اور زمین کے بیچ کا فاصلہ

جھال (ہ۔مذ) تیزی۔ جلن (۲) ٹانکا۔ دھات کا جوڑ۔ بڑا ٹوکرا۔ موج۔ لہر ؛

جھالا (ہ۔مذ) (۱) بہت زور شور کی بارش جو برس کر جلد ختم ہو جائے (۲) موتیوں کا بنا ہوا عورتوں کا ایک خاص زیور ؛

جھکولنا۔ پانی کو ہلانا جلانا۔ ڈبکی مارنا ؛

جِھل مِل ہونا۔ پانی کی لہروں کا ہِل کر چمکنا ؛

جَنگِ سی سالہ (ف۔مث) جنگ یورپ ۱۶۱۸ء سے ۱۶۴۸ء تک جرمنی میں رہی۔ یہ گویا رومن کیتھولک اور پروٹسٹنٹ فرقوں کے درمیان تھی ؛

جَنگِ صد سالہ (ف۔مث) انگلستان اور فرانس کی جنگوں کا سلسلہ جو ۱۳۳۸ء سے ۱۴۵۳ء تک رہا۔ اس کا آغاز ایڈورڈ سوم کے فرانس کے تخت کے دعوٰی سے ہوا۔ دوشیزہ فرانس جون آف آرک نے اس سلسلۂ جنگ میں کام کیا تھا۔ ۱۴۵۳ء میں انگریزوں کی سرزمین فرانس میں کامل شکست ہوئی۔ اور انکے پاس شہر کیلے کے سوا اور کچھ نہ رہا ؛

جنگِ ہفت سالہ (ف۔مث) یہ جنگ ۱۷۵۷ء سے ۱۷۶۳ء تک ہوئی۔ اس میں ایکطرف برطانیہ۔ پرشا اور ہنیور کی حکومتیں تھیں اور دوسری طرف فرانس۔ آسٹریا۔ روس۔ سویڈستان

(سویڈن) سکسنی اور ہسپانیہ تھے۔ اس کا اثر ہندوستان پر بھی پڑا۔ چنانچہ ہندوستان میں فرانسیسی سیاسی طاقت فنا ہو گئی۔ اور بنگال انگریزوں کے قبضے میں آگیا ؛

چ

چانپ (ہ۔ مذ) بندوق کا وہ پرزہ جس کے ذریعے سے کندہ نال سے جڑا رہتا ہے ؛

چانپیں چڑھنا۔ بندوق کی چانپوں کو مجرم کے کانوں میں لٹکا دینا تاکہ اُسے ایذا پہنچے ؛

چاؤش (ف۔ مذ) نقیب۔ چوبدار ؛

چکھوتیاں (ہ) (چکھنا سے) مٹ مچ ؟ لذیذ کھانے (کرنا۔ ہونا) ؛

چوبدار (ف۔ مذ) وہ نوکر جو سونے یا چاندی کا خول چڑھا ہوا عصا لیکر امیروں کے آگے آگے چلتا ہے۔ رئیسوں کی محفل کا دربان ؛

چَڈول (ہ۔ مذ) پالکی کی قسم کی امیروں کی ایک سواری ؛

چیلا (ہ۔ مذ) غلام بشاہی غلام۔ بندۂ خاص (۲) مُرید (۳) خدمت گار۔ درویشوں کی خدمت کرنیوالا ؛

ر ح ت ی

عاجز (ع) (عجز = بار رکھنا) ص کو نہ دینے والی۔ بجلی کی رَو نہ گزرنے دینے والی چیز۔ غیر موصل ؞

حُجّاب (ع۔ مذ۔ ج) (واحد حاجب) دربان ؞

حق سِرّہٗ (ع۔ اس کا بھید سچا ہے) قمری کی آواز ؞

خور د خام کرنا۔ مارنا پیٹنا۔ لات مُکّے سے تواضع کرنا ؞

دام (ف۔ مذ) (۱) چادر جس کے ساتھ مچھلیاں یا پرندے وغیرہ پکڑتے ہیں (۲) ہرن۔ آہو (۳) حشرات الارض (۴) پرندہ۔ جال۔ پھندہ ؞

دام و دَد (دیکھو "اس" "اوز" "دد") ؞

دَد (ف۔ مذ) چیرنے پھاڑنے والے جانور جیسے شیر۔ چیتا۔ بھیڑیا وغیرہ۔

دربست (ف۔ مذ) تناسب۔ عبارت میں الفاظ کا آپس میں ایسا مل جل جانا کہ ایک دوسرے سے الگ نہ ہو سکیں ؞

دِژ (ف۔ مذ) (۱) قلعہ۔ حصار (۲) چپیدگی (۳) غصہ۔ بدخوئی ؞

دِژ روئیں (ف۔ مذ) توران کے ایک نہایت مضبوط قلعے کا نام ہے۔ جہاں ارجاسپ نے گشتاسپ کی بیٹیاں لا کر قید رکھی تھیں اور پھر گشتاسپ کا بیٹا اسفندیار انہیں ہفت خواں طے کر کے چھڑا کر لایا تھا (نیز دیکھو "دژ" اور "روئیں") ؞

دُگلہ (ہ۔ مذ) روئی دار کوٹ ؞

دُوج (ہ۔ مث) قمری مہینے کے پہلے یا دوسرے نصف حصے کا دوسرا دن ؞

دُھرپت (یا) **دُھرپد** (ہ۔ مث) ایک

قسم کا راگ ؛

ڈاب (ہ۔ مذ) (۱) ایک قسم کی گھاس جنکی رسیاں بنتی ہیں۔ (۲) کچا ناریل۔ (۳) وہ خول جسمیں تلوار رکھتے ہیں ؛

ڈھرّا (ہ۔ مذ) طور طریقہ۔ راستہ۔ ڈگر ؛

ڈھلیتی (ہ۔ مث) کسی امیر کا تلوار بند نوکر۔ (۲) گاؤں کا چوکیدار ؛

رُچنا (۱) بھلی لگنا۔ خوشنما لگنا (۲) لذیذ معلوم ہونا۔ (۳) بھوک ہونا۔ خواہش ہونا ؛

رکابی (ا۔ مں) ہمرکاب۔ ہمراہی ساتھی

رواق (ت۔ مذ) وہ دیوان جو مکان کی دوسری منزل میں بناتے ہیں۔ مکان کے سامنے کا چھجا ؛

رویں (ف۔ مں) تانبے اور جلی کی مرکب دھات۔ یہ مرکب بہت سخت ہوتا ہے ؛

رہکلا (ہ۔ مث) چھوٹی توپ ؛

سَنَد نہیں۔ درست نہیں۔ جائز نہیں۔ اچھا نہیں لگتا۔ مناسب نہیں ؛

شحنہ (ف۔ مذ) کوتوال ؛

شلاق (ت۔ مذ) زور سے ہاتھ مارنا۔ کسی کو لکڑی سے مارنا (مجازاً) کوفت۔ شوخ و فتنہ انگیز ؛

شمسہ (ف۔ مذ) دیوار یا چھت پر سورج کی طرح کی گول شکل بناتے ہیں۔ اور اُس پر نقش و نگار کرتے ہیں۔ اسے شمسہ کہتے ہیں ؛

صُور و صیدا (ع۔ مذ) وہ بستیاں جن میں حضرت لُوط کی قوم بستی تھی۔ اور جو عذاب الٰہی سے تباہ و برباد ہو گئیں۔ اب وہاں بحیرہ مراد ہے ؛

صہبا (ع۔ مث) سُرخ شراب ؛

طبلِ تہی (ف۔ طبل = بڑا سا گول ڈھول جو لڑائی کے موقع پر بجایا کرتے ہیں + تہی خالی) مذ) خالی ڈھول بے اصل بات ؛

طُولِ اَمَل (ع۔ مذ) امید کی طوالت۔ لمبی لمبی اُمید باندھنا ؛

عراق (ع۔ مذ) ایک قسم کا راگ جو چاشت کے وقت گاتے ہیں ؛

غالیہ (ع۔ مذ) مشک۔ عنبر اور کافور وغیرہ

کا خوشبودار مرکب ؛

قَزغار (ف۔ مذ) (۱) ترکستان کا حُسن خیز شہر (۲) بُت خانہ ؛

قبچاق (ت۔ مذ) توران اور ترکستان کے بیچ میں ایک صحرا ہے جہاں کے باشندے بہت بے رحم ہوتے ہیں۔ وہاں کا باشندہ (مجازاً) بے باک ؛

قزاگند (ف (قز = ریشم۔ آگندن = بُننا) مذ) ریشمی کپڑا جو جنگ کے دن پہنتے ہیں ؛

کاتبی (ف۔ مذ) خلعت ایک قسم کا لباس

کاسک (روسی (Kazak) ترکی قزاق) مذ) جنوبی روس کے باشندے جو بڑے گھڑچڑھے ہوتے ہیں ؛

کاشان (ف۔ مذ) عراق عجم کا مشہور شہر جہاں کی مخمل نہایت اعلیٰ درجے کی ہوتی ہے ؛

کُٹول (ہ۔ مذ) اشنان۔ بانجھ ککوڑا۔ (ایک دوا ہے) ؛

کلول (ہ۔ مذ) (۱) کھیل کود (۲) تفریح طبع۔ دل لگی (۳) چنچل پن (۴) چُلبلاپن ؛

کِلوواٹ (Kilowatt) {انگ۔ Kilo یونانی (Khilioi) ایک ہزار Watt ایک انجینئر کا نام المتوفی ۱۸۱۹ء مذ} ایک ہزار واٹ کے برابر طاقت کی برقی اکائی جو ۱٫۳۴۱ گھوڑے کی طاقت کے برابر ہوتی ہے ؛

گمیرا (ہ۔ مذ) باغبان کے ماتحت کام کرنے والا مزدور۔ کسان کا ٹھلوا ؛

کول (ہ۔ مذ) علیگڑھ کا قدیم نام ؛

کھیم کشل (ہ۔ مث) صحت۔ خیریت ؛

گولی (ہ۔ مث) گول شکل کی کوئی چھوٹی سی چیز جیسے دوا کی گولی یا پتھر کی گولی (۲) وہ برتن جس میں گنّے کا رس پکاتے ہیں ؛

مُشَیَّن (ع۔ ص) شاندار۔ تمکنت والا۔ رعب داب والا۔ وجیہ۔ خوش

اندام تشکیل وجمیل ؛

منروا (Minerva)
(انگ۔مث) علم کی دیوی ؛

مُہرہ (ہ۔مذ) دہانہ۔مُنہ ؛

مہرے پر (ہ) سامنے ؛

مینُو (ف۔مذ) عالم عُلوی (۲) فردوس۔ بہشت (۳) فلک آسمان (۴) رنگدار شیشہ جو زیور پر چڑھایا جاتا ہے۔مینا ؛

ہوا کھانے کو کچھ نہ ملنا۔ فاقے سے ہونا۔بُھوکوں مرنا ؛

نمبر (۲)

فارسی ضرب الامثال وغیرہ جو اُردو میں مستعمل ہیں:-

فارسی	اُردو
از دیر رماندہ و از حرم ماندہ۔	دھوبی کا کتا، گھر کا نہ گھاٹ کا ؛
از خرس موئے بس است۔	ریچھ کا ایک ہی بال کافی ہے ؛
از ماست کہ بر ماست۔	ہمارا کیا۔ ہمارے آگے آتا ہے جیسی کرنی ویسی بھرنی ؛
از یک گُل بہار نمی شود۔	ایک پھول سے بہار نہیں آتی ؛
ازیں سُو راندہ و ازاں سُو در ماندہ۔	ادھر سے کھٹکا۔ اُدھر سے دُھتکار۔ نہ اِدھر کے نہ اُدھر کے ؛
اللہ بس باقی ہوس۔	خدا ہی کافی ہے۔ باقی سب ہوس ہے ؛
اندک اندک بہم شود دریا۔	پھیتوں پھیتوں کرکے تالاب بھر جاتا ہے ؛
اوّل خویش بعدہٗ درویش۔	پہلے اپنے بعد میں بیگانے ؛
ایاز قدر خود بشناس۔	آدمی کو اپنی حیثیت دیکھنی چاہیئے ؛
اے بادِ صبا ایں ہمہ آوردہ تست	یہ آپ ہی کی کرتوت ہے ؛
اے روشنیٔ طبع تو برمن بلا شدی۔	میری ہوشیاری میرے لئے مصیبت بن گئی (اگر کسی کی لیاقت اُلٹا اُسکی مصیبت

فارسی	اُردو
	کا باعث بن جائے۔ تو اس موقع پر بولتے ہیں:
ایں خیال است و محال است و جنوں۔	یہ تو ناممکن بات ہے۔ اور جنون سے زیادہ حقیقت نہیں رکھتی۔ یہ بات نہیں ہو سکتی۔
ایں ہم اندر عاشقی بالائے غمہائے دِگر۔	عشق عاشقی میں جو مصیبت پڑے۔ سہنی پڑتی ہے:
آب آمد تیمم برخاست۔	جب پانی مل گیا تیمم جاتا رہا:
آب چو از سر گزشت چہ یک نیزہ چہ یک دست۔	پانی جب سر سے گذر گیا۔ تو پھر کیا ایک ہاتھ کیا ایک بانس:
آب ندیدہ مُوزہ کشیدہ۔	دریا ابھی آیا بھی نہیں اور جُرابیں پہلے ہی اُتار لیں۔ قبل از مرگ واویلا:
آفریں باد بریں ہمّت مردانہ تو۔	تیری اس بہادری پر صد آفرین:
آں قدح بشکست و آں ساقی نہ ماند۔	نہ اب وہ پیالہ رہا نہ ساقی۔ یعنی اب وہ پہلا سا حال نہیں رہا:
با مسلماں اللہ اللہ با برہمن رام رام۔	نہ مسلمان سے دُشمنی نہ ہندوؤں سے بیر: صلح کل آدمی کے متعلق بولتے ہیں یا موقع پر کہتے ہیں۔ جب صلح کل کا اظہار مقصود ہو:
بر زبان تسبیح و در دِل گاؤ خر۔	زبان سے اللہ اللہ کی تسبیح رٹنا اور دل میں دنیا داری کے خیالات رکھنا (ریاکار

فارسی	اُردو
	آدمی کے متعلق بولتے ہیں ؛
بمرگش بگیر تا بہ تب راضی شود۔	زیادہ کا مطالبہ کرنا چاہیے۔ تاکہ تھوڑی پر تو راضی ہو جائے ؛
بُود ہم پیشہ با ہم پیشہ دشمن۔	کاریگر کاریگر کا بیری ہے ؛
بہر گل خارے۔	ہر ایک پھول کے ساتھ کانٹے ہوتے ہیں۔ جہاں فائدہ ہوتا ہے۔ وہاں تکلیف بھی اُٹھانی پڑتی ہے ؛
پا بدستِ دگرے دست بدستِ دگرے	پاؤں کسی کے ہاتھ میں اور ہاتھ کسی کے ہاتھ میں۔ بہت بری طرح ؛
پائے مرا لنگ نیست ملکِ خدا تنگ نیست	میں لنگڑا نہیں اور خدا کی زمین تنگ نہیں۔ جہاں چاہوں چلا جاؤں ؛
تا نگرید طفل کے جوشد لبن	جب تک بچہ روئے نہیں دودھ نہیں ملتا۔
تیرے کہ از کمان بیروں جست دیگر نمی گردد۔	تیر جو کمان سے نکلا پھر واپس نہیں آتا ؛
جائے اُستاد خالیست۔	اُستاد کی جگہ پھر بھی خالی ہے (اگر کوئی شخص اچھی بات یا تجویز بتائے تو اس وقت بولتے ہیں)
جائے تنگ است و مرداں بسیار۔	جگہ تھوڑی ہے اور بیٹھنے والے زیادہ
جائیکہ گل است خار ہم ہست۔	جہاں پھول وہاں خار بھی ہے۔
جواب جاہلاں باشد خموشی۔	جاہل کے جواب میں خموشی بہتر ہوتی ہے۔

فارسی	اردو
جورِ اُستاد بہ ز مہرِ پدر۔	ماں باپ کے پیار سے اُستاد کی سختی ہزار درجے بہتر ہے ؛
چاہ کُن در چاہ می اُفتد۔	اَوروں کے لئے کنواں کھودنے والا خود ہی اُس میں گرتا ہے ؛
چرا کارے کُند عاقل کہ باز آید پشیمانی۔	عقلمند ایسا کام نہیں کرتا۔ جس پر بعد میں پچھتانا پڑے ؛
حسابِ دوستاں در دِل ۔	دوستوں کا حساب دل میں ہوتا ہے ؛
حق بحقدار رسید۔	جس کا حق تھا اُسے مل گیا (یعنی لکھت پڑھت کی ضرورت نہیں ہوتی۔
سے خرِ عیسیٰ اگر بمکہ بَرَند چوں بیاید ہنوز خر باشد	اگر حضرت عیسیٰ کا گدھا بھی مکے سے ہو آئے تو انسان نہیں بن سکتا۔ یعنی بے وقوف سے سوائے بے وقوفی کے اور کسی چیز کی توقع نہیں رکھنی چاہئے) ؛
داشتہ آید بکار گرچہ بود زہرِ مار	رکھی ہوئی چیز کام آتی ہے۔ اگرچہ وہ سانپ کا زہر ہی کیوں نہ ہو ؛
در کارِ خیر حاجت ہیچ استخارہ نیست !	نیکی اور پُوچھ پُوچھ ؟
کوش دہر چہ خواہی پوشش ۔	کر مزدوری کھا چوری ؛
دروغِ مصلحت آمیز بہ از راستی فتنہ انگیز۔	فتنہ پیدا کرنے والے سچ سے وہ جھوٹ اچھا ہے جو صلح کرا دے ؛
دشمن اگر قویست نگہباں قوی تر است ۔	اگر دشمن طاقت ور ہے تو نگہبان

(کنایہ از خدا تعالیٰ) اُس سے بھی زیادہ طاقتور ہے۔

فارسی	اُردو
دشمن چہ کُند چو مہربان باشد دوست۔	دوست (خدا) مہربان ہو تو دشمن کیا بگاڑ سکتا ہے ؛
دِل را بدل رہیست دریں گنبد سپہر	دِل کو دل سے راہ ہے ؛
دیوانہ بکارِ خود ہشیار۔	پاگل جو اپنے مطلب کے لئے ہوشیار ہو ؛
بہ کہ نقد بہ حلوۂ نسیہ	نو نقد نہ تیرہ اُدھار ؛
سگِ زرد برادر شغال	چوروں کے بھائی گرہ کٹ ؛
سگِ زندہ بہ از شیرِ مُردہ۔	زندہ کتا مُردہ شیر سے بہتر ہے ؛
سگ ہم در خانۂ خود شیر است۔	اپنی گلی میں کُتا بھی شیر ہوتا ہے ؛
شنیدہ کے بُوَد مانندِ دیدہ۔	سُنی سُنائی بات آنکھوں دیکھی کب ہو سکتی ہے ؛
قطب از جا نجنبد۔	قطبی ستارہ اپنی جگہ سے نہیں ہلتا۔ اُس شخص کے متعلق بولتے ہیں جو ضد کرے اور اپنی بات سے نہ ٹلے ؛
قہرِ درویش بجانِ درویش۔	غریب اپنی مصیبت آپ ہی جھیلتا ہے۔ کوئی اس میں ہاتھ نہیں بٹاتا ؛
کوہ کندن و کاہ برآوردن۔	کھودا پہاڑ اور نکلا چوہا (اتنی محنت کے

فارسی	اُردو
	بعد نتیجہ کچھ بھی نہ نکلا ؛
ع کار دنیا کسے تمام نکرد ہر چہ گیرید مختصر گیرید	دنیا کے کام کسی نے پورے نہیں کئے۔ اس لئے اپنے ذمہ اُتنے ہی کام لو جتنے نبھا سکو ؛
عہ کوہ بسنگ غلطاں نہ روید نبات	جو پتھر لڑھک رہا ہو۔ اس پر کائی نہیں جم سکتی ؛
گربہ کشتن را روز اوّل۔	رُعب پہلے ہی دن بیٹھتا ہے ؛
گویم مشکل وگرنہ گویم مشکل۔	کہوں تو مشکل نہ کہوں تو مشکل ہے ؛
لیلیٰ را بچشم مجنوں باید دید۔	معشوق کو عاشق کی نظر سے دیکھنا چاہئے ؛
ما بخیر شما بہ سلامت۔	ہم الگ تم الگ ؛
ما در چہ خیالیم و فلک در چہ خیال۔	سوچتے کچھ ہیں اور ہوتا کچھ ہے ؛
ما را ازیں چہ قصہ کہ گاو آمد و خر رفت۔	کوئی آئے کوئی جائے ہماری بلا سے ؛
مال حرام بود بجائے حرام رفت۔	حرام کا مال حرام جگہ ہی لگتا ہے ؛
محتسب را درون خانہ چہ کار۔	کسی کو اندرونی معاملات میں دخل دینے کا کوئی حق نہیں ؛
مدعی سست گواہ چست۔	اہل غرض تو تساہل کرتا ہے مگر ساتھ والے اس کی تائید میں کوشش کرتے ہیں ؛
ع مرد آخر بیں مبارک بندہ ایست۔	عاقبت اندیش آدمی اچھا ہوتا ہے ؛
مرد چوں پیر شد حرص جوان میگردد	بڑھاپے میں [illegible] ہوتی ہے ؛
مرضی مولیٰ از ہمہ اولیٰ	خدا کی مرضی سب سے اوپر ہے ؛

فارسی	اردو
	ع۔ وہی ہوتا ہے جو منظورِ خدا ہوتا ہے ؛
که زور زر خوش دل کند کار بیش ۔	کام کا صلہ پانے والا محنت سے کام کرتا ہے ؛
مسلمان در گور و مسلمانی در کتاب ۔	پکے مسلمان گذر گئے اور اسلام کو ذکر اب کتابوں میں رہ گیا ہے ؛
مشتے که بعد از جنگ یاد آید بر کله خود باید زد	وہ مکا جو لڑائی کے بعد یاد آئے، اپنے ہی کلے پر مارنا چاہیئے (جو بات بے موقع یاد آئے اس سے مراد ہے)"
مشتے نمونه از خروارے ۔	بڑی تعداد میں سے تھوڑی سی مٹھی بطور نمونہ۔
؎ مشکلے نیست که آسان نشود مرد باید که هراسان نشود	کوئی مشکل ایسی نہیں جو آسان نہ ہو سکے۔ بشرطیکہ آدمی ہمت نہ ہار بیٹھے ؛
من ترا حاجی بگویم تو مرا حاجی بگو ۔	ہم تمہیں حاجی کہیں اور تم ہمیں حاجی کہو (ہم تمہاری تعریف کریں اور تم ہمیں آسمان پر چڑھاؤ) ؛
من چه می سرایم و طنبوره من چه می سراید	میں کیا الاپ رہا ہوں اور طنبورہ کس ڈھب سے بج رہا ہے (یعنی مدعی کچھ کہتا ہے، گواہ کچھ کہتے ہیں) ؛
ولی را ولی می شناسد ۔	ولی کو ولی پہچانتا ہے (چور کو چور پہچانتا ہے) ؛

فارسی	اُردو
نزلہ بر عضوِ ضعیف مے ریزد۔	نزلہ کمزور عضو پر ہی گرتا ہے (نقصان غریب لوگ ہی زیادہ اٹھاتے ہیں) ؛
نوبت باین جا رسید۔	یہاں تک نوبت پہنچی ؛
پائے رفتن نہ جائے ماندن نہ پائے رفتن نہ جائے ماندن	نہ جانے کا موقع ۔ نہ ٹھہرنے کا۔ عجیب گومگو میں جان ہے۔ عجیب مخمصہ ہے۔
ع۔ نہد شاخ پُر میوہ سر بر زمین	پھلدار ٹہنی ہی جھکتی ہے (یعنی جس شخص میں کوئی گن ہوتا ہے۔ وہی فروتنی اختیار کر لیتا ہے) ؛
ع۔ نہ زنگی بگرما بگردد سفید۔	حبشی نہلانے سے سفید نہیں ہوتا ؛
دارِ مرداں خالی نہ باشد۔	مردوں کا وار خالی نہ جاتا ؛
ہرچہ از دوست میرسد نکوست۔	دوست جو کچھ دے اچھا ہے ؛
ع۔ ہرچہ بادا باد ما کشتی در آب انداختیم	جو ہو سو ہو۔ اب تو کشتی دریا میں ڈال دی (یعنی اب تو کام شروع کر لیا۔ نتیجہ خواہ کچھ ہی نکلے) ؛
ہرچہ در دیگ است از چمچہ بر دل مے آید۔	جو دل میں ہوتا ہے زبان پر آتا ہے ؛
ہر روز عید نیست کہ حلوہ خورد کسے۔	روز روز ایسا موقع ہاتھ نہیں آتا ؛
ہر فرعونے را موسیٰ۔	جیسے کو تیسا مل ہی جاتا ہے ؛
ہر کارے و ہر مردے۔	جس کا کام اسی کو ساجے ؛
ہر کس بخیال خویش خبطے دارد	ہر ایک اپنی رائے کو صحیح جانتا ہے ؛

اردو	فارسی
جہاں فائدے کی امید ہوتی ہے سب لوگ جمع ہو جاتے ہیں ؛	۵ ہر کجا چشمہ بود شیریں۔ مردم و مرغ و مور گرد آیند۔
ہر شخص اپنے خیال کے مطابق کام کرتا ہے ؛	۶- ہر کہ آمد عمارتِ نو ساخت۔
جو جیسی صحبت میں ہو ویسا ہی ہو جاتا ہے ؛	ہر کہ در کانِ نمک رفت نمک شد۔
ہر شخص ایک خاص کام کے لئے موزوں ہے ؛	۸- ہر کسے را بہر کارے ساختند۔
اپنی مصلحت ہر شخص خوب جانتا ہے ؛	ہر کسے مصلحتِ خویش نکو داند۔
ہر ایک میں جداگانہ خوبیاں ہوتی ہیں ؛	۱۰- ہر گلے را رنگ و بوئے دیگر است۔
ہر جگہ رسم و رواج جدا جدا ہیں ؛	ہر ملکے و ہر رسمے
یہی مقابلے کا میدان ہے۔ ابھی آزمائش ہو جائے ؛	ہمیں چوگان ہمیں میدان ہمیں گوئے۔
کسی غائب دوست یا عزیز کا ذکر کرتے ہوئے یہ کلمہ زبان پر لاتے ہیں۔ اگر کسی دوست کا ذکر ہو اور وہ اتفاق سے آ نکلے تو بھی یہ کلمہ بولتے ہیں ؛	یادش بخیر۔
ڈھنڈورا شہر میں اور لڑکا بغل میں ؛	یار در خانہ و من گرد جہاں میگردم۔
چیز ایک اور خواہشمند سینکڑوں ؛	یک انار و صد بیمار۔
ایک بڑھاپا سو برائیوں کے برابر ؛	یک پیری و صد عیب۔
آدمی ایک فکر ہزاروں ؛	یک سر و ہزار سودا۔

فارسی	اُردو
یک من علم را ده من عقل باید۔	ایک حصہ علم کے لئے دس حصے عقل چاہیئے ؛
یک نہ شد دو شد۔	یہ اس بیوقوف برہمن کے قصے کی طرف اشارہ ہے جس نے کسی شخص کے گھر میں سے مُردے کو دریا میں بہانے کا ٹھیکہ لیا۔ مگر جب ایک لاش بہا کر آتا تو دوسری اُس کی جگہ کھڑی پاتا۔ اس طرح ایک لاش کے بجائے اس بے وقوف کو کئی لاشیں اُٹھانی پڑتیں ؛
یکے را بگیر و دیگرے را دعویٰ کن۔	جو ملتا ہو لے لو۔ اور باقی کا مطالبہ کرو ؛
یکے نقصان مایہ و دیگر شماتتِ ہمسایہ۔	ایک تو مال کا نقصان۔ دوسرے خلقِ خدا کی طرف سے ملامت ؛
پس ماندهٔ سگ نا قابلِ طہارت نیست۔	کتے کا جھوٹا پاک نہیں کیا جا سکتا۔ (برے آدمی سے بھلائی کی توقع بیکار ہے) ؛

نمبر (۳) عربی فقرات جو اردو میں مستعمل ہیں

عربی	اُردو
۱ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ	تم پر اللہ کی سلامتی ہو ؛
۲ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ	میں اللہ کی پناہ میں آتا ہوں ؛
۳ آمَنَّا وَصَدَّقْنَا	ہم ایمان لے آئے اور ہم نے سچ مان لیا (جو کچھ آپ نے فرمایا وہ بجا و درست ہے) ؛

اَلْآنَ كَمَا كَانَ	جیسا پہلے تھا ویسا ہی اب بھی ہے یعنی اس کی حالت میں کوئی تغیر نہیں آیا ؛
اَلْاَقَارِبُ كَالْعَقَارِبِ	قریبی رشتہ دار بچھوؤں سے کم نہیں ہوتے کہ ہر وقت ڈنک مارتے رہتے ہیں ؛
اَللّٰهُ اَكْبَرُ	خدا ہی سب سے بڑا ہے ؛
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ	ہر قسم کی تعریف کا حقدار خدا ہی ہے ؛
اَلْاَمْرُ فَوْقَ الْاَدَبِ	حکم ادب سے بالا ہے (یعنی اگرچہ کوئی کام کرنا خلاف ادب ہو۔ مگر جب بزرگ حکم دیں تو ادب کو ترک کر کے وہ کام کرنا ہی پڑتا ہے)؛
اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ ه	ہم اللہ کے ہیں اور ہم اسی کی طرف لوٹنے والے ہیں ؛
اَلْاِنْسَانُ مُرَكَّبٌ مِنَ الْخَطَاءِ وَالنِّسْيَانِ	انسان بھول چوک کا پتلا ہے ؛
اَلنَّاسُ عَلٰى دِيْنِ مُلُوْكِهِمْ	لوگ اکثر اپنے بادشاہ کے مذہب اور طریقے پر ہوتے ہیں (جیسا راجا ویسی پرجا)؛
اَهْلُ الْغَرْضِ مَجْنُوْنٌ	مطلبی یا غرض مند دیوانہ ہوتا ہے ؛
اَيُّهَا السَّامِعِيْنَ	اے سننے والو (مقررین اپنی تقریر میں یہ جملہ کہا کرتے ہیں)؛
كُلُّ شَيْءٍ يَرْجِعُ اِلٰى اَصْلِهٖ	ہر چیز اپنی اصل کی طرف لوٹتی ہے ؛
كُلُّ طَوِيْلٍ اَحْمَقُ اِلَّا عُمَرُ	حضرت عمرؓ کے علاوہ تمام طویل القامت لوگ احمق ہوتے ہیں ؛

كُلُّ فَضِيلَةٍ تَبْتَةٌ اِلَّا عَلِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ	حضرت علیؓ کے سوا تمام پست تر لوگ نتنہ ہوتے ہیں ؛
فَهُوَ الْمُرَادُ	یہی مطلوب تھا ؛
كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ	ہر چیز فنا پذیر ہے ؛
كَلَامُ الْمَلِكِ مَلِكُ الْكَلَامِ	بادشاہ کا کلام سب لوگوں کے کلام سے افضل ہوتا ہے ؛
لَا بَأْسَ بِهٖ	کوئی حرج نہیں۔ کیا مضائقہ ؛
لَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللهِ	خدا کے سوا اور کوئی پرستش کے لائق نہیں اور حضرت محمدؐ اس کے رسول ہیں ؛
لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ	نہ ہم میں زور ہے نہ طاقت۔ سب زور و طاقت اللہ کی دیتا ہے۔ یہ جملہ جیسے مرقع [illegible] پر بولا جاتا ہے جب برائی پر اظہار نفرت [illegible]
لَا نُسَلِّمُ	ہم نہیں مانتے ؛
مَا فِي الضَّمِيرِ	دل کی بات ؛
مَا شَاءَ اللهُ	جو اللہ چاہا ہے
مَا قَلَّ وَدَلَّ	تھوڑا کلام جس کے معنی بہت ہوں ؛
وَاللهُ اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ	حقیقی صحیح بات کا علم اللہ ہی کو ہے ؛
هُوَ الشَّافِي	خدا ہی شفا دینے والا ہے۔ طبیب نسخوں کی ابتدا میں لکھا کرتے ہیں) ؛
هَلْ جَزَاءُ الْاِحْسَانِ اِلَّا الْاِحْسَانُ ط	احسان کا بدلہ احسان ہی ہے ؛
وَمَا عَلَيْنَا اِلَّا الْبَلَاغُ	ہمارا کام تو نصیحت کرنا ہے ماننے نہ ماننے کا

مُدَّ ظِلُّهُ الْعَالِی
مُوصِل اِلَی الْمَطْلُوب
وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِالصَّوَاب

آپ کو اختیار ہے ؛
خدا اس کا سایۂ عاطفت ہمیشہ قائم رکھے ؛
اصل مقصود کی طرف پہنچانے والا ؛
خدا ہی بہتر جانتا ہے ؛

نمبر (۴)

اغلاط العام اور اغلاط العوام

اُردو زبان میں یہ مسئلہ خاص اہمیت رکھتا ہے کہ جو الفاظ عربی فارسی۔ سنسکرت۔ انگریزی وغیرہ زبانوں سے آئے ہوئے ہیں اور اپنی اصلی صورت و ہیئت پر قائم نہیں انہیں کیا سمجھا جائے آیا اُن کو صحیح قرار دیا جائے یا غلط؟ اساتذہ نے اس کا یہ فیصلہ کیا ہے کہ جن الفاظ میں فصحاء نے فصاحت عام کی خاطر کچھ تھوڑا سا تغیر کر لیا ہے۔ اُن کو غلط تو سمجھا جائے۔ مگر روز مرہ کی بول چال میں لے لیا جائے تو چنداں مضائقہ نہیں مگر اجتناب بہتر ہے۔ لیکن جن الفاظ کو عوام نے اپنی جہالتِ علمی کی وجہ سے بگاڑ رکھا ہے۔ اُن کو کلی طور پر غلط قرار دیا جائے اور بول چال میں ان سے پرہیز کیا جائے۔ اس اصول کے مطابق ہم ذیل میں چند اغلاط العام اور اغلاط العوام درج کرتے ہیں :۔

ا۔ اغلاط العوام ا۔ برکت :۔ اصل میں اس کا تلفظ بَرَکَت ہے لیکن بعض فصحاء نے بَرکَت بھی لکھا ہے ؛

۲۔ لعینہ :۔ صحیح تلفظ ب کی زیر کے ساتھ اب علینا ہی ہا ہے۔ مگر ب کی زبر کے ساتھ بھی سُننے میں آتا ہے ؛

۳۔ پریشان :۔ اصل میں پ کی زبر کے ساتھ (پَر ی شاں) ہے۔ مگر اب
پ کی زیر کے ساتھ بولا جاتا ہے ؎

۴۔ تابعدار :۔ لغوی اعتبار سے اس کے معنی ہیں: وہ شخص جو دوسرے کو اپنے ماتحت
رکھے یعنی خود تابع اور دوسرے کو مطیع رکھے۔ مگر بول چال میں مطیع اور فرمانبردار کے معنوں میں
آتا ہے۔ اس کا صحیح املا تبعدار ہے ؎

۵۔ جدوجہد :۔ اصل میں ان کا تلفظ جِد و جُہد ہے۔ مگر عام طور پر جَدو
جہد بولتے ہیں ؎

۶۔ جُراب :۔ عربی زبان میں یہ لفظ جَورَب ہے
(یعنی پاؤں میں پہننے کا موزہ) مگر اردو والوں نے جُراب بنالیا ہے۔

۷۔ جمادی الاولیٰ و جمادی الثانی :۔ عام طور پر اس کا تلفظ جمادُل اوّل اور
جمادُث ثانی کیا جاتا ہے۔ حالانکہ نہ یہ تلفظ صحیح ہے نہ ترکیب۔ عربی قواعد زبان دانی کے
لحاظ سے جمادی الاُولےٰ اور جمادی الآخرۃ چاہیئے۔ کیونکہ اوّل اور ثانی تو وہاں کہلاتا ہے۔ جہاں
ثالث اور رابع وغیرہ بھی ہوں۔ یہاں تو اظہارِ ترتیب مقصود ہے۔ نہ کہ بیان تعداد (دیکھو
"صراح" اور "المنجد") ؎

۸۔ ربیع الثانی :۔ عام طور پر یہ قمری مہینے کا نام مشہور ہے۔ مگر اہل عرب کے
نزدیک یہ ایک فصل کا نام ہے۔ چنانچہ صراح میں ہے کہ "عند العرب ربیعان
ربیع الشہور (وھما) شہران ربیع الاوّل والربیع الآخر) و
ربیع الازمنۃ فربیعان۔ الربیع الاوّل والربیع الثانی وھو الفصل
الذی تدرک فیہ الثمار، یعنی اہل عرب کے نزدیک ربیع کی دو قسمیں ہیں
ایک تو ربیع الشہور۔ یہ دو مہینے ہیں (۱) ربیع الاوّل (۲) ربیع الآخر۔ دوسری
ربیع الازمنہ یہ دو فصلیں ہیں (۱) ربیع الاوّل اور (۲) ربیع الثانی یہ آخرالذکر وہ

فصل ہے جس میں درختوں کو پھل آتا ہے۔ پس مہینے کا صحیح نام ربیع الآخر ہے۔

۹۔ چمچہ :۔ یہ ترکی الاصل ہے۔ مگر وہ اسے چ کی پیش سے بولتے ہیں۔ ہمارے اہلِ زبان چمچہ (چَم چہ) بلکہ عوام تو چم چ (چَمچ) بھی بولنے لگے ہیں۔ اسم تصغیر چمچی ہے۔

۱۰۔ حرکت۔ اصل میں تو ح اور ر دونوں مفتوح ہیں۔ (حَ رَ کَت) مگر بولنے میں حرکت بھی آتا ہے۔

۱۱۔ خطی :۔ زبانوں پر خ کی زبر سے ہے (خَطّی) مگر اصل میں خِطّی خ کی زیر سے ہے۔

۱۲۔ خفگی :۔ عام طور پر اس کا تلفظ خَف گی (بفائے ساکن) کیا جاتا ہے۔ مگر صحیح خَفَگی (بفائے مفتوح) ہے۔

۱۳۔ خوش :۔ اس میں خ مفتوح ہے۔ اور واؤ معدولہ اور تلفظ خَش۔ چنانچہ ناسخ نے غش کے قافیے میں کہا ہے۔ لیکن اہلِ زبان بالضم (خُش) بولتے ہیں۔

۱۴۔ رود :۔ اس میں ر مضموم اور واؤ معروف ہے (یعنی رُود) مگر زبانوں پر واؤ مجہول سے ہے۔

۱۵۔ روز :۔ یہ بھی اصل میں رائے مضموم اور واؤ معروف سے ہے (یعنی رُوز) مگر اہلِ زبان واؤ مجہول سے بولتے ہیں۔

۱۶۔ سپیدار اور سپید۔ اصل میں ان میں یائے معروف ہے مگر اردو میں زیادہ تر مجہول سے بھی بولتے رہے ہیں۔

۱۷۔ سائیس :۔ (۱) اصل لفظ سائس ہے۔ عربی میں سَاسَ یَسُوسُ سیاست کے معنی ہیں۔ جانور کو سدھانا۔ پس سائس اس کا اسم فاعل ہے (۲) یا سَیس۔ یَسِیسُ سِیسًا سے ہے۔ اس سے سیاس بنایا گیا ہے۔ جس کے معنی ہیں "جانور کی لگن"۔

۱۸۔ سنجاف :۔ عربی میں اصل لفظ بغیر نون کے سجاف ہے ج السجافُ

مَا يُوكَّفُ عَلٰی اَحرُفِ الشَّىءِ الثّوب (ریشمی کپڑے کے کنارے پر لگانے
کی گوٹ) (المنجد) مگر اُردو میں ت کے اضافہ سے "سن جات" بولتے ہیں :
۱۹۔ عوام۔ اصل میں مشدد ہے۔ مگر بول چال میں بغیر تشدید کے آتا ہے :
۲۰۔ کساد بازاری۔ بعض س کو تشدید سے بولتے ہیں۔ مگر حقیقت میں س
مشدد نہیں :
۲۱۔ کلچہ :۔ اصل میں فارسی لفظ کُلیچہ (تنور میں پکی ہوئی چھوٹی خمیری روٹی) ہے :

۲۲۔ لغایت :۔ اصل میں لِغَایت (آخر تک) ہے۔ مگر زبانوں پر ل
کی زبر سے ہے :
۲۳۔ مانند :۔ اصل میں مانَند (پہلے نون کی زبر سے) ہے۔ مگر بول چال میں
پہلے نون کی زیر سے (مانِند) آتا ہے :
۲۴۔ مرجان :۔ اصل میں م کی زبر سے ہے (مَرجان) مگر زبانوں پر مُرجان
ہے :
۲۵۔ نُقل :۔ (وہ چیز جو کسی نشے والی چیز کھانے کے بعد تبدیل ذائقہ کے لیے کھائیں)
عربی میں ن کی زبر سے بھی آتا ہے۔ اور نون کی پیش سے بھی ہے۔ مگر اُردو اور فارسی
میں ن کی پیش ہی سے (نُقل) صحیح ہے :
ب۔ اغلاط العوام۔ مندرجہ ذیل الفاظ عام طور پر غلط استعمال ہوتے ہیں :۔
۱۔ اَزدہام غلط ہے۔ ازدحام صحیح :
۲۔ اخراج غلط ہے۔ اس کے ساتھ اسم آنا چاہیے مثلاً آفیسر انچارج :
۳۔ اسامی درست نہیں۔ اسامی صحیح ہے :
۴۔ آنکھ سامنے نہ کرنا کی بجائے "آنکھیں سامنے نہ کرنا" فصیح ہے البتہ آنکھ ملا کر

بات کرنا درست ہے ؛

۳- "جب اکبر برسرِ اقتدار آیا" غلط ہے۔ "برسرِ اقتدار ہوا" صحیح ہے ؛

۴- ابّا۔ حروفِ مغیّرہ کے آنے سے نہیں بدلتا۔ یعنی "اکبر کے ابّے نے" غلط ہے ؛

۵- اجنّہ کو بعض لوگ "جن" (ناری مخلوق) کی جمع خیال کرتے ہیں۔ اور ان ہی معنوں میں استعمال کرتے ہیں، حالانکہ یہ غلط ہے۔ اجنّہ جنین کی جمع ہے۔ جن مفرد کے لئے بھی آتا ہے۔ اور جمع کے لئے بھی ؛

۶- "میں نے ان سے بالمشافہ گفتگو کی" غلط ہے۔ بالمشافہہ (بروزن مفاعلہ) چاہیئے ؛

۷- برات میں ب کے بعد الف کا اضافہ کرنا غلطی ہے۔ یعنی بارات غلط ہے ؛

۸- "برائے مہربانی" غلط ہے۔ "براہِ مہربانی" درست ہے ؛

۹- "محمد اعتبار برائے ہمیشہ" "برائے" غلط ہے۔ "بجائے" چاہیئے ؛

۱۰- بڑھیا۔ کی جگہ بڑھیا عورت کہنا غلطی ہے۔ کیونکہ بڑھیا کہتے ہی اس عورت کو ہیں۔ جو بڑھیا ہو۔ مذکر کے لئے بوڑھا آتا ہے ؛

۱۱- "نیز آپ بھی تشریف لائیے" اس فقرے میں "بھی" زائد ہے۔ نیز کے معنی ہیں "بھی" ؛

۱۲- پرواہ۔ پرواہی۔ بے پرواہ۔ بے پرواہی غلط ہیں۔ ان میں "ہ" درست نہیں۔ پروا۔ پروائی۔ بے پروا۔ بے پروائی درست ہیں ؛

۱۴- پیراکی کی جگہ تیراکی لکھنا غلط ہے۔ جانداروں کے لئے پیرنا اور بے جان چیز کے لئے تیرنا آتا ہے ؛

۱۵- "تلاش" کی جگہ "تالاش" بولنا غلط العوام ہے ؛

۱۶۔ ترکی "ترک" سے اسم صفت ہے۔ یہ ہر اس چیز کے لئے آتا ہے جس کا ترکوں سے تعلق ہو۔ مثلاً ترکی ٹوپی۔ ترکی زبان (ترکی بھی کافی ہے۔ مثلاً میں ترکی بول سکتا ہوں) لیکن ملک کا نام ٹرکی ہے۔ نہ کہ ترکی۔ مصطفےٰ کمال پاشا ٹرکی کے صدر اعظم تھے۔ نہ کہ ترکی کے۔ "ترکی قوم" بھی نہیں کہتے۔ بلکہ ترک قوم کہتے ہیں ؛

۱۷۔ متظلم کے معنی ظلم کی فریاد کرنا۔ اسے ظلم کرنا کے معنوں میں استعمال کرنا۔ اس پر ظلم کرنا ہے ؛

۱۸۔ تماچا صحیح املا ہے۔ طپانچہ یا طمانچہ غلط ہے ؛

۱۹۔ توانگر میں الف کا اعلان غلط ہے۔ تونگر پڑھنا چاہیئے۔

۲۰۔ تو نپلی میں واؤ معدولہ سمجھنا چاہیئے۔ اس کا اعلان غلط ہے۔ اسی طرح تونداا میں واؤ کا اعلان غلط ہے ؛

۲۱۔ چچا۔ حروف مغیرہ کے آنے سے نہیں بدلتا۔ اس لئے میرے چچا نے صحیح ہے۔

۲۲۔ میرے چچے نے غلط ہے۔ یہی حال ابا اور دادا کا ہے ؛

۲۳۔ چنغل خور غلط ہے۔ چغل صحیح ہے ؛

۲۴۔ حامی کے معنی ہیں حمایت کرنے والا۔ جب ہاں کرنا۔ یعنی دبی زبان سے اقرار کرنے کے لئے لکھیں تو "ہاڑی" لکھنا چاہیئے ؛

۲۴۔ خرد (بمعنی چھوٹا) میں واؤ معدولہ کا اضافہ جائز نہیں۔ یعنی خورد غلط ہے ؛

۲۵۔ خرسند کو خورسند لکھنا غلط ہے۔ اس میں واؤ معدولہ نہیں ہے ؛

سورج کے لئے فارسی لفظ خُرشید ہے نہ کہ خورشید۔ اگرچہ خور (بمعنی آفتاب) کا املا درست ہے۔ تاکہ خر (بمعنی گدھا) کے ساتھ التباس نہ ہو ؛

۲۶۔ خو کے ساتھ سوائے اضافی حالت (خوئے نیک) کے "ے" نہیں آتی ؛

۲۷۔ خورد و نوش۔ میں و زاید ہے۔ خرد و نوش درست ہے ؛

۲۸۔ واد ا۔ حرفِ مغیرہ کے آنے سے نہیں بدلتا۔ لہٰذا اُن کے دادانے یہ شہر بسایا تھا۔ صحیح ہے۔ "اُن کے دادے نے" غلط ہے۔

۲۹۔ دُاہن (دُل ہن) غلط ہے۔ دلھن (ہائے مخلوط) بروزن کرم صحیح ہے۔

۳۰۔ دن بدن غلط ہے۔ روز بروز صحیح ہے۔ دن ہندی لفظ ہے۔ یہ فارسی ترکیب میں استعمال نہیں ہوتا۔

۳۱۔ میں دوائی لینے جارہا ہوں"۔ غلط ہے۔ "دوا" چاہیئے۔ دوائی کے معنی ہیں "دوا کے متعلق" مثلاً علاج دو قسم کا ہوتا ہے۔ غذائی اور دوائی مگر مریض کو جو چیز پلائی جاتی ہے۔ وہ دوا ہے نہ کہ "دوائی"۔ اس لئے دوائی خانہ بھی غلط ہے۔ دوا خانہ دُرست ہے۔

۳۲۔ وِدُّم کو دوُم لکھنا غلط ہے۔

۳۳۔ دِہ۔ دہات اور دہاتی کو دیہہ۔ دیہات اور دیہاتی لکھنا غلطی ہے۔

۳۴۔ "دھکا دینا" کے مفہوم کو "دھکا لگانا" سے ادا کرنا ذم کا پہلو لئے ہوئے ہے۔ اس لئے اس کا ترک اولیٰ ہے۔

۳۵۔ فارسی لفظوں میں "ذ" نہیں آتی۔ پس گُذر یا گذار لکھنا غلط ہے۔ اور گُزار صحیح ہے۔

۳۶۔ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کا لقب "ذوالنورین" فصیح ہے۔ ذی النورین لکھنا فصاحت کے خلاف ہے۔

۳۷۔ آپ ہی کے ذریعے "غلط ہے۔" آپ ہی کے ذریعے سے "صحیح ہے۔

۳۸۔ رُحجان (رُج جان) صحیح ہے۔ رَحجان (رَح جان) کوئی لفظ نہیں ہے۔

۳۹۔ رؤسا کا تلفظ رُادسا غلط ہے رُاسا درست ہے۔

۴۰۔ زکوٰۃ۔ املا زکات غلط ہے۔

۴۱۔ سکنہ، ساکن کی جمع ہے۔ جیسے طلبہ طالب کی جمع ہے۔" مسکنہ فلاں سکنہ لاہور غلط ہے۔ ساکن چاہیئے ؛
۴۲۔ مکرر مکرر (بمعنی باربار) غلط ہے۔ مکرر کافی ہے ؛
۴۳۔ شمشیر کا تلفظ بیائے مجہول ہے اور شم (بمعنی ناخون) اور شیر اسم (درندہ مشہور) سے مرکب ہے ؛
۴۴۔ صاحب اور مرحوم ایک نام کے ساتھ اکٹھے نہیں آتے۔ مولانا حالی مرحوم درست۔

۴۵۔ صلوٰۃ۔ کا املا صلات غلط ہے ؛
۴۶۔ طول عمرہٗ غلط ہے۔ طالَ عمرہٗ صحیح ہے۔ طول اسم ہے۔ طال عمرہٗ کے معنی ہیں۔ اُس کی عمر دراز ہو) ؛
۴۷۔ عجوبہ غلط ہے۔ اُعجُوبہ (جمع عجوبہ) صحیح ہے ؛
۴۸۔ "عجوزہ" کے معنی ہیں "بڑھیا" اس میں ۃ تانیث یا ہ لگانا فضول ہے۔
۴۹۔ عنین (بمعنی نامرد) صحیح ہے۔ عنیٰ غلط ہے ؛
۵۰۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانے کا جو طویل القامت آدمی مشہور ہے اس کا نام "عوج بن عنق" تھا۔ نہ کہ عوج بن عنق" ؛
۵۱۔ عیدالضحےٰ۔ غلط ہے۔ عید الضحیٰ یا عید الاضحیٰ صحیح ہیں ؛
۵۲۔ بیٔ کے واسطے لفظ نقیہ ہے نہ کہ نلیتہ ؛
۵۳۔ قدوم مصدر ہے۔ اور آنا کے معنی ہیں آنا۔ یہ قدم کی جمع نہیں ہے۔ اس کی جمع اقدام آتی ہے ؛
۵۴۔ قمیص کی جگہ قمیض بولنا غلط ہے ؛

۵۵۔ کرۂ۔ میں تشدید غلط ہے۔ کرۂ ارض کرہ ہوا صحیح ہے ؛

۵۶۔ سنہ کے بعد "کو" کا استعمال غلط ہے۔ مثلاً نپولین ۱۸۱۵ء کو شکست ہوئی۔ اس جگہ "کو" کی بجائے "میں" صحیح ہے ؛

۵۷۔ دریا لہریں مار رہا تھا۔ غلط ہے۔ دریا میں موجیں اُٹھ رہی تھیں درست ہے ؛ سمندر لہریں مار رہا تھا" بھی غلط ہے۔ سمندر موجیں مار رہا تھا۔ صحیح ہے ؛

۵۸۔ محی الدین کا تلفظ مُحی یُد دین غلط ہے۔ مُحی یُدین صحیح ہے ؛

۵۹۔ مصالح یا مصالحہ ہر چیز کی تیاری کے لوازم اور ضروریات کے معنوں میں غلط ہے۔ مسالہ صحیح ہے ؛

۶۰۔ "میں نے آج امرت سر جانا ہے" غلط ہے۔ "مجھے جانا ہے" صحیح ہے۔ مصدر کے ساتھ مجھے، تجھے، اُسے، ہمیں، اُنھیں آتا ہے ؛

۶۱۔ زمانہ حرف ربط کے آنے سے نہیں بدلتا ؛

۶۲۔ معہ غلط ہے۔ مع درست ہے ؛

۶۳۔ نکتہ بمعنی باریک بات صحیح ہے۔ ب کے نیچے نقطہ ہے۔ نہ کہ نُکتہ ؛

۶۴۔ نگہت (دوسرا حرف گ) غلط ہے۔ نکہت (دوسرا حرف ک) صحیح ہے ؛

۶۵۔ نم بمعنی تر غلط ہے۔ بمعنی تری صحیح ہے ؛

۶۶۔ آج کل جاوے۔ آوے۔ کھاوے وغیرہ متروک ہیں۔ جائے۔ آئے۔ کھائے مروّج ہیں ؛

۶۷۔ "تمہارے ابا کیا کار اور بار کرتے ہیں؟" غلط ہے" کاروبار" صحیح ہے" اور "ہندی الفاظ کے ساتھ اور" واؤ" عربی۔ فارسی الفاظ کے ساتھ لانا صحیح ہے ؛

۶۸۔ "بخدمت برادرم عبدالکریم کے جاوے" اس میں اوّل تو "کے" زائد ہے۔ دوسرے "جاوے" متروک ہے۔ جائے، چاہئے۔ بہتر صورت یہ ہے کہ "بخدمت شریف برادرم فلاں برسد"۔ بنے سے بڑا ہو۔ تو "مشرف باد" وغیرہ لکھا جائے ؛

۶۹۔ "منگل وار کے دن" غلط ہے۔ منگل کے دن چاہئے (اور وار دن) ؛

۷۰۔ درپیٹہ میں حرف دوم واؤ کا اعلان خلافِ فصاحت ہے۔ اس کا تلفظ "دُپٹہ" درست ہے ؛

۷۱۔ تفصیل کے لئے "وغیرہ وغیرہ" لکھنا غلط ہے۔ ایک دفعہ وغیرہ لکھنا کافی ہے۔ اس کے معنی ہیں "فلاں چیز" اور اس کے علاوہ" ؛

۷۲۔ "مدرسۂ ہٰذا" کو مضاف الیہ بنانا غلط ہے "اس مدرسہ" کہنا صحیح ہے ؛

۷۳۔ "چراغاں سحر" غلط ہے۔ چراغِ سحری، چراغِ سحر یا شمعِ سحر درست ہے ؛

۷۴۔ "لاچار، اور لاچارگی غلط ہیں۔ ناچار اور ناچاری صحیح ہیں ؛

(۲) ذیل میں چند ایسے الفاظ دیئے جاتے ہیں، جن میں عوام اعراب کی غلطی کرتے ہیں

غلط	صحیح	غلط	صحیح
اُرجُمند	اَرجُمند	زُلیخا	زُلیخا
بِھیانک	بَھیانک	سَاغِر	سَاغَر
اِہندی کی اِچندی	رچندی	شُتُر	شُتُر
اِعبس میں اُچُگلی (ڈال کر)	چُغلی	شُنجرف	شَنجرف
خُرُدس	خُردس	شُنگرف	شَنگرف
خَردش	خُردش	مُنقا	عَنقا
دُرُفش	دِرفش	قُریش	قُریشی
رُفعت	رِفعت	کِنعان	کَنعان
زَحمت	زحمت	[illegible]	[illegible]

وہ الفاظ جو کئی طرح سے دُرست ہیں

اُمید۔ اِمید۔ اَمید۔ — تینوں طرح درست ہے۔

بُشارت۔ بِشارت — دونوں طرح درست ہے مگر پیش سے فصیح ہے۔

بَرہمن۔ بِرہمن۔ بُرہمن — دونوں طرح درست ہے۔

بلغور۔ بلغار — دونوں طرح درست ہے۔

پالیز۔ فالیز — دونوں طرح درست ہے۔

تُرنج۔ تَرنج — دونوں طرح درست ہے مگر ت کی زبر سے غلط ہوگا۔

تفاوت۔ تفاوُت۔ تفاوُت۔ — تینوں طرح درست ہے زیادہ تر پیش کی استعمال ہوتا ہے۔

تلاوت۔ تِلاوت — دونوں طرح درست ہے۔ مگر اوّل اکثر زیادہ رائج ہے۔

جُرعہ۔ جَرعہ۔ جِرعہ — بمعنی پینا۔

جمشید۔ (یائے معروف)

جمشید۔ (یائے مجہول)

دونوں طرح درست ہے۔

جُوق (ف) بمعنی گروہ دونوں طرح

جَوق درست ہیں۔

جُوشن۔ جَوشن۔ حلقہ آہنی۔

چلمچی ہاتھ دھلانے کا برتن۔

چلپچی مگر

چلانچی چلپچی غلط ہے۔

چھینا (لکھنؤ) چھِینا (دہلی)۔

حَرج۔ حَرَج۔ مگر حرج فصیح ہے۔

دِزد۔ دُزد۔ [illegible]

دُکان۔ دُوکان۔ مگر دکان فصیح ہے۔

رَطل۔ رِطل۔ دونوں طرح صحیح ہے ؛
رُوشن۔ رَوشن۔ فتحہ فصیح ہے ؛
پِستان۔ پَستان۔ پسوڑیاں ؛
سُفال۔ سِفال۔ مٹی کا برتن ؛
شِطرنج۔ شَطرنج۔ زیر سے فصیح ہے ؛
شُغل۔ شُغُل۔ } مصروفیت ؛
شَغل۔ شُغل
عُدو۔ عَدُو۔ عدوّ۔ دشمن ؛
فُقدان۔ فِقدان۔ گم ہونا ؛
قَلیان۔ قُلیان۔ حقہ ؛
قَلعہ۔ قِلعہ۔ زیر سے فصیح ہے ؛
کافِر۔ کافَر۔ دین حق کا چھپانیوالا ؛
کچکول۔ کشکول۔ بروزن مقبول
کوسہ گدایان۔ جس میں بھیک
ڈالتے ہیں ؛
کَرِشمہ۔ کِرِشمہ۔ چشم وابروسے اشارہ
کَژدُم۔ کِژدم۔ بچھو۔ گ سے غلط ہے۔

گرِیبان۔ گَریبان۔ یائے معروف
مجہول دونوں سے درست ہے ؛

گُرُسنہ۔ گُرُسنہ ؛ } بھوکا ؛
گُرُسنہ۔ گُ۔ رسنہ
گُلستان۔ گُ۔ لس۔ تان } پھولوں کی
گلِستان۔ گل۔ بستان } جگہ ؛
لیلا۔ لیلیٰ۔ لیلے۔ نام معشوقہ مجنوں
لے۔ لی۔ لے کا بیچ ہے۔ مگر لے
لی غلط ہے ؛
ماہتاب۔ مہتاب۔ چاند ؛
مُختَلَل } خلل پایا ہوا ؛
مُختل
مُژگان۔ } پلکیں۔ جمع مژہ ؛
مِژگان۔
مُژدہ۔ مژدہ۔ خوشخبری ؛
مُشک } کستوری ؛
مِشک
مِسک
نَظّارہ۔ نِظارہ۔ دیکھنے کی چیز
تماشا ؛
نُوالہ۔ نِوالہ۔ لقمہ ؛

نمبر (۶)

تذکیر و تانیث

(الف) وہ الفاظ جو مذکر و مؤنث دونوں طرح بولے جاتے ہیں۔

التفات	جاہ (شرف قدر)	صلاد	قد
ابرو	زنّار	عندلیب	مینا
اُف	سیر	فکر	نباہ
آغوش	سیل	قامت	نشوونما
بلبل	شعر	قلم	نقاب

(ب) وہ الفاظ جو بالاتفاق مؤنث بولے جاتے ہیں۔

بیاض	شطرنج	قوس قزح	معراج
بیاہ	شب برات	قاز (مرغابی)	مور (چیونٹی)
رجوع	عرض (التماس)	کیسر	ناک
زعفران	موفق	گریز	نوید (خوشخبری)
[illegible]		ترنگ	
[illegible]	توس	لیزم	

(ج) وہ الفاظ جو بالاتفاق مذکر بولے جاتے ہیں۔

اخبار	خلعت	قمیص	مرض
آتش جگر	خفاش (چمگادڑ)	قرض	مُیل
تار	درد	قرع انبیق	ہیلل (سلائی)
تَرپ	زرنیخ	گوند	نحر (ذبح)
جُفت	سوانح	ماست (دہی)	کونا
جھاگ	شتا (موسم سرما)	مثلث (شعر کی قسم)	نال (ناڑو)
علف (قسم)	طوطی		

(د) وہ الفاظ جو (لکھنؤ میں) مذکر اور (دہلی میں) مؤنث بولے جاتے ہیں۔

آروغ	تفاریق	تماثیل	خمار
بسنت	تفاسیر	حدود	عادات
ترشح	تفاصیل	حکایات	غور
تراکیب	تقاریر	حرکات	فتوح
تدابیر	تکالیف	خدمات	گیند
تصانیف	تلچھٹ (لکھنؤ میں	خصائل	متاع
تصاویر	مذکر و مؤنث دونوں)	سطح	ہراس

(۵) وہ الفاظ جو (لکھنؤ میں) مؤنث اور (دہلی میں) مذکر بولے جاتے ہیں۔

پرکار	پیداوار (دہلی میں مذکر و مؤنث دونوں)	ٹھکر
پریڈ		ٹیک
پوستین	پیش قبض (دہلی میں مذکر و مؤنث دونوں)	تپیدہ نام
پولیس		جلال

نمبر (۷)

تذکیر و تانیث کے چند ضروری قاعدے

(۱) قواعد و تذکیر (۱) عاشق و معشوق کے القاب سب مذکر ہیں جیسے زنجور۔ رنجور۔ ناکام۔ ستمگر۔ بیدادگر وغیرہ ؎

(۲) مہینوں کے نام خواہ فارسی ہوں یا انگریزی یا ہندی سب مذکر بولے جاتے ہیں ؎

(۳) جن کلمات کے آخر میں آب، بند، بان۔ دان۔ مان۔ ردان۔ ستان۔ ساز۔ بار یا زار آئے وہ مذکر ہیں۔ سوائے مندرجہ ذیل کے:۔

زبان، آن بان، توان (فارسی) گلستان و بوستان (جب یہ کتابوں کے نام ہوں) یہ الفاظ مؤنث بولے جاتے ہیں ؎

(۴) وہ عربی مصادر جو افعال، اِنفعال، تَفعُّل، تفاعُل، فاعلہ یا مفاعلہ کے وزن پر آئیں مذکر ہیں۔ سوائے مندرجہ ذیل الفاظ کے:۔

اصلاح۔ اِنزال۔ ابتداء۔ انتہار۔ اِحتیاط۔ اِلتجا۔ تواضع۔ اور فسادی؛

(۵) حروف تہجی میں سے ا۔ س۔ ش، ص، ض۔ ع۔ غ۔ ق۔ ک۔ ل۔ م۔ ن اور ہمزہ مذکر ہیں اور باقی مؤنث؛

(۶) "معنی" حرف ربط جمع یا فعل جمع کے ساتھ مذکر آتا ہے۔ جیسے میرے اشعار کے معنی؛

(۷) شراب کے سب نام مذکر بولے جاتے ہیں۔ سوائے بادہ کے جو مؤنث بولا جاتا ہے؛

(۸) جملہ سیاروں کے نام مذکر بولے جاتے ہیں۔ مگر زہرہ، ناہید، مشتری اور برجیس مؤنث؛

(۲) تانیث کے قاعدے } (۱) فارسی کا جو کلمہ دو لفظوں سے مرکب ہے (خواہ وہ دونوں ماضی کے صیغے ہوں۔ جیسے آمد و رفت، یا دونوں امر جیسے زدوکوب، یا ایک ماضی اور ایک امر ہو جیسے بود و باش، یا بالعکس، خواہ ایک امر اور ایک مصدر یا ایک اسم جامد ہو۔ ایک صیغہ ماضی) زیادہ تر مؤنث بولا جاتا ہے مگر بند و بست، سوز و گداز، خورد و نوش، خواب و خور مذکر بولے جاتے ہیں۔

(۲) کتاب کے جملہ اسماء۔ زبان کے نام۔ آواز کے نام۔ بحور عروض کے نام اور فارسی کے حاصل مصدر سب مؤنث بولے جاتے ہیں جیسے گلستان" انگریزی، تعل، گڑگڑاہٹ، طویل، مدید وغیرہ اور اس ریزش، کشش وغیرہ۔ مگر قرآن مذکر ہے۔

(۳) گنجفہ کی آٹھ بازیوں کے نام مؤنث بولے جاتے ہیں۔ یعنی تاج۔ شمشیر۔ غلام جنگ۔ سرخ۔ برات نماش۔ سفید؛

(۴) جس ہندی لفظ کے آخر میں دیں، نون مصدری، ی ایک مصدری یا تصغیر آئے وہ مؤنث بولے جاتے ہیں۔ جیسے ساتویں، مٹھاس، جلن، تھوتھنی، لچک، ڈگڑگوڈک۔

اور بوبک مذکر ہیں) ؛

(۵) جس لفظ کے آخر میں کار آئے وہ عموماً مؤنث بولا جاتا ہے۔ جیسے سرکار، ڈکار۔ وغیرہ ؛

(٦) اُردو کے حاصل مصدر جو امر کی صورت رکھتے ہیں۔ جیسے لُوٹ مار ؛

(۷) وہ عربی مصادر جن کے آخر میں الف ہو جیسے دعا۔ حیا وغیرہ یا جن کے آخر میں ت ہو جیسے اجازت، قدرت ؛

(۸) وہ مصادر جو تفعیل کے وزن پر ہیں جیسے تحریر، تقریر، مگر تعویذ مذکر ہے ؛

(۹) وہ عربی لفظ جن کے آخر میں یائے موقوف آئے مثلاً غشی۔ نفی وغیرہ۔ مگر جدی (ایک بُرج آسمانی کا نام ہے) مذکر ہے ؛

(۳) مشترک (۱) رنگوں کے نام اور اعداد کے جملہ اسمار اور وہ کلمہ جس کے آخر میں یائے نسبتی ہو۔ مذکر کے لئے مذکر اور مؤنث کے لئے مؤنث بولا جاتا ہے۔ حال لفظ مہمان کا ہے ؛

(۲) جو کلمہ فارسی ترکیب مقلوب کے ساتھ مرکب ہے۔ اگر جزو دوم مذکر ہے تو وہ کلمہ مذکر ہے۔ جیسے خوں تاب، گلاب، زمیں قند، اگر جزو دوم مؤنث ہے تو مؤنث بولا جاتا ہے۔ جیسے سالگرہ، نماز بو، مگر خوں بہا، ماہتاب، آفتاب تینوں مذکر بولے جاتے ہیں ؛

نمبر (۸)

واحد اور جمع

اُردو زبان میں واحد اور جمع کے بہت سے قاعدے ہیں جن کا ذکر صرف و نحو کی کتابوں میں دیکھنا چاہیئے یہاں ہم صرف وہ الفاظ درج کرتے ہیں جو صورتاً جمع ہیں مگر بطور مفرد مستعمل ہیں۔

احوال	بواسیر	خلائق	شامات
اسامی	تحقیقات	غذائیں	طلسمات
اسباب	تسلیمات	خواص	طوائف
اشراف	جنان	خیرات	ظلمات
اوائل	جواہر	دیار	عماد
اوباش	حدود اربعہ	رسوم	
اوزار	حواس چشم	عدالتی (کٹ)	کائنات
اولیاء	حواصل	رعایا	کرامات
آثار	حور	ریاح	لبوب
آداب	خرابات	مکان (بمعنی	نباتات
بقایا	خرافات	پتاسا	نجرم (بمعنی جوتش)
		سکرات	واردات

وہ الفاظ جو صرف جمع میں استعمال ہوتے ہیں

لالے	پھوئیاں	اٹھکیلیاں
لبیں	ابدال	عیان

نمبر (۹)

اختصارات

۱۔ مندرجہ ذیل انگریزی اختصارات اردو میں مستعمل ہیں

آر۔ ایس	R.S.	رائے صاحب۔
آر۔ ایم۔ ایس	R.M.S.	ریلوے میل سروس
آر۔ اے۔ ایف	R.A.F.	رائل ایرفورس (محکمہ ہوائی جہازات)
آر۔ بی	R.B.	رائے بہادر
آئی۔ اے۔ ایس	I.A.S.	انڈین ایڈمنسٹریٹیو
پی۔ ٹی۔ آئی	P.T.I.	پریس ٹرسٹ آف انڈیا (ایک خبر رساں ایجنسی)
او۔ بی۔ ای	O.B.E.	آرڈر آف دی برٹش ایمپائر
او۔ ٹی	O.T.	اورینٹل ٹائیٹل
ای۔ اے۔ سی	E.A.C.	ایکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر
ایچ۔ آر۔ ایچ	H.R.H.	ہز (یا ہر) رائل ہائی نس
ایچ۔ آئی۔ ایم	H.I.M	ہز (یا ہر) امپیریل میجسٹی

ایچ. او	H. O.	ہیڈ آفس (صدر دفتر)
ایچ. ایم	H. M.	ہز (یا ہر) میجسٹی
ایچ. ای	H. E.	ہز (یا ہر) ایکسیلینسی۔
ایچ. پی	H. P.	آنرز ان پرشین (منشی فاضل)۔
اے. ڈی. آئی. ایس	A. D. I. S.	اسسٹنٹ ڈسٹرکٹ انسپکٹر مدارس۔
ایس. او	S. O.	سب آفس
ایس. اے. وی	S. A. V.	سینیئر اینگلو ورنیکلر
ایس. ایس۔	S. S.	سٹیم شپ (جہاز کے نام کے ساتھ لکھتے ہیں۔
ایس. پی۔	S. P.	سپرنٹنڈنٹ آف پولیس
ایس. پی. او	S. P. O	سب پوسٹ آفس
ایس. وی	S. V.	سینیئر ورنیکلر
ایف. آر. اے. ایس	F. R. A. S.	فیلو آف رائل ایشیاٹک سوسائٹی۔
ایف. آر. جی. ایس	F. R. G. S.	فیلو آف رائل جیوگرافیکل سوسائٹی۔
ایف. اے	F. A.	فرسٹ آف آرٹس۔
ایف. ایس. سی	F. S. C.	فرسٹ آف سائنس۔
ایف. پی. یو	F. P. U.	فیلو آف پنجاب یونیورسٹی۔
ایف. سی. ایس	F. C. S.	فیلو آف جیوگرافیکل سوسائٹی۔
ایل. ایل. ایم	L. L. M.	ماسٹر آف لاز (قانون کی اعلیٰ سند)۔
ایل. ایل. بی	L. L. B.	بیچلر آف لاز (وکالت کی ایک ڈگری)
ایل. ایل. ڈی	L. L. D.	ڈاکٹر آف لاز

ایل. ایم. اینڈ ایس	L.M. & S.	لائسنسی ایٹ ان میڈیسن اینڈ سرجری۔ (ڈاکٹری کی ایک اعلیٰ ڈگری)
ایم. او. ایل	M.O.L.	ماسٹر آف اورینٹل لرننگ۔
ایم. اے۔	M.A.	ماسٹر آف آرٹس
ایم. ایس. سی	M.SC.	ماسٹر آف سائنس
ایم. ایل. اے	M.L.A.	ممبر لیجسلیٹیو اسمبلی
ایم. ایل. سی	M.L.C.	ممبر لیجسلیٹیو کونسل
ایم. بی	M.B.	میونسپل بورڈ
ایم. سی	M.C.	میونسپل کمیٹی
ایم. سی. سی	M.C.C.	میری لی بون کرکٹ کلب (کرکٹ کی سب سے بڑی کلب جس کا صدر دفتر میری لی بون واقع انگلستان میں ہے)
اے. وی	A.V.	اینگلو ورنیکلر
بی. ایس. سی	B.S.C.	بیچلر آف سائنس
بی. اے	B.A.	بیچلر آف آرٹس
بی. ٹی	B.T.	بیچلر آف ٹریننگ
پی. او	P.O.	پوسٹ آفس
پی. اے	P.A.	پرسنل اسسٹنٹ
پی. ایچ. ڈی	P.H.D.	ڈاکٹر آف فلاسفی
پی. ٹی. آئی	P.T.I.	فزیکل ٹریننگ انسٹرکٹر
پی. ٹی. ایس	P.T.S.	فزیکل ٹریننگ سپروائزر

پی. ڈبلیو. ڈی	P.W.D.	پبلک ورکس ڈیپارٹمنٹ
ٹی. اے	T.A.	ٹریولنگ الاؤنس (سفر خرچ)
ٹی. ٹی. ای	T.T.E.	ٹریولنگ ٹکٹ اگزامنر
یو. این. او	U.N.O.	یونائیٹڈ نیشنز آرگنائزیشن
آئی. ایل. او	I.L.O.	انٹرنیشنل لیبر آرگنائزیشن
ڈبلیو. ایچ. او	W.H.O.	ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن
جی. پی. او	G.P.O.	جنرل پوسٹ آفس
جی. سی. آئی. ای	G.C.I.E.	گرانڈ کمپینین آف دی انڈین ایمپائر۔
جی. سی. ایس. آئی	G.C.S.I.	گرانڈ کمپینین آف دی سٹار آف انڈیا۔
جے. اے. وی	J.A.V.	جونیئر اینگلو ورنیکلر
جے. پی	J.P.	جسٹس آف پیس
جے. وی	J.V.	جونیئر ورنیکلر
ڈی. آئی. ایس	D.I.S.	ڈسٹرکٹ انسپکٹر آف سکولز
ڈی. ایس. سی	D.S.C.	ڈاکٹر آف سائنس
ڈی. ایس. پی	D.S.P.	ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس
ڈی. ایل. او	D.L.O.	ڈیڈ لیٹر آفس (اُن خطوط وغیرہ کا انتظام کرنے والا محکمہ جن کو مکتوب الیہ لینے سے انکار کردے یا مکتوب الیہ معلوم نہ ہو سکے۔
ڈی. بی	D.B.	ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ
ڈی. پی. آئی	D.P.I.	ڈائرکٹر آف پبلک انسٹرکشن

ڈی.سی	D.C.	ڈپٹی کمشنر
سی	C.	سنٹی گریڈ
سی.آئی.ای	C.I.E	کمانڈر آف دی انڈین ایمپائر (ایک خطاب ہے۔
سی.آئی.ڈی	C.I.D.	کرمنل انٹیلی جنس یا انویسٹی گیشن ڈیپارٹمنٹ (محکمہ تفتیش جرائم۔ خفیہ پولیس)
ایم.پی	M.P.	مدھیہ پردیش
سی.سی	C.C.	کیوبک سنٹی میٹر (مکعب سنٹی میٹر)
علیگ	Alig.	علیگڑھ یونیورسٹی کا سند یافتہ
فارن	F.	ہائٹ۔
کے.ایس	K.S.	خان.صاحب
کے.بی	K.B.	خان بہادر
کے.سی.آئی.ای	K.C.I.E.	نائٹ کمانڈر آف دی انڈین ایمپائر۔
میمو	Memo.	میمورنڈم
وی.سی	V.C.	وکٹوریہ کراس (شجاعت کا آہنی تمغہ)
یو.ایس.اے	U.S.A.	یونائیٹڈ سٹیٹس آف امریکہ (ریاستہائے متحدہ امریکہ)
یو.پی	U.P.	اتر پردیش صوبجات متحدہ آگرہ و اودھ)
یو.کے	U.K.	یونائیٹڈ کنگڈم (حکومت متحدہ برطانیہ)

۲. اُردو کتابوں میں عام طور پر مندرجہ ذیل اختصارات یا علامات اختصار بھی مستعمل ہیں :-

الآیہ — الیٰ آخر الآیت (اس آیت کے آخر تک) قرآن مجید کی کسی آیت کا ایک ٹکڑا نقل کر کے اس کے بعد یہ علامت لکھ دیتے ہیں۔ اس سے مُراد یہ ہوتی ہے کہ باقی مضمون آیت کے آخر تک پڑھا جائے ؛

الخ — اِلیٰ آخرہٖ (اس کے آخر تک) کسی شخص کا قول یا کسی کتاب میں سے ایک جُزو نقل کر کے اس کے بعد یہ علامت لکھ دیتے ہیں اور اس سے یہ مراد ہوتی ہے کہ باقی عبارت وہاں سے دیکھ لی جائے۔ یا باقی عبارت بھی اس کے بعد پڑھی جائے ؛

ب — بکرمی۔ بکرماجیت کے سن کے بعد یہ علامت اس کے نام ظاہر کرتی ہے — جیسے سمت ۱۹۶۰ب ؛

تعہ — تعالیٰ (اس کی شان بزرگ ہے) یہ علامت خدا تعالےٰ کے اسمائے حسنیٰ کے ساتھ لگائی جاتی ہے۔ جیسے۔ اللہ تعہ عام طور پر اسی نام کے ساتھ آتی ہے۔ بالفاظ خدا کے ساتھ ؛

جمع، جج — (۱) جمع۔ اسمائے جمع کے ساتھ آتی ہے (۲) جمع الجمع ؛

رح — رحمتہ اللہ علیہ (اس پر خدا تعالےٰ کی رحمت نازل ہو) اولیائے کرام کے ناموں کے ساتھ لکھتے ہیں۔ جیسے حضرت جنید بغدادی رح ؛

رضہ — رضی اللہ تعالیٰ عنہ یا رضوان اللہ تعالےٰ علیہم (خدا تعالےٰ اس سے راضی ہوا یا خدا کی رحمتیں اور بخششیں ان پر نازل ہوں) صحابۂ کرام کے نام کے ساتھ

لکھتے ہیں۔ اگر ایک صحابی کا اسم گرامی ہو تو اوّل الذکر معنی مراد ہوتے ہیں۔ اور اگر ایک سے زیادہ کا ذکر ہو تو آخر الذکر مثلاً ابو ہریرہؓ صحابۂ کرامؓ۔

سمت — ہجری سن لکھنے کے لئے جیسے سمت ۱۹۷۲ب یا صرف سمت ۱۹۷۲۔

سنہ — سنہ عیسوی۔ ہجری۔ فصلی وغیرہ سال لکھنے کے لئے جیسے سنہ ۱۹۳۷ء سنہ ۱۳۵۷ھ سنہ ۱۳۴۴ف۔

ص — صفحہ جیسے ص ۵۵۲

صلعم — صلی اللہ علیہ وسلم (خدا تعالیٰ آپ پر رحمتیں اور سلام بھیجے) حضرت رسولِ اکرم محمد مصطفیٰ کے نام نامی و اسم گرامی یا ضمائر کے ساتھ لکھا جاتا ہے۔ جیسے آنحضرتؐ مکہ شریف میں پیدا ہوئے۔

صلعم — صلی اللہ علیہ وسلم (مگر صلعم لکھنا شرعاً ناجائز ہے)۔

ع/عم — (۱) عیسوی سن ظاہر کرنے کیلئے جیسے سنہ ۱۹۱۴ء (۲) علیہ السّلام (۳) مصرع (۴) موضع۔

ف — (۱) فائدہ یعنی نوٹ۔ کتاب میں مشکل الفاظ وغیرہ کی تشریح کے لئے اس لفظ

(۲) ف — پر یہ علامت لگا کر حاشیے میں اس کی تشریح کی جاتی ہے۔ اگر صفحے میں ایک سے زیادہ الفاظ قابلِ تشریح ہوں تو ہر ایک لفظ پر یہ علامت لگا کر اس کے اوپر ہندسے بھی لکھ دیئے جاتے ہیں مثلاً ف۳ کے معنی یہ ہیں کہ تیسرے لفظ کی تشریح ہے۔

ق — قطعہ۔ چند شعر جن کا مضمون متحد ہو۔

ق۔م — قبل مسیح۔ ان سنین کے ساتھ لکھتے ہیں جو حضرت مسیح علیہ السّلام کی پیدائش سے پہلے گزر چکے ہیں۔ جیسے سکندر نے ہندوستان پر سنہ ۲۳۲ ق۔م میں حملہ کیا۔

م یا مث	مونث ؛
م یا مذ	مذکر ؛
مکمد	من کل دواء۔ طبی نسخوں میں چند دوائیں جن کا وزن یکساں لینا ہو۔ ذکر کر کے ان کے بعد یہ لفظ اور اس کے بعد وزن لکھتے ہیں اور مُراد یہ ہوتی ہے کہ مذکورہ دوائیں ایک ہی وزن کی لیجائیں اور وہ وزن اتنا ہو جتنا بیان کیا گیا ہے۔ مثلاً بنفشہ۔ گاؤزبان۔ رومی مصطگی۔ مکمد ۲ تولہ۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ بنفشہ ۲ تولہ۔ گاؤزبان ۲ تولہ اور رومی مصطگی ۲ تولہ ؛
منہ	"اس میں سے" یعنی یہ اقتباس بھی اسی جگہ یا :اب میں سے لیا گیا ہے یا یہ شعر یا غزل وغیرہ بھی اُسی شاعر کی ہے جس کا کلام اوپر درج کیا گیا ہے ؛
ھ	ہجری۔ سن ہجری کی علامت ہے جیسے ۲۵۶ھ ؛
۱۲	یہ تشریحی حاشیے کے خاتمے پر لکھتے ہیں۔ اور مراد یہ ہوتی ہے کہ یہاں ایک حاشیہ یا تشریحی نوٹ ختم ہوگیا۔ یہ لفظ حد کے اعداد جمل کے حساب سے لیا گیا (ح = ۸، د = ۴)؛
۴۵	ادم کے اعداد جمل ہیں۔ (ا = ۱، د = ۴، م = ۴۰) ؛
۹۲	حضور صلے اللہ علیہ وسلّم کے اسم گرامی کے اعداد جمل ہیں (م = ۴۰، ح = ۸، م = ۴۰، د = ۴ = ۹۲) ؛
۷۸۶	بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے اعدادِ جمل ہیں ؛
//	لفظ ایضاً کی تنوین ہے جس سے مرُاد یہ ہے کہ شے مذکورہ دہرائی گئی ہے ؛

+	علامت جمع ؛
−	علامت نفی۔ فقرے کے ختم ہونے کی علامت۔ وقف تام کی علامت ؛
×	علامت ضرب۔ کوئی اندراج کاٹ ڈالنے کی علامت ؛
	علامت تقسیم ؛
ھ	شعر کی علامت یا نعت کی علامت ؛
؛	وقف تام کی علامت ؛
،	تھوڑے وقفے کی علامت۔ دو لفظوں کو جدا کرنے کی علامت ؛
!	علامتِ ندا یا استعجاب و رنج ؛
؟	علامت استفہام یا شک و شبہ ؛
△	مثلث ؛
//	خطوط متوازی ؛
>	... سے بڑا ہے۔
<	... سے چھوٹا ہے۔
∠	زاویہ
⊥	عمود
=	مساوات کی علامت ؛
⊙	دائرہ ؛
°	درجہ ؛
′	فٹ یا منٹ ؛
″	انچ یا ثانیہ ؛
‴	ثالثہ (ثانیے کا ساٹھواں حصہ) ؛

( ) [ ]	خطوط وحدانی کی علامت ؛
:	نسبت ؛
::	تناسب ؛
∴	پس
∵	چونکہ

نمبر (١٠)

فروق الالفاظ

جلوس و قعود :- لیٹا ہوا آدمی بیٹھ جائے تو یہ جلوس ہے۔ اس میں اسفل سے اعلیٰ کی طرف انتقال ہوتا ہے اور کھڑے سے بیٹھنے کو قعود کہتے ہیں۔ یہ بلندی سے پستی کی طرف انتقال ہے۔ قعود میں بخلاف جلوس درنگ اور تاخیر اور ٹھہراؤ پایا جاتا ہے۔ اس لئے جلیس ملک۔ کہیں گے۔ یہاں قعید نہ کہیں گے۔ ایسے ہی واحدیت نہ بولیں گے۔ جو الیس وہ ہیں جو ابھی بیٹھیں، ابھی اُٹھ جائیں۔ اور جن میں ٹھہراؤ اور جماؤ ہو۔ وہ قواعد ہیں۔

جمیل و ملیح :- جمیل وہ ہے جو دور سے بہت اچھا معلوم ہو۔ اور نزدیک سے اس میں وہ بات نہ ہو۔ ملیح وہ ہے جو نزدیک سے اچھا معلوم ہو۔

جواد و کریم :- جواد وہ ہے جو مانگنے بن دے اور کریم وہ ہے جو مانگے عطا کرے۔ جواد بے کسی غرض کے فائدہ پہنچاتا ہے کریم وہ ہے۔ جو دوسرے کی بھلائی کے لئے اپنے نقصان کی بھی پرواہ نہ کرے۔

جیش و عسکر :- ایک ہزار سے چار ہزار تک کی فوج کو جیش کہتے ہیں اور عسکر مختلف فوجوں کے مجموعے کا نام ہے۔

(ابی بکر نوارزمی وہمدانی)

حال و شان :- دونوں ہم معنی ہیں۔ البتہ شان بڑے احوال و امور پر بولا جاتا ہے۔

حب و عشق و شوق :- بقول شیخ عزیز الدین بن جماعہ۔ عشق و شوق جان بھی لے لیتے ہیں۔ گر محبت جان پر یہ آفت نہیں لاتی۔ عشق میں بقاء سے تسکین ہوتی ہے۔ اور شوق بقاء سے بڑھتا ہے۔

حسب ونسب :- حسب ماں کیطرف سے ہوتا ہے اور نسب باپ کی طرف سے نیز حسب میں باپ دادا کے مفاخر یا مالی وجاہت یا دینی کرامت اور عزت وشرف کے کارنامے اور اعمال صالح شمار ہوتے ہیں۔

حُسن وجمال :- حسن میں چہرے کے رنگ کا لحاظ ہوتا ہے اور جمال میں اعضا کے رنگ کو دیکھتے ہیں۔ کلیات میں ہے کہ حسن ایسے تناسب اعضاء سے مُراد ہے جن کی خوبیوں اور جن کے محاسن کا پہلے قیاس نہ ہو۔ مفردات راغب میں ہے کہ حسن وہ شے ہے جو خوش کرتی ہے یا جس کی طرف رغبت ہوتی ہے۔ بروئے عقل یا خواہش۔ قرآن شریف میں اس کا استعمال اس شے کے لئے ہوا ہے۔ جو از روئے عقل اچھی معلوم ہو۔ اور جمال وہ ہے جو طبیعت کو خوش کر دے۔

حرص وطمع :- حرص طمع سے زیادہ ہے حرص ایک چیز کے بہت زیادہ چاہنے کو کہتے ہیں۔ طمع کسی چیز کو چاہتے ہوئے اس کے لئے نفس کا اشتیاق اس کا استعمال اکثر ذلیل خواہشات پر ہوتا ہے۔

حزم وعزم :- حزم کسی کام میں آگاہی اور ہوشیاری کو کہتے ہیں۔ اور عزم کسی کام کے گذرنے پر دل کو مضبوط کر لینا۔

تاریک وتیرہ :- کا فرق۔ تیرہ کا لفظ عام ہے اور تاریک خاص چیز تاریک ہوگی۔ اس کو تیرہ کہہ سکتے ہیں۔ اور ہر تیرہ چیز کو تاریک نہیں کہہ سکتے۔

رویا۔ رویت :- رویا وہ جو انسان بحالت خواب دیکھے۔ رویت جو بحالت بیداری دیکھے۔

وعدہ۔ وعید :- وعد زمانہ آئندہ میں نیکی اور حسن سلوک کرنے کی خبر کو کہتے ہیں۔ اور وعید تکلیف و اذیت پہنچانے کی خبر کو کہتے ہیں۔

افراط۔ تفریط :- کسی چیز میں حد سے بڑھ جانا۔ اور کم ہو جانا تفریط ہے۔

شاکر۔شکور:۔ شاکر وہ جو کامیابی پر شکر کرے۔ اور شکور وہ جو ناکامی پر بھی شکر کرتا رہے۔

دین وملت:۔ دین کی نسبت اللہ کی طرف بھی ہوتی ہے اور ملت کی طرف رسول بشر کی طرف۔

سموم۔حرور:۔ دن کی گرم ہوا کو سموم اور رات کی گرم ہوا کو حرور کہتے ہیں۔

قبول۔دبور:۔ قبول پُروا ہوا کو کہتے ہیں۔ اور دبور پچھوا ہوا کو کہتے ہیں۔

غدا۔عشا:۔ دن کے کھانے اور عشا رات کے کھانے کو کہتے ہیں۔ حجاز میں دن کا کھانا صبح سویرے کھا لیتے ہیں۔ اور رات کا کھانا قبل عصر یا بعد عصر کھا لیتے ہیں۔

ہم۔غم:۔ ہم کسی چیز کے ہونے نہ ہونے کے انتظار کو کہتے ہیں۔ اور غم انسداد مصائب یا فوت شدہ چیز کے لیے ہوتا ہے۔

غلط۔غلت:۔ غلط کا استعمال کلام یا گفتگو میں ہوتا ہے اور غلت کا حساب میں۔

نیّت۔قصد۔عزم:۔ یہ تینوں الفاظ تو پیدا ارادہ کے لئے ہیں۔ مگر ان میں فرق زمانی البتہ ہے۔ عزم کام شروع کرنے کے پہلے ہوتا ہے۔ اور قصد کام کے ساتھ ساتھ۔ نیّت بھی کام کے ساتھ ہی ساتھ ہوتی ہے۔ مگر نیّت کرنے والے کو اس کام کا علم بھی ساتھ ساتھ ہے۔

رحمٰن رحیم:۔ رحمٰن اس حقیقی منعم کو کہتے ہیں کہ جیسی وہ نعمت عطا کرتا ہے۔ اس جیسی نعمت کا صدور بندوں سے ناممکن ہے۔ بلکہ غیر متصور۔ رحیم اس منعم کو کہتے ہیں۔ جو اس قسم کی نعمت لوگوں کو پہنچائے کہ بندوں سے

بھی ؛ بھی متصوّر ہو سکے۔ رحمٰن کی صفت خدا کے لئے مخصوص ہے اور رحیم کا اطلاق بندہ پر بھی ہو سکتا ہے ؛

بحر و نہر :۔ اس وسیع و طویل شگاف زمین کو جس جگہ پانی زیادہ ہو۔ اور وہ بہتا رہے تو نہر کہتے ہیں۔ اور اگر جما رہے تو بحر ہے ؛

مدنی۔ مدینی۔ مدائنی مدنی منسوب ہے مدینہ رسولؐ سے۔ مدینی منسوب ہے مدینہ منصور سے۔ اور مدائنی منسوب ہے مدینہ کسریٰ سے۔

یتیم۔ لطیم۔ عجی۔ کسی انسان کا اگر نابالغیت میں باپ مرجائے تو وہ زمانہ نابالغی تک یتیم کہلاتا ہے۔ اور بہائم ماں کے مرنے سے یتیم ہوتے ہیں۔ کبھی عورت پر یتیمہ کا اطلاق شادی ہونے کے قبل تک کیا جاتا ہے ؛

لطیم وہ جس کے ماں باپ مرجائیں عجی وہ انسان جس کی ماں مر جائے ؛

اجماع و اتفاق :۔ علمائے عصر کے باہم متفق ہونے کو اجماع اور بڑے لوگوں کے کسی امر پر ایک رائے ہونیکو اتفاق کہتے ہیں۔

وقت۔ آوان۔ وقت زمانہ کے اُس حصّے کو کہتے ہیں جس میں کسی کام کو فرض کر لیا جائے اور آوان کا اطلاق زمانہ کے ہر قلیل و کثیر حصّے پر مفروض کسی امر کیلئے ہو یا نہ ہو کیا جاتا ہے ؛

تصحیف و تحریف۔ لفظ یا معنی کی تغیر کو تحریف کہتے ہیں اور حرف لفظ کے بدلنے کو تصحیف کما فی الفوز الکبیر ؛

سماء و فلک۔ سماء۔ ہر وہ چیز جو بلندی سے سایہ دیتی ہو۔ حتیٰ کہ مکان کی چھت کو بھی سماء کہہ سکتے ہیں۔ فلک وہ جس میں تارے ٹکے ہوں ؛

نقص، نقصان۔ نقص کا اطلاق مالیت اور غیر مالیت دونوں طرح کی چیزوں پر ہے۔ جیسے عقل کا نقص۔ دین کا نقص اور نقصان کا استعمال صرف مالیت میں ہے۔ نقصان دین عقل صحیح نہیں ؛

مفتی۔ قاضی۔ مفتی وہ جو مسائل شریعہ سے جواب دے۔ قاضی وہ جو ان احکام کا اجرا کرے اور یہ سلطان کا قائم مقام ہو ؛

ملک۔ امیر۔ ملک وہ جو اپنے حدود سلطنت میں اپنے قوانین جاری کرے اور اس کی تنسیخ دوسرا نہ کرسکے۔ امیر وہ جو اپنے دائرہ حکومت میں بغیر اشارہ امداد اپنے احکام جاری نہ کرسکے۔ اور اس کے حکم کو دوسرا منسوخ نہ کرسکے ؛

معنی۔ مفہوم۔ مدلول۔ لفظ سے صورت ذہنیہ جو مقصود ہو وہ معنی ہے۔ اور اس حیثیت سے کہ لفظ سے عقل میں کیا حاصل ہوا۔ مفہوم ہے اور اس حیثیت سے کہ لفظ نے کس چیز پر دلالت کی مدلول ہے ؛

معنی نحوی۔ معنی وہ جو کسی لفظ یا چیز سے مقصود ہو اور نحوی مطلق مفہوم کو کہتے ہیں جو غیر معنی بھی ہوتا ہے ؛

ہدیہ و تحفہ۔ ہدیہ عام ہے بیش قیمت اور کم قیمت کی قید نہیں۔ تحفہ اچھی۔ بیش قیمت چیز ؛